# بیت بازی

# حصّہ اوّل

## حروفِ تہجّی کے اعتبار سے اشعار کی ترتیب (بلحاظِ آغاز)

# حصّہ دوم

## حروفِ تہجّی کے اعتبار سے اشعار کی ترتیب (بلحاظِ اختتام)

دُرِّثمین

دُرِّ عدَن

کلامِ محمود

کلامِ طاہر

کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کتاب کا تعارف

اس کتاب کا نام "بیت بازی" ہے۔ یہ کتاب، حضرت مسیح موعود علیہ السلام، حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ، حضرت مصلح موعودؓ اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی شاعری کے مجموعوں، یعنی دُرِّ ثمین، دُرِّ عدن، کلامِ محمود اور کلامِ طاہر کے تمام اشعار کو یکجا کر کے ترتیب دی گئی ہے۔ نیز حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کی دو نظمیں بھی اس میں شامل کی گئی ہیں۔

اس کتاب کے دو حصے ہیں۔

حصہ اوّل:

پہلے حصّہ میں تمام اشعار کو، بلحاظِ آغاز، حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔

حصّہ دوم:

دوسرے حصّہ میں تمام اشعار کو، بلحاظِ اختتام، حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔

# انڈیکس

## (حِصّہ اَوَّل)


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ٹائٹل حِصّہ اَوَّل | 1 | ش | 172 |
| فہرست تعداد اشعار | 2 | ص | 176 |
| الف | 4 | ض | 179 |
| ب | 49 | ط | 180 |
| پ | 62 | ظ | 182 |
| ت | 74 | ع | 184 |
| ٹ | 92 | غ | 190 |
| ث | 93 | ف | 194 |
| ج | 94 | ق | 198 |
| چ | 114 | ک | 202 |
| ح | 119 | گ | 229 |
| خ | 123 | ل | 235 |
| د | 132 | م | 240 |
| ڈ | 148 | ن | 271 |
| ر | 150 | و | 281 |
| ز | 156 | ہ | 296 |
| ذ | 159 | ی | 318 |
| س | 161 | | |

# انڈیکس

## ﴾حِصّہ دوم﴿


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ٹائٹل حِصّہ دوم | 332 | 'ص' سے 'الف' | 370 |
| فہرست تعداد اشعار | 333 | 'ض' سے 'الف' | 370 |
| الف | 335 | 'ظ' سے 'الف' | 371 |
| 'الف' سے 'الف' | 335 | 'ع' سے 'الف' | 372 |
| 'ب' سے 'الف' | 343 | 'غ' سے 'الف' | 374 |
| 'پ' سے 'الف' | 345 | 'ف' سے 'الف' | 375 |
| 'ت' سے 'الف' | 347 | 'ق' سے 'الف' | 376 |
| 'ٹ' سے 'الف' | 351 | 'ک' سے 'الف' | 377 |
| 'ج' سے 'الف' | 352 | 'گ' سے 'الف' | 382 |
| 'چ' سے 'الف' | 355 | 'ل' سے 'الف' | 383 |
| 'ح' سے 'الف' | 357 | 'م' سے 'الف' | 385 |
| 'خ' سے 'الف' | 358 | 'ن' سے 'الف' | 389 |
| 'د' سے 'الف' | 360 | 'و' سے 'الف' | 391 |
| 'ڈ' سے 'الف' | 363 | 'ہ' سے 'الف' | 394 |
| 'ر' سے 'الف' | 364 | 'ی' سے 'الف' | 397 |
| 'ز' سے 'الف' | 365 | ب | 400 |
| 'ذ' سے 'الف' | 366 | 'الف' سے 'ب' | 400 |
| 'س' سے 'الف' | 367 | 'ب' سے 'ب' | 402 |
| 'ش' سے 'الف' | 369 | | |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 'پ' سے 'ب' | 402 | 'ٹ' سے 'ت' | 419 |
| 'ت' سے 'ب' | 403 | 'ج' سے 'ت' | 419 |
| 'ج' سے 'ب' | 403 | 'چ' سے 'ت' | 420 |
| 'چ' سے 'ب' | 404 | 'ح' سے 'ت' | 421 |
| 'خ' سے 'ب' | 405 | 'خ' سے 'ت' | 421 |
| 'د' سے 'ب' | 405 | 'د' سے 'ت' | 422 |
| 'ر' سے 'ب' | 406 | 'ر' سے 'ت' | 423 |
| 'س' سے 'ب' | 407 | 'ذ' سے 'ت' | 424 |
| 'غ' سے 'ب' | 407 | 'س' سے 'ت' | 424 |
| 'ک' سے 'ب' | 408 | 'ش' سے 'ت' | 425 |
| 'گ' سے 'ب' | 409 | 'ص' سے 'ت' | 425 |
| 'ل' سے 'ب' | 409 | 'ع' سے 'ت' | 426 |
| 'م' سے 'ب' | 410 | 'غ' سے 'ت' | 426 |
| 'ن' سے 'ب' | 411 | 'ق' سے 'ت' | 427 |
| 'و' سے 'ب' | 412 | 'ک' سے 'ت' | 427 |
| 'ہ' سے 'ب' | 413 | 'گ' سے 'ت' | 429 |
| 'ی' سے 'ب' | 413 | 'ل' سے 'ت' | 430 |
| ت | 415 | 'م' سے 'ت' | 430 |
| 'الف' سے 'ت' | 415 | 'ن' سے 'ت' | 431 |
| 'ب' سے 'ت' | 417 | 'و' سے 'ت' | 432 |
| 'پ' سے 'ت' | 417 | 'ہ' سے 'ت' | 433 |
| 'ت' سے 'ت' | 418 | 'ی' سے 'ت' | 434 |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ٹ | 436 | 'ب' سے 'د' | 449 |
| 'الف' سے 'ٹ' | 436 | 'پ' سے 'د' | 450 |
| ج | 437 | 'ت' سے 'د' | 450 |
| 'الف' سے 'ج' | 437 | 'ج' سے 'د' | 451 |
| 'ب' سے 'ج' | 437 | 'چ' سے 'د' | 452 |
| 'پ' سے 'ج' | 438 | 'خ' سے 'د' | 453 |
| 'ج' سے 'ج' | 438 | 'د' سے 'د' | 454 |
| 'چ' سے 'ج' | 439 | 'ر' سے 'د' | 454 |
| 'خ' سے 'ج' | 439 | 'ز' سے 'د' | 455 |
| 'د' سے 'ج' | 440 | 'س' سے 'د' | 456 |
| 'س' سے 'ج' | 440 | 'ش' سے 'د' | 456 |
| 'ش' سے 'ج' | 441 | 'ف' سے 'د' | 457 |
| 'ع' سے 'ج' | 441 | 'ق' سے 'د' | 457 |
| 'ف' سے 'ج' | 442 | 'ک' سے 'د' | 458 |
| 'ک' سے 'ج' | 442 | 'ل' سے 'د' | 459 |
| 'م' سے 'ج' | 443 | 'م' سے 'د' | 459 |
| 'ن' سے 'ج' | 443 | 'ن' سے 'د' | 461 |
| 'و' سے 'ج' | 444 | 'و' سے 'د' | 461 |
| 'ہ' سے 'ج' | 444 | 'ہ' سے 'د' | 462 |
| 'ی' سے 'ج' | 445 | 'ی' سے 'د' | 463 |
| ح | 446 | ر | 465 |
| 'ک' سے 'ح' | 446 | 'الف' سے 'ر' | 465 |
| د | 447 | 'ب' سے 'ر' | 474 |
| 'الف' سے 'د' | 447 | 'پ' سے 'ر' | 476 |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| 'ت' سے 'ر' | 479 |
| 'ٹ' سے 'ر' | 481 |
| 'ج' سے 'ر' | 481 |
| 'چ' سے 'ر' | 485 |
| 'ح' سے 'ر' | 486 |
| 'خ' سے 'ر' | 487 |
| 'د' سے 'ر' | 488 |
| 'ڈ' سے 'ر' | 490 |
| 'ر' سے 'ر' | 491 |
| 'ز' سے 'ر' | 492 |
| 'ذ' سے 'ر' | 493 |
| 'س' سے 'ر' | 493 |
| 'ش' سے 'ر' | 495 |
| 'ص' سے 'ر' | 496 |
| 'ط' سے 'ر' | 497 |
| 'ظ' سے 'ر' | 497 |
| 'ع' سے 'ر' | 498 |
| 'غ' سے 'ر' | 499 |
| 'ف' سے 'ر' | 500 |
| 'ق' سے 'ر' | 501 |
| 'ک' سے 'ر' | 502 |
| 'گ' سے 'ر' | 506 |
| 'ل' سے 'ر' | 508 |
| 'م' سے 'ر' | 509 |
| 'ن' سے 'ر' | 513 |
| 'و' سے 'ر' | 515 |
| 'ہ' سے 'ر' | 517 |
| 'ی' سے 'ر' | 522 |
| ڑ | 525 |
| 'الف' سے 'ڑ' | 525 |
| 'پ' سے 'ڑ' | 525 |
| ز | 526 |
| 'الف' سے 'ز' | 526 |
| 'ب' سے 'ز' | 527 |
| 'ت' سے 'ز' | 527 |
| 'ج' سے 'ز' | 528 |
| 'غ' سے 'ز' | 528 |
| 'ک' سے 'ز' | 529 |
| 'م' سے 'ز' | 529 |
| 'ن' سے 'ز' | 530 |
| 'و' سے 'ز' | 530 |
| 'ہ' سے 'ز' | 531 |
| 'ی' سے 'ز' | 532 |
| س | 533 |
| 'الف' سے 'س' | 533 |
| 'ت' سے 'س' | 534 |
| 'ح' سے 'س' | 534 |
| 'س' سے 'س' | 535 |

| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 548 | 'ج' سے 'ف' | 535 | 'غ' سے 'س' |
| 548 | 'گ' سے 'ف' | 536 | 'ط' سے 'س' |
| 549 | 'ی' سے 'ف' | 536 | 'م' سے 'س' |
| 550 | ق | 537 | 'و' سے 'س' |
| 550 | 'ب' سے 'ق' | 537 | 'ی' سے 'س' |
| 551 | 'غ' سے 'ق' | 538 | ش |
| 551 | ک | 538 | 'الف' سے 'ش' |
| 552 | 'الف' سے 'ک' | 539 | 'ب' سے 'ش' |
| 553 | 'ب' سے 'ک' | 539 | 'پ' سے 'ش' |
| 553 | 'پ' سے 'ک' | 540 | 'ج' سے 'ش' |
| 553 | 'ت' سے 'ک' | 540 | 'د' سے 'ش' |
| 553 | 'ج' سے 'ک' | 541 | 'ڈ' سے 'ش' |
| 554 | 'د' سے 'ک' | 541 | 'ر' سے 'ش' |
| 554 | 'ر' سے 'ک' | 542 | 'س' سے 'ش' |
| 555 | 'س' سے 'ک' | 542 | 'ک' سے 'ش' |
| 555 | 'ش' سے 'ک' | 543 | 'گ' سے 'ش' |
| 556 | 'ع' سے 'ک' | 543 | 'م' سے 'ش' |
| 556 | 'ک' سے 'ک' | 544 | 'ن' سے 'ش' |
| 557 | 'ل' سے 'ک' | 544 | 'ہ' سے 'ش' |
| 557 | 'م' سے 'ک' | 545 | 'ی' سے 'ش' |
| 558 | 'ن' سے 'ک' | 546 | غ |
| 558 | 'و' سے 'ک' | 546 | 'ب' سے 'غ' |
| 559 | 'ہ' سے 'ک' | 547 | ف |
| 559 | 'ی' سے 'ک' | 547 | 'الف' سے 'ف' |
| 561 | گ | 547 | 'ب' سے 'ف' |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 'الف' سے 'گ' | 561 | 'ک' سے 'ل' | 575 |
| 'ب' سے 'گ' | 562 | 'گ' سے 'ل' | 576 |
| 'ت' سے 'گ' | 562 | 'م' سے 'ل' | 577 |
| 'خ' سے 'گ' | 563 | 'ن' سے 'ل' | 577 |
| 'د' سے 'گ' | 563 | 'و' سے 'ل' | 578 |
| 'ز' سے 'گ' | 564 | 'ہ' سے 'ل' | 578 |
| 'ک' سے 'گ' | 564 | 'ی' سے 'ل' | 579 |
| 'ل' سے 'گ' | 565 | م | 580 |
| 'م' سے 'گ' | 565 | 'الف' سے 'م' | 580 |
| 'ہ' سے 'گ' | 566 | 'ب' سے 'م' | 582 |
| ل | 567 | 'پ' سے 'م' | 583 |
| 'الف' سے 'ل' | 567 | 'ت' سے 'م' | 584 |
| 'ب' سے 'ل' | 568 | 'ج' سے 'م' | 586 |
| 'پ' سے 'ل' | 569 | 'چ' سے 'م' | 587 |
| 'ت' سے 'ل' | 570 | 'ح' سے 'م' | 587 |
| 'ج' سے 'ل' | 571 | 'خ' سے 'م' | 588 |
| 'چ' سے 'ل' | 571 | 'د' سے 'م' | 589 |
| 'د' سے 'ل' | 572 | 'ر' سے 'م' | 590 |
| 'ر' سے 'ل' | 572 | 'س' سے 'م' | 591 |
| 'س' سے 'ل' | 573 | 'ش' سے 'م' | 592 |
| 'ش' سے 'ل' | 573 | 'ص' سے 'م' | 592 |
| 'ص' سے 'ل' | 574 | 'ع' سے 'م' | 593 |
| 'ع' سے 'ل' | 574 | 'غ' سے 'م' | 593 |
| 'ف' سے 'ل' | 575 | 'ف' سے 'م' | 594 |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 'ق' سے 'م' | 594 | 'س' سے 'ن' | 637 |
| 'ک' سے 'م' | 595 | 'ش' سے 'ن' | 639 |
| 'گ' سے 'م' | 596 | 'ص' سے 'ن' | 640 |
| 'ل' سے 'م' | 597 | 'ط' سے 'ن' | 641 |
| 'م' سے 'م' | 597 | 'ظ' سے 'ن' | 641 |
| 'ن' سے 'م' | 599 | 'ع' سے 'ن' | 642 |
| 'و' سے 'م' | 600 | 'غ' سے 'ن' | 644 |
| 'ہ' سے 'م' | 601 | 'ف' سے 'ن' | 645 |
| 'ی' سے 'م' | 602 | 'ق' سے 'ن' | 646 |
| ن | 604 | 'ک' سے 'ن' | 647 |
| 'الف' سے 'ن' | 604 | 'گ' سے 'ن' | 653 |
| 'ب' سے 'ن' | 612 | 'ل' سے 'ن' | 654 |
| 'پ' سے 'ن' | 615 | 'م' سے 'ن' | 655 |
| 'ت' سے 'ن' | 617 | 'ن' سے 'ن' | 662 |
| 'ٹ' سے 'ن' | 620 | 'و' سے 'ن' | 664 |
| 'ث' سے 'ن' | 621 | 'ہ' سے 'ن' | 668 |
| 'ج' سے 'ن' | 621 | 'ی' سے 'ن' | 673 |
| 'چ' سے 'ن' | 626 | و | 676 |
| 'ح' سے 'ن' | 627 | 'الف' سے 'و' | 676 |
| 'خ' سے 'ن' | 628 | 'ب' سے 'و' | 679 |
| 'د' سے 'ن' | 630 | 'پ' سے 'و' | 680 |
| 'ڈ' سے 'ن' | 633 | 'ت' سے 'و' | 682 |
| 'ر' سے 'ن' | 634 | 'ج' سے 'و' | 684 |
| 'ز' سے 'ن' | 635 | 'چ' سے 'و' | 686 |
| 'ذ' سے 'ن' | 636 | 'ح' سے 'و' | 687 |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 'خ' سے 'و' | 688 | ہ | 716 |
| 'د' سے 'و' | 689 | 'الف' سے 'ہ' | 716 |
| 'ڈ' سے 'و' | 691 | 'ب' سے 'ہ' | 718 |
| 'ر' سے 'و' | 692 | 'پ' سے 'ہ' | 718 |
| 'ز' سے 'و' | 693 | 'ت' سے 'ہ' | 719 |
| 'ذ' سے 'و' | 693 | 'ج' سے 'ہ' | 720 |
| 'س' سے 'و' | 694 | 'چ' سے 'ہ' | 720 |
| 'ش' سے 'و' | 695 | 'ح' سے 'ہ' | 721 |
| 'ص' سے 'و' | 696 | 'خ' سے 'ہ' | 721 |
| 'ض' سے 'و' | 697 | 'د' سے 'ہ' | 722 |
| 'ط' سے 'و' | 697 | 'ز' سے 'ہ' | 722 |
| 'ظ' سے 'و' | 698 | 'ش' سے 'ہ' | 723 |
| 'ع' سے 'و' | 698 | 'ص' سے 'ہ' | 723 |
| 'غ' سے 'و' | 700 | 'ط' سے 'ہ' | 724 |
| 'ف' سے 'و' | 701 | 'ع' سے 'ہ' | 724 |
| 'ق' سے 'و' | 701 | 'ف' سے 'ہ' | 725 |
| 'ک' سے 'و' | 702 | 'ق' سے 'ہ' | 725 |
| 'گ' سے 'و' | 705 | 'ک' سے 'ہ' | 726 |
| 'ل' سے 'و' | 706 | 'گ' سے 'ہ' | 727 |
| 'م' سے 'و' | 707 | 'ل' سے 'ہ' | 727 |
| 'ن' سے 'و' | 710 | 'م' سے 'ہ' | 728 |
| 'و' سے 'و' | 711 | 'ن' سے 'ہ' | 729 |
| 'ہ' سے 'و' | 712 | 'و' سے 'ہ' | 729 |
| 'ی' سے 'و' | 714 | 'ہ' سے 'ہ' | 730 |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 'ی' سے 'ہ' | 731 | 'ش' سے 'ی' | 796 |
| ی | 732 | 'ص' سے 'ی' | 798 |
| 'الف' سے 'ی' | 732 | 'ض' سے 'ی' | 799 |
| 'ب' سے 'ی' | 748 | 'ط' سے 'ی' | 800 |
| 'پ' سے 'ی' | 753 | 'ظ' سے 'ی' | 801 |
| 'ت' سے 'ی' | 757 | 'ع' سے 'ی' | 802 |
| 'ٹ' سے 'ی' | 764 | 'غ' سے 'ی' | 806 |
| 'ث' سے 'ی' | 764 | 'ف' سے 'ی' | 807 |
| 'ج' سے 'ی' | 765 | 'ق' سے 'ی' | 807 |
| 'چ' سے 'ی' | 772 | 'ک' سے 'ی' | 809 |
| 'ح' سے 'ی' | 774 | 'گ' سے 'ی' | 818 |
| 'خ' سے 'ی' | 776 | 'ل' سے 'ی' | 820 |
| 'د' سے 'ی' | 780 | 'م' سے 'ی' | 823 |
| 'ڈ' سے 'ی' | 786 | 'ن' سے 'ی' | 835 |
| 'ر' سے 'ی' | 787 | 'و' سے 'ی' | 839 |
| 'ز' سے 'ی' | 790 | 'ہ' سے 'ی' | 844 |
| 'ذ' سے 'ی' | 791 | 'ی' سے 'ی' | 851 |
| 'س' سے 'ی' | 792 | | |

# حِصّہ اَوّل

## حروفِ تہجّی کے اعتبار سے اشعار کی ترتیب

## (بلحاظِ آغاز)

# فہرست تعداد اشعار

(بلحاظِ آغاز)

| حروف | تعداد کُل اشعار | دُرِّ ثمین | دُرِّ عدن | کلامِ طاہر | کلامِ محمود | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | 933 | 326 | 72 | 156 | 377 | 2 |
| ب | 258 | 74 | 28 | 35 | 120 | 1 |
| پ | 227 | 87 | 16 | 24 | 99 | 1 |
| ت | 354 | 96 | 30 | 61 | 166 | 1 |
| ٹ | 8 | 1 | 1 | 1 | 5 | - |
| ث | 3 | 1 | - | - | 2 | - |
| ج | 400 | 119 | 36 | 52 | 192 | 1 |
| چ | 91 | 19 | 5 | 16 | 50 | 1 |
| ح | 70 | 14 | 7 | 7 | 42 | - |
| خ | 166 | 38 | 23 | 19 | 86 | - |
| د | 327 | 92 | 28 | 34 | 171 | 2 |
| ڈ | 20 | 5 | 1 | 2 | 12 | - |
| ر | 111 | 13 | 21 | 18 | 59 | - |
| ز | 39 | 11 | 3 | 4 | 20 | 1 |
| ذ | 19 | 6 | 3 | 1 | 9 | - |
| س | 224 | 53 | 24 | 31 | 114 | 2 |
| ش | 64 | 18 | 8 | 3 | 35 | - |
| ص | 44 | 11 | 8 | 6 | 19 | - |
| ض | 3 | - | 1 | 1 | 1 | - |
| ط | 13 | 4 | 2 | 1 | 6 | - |
| ظ | 21 | 3 | 2 | 5 | 11 | - |

| کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | کلامِ محمود | کلامِ طاہر | دُرِّ عدن | دُرِّ ثمین | کُل اشعار | حروف |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 68 | 13 | 7 | 16 | 106 | ع |
| - | 26 | 9 | 1 | 19 | 55 | غ |
| - | 37 | 2 | 9 | 9 | 57 | ف |
| 1 | 34 | 6 | 7 | 23 | 71 | ق |
| - | 261 | 54 | 37 | 205 | 557 | ک |
| - | 49 | 16 | 15 | 27 | 107 | گ |
| - | 37 | 15 | 12 | 25 | 89 | ل |
| 1 | 351 | 65 | 71 | 133 | 621 | م |
| - | 119 | 24 | 14 | 41 | 198 | ن |
| - | 134 | 38 | 20 | 104 | 296 | و |
| - | 250 | 53 | 43 | 100 | 446 | ہ |
| - | 106 | 38 | 25 | 105 | 274 | ی |

# تعداد کُل اشعار

| 6274 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 1800 | دُرِّ ثمین | i |
| 580 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 810 | کلامِ طاہر | iii |
| 3068 | کلامِ محمود | iv |
| 16 | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | v |

# الف

## ('الف' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 933 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 326 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 72 |
| iii | کلامِ طاہر | 156 |
| iv | کلامِ محمود | 377 |
| v | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ اک کرم کر پھیر دے لوگوں کو فرقاں کی طرف — نیز دے توفیق؛ تا وہ کچھ کریں سوچ اور بچار
٢ اک ضیافت ہے بڑی اے غافلو! کچھ دن کے بعد — جس کی دیتا ہے خبر فرقاں میں رحماں بار بار
٣ ایک دَم میں غم کدے ہو جائیں گے عشرت کدے — شادیاں کرتے تھے جو؛ پیٹیں گے ہو کر سوگوار
٤ ایک ہی گردش سے گھر ہو جائیں گے مٹی کا ڈھیر — جس قدر جانیں تلَف ہوں گی؛ نہیں ان کا شمار
٥ اَلقِصّہ؛ یہ مسیح کے آنے کا ہے نشاں — کردے گا ختم، آکے وہ؛ دِیں کی لڑائیاں
٦ اک زمانہ تھا؛ کہ میرا نام بھی مستور تھا — قادیاں بھی تھی نہاں؛ ایسی کہ گویا زیرِ غار
٧ اس زمانے میں؛ خدا نے دی تھی شہرت کی خبر — جو کہ اب پوری ہوئی؛ بعد اَز مرورِ روزگار
٨ اس زمانے میں ذرا سوچو! کہ مَیں کیا چیز تھا؟ — جس زمانے میں براہیں کا دیا تھا اشتہار
٩ اے خدا! اے کارساز و عیب پوش و کردگار! — اے مِرے پیارے مِرے محسن مِرے پروردگار!
١٠ آگ ہے پر آگ سے وہ سب بچائے جائیں گے — جو کہ رکھتے ہیں خدائے ذوالعجائب سے پیار

۱۱ اب اسی گلشن میں لوگو! راحت و آرام ہے — وقت ہے جلد آؤ؛ اے آوارگانِ دشتِ خار
۱۲ اِسمعوا صوت السماء جاء المسیح جاء المسیح — نیز بشنو از زمیں؛ آمد امامِ کامگار
۱۳ آسماں میرے لئے؛ تُو نے بنایا اک گواہ — چاند اور سورج ہوئے؛ میرے لئے تاریک و تار
۱۴ آسماں پر دعوتِ حق کیلئے اک جوش ہے — ہو رہا ہے نیک طبعوں پر فرشتوں کا اُتار
۱۵ آسماں بارد نشان الوقت می گوئد زمیں — ایں دو شاھد از پئے من نعرہ زن چوں بے قرار
۱۶ ابتداء سے تیرے ہی سائے میں میرے دن کٹے — گود میں تیری رہا مَیں مثلِ طفلِ شیرخوار
۱۷ اِسقدر ظاہر ہوئے ہیں فضلِ حق سے معجزات — دیکھنے سے جن کے شیطاں بھی ہوا ہے دلفگار
۱۸ آرہا ہے اس طرف احرارِیورپ کا مزاج — نبض پھر چلنے لگی مُردوں کی ناگہ زندہ وار
۱۹ آرہی ہے اب تو خوشبو میرے یوسفؔ کی مجھے — گو کہو دیوانہ؛ مَیں کرتا ہوں اس کا انتظار
۲۰ ایک عالَم مرگیا ہے تیرے پانی کے بغیر — پھیر دے اب میرے مولیٰ اس طرف دریا کی دھار
۲۱ اس پہ بھی میرے خدا نے یاد کر کے اپنا قول — مرجعِ عالم بنایا مجھ کو؛ اور دِیں کامگار
۲۲ اے مِرے یارِیگانہ! اے مِری جاں کی پنہ — بس ہے تو میرے لئے؛ مجھ کو نہیں تجھ بِن بَکار
۲۳ اس قدر مجھ پر ہوئیں تیری عنایات و کرم — جن کا مشکل ہے کہ تا روزِ قیامت ہو شمار
۲۴ اسلام سے نہ بھاگو؛ راہِ ہدیٰ یہی ہے — اے سونے والو! جاگو؛ شمس الضحیٰ یہی ہے
۲۵ اسلام چیز کیا ہے؛ خدا کیلئے فنا — ترکِ رضائے خویش؛ پئے مرضئ خدا
۲۶ اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا — میں خاک تھا؛ اسی نے ثریا بنا دیا
۲۷ اب دیکھتے ہو کیسا رجوعِ جہاں ہوا — اک مرجعِ خواص یہی قادیاں ہوا
۲۸ آؤ لوگو! کہ یہیں نورِخدا پاؤ گے — لو تمھیں طور تسلی کا بتایا ہم نے
۲۹ آؤ عیسائیو! ادھر آؤ! — نورِ حق دیکھو؛ راہِ حق پاؤ
۳۰ اس سے ہمارا پاک دل و سینہ ہوگیا — وہ اپنے منہ کا آپ ہی آئینہ ہوگیا
۳۱ اس نے درختِ دل کو معارف کا پھل دیا — ہر سینہ شک سے دھو دیا؛ ہر دل بدل دیا
۳۲ اُس نور پر فدا ہوں؛ اُس کا ہی مَیں ہوا ہوں — وہ ہے، مَیں چیز کیا ہوں؛ بس فیصلہ یہی ہے
۳۳ اک نہ اک دن پیش ہوگا تُو فنا کے سامنے — چل نہیں سکتی کسی کی کچھ قضا کے سامنے

۳۴ اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال
دِیں کیلئے حرام ہے؛ اب جنگ اور قتال

۳۵ آنکھ کے پانی سے یارو! کچھ کرو اس کا علاج
آسماں اے غافلو! اب آگ برسانے کو ہے

۳۶ اسلام کی سچائی ثابت ہے جیسے سورج
پر دیکھتے نہیں ہیں دشمن بلا یہی ہے

۳۷ اُٹھو جلد تر لاؤ فوٹو گراف
ذرا کھینچو تصویر چولے کی صاف

۳۸ احباب سارے آئے؛ تُو نے یہ دن دکھائے
تیرے کرم نے پیارے! یہ مہرباں بلائے

۳۹ اے آریہ سماج! پھنسو مَت عذاب میں
کیوں مبتلا ہو یارو! خیالِ خراب میں

۴۰ اور دِینوں کو جو دیکھا؛ تو کہیں نور نہ تھا
کوئی دکھلائے؛ اگر حق کو چھپایا ہم نے

۴۱ اے قادر و توانا! آفات سے بچانا
ہم تیرے دَر پہ آئے؛ ہم نے ہے تجھ کو مانا

۴۲ اُتار اپنے مونڈھوں سے دنیا کا بار
طلب میں سفر کر لیا اختیار

۴۳ اسی عجز میں تھا تذلّل کے ساتھ
کہ پکڑا خدا کی عنایت نے ہاتھ

۴۴ **اگر بشنَوی قصّۂ صادقاں**
**مَجُنباں سرِ خود چو مستہزیاں**

۴۵ اگر اس طرف سے نہ آوے خبر
تو ہو جائے یہ راہ زیر و زَبَر

۴۶ اگر وہ نہ بولے؛ تو کیونکر کوئی
یقیں کر کے جانے؛ کہ ہے مختفی

۴۷ اگر یہ نہیں؛ پھر تو وہ مر گئے
کہ بے سود جاں کو فِدا کر گئے

۴۸ اگر ان کو اس راہ سے ہوتی خبر
اگر صدق کا کچھ بھی رکھتے اثر

۴۹ اسی سے تو عارف ہوئے بادہ نوش
اسی سے تو آنکھیں کھُلیں اور گوش

۵۰ اسی سے ملے ان کو نازک علوم
اسی سے تو ان کی ہوئی جَگ میں دھوم

۵۱ اسی سے تو نانک ہوا کامیاب
کہ دل سے تھا قربانِ عالی جناب

۵۲ اکیلا وہ بھاگا ہنودوں کو چھوڑ
چلا مکّہ کو ہند سے منہ کو موڑ

۵۳ اگر تُو بھی چھوڑے یہ ملکِ ہوا
تجھے بھی یہ رُتبہ کرے وہ عطا

۵۴ اگر جاں کروں اس کی رَہ میں فِدا
تو پھر بھی نہ ہو شکر اس کا ادا

۵۵ اسے مردہ کہنا؛ خطا ہے خطا
کہ زِندوں میں وہ زِندہ دِل جا مِلا

۵۶ ارے لوگو! تم کو نہیں کچھ خبر — جو کہتا ہوں میں اس پہ رکھنا نظر
۵۷ اسی پر دوشالے چڑھے اور زَر — یہی فخر سِکّھوں کا ہے سَربَسَر
۵۸ اگر ہاتھ سے وقت جاوے نکل — تو پھر ہاتھ مَل مَل کے رونا ہے کل
۵۹ اگر مان لو گے گرو کا یہ واک — تو راضی کرو گے اسے ہو کے پاک
۶۰ اٹھو سونے والو! کہ وقت آگیا — تمہارا گرو تم کو سمجھا گیا
۶۱ اُس بِن نہیں گزارا؛ غیر اس کے جھوٹ سارا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۶۲ اے میرے ربِّ محسن! کیونکر ہو شکرِ احساں — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۶۳ اپنی پنہ میں رکھیو! سن کر یہ میری زاری — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۶۴ ان پر میں تیرے قرباں؛ رحمت ضرور رکھیو — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۶۵ ان پر خدا کی رحمت؛ جو اس پہ لائے ایماں — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۶۶ اکسیر ہے پیارے! صدق و سداد رکھنا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۶۷ اس کے ہیں دو برادر؛ ان کو بھی رکھیو خوشتر — تیرا بشیر احمد؛ تیرا شریف اصغر
۶۸ اے میرے دل کے پیارے اے مہرباں ہمارے! — کر ان کے نام روشن؛ جیسے کہ ہیں ستارے
۶۹ اے میری جاں کے جانی! اے شاہِ دوجہانی! — کر ایسی مہربانی؛ ان کا نہ ہووے ثانی
۷۰ اگر ہزار بلا ہو؛ تو دل نہیں ڈرتا — ذرا تو دیکھیئے! کیسا ہے حوصلہ دل کا
۷۱ اے واحد و یگانہ! اے خالقِ زمانہ! — میری دعائیں سن لے؛ اور عرضِ چاکرانہ
۷۲ اقبال کو بڑھانا؛ اب فضل لے کے آنا — ہر رَنج سے بچانا؛ دکھ دَرد سے چھڑانا
۷۳ اہلِ وقار ہوویں؛ فخرِ دیار ہوویں — حق پر نثار ہوویں؛ مولیٰ کے یار ہوویں
۷۴ اس دل میں تیرا گھر ہے؛ تیری طرف نظر ہے — تجھ سے میں ہوں منور؛ میرا تو، تُو قمر ہے
۷۵ اے دوستو پیارو! عقبیٰ کو مت بِسارو — کچھ زادِ راہ لے لو؛ کچھ کام میں گزارو
۷۶ اے میرے بندہ پَروَر! کر اِن کو نیک اختر — رتبہ میں ہوں یہ بَرتَر؛ اور بخش تاج و افسر
۷۷ احقر کو میرے پیارے! اِک دَم نہ دور کرنا — بہتر ہے زندگی سے تیرے حضور مرنا

۷۸ ایک ذرّہ بھی نہیں تُو نے کیا مجھ سے فرق
میرے اِس جِسم کا ہر ذرّہ؛ ہو قرباں تیرا

۷۹ آسماں پر سے فرشتے بھی مدد کرتے ہیں
کوئی ہو جائے اگر بندۂ فرماں تیرا

۸۰ اس جہاں میں ہے وہ جنّت میں ہی بے ریب وگماں
وہ جو اِک پختہ توکّل سے ہے مہماں تیرا

۸۱ اب مجھے زندگی میں ان کی مصیبت نہ دکھا
بخش دے میرے گناہ؛ اور جو عِصیاں تیرا

۸۲ اس جہاں کے نہ بنیں کیڑے یہ کر فضل ان پر
ہر کوئی ان میں سے کہلائے مسلماں تیرا

۸۳ اے دوستو! جو پڑھتے ہو اُمّ الکتاب کو
اب دیکھو میری آنکھوں سے اِس آفتاب کو

۸۴ اس کی قَسَم؛ کہ جس نے یہ سورۃ اتاری ہے
اس پاک دل پہ جس کی وہ صورت پیاری ہے

۸۵ آواز آ رہی ہے یہ فونو گراف سے
ڈھونڈو خدا کو دِل سے؛ نہ لاف وگزاف سے

۸۶ اور ان کے ساتھ دی ہے ایک دختر
ہے کچھ کم پانچ کی وہ نیک اختر

۸۷ اگر ہر بال ہو جائے سخن وَر
تو پھر بھی شکر ہے اِمکاں سے باہر

۸۸ نہیں ماتم؛ ہمارے گھر میں شادی
**فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۸۹ اگر اندھوں کو اِنکار و اِباء ہے
وہ کیا جانیں؛ کہ اس سینہ میں کیا ہے

۹۰ ابنِ مریم کے ذکر کو چھوڑو
اس سے بہتر غلامِ احمدؐ ہے

۹۱ اب آگیا مسیح؛ جو دِیں کا اِمام ہے
دِیں کی تمام جنگوں کا اب اِختتام ہے

۹۲ اب آسماں سے نورِ خدا کا نزول ہے
اب جنگ اور جہاد کا فتویٰ فضول ہے

۹۳ اِک معجزہ کے طور سے یہ پیشگوئی ہے
کافی ہے سوچنے کو؛ اگر اہل کوئی ہے

۹۴ اب تم میں خود وہ قوت و طاقت نہیں رہی
وہ سلطنت، وہ رعب؛ وہ شوکت نہیں رہی

۹۵ اب تم میں خود وہ سیف کی طاقت نہیں رہی
بھید اس میں ہے یہی؛ کہ وہ حاجت نہیں رہی

۹۶ اب کوئی تم پہ جَبر نہیں غیر قوم سے
کرتی نہیں ہے منع صلوٰۃ اور صوم سے

۹۷ اب زندگی تمہاری تو سب فاسِقانہ ہے
مومن نہیں ہو تم؛ کہ قدم کافِرانہ ہے

۹۸ اے قوم! تم پہ یار کی اب وہ نظر نہیں
روتے رہو دعاؤں میں بھی وہ اثر نہیں

۹۹ اب تم تو خود ہی موردِ خشمِ خدا ہوئے
اس یار سے بشامت عِصیاں جدا ہوئے

۱۰۰ اب غیروں سے لڑائی کے معنے ہی کیا ہوئے
تم خود ہی غیر بَن کے محل سزا ہوئے

۱۰۱ ایسا گماں؛ کہ مہدئی خونی بھی آئیگا
اور کافروں کے قتل سے دِیں کو بڑھائیگا

۱۰۲ اے غافِلو! یہ باتیں سراسر دروغ ہیں
بہتاں ہیں، بے ثبوت ہیں؛ اور بے فروغ ہیں

۱۰۳ اب سال سترہ بھی صدی سے گذر گئے
تم میں سے ہائے! سوچنے والے کِدھر گئے

۱۰۴ اب عذر کیا ہے؛ کچھ بھی بتاؤ گے یا نہیں
مخفی جو دل میں ہے؛ وہ سناؤ گے یا نہیں

۱۰۵ آخر خدا کے پاس بھی جاؤ گے یا نہیں
اس وقت اس کو منہ بھی دکھاؤ گے یا نہیں

۱۰۶ آنکھ تَر ہے؛ دل میں میرے درد ہے
کیوں دِلوں پر اس قدر یہ گَرد ہے

۱۰۷ آسماں پر غافِلو! اِک جوش ہے
کچھ تو دیکھو! گر تمہیں کچھ ہوش ہے

۱۰۸ اِس صدی کا بیسواں اب سال ہے
شِرک و بِدّعت سے جہاں پامال ہے

۱۰۹ ایک دنیا ہے مرچکی اب تک
پھر بھی توبہ نہیں؛ یہ حالت ہے

۱۱۰ اے قومِ آریہ! تیرے دِل کو یہ کیا ہوا
تو جاگتی ہے؛ یا تیری باتیں ہیں خواب میں

۱۱۱ اس کی طرف ہے ہاتھ ہر اِک تارِزُلف کا
ہجراں سے اس کے رہتی ہے وہ پیچ وتاب سے

۱۱۲ اس لئے اب غیرت اس کی کچھ تمہیں دِکھلائے گی
ہر طرف یہ آفتِ جاں ہاتھ پھیلانے کو ہے

۱۱۳ آریوں پر ہے صَد ہزار افسوس!
دل میں آتا ہے بار بار اَفسوس

۱۱۴ اِن نِشانوں سے ہیں یہ اِنکاری
پر کہاں تک چلے گی طَرّاری

۱۱۵ ان کے باطن میں اِک اندھیرا ہے
کِین و نخوت نے آکے گھیرا ہے

۱۱۶ اَفسوس آریوں پر؛ جو ہوگئے ہیں شَپَّر
وہ دیکھ کر ہیں منکر؛ ظلم و جفا یہی ہے

۱۱۷ اِک ہیں جو پاک بندے اِک ہیں دِلوں کے گندے
جیتیں گے صادِق آخر؛ حق کا مزا یہی ہے

۱۱۸ اِن آریوں کا پیشہ؛ ہردَم ہے بَدزبانی
ویدوں میں آریوں نے شاید پڑھا یہی ہے

۱۱۹ اَفسوس سبّ و توہیں؛ سب کا ہوا ہے پیشہ
کِس کو کہوں؛ کہ اِن میں ہرزہ درا یہی ہے

۱۲۰ آخر یہ آدمی تھے؛ پھر کیوں ہوئے درندے
کیا جون ان کی بگڑی؛ یا خود قضا یہی ہے

۱۲۱ اپنے کئے کا ثمرہ؛ لیکھو نے کیسا پایا
آخر خدا کے گھر میں بَد کی سزا یہی ہے

۱۲۲ اَحوال کیا کہوں مَیں؛ اِس غم سے اپنے دِل کا — گویا کہ ان غموں کا مہماں سرا یہی ہے
۱۲۳ اِک وید ہے جو سچا؛ باقی کتابیں ساری — جھوٹی ہیں اور جعلی؛ اِک راہنما یہی ہے
۱۲۴ ایشر کے گن عجب ہیں؛ ویدوں میں اے عزیزو! — اس میں نہیں مروّت؛ ہم نے سنا یہی ہے
۱۲۵ ایشر بنا ہے منہ سے؛ خالق نہیں کسی کا — روحیں ہیں سب اَنادی؛ پھر کیوں خدا یہی ہے
۱۲۶ ان کا ہی منہ ہے تکتا؛ ہر کام میں جو چاہے — گویا وہ بادشہ ہیں؛ ان کا گدا یہی ہے
۱۲۷ اَلقصّہ آریوں کے ویدوں کا یہ خدا ہے — ان کا ہے جس پہ تکیہ؛ وہ بے نَوا یہی ہے
۱۲۸ اے آریو! کہو اب؛ ایشر کے ہیں یہی گن — جس پر ہو ناز کرتے؛ بولو وہ کیا یہی ہے
۱۲۹ ان سے دوچار ہونا؛ عِزّت ہے اپنی کھونا — ان سے ملاپ کرنا؛ راہِ ریا یہی ہے
۱۳۰ اس نے خدا ملایا؛ وہ یار اس سے پایا — راتیں تھیں جتنی گذریں؛ اب دِن چڑھا یہی ہے
۱۳۱ اس نے نشاں دکھائے؛ طالب سبھی بلائے — سوتے ہوئے جگائے؛ بس حق نما یہی ہے
۱۳۲ اسلام کے محاسن؛ کیونکر بیاں کروں مَیں — سب خشک باغ دیکھے؛ پھولا پھلا یہی ہے
۱۳۳ آنکھ اس کی دُوربیں ہے؛ دِل یار سے قریں ہے — ہاتھوں میں شمعِ دِیں ہے؛ عین الضیاء یہی ہے
۱۳۴ اے میرے رَبِّ رحماں! تیرے ہی ہیں یہ احساں — مشکل ہو تجھ سے آساں؛ ہردَم رِجا یہی ہے
۱۳۵ اے میرے یارِجانی! خود کر تو مہربانی — ورنہ بَلائے دنیا؛ اِک اژدھا یہی ہے
۱۳۶ اِس عشق میں مصائب؛ سوسو ہیں ہر قدم میں — پر کیا کروں؛ کہ اس نے مجھ کو دیا یہی ہے
۱۳۷ اِس رَہ میں اپنے قِصّے؛ تم کو مَیں کیا سناؤں — دکھ دَرد کے ہیں جھگڑے؛ سب ماجرا یہی ہے
۱۳۸ اے میرے یارِ جانی! کر خود ہی مہربانی — مت کہہ، کہ لَن تَرانی؛ تجھ سے رجا یہی ہے
۱۳۹ اے میرے دِل کے درماں ہجراں ہے تیرا سوزاں — کہتے ہیں جس کو دوزخ؛ وہ جاں گزا یہی ہے
۱۴۰ اِک دِیں کی آفتوں کا غم کھا گیا ہے مجھ کو — سینے پہ دشمنوں کے پتھر پڑا یہی ہے
۱۴۱ ایسا زمانہ آیا؛ جس نے غضب ہے ڈھایا — جو پیستی ہے دِیں کو؛ وہ آسیا یہی ہے
۱۴۲ آنکھیں ہر ایک دِیں کی بے نور ہم نے پائیں — سرمہ سے معرفت کے اِک سرمہ سا یہی ہے
۱۴۳ انکار کر کے اس سے؛ پچھتاؤ گے بہت تم — بنتا ہے جس سے سونا؛ وہ کیمیا یہی ہے

۱۴۴ اے آریو! یہ کیا ہے؛ کیوں دِل بگڑ گیا ہے ۔۔۔ ان شوخیوں کو چھوڑو؛ راہِ حیا یہی ہے

۱۴۵ اچھا نہیں ستانا؛ پاکوں کا دِل دُکھانا ۔۔۔ گستاخ ہوتے جانا: اس کی جزا یہی ہے

۱۴۶ اس دِیں کی شان وشوکت؛ یارب! مجھے دکھا دے ۔۔۔ سب جھوٹے دِیں مٹا دے؛ میری دعا یہی ہے

۱۴۷ اگر کھینچے کوئی کینے کی تلوار ۔۔۔ تو اس سے کب ملے بچھڑا ہوا یار

۱۴۸ اگر بھولے رہے اس سے کوئی جاں ۔۔۔ تو پھر ہو جاوے اس کا ملک ویراں

۱۴۹ اگر ہرذرّہ اس بِن خود عیاں ہو ۔۔۔ تو ہر ذرّے کا وہ مالک کہاں ہو

۱۵۰ اگر خالق نہیں روحوں کی وہ ذات ۔۔۔ تو پھر کاہے کی ہے؛ قادر وہ ہیہات

۱۵۱ اگر اس بِن بھی ہوسکتی ہیں اشیاء ۔۔۔ تو پھر اس ذات کی حاجت رہی کیا

۱۵۲ اگر سب شئے نہیں اس نے بنائی ۔۔۔ تو بس پھر ہوچکی اس سے خدائی

۱۵۳ اگر اس میں بنانے کا نہیں زور ۔۔۔ تو پھر اتنا خدائی کا ہے کیوں شور

۱۵۴ اگر آگے کو پیدائش ہے سب بند ۔۔۔ تو پھر سوچو ذرا ہو کے خرد مند

۱۵۵ اگر اس نخل کو طالب لگائے ۔۔۔ تو اِک دن ہو رہے برتھا نہ جائے

۱۵۶ اس قدر کِین و تعصّب بڑھ گیا ۔۔۔ جس سے کچھ ایماں جو تھا؛ وہ سڑ گیا

۱۵۷ اے عزیزو! اس قدر کیوں ہوگئے تم بے حیا ۔۔۔ کلمہ گو ہو؛ کچھ تو لازم ہے تمہیں خوفِ خدا

۱۵۸ الٰہی بخش کے کیسے تھے یہ تیر ۔۔۔ کہ آخر ہوگیا ان کا وہ نخچیر

۱۵۹ اسی پر اس کی لعنت کی پڑی مار ۔۔۔ کوئی ہم کو تو سمجھاوے یہ اسرار

۱۶۰ اگر تیرا بھی کچھ دِیں ہے؛ بدل دے جو مَیں کہتا ہوں ۔۔۔ کہ عزت مجھ کو؛ اور تجھ پر ملامت آنے والی ہے

۱۶۱ اے میرے پیارے! یہی میری دعا ہے روز وشب ۔۔۔ گود میں تیری ہوں ہم اس خونِ دل کھانے کے دن

۱۶۲ اک نشاں دکھلا؛ کہ اب دِیں ہوگیا ہے بے نشاں ۔۔۔ دل چلا ہے ہاتھ سے؛ لا جلد ٹھہرانے کے دن

۱۶۳ اک بڑی مدت سے دِیں کو کفر تھا کھاتا رہا ۔۔۔ اب یقیں سمجھو! کہ آئے کفر کو کھانے کے دن

۱۶۴ الٰہی! خطا کر دے میری معاف ۔۔۔ کہ تجھ بِن تو ربّ البرایا نہیں

۱۶۵ ایسا گماں خطا ہے؛ کہ وہ ذات پاک ہے ۔۔۔ ایسے گماں کی نوبتِ آخر ہلاک ہے

۱۶۶ اے سونے والو جاگو! کہ وقتِ بہار ہے ۔۔۔ اب دیکھو آ کے دَر پہ ہمارے؛ وہ یار ہے
۱۶۷ اس رخ کو دیکھنا ہی تو ہے اصل مدّعا ۔۔۔ جنّت بھی ہے یہی؛ کہ ملے یارِ آشنا
۱۶۸ اے حُبِّ جاہ والو! یہ رہنے کی جا نہیں ۔۔۔ اس میں تو پہلے لوگوں سے کوئی رہا نہیں
۱۶۹ اِک دن وہی مقام؛ تمہارا مقام ہے ۔۔۔ اک دن یہ صبح زندگی کی؛ تم پہ شام ہے
۱۷۰ اک دن تمہارا لوگ جنازہ اٹھائیں گے ۔۔۔ پھر دفن کر کے گھر میں تأسف سے آئیں گے
۱۷۱ اے لوگو! عیشِ دنیا کو ہرگز وَفا نہیں ۔۔۔ کیا تم کو خوفِ مرگ و خیالِ فنا نہیں
۱۷۲ اس کا تو فرض ہے؛ کہ وہ ڈھونڈے خدا کا نور ۔۔۔ تا ہووے شک و شبہ سبھی اس کے دل سے دُور
۱۷۳ اس بے نشاں کی چہرہ نمائی نشاں سے ہے ۔۔۔ سچ ہے؛ کہ سب ثبوتِ خدائی نشاں سے ہے
۱۷۴ اِک سَیل چل رہا ہے گناہوں کا زور سے ۔۔۔ سنتے نہیں ہیں کچھ بھی معاصی کے شور سے
۱۷۵ اس کا سبب یہی ہے؛ کہ غفلت ہی چھا گئی ۔۔۔ دنیائے دوں کی دل میں محبت سما گئی
۱۷۶ ان سے خدا کے کام سبھی معجزانہ ہیں ۔۔۔ یہ اس لئے؛ کہ عاشقِ یارِ یگانہ ہیں
۱۷۷ ان کو خدا نے غیروں سے بخشا ہے امتیاز ۔۔۔ ان کیلئے نشاں کو دکھاتا ہے کارساز
۱۷۸ اس ذاتِ پاک سے جو کوئی دل لگاتا ہے ۔۔۔ آخر وہ اس کے رحم کو ایسا ہی پاتا ہے
۱۷۹ ایسے خدا کے خوف سے دل کیسے پاک ہو ۔۔۔ سینہ میں اس کے عشق سے کیونکر تپاک ہو
۱۸۰ اس بے ثبات گھر کی محبت کو چھوڑ دو ۔۔۔ اس یار کیلئے رَہِ عِشرت کو چھوڑ دو
۱۸۱ اے کرمِ خاک چھوڑ دے کِبر و غرور کو ۔۔۔ زیبا ہے کِبر؛ حضرتِ رَبِّ غیور کو
۱۸۲ اِک بات کہہ کے اپنے عمل سارے کھوتے ہیں ۔۔۔ پھر شوخیوں کا بیج ہر اِک وقت بوتے ہیں
۱۸۳ ان کیلئے تو بس ہے خدا کا یہی نشاں ۔۔۔ یعنی وہ فضل اس کے؛ جو مجھ پر ہیں ہر زماں
۱۸۴ ایسے بَدوں سے اس کے ہو ایسے معاملات ۔۔۔ کیا یہ نہیں کرامت و عادت سے بڑھ کے بات
۱۸۵ اِن کِینوں میں کسی کو بھی ارماں نہیں رہا ۔۔۔ سب کی مراد تھی؛ کہ مَیں دیکھوں رَہِ فنا
۱۸۶ آخر کو وہ خدا؛ جو کریم و قدیر ہے ۔۔۔ جو عالِم القلوب و علیم و خبیر ہے
۱۸۷ اُترا مِری مدد کیلئے؛ کر کے عہد یاد ۔۔۔ پس رِہ گئے وہ سارے سِیہ رُو و نامراد

۱۸۸ اپنا تو اس کا وعدہ رہا سارا طاق پر    اوروں کی سعی و جہد پہ بھی کچھ نہیں نظر
۱۸۹ آخر یہ بات کیا ہے؛ کہ ایک مفتری    کرتا ہے ہر مقام میں اس کو خدا بَری
۱۹۰ اِک اِتّفاق کر کے؛ وہ باتیں بناتے ہیں    سو جھوٹ اور فریب کی تہمت لگاتے ہیں
۱۹۱ اے قوم کے سرآمدہ! اے حامیانِ دِیں    سوچو! کہ کیوں خدا تمہیں دیتا مدد نہیں
۱۹۲ الزام مجھ پہ قتل کا تھا؛ سخت تھا یہ کام    تھا ایک پادری کی طرف سے یہ اتّہام
۱۹۳ اتنی شہادتیں ہیں؛ کہ اب کھُل گیا قصور    اب قید یا صلیب ہے؛ اِک بات ہے ضرور
۱۹۴ اَلقِصّہ جہد کی نہ رہی کچھ بھی انتہا    اِک سو تھا مَکر؛ ایک طرف سجدہ و دُعا
۱۹۵ آخر خدا نے دی مجھے اِس آگ سے نجات    دشمن تھے جتنے ان کی طرف کی نہ اِلتفات
۱۹۶ اس کا تو فرض تھا؛ کہ وہ وعدہ کو کر کے یاد    خود مارتا وہ گردنِ کذّاب بد نِہاد
۱۹۷ اِن میں سے ایسے تھے؛ کہ جو بڑھ بڑھ کے آتے تھے    اپنا بیاں لکھانے میں کرتب دکھاتے تھے
۱۹۸ اے ہوش وعقل والو! یہ عِبرت کا ہے مقام    چالاکیاں تو ہیچ ہیں؛ تقویٰ سے ہوویں کام
۱۹۹ اِس بَدعمل کی قتل سزا ہے؛ نہ یہ کہ پِیت    پس کِس طرح خدا کو پسند آگئی یہ رِیت
۲۰۰ آخر کوئی تو بات ہے؛ جس سے ہوا وہ یار    بدکار سے تو کوئی بھی کرتا نہیں پیار
۲۰۱ ان کے گماں میں؛ ہم بَد و بدحال ہوگئے    ان کی نظر میں کافر و دجّال ہوگئے
۲۰۲ اے مدّعی! نہیں ہے تیرے ساتھ کِردِگار    یہ کفر؛ تیرے دِیں سے ہے بہتر ہزار بار
۲۰۳ ابتداء سے گوشۂ خَلوَت رہا مجھ کو پسند    شہرتوں سے مجھ کو نفرت تھی؛ ہر اک عظمت سے عار
۲۰۴ اس میں میرا جرم کیا؛ جب مجھ کو یہ فرماں ملا    کون ہوں تا رَدّ کروں حکمِ شہِ ذی الاقتدار
۲۰۵ اب تو جو فرماں ملا؛ اس کا ادا کرنا ہے کام    گرچہ مَیں ہوں بس ضعیف و ناتوان و دِلفگار
۲۰۶ ایسے کچھ بگڑے؛ کہ اب بنتا نظر آتا نہیں    آہ! کیا سمجھے تھے ہم؛ اور کیا ہوا ہے آشکار
۲۰۷ اے میرے پیارے! فِدا ہو تجھ پہ ہر ذرّہ میرا    پھیر دے میری طرف؛ اے سارباں! جَگ کی مہار
۲۰۸ اب نہیں ہیں ہوش اپنے ان مصائب میں بجا    رحم کر بندوں پہ اپنے؛ تا وہ ہوویں رَستگار
۲۰۹ اے خدا! بِن تیرے ہو یہ آبپاشی کِس طرح    جل گیا ہے باغِ تقویٰ؛ دِیں کی ہے اب اک مزار

۲۱۰ اِک نشاں دِکھلا؛ کہ اب دِیں ہوگیا ہے بے نشاں — اِک نظر کر اس طرف؛ تا کچھ نظر آوے بہار

۲۱۱ ایک بَد ِکردار کی تائید میں اتنے نشاں — کیوں دِکھاتا ہے؛ وہ کیا ہے بَدکنوں کا رِشتہ دار

۲۱۲ آنکھ گر پھوٹی؛ تو کیا کانوں میں بھی کچھ پڑ گیا — کیا خدا دھوکے میں ہے؛ اورتم ہو میرے رازدار

۲۱۳ اس جہاں کا کیا کوئی داوَر نہیں اور دادگر — پھر شَریرالنفس ظالم کو کہاں جائے فرار

۲۱۴ آسماں سے ہے چلی توحیدِ خالق کی ہوا — دِل ہمارے ساتھ ہیں؛ گو منہ کریں بک بک ہزار

۲۱۵ اِک زماں کے بعد اب آئی ہے یہ ٹھنڈی ہوا — پھر خدا جانے؛ کہ کب آویں یہ دن اور یہ بہار

۲۱۶ اے مکذّب! کوئی اس تکذیب کا ہے انتہا — کب تلک تُو خوئے شیطاں کو کریگا اختیار

۲۱۷ اِن غموں سے دوستو! خَم ہوگئی میری کمر — مَیں تو مَر جاتا؛ اگر ہوتا نہ فضلِ کِردِگار

۲۱۸ اِس تپِش کو میری وہ جانے؛ کہ رکھتا ہے تپِش — اِس اَلَم کو میرے وہ سمجھے؛ کہ ہے وہ دِلفگار

۲۱۹ اِک شجر ہوں؛ جس کو داوٗدی صِفت کے پھل لگے — میں ہوا داوٗد؛ اور جالوت ہے میرا شکار

۲۲۰ اس قدر عرفاں بڑھا میرا؛ کہ کافر ہوگیا — آنکھ میں اس کی؛ کہ ہے وہ دُورتَر اَز صحنِ یار

۲۲۱ اس رُخِ روشن سے میری آنکھ بھی روشن ہوئی — ہوگئے اَسرار اس دِلبر کے مجھ پر آشکار

۲۲۲ اہلِ تقویٰ تھا کرم دِیں بھی؛ تمہاری آنکھ میں — جس نے ناحق ظلم کی رَہ سے کیا تھا مجھ پہ وار

۲۲۳ اب کہو! کس کی ہوئی نصرت جنابِ پاک سے — کیوں تمہارا متقی پکڑا گیا؛ ہو کر کے خوار

۲۲۴ اب ذرا سوچو! دیانت سے؛ کہ یہ کیا بات ہے — ہاتھ کس کا ہے؛ کہ رَدّ کرتا ہے وہ دشمن کا وار

۲۲۵ اس قدر نصرت کہاں ہوتی ہے اِک کذّاب کی — کیا تمھیں کچھ ڈر نہیں ہے؛ کرتے ہو بڑھ بڑھ کے وار

۲۲۶ آفتابِ صبح نکلا؛ اب بھی سوتے ہیں یہ لوگ — دن سے ہیں بیزار؛ اور راتوں سے کرتے ہیں پیار

۲۲۷ ان کی قسمت میں نہیں دِیں کیلئے کوئی گھڑی — ہوگئے مفتونِ دنیا؛ دیکھ کر اس کا سنگار

۲۲۸ انبیاء کے طور پر حجّت ہوئی ان پر تمام — ان کے جو حملے ہیں ان میں سب نبی ہیں حصہ دار

۲۲۹ اس قدر یہ زندگی کیا افترا میں کٹ گئی — پھر عجب تر یہ؛ کہ نصرت کے ہوئے جاری بحار

۲۳۰ اس قدر نصرت تو کاذب کی نہیں ہوتی کبھی — گر نہیں باوَر؛ نظیریں اس کی تم لاؤ دوچار

۲۳۱ اپنے ایماں کو ذرا پردہ اٹھا کر دیکھنا — مجھ کو کافر کہتے کہتے؛ خود نہ ہوں اَز اہلِ نار

۲۳۲ اے فقیہو عالمو! مجھ کو سمجھ آتا نہیں
یہ نشانِ صدق پا کر پھر یہ کیں اور یہ نقار

۲۳۳ اب ذرا سوچو! کہ کیا یہ آدمی کا کام ہے
اس قدر امرِ نہاں پر کس بشر کو اقتدار

۲۳۴ ایسے دل پر داغِ لعنت ہے ازل سے تا ابد
جو نہیں اس کی طلب میں بے خود و دیوانہ وار

۲۳۵ ایسے مہدی کیلئے میداں کھُلا تھا قوم میں
پھر تو اس پر جمع ہوتے ایک دَم میں صد ہزار

۲۳۶ آگ بھی پھر آگئی جب دیکھ کر اتنے نشاں
قوم نے مجھ کو کہا کذّاب ہے اور بدشِعار

۲۳۷ اِن دِلوں کو خود بدل دے؛ اے میرے قادر خدا!
تو تو ربّ العٰلمیں ہے؛ اور سب کا شہریار

۲۳۸ اس جہاں میں خواہشِ آزادگی بے سود ہے
اِک تیری قیدِ محبت ہے جو کردے رَستگار

۲۳۹ اے خدا! اے چارہ سازِ درد! ہم کو خود بچا
اے میرے زخموں کے مرہم! دیکھ میرا دِل فگار

۲۴۰ اے مِرے پیارے! جہاں میں تو ہی ہے اک بےنظیر
جو ترے مجنوں؛ حقیقت میں وہی ہیں ہوشیار

۲۴۱ اس جہاں کو چھوڑنا ہے تیرے دیوانوں کا کام
نقد پا لیتے ہیں وہ؛ اور دوسرے امّید وار

۲۴۲ ایک کانٹا بھی اگر دِیں کیلئے ان کو لگے
چیخ کر اس سے وہ بھاگیں؛ شیر سے جیسے حِمار

۲۴۳ اے مِرے پیارے! بتا تو کس طرح خوشنود ہو
نیک دن ہوگا وہی جب تجھ پہ ہوویں ہم نثار

۲۴۴ ابنِ مریم ہوں؛ مگر اُترا نہیں میں چرخ سے
نیز مہدی ہوں؛ مگر بے تیغ اور بے کارِزار

۲۴۵ اس کے پانے کا یہی اے دوستو! اِک راز ہے
کیمیا ہے جس سے ہاتھ آجائیگا زَر بے شمار

۲۴۶ اِس سے خود آکر ملے گا تم سے وہ یارِ اَزَل
اِس سے تم عِرفانِ حق سے پہنو گے پھولوں کے ہار

۲۴۷ اِفترا کی ایسی دُم لمبی نہیں ہوتی کبھی
جو ہو مثلِ مدّتِ فخر الرسلؐ فخر الخیار

۲۴۸ اے عزیزو! کب تلک چل سکتی ہے کاغذ کی ناؤ
ایک دن ہے غَرق ہونا باد و چشمِ اشکبار

۲۴۹ اے خدا! کمزور ہیں ہم؛ اپنے ہاتھوں سے اٹھا
ناتواں ہم ہیں؛ ہمارا خود اٹھالے سارا بار

۲۵۰ اے مِرے پیارے! ضلالت میں پڑی ہے میری قوم
تیری قدرت سے نہیں کچھ دُور؛ گر پائیں سدھار

۲۵۱ اے مِرے پیارو! شکیب و صبر کی عادت کرو
وہ اگر پھیلائیں بدبو؛ تم بنو مشکِ تتار

۲۵۲ اِفترا اُن کی نگاہوں میں ہمارا کام ہے
یہ خیال، اللہ اکبر! کس قدر ہے نابکار

۲۵۳ آنکھ رکھتے ہو؛ ذرا سوچو! کہ یہ کیا راز ہے
کس طرح ممکن کہ وہ قدوس ہو کاذب کا یار

۲۵۴ ایک طوفاں ہے خدا کے قہر کا اب جوش پر — نوحؑ کی کشتی میں جو بیٹھے؛ وہی ہو رَستگار
۲۵۵ اے کہ ہر دَم بدگمانی تیرا کاروبار ہے — دوسری قوت کہاں گم ہوگئی اے ہوشیار!
۲۵۶ اِس تعصّب پر نظر کرنا؛ کہ مَیں اسلام پر — ہوں فِدا؛ پھر بھی مجھے کہتے ہیں کافر باربار
۲۵۷ ایسے کچھ سوئے؛ کہ پھر جاگے نہیں ہیں اب تلک — ایسے کچھ بھولے؛ کہ پھر نسیاں ہوا گردن کا ہار
۲۵۸ اس کے آتے آتے دِیں کا ہوگیا قِصّہ تمام — کیا وہ تب آئیگا؛ جب دیکھے گا اس دِیں کا مزار
۲۵۹ اے خدا! تیرے لئے ہر ذرّہ ہو میرا فِدا — مجھ کو دِکھلا دے بہارِ دِیں؛ کہ مَیں ہوں اشکبار
۲۶۰ ایک فرقاں ہے جو شک اور ریب سے وہ پاک ہے — بعد اسکے ظنِّ غالب کو ہیں کرتے اختیار
۲۶۱ افتراء لعنت ہے؛ اور ہر مفتری ملعون ہے — پھر لعیں وہ بھی ہے؛ جو صادِق سے رکھتا ہے نقار
۲۶۲ ان نشانوں کو ذرا سوچو! کہ کس کے کام ہیں — کیا ضرورت ہے کہ دکھلاؤ غضب دیوانہ وار
۲۶۳ ایسی سرعت سے یہ شہرت ناگہاں سالوں کے بعد — کیا نہیں ثابت یہ کرتی صدقِ قولِ کِردِگار
۲۶۴ اے خدا! شیطاں پہ مجھ کو فتح دے رحمت کے ساتھ — وہ اکٹھی کر رہا ہے اپنی فوجیں بے شمار
۲۶۵ اک طرف طاعونِ خونی کھا رہا ہے ملک کو — ہو رہے ہیں صَد ہزاراں آدمی اس کا شکار
۲۶۶ ایک ہی دم میں ہزاروں اس جہاں سے چل دیئے — جس قدر گھر گر گئے ان کا کروں کیونکر شمار
۲۶۷ اس نشاں کو دیکھ کر پھر بھی نہیں ہیں نرم دل — پس خدا جانے؛ کہ اب کس حشر کا ہے انتظار
۲۶۸ آسماں پر شور ہے؛ پر کچھ نہیں تم کو خبر — دن تو روشن تھا؛ مگر ہے بڑھ گئی گَرد و غبار
۲۶۹ اک نشاں ہے آنے والا؛ آج سے کچھ دن کے بعد — جس سے گردش کھائیں گے دیہات وشہر اور مرغزار
۲۷۰ آئے گا قہرِ خدا سے خَلق پر اک انقلاب — اک برہنہ سے نہ یہ ہوگا؛ کہ تا باندھے اِزار
۲۷۱ اک جھپک میں یہ زمیں ہو جائے گی زیروزبر — نالیاں خوں کی چلیں گی؛ جیسے آبِ رودِ بار
۲۷۲ اک نمونہ قہر کا ہوگا وہ ربّانی نشاں — آسماں حملے کرے گا کھینچ کر اپنی کٹار
۲۷۳ اس جائے پُر عذاب سے کیوں دل لگاتے ہو — دوزخ ہے یہ مقام؛ یہ بستاں سرا نہیں
۲۷۴ انبیاء سے بغض بھی اے غافلو! اچھا نہیں — دُور تر ہٹ جاؤ اس سے؛ ہے یہ شیروں کی کچھار
۲۷۵ آسماں پر ان دِنوں قہرِ خدا کا جوش ہے — کیا نہیں تم میں سے کوئی بھی رشید و ہونہار

۲۷۶ اس نشاں کے بعد ایماں قابلِ عزت نہیں
ایسا جامہ ہے کہ نوپوشوں کا جیسے ہو اتار

۲۷۷ اس میں کیا خوبی؛ کہ پڑ کر آگ میں پھر صاف ہو
خوش نصیبی ہو؛ اگر اب سے کرو دل کی سنوار

۲۷۸ اب تو نرمی کے گئے دن اب خدائے خشمگیں
کام وہ دکھلائے گا؛ جیسے ہتھوڑے سے لوہار

۲۷۹ اس گھڑی شیطاں بھی ہوگا سجدہ کرنے کو کھڑا
دل میں یہ رکھ کر؛ کہ حکمِ سجدہ ہو پھر ایک بار

۲۸۰ اک کرشمہ سے دکھا اپنی وہ عظمت اے قدیر!
جس سے دیکھے تیرے چہرے کو ہر اِک غفلت شِعار

۲۸۱ ایسے مغروروں کی کثرت نے کیا دِیں کو تباہ
ہے یہی غم میرے دل میں؛ جس سے ہوں میں دِلفگار

۲۸۲ ارے لوگو! کرو کچھ پاس شانِ کبریائی کا
زباں کو تھام لو اب بھی اگر کچھ بوئے ایماں ہے

۲۸۳ اگر اقرار ہے تم کو خدا کی ذاتِ واحد کا
تو پھر کیوں اِسقدر دل میں تمہارے شِرک پنہاں ہے

۲۸۴ اس خرابہ میں کیوں لگاؤ دل
ہاتھ سے اپنے کیوں جلاؤ دل

۲۸۵ اس قدر کیوں ہے کِین و استکبار
کیوں خدا یاد سے گیا یک بار

۲۸۶ اے عزیزو! سنو کہ بے قرآں
حق کو ملتا نہیں کبھی انساں

۲۸۷ اس کے اوصاف کیا کروں میں بیاں
وہ تو دیتا ہے جاں کو اور اک جاں

۲۸۸ اس کے منکر جو بات کہتے ہیں
یوں یہ اک واہیات کہتے ہیں

۲۸۹ آنکھ پھوٹی تو خیر کان سہی
نہ سہی؛ یوں ہی امتحان سہی

۲۹۰ اس بہارِحسن کا دل میں ہمارے جوش ہے
مت کرو کچھ ذکر ہم سے ترک یا تاتار کا

۲۹۱ آنکھ کے اندھوں کو حائل ہوگئے سوسوحجاب
ورنہ تھا قِبلہ ترا رخ کافر و دِیندار کا

۲۹۲ ایک دَم بھی کل نہیں پڑتی مجھے تیرے سِوا
جاں گھٹی جاتی ہے؛ جیسے دِل گھٹے بیمار کا

۲۹۳ ان کے طریق و دھرم میں گو لاکھ ہو فساد
کیسا ہی ہو عیاں؛ کہ وہ ہے جھوٹ اعتقاد

۲۹۴ اے غافلاں وفا نہ کند اِیں سرائے خام
دنیائے دوں نماند و نماند بہ کَس مدام

۲۹۵ ان کو سودا ہوا ہے ویدوں کا
ان کا دل مبتلا ہے ویدوں کا

۲۹۶ آریو! اس قدر کرو کیوں جوش
کیا نظر آگیا ہے ویدوں کا

۲۹۷ ایسے مذہب کبھی نہیں چلتے
کال سر پر کھڑا ہے ویدوں کا

۲۹۸ ابنِ مریم مرگیا؛ حق کی قَسَم — داخلِ جنّت ہوا وہ محترم

۲۹۹ اے عزیزو! سوچ کر دیکھو ذرا — موت سے بچتا کوئی دیکھا بھلا!

۳۰۰ اسی فکر میں رہتے ہیں روز و شب — کہ راضی وہ دِلدار ہوتا ہے کب!

۳۰۱ اسے دے چکے مال و جاں بار بار — ابھی خوف دل میں کہ ہیں نابکار

۳۰۲ اک کرشمہ اپنی قدرت کا دکھا — تجھ کو سب قدرت ہے اے ربّ الوریٰ

۳۰۳ اور دِینوں کو جو دیکھا؛ تو کہیں نور نہ تھا — کوئی دکھلائے؛ اگر حق کو چھپایا ہم نے

۳۰۴ آزمائش کیلئے کوئی نہ آیا ہرچند — ہر مخالف کو مقابل پہ بلایا ہم نے

۳۰۵ آج ان نوروں کا اک زور ہے اس عاجز میں — دل کو ان نوروں کا ہر رنگ دلایا ہم نے

۳۰۶ اس سے بہتر نظر آیا نہ کوئی عالَم میں — لاجَرَم غیروں سے دل اپنا چھڑایا ہم نے

۳۰۷ آدمی زاد تو کیا چیز؛ فرشتے بھی تمام — مدح میں تیری وہ گاتے ہیں؛ جو گایا ہم نے

۳۰۸ اسی پر وہ آیات ہیں بیّنات — کہ جن سے ملے جاوِدانی حیات

۳۰۹ اسی سے وہ سب رازِ حق پاگیا — اسی سے وہ حق کی طرف آگیا

۳۱۰ اسی نے بَلا سے بچایا اسے — ہر اِک بَدگہر سے چھڑایا اسے

۳۱۱ ادھر آئیں! دیکھیں یہ تصویر ہے — یہی پاک چولہ جہانگیر ہے

۳۱۲ اسے سر پہ رکھتے تھے اہلِ صفا — تذلّل سے؛ جب پیش آتی بلا

۳۱۳ اسے چوم کر کرتے رو رو دعا — تو ہو جاتا تھا فضلِ قادر خدا

۳۱۴ اسی کا تو تھا معجزانہ اثر — کہ نانک بچا جس سے وقتِ خطر

۳۱۵ ابھی عمر سے تھوڑے گذرے تھے سال — کہ دل میں پڑا اس کے دِیں کا خیال

۳۱۶ اسی جستجو میں وہ رہتا مدام — کہ کس راہ سے سچ کو پاوے تمام

۳۱۷ اسے ویؔد کی رَہ نہ آئی پسند — کہ دیکھا بہت اِس کی باتوں میں گند

۳۱۸ اے مِرے پیارے! مجھے اس سَیلِ غم سے کر رہا — ورنہ ہو جائیگی جاں اس درد سے تجھ پر نثار

۳۱۹ اگر دل میں تمہارے شَر نہیں ہے — تو پھر کیوں ظنِّ بد سے ڈر نہیں ہے

۳۲۰ اگر عشّاق کا ہو پاک دامن — یقیں سمجھو؛ کہ ہے تریاق دامن

۳۲۱ اس غرض سے؛ کہ زندہ یہ ہوویں — ہم نے مرنا بھی دل میں ٹھہرایا

۳۲۲ اگر وہ جاں کو طلب کرتے ہیں؛ تو جاں ہی سہی — بلا سے کچھ تو نپٹ جائے فیصلہ دل کا

۳۲۳ اَز بس؛ کہ یہ مغفرت کی بتلاتی ہے راہ — تاریخ بھی یـــا غــفــور نکلی وہ؛ واہ!

۳۲۴ اے فِدا ہوں، تیری رَہ میں؛ میرا جسم وجان ودِل — مَیں نہیں پاتا؛ کہ تجھ سا کوئی کرتا ہو پیار

۳۲۵ اس سے خدا کا چہرہ نمودار ہوگیا — شیطاں کا مکر و وَسوَسہ؛ بے کار ہوگیا

۳۲۶ اُس نے ہر ایک کو وہی رَستہ دِکھا دیا — جتنے شکوک و شُبہ تھے؛ سب کو مٹادیا

## دُرِّ عدن

۳۲۷ اے جنوں! دیوانہ ہوکر ہوش آیا ہے مجھے — مَیں تیرے قربان! تُو نے یہ تو احساں کردِیا

۳۲۸ افضل ہمارے حکم کو تم جانتی رہیں — دنیا و دِیں میں تم کو فضیلت نصیب ہو

۳۲۹ اُسوۂ پاک خُلقِ ربّانی — منتہائے کمالِ انسانی
صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد

۳۳۰ آدمی میں نہ آدمیت تھی — اس کو انساں بنا دیا تُو نے

۳۳۱ اس سے بڑھ کر ہزار شان میں ہے — جس نبی کا مثیل ہے احمد

۳۳۲ السّلام! اے نبی والا شان — والصّلوٰۃ! اے موسسِ ایمان

۳۳۳ اے سراجِ منیر تُو آیا — ساری دنیا میں نور پھیلایا

۳۳۴ السّلام! اے ہادیٔ راہِ ہُدیٰ جانِ جہاں — والصّلوٰۃ! اے خیرِ مطلق؛ اے شہِ کون ومکاں

۳۳۵ آپ چل کر تُو نے دکھلا دی رَہِ وصلِ حبیب — تُو نے بتلایا؛ کہ یوں ملتا ہے یارِ بے نشاں

۳۳۶ ایک ہی زینہ ہے اب بامِ مرادِ وَصل کا — بے مِلے تیرے ملے ممکن نہیں وہ دل ستاں

۳۳۷ الا دلا! کہ نہ شنوی صدائے احمد را — کہ تو ہنوز نہ دیدی ضیائے احمد را

۳۳۸ اسباق محبت کے زمانے کو پڑھائے — خود ہوگئے وہ نخلِ ثمر بارِ محبت

۳۳۹ اے شاہِ زماں خالقِ انوارِ محبت — اے جانِ جہاں رونقِ گلزارِ محبت

۳۴۰ ایک پر ایک گِرا پڑتا ہے اللہ رے شوق — خوف ہے؛ اوروں سے پیچھے نہ رہ جاؤں کہیں
۳۴۱ اے محبت! کیا اثر تو نے نمایاں کر دیا — زخم و مرہم کو رَہِ جاناں میں یکساں کر دیا
۳۴۲ آ گِرا جو آگ میں تیری؛ وہ بھُن کر رہ گیا — جانتے تھے جو نہ رونا؛ ان کو گریاں کر دیا
۳۴۳ اِک نورِ خاص مِرے دل و جاں کو بخش دو — مِرے گُناہِ ظاہر و پنہاں کو بخش دو
۳۴۴ الٰہی! فضل سے دل شاد کر دے — بِنائے رنج و غم برباد کر دے
۳۴۵ الٰہی! کس دُلہن کی پالکی ہے — ملائک جس کو آئے ہیں اُٹھانے
۳۴۶ اقبال تاجِ سَر ہو تِرے سَر کے تاج کا — اس کو خدا و خَلق کی خدمت نصیب ہو
۳۴۷ ایسی تمہارے گھر کے چراغوں کی ہو ضیاء — عالَم کو جن سے نورِ ہدایت نصیب ہو
۳۴۸ اسی سے منور ہو سینہ تمہارا — کرے دل میں گھر نورِ قرآن طیب
۳۴۹ الٰہی! یہی نور چھا جائے اتنا — کہ بن جائے شمعِ شبستان طیّب
۳۵۰ اسی راستہ پر چلو میری پیاری! — یہی راہ ہے سب میں آسان طیّب
۳۵۱ اے مجیب الدعاء سمیع و بصیر — قادر و مقتدر علیم و خبیر
۳۵۲ اے وَدود و رؤف ربِّ رحیم — اے غفور! اے میرے عفو و حلیم
۳۵۳ اپنے نامِ کریم کا صدقہ — اپنے فضل عظیم کا صدقہ
۳۵۴ اے محسن ومحبوب خدا! اے میرے پیارے — اے قوتِ جاں! اے دلِ محزوں کے سہارے
۳۵۵ اے شاہِ جہاں! نورِ زماں خالق و باری — ہر نعمتِ کونین تِرے نام پہ واری
۳۵۶ اِک روٹھنے والی کی امانت تھی میرے پاس — اب لختِ دل خستہ جگر تیرے حوالے
۳۵۷ اس گھر میں پلی؛ بڑھ کے جواں ہو کے چلی میں — پیارے! تیرے محبوب کا گھر تیرے حوالے
۳۵۸ آسماں شاہد ہے؛ ہاں! اب تک زمیں کو یاد ہے — کانپ جانا نعرۂ تکبیر سے کفار کا
۳۵۹ ابرِ رحمت ہو کے جب سارے جہاں پر چھا چکے — کہہ دیا شیطاں نے ہنس کر زور تھا تلوار کا
۳۶۰ اسی زباں سے اسی وقت گند بک بک کر — خدا کا نام نہ لو ظالمو! خدا کیلئے
۳۶۱ اتنا نہ کھینچ کہ رشتۂ اُمید ٹوٹ جائے — بگڑے نہ جس سے بات؛ وہی بات چاہیئے

۳۶۲ اپنی ستاری کا صدقہ؛ میرے ستار العیوب — حوضِ کوثر میں ڈبو دے نامۂ اعمال کو

۳۶۳ آگیا آخر؛ خدا کے فضل سے — دن گِنا کرتے تھے؛ جس دن کیلئے

۳۶۴ آج جو تلخ ہے؛ بے شک وہی کل شیریں ہے — سچ کسی نے ہے کہا؛ صبر کا پھل شیریں ہے

۳۶۵ اِک جوانِ منحنی اُٹھا بعزم استوار — اشکبار آنکھیں لبوں پر عہدِ راسخ دل نشیں

۳۶۶ ایسی باتیں؛ جن سے پھٹ جاتا ہے پتھر کا جگر — صبر سے سنتا رہا؛ ماتھے پہ بل آیا نہیں

۳۶۷ ارضِ ربوہ جس کی شاہد ہے؛ وہ معمولی نہ تھا — خونِ فخر المرسلیں تھا شیر اُمّ المومنیں

۳۶۸ آج فرزندِ مسیحائے زماں بیمار ہے — دعویٰ دارانِ محبت سو رہے جا کر کہیں

۳۶۹ آگاہ ہو تم پہلے اسلام کی سنت سے — دیتی ہوں دعا خالد پھر صدق و محبت سے

۳۷۰ اللہ پہ بھروسہ ہو؛ اور پاک ارادے ہوں — اعمال کی پرسش ہے؛ انسان کی نیت سے

۳۷۱ اور کرشمہ قادر باری! قدرت کا دِکھلاوے — بنے بنائے ٹوٹ چکے؛ اب ٹوٹے کام بناوے

۳۷۲ الٰہی! مشکلیں آسان کردے — الٰہی! فضل کے سامان کر دے

۳۷۳ ان کے آتے ہی مِرے غنچۂ دل کا کھِلنا — اس خزاں کا مِری صَد فصلِ بہاراں ہونا

۳۷۴ اپنی رحمت سے الٰہی! جلد دے نعم البدل — یہ دلِ فرقت زدہ بے چین پھر پا جائیں کل

۳۷۵ اسی کوشش میں ساری عمر گذری — پھلے پھولے گلستانِ محمدؐ

۳۷۶ الٰہی! ہمیں رنج و غم سے چھڑا دے — خوشی کی خبر ہم کو جلدی سنا دے

۳۷۷ اندھیرا مٹے؛ روشنی پھیل جائے — اب اک اور عالَم کو پھیرا دکھا دے

۳۷۸ اب تو بیٹھے ہیں گوش بَر آواز — چاہے جس وقت یار بلوائے

۳۷۹ آنکھیں تو کھول، سر تو اٹھا؛ دیکھ تو ادھر — قصرِ مراد کے کلس آتے ہیں وہ نظر

۳۸۰ آگئی تھی چند روزہ سیر کو — پر اسے بھائی نہیں دنیائے زشت

۳۸۱ اطاعت کروں؛ دُور ہوں یا قریب — کہیں سب مجھے بادب بانصیب

۳۸۲ اسلام پر یہ سخت مصیبت کا وقت ہے — کچھ اس میں شک نہیں؛ کہ قیامت کا وقت ہے

۳۸۳ آفت میں گھرا ہے؛ یہ آفت کا وقت ہے — مسلم قدم بڑھا! کہ یہ ہمت کا وقت ہے

۳۸۴ اوروں سے ہوا تھا وہ ہم سے ہوا نہیں	ہم سوگئے تو ہم کو جگایا گیا نہیں

۳۸۵ اوروں کے واسطے تیری سنت ہی اور تھی	ان پر نظر ہی اور تھی؛ شفقت ہی اور تھی

۳۸۶ آیا ہے کون کفر کی تردید کیلئے	بھیجا ہے کس کو دِین کی تجدید کیلئے

۳۸۷ اور اس سے بڑھ کے حال تو اُمت کا ہوگا کیا	وعدہ جو تھا حبیب سے؛ وہ کیجئے وفا

۳۸۸ احسن سمجھ رہے ہیں ہر امرِ قبیح کو	وقت آچکا ہے دیر سے بھیجو مسیح کو

۳۸۹ آقا جو بے رُخی تیری جانب سے پاتے ہیں	ہنستے ہیں غیر اب ہمیں دشمن بناتے ہیں

۳۹۰ اب تاب صبر کی ہمیں بالکل رہی نہیں	آفت وہ کونسی ہے؛ جو ہم نے سہی نہیں

۳۹۱ آج ہر ذرہ؛ سرِ طور نظر آتا ہے	جس طرف دیکھو؛ وہی نُور نظر آتا ہے

۳۹۲ آج ہر ایک ہے مشتاق؛ لقائے شیدی	گھر میں بیٹھا کوئی رِہ جائے؛ یہ ممکن ہی نہیں

۳۹۳ ابرِ رحمت ہر طرف چھائے؛ چلے بادِ کرم	بارشِ اَنوار سے پُر ہو؛ فِضائے قادیاں

۳۹۴ اس صاحبِ آزار کی راحت ہے اسی میں	بَن جائے ہراِک زخم؛ نمک خوارِ محبت

۳۹۵ اس گلِ رعنا کو جب گلزار میں پاتی نہیں	ڈھونڈنے جاتی ہے تب بادِ صبائے قادیاں

۳۹۶ آئیں منصور و مظفر؛ کامیاب و کامراں	قصرِ تثلیثی پہ گاڑ آئیں؛ لوائے قادیاں

۳۹۷ اربابِ محبت پہ یہ کیوں طعنہ ظنی ہے	اے بے خبرِ لذّتِ آزارِ محبت

۳۹۸ اُڑکر کہاں کہاں نہ گیا طائرِ خیال	شاعر کو اپنے زورِ طبیعت پہ ناز ہے

## کلامِ طاھر

۳۹۹ اُس سے کہا؛ مَیں تھک گیا ہوں آنے جانے میں	بھائی ہیں میرے منتظر؛ اندر زنانے میں

۴۰۰ اِک ساعتِ نورانی؛ خورشید سے روشن تر	پہلو میں لئے جلوے؛ بے حدّ و شمار آئی

۴۰۱ اِبلیس ہوا غارت؛ چوپٹ ہوا کام اس کا	توحید کی یورش نے دَر چھوڑا نہ بام اس کا

۴۰۲ آیا وہ غنی جس کو جو اپنی دعا پہنچی	ہم دَر کے فقیروں کے بھی بخت سنوار آئی

۴۰۳ اے چشمِ خزاں دیدہ! کھُل کھُل؛ کہ سماں بدلا	اے فطرتِ خوابیدہ! اُٹھ اُٹھ؛ کہ بہار آئی

۴۰۴ اللہ کے آئینہ خانے سے شریعت کی	نکلی وہ دُلہن؛ کر کے جو سولہ سنگار آئی

۴۰۵ اُترا وہ خدا کوہِ فارانِ محمدؐ پر
موسیٰؑ کو نہ تھی جس کے دیدار کی یارائی

۴۰۶ اِس دور کا یہ ساقی؛ گھر سے تو نہ کچھ لایا
مے خانہ اسی کا تھا؛ مے اس کی تھی، جام اس کا

۴۰۷ اِک مَیں بھی تو ہوں یاربّ! صیدِ تہِ دام اس کا
دل گاتا ہے گُن اس کے؛ لَب جپتے ہیں نام اس کا

۴۰۸ آنکھوں کو بھی دکھلا دے؛ آنا لبِ بام اس کا
کانوں میں بھی رَس گھولے؛ ہر گام خِرام اس کا

۴۰۹ اُس بام سے نور اُترے؛ نغمات میں ڈھل ڈھل کر
نغموں سے اُٹھے خوشبو؛ ہوجائے سُرُود عنبر

۴۱۰ اے میرے والے مصطفیٰؐ! اے سیّدالوریٰ
اے کاش ہمیں سمجھتے نہ ظالم؛ جُدا جُدا

۴۱۱ اے وہ؛ کہ مجھ سے رکھتا ہے پَرخاش کا خیال
"اے آں کہ سوئے من بِدَوِیدی بَصَد تبَر"

۴۱۲ از باغباں بِتَرس کہ من شاخِ مثمرم

**بعد از خدا بعشقِ محمد مخمرم**
**گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم**

۴۱۳ آزاد تیرا فیض زمانے کی قید سے
برسے ہے شرق و غرب پہ یکساں ترا کرم

۴۱۴ اے کاش! مجھ میں قوتِ پرواز ہو؛ تو مَیں
اُڑتا ہوا بڑھوں تِری جانب سوئے حرم

۴۱۵ آپ کے جلوۂ حسن کے آگے شرم سے نوروں والے بھاگے
مہرو ماہ نے توڑ دیا دَم صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۴۱۶ اِک جلوے میں آناً فاناً؛ بھر دیا عالَم، کر دیئے روشن
اُتر دکھن، پورب پچھّم صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۴۱۷ اَوّل و آخر؛ شارع و خاتَم
**صلّی اللّٰہ علیہ وسلم**

۴۱۸ اِک برسات کرم کی پیہم
**صلّی اللّٰہ علیہ وسلم**

۴۱۹ اس کے فیضِ نگاہ سے وحشی بن گئے حِلم سکھانے والے
مُعطی بن گئے شہرۂ عالَم اس عالی دربار کے سائل

۴۲۰ اس کا ظہور، ظہور خدا کا؛ دکھلایا یوں نور خدا کا
بتکدہ ہائے لات ومنات پہ طاری کر دیا عالَم ہُو کا

۴۲۱ آنکھ اپنی ہی تِرے عشق میں ٹپکاتی ہے
وہ لہو؛ جس کا کوئی مول نہیں آج کی رات

۴۲۲ آہوں کا تھا بُلاوا؛ پھولوں کی انجمن کو
اور کھینچ لائے نالے مُرغانِ خوش لحن کو

۴۲۳ اُٹھو کہ ساعت آئی؛ اور وقت جا رہا ہے
پِسرِ مسیح دیکھو؛ کب سے جگا رہا ہے

۴۲۴ اِک باغباں کی یاد میں سَرو و سَمن اُداس
اہلِ چمن فسُردہ ہیں؛ گلشن اُداس ہے

۴۲۵ آزُردہ گل بہت ہیں؛ کہ کانٹے ہیں شادکام
بَرقِ تپاں نِہال؛ کہ خِرمَن اُداس ہے

۴۲۶ آنکھوں سے جو لگی ہے جھڑی تھم نہیں رہی
آ کر ٹھہر گیا ہے جو ساون اُداس ہے

۴۲۷ اے مجھے اپنا پرستار بنانے والے!
جوت اِک پریت کی ہِردے میں جگانے والے!

۴۲۸ اے محبت کے اَمر دِیپ جلانے والے!
پیار کرنے کی مجھے رِیت سکھانے والے!

۴۲۹ اِس طرف بھی ہو کبھی کاشفِ اَسرار نگاہ
ہم بھی ہیں ایک تمنّا کے چھُپانے والے

۴۳۰ اے مِرے درد کو سینے میں بَسانے والے!
اپنی پلکوں پہ مِرے اَشک سَجانے والے!

۴۳۱ آہیں تھیں؛ کہ تھیں ذِکر کی گھنگھور گھٹائیں
نالے تھے؛ کہ تھے سیلِ رواں؛ حمد و ثنا کے

۴۳۲ اُکسانے کی خاطر تیری غیرت تیرے بندے
کیا تجھ سے دُعا مانگیں سِتم گر کو سُنا کے

۴۳۳ اِتنا تو کریں اُن کو بھی جا کر کبھی دیکھیں
ایک ایک کو اپنا کہیں؛ سینے سے لگا کے

۴۳۴ اے شاہِ مکّی و مدنی! سید الوریٰ
تجھ سا مجھے عزیز نہیں؛ کوئی دوسرا

۴۳۵ اک رات مفاسد کی وہ تیرہ و تار آئی
جو نور کی ہر مشعل؛ ظُلمات پہ وار آئی

۴۳۶ اُف یہ تنہائی تیری اُلفت کے مِٹ جانے کے بعد
تیری فُرقت میں تو اتنا رنجِ تنہائی نہ تھا

۴۳۷ ایسے طائر بھی ہیں جو کہ خود؛
اپنے ہی آشیانے کے تنکوں میں محصور ہیں
ان کی بگڑی بنا میرے مشکل کشا!
چارہ کر کچھ غمِ بے کساں کیلئے

۴۳۸ آگے بڑھ کر قدم تو لو؛ دیکھو
عہدِ نو ہے تمھارے نام؛ چلو

۴۳۹ اِک پیسہ پیسہ جوڑ کر بھائیوں نے شوق سے
سوچا تھا یہ؛ کہ سُوجی کا حلوہ بنائیں گے

۴۴۰ آداب محبت کے غلاموں کو سِکھا کے
کیا چھوڑ دیا کرتے ہیں دِیوانہ بنا کے؟

۴۴۱ اِس بار جب آپ آئیں؛ تو پھر جا کے تو دیکھیں
کر گزروں گا کچھ؛ اب کے ذرا دیکھیں تو جا کے

۴۴۲ الگ نہیں کوئی ذات میری؛ تمھیں تو ہو کائنات میری
تمہاری یادوں سے ہی مُعنوَن ہے زیست کا انصرام کہنا

۴۴۳ اے میرے سانسوں میں بسنے والو؛
بھلا جُدا کب ہوئے تھے مجھ سے
خدا نے باندھا ہے جو تعلق؛
رہے گا قائم مدام کہنا

۴۴۴ اُنکی چاہت میرا مدعا بن گیا؛
میرا پیار اُن کی خاطر دعا بن گیا
بالیقیں اُنکا ساتھی خدا بن گیا؛
وہ بنائے گئے آسماں کیلئے

۴۴۵ اُلٹی پڑ گئیں سب تدبیریں؛ کچھ نہ دَغا نے کام کیا
دیکھا اِس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

۴۴۶ آخر شیرِ خدا نے بپھر کر ہر بَن باسی کو للکارا
کوئی مُبارز ہو تو نکلے؛ ہے تو کوئی مُباہل آئے

۴۴۷ آخر طاہر سچا نکلا؛ آخر مُلّاں نکلا جھوٹا
**جا الحق وزھق الباطل؛**
**ان الباطل کان زھوقا**

۴۴۸ اے آڑے وقتوں کے سہارے سبحان اللہ یہ نظارے
اِک دشمن کو زندہ کر کے؛ مار دیئے ہیں دشمن سارے

۴۴۹ اپنا منہ ہی کر لیا گندا؛ پاگل نے جب چاند پہ تھوکا
**جا الحق وزھق الباطل؛**
**ان الباطل کان زھوقا**

۴۵۰ آ بیٹھ مسافر پاس ذرا؛ مجھے قصۂ اہلِ درد سُنا
اُن اہلِ وفا کی بات بتا؛ ہیں جن سے خفا سکانِ وطن
اور اُن کی جان کے دشمن ہیں؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
۴۵۱ جو دیوانے ہیں، جانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن
اِن مجبوروں کا حال بھلا؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
۴۵۲ کیا جانیں تَن آسانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن
آنکھوں میں رقمِ شِکووں کی کَتھا؛
کیا میرے نام یہی ہیں بتا؛
۴۵۳ آہوں میں بُجھے نالوں کی صدا
جو تُو سَندیسے لایا ہے؟
اِک ہم ہی نہیں چھِنتے چھِنتے؛
رفتہ رفتہ، آزادی سے؛
۴۵۴ جن کے سب حق معدوم ہوئے
سب اہلِ وطن محروم ہوئے

۴۵۵ آزاد کہاں وہ مُلک جہاں قابض ہو سیاست پر مُلّا
جو شاہ بنے، بے تاج بنے؛ جو حاکم تھے، محکوم ہوئے
اور گھر کے مالک ہی بَن بیٹھے؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
۴۵۶ با وَردی دَربانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۴۵۷ آنکھ ہے میری کہ اَشکوں کی ہے اِک راہگُذار
دِل ہے یا ہے کوئی مہمان سرائے غم و حزن

۴۵۸ اوٹ سے تیرگیٔ یاس کی جب وقتِ سحر
کِرن امّید کی پھوٹے گی چلا جائے گا

۴۵۹ اس کے دامن سے ہے وابستہ کُل عالَم کی نجات
بے سہاروں کا ہے اب ملجا و ماویٰ وہی ایک

۴۶۰ اگر ہے ضِد کہ نہ مانو گے؛ پَر نہ مانو گے
تو ہو سکے جو کرو؛ باربار کر دیکھو

۴۶۱ اُتر رہی ہیں فلک سے گواہیاں؛ روکو
وہ غُل غَپاڑہ کرو؛ حال زار کر دیکھو

۴۶۲ اِک دن تیرے مَقتل میں بَہے گا دَمِ جلّاد
اے بوسنیا! بوسنیا! بوسنیا زندہ باد

۴۶۳ اے وائے! وہ سَر؛ جن کی اُتاری گئی چادر
پابَستہ پِدَر اور پِسَر؛ جن کے برابر

۴۶۴ اللہ کی رحمت سے سب ہو جائیں گے دِلشاد
اے بوسنیا! بوسنیا! بوسنیا زندہ باد

۴۶۵ اُترے گا خدا جب تِری تقدیر بنانے
مِٹ جائیں گے؛ نکلے جو تِرا نام مِٹانے

۴۶۶ آوَ سجنو! مِل بیئے؛ تے گل اُس یار دی چلّیے
ٹُر دے جیدے دانے مُک گئے گل پَرسوں دی گل اے

۴۶۷ اُتلے یار نے جَد صَد ماری؛ پَن سُٹّی دنیا دی یاری
عَرشاں تائیں لائی تاری؛ مار اُڈاری گلّیے

۴۶۸ ایم۔ٹی۔اے دی خاطر گبھرو چار چفیرے پَو نیا
مخلص مُنڈے کُڑیاں لَبھ کے چونویں چونویں وَتّے

۴۶۹ اونوں کیویں دَسّاں کہ مَیں تیتھوں رَج سُکھ پائیا
شاوا سوہنے یار مبشّر! واہ واہ! بَلّے بَلّے!

۴۷۰ اُسے ڈھونڈتی ہیں گلی گلی میری خلوَتوں کی اُداسیاں
وہ ملے تو بس یہ کہوں؛ کہ آمِر اموِلیٰ تیرا بھلا کرے

۴۷۱ اِک برگد کی چھاؤں کے نیچے؛
کیسے کچھ عرضِ مدّعا کرتا؛
اک مسافر پڑا تھا غم سے چُور
اپنی حاجات کا بھی تھا نہ شعور

۴۷۲ اسے ڈبو کے کوئی اور اُچھال کام کا چاند
تُو یہ کرے تو کبھی تجھ پہ پھر زوال نہ ہو

۴۷۳ اذانیں دے کے دُکھاوٗ نہ دل خدا کیلئے
درود پڑھ کے ستاوٗ نہ مصطفیٰ ﷺ کیلئے

۴۷۴ احمدیوں نے جب بھی درود پڑھا ہوگا
دل میں اور کسی کا نام لیا ہوگا

۴۷۵ اس نام کے جپنے سے قرآن کا ہوتا ہے اِدراک مجھے
یہ سُندر نام ہونٹوں سے دل تک کر دیتا ہے پاک مجھے
اللہ کے بہت پیارے؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۴۷۶ اس نام کے دِیپ جلاتا ہوں تو چاند ستارے دیکھتا ہوں
سینے سے عرش تک اُٹھتے ہوئے نوروں کے دھارے دیکھتا ہوں
مِرے نورِ مجسم، صلّی اللّٰہ؛ مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۴۷۷ اس نام کے پَلّو پکڑے پکڑے اس دنیا تک جاؤں گا
اس کے قدموں کی خاک تلے میں اپنی جنت پاؤں گا
ہردَم نذرالاسلام؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۴۷۸ آہ و بقا پہ پہرے ہیں دل میں فغاں ہے بند
اے رات! آ بھی جا! کہ رِہا ہوں طیورِ شب

۴۷۹ اِمشب نہ تُو نے چہرہ دکھایا تو کیا عجب
صبح کا منہ نہ دیکھے دلِ ناصبورِ شب

۴۸۰ اس لمحہ تیرے رشک سے شبنم تھی آب آب
مٹی میں مل رہا تھا پگھل کر غرورِ شب

۴۸۱ اُمّی کی پہنچتی رہیں طوبیٰ کو دعائیں
ابا کی رہو جان؛ خدا حافظ و ناصر

۴۸۲ اے قوم! تیرا حافظ ہو خدا؛ ٹالے سر سے ہر ایک بَلا
تا حدِّ نظر سیلِ عصیاں؛ ہر سمت کنارے ڈوب گئے

۴۸۳ اُس رحمتِ عالَم ابرِ کرم کے یہ کیسے متوالے ہیں
وہ آگ بجھانے آیا تھا؛ یہ آگ لگانے والے ہیں

۴۸۴ اِک روز تمہارے سینوں پر بھی وقت چلائے گا آرا
ٹوٹیں گے مان تکبر کے؛ بکھریں گے بدن پارہ پارہ

۴۸۵ اِک آنسوؤں کو چرنوں پہ گرنے کا اِذن ہو
آنکھوں میں جو رہے ہیں مچل؛ آپ کیلئے

۴۸۶ آجایئے! کہ سکھیاں یہ مِل مِل کے گائیں گیت
موسم گئے ہیں کتنے بدل؛ آپ کیلئے

۴۸۷ اب حسرتیں بسی ہیں وہاں؛ آرزوؤں نے
خوابوں میں جو بنائے محل؛ آپ کیلئے

۴۸۸ اُحُد اور مکّہ اور طائف: انہی راہوں پہ ملتے ہیں
انہی پر شِعبِ بُو طالب بے آب و دانہ آتا ہے

۴۸۹ اُسے عشق و وَفا کے جرم میں سنگسار کرتے ہیں
تو ہر پتھر دمِ تسبیح دانہ دانہ آتا ہے

۴۹۰ اُسے رُک رُک کے بھی تسکینِ جسم و جاں نہیں ملتی
ہمیں مثلِ صبا چلتے ہوئے سستانا آتا ہے

۴۹۱ آنکھ میں پھانس کی طرح ہجر کی شب اٹک گئی
اے مِرے آفتاب آ۔ رات ٹلے تو کل پڑے

۴۹۲ اے دشمنِ دِیں ترا رزق؛
فقط تکذیب کے تھوہر کا پھل ہے
شیطاں نے تجھے صحراؤں میں؛
اِک باغِ سبز دکھایا ہے

۴۹۳ اُن کو شکوہ ہے؛ کہ ہجر میں کیوں تڑپایا ساری رات
جن کی خاطر رات لُٹا دی؛ چین نہ پایا ساری رات

۴۹۴ اُن سے شکوہ کیسا؛ جن کی یاد نے بیٹھ کے پہلو میں
ساری رات آنکھوں میں کاٹی؛ درد بٹایا ساری رات

۴۹۵ اُن سے شکایت کس منہ سے ہو؛
جن کے ہوں احسان بہت
جن کی کُومل یاد نے دُکھتا دِل سہلایا ساری رات

۴۹۶ اوروں کے دکھ درد میں تو کیوں ناحق جان گنواتا ہے
تجھ کو کیا کوئی بے شک تڑپے ماں کا جایا ساری رات

۴۹۷ اب کس کو بھیج بلائیں گے کیسے سینے سے لگائیں گے
مَر کر بھی کوئی لوٹا ہے؛ سائے بھی کبھی ہاتھ آئے ہیں

۴۹۸ اب آپ کی باری ہے تڑپیں اب آپ ہمیں آوازیں دیں
سوتے میں ہنسیں روتے جاگیں کہ خواب مِلن کے آئے ہیں

۴۹۹ آجاتے ہو کرتے ہو مُلاقات شب و روز
یہ سلسلۂ ربطِ بہم صبح و مسا ہے

۵۰۰ اے تنگئ زنداں کے ستائے ہوئے مہماں
وا چشم ہے، دل باز؛ دَرِسینہ کھُلا ہے

۵۰۱ اَمر ہوئی ہے وہ تجھ سے محمدؐ عربی
ندائے عشق جو قولِ بلیٰ سے اُٹھی ہے

۵۰۲ اپنے دیس میں اپنی بستی میں؛ اِک اپنا بھی تو گھر تھا
جیسی سُندر تھی وہ بستی؛ ویسا وہ گھر بھی سُندر تھا

۵۰۳ اُس کی دھرتی تھی آکاشی؛ اس کی پَرجا تھی پَرکاشی
جس کی صدیاں تھیں مُتلاشی؛ گلی گلی کا وہ منظر تھا

۵۰۴ اُس کے سُروں کا چرچا جا جا دیس بدیس میں ڈنکا باجا
اُس بستی کا پیتم راجہ کرشن کنہیا مُرلی دھر تھا

۵۰۵ آشاؤں کی اُس بستی میں مَیں نے بھی فیض اُس کا پایا
مجھ پر بھی تھا اُس کا چھایا جس کا میں ادنیٰ چاکر تھا

۵۰۶ اتنے پیار سے کس نے دی تھی میرے دل کے کواڑ پہ دستک
رات گئے میرے گھر کون آیا؛ اُٹھ کر دیکھا تو ایشر تھا

۵۰۷ آخر دَم تک تجھ کو پکارا؛ آس نہ ٹوٹی دل نہ ہارا
مصلحِ عالَم باپ ہمارا؛ پیکرِ صبر و رَضا رہبر تھا

۵۰۸ آکے دیکھو تو سہی بزمِ جہاں میں کل تک
جو تمہارے ہُوا کرتے تھے؛ تمہارے ہیں وہی

۵۰۹ اُسی کا فیض تھا؛ ورنہ میری دعا کیا تھی
کہے سے اُس کے دکھاتا تھا میرا غم اعجاز

۵۱۰ اسی کی ہوگئیں تم اس کے امر ہی سے تمہیں
اَمر بنانے کا دِکھلا گئی عدم اعجاز

۵۱۱ اِک شعلہ سا لرزاں ہے؛ سرِ گورِ تمنّا
اِک غم جئے جاتا ہے؛ مزاروں کے سہارے

۵۱۲ آ بیٹھ مِرے پاس؛ مرا دَستِ تہی تھام
مَت چھوڑ کے جا درد کے ماروں کے سہارے

۵۱۳ اب اسے ڈھونڈنے جائے تو کہاں اردو کلاس
اسے اب دیکھے گی دل ہی میں نہاں اردو کلاس

۵۱۴ اب کبھی ہم سے ملو گے بھی؛ تو بس خوابوں میں
یہ کنول اب نہ کھِلیں گے کہیں تالابوں میں

۵۱۵ اے کہ تُو تحفۂ درد و ہَم و غم لایا ہے
دیر کے بعد بڑی دُور سے آنے والے!

۵۱۶ ابراھیم وقت کا سفیر؛ تھا جسے تسلّط آگ پر
وہ غلام، اُس کے دَر کا تھا؛ جس کی آگ تھی غلامِ دَر

۵۱۷ اُن کی سَرمدی قبور سے؛ آج بھی یہی ندا اُٹھے
کاش تیری مٹی سے مدام؛ جو اٹھے وہ پارسا اُٹھے

۵۱۸ اب بِتا کر عمر ہوش آئی تو یہ عقدہ کھلا
عشق ہی پاگل تھا ورنہ؛ مَیں تو سودائی نہ تھا

۵۱۹ اس سے کہنے لگی کہ کیوں ابا آپ اتنے اداس بیٹھے ہیں
سب کو غمگین کر دیا ہے جو؛ آپ کے آس پاس بیٹھے ہیں

۵۲۰ اپنے دل میں بسا کے میرا غم؛ میرے دکھ کو لگا کے سینے سے؛
کب تلک میرا درد پالیں گے کیا مِرا ہر ستم اُٹھا لیں گے

۵۲۱ آپ کی بیٹیاں ہیں اور بھی جو؛ اپنے ماں باپ سے بھی چھُپ چھُپ کر؛
اپنوں غیروں کے ظلم سہتی ہیں رازِ دِل آپ ہی سے کہتی ہیں

۵۲۲ آئے وہ دن کہ ہم جن کی چاہت میں پھر وہ چہرے ہویدا ہوئے؛
گنتے تھے دن اپنی تسکینِ جاں کیلئے جن کی یادیں قیامت تھیں قلبِ تپاں کیلئے

۵۲۳ آپ نے زندگی گزارنی ہے؛ آپ سے مانگتے ہیں مرہمِ دل؛
ساری دنیا کے بوجھ اُٹھائے ہوئے سب کے ہاتھوں سے زخم کھائے ہوئے

۵۲۴ اُن کو سمجھائیں ان سے بھی زیادہ؛ اپنوں کے ہاتھ مرنے والوں پر؛
ہیں ستم دیدہ لوگ دنیا میں روز ہوتے ہیں سوگ دنیا میں

۵۲۵ او محوِ سیرِ دل کشتیٔ گل نظر اُٹھا گلشن میں حالِ زار و نزارِ ہزار دیکھ

۵۲۶ اُٹھی بس اِن سے ایک نوائے جگرخراش ٹوٹے پڑے ہیں بَربَطِ ہستی کے تار دیکھ

۵۲۷ اتنا تو یاد ہے؛ کہ جہاں تھے اداس تھے یہ کس کو ہوش ہے؛ کہ کہاں تھے، کہاں رہے

۵۲۸ آنکھوں نے رازِ سوزِ دَرُوں کہہ دیا مگر بزمِ طرب میں ہونٹ تبسّم کناں رہے

۵۲۹ اپنی تو عمر روتے کٹی ہے؛ پر اِس سے کیا جا میری جان! تیرا خدا پاسباں رہے

۵۳۰ احساسِ نامرادیٔ دل شُعلہ سا اُٹھا ہم جاں بلب پڑے رہے آتش بجاں رہے

۵۳۱ اِک کرشمہ فسوں کا پُر اَسرار حیرتوں کا مجسّمہ سا تھا

۵۳۲ آشنا ہو کے اجنبی تھا وہ شخص ساتھ رِہ کر جُدا جُدا سا تھا

۵۳۳ آخرسا کھلے تو دیکھے چھَٹ بھی گئے اندھیارے مَن مندر میں سورج بیٹھا؛ آس کا دِیپ جلائے

۵۳۴ اس کے پاؤں دھو کے پئیں ساگر کی موجیں؛ جب وہ جھینپا جھینپا، اس میں اُترے؛ شرمائے شرمائے

۵۳۵ آ۔ میری موجوں سے لپٹ جا؛ ساگرتان اُڑائے یہ بھی تو سنسار کی رِیت ہے؛ جو کھوئے، سو پائے

۵۳۶ اِس تصوّر سے؛ کہ تم چھوڑ کے جاتے تو سَدا دل محبت کی اِک اِک بوند کو ترسا ہوتا

۵۳۷ آنکھ سے میری برستا وہ لہو؛ کہ پہلے   شاید ہی اَور کسی آنکھ سے برسا ہوتا

۵۳۸ اُس میں ہرلحظہ لرزتا ہوا، بُجھتا ہوا عکس   اِک حسیں چاند سے چہرے کا جھلکتا ہوتا

۵۳۹ اب علاجِ غمِ تنہائی کہاں سے لاؤں   تم کہیں ہوتے تو اِس غم کا مُداوا ہوتا

۵۴۰ اب کسے ڈھونڈوں تصوّر میں بسانے کیلئے   چاند کوئی نہ رہا؛ اپنا بنانے کیلئے

۵۴۱ اِذنِ نغمہ تُو دے تو میں کیوں نہ گاؤں   تیرے اِس لُطف وکرم سےتومِرے کون ومکاں؛
دَمَک اُٹھے ہیں، مِری دھرتی چمک اُٹھی ہے

۵۴۲ اُس کے پَر چھُونے لگے تیرے قدم کی محراب   کوئی باقی نہ رہی پھر کسی معبد کی تلاش

۵۴۳ اِتنا نشہ ہے تیرے پیار کے گیتوں میں؛ کہ میں   دوست کہہ دیتا ہوں تجھ کو؛ اِسی مَدہوشی میں

۵۴۴ اِرم نے بھی تو دیکھی تھی؛ خواب میں منصورہ کی لال   پیاری لمبی اورلم ڈھینگی؛ کرتی تھی جو دل کو نہال

۵۴۵ اس کے ہی غم سے تو آج آنکھیں ہوئی ہیں پُرآب   ذکر سے جس کے کِھل اُٹھتے تھے کبھی دل کے گلاب

۵۴۶ آؤ اب بنچوں پہ ساگر کے کنارے بیٹھیں   تھک چکے ہوگے تمہیں کل بھی تو جگراتا تھا

۵۴۷ اس کی مہمان نوازی ہمیں یاد آئے گی   بے غرض اس کی محبت ہمیں تڑپائے گی

۵۴۸ اس کے دائمِ فراق میں شب و روز   وَصل کا سَرمدی مزا سا تھا

۵۴۹ آپ کی داڑھی کا برگد دیکھ پاتیں وہ اگر   اِس پہ پینگیں ڈالتیں؛ گاتیں، بجاتیں تالیاں

۵۵۰ اور پھرتم سے میں مِل جاؤں گا جلدی یا بدیر   اس جگہ مِل کے جُدا پھرنہیں ہوتے ہیں جہاں

۵۵۱ آہ! جب وصل کی اُمید کی لَو جاگ اُٹھی   کلفتِ ہجر شب و روز و مہ و سال کے بعد

۵۵۲ آج آیا بھی؛ تو بدلا ہوا محبوب آیا   غیر کے بھیس میں لِپٹا ہوا؛ کیا خوب آیا

۵۵۳ اس طرح آیا؛ کہ اے کاش! نہ آیاہوتا   مجھ سے جھِینپا ہوا؛ سو پردوں میں محبوب آیا

۵۵۴ اے مجھے ہجر میں دیوانہ بنانے والے!   غمِ فُرقت میں شب و روز ستانے والے!

## «کلامِ محمود»

۵۵۵ آج دنیا میں ہر اِک سُو ہے شرارت پھیلی   پھنس گئی پنجۂ شیطان میں ہے؛ نسلِ آدم

۵۵۶ اُلفت نہ اُس کی کَم ہو؛ رِشتہ نہ اُس کا ٹُوٹے   چھُٹ جائے خواہ کوئی؛ دامن نہ اُس کا چھُوٹے

۵۵۷ اپنے کرم سے بخش دے میرے خدا مجھے
بیمارِ عشق ہوں تیرا؛ دے تُو شِفا مجھے

۵۵۸ احساں نہ تیرا بھولوں گا؛ تا زیست اے مسیحؑ
پہنچا دے گر تُو یار کے دَر پر ذرا مجھے

۵۵۹ ایسی چھوٹی عمر میں ختمِ قرآن
کم نظیریں ایسی ملتی ہیں یہاں

۵۶۰ اے خدا! تُو نے جو یہ لڑکا دیا
کر اِسے سب خوبیاں بھی اب عطا

۵۶۱ انہیں صُبح ومَسَا؛ دِیں اور دنیا میں ترقی دے
نہ ان کو کوئی چھوٹا سا بھی آزار اور دُکھ پہنچے

۵۶۲ ایسے لوگوں سے تھا؛ اِنصاف کا پانا معلوم
خیال اِنصاف کا تھا؛ جن کے دلوں سے معدوم

۵۶۳ افسرِ فوج لڑائی کے فنوں میں چوپٹ
منہ سے جو بات نکل جائے؛ پھر اُس پر تھی ہَٹ

۵۶۴ اِک طرف مَرہٹوں کی فوج ہے لڑنے کو کھڑی
دُوسری جا پہ ہے سِکھّوں نے بھی شورش کر دی

۵۶۵ اَلغرض چین کلیجے کو؛ نہ دل کو آرام
رات کا فکر لگا رہتا تھا؛ سب کو سَرِ شام

۵۶۶ ایک ہی جا پہ ہیں سب رہتے بُرے اور بھلے
کیا مجال؛ اُن سے کسی کو بھی جو صدمہ پہنچے

۵۶۷ اب مکرّر جو ہے پھر وقتِ مسیحا آیا
قیصرِ روم کا کیوں ثانی نہ پیدا ہوتا

۵۶۸ ابنِ مریم سے ہے جس طرح؛ یہ عالی رُتبہ
قیصرِ ہند بھی ہے؛ قیصرِ روما سے بڑا

۵۶۹ اِک قیامت کا سماں ہوگا؛ کہ جب آئیں گے وہ
مال کی ویرانی کے؛ اور جان کے کھانے کے دن

۵۷۰ اب ہنسی کرتے ہیں احکامِ الٰہی سے لوگ
نہ تو اللہ ہی کا ڈر ہے؛ نہ عُقبیٰ کا غم

۵۷۱ اپنی کم علمی کا بھی علم ہے کامل اُن کو
ڈالتے ہیں انھیں دھوکے میں مگر دام ودِرَم

۵۷۲ ایسی حالت میں بھی؛ نازل نہ ہو گر فضلِ خدا
کفر کے جب کہ ہوں اِسلام پہ حملے پیہم

۵۷۳ اپنے وعدے کے مطابق؛ تجھے بھیجا اُس نے
اُمّتِ خیرِ رُسُل پر ہے کیا اُس نے کرم

۵۷۴ اب رَہبَرِ راہِ کوئے دِلبَر
واللہ غلامِ مصطفٰے ہے

۵۷۵ اب اور کا انتظار چھوڑو
آنا تھا جسے؛ وہ تو آچکا ہے

۵۷۶ اے قوم! خدا کے واسطے تُو
بتلا! کہ جو تیرا مُدعا ہے

۵۷۷ اللہ سے چاہو عَفوِ تقصیر
دیتا ہے اُسے؛ جو مانگتا ہے

۵۷۸ اُس شخص کو شاد رکھے ہردَم
جو دِینِ قویم پر فِدا ہے

۵۷۹ اور اس کو نکالے ظُلمتوں سے
جو شِرک میں کُفر میں پھنسا ہے

۵۸۰ اگر رہنما اب بھی کوئی نہ آئے
تو سمجھو؛ کہ وقت آخری آگیا ہے

۵۸۱ اُٹھو! اس کی اِمداد کے واسطے تم
حمیّت کا یارو! یہی مقتضا ہے

۵۸۲ اُٹھو دیکھو! اسلام کے دن پھِرے ہیں
کہ نائب محمدؐ کا پیدا ہوا ہے

۵۸۳ اُسی کی شمشیرِ خُونچکاں نے کیا قصُوری کو ٹکڑے ٹکڑے
یہ زلزلہ بار بار آکے؛ اُسی کی تصدیق کر رہا ہے

۵۸۴ اس چمن پر جب کہ تھا دَورِ خزاں؛ وہ دِن گئے
اب تو ہیں اسلام پر یارو! بہار آنے کے دن

۵۸۵ ان دنوں کیا ایسی ہی بارش ہوا کرتی تھی یاں
سچ کہو! کیا تھے یہ سردی سے ٹھُٹھَر جانے کے دن

۵۸۶ آئیں گے اب مسیح دوبارہ زمیں پہ کیوں
نظّارہ بھاگیا ہے؛ اُنھیں آسمان کا

۵۸۷ اب آگیا؛ تو آنکھیں چُراتے ہو کِس لئے
کیوں راستہ ہو دیکھ رہے آسمان کا

۵۸۸ اِسلام کو اُسی نے کیا آکے پھِر دُرُست
ہو شُکر کِس طرح سے اَدا مہربان کا

۵۸۹ اے قوم! کچھ تو عقل وخرَد سے بھی کام لے
لڑتی ہے جس سے؛ مَرد وہ ہے کیسی شان کا

۵۹۰ اے دوستو! جو حق کیلئے رَنج سہتے ہو
یہ رَنج و دَرد و غم ہے فقط درمیان کا

۵۹۱ اب اس کے پورا ہوتے ہی؛ آجائے گی بہار
وَعدہ دیا ہے حق نے تمھیں؛ جس نشان کا

۵۹۲ اے مولویو! کُچھ تو کرو خوف خدا کا
کیا تم نے سُنا تک بھی نہیں؛ نام حَیا کا

۵۹۳ اپنا چہرہ کہیں دِکھلائے؛ وہ رَبُّ العِزّت
مُدّتوں سے ہے؛ یہی دل میں تمنّا ہم کو

۵۹۴ ایک تَسمہ کی بھی حاجت ہو؛ تو مانگو مجھ سے
ہے ہمیشہ سے یہ اُس یار کا اِیما ہم کو

۵۹۵ ایک دَم کیلئے بھی یاد سے کیوں تُو اُترے
اور محبوب کہاں تجھ سا ملے گا ہم کو

۵۹۶ آدمی کیا ہے؛ تَواضُع کی نہ عادت ہو جسے
سخت لگتا ہے بُرا؛ کِبر کا پُتلا ہم کو

۵۹۷ ان بےکسوں کی ہمّتیں؛ کیوں ہوگئیں بُلند
جن کا کہ کُل جہاں میں نہ تھا کوئی پاسباں

۵۹۸ اِک جام مَعرفَت کا؛ جو ہم کو پِلا دیا
جتنے شُکوک و شُبہ تھے؛ سب کو مِٹا دیا

۵۹۹ اُس نے ہی آکے؛ ہم کو اُٹھایا زمین سے
تھا دُشمنوں نے خاک میں ہم کو مِلا دیا

۶۰۰ ایسے نشاں دکھائے؛ کہ مَیں کیا کہوں تمھیں
کُفّار نے بھی اپنے سَروں کو جھُکا دیا

٦٠١ اِحسان اس کے ہم پہ ہیں؛ بے حَدّ وبیکراں
جو گِن سکے اُنھیں؛ نہیں ایسی کوئی زُبان

٦٠٢ اِس سلطنت کی؛ تُم کو بتاؤں وہ خُوبیاں
جن سے کہ اُس کی مِہر وعنایات ہوں عَیاں

٦٠٣ اس کے سبب سے ہِند میں اَمن و اَمان ہے
نَے شور و شَر کہیں ہے؛ نہ آہ و فُغان ہے

٦٠٤ اپنے پَرائے چھوڑ کر سب ہوگئے الگ
ہم بے کَسوں پہ آخر انہوں نے ہی کی نَظَر

٦٠٥ انگریزوں نے ہی؛ بے کَس و بَدحال دیکھ کر
کھولے ہیں عِلم و فضل کے ہم پر ہزار دَر

٦٠٦ اَلقِصّہ؛ سلطنت یہ بڑی مہربان ہے
آتی نہیں جہان میں ایسی کوئی نَظَر

٦٠٧ اور اِس سے بڑھ کے؛ رحم خدا کا یہ ہم پہ ہے
عیسیٰ مسیح سا ہے دیا؛ ہم کو رَاہبَر

٦٠٨ اِمامِ وَقت کا؛ لوگو کرو نہ تم انکار!
جو جھُوٹے ہوتے ہیں؛ وہ پاتے اِقتِدار نہیں

٦٠٩ اگر پُوچھے کوئی؛ عیسیٰ کہاں ہے؟
تو کہہ دو؛ اُس کا مسکن قادیاں ہے

٦١٠ اُسی کے عِشق میں نکلے مِری جاں
کہ یادِ یار میں بھی؛ اِک مزا ہے

٦١١ اسی سے؛ میرا دل پاتا ہے تسکیں
وہی؛ آرام میری رُوح کا ہے

٦١٢ ابھی طاعُون نے چھوڑا نہیں مُلک
نئی اور آنے والی؛ اِک وَبا ہے

٦١٣ آدمی؛ تقویٰ سے آخر کیمیا ہوجائے گا
جِس مِسِ دِل سے چھوئے گا؛ وہ طِلا ہوجائے گا

٦١٤ اس کی باتوں سے ہی ٹوٹے گا یہ دَجّالی طِلِسم
اس کا ہرہر لفظ؛ موسیٰؑ کا عصا ہوجائے گا

٦١٥ آبِ رُوحانی سے جب سیراب ہوگا کُل جہاں
پانی پانی شرم سے؛ اِک بے حَیا ہوجائے گا

٦١٦ اس کی دُوری کو بھی پاتا ہوں مُقامِ قُرب میں
خواب میں جیسے کوئی سمجھے؛ کہ مَیں بیدار ہوں

٦١٧ اب تو جو کچھ تھا؛ حوالے کر چکا دِلدار کے
وہ گئے دِن؛ جبکہ کہتا تھا، کہ مَیں دِلدار ہوں

٦١٨ اے مِرے مَولیٰ مِرے مالک! مِری جاں کی سِپَر
مُبتلائے رَنج وغم ہوں؛ جلد لے میری خبر

٦١٩ اَمن کی کوئی نہیں جا؛ خوف دامَن گیر ہے
سانپ کی مانند مجھ کو کاٹتے ہیں بحر و بَر

٦٢٠ الٰہی! پھر سبب کیا ہے؛ کہ دَرماں ہو نہیں سکتا
ہمارا دردِ دِل جب تجھ سے پِنہاں ہو نہیں سکتا

٦٢١ اس بے وفا سے دل نہ لگاتے؛ تو خُوب تھا
مٹی میں آبرو نہ ملاتے؛ تو خُوب تھا

٦٢٢ اِک غمزَدہ کو چہرہ دِکھاتے؛ تو خُوب تھا
روتے ہوئے کو آکے ہنساتے؛ تو خُوب تھا

٦٢٣ اِک لفظ بھی زُباں پہ نہ لاتے؛ تو خُوب تھا — دُنیا سے اپنا عِشق چھپاتے؛ تو خُوب تھا

٦٢٤ آبِ حیات پی کے؛ خِضر تم نے کیا لِیا — تم اس کی رَہ میں خُون لُنڈھاتے؛ تو خُوب تھا

٦٢٥ اے کاش! عقل عشق میں دیتی ہمیں جواب — دیوانہ وار شور مچاتے؛ تو خُوب تھا

٦٢٦ اپنی آنکھوں سے کئی بار ہے سُورج کا بھی — پِتّا اُلفت میں تِری؛ میں نے پگھلتا دیکھا

٦٢٧ آہ وفُغان کرتے ہوئے تھک گیا ہوں مَیں — نالہ کہ جو رَسا تھا؛ مِرا نارَسا ہوا

٦٢٨ اِس دَردوغم میں آنکھیں تلَک دے گئیں جواب — آنسو تلَک بہانا؛ اُنہیں نارَوَا ہوا

٦٢٩ اِک عرصہ ہوگیا ہے؛ کہ مَیں سوگوار ہوں — بیداد ہائے دہر سے زار و نزار ہوں

٦٣٠ افسوس ہے؛ کہ اس کو ذرا بھی خبر نہیں — جس سنگ دل کے واسطے یاں مَرمٹا ہوں میں

٦٣١ آوَ محمود! ذرا حال پریشاں کر دیں — اور اس پردے میں دُشمن کو پشیماں کر دیں

٦٣٢ ایک ہی وَقت میں چھُپتے نہیں سُورج اور چاند — یا تو رُخسار کو؛ یا ابَرُو کو عُریاں کر دیں

٦٣٣ آج بے طرح چڑھی آتی ہے؛ لعل لب پر — ان کو کہہ دو! کہ وہ زُلفوں کو پریشاں کر دیں

٦٣٤ آدمی ہو کے تڑپتا ہوں؛ چکوروں کی طرح — کبھی بے پردہ اگر وہ؛ رُخِ تاباں کر دیں

٦٣٥ اِک دفعہ دیکھ چکے موسیٰ؛ تو پَردہ کیسا — ان سے کہہ دو! کہ وہ اب چہرہ کو عُریاں کر دیں

٦٣٦ ایک دن تھا؛ کہ محبت کے تھے مجھ سے اِقرار — مجھ کو تو یاد ہیں سب؛ آپ کو کیا یاد نہیں

٦٣٧ اے مسیحا! تیرے سودائی جو ہیں — ہوش میں؛ بتلا کہ ان کو لائے کون

٦٣٨ اے مسیحا! ہم سے گو تُو چھُٹ گیا — دل سے پر اُلفت تِری؛ چھُڑوائے کون

٦٣٩ اُسے ہے قوم کا غم؛ اور مَیں دنیا سے بچتا ہوں — مَیں اب اس دل کے ہاتھوں سے بہت مجبور رہتا ہوں

٦٤٠ اُسی کے جلوہ ہائے مختلف پر مَرتے ہیں عاشق — وُہی گُل میں، وُہی مُل میں؛ وُہی شمعِ محفل میں

٦٤١ اس میں ہوتی ہے مجھے دیدِ رُخِ جاناں نَصیب — میری بیداری سے بڑھ کر ہو نہ میرا خواب کیوں

٦٤٢ اُمّتِ احمدؐ نے چھوڑی ہے صراطِ مُستَقِیم — کیوں نہ گھبراؤں نہ کھاؤں دل میں پیچ وتاب کیوں

٦٤٣ اَمرِ مَعروف کو تَعوِیذ بناؤ جاں کا — بے کسوں کیلئے تم عُقدہ کُشا ہوجاؤ

٦٤٤ اِلٰہی! آپ کی دَرگہ سے گر پھِرا خالی — تو پھر جو دشمنِ جاں ہیں؛ وہ مُنہ لگائیں گے کب

٦٤٥ اُف! گناہوں کا بڑا اَنبار ہے
اور میری جاں؛ نَحِیف و زار ہے

٦٤٦ اپنی شوکت کا وہاں اِظہار ہے
اپنی کمزوری کا یاں اِقرار ہے

٦٤٧ اُسی کو پا کے؛ سب کچھ ہم نے پایا
کھُلا ہے ہم پہ یہ رازِ نہانی

٦٤٨ اِسی میں مُردہ دِل کی زندگی ہے
یہی کرتا ہے ہر مُشکل کو آساں

٦٤٩ اکٹھے ہو رہے ہیں آج احباب
منائیں تاکہ مِل کر روزِ آمیں

٦٥٠ الٰہی! جیسی یہ دولت عطا کی
ہمیں توفیق دے صِدق و صفا کی

٦٥١ الٰہی! تُو ہمارا پاسباں ہو
ہمیں ہر وَقت تو راحت رَساں ہو

٦٥٢ الٰہی! نُور تیرا جاگزیں ہو
زباں میں، سینہ میں؛ دِل میں، دَہاں میں

٦٥٣ اَبرِ باراں کی طرح آنکھیں ہیں میری اَشک بار
ہے گریباں چاک گر میرا؛ تو دامن تار تار

٦٥٤ اپنے ہم چشموں کی آنکھوں میں سُبک کیوں ہوگیا
دیدۂ اَغیار میں ٹھہرا ہوں کیوں بے اِعتبار

٦٥٥ اِک رُخِ تاباں کی اُلفت میں پھنسا بیٹھا ہوں دِل
اپنے دل سے اور جاں سے اِس سے مَیں کرتا ہوں پیار

٦٥٦ اُس کا اِک اِک لَفظ میرے واسطے ہے جانفزا
اُس کے اِک اِک قول سے گھٹیا ہے دُرِّ شاہوار

٦٥٧ ایک کُــــن کہنے سے پیدا کردیئے اس نے تمام
یہ زمیں، یہ آسماں؛ یہ دورۂ لَیل و نہار

٦٥٨ اُس کی اُلفت نے بنایا ہے مکاں ہر نَفس میں
ہر دلِ دیندار اس کے رُخ پہ ہوتا ہے نِثار

٦٥٩ اب تو سمجھے کس کے پیچھے ہے مجھے یہ اِضطِرار
یاد میں کِس ماہ رُو کی؛ ہُوں مَیں رہتا اَشکبار

٦٦٠ اُس کی شاں کو عقلِ انسانی سمجھ سکتی نہیں
ذرّہ ذرّہ پر ہے اُس کو مالِکانہ اِقتِدار

٦٦١ اس کی قُدرت کی کوئی بھی اِنتِہا پاتا نہیں
اور پوشیدہ نہیں ہے؛ تم سے مِرا حالِ زار

٦٦٢ اپنی مرضی کا ہے وہ مالِک؛ تو مَیں مَحکوم ہُوں
میری کیا طاقت؛ کہ پاؤں زور سے دَرگاہ میں بار

٦٦٣ ایک گالا روئی کا لائی تھی اپنے ساتھ وہ
اور یُوسُفؑ کی خریداری کی تھی اُمیدوار

٦٦٤ آرزُو ہے گر فَلاح و کامیابی کی تمھیں
اس شہِ خوباں پہ کر دو؛ بے تأمُّل جاں نثار

٦٦٥ اپنی مرضی چھوڑ دو؛ تم اس کی مرضی کیلئے
جو ارادہ وہ کرے؛ تم بھی کرو وہ اِختِیار

٦٦٦ اُس کے مامُوروں کو رکھو؛ تم دل وجاں سے عزیز
اُس کے نبیوں کے رہو؛ تم چاکَر و خِدمت گزار

٦٦٧ اُس کے حُکموں کو نہ ٹالو؛ ایک دَم کے واسطے    مال و دولت، جان و دل؛ ہر شے کرو اُس پر نثار

٦٦٨ اِبتداء میں لوگ گو پاگل پُکاریں گے تمھیں    اور ہوں گے دَرپئے اِیذا دہی دیوانہ وار

٦٦٩ اُس کی اُلفت میں کبھی نُقصاں اُٹھاؤ گے نہ تم    اُس کی اُلفت میں کبھی ہوگے نہ تم رُسوا و خوار

٦٧٠ اِمتحاں میں پُورے اُترے گر؛ تو پھر اِنعام میں    جامِ وَصلِ یار پینے کو ملیں گے بار بار

٦٧١ اَلغرَض؛ یہ عشقِ مولیٰ بھی عَجَب اِک چیز ہے    جو گداگر کو بنا دیتا ہے دَم میں شہریار

٦٧٢ اپنے پیچھے چھوڑے جاتے ہیں یہ اِک حصنِ حَصیں    بھاگے جاتے ہیں یہ اَحمق؛ کیوں بھلا سُوئے حُباب

٦٧٣ اَمر بالمَعرُوف کا بیڑا اُٹھاتے ہیں جو لوگ    اُن کو دینا چاہتے ہیں؛ ہر طرح کا یہ عذاب

٦٧٤ اِبنِ اِبراھیمؑ آئے تھے جہاں باتِشنہ لب    کر دیا خشکی کو تُو نے اُن کی خاطر آب آب

٦٧٥ اِک رُخِ روشَن سَدا رہتا ہے آنکھوں کے تلے    ہیں نظر آتے مجھے تاریک ماہ و آفتاب

٦٧٦ اِس قدر بھی بے رُخی اچھّی نہیں عُشّاق سے    ہاں! کبھی تو اپنا چہرہ کیجئے گا بے نِقاب

٦٧٧ اے چشمۂ عِلم وھُدیٰ! اے صاحبِ فہم وذکا!    اے نیک دل! اے باصفا! اے پاک طِینت، باحیا!

٦٧٨ اے مُقتدا، اے پیشوا! اے میرزا، اے رہنما!    اے مُجتبیٰ، اے مُصطفیٰ! اے نائب رَبُّ الوَریٰ!

٦٧٩ آنکھوں میں رہی نہ جب بَصارت    دیدارِ رُخِ نِگار کیوں ہو

٦٨٠ اِسلام گھِرا ہے دشمنوں میں    مُسلم کا نہ دل فِگار کیوں ہو

٦٨١ اہلِ دنیا کی نظر میں؛ خوابِ غفلت میں ہوں مَیں    اہلِ دل پر جانتے ہیں؛ یہ کہ بیداروں میں ہوں

٦٨٢ اُسی کے دَم سے فقط ہے بقائے مَوجودات    خدا نے رکھی ہے وہ اِتّصال میں برکت

٦٨٣ آہ! دنیا پہ کیا پڑی اُفتاد    دین و ایمان ہوگئے برباد

٦٨٤ آج مسلم ہیں رَنج و غَم سے چُور    اور کافر ہیں خَندہ زَن دِلشاد

٦٨٥ اس ارادے پہ گھر سے نکلے ہیں    دینِ اسلام کو کریں برباد

٦٨٦ اے خدا! اے شہِ مکین و مکاں!    قادِر و کارساز و رَبِّ عِباد

٦٨٧ اِن دکھوں سے نجات پائیں گے کب    ہوں گے کب ان غموں سے ہم آزاد

٦٨٨ احمدی اُٹھ! کہ وَقتِ خدمت ہے    یاد کرتا ہے تجھ کو رَبِّ عِباد

۶۸۹ اس کے شعلوں کی زَد میں جو آجائے	دیکھتے دیکھتے ہو جل کے رَماد
۶۹۰ اَنانیّت پرے ہٹ جا! مجھے مت مُنہ دکھا اپنا	مَیں اپنے حال سے واقِف ہوں تُو کس کو بناتی ہے
۶۹۱ اَمن کے ساتھ رہو؛ فتنوں میں حصہ مَت لو	باعثِ فِکر و پریشانیٔ حُکّام نہ ہو
۶۹۲ اپنی اس عمر کو اِک نعمتِ عظمیٰ سمجھو	بعد میں تا کہ تمھیں شکوۂ اَیّام نہ ہو
۶۹۳ اپنے الہام پہ نازاں نہ ہو؛ اے طِفلِ سُلوک!	تیرے بہکانے کو آیا کہیں شیطان نہ ہو
۶۹۴ اس میں جو بھول گیا؛ دونوں جہانوں سے گیا	کوچۂ عشق میں؛ داخل کوئی اَنجان نہ ہو
۶۹۵ اے عدُو! مَکر تِرے کیوں نہ ضرر پہنچائیں	ہاں! اگر سَر پہ مِرے سایۂ رحمان نہ ہو
۶۹۶ آریوں کو میری جانِب سے سُنائے کوئی	ہو جو ہِمّت؛ تو میرے سامنے آئے کوئی
۶۹۷ آسمانی جو شہادت ہو؛ اُسے پیش کرے	یُونہی بے ہُودہ نہ بے پَر کی اُڑائے کوئی
۶۹۸ ایسی ویسی جو کوئی بات نہ ہو ویدوں میں	ان کو اس طرح سے کیوں گھر میں چھپائے کوئی
۶۹۹ اُس کا دَر چھوڑ کے کیوں جاؤں؛ کہاں جاؤں مَیں	اور دنیا میں کوئی اس کی سی سَرکار بھی ہو
۷۰۰ اگر تم دامنِ رحمت میں اپنے مجھ کو لے لیتے	تمھارا کچھ نہ جاتا؛ لیک میری آبرُو ہوتی
۷۰۱ اپنے کوچے میں تو کُتّے بھی ہیں بَن جاتے شیر	بات تب ہے؛ کہ مِرے سامنے آئے کوئی
۷۰۲ اُس کی ہر جُنبِشِ لَب کرتی ہے مُردے زندہ	حشر دِکھلائے گا اب کیا ہمیں برپا ہو کر
۷۰۳ ایسے بیمار کا پھر اور ٹھکانا معلوم	دے سکے تم نہ شِفا جِس کو؛ مسیحا ہو کر
۷۰۴ اے بُتو! اب جُستجُو اُس کی ہے اُمّیدِ مُحال	لے چکا ہے دل مِرا تو؛ دِلرُبائے قادیاں
۷۰۵ آہ! کیسی خوش گھڑی ہوگی کہ بانَیلِ مَرام	باندھیں گے رَختِ سفر کو ہم؛ برائے قادیاں
۷۰۶ اس کے جلوے کی بتاؤں کیا کیفیت	مجھ سے دیکھا نہ گیا؛ تم کو دکھایا نہ گیا
۷۰۷ اہلِ پیغام! یہ معلوم ہوا ہے مجھ کو	بعض احبابِ وَفا کیش کی تحریروں سے
۷۰۸ آزمائش کیلئے تم نے چُنا ہے مجھ کو	پُشت پر ٹوٹ پڑے ہو مِری؛ شَمشیروں سے
۷۰۹ ایک تنکے سے بھی بَدتَر تھی؛ حقیقت میری	فضل نے اُس کے بنایا مجھے شہتیروں سے
۷۱۰ الفاظ تو پڑھ لیے ہیں سارے	اب باقی ہے؛ مطلب اور عِرفاں

۷۱۱ اللہ سے یہ مِری دُعا ہے
ان کو بھی کرے وہ؛ اس پہ آساں ۔ آمین

۷۱۲ آنکھوں میں حیا چمک رہی ہو
مُنہ حِکمت و عِلم سے؛ دُرِّ اَفشاں ۔ آمین

۷۱۳ آمین کہیں میری دُعا پر
بیٹھے ہیں تمام لوگ جو یاں ۔ آمین

۷۱۴ اس کی شب کا نہ پوچھ تُو؛ جس کا
دن بھی تاریک و تار رہتا ہے

۷۱۵ اَلمَدَد! ورنہ لوگ سمجھیں گے
تیرا بندہ بھی خوار رہتا ہے

۷۱۶ اس کو بھی پھینک دیجیئے گا کہیں
ایک مُٹھی غُبار رہتا ہے

۷۱۷ آئے بھی؛ اور آ کے چلے بھی گئے وہ آہ!
اَیّامِ سَعد اُن کے بسُرعَت گزر گئے

۷۱۸ آمد تھی اُن کی؛ یا کہ خدا کا نزول تھا
صدیوں کا کام؛ تھوڑے سے عرصہ میں کر گئے

۷۱۹ اپنی حالت پہ یُونہی خرّم و شادان نہ ہو
یہ سکوں؛ پیشِ رَوِ آمدِ طوفان نہ ہو

۷۲۰ اپنے اعمال پہ غُرّا؛ اَرے نادان نہ ہو
تُو بھلا چیز ہے کیا! اُس کا جو اِحسان نہ ہو

۷۲۱ اِبنِ آدم ہے، نہ کچھ اور؛ تجھے خیال رہے
حَدِّ نِسیان سے بڑھ کر کہیں عِصیان نہ ہو

۷۲۲ اپنے ہاتھوں سے ہی خود اپنی عمارت نہ گِرا
مُخرِبِ دِین نہ بَن؛ دُشمنِ ایمان نہ ہو

۷۲۳ اپنے اَوقات کو؛ اے نفسِ حریص وطامع
شکر منت میں لگا؛ طالِبِ اِحسان نہ ہو

۷۲۴ آگ ہوگی؛ تو دُھواں اُس سے اُٹھے گا محمؔود
غیر ممکن ہے کہ؛ ہو عشق، پہ اعلان نہ ہو

۷۲۵ اَب نِکلوں؛ تو کس طرح اِن آفات سے نِکلوں
یہ ایسا سمندر ہے؛ نہیں جس کا کِنارہ

۷۲۶ اے صیدِ مصائب نِگہِ یار کے کُشتے
جس نے تجھے مارا ہے؛ وہی ہے تِرا چارہ

۷۲۷ اے شمع رُو! بتا تِرے پروانے کیا ہوئے
جَل جَل کے مَر رہے تھے؛ جو دیوانے کیا ہوئے

۷۲۸ اَبوابِ بُغض و غَدر و شَقاوَت ہیں کھُل رہے
عِشق و وَفا و مِہر کے اَفسانے کیا ہوئے

۷۲۹ امّیدِ وَصل؛ حَسرت و غم سے بدل گئی
نَقشِ قَدومِ یار؛ خدا جانے کیا ہوئے

۷۳۰ اِک طرف عقل کے شیطاں ہے؛ تو اِک جانبِ نَفس
ایک دانا کو ہیں گھیرے ہوئے؛ دیوانے دو

۷۳۱ آنکھیں پُرنَم ہیں؛ جگر ٹکڑے ہے، سینہ ہے چاک
یاد میں تیری؛ تڑپتا دلِ مُضطَر ہی نہیں

۷۳۲ اَز بَس؛ کہ اِنفعال سے دل آب آب تھا
آنکھوں سے بہہ گیا؛ مِرا نُورِ نظر کہاں

۴۳۳ اے دل! اُسی کے دَر پہ بَس اب جا کے بیٹھ جا
مارا پھِروں گا ساتھ ترے؛ دَر بدَر کہاں

۴۳۴ ان کو اِظہارِ محبت سے ہے نفرت محمود
آہ میری؛ یونہی بدنام ہوئی جاتی ہے

۴۳۵ اِحتیاج اِک نقص ہے؛ جلوہ گری ہے اِک کمال
مُقتضائے حُسن سِرِ شاہد و مشہود ہے

۴۳۶ ان کو ذلیل کرنے کا؛ جس نے کیا خیال
ایسا ہوا ذلیل؛ کہ جینا ہوا مُحال

۴۳۷ اس قدر محنت اُٹھا کر؛ دولتِ راحت لُٹا کر
تم کو پایا، جاں گنوا کر؛ اب تو مَیں جانے نہ دُوں گا

۴۳۸ آسماں شاہد نہیں کیا؟ میرے اِقرارِ وَفا کا
اے مِری جاں میرے مولیٰ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۳۹ آؤ آؤ! مان جاؤ؛ مجھ کو سینے سے لگاؤ
دل سے سب شِکوے مٹاؤ؛ مَیں تمھیں جانے نہ دوں گا

۴۴۰ اِک عمر گزر گئی ہے؛ روتے روتے
دامانِ عمل کا داغ؛ دھوتے دھوتے

۴۴۱ آتا ہے تو اب گنہ میں لُطف آتا ہے
نَوبَت یہ پہنچ گئی ہے؛ ہوتے ہوتے

۴۴۲ اے میری اُلفت کے طالب یہ میرے دل کا نقشہ ہے
اب اپنے نفس کو دیکھ لے تُو؛ وہ ان باتوں میں کیسا ہے

۴۴۳ اسی سے ہوتی ہے؛ راحت مُیَسَّر
اِسی میں دیکھتے ہیں؛ رُوئے دِلبر

۴۴۴ الٰہی! دُور ہوں ان کی بَلائیں
پڑیں دشمن پہ ہی اس کی جفائیں

۴۴۵ الٰہی! تیز ہوں ان کی نگاہیں
نظر آئیں سبھی تقویٰ کی راہیں

۴۴۶ اُس مَے گُسارِ بادۂ اُلفت کی رُوح پر
اُس بوستانِ عشق و وَفا کی مزار پر

۴۴۷ آہ! پھر موسمِ بہار آیا
دل میں میرے؛ خیالِ یار آیا

۴۴۸ آبشاروں کی شکل میں گِر کر
صدمۂ اِفتراق سہتی تھیں

۴۴۹ اَبر آتے تھے؛ اور جاتے تھے
دل کو ہر اِک کے؛ خُوب بھاتے تھے

۴۵۰ اُن کی رَفتار کی دِلا کر یاد
دل مِرا چٹکیوں میں ملتی تھیں

۴۵۱ اُس کے نزدیک ہو کے؛ دُور بھی تھا
دلِ اُمّید وار؛ چُور بھی تھا

۴۵۲ اے چاند! تجھ میں نُورِ خدا ہے چمک رہا
جس سے کہ جامِ حسن ترا ہے چھلک رہا

۴۵۳ آ اِک شعاع نُور کی مجھ پر بھی ڈال دے
تاریکیٔ گناہ سے باہر نکال دے

۴۵۴ اے دوست! تیرا عشق ہی کچھ خام ہو؛ تو ہو
یہ تو نہیں؛ کہ یار ترا مہرباں نہیں

۷۵۵ ایمان؛ جس کے ساتھ نہ ہو قُوَّتِ عمل
کشتی ہے؛ جس کے ساتھ کوئی بادباں نہیں

۷۵۶ اس مہرِ نیم روز کو دیکھیں؛ تو کس طرح
آنکھوں میں ظالموں کے اگر نُور ہی نہیں

۷۵۷ اللہ کی تم پہ رحمت؛ اللہ کی تم پہ برکت
اللہ کی مہربانی؛ اللہ کی ہو عِنایت

۷۵۸ اے میری پیاری بیٹی!
میرے جگر کا ٹکڑا؛ میری کمر کی پیٹی

۷۵۹ آخر وہ ہوئے ثابت؛ پیغام ہلاکت کا
جو غمزے مِرے دل کو؛ بے حَد ترے بھائے تھے

۷۶۰ اِکسیر کا دیتے ہیں؛ اَب کام وہ دنیا میں
خونِ دلِ عاشق میں؛ جو تیر بُجھائے تھے

۷۶۱ اس مرہمِ فردَوسی میں حق ہے ہمارا بھی
کچھ زخم تِری خاطر؛ ہم نے بھی تو کھائے تھے

۷۶۲ اِرتِباطِ عاشق ومعشوق کے سامان کر
پھر مِری بگڑی بنا دے؛ ہاں بنا دے آج تُو

۷۶۳ اے شُعاعِ نُور! یوں ظاہر نہ کر میرے عُیُوب
غیر ہیں چاروں طرف؛ ان میں مجھے رُسوا نہ کر

۷۶۴ اِک دِن جو آہ دل سے ہمارے نکل گئی
غیرت کی اور عشق کی آپس میں چل گئی

۷۶۵ آئینۂ خیال میں صُورت دکھا گئے
یُوں گرتے گرتے میری طبیعت سنبھل گئی

۷۶۶ اَحوالِ عِشق پُوچھتے ہو، مجھ سے؛ کیا ندیم
طَبعِ بَشَر پھسلنے پہ آئی؛ پھسَل گئی

۷۶۷ اُسی نے ہے پیدا کیا اِس جہاں کو
ستاروں کو، سورج کو؛ اور آسماں کو

۷۶۸ ایمان مجھ کو دے دے؛ عِرفان مجھ کو دے دے
قُربان جاؤں تیرے؛ قرآن مجھ کو دے دے

۷۶۹ اب تو ہم ہیں؛ خزاں ہے، نالے ہیں
بُلبُلو! موسمِ بہار گیا

۷۷۰ آہوئے عِشق رِہ گیا باقی
عَنبریں مُو و مُشک بار گیا

۷۷۱ اے خدا! اس کا چارہ کیا؛ جس کا
غم کے بڑھتے ہی؛ غمگسار گیا

۷۷۲ آہیں بھرتا ہوا؛ ہوا حاضر
سینہ کوبان و سوگوار گیا

۷۷۳ اے میری جاں ہم بندے ہیں اِک آقا کے آزاد نہیں
اور سچے بندے؛ مالک کے ہر حُکم پہ قرباں جاتے ہیں

۷۷۴ اَبکِی عَلَیکِ کُلَّ یَومٍ وَّ لَیلَۃٍ
اَرثِیکِ یَا زَوجِی بِقَلبٍ دَامِی

۷۷۵ اَلْغَمُّ کَالضِّرْغَامِ یَأْکُلُ لَحمَنَا
لا تَجْعَلْنِیْ لُقْمَۃَ الضِّرْغَامِ

۷۷۶ اِک پاک صاف دل مجھے پَروردِگار دے
اور اس میں عکسِ حُسنِ اَزَل کا اُتار دے

۷۷۷ اَفسُردگی سے دل مِرا مُرجھا رہا ہے آج
اے چشمۂ فُیوض! نئی اِک بہار دے

۷۷۸ اے خدا! کر دے منور؛ سینہ و دِل کو مِرے
سَر سے پا تک؛ مَیں بنوں مَخزَن ترے اَنوار کا

۷۷۹ اُن کے ہاتھوں سے تو جامِ زہر بھی تریاق ہے
وہ پلائیں گر؛ تو پھر زَہرہ کسے اِنکار کا

۷۸۰ اے حسن کے جادو! مجھے دیوانہ بنا دے
اے شمعِ رُخ! اپنا مجھے پَروانہ بنا دے

۷۸۱ اُس اُلفتِ ناقِص کی تمنّا نہیں مجھ کو
جو دِل کو مِرے؛ گوھرِ یکتا نہ بنا دے

۷۸۲ آہِ غریب کَم نہیں؛ غَیظِ شَہِ جہاں سے کُچھ
جس سے ہوا جہاں تباہ؛ دِل کا مِرے غُبار تھا

۷۸۳ اُس رُخِ روشن سے مِٹ جاتی ہیں سب تاریکیاں
عاشقِ سِفلی کو ہے کیوں اُس میں اِک تِل کی تلاش

۷۸۴ آسمانی مَیں، عدُو میرا زمینی؛ اس لئے
مَیں فلک پر اُڑ رہا ہوں؛ اُس کو ہے بِل کی تلاش

۷۸۵ اِنصاف کی کیا؛ اس سے اُمّید کرے کوئی
بے داد کو جو ظالم آئینِ وَفا سمجھے

۷۸۶ اپنا ہی سب قُصُور ہے؛ اپنی ہی سب خَطا
اِلزام اُن پہ ظُلم و جَفا کا لگائیں کیا

۷۸۷ اَحيَيتَ نَفسِي بِا بْتِسَامٍ وَنَظْرَةٍ
غَطَّتْ وَجُودِي كُلَّهُ نُعْمَاكَ

۷۸۸ اُسی کے دَر پہ؛ اَب دُھونی رَما دُوں
کِیا ہے فیصلہ یہ؛ میرے جی نے

۷۸۹ اُسی کا فضل ڈھانپے گا مِرا سَتر
نہ کام آئیں گے پشمینے مَرِینے

۷۹۰ اُنھیں ٹُوٹا ہی سمجھو ہر گھڑی تُم
وہ دل جو بَن رہے ہیں آبگینے

۷۹۱ آنکھوں میں نُور بَن کے؛ سَمایا کرے کوئی
میرے دل و دماغ پہ چھایا کرے کوئی

۷۹۲ اَب تیرِ نظر کو پھینک کے تم اِک خَنجرِ آہَن ہاتھ میں لو
یہ فولادی پنجوں کے ہیں دن؛ اب دستِ حِنا کو رہنے دو

۷۹۳ اَیّامِ طَرَب میں ساتھ رہے جب غم آیا تم بھاگ اُٹھے
ہے دیکھی ہوئی اپنی یہ وَفا؛ تُم اپنی وَفا کو رہنے دو

۷۹۴ اُلجھ اُلجھ کے؛ مَیں گِرتا ہوں دامنِ تَر سے
مِری اُمّیدوں کی بستی؛ یُونہی اُجڑتی ہے

۷۹۵ آنکھوں میں گھُس کے وہ؛ مِرے دل میں سَما گئے
مَسجِد کو اِک نگاہ میں بُت خانہ کر دیا

۷۹۶ اپنی خُوش اَخلاقیوں سے موہ لے دُشمن کا دِل
دِلبَری کر؛ چھوڑ سودا نالۂ دِل گِیر کا

۷۹۷ اے مِرے فرہاد! رکھ دے کاٹ کر کوہ وجَبَل
تیرا فَرضِ اوّلیں؛ لانا ہے جُوئے شِیر کا

۷۹۸ آنکھوں میں وہ ہماری رہے؛ اِبتدا یہ ہے
ہم اس کے دل میں بسنے لگیں؛ اِنتہا یہ ہے

۷۹۹ اس کی وَفا و مِہر میں کوئی کمی نہیں     تم اُس کو چھوڑ بیٹھے ہو؛ ظُلم و جَفا یہ ہے

۸۰۰ اُڑا دیئے گا نہ ہوش میرے؛ غزالی آنکھیں دِکھا دِکھا کر     چھری ہے چلتی دل وجگر پر؛ نہ کیجئے باتیں چبا چبا کر

۸۰۱ اے مِرے یارِ یگانہ! اے مِری جاں کی پناہ     کر وہ دن اپنے کرم سے؛ دِیں کے پھیلانے کے دن

۸۰۲ ان پہ ڈالی گئی آخر میں تلطف کی نظر     مثلِ کافور اُڑا؛ دل میں جو تھا خوف و خطر

۸۰۳ اپنے پرائے چھوڑ کے سب ہوگئے الگ     ہم بے کسوں پہ آخر انہوں نے ہی کی نظر

۸۰۴ آؤ! تمہیں بتائیں محبت کے راز ہم     چھیڑیں تمہاری روح کے خوابیدہ ساز ہم

۸۰۵ اسی کے دَم سے مرا تھا آتھم اسی نے لیکھو کا سر کیا خم     اسی کا دنیا میں آج پرچم؛ ہما کے بازو پہ اڑ رہا ہے

۸۰۶ اللہ کے پیاروں کو؛ تم کیسے برا سمجھے     خاک ایسی سمجھ پر ہے؛ سمجھے بھی، تو کیا سمجھے

۸۰۷ اسلام کو ہے نور ملا؛ نورِ خدا سے     ہے ایسی یہ تنویر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی

۸۰۸ اسلام پہ آفت آئی ہے؛ لیکن تُو غافل بیٹھا ہے     میدان میں آ کر ثابت کر؛ تُو زندہ ہے مردار نہیں

۸۰۹ آ آ کے؛ تیری راہ میں ہم آنکھیں بچھائیں     آ آ کے؛ تجھے سینے سے ہم اپنے لگائیں

۸۱۰ اُمّیدِ کامیابی و شُغلِ سُرُود و رَقص     یہ بیل چڑھ سکے گی نہ ہرگز مَنڈھے ترِی

۸۱۱ آپ ہی وہ آگئے؛ بیتاب ہو کر میرے پاس     درد جب دل کا بڑھا؛ تو خود ہی دَرماں ہوگیا

۸۱۲ اس دلِ نازک کے صدقے؛ جو مِری لَغزِش کے وَقت     دیکھ کر میری پریشانی؛ پریشاں ہوگیا

۸۱۳ اِک مکمل گُلِستاں ہے؛ وہ مِرا غُنچہ دَہَن     جب ہوا وہ خَندہ زَن؛ مَیں گل بداماں ہوگیا

۸۱۴ آگیا غیرت میں فوراً ہی؛ مِرا عیسیٰؑ نفس     مرتے ہی؛ پھر زندگی کا میری ساماں ہوگیا

۸۱۵ آپ آ کے؛ محمدؐ کی عمارت کو بنائیں     ہم کُفر کے آثار کو؛ دنیا سے مٹائیں

۸۱۶ اے بے یاروں کے یار نِگاہِ لُطف غریب مسلماں پر     اس بے چارے کا ہندوستاں میں اب کوئی بھی یار نہیں

۸۱۷ اے ہند کے مُسلم صبر بھی کر ہمّت بھی کر، شِکوہ بھی کر     فریادیں، گو الفاظ ہی ہیں؛ پَر پھر بھی وہ بے کار نہیں

۸۱۸ آ گِر جائیں ہم سجدہ میں؛ اور سجادوں کو تَر کر دیں     اللہ کے دَر پر سَر پٹکیں؛ جس سا کوئی دَربار نہیں

۸۱۹ اس یار کے دَر پر جانا کچھ مشکل نہیں کچھ دُشوار نہیں     اُس طرف جو راہیں جاتی ہیں؛ وہ ہرگز ناہموار نہیں

۸۲۰ اُسے تو موت کے سایہ میں؛ مِل چکی ہے حیات     شَہیدِ عِشق کو؛ عیشِ دَوام سے کیا کام

۸۲۱ اُن کو فُرصَت ہی صُلح کی؛ کَب ہے؟ وَقفِ جنگ و جِدال ہیں ایسے

۸۲۲ اے شاہِ مَعالی! آ بھی جا اے ضَوءِ لَاٰلی! آ بھی جا

۸۲۳ اے شاہِ جَلالی! آ بھی جا اے رُوحِ جَمالی! آ بھی جا

۸۲۴ اِرادے غیر کے؛ ناگُفتَنی ہیں نِگاہیں؛ زھر میں ڈوبی ہوئی ہیں

۸۲۵ اُمیدوں کو نہ مار؛ اے دُشمنِ جاں! اُمیدیں ہی تو؛ مَغزِ زندگی ہیں

۸۲۶ اب تک ہے؛ مِرے قلب کے ہر گوشہ میں موجود اُن لَفظوں کی تاثیر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

۸۲۷ انسان کی تَدبیر پہ؛ غالِب ہے ہمیشہ اللہ کی تَدبیر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

۸۲۸ آنکھ گر مُشتاق ہے؛ جلوہ بھی تو بیتاب ہے دل دھڑکتا ہے مِرا؛ آنکھ اُن کی بھی پُرآب ہے

۸۲۹ اسلام؛ کھانے، پینے، پہننے کے حق میں ہے پَر یہ نہ ہو؛ کہ نَفس کو آوارہ چھوڑ دے

۸۳۰ اک جہاں مانے گا اس دن ملّتِ خیرالرسل اب تو تھوڑے رہ گئے؛ اس دِیں کے جھٹلانے کے دن

۸۳۱ اُس کی رَعنائی؛ مِرے قلبِ حزیں سے پوچھئے حُور و غِلماں کی خبر؛ خُلدِ بریں سے پُوچھئے

۸۳۲ اِستجابت کے مزے؛ عرشِ بریں سے پُوچھئے سجدہ کی کیفیتیں؛ میری جبیں سے پُوچھئے

۸۳۳ آسمانی بادشاہت کی خبر؛ احمدؐ کو ہے کِس کی مِلکِیَّت ہے خَاتَم؛ یہ نگیں سے پُوچھئے

۸۳۴ اِبتدائے عشق سے دل کھو چکا ہے عقل و ہوش سِرِّ اُلفت؛ اُس نگاہِ سُرمگیں سے پُوچھئے

۸۳۵ آسماں کی راز جُوئی؛ عَقل سے ممکن نہیں رازِ خانہ پُوچھنا ہو؛ تو مَکیں سے پُوچھئے

۸۳۶ اُمّیدیں روز ہی ہوتی تھیں پیدا؛ شکلِ نَو لے کر مگر قلبِ حَزیں کو صبر آج آیا؛ نہ کل آیا

۸۳۷ ایسی وَفا مِلے گی ہمیں اور کس جگہ آئیں گے اُن کے عشق سے؛ ہرگز نہ باز ہم

۸۳۸ اِک ذرّۂ حقیر کی قیمت ہی کیا بھلا کرتے ہیں اُن کے لُطف کے بَل پر ہی؛ ناز ہم

۸۳۹ اپنے دل تک سے ہے انساں بے خبر پھر یہ دعوائے ہمَہ دانی تو دیکھ

۸۴۰ اَبرِ رحمت پر تعجّب کس لئے کُفر کی دنیا میں طُغیانی تو دیکھ

۸۴۱ آسماں سے کیوں نہ اُتریں اب مَلَک کُفر کی اَفواجِ طُوفانی تو دیکھ

۸۴۲ اب نہ باندھیں گے؛ تو کب باندھیں گے بند کُفر کا بڑھتا ہوا پانی تو دیکھ

۸۴۳ آجاتے ہو تم یاد؛ تو لگتا ہوں تڑپنے
وَرنہ کِسے؛ آرام سے سونا نہیں آتا

۸۴۴ ابنِ آدم کو لگ گیا کیا روگ
آگ ہے دل میں؛ اور سَر میں آگ

۸۴۵ اُن کو جنت سے واسطہ ہی کیا
ہو لگی جن کے بام و دَر میں آگ

۸۴۶ اَبرِ رحمت؛ خدا ہی برسائے
ہے بھڑک اُٹھی؛ بحر و بَر میں آگ

۸۴۷ اِسلام کے شیدائی ہیں؛ خُوں ریزی پہ مائل
ہاتھوں میں جو خنجر ہیں؛ تو پہلو میں کٹارے

۸۴۸ اُن سے مِلنا ہے گر؛ تو ہم سے مِل
وَصل کی وادیوں کے موڑ ہیں ہم

۸۴۹ اُٹھ کر رہے گا پَردہ؛ کسی دن تو دیکھنا
باندھیں کھڑے ہیں سامنے اُس کے؛ قطار ہم

۸۵۰ اُلفت اُلفت کہتے ہیں؛ پَر دل اُلفت سے خالی ہے
ہے دل میں کچھ اور منہ پر کچھ؛ دنیا کی رِیت نرالی ہے

۸۵۱ اندھیاری راتوں میں سجدے کرنا؛
تو پہلی باتیں تھیں
اَب دن اِک مجلس عیش کی ہے؛
اور رات جو ہے دیوالی ہے

۸۵۲ اَب صوفے کوچیں گرجا میں؛
اِک شان سے رکھے رہتے ہیں
مَسجِد میں چٹائی ہوتی تھی؛
سو ظالم نے سَرکا لی ہے

۸۵۳ ارے مُسلم! طبیعت تیری کیسی لااُبالی ہے
ترے اَعمال دنیا سے جُدا؛ فِطرت نِرالی ہے

۸۵۴ اگر چاہے؛ تو بندے کو خدا سے بھی بڑھا دے تُو
اگر چاہے؛ تو کرّوبی کو دوزخ میں گِرا دے تُو

۸۵۵ اِک گُونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے
کیوں کر جِیوں گا ہاتھ سے پیمانہ چھوڑ کر

۸۵۶ اِس سِیہ رُوئی پہ شوقِ ملاقات ہے عَبَث
اس ماہ رُو کا رنگ چڑھانا ہی چاہیئے

۸۵۷ اِدھر ہم بَضِد ہیں؛ اُدھر دِل بَضِد ہے
ہم اُس سے ہیں؛ اور وہ ہے مجبور ہم سے

۸۵۸ ان سے اسے نِسبت ہی کیا؛ وہ نُور ہیں، یہ نار ہیں
گر وہ مِلائے، تو مِلیں؛ ان کے قدَم میری جَبیں

۸۵۹ آنے کو وہ تیّار تھے؛ مَیں خود ہی کچھ شَرما گیا
ان کو بِٹھاؤں مَیں کہاں؛ دل میں صفائی تک نہیں

۸۶۰ اَبدال کیا، اَقطاب کیا؛ جبریل کیا، میکال کیا
جب تُو خدا کا ہوگیا؛ سب ہوگئے زیرِ نگیں

۸۶۱ اس پر ہوئے ظاہر محمد مصطفیٰ ﷺ حِبُّ الورٰی
بالا ہے نہٗ اَفلاک سے؛ کرّوبیو! میری زمیں

۸۶۲ آ دوست دامن تھام لیں ہم؛ مصطفٰے ﷺ کا زور سے
ہے اِک یہی بچنے کی رَہ؛ ہے اِک یہی حَبلُ المَتِیں

۸۶۳ اس کی آواز پہ پھر کیوں نہیں کہتے لبّیک
طَوق گردن میں نہیں؛ پاؤں میں زَنجیر نہیں

۸۶۴ ان کی جادُو بھری باتوں پہ مَرا جاتا ہوں
قتل کرتے ہیں؛ مگر ہاتھ میں شمشیر نہیں

۸۶۵ اَصطَبَل میں گھوڑے ہیں بھینسیں بھی ہیں کچھ شِیر وار
سبزے کی کثرت سے گھر بھی بَن رہا ہے مَرغزار

۸۶۶ آج کوئی بھی نظر آتا نہیں ساکِن ہمیں
ایک مُسلم ہے؛ کہ ہے آرام سے بیٹھا ہوا

۸۶۷ ان کا شیوہ: نیک ظَنّی، نیک خواہی ہے سَدا
آنے دیتے ہی نہیں دل میں کبھی بھی رَیب وہ

۸۶۸ اِک طرف تیری محبت؛ اِک طرف دُنیا کا دَرد
دل پھٹا جاتا ہے، سینے میں؛ ہے چہرہ زَردزَرد

۸۶۹ ایک بیماری سے گھائل؛ ایک فکروں کا شِکار
دیکھئے دُنیا میں باقی یہ رہے یا وہ رہے

۸۷۰ ان کے سینوں میں اُٹھا کرتے ہیں طُوفاں رات دن
وہ زمانہ بھر میں دیوانے ترے مَشہور ہیں

۸۷۱ احسان و لُطف عام رہے؛ سب جہان پر
کرتے رہو ہر اِک سے مُرَوَّت؛ خدا کرے

۸۷۲ اِخلاص کا درخت بڑھے آسمان تک
بڑھتی رہے تمھاری اِرادت؛ خدا کرے

۸۷۳ اُٹھتا رہے ترقی کی جانب قدم ہمیش
ٹوٹے کبھی تمھاری نہ ہمّت؛ خدا کرے

۸۷۴ آج مُسلم کو جو ملتی ہے وِلایت وَاللہ
سب ترے حصہ میں آئی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۸۷۵ اے خدا! دل کو مِرے مَزرَعِ تقویٰ کر دیں
ہُوں اگر بَد بھی؛ تو تَو بھی مجھے اچھّا کر دیں

۸۷۶ احمدی لوگ ہیں دنیا کی نِگاہوں میں ذَلیل
اُن کی عزت کو بڑھائیں؛ اُنہیں اُونچا کر دیں

۸۷۷ اپنے ہاتھوں سے ہوئی ہے مِری صِحّت برباد
میری بیماری کا اَب آپ مُداوا کر دیں

۸۷۸ آپ تو ہیں مالکِ اَرض وسَما؛ اے میری جاں!
آپ کا خادِم مگر پھرتا ہے کیوں؛ یُوں دَربدَر

۸۷۹ آدمِ اَوّل سے لے کر وہ ہے زندہ آج تک
ایسی طاقت دے کُچل ڈالوں میں اَب شیطاں کا سَر

۸۸۰ آج سب مُسلم خواتیں کی ہیں عُریاں زِینَتیں
تُو نے فرمایا تھا: ہے پَردے سے باہر مَا ظَھَر

۸۸۱ الٰہی! تُو بچا لے سب مسلمانوں کو ذِلّت سے
کہ جو کچھ کر رہے ہیں؛ کر رہے ہیں وہ جہالت سے

۸۸۲ اگر رہنا ہو راحت سے؛ تو رِہ کامِل قَناعَت سے
کبھی بھی تَر نہ ہو تیری زُباں؛ حَرفِ شِکایت سے

۸۸۳ اُٹھ! اور اُٹھ کے دِکھا زور حُبِّ مِلّت کا
یہ اِلتجا ہے مِری؛ پیر اور جواں سے آج

۸۸۴ اُنہیں کے نام سے زندہ رہے گا نامِ وَطن
گھروں سے نکلیں گے جو؛ ہاتھ دھو کے جاں سے آج

۸۸۵ اِلتجا ہے میری آخر میں یہ؛ اے پیارے مسیح          حشر کے روز؛ تُو محمود کا بنیو ہمدم

۸۸۶ آمد کا تیری پیارے! ہو اِنتظار کب تک          تَرسے گا تیرے مُنہ کو؛ یہ دل فِگار کب تک

۸۸۷ اِن وادیوں کی رَونَق؛ کب تک رہے گی قائم          یہ اَبر و باد و باراں؛ یہ سبزہ زار کب تک

۸۸۸ اَکابِر جمع ہو کر بھنگیوں کے گھر بھی جائیں گے          کہیں گے؛ گر کرو گے کام ان کا، تو بُرا ہوگا

۸۸۹ اگر سَودے کی خاطر ہم کبھی بازار جائیں گے          ہر اِک تاجر کہے گا؛ جا میاں! وَرنہ بُرا ہوگا

۸۹۰ اِدھر بھی دیکھو اُدھر بھی دیکھو زمیں کو دیکھو فلَک کو دیکھو          تو راز کھُل جائے گا یہ تم پر؛ کہ بندہ بندہ، خُدا خُدا ہے

۸۹۱ اے میرے مِہربان خدا! اِک نِگاہِ مِہر          کانٹا جو میرے دل میں چبھا ہے؛ نِکال تُو

۸۹۲ اس لالہ رُخ کے عِشق میں؛ مَیں مستِ حال ہوں          آنکھیں دِکھا رہا ہے مجھے؛ لال لال تُو

۸۹۳ اِس عِشق میں گلاب بھی؛ اب خار ہوگئے          دل کے پھپھولے جَل اُٹھے؛ اَنگار ہوگئے

۸۹۴ اُن کو سزا بھی دی؛ تو بڑائی ہے اس میں کیا          جو خود ہی اپنے نَفس سے بیزار ہوگئے

۸۹۵ اللہ کے فِرِشتوں کی طاقت تو دیکھ تُو          جو ہم کو مارتے تھے؛ گرفتار ہوگئے

۸۹۶ ایسی راتوں کو یاد کرتا ہوں          دل مکاں ہے؛ تو ہیں مکِیں راتیں

۸۹۷ اُس کی چشمِ نیم وا کے؛ مَیں بھی سرشاروں میں ہوں          درمیاں میں ہوں نہ سوتوں میں نہ بیداروں میں ہوں

۸۹۸ اُچھَل چکا ہے بہت نام لاتؔ و عُزّیٰؔ کا          اَب اپنا نام جہاں میں اُچھال دے پیارے!

۸۹۹ اِرادَت کی راہیں؛ دِکھا دے ہمیں          محبت کی گھاتیں؛ سِکھا دے ہمیں

۹۰۰ اِک نِگہ میں زالِ دُنیا چھین کر دل لے گئی          رِہ گئی بے کار ہو کر؛ دِل رُبائی آپ کی

۹۰۱ اس کا ہر ہر قول حُجّت ہے زمانہ بھر پہ آج          میرزا میں جلوہ گر ہے؛ میرزائی آپ کی

۹۰۲ اے محمّدؐ! اے حبیبِ کِردگار!          مَیں ترا عاشق؛ ترا دِل دادہ ہوں

۹۰۳ اے مِرے پیارے! سہارا دو مجھے          بے کَس و بے بَس ہوں؛ خاک اُفتادہ ہوں

۹۰۴ ایک بے کَس، نیم جاں کو؛ آزمانا چھوڑ دے          نارِ فُرقت سے؛ مِرے دل کو جلانا چھوڑ دے

۹۰۵ اپنی تدبیر و تفکّر سے نہ ہرگز کام لے          راہ نُما ہے تیرا کامِل؛ راہِ اُو محکَم بگیر

۹۰۶ آسماں کے راستوں سے ایک تُو ہے باخبر          ورنہ بھٹکے پھر رہے ہیں؛ آج سب بَرناؤ پیر

۹۰۷ اِنہیں اَضداد میں گر زندگی میری گزرنی تھی
نہ کیوں اِک عقل ودانائی سے خالی کر دیا مجھ کو

۹۰۸ اب بھی کرو اِنکار؛ تو حیرت کیا ہے
مشہور ہے؛ بے شرم کی ہے دُور بلا

۹۰۹ اِس پہ یہ فضل، یہ کَرَم؛ یہ رحم
کیا طبیعت ہے؛ بادشاہوں کی

۹۱۰ اُٹھی آواز جب اَذاں کی؛ اللہ کے گھر سے
تو گونج اُٹھے گا لندن؛ نَعرۂ اَللّٰہُ اَکبَر سے

۹۱۱ اُڑے گا پرچمِ تَوحید پھر سَقفِ مُعلّٰی پر
مِلیں گے دھکّے دیوِ شِرک کو گھر گھر سے دَردَر سے

۹۱۲ اے مسیحا! کبھی پُوچھو گے بھی بیمار کا حال
کون ہے؛ جس سے کہے جا کے دِلِ زار کا حال

۹۱۳ آنکھ کا کام؛ نکل سکتا ہے کب کانوں سے
دل کے اندھوں سے کہوں کیا؛ ترے دیدار کا حال

۹۱۴ اس زمانہ میں اِماموں کی بڑی کثرت ہے
مُقتَدی مِلتے نہیں؛ اِن کی بڑی قِلّت ہے

۹۱۵ اس پہ یہ اور ہے آفت؛ کہ ہیں باغی پَیرو
اور لیڈر کو جو دیکھو؛ تو وہ کَم ہِمَّت ہے

۹۱۶ اپنا لیا عَدُو نے؛ ہر ایک غیر قوم کو
تقسیم ہو کے رِہ گئے ہو تُم شُعُوب میں

۹۱۷ اپنے مُحسن پہ سِتَم؛ اس سے بڑا کیا ہوگا
قَرض لے کر، جو نہ دے؛ سَخت ہی بَد فِطرَت ہے

۹۱۸ ایسے اَندھے کا کریں ہم کیا عِلاج
مَغز سے غافِل ہے؛ چھلکے پر نَظَر

۹۱۹ آ کہ پھر ظاہر کریں؛ اُلفت کے راز
یار میں ہو جائیں گُم؛ عُمرَت دراز

۹۲۰ اِک طرف تقدیرِ مُبرَم؛ اِک طرف عَرض ودُعا
فَضل کا پلڑا جھُکا دے؛ اے مِرے مشکل کُشا!

۹۲۱ اب تو جو کچھ تھا حوالے کر چکا دلدار کے
وہ گئے دن جبکہ کہتا تھا؛ کہ مَیں دلدار ہوں

۹۲۲ اے عزیزِ دہلوی! سن رکھ یہ گوشِ ہوش سے
پھر بہار آئی؛ تو آئے زلزلہ آنے کے دن

۹۲۳ اُٹھ کے دشمن کے مقابل پہ کھڑا ہو جا تو
اپنے احباب سے ہی؛ دَست وگریباں نہ ہو

۹۲۴ اپنے بیگانوں نے جب چھوڑ دیا ساتھ میرا
وہ میرے ساتھ رہا؛ اُس کی وَفا دیکھو تو

۹۲۵ ایشیاء و یورپ و امریکہ و افریقہ سب
دیکھ ڈالے؛ پَر کہاں وہ رَنگ ہائے قادیاں

۹۲۶ اک وقت آئے گا؛ کہ کہیں گے تمام لوگ
ملت کے اس فدائی پہ رحمت کرے

۹۲۷ اِبلیسؔ کا سر پاؤں سے تُو اپنے مَسَل دے
ایسا نہ ہو پھر کعبہؔ کو بُت خانہ بنادے

۹۲۸ اِبنِ ابراہیم بھی ہوں؛ اور تشنہ لب بھی ہوں
اس لئے جاتا ہوں مَیں مکّہؔ کو بأُمیدِ آب

۹۲۹ ان غریبوں کو امیروں نے ڈبویا؛ افسوس! بات جو بیت چکی؛ اس پہ کریں کیا اَفسوس

۹۳۰ ایک دل شیشہ کی مانند ہوا کرتا ہے ٹھیس لگ جائے ذرا سی؛ تو صدا کرتا ہے ☆

۹۳۱ ایک دل شیشہ کی مانند ہوا کرتا ہے ٹھیس لگ جائے ذرا سی؛ تو صدا کرتا ہے

## ﴿کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۹۳۲ اپنے تئیں جو آپ ہی مُسلم کہا؛ تو کیا مُسلِم بنا کے خُود کو دِکھاتے؛ تو خُوب تھا

۹۳۳ اخلاق میں مَیں افضل، علم و ہنر میں اعلیٰ احمد کی رَہ پہ چل کر، بدرالدّجیٰ بنوں گا

---

☆ یہ شعر، دراصل حضرت مصلحِ موعود رضی اللہ عنہ کی ایک پُرانی نظم کا مطلع ہے جو کہ غالباً 1924ء کی ہے۔ آپؓ کو صرف اِس کا مطلع یاد رِہ گیا تھا۔ پھر 1946ء میں اِسی مطلع پر ایک نئی نظم کہی۔ اِسی لئے، کلامِ محمود میں یہ شعر دو مختلف جگہوں پر ہے۔ چنانچہ اِس کتاب میں بھی یہ شعر دوبار شامل کیا گیا ہے۔ اور اشعار کے شمار میں بھی اِس کو دوبار شامل کیا گیا ہے۔

# ب

## ('ب' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 258 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 74 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 28 |
| iii | کلامِ طاہر | 35 |
| iv | کلامِ محمود | 120 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ؒ | 1 |

### ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ بارگاہِ ایزدی سے تُو نہ یوں مایوس ہو — مشکلیں کیا چیز ہیں مشکل کشا کے سامنے

۲ بناتے ہیں باتیں سراسر دروغ — نہیں بات میں ان کی کچھ بھی فروغ

۳ بہارِ جاوداں پیدا ہے اس کی ہر عبارت میں — نہ وہ خوبی چمن میں ہے؛ نہ اس سا کوئی بستاں ہے

۴ بہار آئی ہے اس وقتِ خزاں میں — لگے ہیں پھول میرے بوستاں میں

۵ بے احتیاط ان کی زباں وار کرتی ہے — اِک دَم میں اس علیم کو بے زار کرتی ہے

۶ بدگمانوں سے بچایا مجھ کو خود بن کر گواہ — کر دیا دشمن کو اک حملہ سے مغلوب اور خوار

۷ بنا سکتا نہیں اک پاؤں کیڑے کا بشر ہرگز — تو پھر کیونکر بنانا نورِ حق کا اس پہ آساں ہے

۸ بَرتَر گمان و وہم سے احمد کی شان ہے — اس کا غلام دیکھو! مسیح الزّمان ہے

۹ باطل سے میل دل کی ہٹاؤ گے یا نہیں — حق کی طرف رجوع بھی لاؤ گے یا نہیں

۱۰ بحرِ حِکمت ہے وہ کلام تمام عشقِ حق کا پلا رہا ہے جام
۱۱ بات جب اس کی یاد آتی ہے یاد سے ساری خَلق جاتی ہے
۱۲ بے خدا کوئی چیز کیونکر ہو یہ سراسر خطا ہے ویدوں کا
۱۳ بات جب ہو؛ کہ میرے پاس آویں میرے منہ پر وہ بات کہہ جاویں
۱۴ بَر خِلافِ نص یہ کیا جوش ہے سوچ کر دیکھو! اگر کچھ ہوش ہے
۱۵ بخدا دل سے میرے مٹ گئے سب غیروں کے نقش جب سے دل میں یہ تیرا نقش جمایا ہم نے
۱۶ بچا آگ سے؛ اور بچا آب سے اسی کے اثر سے نہ اسباب سے
۱۷ برس گذرے ہیں چارسو کے قریب یہ ہے نَو بہ نَو اِک کرامت عجیب
۱۸ بتایا گیا اس کو الہام میں کہ پائے گا تو مجھ کو اسلام میں
۱۹ **بلا ریب توحیّی و قدّوس ہے** تیرے بِن ہر اِک راہ سالوس ہے
۲۰ بغیر اس کے؛ دل کی صفائی نہیں بَجز اس کے؛ غم سے رہائی نہیں
۲۱ بشر سے نہیں تا اُتارے بشر خدا کا کلام اس پہ ہے جلوہ گر
۲۲ بھلا بعد چولے کے؛ اے پُرغرور! وہ کیا کسر باقی ہے جس سے تُو دُور
۲۳ باقی وہی ہمیشہ؛ غیر اس کے سب ہیں فانی غیروں سے دل لگانا؛ جھوٹی ہے سب کہانی
۲۴ بہتر ہے اس کی طاعت؛ طاعت میں ہے سعادت یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۲۵ بابرگ وبار ہوویں؛ اِک سے ہزار ہوویں یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۲۶ بادشاہی ہے تیری ارض و سما دونوں میں حکم چلتا ہے ہر اِک ذرّہ پہ ہرآں تیرا
۲۷ باہر نہیں اگر دل؛ مردہ غلاف سے حاصل ہی کیا ہے جنگ وجِدال وخِلاف سے
۲۸ بشیر احمد جسے تو نے پڑھایا شِفا دی آنکھ کو بینا بنایا
۲۹ برس میں ساتویں جب پیر آیا تو سر پر تاج قرآں کا سجایا
۳۰ بنا انکو نِکو کار و خِرد مند کرم سے ان پہ کر راہِ بدی بند
۳۱ بچانا ان کو ہر غم سے بہرحال نہ ہوں وہ دکھ میں اور رَنجوں میں پامال

۳۲ بشارت دی؛ کہ اِک بیٹا ہے تیرا
جو ہوگا ایک دن محبوب میرا

۳۳ بنائی تو نے پیارے میری ہر بات
دکھائے تُو نے احساں اپنے دن رات

۳۴ بشارت کیا ہے؛ اِک دل کی غذا دی
فسبحان الّذی اخزی الا عادی

۳۵ بدی کا پھل؛ بدی اور نامرادی
فسبحان الّذی اخزی الا عادی

۳۶ بیاں اس کا کروں؛ طاقت کہاں ہے
محبت کا تو اِک دریا رواں ہے

۳۷ بسر کرتے ہو غفلت میں جوانی
مگر دل میں یہی تم نے ہے ٹھانی

۳۸ باغِ احمدؐ سے ہم نے پھل کھایا
میرا بستاں؛ کلامِ احمدؐ ہے

۳۹ بخلوں سے یارو! باز بھی آؤ گے یا نہیں
خو اپنی پاک صاف بناؤ گے یا نہیں

۴۰ بَدگماں کیوں ہو خدا کچھ یاد ہے
اِفترا کی کب تلک بنیاد ہے

۴۱ باطن سِیہ ہیں جن کے؛ اِس دِیں سے ہیں وہ منکر
پر اے اندھیرے والو! دل کا دِیا یہی ہے

۴۲ بس اے میرے پیارو! عقبیٰ کو مت بسارو
اس دِیں کو پاؤ یارو! بدرالدّجےٰ یہی ہے

۴۳ برباد جائیں گے ہم؛ گر وہ نہ پائیں گے ہم
رونے سے لائیں گے ہم؛ دل میں رچا یہی ہے

۴۴ بَدتَر ہر ایک بَد سے وہ ہے؛ جو بَدزباں ہے
جس دل میں یہ نجاست؛ بیت الخلا یہی ہے

۴۵ بھلا تم خود کہو انصاف سے صاف
کہ ایشر کے یہی لائق ہیں اوصاف

۴۶ بہت ہم نے بھی اس میں زور مارا
خیالِستان کو جانچا ہے سارا

۴۷ بدی پر غیر کی ہردَم نظر ہے
مگر اپنی بدی سے بے خبر ہے

۴۸ بہت بڑھ بڑھ کے باتیں کی ہیں تو نے اور چھپایا حق
مگر یہ یاد رکھ؛ اک دن نِدامت آنے والی ہے

۴۹ برس تھے آٹھ اور کچھ مہینے؛
بلانے والا ہے سب سے پیارا؛
کہ جب خدا نے اسے بلایا
اسی پہ اے دل تُو جاں فِدا کر

۵۰ بِن دیکھے دِل کو دوستو! پڑتی نہیں ہے کَل
قِصّوں سے کیسے پاک ہو یہ نفسِ پُرخَلَل

۵۱ بِن دیکھے کیسے پاک ہو انساں گناہ سے
اِس چاہ سے نکلتے ہیں لوگ اس کی چاہ میں

۵۲ بِن دیکھے کس طرح کسی مہ رخ پہ آئے دل
کیونکر کوئی خیالی صنم سے لگائے دل

۵۳ بَدتَر بنو ہر ایک سے؛ اپنے خیال میں
شاید اسی سے دَخل ہو دارالوِصال میں

۵۴ بھر گیا باغ اب تو پھولوں سے
آؤ بُلبُل چلیں! کہ وقت آیا

۵۵ بندوں میں اپنے بھید خدا کے ہیں صَد ہزار
تم کو نہ علم ہے؛ نہ حقیقت ہے آشکار

۵۶ بَدبَخت تر تمام جہاں سے وہی ہوا
جو ایک بات کہہ کے ہی دوزخ میں جا گِرا

۵۷ بعضوں کی بَدّعا میں بھی تھا ایک انہماک
اتنی دعا؛ کہ گِھس گئی سجدے میں ان کی ناک

۵۸ بَدگمانی سے تو رائی کے بھی بنتے ہیں پہاڑ
پَر کے اِک ریشہ سے ہوجاتی ہے کوّوں کی قطار

۵۹ بَدگمانی نے تمہیں مجنوں و اندھا کر دیا
ورنہ تھے میری صداقت پر براہیں بے شمار

۶۰ باغ میں ملّت کے ہے کوئی گُل رعنا کِھلا
آئی ہے بادِ صبا گلزار سے مستانہ وار

۶۱ بےمعاون مَیں نہ تھا؛ تھی نصرتِ حق میرے ساتھ
فتح کی دیتی تھی وحیٔ حق بشارت باربار

۶۲ بحث کرنا تم سے کیا حاصل؛ اگر تم میں نہیں
روحِ انصاف وخداترسی؛ کہ ہے دِیں کا مدار

۶۳ بات پھر یہ کیا ہوئی؛ کس نے میری تائید کی
خائب و خاسِر رہے تم؛ ہوگیا مَیں کامگار

۶۴ بے خدا، بے زھد وتقویٰ؛ بے دیانت، بے صفا
بَن ہے یہ دنیائے دُوں؛ طاعوں کرے اس میں شکار

۶۵ بَن کے رہنے والو! تم ہرگز نہیں ہو آدمی
کوئی ہے روبہ؛ کوئی خنزیر اور کوئی ہے مار

۶۶ باغ میں تیری محبت کے عجب دیکھے ہیں پھل
ملتے ہیں مشکل سے ایسے سیب اور ایسے انار

۶۷ بےخبر دونوں ہیں؛ جو کہتے ہیں بَد یا نیک مرد
میرے باطن کی نہیں ان کو خبر اک ذرّہ وار

۶۸ بات سب پوری ہوئی؛ پر تم وہی ناقص رہے
باغ میں ہوکر بھی قسمت میں نہیں دِیں کے ثمار

۶۹ بس یہی ہے رمز؛ جو اس نے کیا منع اَز جہاد
تا اُٹھادے دِیں کی رَہ سے؛ جو اٹھا تھا اِک غبار

۷۰ باغ مرجھایا ہوا تھا؛ گِر گئے تھے سب ثمر
مَیں خدا کا فضل لایا؛ پھر ہوئے پیدا ثمار

۷۱ بندۂ درگاہ ہوں؛ اور بندگی سے کام ہے
کچھ نہیں ہے فتح سے مطلب؛ نہ دِل میں خوفِ ہار

۷۲ بِسترِ راحت کہاں اِن فِکر کے ایّام میں
غم سے ہر دِن ہو رہا ہے بَدتَر اَز شَب ہائے تار

۷۳ بے خدا؛ اس وقت دنیا میں کوئی مامن نہیں
یا اگر ممکن ہو؛ اب سے سوچ لو راہِ فرار

۷۴ بے خدا؛ کوئی بھی ساتھی نہیں تکلیف کے وقت
اپنا سایہ بھی اندھیرے میں جدا ہوتا ہے

## دُرِّ عَدَن

۷۵ بڑے درد سہ کر؛ مصیبت اُٹھا کر
ملایا تمہیں اس دنیا میں لا کر

۷۶ بھٹکے وہ جب کبھی؛ انہیں رَستہ بتا دِیا
بھُولے سبق جو کوئی؛ اُسے پھر پڑھا دِیا

۷۷ بند کر کے نہ آنکھ منہ کھولے
کاش سوچے ذرا عدوِ لئیم

۷۸ بخدا! بے عدیل ہے احمدؐ
شانِ ربِّ جلیل ہے احمدؐ

۷۹ بحرِ رحمت نے جوش فرمایا
بَن کے ابرِ کرم جو تُو آیا

۸۰ باعثِ نازِ حضرتِ آدمؑ
عِزّ و فخرِ خلیل ہے احمدؐ

۸۱ بھیج درود اُس محسن پر؛ تُو دن میں سوسوبار
پاک محمد مصطفیٰؐ نبیوں کا سردار

۸۲ بیافتم بہ طفیلِ حبیب جنتِ من
زگوش ہوش بکن گوش ہر شہادتِ من

۸۳ بارِ گنہ بلا ہے؛ مِرے سر سے ٹال دو
جس رَہ سے تم ملو؛ مجھے اس رَہ پہ ڈال دو

۸۴ بس اِک نظر سے عقدۂ دل کھول جایئے
دل لیجئے مِرا؛ مجھے اپنا بنایئے

۸۵ بَصَد تکریم جاتے ہیں جلو میں
فرشتے چادرِ اَنوار تانے

۸۶ بڑا بدبخت ہے؛ ظالم ہے بندہ
جو اس سے عہد کرکے توڑتا ہے

۸۷ بٹھا دے گا دل میں محبت خدا کی
تمہیں یہ بنا دے گا انسان طیب

۸۸ بُلبُل ہوں؛ صحنِ باغ سے دُور اور شکستہ پر
پروانہ ہوں؛ چراغ سے دُور اور شکستہ پر

۸۹ بس ایک درد ہو؛ کہ رہو جس سے آشنا
محبوبِ جاوداں کی محبت نصیب ہو

۹۰ بچے ہنستے ہیں خوشی سے؛ تو بڑے ہیں دِلشاد
جذبۂ شوق کے ظاہر ہیں؛ جبیں پر آثار

۹۱ بیمار کو ہے ناز؛ کہ نازک مزاج ہوں
جو تندرست ہیں؛ انہیں صحت پہ ناز ہے

۹۲ بروئے کار ہے شیطاں نقاب برانداز
بدی کو خوب ہے ہم کیوں کہیں ریا کیلئے

۹۳ بلا قریب؛ کہ یہ خاک پاک ہو جائے
نہ کر یہاں مِری مٹی خراب جانے دے

۹۴ بَن جاؤ خدا کے تم؛ آجائے گی خود دنیا
جوڑے ہوئے ہاتھوں کو تَر عرقِ ندامت سے

۹۵ بھولے بھالے منہ سے وہ باتیں نرالی آن سے
ننھے منے پاؤں سے چلنا وہ اس کا شان سے

٩٦ بسرعت سوئے جنت اُڑ گیا ہے ∗ مجاہد طیرِ پرّانِ محمدؐ

٩٧ بشر تھا؛ پھرتے پھرتے تھک گیا تھا ∗ پنہ لی زیرِ دامانِ محمدؐ

٩٨ بڑا اس نے احسان ہم پر کیا ہے ∗ طریقہ تسلی کا بتلا دیا ہے

٩٩ بڑھتے چلو؛ کہ نصرتِ حق ہے تمہارے ساتھ ∗ اپنے خدا کا ہاتھ دکھا دو خدائی کو

١٠٠ بشارت دی مسیحا کو خدا نے ∗ تمہیں پہنچے گی رحمت کی نشانی

١٠١ بادِ رحمت سے اُڑ کے ہر غم وفکر ∗ ایک بھولا سا خواب ہو جائے

١٠٢ بڑے پیار سے جس نے پالا مجھے ∗ سمجھی ہے گھر کا اجالا مجھے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

١٠٣ بذل حق محمود سے میری کہانی کھوگئی ∗ بذل حق سے روٹھ کر وہ واصلِ حق ہوگئی

١٠٤ بڑھے چلو براہِ دیں خوشا نصیب: کہ تمہیں ∗ خلیفۃ المسیح سے: اَمیرِ کارواں ملے

١٠٥ بَن کے تسکین، خود ان کے پہلو میں آ؛ ∗ دُور کر بد بَلا، یا بتا کتنے دن؛

لاڈ کر، دے انہیں لوریاں، دل بڑھا ∗ اور ہیں صبر کے امتحان کیلئے

١٠٦ بَن بیٹھے خدا بندے؛ دیکھا نہ مقام اس کا ∗ طاغوت کے چیلوں نے ہتھیا لیا نام اس کا

١٠٧ بَس نامہَ بَر اَب اِتنا تو جی نہ دُکھا؛ کہ آج ∗ پہلے ہی دل کی ایک اِک دھڑکن اُداس ہے

١٠٨ بَن باسیوں کی یاد میں کیا ہوں گے گھر اُداس ∗ جتنا کہ بَن کے باسیوں کا مَن اُداس ہے

١٠٩ بَس یادِ دوست اور نہ کر فرشِ دل پہ رَقص ∗ سُن کتنی تیرے پاؤں کی جھانجن اُداس ہے

١١٠ بِساطِ دنیا اُلٹ رہی ہے؛ حسین اور پائیدار نقشے ∗ جہانِ نَو کے اُبھر رہے ہیں؛ بدل رہا ہے نظام کہنا

١١١ بڑھے چلو شاہراہِ دینِ مَتیں پہ دَرّانا؛ سائباں ہے ∗ تمہارے سر پر خدا کی رحمت؛ قدم قدم، گام گام کہنا

١١٢ بھیڑوں کی کھالوں میں لپٹے کتنے گُرگ مِلے رَستے میں ∗ مقتولوں کے بھیس میں دیکھو؛ کیسے کیسے قاتل آئے

١١٣ بَرکھا بَرکھا یادیں اُمڈیں طوفاں طوفاں جذبے اُٹھے ∗ سینے پہ بَلائیں بَرسانے؛ لَپکے بادو بارانِ وطن

١١٤ بُلبُل کو دیس نکالا ہے؛ اور زاغ وزَغن سے یارانے ∗ ہر سَمت چمن کی مُنڈیروں پر کاگ اذانیں دیتے ہیں

۱۱۵ بے کَس بے بَس کیا دیکھ رہی ہے
اب چشمِ حیرانِ وطن
اے دیس سے آنے والے بتا!
کِس حال میں ہیں یارانِ وطن

۱۱۶ بگولے بَن کے اُڑ جانا؛ رَوِش غولِ بیاباں کی
ہمیں آبِ بقا پی کر اَمَر ہو جانا آتا ہے

۱۱۷ بے آسراؤں کیلئے؛ کوئی تو اَشکبار ہو
پیاس بجھے غریب کی؛ تِشنہ لبوں کو کل پڑے

۱۱۸ بادِ سموم سے چمن دردوں دُکھوں سے لَد گیا
آہِ فقیر سے مِرے اَشک اُبل اُبل پڑے

۱۱۹ بن گئی بزمِ شَش جِہات میکدۂ تجلّیات
دَیر و حرم کو چھوڑ کر؛ رِند نِکل نِکل پڑے

۱۲۰ بچے بھوکے گِریاں ترساں دیپک کی لَو لرزاں لرزاں
کُٹیا میں اِفلاس کے بھوت کا ناچا سایا ساری رات

۱۲۱ بحرِ عالَم میں اِک بپا کردو
پیار کا غُلغُلہ تلاطُمِ عشق

۱۲۲ بنا ہے مَہبَطِ اَنوار قادیاں؛ دیکھو
وہی صدا ہے سُنو! جو سَدا سے اُٹھی ہے

۱۲۳ بچشمِ نَم تمہیں سمجھایا بس خدا کیلئے
دکھاؤ نا؛ سرِتسلیم کر کے خَم اعجاز

۱۲۴ بھیگی ہوئی، بجھتی ہوئی؛ مِٹتی ہوئی آواز
اظہارِ تمنّا وہ اِشاروں کے سہارے

۱۲۵ بَن کے اَپنا ہی لِپٹ جاتا ہے روتے روتے
غیر کا دُکھ بھی جو سینے سے لگایا ہم نے

۱۲۶ بادۂ عشق ہے درمان اگر ہے کوئی
مت ہمیں چھوڑ کے جا ساقی؛ کہ غم باقی ہیں

۱۲۷ بہار آئی ہے؛ دل وقفِ یار کر دیکھو
خِرد کو نذرِ جنونِ بہار کر دیکھو

۱۲۸ بس اب نہ دُور رکھو اپنے دل سے اہلِ وطن
ہے تم سے پیار ہمیں؛ اعتبار کر دیکھو

۱۲۹ بدل سکو؛ تو بدل دو نظامِ شمس و قمر
خِلافِ گردشِ لیل و نہار کر دیکھو

۱۳۰ بہنوں کی اُمنگوں کے دفینوں کی قسم ہے
ماؤں کے سُلگتے ہوئے سینوں کی قسم ہے

۱۳۱ بڑھے اُس کا غم تو قرار کھو دے؛
وہ میرے غم کے خیال سے
اُٹھیں ہاتھ اپنے لئے؛
تو پھر بھی مِرے لئے ہی دعا کرے

۱۳۲ بڑا شور ہے مِرے شہر میں؛ کسی اجنبی کے نزول کا
وہ میری ہی جان نہ ہو کہیں؛ کوئی جا کے کچھ تو پتہ کرے

۱۳۳ بھلا کیسے اپنے ہی عکس کو؛ مَیں رفیقِ جان بنا سکوں
کوئی اور ہو تو بتا تو دے کوئی ہے کہیں، تو صدا کرے

۱۳۴ بے شمار گھر جلا کے جب پہنچی شعلہ ذَن وہ اس کے گھر
سرد پڑ گئی؛ اور ہوگئی ڈھیر آپ اپنی راکھ پر

۱۳۵ باپ کی ایک غمزدہ بیٹی؛ دیر کے بعد مسکرائی ہے — آنکھ نمناک ہے؛ مگر پھر بھی مسکراہٹ لبوں پر آئی ہے
۱۳۶ بندِ شکیب توڑ کر؛ آنسو برس پڑے — اَپنوں پہ بھی نہیں ہے مجھے اختیار دیکھ
۱۳۷ بہیں اَشک کیوں تمہارے؛ انہیں روک لو خدارا! — مجھے دکھ قبول سارے؛ یہ ستم نہیں گوارا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۳۸ بھلا مومن کو قاتل ڈھونڈنے کی کیا ضرورت ہے — نِگاہیں اُس کی بجلی ہیں؛ تو آہیں اُس کی شمشیریں
۱۳۹ بِشارت دینے؛ سب خورد و کلاں کو — اُچھلتی کُودتی؛ وہ آرہی ہیں
۱۴۰ بے کَس نوازذات ہے تیری ہی؛ اے خدا! — آتا نظر نہیں کوئی؛ تیرے سِوا مجھے
۱۴۱ بہت بھایا ہے اے محمود! یہ مصرعہ مِرے دل کو — مبارک ہو یہ شادی؛ خانہ آبادی مُبارک ہو
۱۴۲ برطانیہ؛ جو تم پہ حکومت ہے کر رہا — تم جانتے نہیں ہو؛ کہ ہے بھید اِس میں کیا
۱۴۳ بھنور میں پھنس رہی ہے کشتیِ دِیں — تلاطم بحرِ ہستی میں بَپا ہے
۱۴۴ بابِ رحمت؛ خود بخود، پھر تم پہ وا ہوجائے گا — جب تمہارا قادرِ مُطلق خدا ہوجائے گا
۱۴۵ بُلبُلہ پانی کا ہے انساں؛ نہیں کرتا خیال — ایک ہی صدمہ اُٹھا کر؛ وہ ہَوا ہوجائے گا
۱۴۶ بَس نہیں چلتا؛ تو پھر مَیں کیا کروں، لاچار ہوں — ہر مصیبت کے اُٹھانے کیلئے تیّار ہوں
۱۴۷ بے کَسی میں رہزنِ رَنج و مصیبت آپڑا — سب متاعِ صبر و طاقت؛ ہوگئی زیر و زبر
۱۴۸ بھلاؤں یاد سے کیونکر کلامِ پاکِ دلبر ہے — جُدا مجھ سے تو اِک دَم کو بھی قرآں ہو نہیں سکتا
۱۴۹ بحرِ گُنہ میں پھر کبھی کشتی نہ ڈوبتی — ہم ناخدا، خدا کو بناتے؛ تو خوب تھا
۱۵۰ بِھنبِھناہٹ جو اُنھوں نے یہ لگا رکھّی ہے — چیز کیا ہیں؛ یہ مخالف تو ہیں پشہّ سے بھی کَم
۱۵۱ بات یہ ہے؛ کہ یہ شیطاں کے فسوں خوردہ ہیں — ان کے دل میں نہیں کچھ خوفِ خدائے عالَم
۱۵۲ باز آؤ شرارتوں سے اپنی — کچھ تم میں اگر بُوئے وَفا ہے
۱۵۳ بجا لاؤ احکامِ احمد خدارا! — ذرا سی بھی گر تم میں بُوئے وَفا ہے
۱۵۴ بپا کیوں ہوا ہے یہ طُوفاں یکا یک — بتاؤ تو اس بات کی وجہ کیا ہے

۱۵۵ بھٹکتے پھرتے ہیں راہ سے جو؛ جواں کے واسطے خِضرِ رَہ ہے؛
انہیں ہے یہ یار سے ملاتا تو پیر کے واسطے عصا ہے

۱۵۶ بیٹھا ہے فلک پر جو؛ اُسے اَب تو بُلاؤ چُپ بیٹھے ہو کیوں تم؛ ہے یہی وقت دُعا کا

۱۵۷ بادِ سموم نے اسے مُرجھا دیا ہے کیوں؟ رہتا ہے کوئلہ کی طرح کیوں بُجھا ہوا

۱۵۸ بیمار رُوح کیلئے خاکِ شِفا ہُوں مَیں ہاں کیوں نہ ہو؛ کہ خاکِ دَرِمُصطفےٰ ہوں مَیں

۱۵۹ برکت ہے سب کی سب اسی جانِ جہان کی وَرنہ مِری بِساط ہے کیا اور کیا ہوں مَیں؟

۱۶۰ بتلاؤ کِس جگہ پہ اُسے جا کے ڈھونڈیں ہم جس کی تمام اَرض و سَما میں پُکار ہو

۱۶۱ بے حِسابی نے گناہوں کی مجھے پاک کیا مَیں سراپا ہُوں خَطا؛ مجھ کو خَطا یاد نہیں

۱۶۲ بے وَفائی کا لگاتے ہیں وہ کِس پر اِلزام مَیں تو وہ ہُوں؛ کہ مجھے لفظِ دَغا یاد نہیں

۱۶۳ بڑے چھوٹے سبھی کعبہ کو بیتُ اللہ کہتے ہیں تو پھر تشریف کیوں لاتے نہیں وہ کعبۂ دِل میں

۱۶۴ بُلاتے ہیں مجھے وہ، پَر جو مَیں اُٹھوں؛ تو کہتے ہیں کِدھر جاتا ہےاو غافِل مَیں بیٹھا ہوں تِرے دِل میں

۱۶۵ بتاؤں کیا؛ کہ مسیحا نے کیا دیا مجھ کو میں کِرمِ خاکی تھا؛ انساں بنا دیا مجھ کو

۱۶۶ بادشاہی کی تمنّا نہ کرو ہرگز تم کوچۂ یارِ یگانہ کے گدا ہوجاؤ

۱۶۷ بحرِ عِرفان میں تم غوطے لگاؤ ہردَم بانیٔ کعبہ کی تم کاش دُعا ہوجاؤ

۱۶۸ بادشاہوں کو غرض پَردہ سے کیا ہم نے کھینچی آپ ہی دیوار ہے

۱۶۹ بچاتا ہے ہر اِک آفت سے ان کو ٹلاتا ہے؛ بَلائے ناگہانی

۱۷۰ بنائیں دِل کو گلزارِ حقیقت لگائیں شاخ زُھد و اِتّقا کی

۱۷۱ بنیں ہم بُلبُلِ بُستانِ احمد رہے برکت ہمارے آشیاں میں

۱۷۲ بنیں ہم سب کے سب؛ خُدَّامِ احمد کلامُ اللّٰہ پھیلائیں جہاں میں

۱۷۳ بُلبُلیں بھی سَر پٹکتی ہیں؛ اُسی کی یاد میں گُل بھی رہتے ہیں اُسی کی چاہ میں؛ سینہ فِگار

۱۷۴ بات کیا ہے؛ گر وہ میری آرزُو پوری کرے دے مِری جاں کوتسلّی؛ دے مِرے دِل کوقرار

۱۷۵ بے مِلے اُس کے؛ تو جینا بھی ہے بدتر موت سے ہے وہی زِندہ؛ جسے اُس کا مِلے قُرب و جوار

۱۷۶ بس یہی اِک راہ ہے؛ جس سے کہ مِلتی ہے نَجات
بس یہی ہے اِک طریقہ؛ جس سے ہو عِزّ و وَقار

۱۷۷ بے چین ہے جانِ حَزِیں
حالت ہماری زار ہے

۱۷۸ بے دھڑک اور بے خَطَر اس میں
کُود جا کہہ کے ہرچہ باداباد

۱۷۹ بَروزِ حَشر سبھی تیرا ساتھ چھوڑیں گے
کرے گا ایک وَفا؛ لآ اِلٰــــہَ اِلَّا الـلّٰــــہ

۱۸۰ بلائے ناگہاں! بیٹھے ہیں ہم آغوشِ دِلبَر میں
خبر بھی ہے تجھے کچھ؛ تُو کنہیں آنکھیں دکھاتی ہے

۱۸۱ بھُولیو مَت: کہ نزاکت ہے، نصیبِ نِسواں
مَرد وہ ہے؛ جو جَفاکَش ہو، گُل اَندام نہ ہو

۱۸۲ بیٹھ کر شیش مَحَل میں نہ کرے نادانی
ساکِنِ قلعہ پہ پتّھر نہ چلائے کوئی

۱۸۳ بات کیسے ہو مُؤثّر؛ جو نہ ہو دِل میں سوز
روشنی کیسے ہو؛ دِل مَہبَطِ اَنوار بھی ہو

۱۸۴ بڑھ رہی ہے خارِشِ زَخمِ نِہاں
کس طرح کھُجلاؤں؛ کھُجلاؤں کہاں

۱۸۵ بن کے سُورج ہے چمکتا؛ آسماں پر روز و شَب
کیا عجب مُعجِز نُما ہے؛ رہنمائے قادیاں

۱۸۶ بیٹھنے کا تو ذِکر کیا؛ بھاگنے کو جگہ نہیں
ہو کے فراخ اس قدر تنگ ہوا جہان کیوں

۱۸۷ بابِ رحمت نہ بند کیجئے گا
ایک اُمّید وار رہتا ہے

۱۸۸ برکتیں دینا؛ گالیاں سُننا
اب یہی کاروبار رہتا ہے

۱۸۹ بادہ نوشی میں کوئی لُطف نہیں ہے؛ جب تک
صحبتِ یار نہ ہو؛ مجلسِ رِندان نہ ہو

۱۹۰ بُلبُلِ زار تو مَر جائے تڑپ کر فوراً
گَر گُلِ تازہ نہ ہو؛ بُوئے گُلستان نہ ہو

۱۹۱ بیٹھ جاؤ ذرا پہلو میں مِرے آکے؛ کہ آج
سب اِرادے مِرے؛ اَرمان ہوئے جاتے ہیں

۱۹۲ بخش دو، رحم کرو؛ شِکوے گِلے جانے دو
مَر گیا ہجر میں مَیں؛ پاس مجھے آنے دو

۱۹۳ بِنائے جِسم میں سچ ہے؛ کہ بابِ عِلم و حِکمت ہیں
مِثالِ خِضر ہمراہِ طَلَب گارِ زِیارت ہیں

۱۹۴ بجا ہے ساری دُنیا ایک لفظِ 'مَیں' کا ہے نقشہ
جِدھر دیکھو، چمک اس کی؛ جِدھر دیکھو ظُہور اس کا

۱۹۵ بھَلا وہ کیا کریں مَیں کو
جو اُن کی یاد سے اُتریں

۱۹۶ بس اَب تو رحم فرمائیں
چلے آئیں؛ چلے آئیں

۱۹۷ بھنور میں پھَنس رہی ہے؛ گو نہیں ہے خوف ناؤ کو
بچایا جِس نے نوحؑ کو تھا؛ ناخُدا وہی تو ہے

۱۹۸ بے ہُنر کو پوچھتا ہی کون ہے دنیا میں آج / ہے کوئی تو تجھ میں جَوہر تو اگر مَحسُود ہے

۱۹۹ باپ کی سُنَّت کو چھوڑا؛ ہوگیا صَیدِ ہَوا / اِبنِ آدم بارگہ سے اس لیے مَطرُود ہے

۲۰۰ بتاؤں کیا؛ کہ شیطاں نے کہاں سے / کہاں لے جا کے ہے؛ اس کو گِرایا

۲۰۱ بس اِک تیری ہی ان کے دِل میں جا ہو / نہ دیکھیں غیر کو کوئی ہو؛ کیا ہو

۲۰۲ بُرائی دُشمنوں کی بھی نہ چاہیں / ہمیشہ خیر ہی دیکھیں نِگاہیں

۲۰۳ بنیں اِبلیسِ نافرماں کے قاتِل / لِوائے احمدیت کے ہوں حامِل

۲۰۴ بِنائے شِرک کو جڑ سے ہِلا دیں / نِشانِ کُفر و بِدعَت کو مٹا دیں

۲۰۵ بڑھیں؛ اور ساتھ دنیا کو بڑھائیں / پڑھیں؛ اور ایک عالَم کو پڑھائیں

۲۰۶ بجلیوں کی چمک میں مجھ کو نظر / جلوے اس کی ہنسی کے آتے تھے

۲۰۷ بحرِ فنا میں غوطہ لگانے کی دیر ہے / مَنزِل قریب تَر ہے؛ وہ کچھ دُور ہی نہیں

۲۰۸ بھڑک اُٹھتی ہے پھر؛ شمعِ جہاں کی روشنی یَک دَم / عدَم سے سوئے ہستی جب کوئی پَروانہ آتا ہے

۲۰۹ بادۂ عِرفاں پِلا دے؛ ہاں پِلا دے آج تُو / چہرۂ زیبا دِکھا دے؛ ہاں دِکھا دے آج تُو

۲۱۰ بیٹھ کر جب عشق کی کشتی میں آؤں؛ تیرے پاس / آگے آگے چاند کی مانند؛ تُو بھاگا نہ کر

۲۱۱ باغ سُونا ہوا مِرا جب سے / شَجَرِ سبز و بار دار گیا

۲۱۲ بادِل رِیش و حالِ زار گیا / اس کی دَرگہ میں بار بار گیا

۲۱۳ بچھڑے ہوؤں کو جنّتِ فردوس میں مِلا / جِسرِ صِراط سے بہ سہولت گزار دے

۲۱۴ بگاڑلے کوئی اُن کیلیۓ؛ جو دنیا سے / وہ سات پُشت کو اُس کی سنوار دیتے ہیں

۲۱۵ بَن رہی ہے آسماں پر ایک پوشاکِ جدید / تانا بانا ٹوٹنے والا ہے اب کُفّار کا

۲۱۶ بُتِ مغرب ہے ناز پر مائل / اپنے بندوں کو بے نِیازی بخش

۲۱۷ بےعمل و خطا شِعار؛ بے کَس و بے وَقار تھا / پَر میری جان! یہ تو سوچ؛ کِن میں مِرا شُمار تھا

۲۱۸ بخشِشِ حق نے پا لیا مجھ کو / کیا ہوا؛ مَیں اگر بھلا نہ بنا

۲۱۹ بٹھا نہ مَسنَد پہ پاس اپنے؛    یہ میرا دِل تو مِرا ہی دل ہے؛
نہ دے جگہ اپنی اَنجُمن میں    اسے تو رہنے دو میرے تن میں

۲۲۰ بدل کے بھیس مُعالج کا؛ خود وہ آتے ہیں    زمانہ کی جو طبیعت؛ کبھی بگڑتی ہے

۲۲۱ بار مل جاتا ہے مجلس میں کسی کی دوپہر    دن ہوئے جاتے ہیں رَوشن مِرے؛ اَب راتوں سے

۲۲۲ بُوئے چمن اُڑائے پھِرے جو؛ وہ کیا صَبا    لائی ہے بُوئے دوست اُڑا کر؛ صَبا یہ ہے

۲۲۳ بُلا رہے تھے اِشاروں سے باربار مجھے    مُراد مَیں ہی تھا؛ مجھ سے مگر خِطاب نہ تھا

۲۲۴ بَس ایک ٹھیس سے ہی پھَٹ کے رِہ گیا اے شیخ!    یہ کیا ہوا؛ تِرا دل تھا، کوئی حُباب نہ تھا

۲۲۵ بھاگا تھا اُن کو چھوڑ کے یُونُسؑ کی طرح مَیں    لیکن اُنھوں نے بھاگ کے؛ پیچھے سے آلیا

۲۲۶ بڑھا کے نیکیاں میری؛ خطائیں کر کے مُعاف    وہ اس ظُہورِ کَرَم کو حِساب کہتے ہیں

۲۲۷ بھٹکتے پھِر رہے ہو؛ سب جہاں میں    لِیا کیا تم نے دِلبر کو بھُلا کے

۲۲۸ بتاؤں تمھیں کیا؛ کہ کیا چاہتا ہوں    ہُوں بندہ؛ مگر مَیں خُدا چاہتا ہوں

۲۲۹ بے حَد و بے شُمار میرے گُناہ    کِس طرح دیں گے وہ حساب مجھے

۲۳۰ بَس کے آنکھوں میں؛ دل میں گھر کر کے    کرگئے یُوں وہ لاجواب مجھے

۲۳۱ بغل میں بیٹھے ہوئے؛ دستکوں کی کیا حاجت    ہوں پُختہ کار؛ تو پھر عشق سے کیا کام

۲۳۲ بچھے ہیں دام؛ تو ان کیلئے، جو اُڑتے ہیں    اَسیرِ عشق ہُوں مَیں؛ مجھ کو دام سے کیا کام

۲۳۳ بُرا جَما؛ کہ بھَلا اپنی اپنی قسمت ہے    ہمارے دل پہ تِرا نَقش کچھ جَما تو سہی

۲۳۴ بَطحا سے نکلے وہ؛ کبھی سینا سے آئے وہ    جِدَّت طراز وہ ہیں؛ کہ جِدَّت طراز ہم

۲۳۵ بڑھ رہا ہے حدّ سے کیوں تقریر میں    ہوش کر کچھ؛ اُن کی پیشانی تو دیکھ

۲۳۶ بھِڑ جاؤں؛ تو اُٹھتے ہوئے طُوفانوں سے، لیکن    کشتی کو؛ سمندر میں ڈبونا نہیں آتا

۲۳۷ بھائی؛ بھائی کی جان کا بَیری    لَب پہ ہے صُلح؛ اور بَر میں آگ

۲۳۸ بَن نہ بَدخواہ؛ تُو کسی کا بھی    خیر میں ثَلج ہے؛ تو شَر میں آگ

۲۳۹ بے کار رَکھ کے سینہ میں دل؛ کیا کروں گا مَیں    آخر کسی کے کام تو آنا ہی چاہیئے

۲۴۰ بے عیب چیز لیتے ہیں؛ تحفہ میں خُوبرُو　　داغِ دِلِ اثیم؛ مِٹانا ہی چاہیئے

۲۴۱ بادۂ عِرفاں سے تیری؛ ان کے سَر مَخمُور ہیں　　جذبۂ اُلفت سے تیرے؛ ان کے دِل مَعمُور ہیں

۲۴۲ بند کر کے آنکھ دنیا کی طرف سے؛ آج وہ　　رَکھ رہے ہیں تیرے دِیں کی؛ سب جہاں میں لاج وہ

۲۴۳ بڑھتی رہے خدا کی محبت؛ خدا کرے　　حاصل ہو تم کو دِید کی لذّت؛ خدا کرے

۲۴۴ بڑھتی رہے ہمیشہ ہی طاقت؛ خُدا کرے　　جِسموں کو چھُو نہ جائے نَقاہت؛ خُدا کرے

۲۴۵ بَدیوں سے پہلو اپنا؛ بچاتے رہو مُدام　　تقویٰ کی راہیں طے ہوں بعُجلت؛ خُدا کرے

۲۴۶ بَطحا کی وادیوں سے؛ جو نکلا تھا آفتاب　　بڑھتا رہے وہ نُورِ نبوت؛ خُدا کرے

۲۴۷ بار آور ہو جو ایسا؛ کہ جہاں بھر کھائے　　دل میں میرے وہ شَجَر خیر کا؛ پیدا کر دیں

۲۴۸ بےسَروساماں ہُوں اس دنیا میں اے میرے خُدا!　　اپنی جنّت میں بنا دیں؛ آپ میرا ایک گھر

۲۴۹ بَسَر کر عُمر تو اپنی؛ نہ سو سو کر، نہ غَفلت سے　　کہ مِلتی ہے ہر اِک عزّت اِطاعت سے عِبادت سے

۲۵۰ بَلا کی آگ برستی ہے آسماں سے آج　　ہیں تیر چھُٹ رہے تقدیر کی کماں سے آج

۲۵۱ بیٹھ جاتا ہوں وہیں؛ تھام کے اپنے سَر کو　　جب کبھی دل میں مِرے؛ دَرد اُٹھا کرتا ہے

۲۵۲ بیٹھیں گے اِبنِ آدمؑ؛ کب کُنجِ عافِیت میں　　شوروشَغَب یہ کب تک؛ یہ خُرخشار کب تک

۲۵۳ بِٹھا کر مائِدہ پر؛ لاکھ وہ خاطِر کریں میری　　گدا پھر بھی گدا ہے اور سُلطاں پھر بھی ہے سُلطاں

۲۵۴ بھائی! زمانہ کا یہ تغیُّر تو دیکھنا　　جو صاحبِ جَلال تھے؛ بے کار ہوگئے

۲۵۵ بُجھا دے آگ مِرے دل کی؛ آبِ رحمت سے　　مَصائِب اور مَکارِہ کو؛ ٹال دے پیارے!

۲۵۶ باغِ کُفّار سے ہم نِت نئے پھل کھاتے ہیں　　دل ہی دل میں وہ جسے دیکھ کے؛ جَل جاتے ہیں

۲۵۷ بڑھ گئے ہم سے صحابہؓ؛ توڑ کر ہر روک کو　　ہم سُبک ہوکر؛ گِراں باروں سے پیچھے رِہ گئے

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۲۵۸ برقی خیال دل میں سر میں رہے گا سودا　　اس یار کو مَیں بھولوں، اتنا نہ محو ہوں گا

# پ

## ('پ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 227 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 87 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 16 |
| iii | کلامِ طاہر | 24 |
| iv | کلام محمود | 99 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ پر ان کو اس سجن کی طرف کچھ نظر نہیں — آنکھیں نہیں ہیں، کان نہیں؛ دل میں ڈر نہیں

۲ پر بنانا آدمی، وحشی کو؛ ہے اک معجزہ — معنئِ رازِ نبوت؛ ہے اسی سے آشکار

۳ پھر ذرا سوچو! کہ اب چرچا میرا کیسا ہوا — کس طرح سرعت سے شہرت ہوگئی دَر ہر دیار

۴ پھر آخر کو نکلا وہ دیوانہ وار — نہ دیکھے بیاباں؛ نہ دیکھا پہاڑ

۵ پھر آیا وطن کی طرف اس کے بعد — ملی پِیر کے فیض سے بختِ سعد

۶ پھر آخر کو مارا صداقت نے جوش — تعشّق سے جاتے رہے اس کے ہوش

۷ پھر اس طرز پر یہ بنایا گیا — بحکمِ خدا پھر لکھایا گیا

۸ پرندے بھی آرام کر لیتے ہیں — مجانیں بھی یہ کام کر لیتے ہیں

۹ پہلے سمجھے تھے؛ کہ موسیٰؑ کا عصا ہے فرقاں — پھر جو سوچا؛ تو ہر اِک لفظ مسیحا نکلا

۱۰ پر شکر اے خدایا! جاں کھو کے تجھ کو پایا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۱۱ پر دل کو پہنچے غم جب یاد آئے وقتِ رخصت — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۱۲ پہلا فرزند ہے محمودؔ؛ مبارکؔ چوتھا — دونوں کے بیچ بشیرؔ اور شریفاںؔ تیرا

۱۳ پر مِرے پیارے! یہی کام تِرے ہوتے ہیں — ہے یہی فضل تِری شان کے شایاں تیرا

۱۴ پڑھتے ہو پَنج وقت اسی کو نماز میں — جاتے ہو اس کی رَہ سے دَرِ بے نیاز میں

۱۵ پھر میرے بعد اوروں کی ہے انتظار کیا — توبہ کرو؛ کہ جینے کا ہے اعتبار کیا

۱۶ پڑھایا جس نے اس پر بھی کرم کر — جزا دے دِین اور دنیا میں بہتر

۱۷ پڑا پیچھے جو میرے غولِ بَدذات — پڑی آخر خود اس موذی پہ آفات

۱۸ پیویں گے ایک گھاٹ پہ شیر اور گوسپند — کھیلیں گے بچے سانپوں سے بےخوف و بےگزند

۱۹ پھر جب کہ تم میں خود ہی وہ ایماں نہیں رہا — وہ نورِ مومنانہ؛ وہ عرفاں نہیں رہا

۲۰ پھر اپنے کفر کی خبر اے قوم لیجئے — آیت علیکم انفسکم یاد کیجئے

۲۱ پر تم نے ان سے کچھ بھی اٹھایا نہ فائدہ — منہ پھیر کر ہٹا دیا تم نے یہ مائدہ

۲۲ پھولوں کو جا کے دیکھو؛ اُسی سے وہ آب ہے — چمکے اسی کا نور؛ مہ و آفتاب میں

۲۳ پاکوں کو پاک فطرت دیتے نہیں ہیں گالی — پر ان سِیہ دلوں کا شیوہ سدا یہی ہے

۲۴ پر آریوں کے دِیں میں گالی بھی ہے عبادت — کہتے ہیں سب کو جھوٹے؛ کیا اِتّقا یہی ہے

۲۵ پھر کس طرح وہ مانیں تعلیمِ پاکِ فرقاں — ان کے تو دل کا رہبر اور مقتدا یہی ہے

۲۶ پہلے صحیفے سارے لوگوں نے جب بگاڑے — دنیا سے وہ سدھارے؛ نوشہ نیا یہی ہے

۲۷ پہلوں سے خوب تر ہے؛ خوبی میں اِک قمر ہے — اس پر ہر اِک نظر ہے؛ بدرالدّجیٰ یہی ہے

۲۸ پہلے تو رَہ میں ہارے؛ پار اس نے ہیں اتارے — مَیں جاؤں اس کے وارے؛ بس ناخدا یہی ہے

۲۹ پردے جو تھے ہٹائے؛ اندر کی رَہ دِکھائے — دل یار سے ملائے؛ وہ آشنا یہی ہے

۳۰ پیارو! یہ روا ہرگز نہیں ہے — خدا وہ ہے جو ربّ العالمیں ہے

۳۱ پسند آتی ہے اُس کو خاکساری — تذلّل ہے رَہِ دَرگاہِ باری

۳۲ پھر چلے آتے ہیں یارو! زلزلہ آنے کے دن / زلزلہ کیا؛ اس جہاں سے کوچ کر جانے کے دن
۳۳ پھر بہارِ دِیں کو دکھلا؛ اے میرے پیارے قدیر / کب تلک دیکھیں گے ہم لوگوں کے بہکانے کے دن
۳۴ پر یہ کلام نورِ خدا کو دکھاتا ہے / اس کی طرف نشانوں کے جلوہ سے لاتا ہے
۳۵ پر اپنے دِیں کا کچھ بھی دِکھاتے نہیں نشاں / گویا وہ ربِّ ارض و سما اب ہے ناتواں
۳۶ پابند ایسے دِینوں کے دنیاپرست ہیں / غافل ہیں ذوقِ یار سے؛ دنیا میں مست ہیں
۳۷ پھر اس سے سچی راہ کی عظمت ہی کیا رہی / اور خاص وجہِ صَفوَتِ ملّت ہی کیا رہی
۳۸ پر نقد معجزات کا کچھ بھی نشاں نہیں / پس یہ خدائے قِصّہ؛ خدائے جہاں نہیں
۳۹ پر وہ سعید؛ جو کہ نشانوں کو پاتے ہیں / وہ اس سے مل کے دل کو؛ اسی سے ملاتے ہیں
۴۰ پھر وہ خدا جو مردہ کی مانند ہے پڑا / پس کیا امید ایسے سے؛ اور خوف اس سے کیا
۴۱ پر جس خدا کے ہونے کا کچھ بھی نہیں نشاں / کیونکر نثار ایسے پہ ہوجائے کوئی جاں
۴۲ پھر تم تو بدگمانی سے اپنی ہوئے ہلاک / خود سر پہ اپنے لے لیا خِشمِ خدائے پاک
۴۳ پس تم تو ایک بات کے کہنے سے مرگئے / یہ کیسی عقل تھی؛ کہ براہِ خطر گئے
۴۴ پس تم بچاؤ اپنی زباں کو فساد سے / ڈرتے رہو عقوبتِ ربّ العباد سے
۴۵ پر وہ جو مجھ کو کاذب و مکّار کہتے ہیں / اور مفتری و کافر و بدکار کہتے ہیں
۴۶ پس ایسے ہی ارادوں سے کر کے مقدّمات / چاہا گیا؛ کہ دن میرا، ہو جائے مجھ پہ رات
۴۷ پر پھر بھی جن کی آنکھ تعصّب سے بند ہے / ان کی نظر میں حال مِرا ناپسند ہے
۴۸ پھر یہ عجیب غفلتِ ربِّ قدیر ہے / دیکھے ہے ایک کو؛ کہ وہ ایسا شریر ہے
۴۹ پچیس سال سے ہے وہ مشغولِ افترا / ہر دن، ہر ایک رات؛ یہی کام ہے رہا
۵۰ پھر بھی وہ ایسے شوخ کو دیتا نہیں سزا / گویا نہیں ہے یاد؛ جو پہلے سے کہہ چکا
۵۱ پھر یہ عجیب تر ہے؛ کہ جب حامیانِ دِیں / ایسے کے قتل کرنے کو فاعل ہوں یا معیں
۵۲ پھر بھی وہ نامراد مقاصد میں رہے ہیں / جاتا ہے بے اثر وہ جو سو بار کہتے ہیں
۵۳ پر وہ خدا جو عاجز و مسکیں کا ہے خدا / حاکم کے دل کو میری طرف اس نے کر دیا

۵۴ پھر کیوں یہ بات میری ہی نسبت پلٹ گئی
یا خود تمہاری چادرِ تقویٰ ہی پھٹ گئی

۵۵ پھر یہ نہیں کہ ہوگئی ہے صرف ایک بات
پاتا ہوں ہر قدم میں خدا کے تفضلات

۵۶ پر اپنے بدعمل کی سزا کو وہ پا گیا
ساتھ اس کے یہ؛ کہ نام بھی کاذب رکھا گیا

۵۷ پر ایسے کفر پر تو؛ فِدا ہے ہماری جاں
جس سے ملے خدائے جہان و جہانیاں

۵۸ پھر دوبارہ ہے اُتارا تُو نے آدمؑ کو یہاں
تا وہ نخلِ راستی اس ملک میں لاوے ثمار

۵۹ پر مجھے تُو نے ہی اپنے ہاتھ سے ظاہر کیا
مَیں نے کب مانگا تھا؛ یہ تیرا ہی ہے سب برگ و بار

۶۰ پر نہیں اکثر مخالف لوگوں کو شرم و حیا
دیکھ کر سو سو نشاں؛ پھر بھی ہے توہیں کاروبار

۶۱ پر مسیحا بَن کے؛ مَیں بھی دیکھتا روئے صلیب
گر نہ ہوتا نامِ احمدؐ؛ جس پہ میرا سب مدار

۶۲ پر مجھے اس نے نہ دیکھا؛ آنکھ اس کی بند تھی
پھر سزا پا کر لگایا سرمۂ دنبالہ دار

۶۳ پھر ادھر بھی کچھ نظر کرنا خدا کے خوف سے
کیسے میرے یار نے مجھ کو بچایا بار بار

۶۴ پھر لگایا ناخنوں تک زور بن کر اِک گروہ
پر نہ آیا کوئی بھی منصوبہ ان کو سازوار

۶۵ پاک و برتر ہے وہ جھوٹوں کا نہیں ہوتا نصیر
ورنہ اُٹھ جائے اماں؛ پھر سچے ہوویں شرمسار

۶۶ پر اگر پوچھیں؛ کہ ایسے کاذبوں کے نام لو
جن کی نصرت سالہا سے کر رہا ہو کردگار

۶۷ پھر اگر ناچار ہو اس سے؛ کہ دو کوئی نظیر
اس مہیمن سے ڈرو؛ جو بادشاہِ ہردو وار

۶۸ پھر عجب یہ علم یہ تنقیدِ آثار و حدیث
دیکھ کر سو سو نشاں؛ پھر کر رہے ہو تم فرار

۶۹ پیٹنا ہوگا دو ہاتھوں سے؛ کہ ہے ہے مر گئے
جبکہ ایماں کے تمہارے گند ہوں گے آشکار

۷۰ پر جو دنیا کے بنیں کیڑے؛ وہ کیا ڈھونڈیں اسے
دِیں اسے ملتا ہے؛ جو دِیں کیلئے ہو بیقرار

۷۱ پھر وہ دن جب آگئے؛ اور چودھویں آئی صدی
سب سے اوّل ہوگئے منکر؛ یہی دِیں کے منار

۷۲ پھر دوبارہ آگئی اَحبار میں رسمِ یہود
پھر مسیحِ وقت کے دشمن ہوئے یہ جبّہ وار

۷۳ پر اگر آتا کوئی؛ جیسی انہیں امّید تھی
اور کرتا جنگ؛ اور دیتا غنیمت بے شمار

۷۴ پر یہ تھا رحمِ خداوندی؛ کہ مَیں ظاہر ہوا
آگ آتی، گر نہ مَیں آتا؛ تو پھر جاتا قرار

۷۵ پر ہزار افسوس! دنیا کی طرف ہیں جھک گئے
وہ جو کہتے تھے؛ کہ ہے یہ خانۂ ناپائیدار

۷۶ پھر رکھایا نام کافر؛ ہوگیا مطعونِ خلق — کفر کے فتووں نے مجھ کو کر دیا بے اعتبار
۷۷ پاک دل پر بدگمانی ہے یہ شقوت کا نشاں — اب تو آنکھیں بند ہیں؛ دیکھیں گے پھر انجام کار
۷۸ پشتئ دیوارِ دِیں اور مامنِ اسلام ہوں — نارسا ہے دستِ دشمن تا بفرقِ ایں جدار
۷۹ پھر یقیں کو چھوڑ کر؛ ہم کیوں گمانوں پر چلیں — خود کہو رؤیت ہے بہتر؛ یا نقولِ پُرغبار
۸۰ پھر یہ نقلیں بھی اگر میری طرف سے پیش ہوں — تنگ ہو جائے مخالف پر مجالِ کارزار
۸۱ پر ہوئے دِیں کیلئے یہ لوگ مارِآستیں — دشمنوں کو خوش کیا؛ اور ہوگیا آزر وہ یار
۸۲ پیشہ ہے رونا ہمارا پیشِ ربِّ ذوالمِنَن — یہ شجر آخر کبھی اس نہر سے لائیں گے بار
۸۳ پر مجھے رِہ رِہ کے آتا ہے تعجب قوم سے — کیوں نہیں وہ دیکھتے؛ جو ہو رہا ہے آشکار
۸۴ پر وہی نافہم ملہم اوّل الاعداء ہوئے — آ گیا چرخِ بَریں سے ان کو تکفیروں کا تار
۸۵ پر خدا کا رحم ہے؛ کوئی بھی اس سے ڈر نہیں — ان کو؛ جو جھکتے ہیں اس درگہ پہ ہو کر خاکسار
۸۶ پھر بہار آئی؛ خدا کی بات پھر پوری ہوئی — یہ خدا کی وحی ہے؛ اب سوچ لو اے ہوشیار
۸۷ پیشگوئی کا جب انجام؛ ہویدا ہوگا — قدرتِ حق کا عجب ایک تماشا ہوگا

## ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۸۸ پاک اسمائے انبیاء کر دی — ہمہ بودند زیر صد بہتاں
۸۹ پر شاہِ دوعالَم کے پیرو کونین کے وارث بنتے ہیں — موجود ہے جو مقصود ہے جو دونوں ہی حاصل ہوتے ہیں
۹۰ پہرہ ہو فرشتوں کا قریب آنے نہ پائے — ڈرتا رہے شیطان؛ خدا حافظ و ناصر
۹۱ پوچھے دلِ عُشّاق سے کوئی؛ کہ یہ کیا ہے — کس لُطف کی دیتا ہے کھٹک خارِ محبت
۹۲ پروا نہیں باقی نہ ہو بے شک کوئی چارا — کافی ہے تِرے دامنِ رحمت کا سہارا
۹۳ پہنے ہے یہ ایمان کا اخلاق کا زیور — یہ لعل یہ الماس و گہر تیرے حوالے
۹۴ پر خدا سے ڈرنے والے کب ڈرے اغیار سے — بڑھ کے کب آگے قدم پیچھے ہٹا اخیار کا
۹۵ پھر نئی صورت میں ظاہر جلوۂ جاناں ہوا — نور پھر اترا جہاں میں مبدء الانوار کا
۹۶ پھینک کر شمشیر و خنجر آج دنیا کو دِکھا — جذبِ صادق رعبِ ایماں عاشقانِ زار کا

۹۷ پل مارنے کی دیر ہے حاجت روائی میں — بس التفاتِ قاضی حاجات چاہیئے
۹۸ پھر دکھا دے مجھے مولا میرا شاداں ہونا — صحنِ خانہ کا میرے رشکِ گلستاں ہونا
۹۹ پھلے اور پھولے یہ گلشن تمہارا — بھرے موتیوں سے یہ دامن تمہارا
۱۰۰ پر یہ خیال رکھ تیرے گھر کا دیا بھی ہیں — بھاری تو ہے قصور پر کچھ بے خطا بھی ہیں
۱۰۱ پیشوائی کیلئے نکلیں گھروں سے؛ مردوزن — یہ خبر سن کر؛ کہ آئے پیشوائے قادیاں
۱۰۲ پایا جنھوں نے حسن؛ وہ اس مئے سے مست ہیں — ہر اِک سے بے نیاز ہیں؛ صورت پہ ناز ہے
۱۰۳ پہلوں سے جو سلوک تھا؛ ہم سے کیا نہیں — بھٹکے ہوؤں کو راہ بتائی تھی یا نہیں

## کلامِ طاہر

۱۰۴ پھر باغِ مصطفیٰ کا دھیان آیا ذوالمنن کو — سینچا پھر آنسوؤں سے احمد نے اس چمن کو
۱۰۵ پیغام آرہے ہیں؛ کہ مسکن اداس ہے — طائر کے بعد؛ اُس کا نشیمن اداس ہے
۱۰۶ پھر اِک بار گڑھے میں تُو نے؛ — کر دیئے پھر اِک بار؛
سب دشمن چُن چُن کے اُتارے — ہمارے آقا کے اُونچے مینارے
۱۰۷ پیار کے پھول دل میں سجائے ہوئے؛ — قافلے دُور دیسوں سے آئے ہوئے؛
نورِ ایماں کی شمعیں اٹھائے ہوئے — غم زدہ اِک بدیس آشیاں کیلئے
۱۰۸ پھول تم پر فرشتے نچھاور کریں؛ — آرزوئیں میری جو دعائیں کریں؛
اور کشادہ ترقی کی راہیں کریں — رنگ لائیں میرے میہماں کیلئے
۱۰۹ پھر اُفق تا اُفق ایک قوسِ قُزح؛ — اِک حسیں یاد لے جیسے انگڑائیاں؛
اُن کے پیکر کا آئینہ بَن کر سجی — عالَمِ خواب میں خُفتگاں کیلئے
۱۱۰ پُورب سے چلی پُرنَم پُرنَم؛ بادِرَوح وریحانِ وطن — اُڑتے اُڑتے پہنچے پچھّم؛ سُندر سُندر مُرغانِ وطن
۱۱۱ پتھر کی لکیر ہے یہ تقدیر؛ مٹا دیکھو گر ہمّت ہے — یا ظلم مٹے گا دھرتی سے؛ یا دھرتی خود مٹ جائے گی
۱۱۲ پشاور سے انہی راہوں پہ؛ سنگستانِ کابل کو — میرا شہزادہ لے کر جان کا نذرانہ آتا ہے
۱۱۳ پیشوائی کرو؛ تمہاری طرف — آرہا ہے نیا نظام؛ چلو

١١٤ پلٹ سکو؛ تو پلٹ دو خِرامِ شام وسحر — حسابِ چرخ کو بے اعتبار کر دیکھو

١١٥ پرسوچو! کہ تم میں سے ہے بعضوں میں وہ کیا عیب — وہ جو بھی ہوں؛ انسان کے بچے نہیں لگتے

١١٦ پھر بھی چین نہ آئے؛ گھر کی یاد بہت ترسائے — جیسے زخمی مچھلی تڑپے؛ تڑپے اور بَل کھائے

١١٧ پچھتائے اور اپنے مَن پر آپ ہی دوش لگائے — بلک بلک کر اِک سنیاسن کا یہ دوہا گائے

١١٨ پربت کا کٹنا؛ یا اس کے جی پر آفت ڈھائے — اولوں کا پتھراؤ کرے اس پر؛ اور شرم دلائے

١١٩ پیتم یاد میں ڈوبا ڈوبا؛ پریم نگر کو جائے — ایک ہی دھُن گُم ہومَن میں؛ ایک ہی یار بسائے

١٢٠ پیکرِ ضبط تھا وہ صبر کا شہزادہ تھا — اس کے گَرویدہ تھے سب؛ ہر کوئی دِلدادہ تھا

١٢١ پر احمدی وہ ہیں کہ جن کے جب دعا کو ہاتھ اُٹھیں — تڑپ تڑپ کے یوں کہیں؛ کہ ہم کو قادیاں ملے

١٢٢ پٹھان مُلاّ کو ہیں اپنے گھر ہی لے جاتے — اور اسکا چٹکیوں میں دل مسل کے دیکھتے ہیں

١٢٣ پیار میں جس کے عمر بیت گئی — کیا فقط ایک دَم دلاسہ تھا؟

١٢٤ پیاس بجھ نہ سکی کسی مَے سے — جانے دل کس بَلا کا پیاسا تھا

١٢٥ پھر بیٹھ کر مزے سے کسی بند کمرے میں — اِک دوسرے کو حلوے پہ حلوہ کھلائیں گے

١٢٦ پھر دیگچی اٹھا کے؛ وہ تیزی سے چل پڑا — حلوہ کی طرح منہ سے بھی پانی اُبل پڑا

١٢٧ پہلے تو مِری موجودگی میں تم اُکتائے سے رہتے تھے — اب میرے بعد تمہارا دل گھبرائے گا؛ گھبرانے دو

## ﴿کلامِ محمود﴾

١٢٨ پڑھ لیا قرآن عبدالحیؑ نے — خوش بہت ہیں آج سب چھوٹے بڑے

١٢٩ پر کوئی موقع لڑائی کا جو آجاتا تھا — ہر کوئی صاف وہاں آنکھیں چُرا جاتا تھا

١٣٠ پھائے رکھے گئے واں مرہمِ کافوری کے — دیے جاتے تھے جہاں زخمِ جگر کے چرکے

١٣١ پر وہ رب؛ جس نے کہ سب کچھ ہی کیا پیدا — نہ تو ہے باپ کسی کا؛ نہ کسی کا بیٹا

١٣٢ پَر جیسے اُس مسیح سے بڑھ کر ہے یہ مسیح — یہ سلطنت بھی پہلی سے ہے اَمن میں سِوا

١٣٣ پھیلایا تار مُلک میں آرام کیلئے — یہ سلطنت ہی ہم پہ بہت مہربان ہے

١٣٤ پیتے ہیں ایک گھاٹ پہ شیر اور گوسپند — اس سلطنت میں یاں تلک امن و اَمان ہے

۱۳۵ پھر بھی کوئی نہ مانے جو احساں؛ تو کیا کریں
ایسے کو بے خِرد کہیں؛ یا بے حیا کہیں

۱۳۶ پھیلا تھا ہر چہار طرف جہل مُلک پر
کوئی نہ تھا جو آ کے ہمارا ہو چارہ گر

۱۳۷ پُوجا کرے، نماز پڑھے؛ کوئی کچھ کرے
آزاد کر دیا ہے اُنھوں نے ہر اِک بشر

۱۳۸ پریشاں کیوں نہ ہوں دشمن؛ مسیحا!
ظفر کی؛ تیرے ہاتھوں میں عناں ہے

۱۳۹ پس اس کی شان میں جو کچھ ہو کہتے
ہمارے دل جگر کو چھیدتا ہے

۱۴۰ پھر بھی مُژدہ ہے اُنہیں؛ جو دِیِن کے غمخوار ہیں
کیونکہ وہ دن ہیں؛ یقیناً دِیں کے پھیلانے کے دن

۱۴۱ پَر تِری پُشت پہ وہ ہے؛ جسے کہتے ہیں خُدا
جس کے آگے ہے ملائک کا بھی ہوتا سَرخم

۱۴۲ پَر وہ غیور خُدا؛ کب اسے کرتا ہے پسند
دِینِ احمد ہو تباہ؛ اور ہو دشمن خرّم

۱۴۳ پھر بھی پُکار کر کہیں گے
اِن کافروں کی یہی سزا ہے

۱۴۴ پڑا عجب شور جا بجا ہے؛ جو ہے وہ دنیا پہ ہی فِدا ہے
نہ دل میں خوفِ خُدا رہا ہے؛ نہ آنکھ میں ہی رہی حیا ہے

۱۴۵ پیشگوئی ہوگئی پوری مسیحِ وَقت کی
پھر بہار آئی؛ تو آئے ثَلج کے آنے کے دن

۱۴۶ پہنچے گا جلد اپنے کئے کی سزا کو وہ
اب بھی گماں جو بَد ہے؛ کسی بَدگمان کا

۱۴۷ پَر حَشر تلک بھی جو رہو اَشک فشاں تم
ہرگز نہ پتا پاؤ گے کچھ آہِ رسا کا

۱۴۸ پھر کیوں نہ مجھ کو مذہبِ اسلام کا ہو فکر
جب جان و دِل سے مُعتقدِ میرزا ہوں مَیں

۱۴۹ پھر آزماؤ اپنے ارادوں کی پختگی
پھر تم دِلوں کی طاقتوں کا اِمتحاں کرو

۱۵۰ پھر ریزہ ریزہ کردو بُتِ شِرک و کُفر کو
کُفّار و مُشرکین کو پھر نیم جاں کرو

۱۵۱ پہنچا کے چھوڑو جھوٹوں کو پھر اُن کے گھر تلک
ہاں! پھر سَمَندِ طَبع کی جَولانیاں کرو

۱۵۲ پھر تم اُٹھاؤ رَنج و تَعَب؛ دِیں کے واسطے
قُربان راہِ دِینِ محمدؐ میں جاں کرو

۱۵۳ پھر اپنے ساتھ اور خلائق کو لو مِلا
نامہربان جو ہیں؛ اُنھیں مہرباں کرو

۱۵۴ پھر دُشمنوں کو حلقۂ اُلفت میں باندھ لو
جو تم سے لڑ رہے ہیں؛ انہیں ہم زباں کرو

۱۵۵ پھر اس پہ اپنے حال زَبوں کو عیاں کرو
پھر اُس کے آگے نالہ و آہ و فُغاں کرو

۱۵۶ پھر راتیں کاٹو جاگ کے؛ یادِ حبیب میں
پھر آنسوؤں کا آنکھ سے دریا رَواں کرو

۱۵۷ پھر اُس کی میٹھی میٹھی صداؤں کو تم سُنو<br>پھر اپنے دِل کو وَصل سے؛ تم شادماں کرو

۱۵۸ پہلے ان آرزوؤں کا کوئی ساماں کر دیں<br>دِل میں پھر اس شہِ خُوبان کو مہماں کر دیں

۱۵۹ پڑے بَلا جس کے سَر پہ آ کر؛<br>تماشا کیا دیکھتے ہو صاحب!<br>اُسے وہی خوب جانتا ہے<br>ہمارے دِل کو دُکھا دُکھا کر

۱۶۰ پَنبہٗ مَرہَمِ کافُور ہو تم زخموں پر<br>دلِ بیمار کے دَرمان و دَوا ہو جاؤ

۱۶۱ پارہ ہائے دِل اُڑے جاتے ہیں کیوں<br>یہ جگر کا زَخم کیوں خونبار ہے

۱۶۲ پاک ہے ہرطرح کی کمزوریوں سے اُس کی ذات<br>اور مجھ میں پائے جاتے ہیں نَقائِص صَد ہزار

۱۶۳ پَر وہ عالی بارگہ ہے؛ مَنبعِ فضل و کرم<br>کیا تعجب ہے؛ جو مجھ کو بھی بنادے کامگار

۱۶۴ پَر خُدا ہوگا تمھارا؛ ہر مُصیبت میں مُعین<br>شَر سے دُشمن کے بچائے گا؛ تمھیں لیل و نہار

۱۶۵ پَر جو مَولیٰ کی رَضا کے واسطے کرتے ہیں کام<br>اَور ہی ہوتی ہے؛ اُن کی عِزّ وشان وآب وتاب

۱۶۶ پاؤ گے تم فتح وظفر؛ ہوں گے تمہارے بحروبَر<br>آرام سے ہوگی بَسَر؛ ہوگا خُدا مَدِّنظر

۱۶۷ پیالہ بھرا ہے لَب بلَب<br>ٹھوکر ہی اِک دَرکار ہے

۱۶۸ پڑی ہے کیسی مصیبت؛ یہ غُنچہٗ دِیں پر<br>رہی وہ شکل و شباہت؛ نہ رنگ و بُو باقی

۱۶۹ پُوچھتا ہے مجھ سے وہ؛ کیونکر ترا آنا ہوا<br>کیا کہوں اُس سے کہ مَیں تیرے طَلَبگاروں میں ہوں

۱۷۰ پھر یہ ہے قہر؛ ظُلم کر کے وہ<br>خود ہمیں سے ہیں ہوتے؛ طالِبِ داد

۱۷۱ پوری ہوگی یہ آرزو کِس وَقت<br>کب بَرآئے گی یہ ہماری مُراد

۱۷۲ پَر نہ لا خوف دِل میں تُو کوئی<br>کیونکہ ہے ساتھ تیرے رَبِ عِباد

۱۷۳ پھیلائیں گے صداقتِ اسلام؛ کچھ بھی ہو<br>جائیں گے ہم؛ جہاں بھی کہ جانا پڑے ہمیں

۱۷۴ پَروا نہیں؛ جو ہاتھ سے اپنے ہی، اپنا آپ<br>حرفِ غلَط کی طرح؛ مٹانا پڑے ہمیں

۱۷۵ پڑے ہیں پیچھے جو فلسفے کے؛<br>مگر ہیں ہم رَہرَوِ طَرِیقت؛<br>انہیں خبر کیا ہے، کہ عشق کیا ہے<br>ثمارِ اُلفت ہی کھائیں گے ہم

۱۷۶ پاس ہو مال؛ تو دو اُس سے زکوٰۃ و صَدقہ<br>فکرِ مِسکیں رہے تم کو؛ غَمِ اَیّام نہ ہو

۱۷۷ پیاس میری نہ بُجھی گر؛ تو مجھے کیا اس سے — چشمۂ فیض و عِنایات؛ اگر جاری ہے

۱۷۸ پیٹھ میدانِ وَغا میں؛ نہ دکھائے کوئی — مُنہ پہ یا عشق کا پھر نام؛ نہ لائے کوئی

۱۷۹ پَردۂ زُلفِ دوتا رُخ سے ہٹالے پیارے! — ہجر کی موت سے؛ لِلّٰہ بچالے پیارے!

۱۸۰ پَردۂ غیب سے امداد کے ساماں کر دے — سب کے سب بوجھ مرے آپ اُٹھالے پیارے!

۱۸۱ پہلی اِینٹوں پر ہی رکھتے ہیں؛ نئی اِینٹیں ہمیش — ہے تبھی چرخِ چہارُم پر بِنائے قادیاں

۱۸۲ پھیر لو جتنی جماعت ہے مِری بَیعت میں — باندھ لو ساروں کو تم؛ مکروں کی زَنجیروں میں

۱۸۳ پھر بھی مغلُوب رہو گے؛ مِرے تایومُ البَعث — ہے یہ تقدیر؛ خداوند کی تقدیروں سے

۱۸۴ پھر ایسی کچھ نہیں پَروا؛ کہ دُکھ ہو یا کہ راحت ہو — رہو دل میں مِرے گر عمر بھر تُم؛ مُدَّعا ہو کر

۱۸۵ پَل بھر میں میل سینکڑوں بَرسوں کی ڈھُل گئی — صدیوں کے بِگڑے؛ ایک نظر میں سُدھر گئے

۱۸۶ پُر کرگئے فَلاح سے؛ جھولی مُراد کی — دامانِ آرزو کو؛ سعادت سے بھرگئے

۱۸۷ پَر تم یونہی پڑے رہے؛ غفلت میں خواب کی — دیکھا نہ آنکھ کھول کے؛ ساتھی کِدھر گئے

۱۸۸ پَر صُورتِ اَحوال اُنہیں جا کے بتا تُو — **شاھاں چہ عجب گر بنو ازَند گدا را**

۱۸۹ پُوچھو جو اُن سے؛ زُلف کے دیوانے کیا ہوئے — فرماتے ہیں؛ کہ میری بلا جانے کیا ہوئے

۱۹۰ پڑگئی جس پہ نظر؛ ہو گیا مَدہوش وہی — میرے دِلدار کی آنکھیں ہیں؛ کہ خُم خانے دو

۱۹۱ پہنچائیں دَر پہ یار کے؛ وہ بال وپَر کہاں — دیکھے جمالِ یار جو؛ ایسی نظر کہاں

۱۹۲ پھر مٹے جاتے ہیں؛ ہر قِسم کے دُنیا سے فَساد — عَقل پھر تابعِ اِلہام ہوئی جاتی ہے

۱۹۳ پَس اے میرے عزیزو! میرے بچّو! — دِل و جاں سے؛ اسے محبوب رکھو

۱۹۴ پَتّے پَتّے کے پاس جا کر مَیں — سُونگھتا تھا بُوئے مَہِ کنعاں

۱۹۵ پڑھ چکے اَحرار؛ بس اپنی کِتابِ زندگی — ہو گیا پھَٹ کر ہَوا؛ اُن کا حُبابِ زندگی

۱۹۶ پڑ رہی ہیں اُنگلیاں اَربابِ حَلّ و عَقد کی — بج رہا ہے اس طرح؛ ان کا رُبابِ زندگی

۱۹۷ پھر مِری خوش قِسمتی سے جمع ہیں اَبر و بہار — جام اِک بھر کر پِلا دے؛ ہاں پِلا دے آج تُو

۱۹۸ پھر عَقل کا دامن چھُٹتا ہے؛ — جب کہتے ہیں وہ دنیا سے؛
پھر وَحشت جوش میں آتی ہے — چھیڑو نہ مِرے دیوانے کو

۱۹۹ پہاڑوں کو اُس نے ہی اُونچا کیا ہے — سمندر کو اُس نے ہی پانی دیا ہے

۲۰۰ پھر مِرے سَر میں لگے اُٹھنے خَیالاتِ جُنُوں — فِتنۂ محشر مِرے دِل میں بَپا ہونے کو ہے

۲۰۱ پھر مِری شامت کہیں لے جا رہی ہے کھینچ کر — کیا کوئی پھر مائلِ جَور و جَفا ہونے کو ہے

۲۰۲ پھر کسی کی تیغِ اَبرو اُٹھ رہی ہے باربار — پھر مِرا گھر؛ موردِ کرب و بَلا ہونے کو ہے

۲۰۳ پھر بہا جاتا ہے آنکھوں سے مِری اِک سَیلِ اَشک — پھر مِرے سینہ میں اِک طُوفاں بَپا ہونے کو ہے

۲۰۴ پھر چھُٹا جاتا ہے ہاتھوں سے مِرے دامانِ صبر — نالۂ آہ و فُغاں کا باب وا ہونے کو ہے

۲۰۵ پَر تجھے کیا محَلِّ شِکوہ ہے — یار کے پاس؛ اُس کا یار گیا

۲۰۶ پانی کر دے عُلومِ قُرآں کو — گاؤں گاؤں میں ایک رازیؔ بخش

۲۰۷ پائے اَقدَس کو چُوم لُوں بڑھ کر — مجھ کو تُو ایسی پاک بازی بخش

۲۰۸ پلائے تُو اگر مجھ کو؛ تو مَیں اتنی پِیوں ساقی — رہوں تا حشر قدموں پر ترے؛ مَیں سَرنگوں ساقی

۲۰۹ پَرستارانِ زَر! یہ تو بتاؤ — غریبوں کو بھی پُوچھا ہے کسی نے؟

۲۱۰ پیدائشِ جہاں کی غرض؛ بَس یہی تو ہے — بگڑا کرے کوئی؛ تو بنایا کرے کوئی

۲۱۱ پیٹ کے دھندوں کو چھوڑ؛ اور قوم کے فِکروں میں پڑ — ہاتھ میں شمشیر لے؛ عاشِق نہ بَن، کف گیر کا

۲۱۲ پہلے تو دِل نے دکھائی؛ خودسَری بے اِنتہا — رَفتہ رَفتہ پھر یہ سَرکَش بھی مُسلماں ہوگیا

۲۱۳ پھر ناف میں دنیا کی؛ ترا گاڑ دیں نیزہ — پھر پرچمِ اِسلام کو عالَم میں اُڑائیں

۲۱۴ پھینکتے رہتے ہیں اَعداء مِرے کپڑوں پر گند — تُو نے دی مجھ کو وہ نِکہت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۲۱۵ پَر یقیں مَفقُود ہے؛ ایمان ہے بالکل ہی خام — عِلم و عِرفاں کی غذا؛ اُن پر ہے قَطعاً ہی حَرام

۲۱۶ پَر مُسلماں راستہ پر؛ محوِ حیرت ہے کھڑا — کہہ رہا ہے اُس کو مُلّا؛ اِک قدم آگے نہ چل

۲۱۷ پڑجائے ایسی نیکی کی عادت؛ خُدا کرے — سَرزَد نہ ہو کوئی بھی شرارت؛ خُدا کرے

۲۱۸ پھیلاؤ سب جہان میں؛ قولِ رسولؐ کو — حاصل ہو شَرق و غَرب میں سَطوَت؛ خُدا کرے

۲۱۹ پایاب ہو تمھارے لیے بحرِ مَعرِفت — کھُل جائے تم پہ رازِ حَقیقت؛ خُدا کرے

۲۲۰ پَرواز ہو تمھاری؛ نہُ اَفلاک سے بُلند — پیدا ہو بازوؤں میں وہ قُوَّت؛ خُدا کرے

۲۲۱ پڑے گی رُوح نئی؛ جِسمِ زارِ مُسلم میں — وہ کام ہوگا؛ مِرے جسمِ نیم جاں سے آج

۲۲۲ پہلے تو ساحِروں کے عَصا مار ہوگئے — لیکن عَصائے موسیٰؑ سے بے کار ہوگئے

۲۲۳ پائی جاتی ہے وَفا جو اُس میں؛ مجھ میں وہ کہاں — مَیں کہوں کس مُنہ سے اس کو مَیں وَفاداروں میں ہوں

۲۲۴ پیارے! تجھے غیر سے ہے کیا کام — آ آ مِرے دل کا راز ہوجا

۲۲۵ پڑے سو رہے ہیں؛ جگا دے ہمیں — مَرے جارہے ہیں؛ جِلا دے ہمیں

۲۲۶ پاک ہو جاؤ؛ کہ وہ شاہِ جہاں بھی پاک ہے — جو کہ ہو ناپاک دل؛ اُس سے نہیں کرتا وہ پیار

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۲۲۷ پھر برق مَیں بنوں گا، جل کر مَیں خاک ہوں گا — اکسیر جو بنا دے، اکسیر مَیں وہ ہوں گا

# ت

## ('ت' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **354** |
| i | دُرِّ ثمین | 96 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 30 |
| iii | کلامِ طاہر | 61 |
| iv | کلامِ محمود | 166 |
| v | کلامِ حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ تُو نے طاعوں کو بھی بھیجا میری نصرت کیلئے — تا وہ پورے ہوں نشاں؛ جو ہیں سچائی کا مدار

٢ تھا برس چالیس کا مَیں؛ اُس مسافرخانہ میں — جبکہ مَیں نے وحیٔ رَبّانی سے پایا افتخار

٣ تاج و تختِ ہند قیصر کو مبارک ہو مدام — ان کی شاہی میں؛ مَیں پاتا ہوں رفاہِ روزگار

٤ تیر تاثیرِ محبت کا خطا جاتا نہیں — تِیرانَدازو! نہ ہونا سُست اس میں زینہار

٥ تھے رجوعِ خلق کے اسباب مال و علم و حکم — خاندانِ فقر بھی تھا باعثِ عِزّ و وَقار

٦ تیری عظمت کے کرشمے ہوں ہر گھڑی — تیری قدرت دیکھ کر؛ دیکھا جہاں کو مردہ وار

٧ تا دکھاوے منکروں کو دِیں کی ذاتی خوبیاں — جن سے ہوں شرمندہ؛ جو اسلام پر کرتے ہیں وار

٨ تم نے حق کو بھلا دیا ہیہات — دل کو پتھر بنا دیا ہیہات

٩ تُو نے خود روحوں پہ اپنے ہاتھ سے چھِڑکا نمک — اس سے ہے شورِ محبت عاشِقانِ زار کا

١٠ تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں — کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدۂ دشوار کا

۱۱ تیرے ملنے کیلئے؛ ہم مِل گئے ہیں خاک میں — تا مگر درماں ہو کچھ اس ہجر کے آزار کا
۱۲ تم ہمیں دیتے ہو کافر کا خطاب — کیوں نہیں لوگو تمہیں خوفِ عِقاب
۱۳ تھک گئے ہم تو اِنہیں باتوں کو کہتے کہتے — ہر طرف دعوتوں کا تیر چلایا ہم نے
۱۴ تیرے منہ کی ہی قسم؛ میرے پیارے احمدؐ — تیری خاطر سے؛ یہ سب بار اُٹھایا ہم نے
۱۵ تیری الفت سے ہے معمور میرا ہر ذرّہ — اپنے سینہ میں یہ اِک شہر بسایا ہم نے
۱۶ تیرا مئے خانہ؛ جو اِک مرجعِ عالَم دِکھا — خم کاخم منہ سے بَصَد حِرص لگایا ہم نے
۱۷ تصور سے اس بات کے ہو کے زار — کہا رو کے؛ اے میرے پَرَوَردِگار
۱۸ تیرے نام کا مجھ کو اقرار ہے — تیرا نام غفّار و ستّار ہے
۱۹ تیرے دَر پہ جاں میری قربان ہے — محبت تیری؛ خود میری جان ہے
۲۰ **تو یک قطرہ داری ز عقل و خِرد — مگر قدرتش بحرِ بے حدّ و عدّ**
۲۱ **تو خود را خِرد مند فہمیدۂ — مقاماتِ مرداں کجا دیدۂ**
۲۲ تو انکار کو جانتے جائے شرم — یہ کیا کہہ دیا وَید نے ہائے شرم!
۲۳ تو رکھتا نہیں ایک دَم بھی رَوا — جو بیوی اور بچوں سے ہووے جدا
۲۴ تو انکار سے وقت کھوتا ہے کیا — تجھے کیا خبر؛ عشق ہوتا ہے کیا؟
۲۵ تو ڈرتا ہے لوگوں سے اے بے ہنر — خدا سے تجھے کیوں نہیں ہے خطر؟
۲۶ تجھے چولے سے کچھ تو آوے حیا — ذرا دیکھ ظالم! کہ کرتا ہے کیا
۲۷ تیرا یہ سب کرم ہے؛ تُو رحمتِ اَتَم ہے — کیونکر ہو حَمد تیری؛ کب طاقتِ قلم ہے
۲۸ تُو نے یہ دن دکھایا؛ محمود پڑھ کے آیا — دل دیکھ کر یہ احساں؛ تیری ثنائیں گایا
۲۹ تیرے کرم سے یارب! میرا بَر آیا مطلب — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۳۰ تجھ پر میرا توکل؛ دَر پر تیرے یہ سر ہے — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۳۱ تیرا ہوں مَیں سراسر؛ تُو میرا رَبِّ اکبر — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۳۲ تیرا کرم ہے ہرآں؛ تو ہے رحیم و رحماں — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۳۳ تیرا ہوں مَیں ہمیشہ؛ جب تک کہ دَم میں دَم ہے　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۳۴ تُو نے ہی میرے جانی! خوشیوں کے دن دکھائے　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۳۵ تُو سچّے وعدوں والا؛ منکر کہاں کدھر ہیں　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۳۶ تُو ہے ہمارا رہبر؛ تیرا نہیں ہے ہمسر　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۳۷ تیرے سپرد تینوں؛ دِیں کے قمر بنانا　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۳۸ تُو ہے جو پالتا ہے؛ ہر دَم سنبھالتا ہے　　غم سے نکالتا ہے؛ دردوں کو ٹالتا ہے
۳۹ تُو نے سکھایا فرقاں؛ جو ہے مدارِ ایماں　　جس سے ملے ہے عرفاں؛ اور دُور ہووے شیطاں
۴۰ تیرا نبی جو آیا؛ اس نے خدا دکھایا　　دینِ قویم لایا؛ بِدّعات کو مٹایا
۴۱ تُو نے اس عاجزہ کو چار دیے ہیں لڑکے　　تیری بخشش ہے یہ اور فضل نمایاں تیرا
۴۲ تُو نے اِن چاروں کی پہلے سے بشارت دی تھی　　تُو وہ حاکم ہے؛ کہ ٹلتا نہیں فرماں تیرا
۴۳ تیرے احسانوں کا کیوں کر ہو بیاں اے پیارے!　　مجھ پہ بے حد ہے کرم؛ اے مِرے جاناں تیرا
۴۴ تخت پر شاہی کے ہے مجھ کو بٹھایا تُو نے　　دِین و دنیا میں ہوا مجھ پہ ہے احساں تیرا
۴۵ تیرے احساں ہیں اے ربّ البرایا　　مبارکؔ کو بھی پھر تُو نے جِلایا
۴۶ تُو خود کر پرورش اے میرے اخوند　　وہ تیرے ہیں؛ ہماری عمر تاچند
۴۷ تیری قدرت کے آگے روک کیا ہے　　وہ سب دے ان کو؛ جو مجھ کو دیا ہے
۴۸ تجھے حمد و ثناء زیبا ہے پیارے　　کہ تُو نے کام سب میرے سنوارے
۴۹ تیری رحمت ہے میرے گھر کا شہتیر　　میری جاں؛ تیرے فضلوں کی پنہ گیر
۵۰ تیری رحمت عجب ہے؛ اے میرے یار!　　تیرے فضلوں سے میرا گھر ہے گلزار
۵۱ تجھے دنیا میں ہے کس نے پکارا　　کہ پھر خالی گیا قِسمت کا مارا
۵۲ تو پھر ہے کس قدر اس کو سہارا　　کہ جس کا تُو ہی ہے سب سے پیارا
۵۳ تیری نصرت سے اب دشمن تبہ ہے　　ہر اِک جا میں ہماری تُو پنہ ہے
۵۴ تیرے فضلوں سے؛ جاں بستاں سَرا ہے　　تیرے نوروں سے؛ دل شمس الضحیٰ ہے

۵۵ تجھے سب زور و قدرت ہے خدایا — تجھے پایا؛ ہر اِک مطلب کو پایا
۵۶ تیری نعمت کی کچھ قلّت نہیں ہے — تہی اس سے کوئی ساعت نہیں ہے
۵۷ ترے کوچے میں کِن راہوں سے آؤں — وہ خدمت کیا ہے؛ جس سے تجھ کو پاؤں
۵۸ تو پھر کیونکر ملے وہ یارِ جانی — کہاں غِربال میں رہتا ہے پانی
۵۹ تمہیں کس نے یہ تعلیمِ خطا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۶۰ تم مرگئے؛ تمہاری وہ عظمت نہیں رہی — صورت بگڑگئی ہے؛ وہ صورت نہیں رہی
۶۱ تقویٰ کے جامے جتنے تھے؛ سب چاک ہوگئے — جتنے خیال دل میں تھے؛ ناپاک ہوگئے
۶۲ تھوڑے نہیں نشاں؛ جو دکھائے گئے تمہیں — کیا پاک راز تھے؛ جو بتائے گئے تمہیں
۶۳ تم میں سے جس کو دِین ودِیانت سے ہے پیار — اب اس کا فرض ہے؛ کہ وہ دل کر کے استوار
۶۴ تھم جاتے ہیں کچھ آنسو؛ یہ دیکھ کر کہ ہرسُو — اس غم سے صادقوں کا آہ و بکا یہی ہے
۶۵ تیری وفا ہے پوری؛ ہم میں ہے عیبِ دُوری — طاعت بھی ہے ادھوری؛ ہم پر بلا یہی ہے
۶۶ تجھ میں وفا ہے پیارے! سچّے ہیں عہد سارے — ہم جا پڑے کنارے؛ جائے بکا یہی ہے
۶۷ تو پھر اس پر خدائی کا گماں کیا — وگر قدرت بھی پھر وہ ناتواں کیا
۶۸ تناسخ اڑ گیا؛ آئی قیامت — کرو کچھ فکر اب حضرت سلامت
۶۹ تکبّر سے نہیں ملتا وہ دِلدار — ملے جو خاک سے؛ اس کو ملے یار
۷۰ تیرے مکروں سے اے جاہل! میرا نقصاں نہیں ہرگز — کہ یہ جاں آگ میں پڑ کر؛ سلامت آنے والی ہے
۷۱ تم تو ہو آرام میں؛ پر اپنا قصہ کیا کہیں — پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے سخت گھبرانے کے دن
۷۲ تیرے ہاتھوں سے میرے پیارے اگر کچھ ہوتو ہو — ورنہ دِیں میّت ہے؛ اور یہ دن ہیں دفنانے کے دن
۷۳ تم دیکھتے ہو کیسے دلوں پر ہیں ان کے زنگ — دنیا ہی ہوگئی ہے غرض؛ دِیں سے آئے تنگ
۷۴ تا اس کے دل پہ نورِ یقیں کا نزول ہو — تا وہ جناب عزّ وَجَل میں قبول ہو
۷۵ تم دیکھتے ہو؛ قوم میں عِفّت نہیں رہی — وہ صدق، وہ صفا؛ وہ طہارت نہیں رہی
۷۶ تب وہ خدائے پاک نشاں کو دکھاتا ہے — غیروں پہ اپنا رعب؛ نشاں سے جماتا ہے

۷۷ تقویٰ یہی ہے یارو! کہ نخوت کو چھوڑ دو  کِبر و غرور و بُخل کی عادت کو چھوڑ دو

۷۸ تلخی کی زندگی کو؛ کرو صِدق سے قبول  تا تم پہ ہو ملائکۂ عَرش کا نزول

۷۹ تقویٰ کی جڑ؛ خدا کیلئے خاکساری ہے  عِفّت جو شرطِ دِیں ہے؛ وہ تقویٰ میں ساری ہے

۸۰ تم دیکھ کر بھی بد کو؛ بچو بدگمان سے  ڈرتے رہو عِقابِ خدائے جہان سے

۸۱ تھے چاہتے؛ کہ مجھ کو دکھائیں عدم کی راہ  یا حاکموں سے پھانسی دِلا کر کریں تباہ

۸۲ توریت میں بھی نیز کلامِ مجید میں  لکھا گیا ہے رنگِ وعیدِ شدید میں

۸۳ تم میں نہ رحم ہے، نہ عدالت؛ نہ اتّقا  پس اس سبب سے ساتھ تمہارے نہیں خدا

۸۴ تم نے تو مجھ کو قتل کرانے کی ٹھانی تھی  یہ بات اپنے دل میں بہت سہل جانی تھی

۸۵ تھے چاہتے؛ صلیب پہ یہ شخص کھینچا جائے  تا تم کو ایک فخر سے یہ بات ہاتھ آئے

۸۶ تم بد بنا کے؛ پھر بھی گرفتار ہوگئے  یہ بھی تو ہیں نشاں؛ جو نمودار ہوگئے

۸۷ تاہم وہ دوسرے بھی نشاں ہیں ہمارے پاس  لکھتے ہیں اب خدا کی عنایت سے بے ہراس

۸۸ تیرے کاموں سے مجھے حیرت ہے اے میرے کریم  کس عمل پر مجھ کو دی ہے خلعتِ قرب وجوار

۸۹ تیرے، اے میرے مربی! کیا عجائب کام ہیں  گرچہ بھاگیں جبر سے دیتا ہے قسمت کے ثمار

۹۰ تیرے ہاتھوں سے میرے پیارے! اگر کچھ ہو، تو ہو  ورنہ فِتنہ کا قدم بڑھتا ہے ہردَم سیل وار

۹۱ تم تو کہتے تھے؛ کہ یہ نابود ہو جائیگا جلد  یہ ہمارے ہاتھ کے نیچے ہے اک ادنیٰ شکار

۹۲ تھا نوِشتوں میں یہی اَز اِبتدا تا اِنتہا  پھر مٹے کیونکر؛ کہ ہے تقدیر نے نقشِ جدار

۹۳ تیرے آگے محو یا اِثبات ناممکن نہیں  جوڑنا یا توڑنا؛ یہ کام تیرے اختیار

۹۴ تُو ہی بگڑی کو بناوے؛ توڑ دے جب بن چکا  تیرے بھیدوں کو نہ پاوے؛ سو کرے کوئی بچار

۹۵ تلخ ہوتا ہے ثمر؛ جب تک کہ ہو وہ ناتمام  اس طرح ایماں بھی ہے؛ جب تک نہ ہو کامل پیار

۹۶ تیرے منہ کی بھوک نے؛ دل کو کیا زیروزبر  اے میرے فردوسِ اعلیٰ! اب گرا مجھ پر ثمار

## ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۹۷ تا بہ مقصود جو کہ پہنچائے  وہی رستہ بتا دیا تُو نے

۹۸ تیرا پایہ؛ تو بس یہی پایا — تیرے پانے سے ہی؛ خدا پایا

۹۹ تُو مدینہ ہے علمِ اکمل کا — تیرا سینہ ہے مہبطِ قرآن

۱۰۰ تیرے ملنے سے؛ ملا ہم کو وہ مقصودِ حیات — تجھ کو پا کر؛ ہم نے پایا کامِ دل آرامِ جاں

۱۰۱ تشنہ روحیں ہوگئیں سیراب تیرے فیض سے — علم و عرفانِ خداوندی کے بحرِ بیکراں

۱۰۲ تُو وہ آئینہ ہے؛ جس نے منہ دکھایا یار کا — جسمِ خاکی کو عطا کی روح؛ اے جانِ جہاں!

۱۰۳ تاقیامت جو رہے تازہ؛ تِری تعلیم ہے — تُو ہے روحانی مریضوں کا طبیبِ جاوداں

۱۰۴ تُو نے 'مجموعِ دوعالَم' کو پریشاں کر دیا — عاشقوں کو تُو نے سرگرداں و حیراں کردِیا

۱۰۵ تیرے جلووں نے بہت ذرّے کئے خورشیدوار — خاک کی چٹکی کو مِثلِ ماہِ تاباں کردِیا

۱۰۶ تِرے ذائر ہیں تِرے اعجاز کے منت پذیر — واپسی کے چُن دئے دَر؛ دخل آساں کردِیا

۱۰۷ تیری خوں خواری مسلّم ہے تپِ عشقِ شدید — خود تو ہے کافر؛ مگر ہم کو مسلماں کردِیا

۱۰۸ تسخیرِ خَلق، خُلق و محبت سے تم کرو — ہر ایک سے خلوص و محبت نصیب ہو

۱۰۹ تیرے دل میں میرا ظہور ہے تیرا سَر ہی خود سَرِ طُور ہے — تِری آنکھ میں مِرا نور ہے، مجھے کون کہتا ہے دُور ہے
مجھے دیکھتا جو نہیں ہے تُو، یہ تِری نظر کا قصور ہے

۱۱۰ تمہیں سلام و دعا ہے نصیب صبح و مسا — جوارِ مرقدِ شاہِ زماں میں رہتے ہو

۱۱۱ تمہارے دَم سے؛ ہمارے گھروں کی آبادی — تمہاری قید پہ صدقے؛ ہزار آزادی

۱۱۲ تجھ کو تیرا ہی واسطہ پیارے! — میرے پیاروں کو دے شِفا پیارے!

۱۱۳ تُو چاہے اگر خاک کی چٹکی میں شِفا دے — ہر ذرۂ ناچیز کو اکسیر بنا دے

۱۱۴ تسکینِ دل و راحتِ جاں مل ہی نہ سکتی — آلامِ زمانہ سے اماں مل ہی نہ سکتی

۱۱۵ تقدیر یہی ہے؛ تو یہ تقدیر بدل دے — تُو مالکِ تحریر ہے؛ تحریر بدل دے

۱۱۶ تِری نصرت سے ساری مشکلیں آسان ہو جائیں — ہزاروں رحمتیں ہوں؛ فضل کے سامان پیدا کر

۱۱۷ تِرے سامنے ہاتھ پھیلا رہی ہوں — مِری شرم رکھ؛ میری جھولی بھرا دے

۱۱۸ تجھ کو روحانی خزائن ہیں مسیحا سے ملے — دونوں ہاتھوں سے لُٹا اے صاحبِ جود و سخا

۱۱۹ تیر بر معصوم می بارد خبیثِ بَد گُهر  آسمان را حق بود گر سنگ بارد بَر زمین

۱۲۰ تڑپا کرے نہ اب کوئی گُلفام کیلئے  رونا ہو جس کو؛ روئے وہ اسلام کیلئے

۱۲۱ تجھ کو ہمارا کچھ بھی نہیں غم؛ غضب ہوا  بَدتر یہودیوں سے ہوئے ہم؛ غضب ہوا

۱۲۲ تازہ ستم ہے یہ؛ کہ خلافت نہیں رہی  سب ملک ہم سے چِھن گئے؛ شوکت نہیں رہی

۱۲۳ تازگی آگئی چہروں پہ؛ کھِلے جاتے ہیں  دل کی حالت کا؛ زباں کر نہیں سکتی اظہار

۱۲۴ تیرا رتبہ ہے؛ فہم سے بالا  سرنگوں ہو رہی ہے؛ عقلِ سلیم

۱۲۵ تیری تعریف؛ اور مَیں ناچیز  گنگ ہوتی ہے یاں؛ زبانِ کلیم

۱۲۶ تجھے قسم تِرے ستّار نام کی پیارے!  بروئے حشر سوال و جواب جانے دے

## «کلامِ طاھر»

۱۲۷ تیرا احساں ہے کہ تُو نے مجھے گیتوں کیلئے چُن لیا ہے  کہ مَیں بُنتا رہوں؛ گاتا رہوں گیت

۱۲۸ تُو تو مالک ہے، خداوند ہے؛ خالق ہے مِرا  مجھ سے ناراض نہ ہونا؛ مَیں تِرا چاکر ہوں

۱۲۹ تُو خوں میں نہائے ہوئے ٹیلوں کا وطن ہے  گُل رنگ شَفَق؛ قِرمزی جھیلوں کا وطن ہے

۱۳۰ تم سچے؛ تو جگ میں کون رہا جھوٹا  ہم جھوٹے؛ تو سچا کون رہا ہوگا

۱۳۱ تنگ آئے ہیں روز کی بک بک جھک جھک سے  کر گزرو؛ جو کچھ تم نے کرنا ہوگا

۱۳۲ تم پر بھی تو ایک عدالت بیٹھے گی  جیسا کیا ہے؛ ویسا ہی بھرنا ہوگا

۱۳۳ تم میں اگر ہے اچھا ایک؛ ہزار بُرے  ہم میں ایک بُرا؛ تو ہزار اچھا ہوگا

۱۳۴ توحید کے پرچارک؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے  ہے بات یہی بَرحق؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۱۳۵ توڑ دیتیں ڈالیاں؛ آتا نہ کچھ ان کو خیال  آپ تو داڑھی منڈا کر؛ بچ گئے ہیں بال بال

۱۳۶ تب عرشِ معلّیٰ سے اِک نُور کا تخت اُترا  اِک فوج فرشتوں کی ہمراہ سوار آئی

۱۳۷ تیرے جلَو میں ہی مِرا اُٹھتا ہے ہرقدم  چلتا ہوں خاکِ پا کو تِری چُومتا ہوا

۱۳۸ تُو وہ؛ کہ میرے دِل سے جگر تک اُتر گیا  مَیں وہ؛ کہ میرا کوئی نہیں ہے تِرے سِوا

۱۳۹ تیرے حضور تہ ہے مِرا زانُوے ادب  مَیں جانتا نہیں ہوں کوئی پیشوا دِگر

۱۴۰ تیرے وجود کی ہوں مَیں وہ شاخِ باثمر
جس پر ہرآن رکھتا ہے ربّ الوریٰ نظر

۱۴۱ تُو مشرقی، نہ مغربی؛ اے نورِشَش جہات
تیرا وطن عرب ہے؛ نہ تیرا وطن عجم

۱۴۲ تُو نے مجھے خرید لیا؛ اِک نگہ کے ساتھ
اب تُو ہی تُو ہے؛ تیرے سِوا مَیں ہوں کالعدم

۱۴۳ تیرا ہی فیض ہے؛ کوئی میری عطا نہیں
**"ایں چشمۂ رواں کہ بخلق خدا دِھم"**

۱۴۴ تب آئے وہ ساقیٔ کوثر؛ مستِ مَئے عرفان پیمبر
پِیرمُغانِ بادۂ اطہر مَے نوشوں کی عید بنانے

۱۴۵ تُو میرے دل کا نور ہے؛ اے جانِ آرزو!
روشن تجھی سے آنکھ ہے؛ اے نیّرِ ہدیٰ!

۱۴۶ **توڑ دیا ظلمات کا گھیرا؛ دُور کیا ایک ایک اندھیرا**
**جاء الحق وزھق الباطل؛**
**ان الباطل کان زھوقا**

۱۴۷ تاریکی پہ تاریکی؛ گُمراہی پہ گُمراہی
اِبلیس نے کی اپنے لشکر کی صف آرائی

۱۴۸ تیرا غلامِ در ہوں؛ ترا ہی اَسیرِ عشق
تُو میرا بھی حبیب ہے؛ محبوبِ کبریاؐ

۱۴۹ تشنہ لبوں کی خاطر؛ ہرسمت گھومتے ہیں
تھامے ہوئے سبوئے گُلفامِ احمدیت

۱۵۰ تب آیا اِک منادی؛ اور ہر طرف صدا دی
آؤ! کہ ان کی زَد سے اسلام کو بچائیں

۱۵۱ تبلیغِ احمدیت؛ دنیا میں کام اپنا
دارالعمل ہے گویا عالَم تمام اپنا

تم دعائیں کرو، یہ دعا ہی تو تھی؛
ہے ازل سے یہ تقدیرِ نمرودیت؛
۱۵۲ جس نے توڑا تھا سر کبرِ نمرود کا
آپ ہی آگ میں اپنی جل جائیگی

۱۵۳ تُو تو ایسا نہیں محبوب کوئی اور ہوں گے
وہ جو کہلاتے ہیں؛ دل توڑ کے جانے والے

۱۵۴ تُو تو ہر بار سرِ رَہ سے پلٹ آتا ہے
دل میں ہرسمت سے پَل پَل مِرے آنے والے

تمہاری خوشیاں جھلک رہی ہیں؛
تمہارے خونِ جگر کی مَے سے ہی؛
۱۵۵ مِرے مقدر کے زائچے میں
میرا بھرتا ہے جام کہنا

تمہاری خاطر ہیں میرے نغمے؛
تمہارے دَرد و اَلَم سے تَر ہیں؛
۱۵۶ مِری دعائیں تمہاری دولت
مِرے سجود و قیام کہنا

۱۵۷ تمھیں مٹانے کا زعم لے کر؛ خدا اُڑا دے گا خاک اُن کی؛
اُٹھے ہیں جو خاک کے بگولے کرے گا رُسوائے عام کہنا

۱۵۸ تم چلے آئے، مَیں نے جو آواز دی؛ پر کریں پرشکستہ وہ کیا؛
تم کو مولیٰ نے توفیقِ پرواز دی جو پڑے رِہ گئے چشمکِ دُشمناں کیلئے

۱۵۹ تُو جور و جَفا کی نگری؛ ہے تجھ پہ عیاں؛
صبر و وَفا کے دیس سے آیا ہے مِرے پیاروں پر غیروں نے سِتم جو ڈھایا ہے

۱۶۰ تُو میرے دِل کی شَش جہات بنے اِک نئی میری کائنات بنے

۱۶۱ تیرے منہ کے سُبک سہانے بول دِل کے بھاری معاملات بنے

۱۶۲ تُم دُور دُور کے دیسوں سے؛ تو میرے دل کے کھیتوں میں؛
جب قافلہ قافلہ آؤ گے پھولیں گی فصلیں سرسوں کی

۱۶۳ تِری راہوں میں کیا کیا اِبتلا روزانہ آتا ہے وفا کا امتحاں لینا تجھے کیا کیا نہ آتا ہے

۱۶۴ تصور اِن دنوں جس رَہ سے بھی ربوہ پہنچتا ہے تعجب ہے کہ ہر اُس راہ پر ننکانہ آتا ہے

۱۶۵ تم اُٹھے ہو؛ تو لاکھ اُجالے اُٹھے تم چلے ہو؛ تو بَرق گام چلو

۱۶۶ تم سے وابستہ ہے جہانِ نَو تمھیں سونپی گئی زِمام؛ چلو

۱۶۷ تم نے مِری جَلوت میں نئے رنگ بھرے ہیں تم نے مِری تنہائیوں میں ساتھ دیا ہے

۱۶۸ تم چاندنی راتوں میں مِرے پاس رہے ہو تُم سے ہی مِری نَقرئی صُبحوں میں ضیا ہے

۱۶۹ تجھ پر میری جان نچھاور؛ اتنی کِرپا، اِک پاپی پر جس کے گھر نارائن آیا؛ وہ کیڑی سے بھی کمتر تھا

۱۷۰ تِری بے حساب بخشش کی گلی گلی نِدا دوں یہ نوید تیرے چاکر گنہگار تک تو پہنچے

۱۷۱ تم وہی ہو؛ تو کرو کچھ تو مُداوا غم کا جن کے تم چارہ تھے؛ وہ دَرد تو سارے ہیں وہی

۱۷۲ تم نے جاتے ہوئے پلکوں پہ سَجا رکھے تھے جو گُہر؛ اب بھی مِری آنکھوں کے تارے ہیں وہی

۱۷۳ تِری بقا کا سفر تھا قدم قدم اعجاز بدن سے سانس کا ہر رشتہ؛ دَم بہ دَم اعجاز

۱۷۴ تِرا فنا کے اُفق سے پلٹ پلٹ آنا دُعا کے دوش پہ نبضوں کا زیر و بَم اعجاز

۱۷۵ تھا اِک کرشمۂ پیہم ترا دلِ بیمار — دِکھایا ہوگا کسی دِل نے ایسا کم اعجاز

۱۷۶ تُو روٹھ کے؛ اُمیدوں کا دل توڑ گیا ہے — اے میری اُمنگوں کے سہاروں کے سہارے!

۱۷۷ تم جن کا وسیلہ تھیں؛ وہ روتی ہیں، کہ تم نے — دَم توڑ کے؛ توڑے ہیں ہزاروں کے سہارے

۱۷۸ تمہارا چہرہ بُرا تو نہیں؛ نہادھو کر — کبھی تو حسنِ شرافت نکھار کر دیکھو

۱۷۹ تُو اپنے حسیں خوابوں کی تعبیر بھی دیکھے — اِک تازہ نئی صبح کی تنویر بھی دیکھے

۱۸۰ تم نے بھی مجھ سے تعلق کوئی رکھا ہوتا — کاش! یوں ہوتا؛ تو مَیں اتنا نہ تنہا ہوتا

۱۸۱ تجھ میں تھیں جو چشم ہائے تَر؛ رحمت علی سے بہرہ وَر — آج بھی ہیں اُن میں سے کئی نرگسی خصال دیدہ وَر

۱۸۲ تیری سرزمیں کی خاک سے؛ مثلِ آدمؑ اولیاءاُٹھے — پھر انہی کی خاکِ پاک سے؛ بےشمار باخدا اُٹھے

۱۸۳ تحفۂ خلوص لایا ہوں؛ تجھ پہ بھیجتا ہوا سلام — نفرتوں کا مَیں نہیں نقیب؛ صلح وآشتی کا ہوں پیام

۱۸۴ تیرا سر ہے تاجدارِ حُسن؛ خاکِ پا ہے سبزہ زارِ حُسن — ہر حَسین کوہسار سے؛ پھوٹتی ہے آبشارِ حُسن

۱۸۵ تیرے لئے ہے آنکھ کوئی اشکبار؛ دیکھ — نظریں اُٹھا؛ خدا کیلئے، ایک بار دیکھ

۱۸۶ تُو مجھ سے آج وعدۂ ضبطِ اَلَم نہ لے — اِن آنسوؤں کا کوئی نہیں اعتبار دیکھ

۱۸۷ تھا وہ تعبیر میرے خوابوں کی — یا ہیولیٰ سا خواب کا سا تھا

## کلامِ محمود

۱۸۸ تیری رضا کا ہوں مَیں طلب گار؛ ہر گھڑی — گر یہ ملے تو جانوں؛ کہ سب کچھ مِلا مجھے

۱۸۹ تیرا دِلدادہ ہو؛ دِیں پر ہو فِدا — ہو یہ عاشق؛ احمدِ مُختار کا

۱۹۰ تا کہ انصاف کے پانے میں نہ ہو کچھ دِقّت — مُنصِفوں اور جَجوں تک کی بھی؛ کی ہے کثرت

۱۹۱ تھا مسیحا بھی تو پیدائش وقتِ قیصر — زندگی چھوٹے بڑے چین سے کرتے تھے بسَر

۱۹۲ تجھ پہ رحمت ہو خدا کی؛ کہ مسیحا تُو نے — رِشتۂ اُلفت ووَحدت میں ہے باندھا ہم کو

۱۹۳ تجھ پہ ہم کیوں نہ مَریں اے مِرے پیارے کہ ہے تُو — دولت و آبرُو و جان سے پیارا ہم کو

۱۹۴ تاریکی و جہالت و ظلمت کِدھر گئی — دنیا سے آج ان کا ہوا کیوں ہے گُم نشاں

۱۹۵ تڑپ رہی ہے مِری رُوح جسمِ خاکی میں — ترے سِوا مجھے اِک دَم بھی اب قرار نہیں

۱۹۶ ترے اس حالِ بَد کو دیکھ کر؛ قوم! / جگر ٹکڑے ہے؛ اور دل خوں فشاں ہے

۱۹۷ ترقی احمدی فِرقہ کی دیکھے / بٹالہ میں جو اِک پیرِ مغاں ہے

۱۹۸ تیرا ہر ہر لفظ؛ اے پیارے مسیحائے زماں! / حق کے پیاسوں کیلئے؛ آبِ بقا ہوجائے گا

۱۹۹ تیرے جاتے ہی؛ ترا خیال چلا آتا ہے / تیرے جانے میں بھی؛ آنے کا تماشا دیکھا

۲۰۰ تیری آنکھوں میں ہے دیکھی مَلَکُ المَوت کی آنکھ / ہم نے ہاتھوں میں ترے؛ قبضہ قضا کا دیکھا

۲۰۱ تیری غُصّہ بھری آنکھوں کو؛ جو دیکھا مَیں نے / حُور کی آنکھ میں؛ دوزخ کا نظارہ دیکھا

۲۰۲ تُو تو ہنستا ہے؛ مگر روتا ہوں مَیں اس فکر میں / وہ ہیں اس دنیا سے اِک دنیا کے اُٹھ جانے کے دن

۲۰۳ تاجِ اِقبال کا سَر پر ہے مزیَّن تیرے / نُصرت و فتح کا اُڑتا ہے؛ ہَوا میں پرچم

۲۰۴ تیرے ہاتھوں سے ہی دجّال کی ٹُوٹے گی کمر / شِرک کے ہاتھ؛ ترے ہاتھ سے ہی ہوویں گے قلم

۲۰۵ تب اُنہیں ہوگی خبر؛ اور کہیں گے ہَیہات / ہم تو کرتے رہے ہیں اپنی ہی جانوں پہ سِتم

۲۰۶ تیری سچّائی کا دنیا میں بجے گا ڈَنکا / بادشاہوں کے ترے سامنے ہوں گے سَرخَم

۲۰۷ تیرے اَعداء جو ہیں؛ دوزخ میں جگہ پائیں گے / پر جگہ تیرے مُریدوں کی تو ہے باغِ ارم

۲۰۸ تم کہتے ہو؛ اَمن میں ہیں ہم، اور / مُنہ کھولے ہوئے کھڑی بَلا ہے

۲۰۹ تقدیر سے ہوچکا مقدّر / قسمت میں تمھاری زلزلہ ہے

۲۱۰ تم اب بھی نہ بڑھو؛ تو غضب ہے / کہ دُشمن ہے بے کَس؛ تمھارا خُدا ہے

۲۱۱ ترِی عَقل کو قوم! کیا ہوگیا ہے / اُسی کی ہے بَدخواہ؛ جو رہنما ہے

۲۱۲ تمام دنیا میں تھا اندھیرا کیا تھا ظلمت نے یاں بَسیرا / ہوا ہے جس سے جہان روشن وہ معرفت کا یہی دِیا ہے

۲۱۳ تم اُمَّتِ محمّدِ خیر الرسل سے ہو / ہے لُطف و فضل تم پہ اسی مہربان کا

۲۱۴ توحید کا سبق ہی جو تعلیمِ شِرک ہے / ہاں! کُفر ہے بتانا؛ اگر حَق بیان کا

۲۱۵ تو ایسے شِرک پر ہوں فِدا؛ مال و آبرُو / اور ایسے کُفر روگ بنے؛ میری جان کا

۲۱۶ تسکین دِہ مِرے لیے؛ بس اِک وجود تھا / تم جانتے ہو؛ اس سے بھی اَب تو جُدا ہُوں مَیں

۲۱۷ تیرے یُوسُفؑ کا مجھے خُوب پتا ہے؛ اے دِل! / کوئی دِن اور کنوئیں تجھ کو جھنکالوں تو کہوں

۲۱۸ تقویٰ کی جڑ یہی ہے؛ کہ خالق سے پیار ہو
گو ہاتھ کام میں ہوں؛ مگر دِل میں یار ہو

۲۱۹ تُو تو واں جنّت میں خوش اور شاد ہے
اِن غریبوں کی خبر کو آئے کون

۲۲۰ تُجھ سے تھی ہم کو تسلّی ہر گھڑی
تیرے مرنے پر ہمیں بہلائے کون

۲۲۱ تڑپ ہے دِین کی مجھ کو؛ اُسے دنیا کی لالچ ہے
مُخالِف پر ہمیشہ مَیں تبھی مَنصُور رہتا ہوں

۲۲۲ تنگ ہوں اِس بے وَفا دنیا سے مَیں
مجھ کو یارب! خواہشِ دِیدار ہے

۲۲۳ تِرے چاکر ہوں ہم پانچوں؛ اِلٰہی!
ہمیں طاقت عطا کر تُو وَفا کی

۲۲۴ تِری خِدمت میں پائیں جان ودِل کو
گھڑی جب چاہے آجائے قضا کی

۲۲۵ تِرے بِن زندگی کا کچھ نہیں لُطف
ہمارے ساتھ پیارے! ہر زَماں ہو

۲۲۶ تجھے جِس راہ سے لوگوں نے پایا
وہ رازِ مَعرِفَت ہم پر عیاں ہو

۲۲۷ تم پہ کھولے جائیں گے جنّت کے دروازے یہیں
تم پہ ہو جائیں گے سب اَسرارِ قُدرت آشکار

۲۲۸ تِشنگی بڑھتی گئی؛ جتنا کِیا دُنیا سے پیار
پانی سمجھے تھے جسے؛ وہ تھا حقیقت میں سَراب

۲۲۹ تیرا دَر چھوڑ کر کہاں جائیں
کس سے جا کر طَلَب کریں اِمداد

۲۳۰ تجھ پہ ہے فَرض نُصرتِ اسلام
تجھ پہ واجب ہے دَعوت و اِرشاد

۲۳۱ تِرا تو دِل ہے صَنَم خانہ؛ پھر تجھے کیا نفع
اگر زباں سے کہا؛ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

۲۳۲ تَغافُل ہوچکا صاحِب! خبر لیجے؛ نہیں تو پھر
کوئی دَم میں یہ سُن لوگے؛ فُلاں کی نَعش جاتی ہے

۲۳۳ تِری رَہ میں بچھائے بیٹھے ہیں دل مُدَّتوں سے ہم
سواری؛ دیکھئے اَب دِلرُبا! کب تیری آتی ہے

۲۳۴ تِری محبت کے جرم میں ہاں؛
تواس کو جانیں گے عین راحت؛
جو پیس بھی ڈالے جائیں گے ہم
نہ دل میں کچھ خیال لائینگے ہم

۲۳۵ تُم مُدَبّر ہو، کہ جَرنیل ہو؛ یا عالِم ہو
ہم نہ خوش ہوں گے کبھی؛ تم میں گر اِسلام نہ ہو

۲۳۶ تم نے دنیا بھی جو کی فَتح؛ تو کچھ بھی نہ کیا
نَفسِ وَحشی و جَفاکیش؛ اگر رام نہ ہو

۲۳۷ تم نے مُنہ پھیر لیا؛ اُن کے اُلٹتے ہی نِقاب
کیا یہ مُمکن ہے؛ کہ دِلبر کی بھی پہچان نہ ہو

۲۳۸ تاک میں لشکرِ محمود ابھی بیٹھا ہے
ہاں! سمجھ کر ذرا ناقُوس بجائے کوئی

۲۳۹ تیرے آگے ہاتھ پھیلاؤں نہ گر
کس کے آگے؛ اور پھیلاؤں کہاں

۲۴۰ تَسلّی پا گیا تُو کس طرح؟ تب لُطف تھا سالِک
کہ آنکھیں چار ہوتیں؛ اور باہَم گُفتگو ہوتی

۲۴۱ تِشنہ لَب ہوں بڑی مُدّت سے؛ خُدا شاہِد ہے
بھردے اِک جام تو؛ کوثر کے لُٹانے والے!

۲۴۲ تجھ کو تیری ہی قَسَم؛ کیا یہ وَفاداری ہے
دوستی کر کے؛ مجھے دل سے بھُلانے والے!

۲۴۳ تاقیامت رہے جاری؛ یہ سَخاوَت تیری
او مِرے گنجِ مُعارِف کے لُٹانے والے!

۲۴۴ تِشنگی میری نہ پیالوں سے بُجھے گی ہرگز
خُم کا خُم لے کے مِرے مُنہ سے لگائے کوئی

۲۴۵ تُو کہے؛ اور نہ مانے مِرا دِل، ناممُکن
کس کی طاقت ہے؛ ترے حُکم کو ٹالے، پیارے!

۲۴۶ تیری زمیں ہے رِہن کیوں؛ ہاتھ میں گبرِ سَخت کے
تیری تجارتوں میں ہے؛ صُبح و مَسا زِیان کیوں

۲۴۷ تجھ کو اگر خبر نہیں، اس کے سبب کی؛ مجھ سے سُن!
تجھ کو بتاؤں مَیں؛ کہ برگشتہ ہُوا جہان کیوں

۲۴۸ تم میں وہ زور، وہ طاقت ہے اگر؛ چاہو تو
چھَلنی کر سکتے ہو تم پُشتِ عَدُو تیروں سے

۲۴۹ تم بھی گر چاہتے ہو کچھ؛ تو جھکو اس کی طرف
فائدہ کیا تمھیں اس قِسَم کی تدبیروں سے

۲۵۰ تم مِرے قَتل کو نِکلے تو ہو؛ پَر غور کرو!
شیشے کے ٹکڑوں کو، نسبت بھلا کیا؛ ہیروں سے

۲۵۱ توفیق مِلے اُسے عمل کی
کامِل ہو ہراِک جِہت سے ایماں؛ آمین

۲۵۲ تیرے عاشق کا کیا بتائیں حال
رات دن اَشکبار رہتا ہے

۲۵۳ تیری خِدمت میں یہ ہے عَرض؛ بَصَد عجز و نیاز
قبضۂ غیر میں؛ اے جان! مِری جان نہ ہو

۲۵۴ تُو ہے مَقبُولِ اِلٰہی بھی؛ تو یہ بات نہ بھُول
سامنے تیرے کوئی موسیٰ عمران نہ ہو

۲۵۵ تجھ میں ہِمّت ہے؛ تو کچھ کر کے دِکھا دُنیا کو
اپنے اَجداد کے اَعمال پر نازان نہ ہو

۲۵۶ تھوڑی سی بھی تکلیف مِری؛ اُن پہ گِراں تھی
کرتے نہ تھے اِک کانٹے کا چُبھنا بھی گوارا

۲۵۷ تکلیف میں؛ ہوتا نہیں کوئی بھی کسی کا
احباب بھی کر جاتے ہیں؛ اُس وَقت کِنارہ

۲۵۸ تیری تعلیم میں؛ کیا جادُو بھرا ہے، مِرزا!
جس سے حیوان بھی؛ اِنسان ہوئے جاتے ہیں

۲۵۹ تمھیں تِریاق مُبارَک ہو؛ مجھے زہر کے گھُونٹ
غم ہی اچھا ہے مجھے؛
تم مجھے غم کھانے دو

٢٦٠ تَن سے کیا جان جُدا رہتی ہے؛ یا جان سے تَن      راستہ چھوڑ دو دَربانو! مجھے جانے دو

٢٦١ تُو وہ قادِر ہے؛ کہ تیرا کوئی ہَمسَر ہی نہیں      مَیں وہ بےبَس ہوں کہ بےدَر بھی ہوں بےپَر ہی نہیں

٢٦٢ تیری نگاہِ لُطف اُتارے گی مجھ کو پار      کٹتے ہیں مجھ سے عِشق کے یہ بحر و بَر کہاں

٢٦٣ ترے دَر پر ہی؛ میری جان نکلے      خُدایا! یہ مِرا اَرمان نکلے

٢٦٤ ترے ہاتھوں سے؛ اے نَفسِ دَنی سُن!      جِنھیں دیکھا؛ وہی نالان نکلے

٢٦٥ تری نِسبت سُنے تھے جس قَدر عَیب      وہ سارے جھوٹ اور بُہتان نکلے

٢٦٦ تم ہو میری راحتِ جاں؛ تم سے وابستہ ہے اَرماں      زور سے پکڑوں گا داماں مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

٢٦٧ تم تو میرے ہو چکے ہو؛ تم مِرے گھر کے دیے ہو      میرے دل میں بَس رہے ہو مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

٢٦٨ تُو ایک ہو ساری دنیا میں؛ کوئی ساجھی اور شَریک نہ ہو      تُو سب دنیا کو دے لیکن خود تیرے ہاتھ میں بھِیک نہ ہو

٢٦٩ تری دَرگہ میں اِک اُمّید لے کر      ترا اِک بندۂ عاصی ہے آیا

٢٧٠ تو ہر پھِر کر یہی تدبیر سُوجھی      تری تقدیر کا دَر کھٹکھٹایا

٢٧١ تری دَرگاہ میں؛ وہ آخِرُالامر      تمنّا دِل میں لے کر ہے یہ آیا

٢٧٢ تری رحمت کی دیواروں کے اَندر      کلامُ اللہ کا؛ مِل جائے سایہ

٢٧٣ تُو وہ دُھونی محبت کی رَما کر      جَلا دے سب جَہالت اور مایا

٢٧٤ ترا اِلہام بھی؛ ہو اِن پہ نازِل      ترا اِکرام بھی ہو؛ ان کے شامل

٢٧٥ تری نصیحتیں بے کار؛ تیرے مَکر فُضول      یہ چھیڑ، جا کے کسی اور جَا پہ؛ اَفسانہ

٢٧٦ ترا خیال کِدھر ہے؛ یہ سوچ اے ناداں!      رہا ہے دُور کبھی شمع سے بھی پَروانہ

٢٧٧ تھی مَاحَصَل حَیات کا اِک سعیٔ ناتَمام      کاٹی گئی غریب حَوادِث کی دھار پر

٢٧٨ تازہ کرتے تھے یاد اُس کی؛ پھُول      یاد آتا تھا؛ گُلعذار کا رَنگ

٢٧٩ تھے طَرَب سے دَرخت بھی رَقصاں      گویا قِسمت پہ اپنی تھے نازاں

٢٨٠ تیری زمین پاک ہے؛ لَوثِ گناہ سے      محفوظ خاک ہے تری؛ ہر رُوسیاہ سے

٢٨١ تُو زیرِ تابشِ رُخِ اَنوَر ہے روز و شَب      ظُلمت کدہ میں لوٹ رہا ہوں مَیں دَم بہ لَب

۲۸۲ تجھ میں؛ جمالِ یار کی پاتا ہوں مَیں جھلک    اُٹھتی ہے جس کو دیکھ کے؛ دل میں مِرے کَسک

۲۸۳ تم دیکھو گے کہ اِنہی میں سے قَطراتِ محبت ٹپکیں گے    بادَل آفات ومصائب کے چھاتے ہیں اگر تو چھانے دو

۲۸۴ تم یاد آرہی ہو؛ دل کو سَتا رہی ہو    مَیں کیا کروں، کہ ہردَم؛ تم دُور جا رہی ہو

۲۸۵ تجھے اس جہان کے آئنہ میں جَمالِ یار کی جُستجُو    مجھے سو جہان دکھائی دیتا ہے؛ چَشمِ آئنہ ساز میں

۲۸۶ ترے جام کو مِرے خُون سے ہی؛    ہے یہ اِضطِراب، یہ زیر و بَم؛<br>
مِلا ہے رنگ یہ دِلفَریب    مِرے سوز سے ترے ساز میں

۲۸۷ تھا غَرقِ گُنہ؛ لیکن پڑتے ہی نِگہ اُن کی    اَشک آنکھوں میں اور ہاتھوں میں عَرش کے پائے تھے

۲۸۸ تُو بارگاہِ حُسن ہے؛ مَیں ہوں گدائے حُسن    مانگوں گا بار بار مَیں؛ تُو بار بار دے

۲۸۹ تنگ آگیا ہوں نَفس کے ہاتھوں سے میری جاں!    جلد آ؛ اور آ کے اِس مِرے دُشمن کو مار دے

۲۹۰ تیری رَہ میں؛ موت سے بڑھ کر نہیں عِزّت کوئی    دار پر سے ہے گُزرتا؛ راہ تیرے دار کا

۲۹۱ تعریف کے قابل ہیں؛ یا رَبّ! تیرے دیوانے    آباد ہوئے جن سے؛ دنیا کے ہیں وِیرانے

۲۹۲ تجھ سے مِل کر؛ نہ غیر کو دیکھوں    غیر کا مجھ کو مُبتَلا نہ بنا

۲۹۳ تیری صنعت پہ حَرف آتا ہے    توڑ دے؛ پر مجھے بُرا نہ بنا

۲۹۴ تِری محبت ہے میرے دل میں؛    زُبان میری، ترے تَصَرُّف میں؛<br>
مِری محبت ہے تیرے دل میں    بات تیری، مِرے دَہَن میں

۲۹۵ تِری دنیا میں فرزانے بہت سے پائے جاتے ہیں    مجھے تو بَخش دے؛ اپنی محبت کا جُنوں ساقی

۲۹۶ تجھے معلوم ہے؛ جو کچھ مِرے دل کی تمنّا ہے    مِرا ہر ذرّہ، گویا ہے؛ زباں سے کیا کہوں ساقی

۲۹۷ ترے دَر کی گدائی سے؛ بڑا ہے کون سا دَرجہ    مجھے گر بادشاہت بھی مِلے؛ تو مَیں نہ لُوں ساقی

۲۹۸ تُو مِری جاں کی غِذا ہے؛ مِرے دل کی راحت    پیٹ بھرتا ہی نہیں؛ تیری مُلاقاتوں سے

۲۹۹ تھا یادگار تِری؛ کیوں مِٹا دیا اُس کو    مِرا یہ دَردِ محبت کوئی عذاب نہ تھا

۳۰۰ تُو آئے؛ تو ہم تجھ کو سَر آنکھوں پہ بٹھائیں    جاں نذر میں دیں تجھ کو؛ تجھے دل میں بَسائیں

٣٠١ تُو ہندوستان میں روتا ہے؛
ہے میرا دل بھی زار؛
مَیں پاکستان میں کُڑھتا ہوں
فقط تیرا ہی حالِ زار نہیں

٣٠٢ تُم انسانوں کے چیلے ہو؛
مَیں عالِم ہوں مَیں فاضِل ہوں؛
مَیں اس کے دَر کا ریزہ ہوں
پَر سَر پہ مِرے دَستار نہیں

٣٠٣ تُو اس کے پیارے ہاتھوں کو اپنی گردن کا طَوق بنا
کیا تُو نے گلے میں ڈالا ہے ذُوالنّار ہے یہ زُنّار نہیں

٣٠٤ تَن پہ کمخواب؛ پیٹ میں حَلوان
جاں پہ اُن کی وَبال ہیں ایسے

٣٠٥ توڑنے کو بھی دل نہیں کرتا
یہ محبت کے جال ہیں ایسے

٣٠٦ تم نظر آتے ہو ذرّہ میں؛ غائب بھی ہو تم
سب خطاؤں سے بھی ہو تم پاک تائِب بھی ہو تم

٣٠٧ تم ہی آقا ہو مِرے؛ تم ہی مِرے مالِک ہو
میرے ساعاتِ غم ورَنج میں نائب بھی ہو تم

٣٠٨ تُو میرے دل میں؛ دل تجھ میں
قَصدِی و مَنَالِی! آ بھی جا

٣٠٩ تب کہیں جا کر ہُوا حاصِل وِصالِ ذاتِ پاک
مُدّتوں مَیں نے پَرَستِش کی تِری تصویر کی

٣١٠ توبہ کی بیل چڑھنے لگی ہے منڈھے پہ آج
اے درد! میری آنکھ کا فوّارہ چھوڑ دے

٣١١ تم نے سو بار مجھے نیچا دِکھانا چاہا
پَر مِرے دل کی مُرَوَّت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

٣١٢ تم کو مجھ سے ہے عَدَاوت؛ تو مجھے تم سے ہے پیار
میری یہ کیسی محبت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

٣١٣ توبہ بھی ہوگئی مَقبول؛ حُضُوری بھی ہوئی
پَر مِرے دل کی نَدامت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

٣١٤ تم میں، ہم میں؛ مُناسِبَت کیسی؟
تم مَفاصِل ہو؛ اور جوڑ ہیں ہم

٣١٥ تدبیر ایک پَردہ ہے؛ تَقدِیر اَصل ہے
ہوں گے بس اس کے فضل سے ہی کامگار ہم

٣١٦ تقویٰ کا جھنڈا جھُکتا ہے؛ پَر کُفر کی گُڈّی چڑھتی ہے
اس دنیا میں اب نیکوں کا؛ کوئی تو اللہ وَالی ہے

٣١٧ تُو مَشرِق کی بھی کہتا ہے؛ تُو مَغرِب کی بھی کہتا ہے
مگر رازِ دَرُونِ خانہ؛ پوشِیدہ ہی رہتا ہے

٣١٨ تُو آزادی کا ٹھپّہ کیوں غُلامی پر لگاتا ہے
غلافِ فَوصَوِیَّت لے کے قرآں پر چڑھاتا ہے

٣١٩ تِرے باپ دادوں کے مَخزَن مُقَفَّل
تِرے دل کو بھائی ہے؛ دولت پرائی

٣٢٠ تُو اِک بار مَجلس میں مجھ کو بُلا تو
کروں گا نہ تجھ سے کبھی بے وَفائی

۳۲۱ تعمیرِ کعبہ کیلئے کوئی جگہ تو ہو — پہلے صَنَم کدَہ کو گِرانا ہی چاہیئے

۳۲۲ تیرے بندے؛ اے خُدا! — دُنیا میں کچھ ایسے بھی ہیں

۳۲۳ تیرے بندے؛ اے خُدا! — سچ ہے؛ کہ کچھ ایسے بھی ہیں

۳۲۴ تجھ میں اُن میں غیرِ یَّت کوئی نظر آتی نہیں — ہیں اگر وہ مال تیرا؛ تُو بھی ان کا ہے صِلہ

۳۲۵ تیری خاطِر سِہہ رہے ہیں؛ ہر طرح کی ذِلّتیں — پَر اَدا کرتے نہیں؛ شیطاں کو ہرگِز باج وہ

۳۲۶ توحید کی ہو لَب پہ شہادت؛ خُدا کرے — ایمان کی ہو دل میں حَلاوَت؛ خُدا کرے

۳۲۷ تبلیغِ دِین و نَشرِ ہِدایت کے کام پر — مائل رہے تمھاری طَبِیعَت؛ خُدا کرے

۳۲۸ تم ہو خُدا کے ساتھ؛ خُدا ہو تمھارے ساتھ — ہُوں تم سے ایسے وقت میں رُخصت؛ خُدا کرے

۳۲۹ تم سے مِلنے کی خُدا کو بھی ہے خواہش؛ یہ خبر — مصطفیٰؐ! تُو نے سُنائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۳۳۰ تُو نے اِنسان کو؛ اِنسان بنایا پھر سے — وَرنہ شیطاں کی بَن آئی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۳۳۱ تجھے غیر کے غم میں مَرنے کی عادت — مَہارت ہے غیروں کو جَور و جَفا میں

۳۳۲ تعلّق کوئی بھی رکھنا نہ تم؛ بُغض و عَداوَت سے — کہ مومِن کو ترقی ملتی ہے؛ مِہر و محبت سے

۳۳۳ تِری یہ عاجزی بالا ہے؛ سب دنیا کی عِزَّت سے — تجھے کیا کام ہے دُنیا کی رِفعَت اور شوکت سے

۳۳۴ تِرا دُشمن بڑائی چاہتا ہے؛ گر شرارت سے — تو اس کا توڑ دے مُنہ تُو؛ محبت سے، مُرَوَّت سے

۳۳۵ تِرے دَر کے سِوا دیکھوں نہ دَروازہ کسی گھر کا — کبھی مَت کھینچیو ہاتھ اپنا تُو میری کَفالَت سے

۳۳۶ تِرے دُشمن تو سَر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جائیں گے — نہ ڈَر اُن سے، کھڑا ہو سامنے تُو اُن کے؛ جُراَت سے

۳۳۷ تم نے بھی آگ بُجھائی نہ؛ کبھی آکے مِری — میری آنکھوں سے مِرا دِل؛ یہ گِلہ کرتا ہے

۳۳۸ تِری تدبیر جب تقدیر سے لڑتی ہے؛ اے ناداں! — تو اِک نُقصان کے بدلے تِرے ہوتے ہیں سو نُقصاں

۳۳۹ تعلّق چھوڑ دیں گے؛ باپ ماں بھائی برادر سب — جو اَب تک یارِجانی تھا؛ وہ کُل ناآشنا ہوگا

۳۴۰ تبھی تَوحید کا بھی لُطف آئے گا ہمیں صاحِب! — زمیں پر بھی خُدا ہوگا؛ فلک پر بھی خُدا ہوگا

۳۴۱
تمھارے گھٹتے ہوئے ہیں سائے؛ — ہماری قِسمت میں یہ لِکھا ہے؛
ہمارے بڑھتے ہوئے ہیں سائے — تمھاری قِسمت میں وہ لِکھا ہے

تلاش اس کی عَبَث ہے واعِظ؛    وہ تیرے دل سے نکل چکا ہے؛

٣٤٢ کُجا ترا دل کُجا وہ دِلبر    نِگاہِ مومِن میں بَس رہا ہے

٣٤٣ تیرا جہان وَہم ہے؛ میرا جہاں عَمَل    مَیں مَستِ حال ہُوں؛ تو ہے مَستِ خیال تُو

٣٤٤ تیری عِنایتوں نے دِکھایا ہے یہ کَمال    اَعداءِ سخت آج نِگوں سار ہوگئے

٣٤٥ تم غیر کو دکھا کے؛ ہمیں قتل کیوں کرو    ہم کب زُباں پہ شِکوہ سَرِعام لائے ہیں

٣٤٦ تِری ہتھیلی پہ مَیں اپنے جان ودِل دھر دُوں    گر اپنا ہاتھ مِری سَمت تو دراز کرے

٣٤٧ تَقَدُّس کی تڑپ دل میں؛ تو آنکھوں میں حیا رکھی    مگر اِن خواہشوں کے ساتھ؛ دامن تَر دیا مجھ کو

٣٤٨ تھی موت کے وَقت اس کی یہ طُرفہ حالَت    لَب پہ تھی اگر آہ؛ تو تَن میں خَنجر

٣٤٩ تھی موت وہ ذِلّت کی؛ شہادت کیسی    کیا جن پہ پڑے قہرِ خُدا؛ ہیں وہ شہید؟

٣٥٠ تِری تقصیریں خود ہی تجھ کو لے ڈوبیں گی اے ظالم!    لِپٹ جائیں گی تیرے پاؤں میں وہ بن کے زَنجیریں

٣٥١ تیری اُلفت کا جو شکار ہوا    مَر کے؛ پھر زِندہ لاکھ بار ہوا

٣٥٢ تیری خوشی گیاہ میں؛ میری خوشی نِگاہ میں    میرا جہان اور ہے؛ تیرا جہان اور ہے

تِری محبت میں میرے پیارے!    مگر نہ چھوڑیں گے تجھ کو ہرگز؛

٣٥٣ ہر اِک مصیبت اُٹھائیں گے ہم    نہ تیرے دَر پر سے جائیں گے ہم

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

٣٥٤ تبلیغِ دِین میں؛ لگادیتے زندگی    بے فائدہ نہ وَقت گنواتے؛ تو خُوب تھا

# ٹ

## ('ٹ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ٹوٹے کاموں کو بناوے؛ جب نگاہِ فضل ہو — پھر بنا کر توڑ دے؛ اِک دَم میں کر دے تارتار

### ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۲ ٹال سکتا ہے کون فرمانِ خدا — کس طرح پوری نہ ہوتی سرنَوِشت

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ ٹھہریں تو ذرا دیکھیں؛ خفا ہی تو نہ ہو جائیں — جانا ہے، تو کچھ درس تو دیں؛ صبرورضا کا

### ﴿کلامِ محمود﴾

۴ ٹھہراتے ہیں کافر اُسے؛ جو ہادیٔ دِیں ہے — یہ خوب نمونہ ہے یہاں کے علمأ کا

۵ ٹوٹ جائیں کس طرح سے عہد کے مَضبوط رِشتے — اس لیے ہم کیا ملے تھے مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۶ ٹوٹی ہوئی کمر کا؛ اللہ ہی ہے سہارا — اللہ ہی ہے ہمارا؛ اللہ ہی ہو تمھارا

۷ ٹَل جائے، جو بھی آئے مُصیبت؛ خُدا کرے — پہنچے نہ تم کو کوئی اَذِیَّت؛ خُدا کرے

۸ ٹیڑھے رَستہ پہ چلے جاتے ہیں؛ تیرے بندے — پھیر لائیں اُنھیں؛ اور راہ کو سیدھا کر دیں

# ث

## ('ث' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ثمر ہے دور کا؛ کب غیر کھاوے چلو اوپر کو؛ وہ نیچے نہ آوے

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ ثُریّا سے یہ پھر ایمان لائیں یہ پھر واپس ترا قُرآن لائیں
۳ ثمارِ عشق ہیں کیسے؛ کبھی تو چکھ کر دیکھ یہ بیج؛ باغ میں اپنے تُو لگا تو سہی

# ج

## ('ج' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 400 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 119 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 36 |
| iii | کلامِ طاہر | 52 |
| iv | کلامِ محمود | 192 |
| v | کلام حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جورازِدِیں تھے بھارے؛اس نے بتائے سارے — دولت کا دینے والا؛ فرمانروا یہی ہے
۲ جس کی دعا سے آخر؛ لیکھو مرا تھا کٹ کر — ماتم پڑا تھا گھر گھر؛ وہ میرزا یہی ہے
۳ جمال وحُسنِ قرآں؛ نورِجانِ ہر مسلماں ہے — قمر ہے چاند اوروں کا؛ ہمارا چاند قرآں ہے
۴ جسم کو مَل مَل کے دھونا؛ یہ تو کچھ مشکل نہیں — دل کو جو دھوئے؛ وہی ہے پاک نزدِکردگار
۵ جولوگ شک کی سردیوں سے تھرتھراتے ہیں — اس آفتاب سے وہ عجب دھوپ پاتے ہیں
۶ جب سے اے یار! تجھے یار بنایا ہم نے — ہرنئے روز نیا نام رکھایا ہم نے
۷ جو دور تھا خزاں کا؛ وہ بدلا بہار سے — چلنے لگی نسیم؛ عنایاتِ یار سے
۸ جو خاک میں ملے؛ اسے ملتا ہے آشنا — اے آزمانے والے! یہ نسخہ بھی آزما
۹ جو خدا کا ہے؛ اُسے للکارنا اچھا نہیں — ہاتھ شیروں پر نہ ڈال؛ اے روبۂ زارونزار

۱۰ جس کو چاہے؛ تختِ شاہی پر بٹھا دیتا ہے تُو — جس کو چاہے؛ تخت سے نیچے گراوے، کرکے خوار

۱۱ جس کے دعویٰ کی سراسر افترا پر ہے بِنا — اسکی یہ تائید ہو؛ پھر جھوٹ سچ میں کیا نکھار

۱۲ جو پوچھا کسی نے؛ چلے ہو کدھر — غرض کیا ہے؛ جس سے کیا یہ سفر

۱۳ جو پوشیدہ رکھنے کی تھی اِک خطا — یہ کفّارہ اس کا ہے اے باوَفا!

۱۴ جسے دُور سے وہ نظر آتا تھا — اسے چولہ خود بھید سمجھاتا تھا

۱۵ جو عشّاق اس ذات کے ہوتے ہیں — وہ ایسے ہی ڈرڈر کے جاں کھوتے ہیں

۱۶ جو ہوں دل سے قربانِ رَبِّ جلیل — نہ نقصاں اٹھاویں؛ نہ ہوویں ذلیل

۱۷ جو برباد ہونا کرے اختیار — خدا کیلئے ہے وہی بختیار

۱۸ جو اس کیلئے کھوتے ہیں؛ پاتے ہیں — جو مرتے ہیں؛ وہ زندہ ہوجاتے ہیں

۱۹ جب نظر پڑتی ہے اس چولہ کے ہر ہر لفظ پر — سامنے آنکھوں کے آجاتا ہے وہ فرخ گہر

۲۰ جسے اس کے مَت کی نہ ہووے خبر — وہ دیکھے اسی چولہ کو اِک نظر

۲۱ جو شائق ہے نانک کے درشن کا آج — وہ دیکھے اسے؛ چھوڑ کر کام و کاج

۲۲ جو دیکھا کہ یہ ہیں سڑے اور گلے — لگا ہونے دل اس کا اوپر تلے

۲۳ جس قدر خوبیاں ہیں فرقاںؔ میں — کہیں انجیلؔ میں تو دکھلاؤ

۲۴ جن کو اس نور کی خبر ہی نہیں — ان پہ اس یار کی نظر ہی نہیں

۲۵ جس کا ہے نام قادرِ اکبر — اس کی ہستی سے دی ہے پختہ خبر

۲۶ جلنے سے آگے ہی یہ لوگ تو جَل جاتے ہیں — جن کی ہر بات فقط جھوٹ کا پُتلا نکلا

۲۷ جب اپنے دِلبروں کو نہ جلدی سے پاتے ہیں — کیا کیا نہ ان کے ہجر میں آنسو بہاتے ہیں

۲۸ جَل رہے ہیں یہ سبھی بغضوں میں اور کینوں میں — باز آتے نہیں ہرچند ہٹایا ہم نے

۲۹ جب سے یہ نور ملا نورِ پیمبر سے ہمیں — ذات سے حق کی؛ وجود اپنا ملایا ہم نے

۳۰ جو پیچھے سے لِکھتے لِکھاتے رہے — خدا جانے؛ کیا کیا بناتے رہے

۳۱ جو نانکؔ کی مدح و ثناء کرتے تھے — وہ ہر شخص کو یہ کہا کرتے تھے

۳۲ جو کچھ ہمیں ہے راحت؛ سب اس کی جود و منّت — اس سے ہے دل کو بیعت؛ دل میں ہے اس کی عظمت

۳۳ جب تیرا نور آیا؛ جاتا رہا اندھیرا — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۳۴ جب تجھ سے دل لگایا؛ سو سو ہے غم اٹھایا — تَن خاک میں ملایا؛ جاں پر وَبال آیا

۳۵ جی مَت لگاؤ اس سے؛ دل کو چھڑاؤ اس سے — رغبت ہٹاؤ اس سے؛ بس دُور جاؤ اس سے

۳۶ جس نے دل تجھ کو دیا؛ ہوگیا سب کچھ اس کا — سب ثنا کرتے ہیں؛ جب ہووے ثناخواں تیرا

۳۷ جب تک عمل نہیں ہے؛ دلِ پاک وصاف سے — کمتر نہیں یہ مشغلہ؛ بُت کے طواف سے

۳۸ جن کا یہ دِیں نہیں ہے؛ نہیں ان میں کچھ بھی دَم — دنیا سے آگے ایک بھی چلتا نہیں قدم

۳۹ جب اپنے پاس اِک لڑکا بلایا — تو دے کر چار؛ جلدی سے ہنسایا

۴۰ جو دی ہے مجھ کو؛ وہ کس کو عطا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۴۱ جو مرتا ہے؛ وہی زندوں میں جاوے — جو جلتا ہے؛ وہی مردے جلاوے

۴۲ جب آئیگا؛ تو صلح کو وہ ساتھ لائے گا — جنگوں کے سلسلہ کو وہ یکسر مٹائے گا

۴۳ جس سوز میں ہیں اس کیلئے عاشقوں کے دل — اتنا تو ہم نے سوز نہ دیکھا کباب میں

۴۴ جامِ وِصال دیتا ہے اس کو جو مر چکا — کچھ بھی نہیں ہے فرق یہاں شیخ وشاب میں

۴۵ جن مورکھوں کو کاموں پہ اس کے یقیں نہیں — پانی کو ڈھونڈتے ہیں عبث وہ سراب میں

۴۶ جس کو دیکھو بدگمانی میں ہی حَد سے بڑھ گیا — گر کوئی پوچھے تو سوسو عیب بتلانے کو ہے

۴۷ جب کھل گئی سچّائی؛ پھر اس کو مان لینا — نیکوں کی ہے یہ خَصلَت؛ راہِ حیا یہی ہے

۴۸ جو ہو مفید، لینا؛ جو بد ہو، اس سے بچنا — عقل و خِرَد یہی ہے فہم و ذکا یہی ہے

۴۹ جس آریہ کو دیکھیں؛ تہذیب سے ہے عاری — کس کس کا نام لیویں؛ ہر سُو وبا یہی ہے

۵۰ جاں بھی اگرچہ دیویں ان کو بطورِ احساں — عادت ہے ان کی کفراں؛ رنج و عنا یہی ہے

۵۱ جاں بھی ہے ان پہ قرباں گر دل سے ہوویں صافی — پس ایسے بَدکنوں کا مجھ کو گِلا یہی ہے

۵۲ جتنے نبی تھے آئے؛ موسیٰؑ ہو یا کہ عیسیٰؑ — مکّار ہیں وہ سارے؛ اِن کی نِدا یہی ہے

۵۳ جس اِستری کو لڑکا پیدا نہ ہو پیا سے — ویدوں کی رو سے اس پر واجب ہوا یہی ہے

۵۴ جب ہے یہی اشارہ؛ پھر اس سے کیا ہے چارہ
جب تک نہ ہوویں گیارہ لڑکے؛ روا یہی ہے

۵۵ جب ہوگئے ہیں ملزِم؛ اُترے ہیں گالیوں پر
ہاتھوں میں جاہلوں کے؛ سنگِ جَفا یہی ہے

۵۶ جلد آ پیارے ساقی! اب کچھ نہیں ہے باقی
دے شربتِ تلاقی حِرص و ہَوا یہی ہے

۵۷ جلد آ میرے سہارے! غم کے ہیں بوجھ بھارے
منہ مَت چھپا پیارے! میری دوا یہی ہے

۵۸ جب سے ملا وہ دلبر؛ دشمن ہیں میرے گھر گھر
دِل ہوگئے ہیں پتھر؛ قدر و قضا یہی ہے

۵۹ جسے حاجت رہے غیروں کی دن رات
بھلا اس کو خدا کہنا ہی کیا بات

۶۰ جب اس نے ان کی گنتی بھی نہ جانی
کہاں من من کا ہو انتر گیانی

جب سے میرے ہوش؛
۶۱ غم سے دِیں کے ہیں جاتے رہے
طور دنیا کے بھی بدلے؛
ایسے دیوانے کے دن

۶۲ جگر کا ٹکڑا مبارک احمد جو پاک شکل اور پاک خو تھا
وہ آج ہم سے جدا ہوا ہے ہمارے دل کو حزیں بنا کر

۶۳ جاڑے کی رُت؛ ظہور سے اس کے، پلٹ گئی
عشقِ خدا کی آگ؛ ہراِک دل میں اَٹ گئی

۶۴ جتنے درخت زندہ تھے؛ وہ سب ہوئے ہرے
پھل اس قدر پڑا؛ کہ وہ میووں سے لَد گئے

۶۵ جھوٹ اور سچ میں جو ہے فرق وہ پیدا ہوگا
کوئی پاجائے گا عزت؛ کوئی رُسوا ہوگا

۶۶ جس دِیں کا صرف قصوں پہ سارا مدار ہے
وہ دِیں نہیں ہے؛ ایک فسانہ گذار ہے

۶۷ جو معجزات سنتے ہو قصوں کے رنگ میں
ان کو تو پیش کرتے ہیں سب بحث وجنگ میں

۶۸ جتنے ہیں فِرقے؛ سب کا یہی کاروبار ہے
قصوں میں معجزوں کا بیاں بار بار ہے

۶۹ جس کو تلاش ہے؛ کہ ملے اس کو کردگار
اس کیلئے حرام؛ جو قصوں پہ ہو نثار

۷۰ جب سے کہ قصّے ہوگئے مقصود راہ میں
آگے قدم ہے قوم کا ہر دَم گناہ میں

۷۱ جس کو خدائے عزّ وجل پر یقیں نہیں
اس بدنصیب شخص کا کوئی بھی دِیں نہیں

۷۲ جس مئے کو پی لیا ہے؛ وہ اس مئے سے مَست ہیں
سب دشمن ان کے؛ انکے مقابل میں پست ہیں

۷۳ جب دشمنوں کے ہاتھ سے وہ تنگ آتے ہیں
جب بدشعار لوگ انہیں کچھ ستاتے ہیں

۷۴ جب ان کے مارنے کیلئے چال چلتے ہیں
جب ان سے جنگ کرنے کو باہر نکلتے ہیں

۷۵ جن کو نشانِ حضرتِ باری ہوا نصیب — وہ اس جنابِ پاک سے ہردَم ہوئے قریب
۷۶ جب تک خدائے زندہ کی تم کو خبر نہیں — بے قید اور دلیر ہو؛ کچھ دِل میں ڈر نہیں
۷۷ جو مرگئے انہی کے نصیبوں میں ہے حیات — اس رَہ میں زندگی نہیں ملتی بجز ممات
۷۸ جو لوگ بدگمانی کو شیوہ بناتے ہیں — تقویٰ کی راہ سے وہ بہت دُور جاتے ہیں
۷۹ جو کچھ میری مراد تھی؛ سب کچھ دکھا دیا — میں اِک غریب تھا؛ مجھے بے انتہا دیا
۸۰ جو مفتری ہے؛ اس سے یہ کیوں اتّحاد ہے — کس کو نظیر ایسی عنایت کی یاد ہے
۸۱ جب دشمن اس کو پیچ میں کوشش سے لاتے ہیں — کوشش بھی اس قدر؛ کہ وہ بس مر ہی جاتے ہیں
۸۲ جب آپ لوگ اس سے ملے تھے بدیں خیال — تا آپ کی مدد سے اسے سہل ہو جدال
۸۳ جھوٹا تھا، مفتری تھا؛ تبھی یہ ملی سزا — آخر میری مدد کیلئے؛ خود اٹھا خدا
۸۴ جتنے گواہ تھے؛ وہ تھے میرے بَرخلاف — اِک مولوی بھی تھا؛ جو یہی مارتا تھا لاف
۸۵ جو مفتری تھا؛ اس کو تو آزاد کر دیا — سب کام اپنی قوم کا برباد کر دیا
۸۶ جس کی مدد کے واسطے لوگوں میں جوش تھا — جس کا ہرایک دشمنِ حق عیب پوش تھا
۸۷ جس کا رفیق ہوگیا ہر ظالم و غَوی — جس کی مدد کے واسطے آئے تھے مولوی
۸۸ جو متّقی ہے؛ اس کا خدا خود نصیر ہے — انجام فاسقوں کا؛ عذابِ سعیر ہے
۸۹ جڑ ہے ہر ایک خیر و سعادت کی اِتّقا — جس کی یہ جڑ رہی ہے؛ عمل اس کا سب رہا
۹۰ جس دل میں رَچ گیا ہے محبت سے اس کا نام — وہ خود نشاں ہے؛ نیز نشاں سارے اس کے کام
۹۱ جس کو ہم نے قطرۂ صافی تھا سمجھا اور تقی — غور سے دیکھا؛ تو کیڑے اس میں بھی پائے ہزار
۹۲ جس کے دعویٰ کی سراسر اِفترا پر ہے بِنا — اس کی یہ تائید ہو؛ پھر جھوٹ سچ میں کیا نکھار
۹۳ جہل کی تاریکیاں اور سوءِظن کی تندباد — جب اکٹھے ہوں؛ تو پھر ایماں اُڑے، جیسے غبار
۹۴ جی چرانا راستی سے؛ کیا یہ دِیں کا کام ہے — کیا یہی ہے زھد و تقویٰ؛ کیا یہی راہِ خیار
۹۵ جان و دِل سے ہم نثارِ ملّتِ اسلام ہیں — لیک دِیں وہ رَہ نہیں؛ جس پر چلیں اہلِ نقار
۹۶ جن پہ ہے تیری عنایت؛ وہ بدی سے دُور ہیں — رَہ میں حق کی قوتیں ان کی چلیں بن کر قطار

۹۷ جس کو تیری دُھن لگی؛ آخر وہ تجھ کو جامِلا ۔ جس کو بے چینی ہے یہ؛ وہ پا گیا آخر قرار

۹۸ جیفۂ دنیا پہ یکسر گِر گئے دنیا کے لوگ ۔ زندگی کیا خاک ان کی؛ جو کہ ہیں مردار خوار

۹۹ جس کو دیکھو؛ آجکل وہ شوخیوں میں طاق ہے ۔ آہ! رحلت کر گئے وہ سب جو تھے تقویٰ شعار

۱۰۰ جس طرف دیکھو؛ یہی دنیا ہی مقصد ہوگئی ۔ ہر طرف اس کیلئے رغبت دلائیں بار بار

۱۰۱ جس طرح تُو دُور ہے لوگوں سے مَیں بھی دُور ہوں ۔ ہے نہیں کوئی بھی؛ جو ہو میرے دل کا رازدار

۱۰۲ جن کو ہے انکار اس سے؛ سخت ناداں ہیں وہ لوگ ۔ آدمی کیونکر کہیں؛ جب ان میں ہے حمقِ حِمار

۱۰۳ جاوِدانی زندگی ہے موت کے اندر نہاں ۔ گلشنِ دِلبر کی رَہ ہے وادیٔ غربت کے خار

۱۰۴ جس نے نفسِ دوں کو ہمت کر کے زیرِ پا کیا ۔ چیز کیا ہیں اس کے آگے؛ رستم واسفندیار

۱۰۵ جبکہ کہتے ہیں؛ کہ کاذب پھولتے پھلتے نہیں ۔ پھر مجھے کہتے ہیں کاذب؛ دیکھ کر میرے ثمار

۱۰۶ جاہلوں میں اس قدر کیوں بدگمانی بڑھ گئی ۔ کچھ برے آئے ہیں دن؛ یا پڑ گئی لعنت کی مار

۱۰۷ جبکہ ہے امکانِ کذب وکج رَوی اخبار میں ۔ پھر حماقت ہے؛ کہ رکھیں سب انہی پر انحصار

۱۰۸ جب کہ ہم نے نورِ حق دیکھا ہے اپنی آنکھ سے ۔ جبکہ خود وحیٔ خدا نے دی خبر یہ باربار

۱۰۹ جھانکتے تھے نور کو وہ روزنِ دیوار سے ۔ لیک جب دَر کھُل گئے؛ پھر ہوگئے شپّر شعار

۱۱۰ جن میں آیا ہے مسیحِ وقت؛ وہ منکر ہوئے ۔ مرگئے تھے اس تمنا میں خواصِ ہر دیار

۱۱۱ جنگِ روحانی ہے اب اس خادم وشیطان کا ۔ دل گھٹا جاتا ہے یارب! سخت ہے یہ کارزار

۱۱۲ جنگ یہ؛ بڑھ کر ہے جنگِ روس اور جاپان سے ۔ مَیں غریب؛ اور ہے مقابل پر حریفِ نامدار

۱۱۳ جس قدر نقدِ تعارف تھا؛ وہ کھو بیٹھے تمام ۔ آہ! یہ کیا دل میں گذرا؛ ہوں مَیں اس سے دِلفگار

۱۱۴ جس طرف دیکھیں؛ وہیں اِک دہریت کا جوش ہے ۔ دِیں سے ٹھٹھا اور نماز وں روزوں سے رکھتے ہیں عار

۱۱۵ جس کی تعلیم؛ یہ خیانت ہے ۔ ایسے دِیں پر؛ ہزار لعنت ہے

۱۱۶ جاہ ودولت سے یہ زہریلی ہوا پیدا ہوئی ۔ موجبِ نخوت ہوئی رفعت؛ کہ تھی اک زہرِ مار

۱۱۷ جس نے پیدا کیا؛ وہی جانے ۔ دوسرا کیونکر اس کو پہچانے

۱۱۸ جس بات کو کہے؛ کہ کروں گا مَیں یہ ضرور ۔ ٹلتی نہیں وہ بات؛ خدائی یہی تو ہے

۱۱۹ جو ہمارا تھا؛ وہ اب دلبر کا سارا ہوگیا　　آج ہم دلبر کے؛ اور دلبر ہمارا ہوگیا

## ﴿دُرِّ عدَن﴾

۱۲۰ جو مجھے چاہتے تھے چاہ کو پہچانتے تھے　　ان کی فرقت کی وہ تنویر کہاں سے لاؤں؟

۱۲۱ جاتا ہے وقت ہاتھ سے؛ دن گزرے جاتے ہیں　　عیسیٰؑ نہ آج آتے ہیں؛ نہ کل ہی آتے ہیں

۱۲۲ جب زمانہ میں دورِ ظُلمت تھا　　حق و باطل میں کچھ نہ تھی پہچان

۱۲۳ جو عشق میں کامل تھے؛ ہوئے یار پہ قرباں　　تکمیل ہوئی؛ بن گئے معیارِ محبت

۱۲۴ جب وقت مصائب کی صورت؛　　جب تاریکی چھا جاتی ہے؛
اِک بندے کو دکھلاتا ہے　　غم کا بادل گھِر آتا ہے

۱۲۵ جب آنکھیں بھر بھر آتی ہیں؛　　جب یاس کا دریا چڑھتا ہے؛
اُمّیدیں ڈوبی جاتی ہیں　　دل اُس میں غوطے کھاتا ہے

۱۲۶ جب ناؤ بھنور میں گھِرتی ہے؛　　جب حیلے سب ہو چکتے ہیں؛
جب موت نظر میں پھِرتی ہے　　انساں بے بس ہو جاتا ہے

۱۲۷ جب دَم سینے میں گھُٹتا ہے؛　　جب جینا کڑوا لگتا ہے؛
جب دل میں ہوکیں اُٹھتی ہیں　　جب مرنا دل کو بھاتا ہے

۱۲۸ جب بڑے بڑے جی چھوڑتے ہیں؛　　اس وقت بس ایک مسلماں ہے؛
جاں دینے کو سَر چھوڑتے ہیں　　جو صبر کی شان دکھاتا ہے

۱۲۹ جب دنیا میں بیداری والے؛　　جب اس کے پیچھے پڑتے ہیں؛
دِین سے غافل سوتے ہیں　　تو اس کو بالکل کھوتے ہیں

۱۳۰ جاری سب کاروبارِ جہاں؛　　دن کاموں میں کٹ جاتا ہے؛
پر دل میں خیالِ یار نہاں　　راتوں کو اُٹھ کر روتے ہیں

۱۳۱ جب باپ کی جھوٹی غیرت کا خوں؛　　جس طرح جنا ہے سانپ کوئی؛
جوش میں آنے لگتا تھا　　یوں ماں تیری گھبراتی تھی

۱۳۲ جدا از یار عزیزم مدان عزتِ من — رسیده نور ز آں آفتاب طلعتِ من

۱۳۳ جان پڑجاتی تھی جن سے؛ وہ قدم ملتے نہیں — قالبِ بے روح سے ہیں؛ کوچہ ہائے قادیاں

۱۳۴ جانِ جہاں! تجھی پہ تو زیبا ہے ناز بھی — یہ کیا! کہ چند روز کی حالت پہ ناز ہے

۱۳۵ جن کی بہادری کی بندھی دھاک ہرطرف — تن تن کے چل رہے ہیں؛ شجاعت پہ ناز ہے

۱۳۶ جاتے ہو میری جان! خدا حافظ وناصر — اللہ نگہبان؛ خدا حافظ و ناصر

۱۳۷ جو کود پڑا اس میں؛ کھلا بھید یہ اس پر — پوشیدہ ہے فردوس؛ تہِ غارِ محبت

۱۳۸ جو دُور ہیں؛ وہ پاس ہمارے کب آئیں گے — دل جن کو ڈھونڈتا ہے؛ وہ پیارے کب آئیں گے

۱۳۹ جو سَر کو خم کئے تِری تقدیر کے حضور — تیری رضا کو پا کے سدھارے کب آئیں گے

۱۴۰ جہاں کام دے گی نہ اے بی، نہ سی ڈی — وہاں کام آئے گا قرآن طیّب

۱۴۱ جو ٹوٹ کر گئے ہیں اسی آسمان سے — پھر لوٹ کر ادھر وہ ستارے کب آئیں گے

۱۴۲ جب مجھ کو نہ پائیں گے؛ تو گھبرائیں گے دونوں — یارب! میری امّی کے پسر تیرے حوالے

۱۴۳ جب دلِ صافی میں دیکھا عکس روئے یار کا — بن گیا وہ بہرِ عالَم آئینہ ابصار کا

۱۴۴ جس نے دیکھا اس کو اپنی ہی جھلک آئی نظر — مدتوں جھگڑا چلا دنیا میں نور و نار کا

۱۴۵ جھوٹ کے منہ سے اترنے جب لگی پھٹ کر نقاب — ہوگیا دشوار سینا اس کے اِک اِک تار کا

۱۴۶ جو رہن ہوچکی اِبلیس کے خزانے میں — وہ روح نذرِ شہنشاہِ انبیاء کیلئے؟

۱۴۷ جھلسے گئے ہیں سینہ ودِل جاں بلب ہیں ہم — جھڑیاں کرم کی؛ فضل کی برسات چاہیئے

۱۴۸ جسمِ اطہر کے قریں مرغانِ بسمل کی تڑپ — ہو رہی تھی روحِ اقدس داخلِ خُلدِ بریں

۱۴۹ جس طرف دیکھا؛ یہی حالت تھی ہر شیدائی کی — سربہ سینہ چشمِ باراں پشت خم، اندوہ گیں

۱۵۰ جو تیرے عاشقِ صادق ہوں؛ فخرِ آلِ احمد ہوں — الٰہی! نسل سے میری تُو وہ انسان پیدا کر

۱۵۱ جواں مردے ز مردانِ محمد — غلامے از غلامانِ محمد

۱۵۲ جنت کے دَر کھُلے ہیں؛ شہیدوں کے واسطے — رحمت خدا کی آئے گی خود پیشوائی کو

۱۵۳ جو اس نے نور بھیجا تھا جہاں میں — ہوا واصل بہ ربِّ جاوِدانی

۱۵۴ جب سے تجویزِ سفر تھی؛ سب تھے مصروفِ دعا    خود امیرالمومنین اور ہر غلامِ با وفا
۱۵۵ جھنڈا رہا بلند؛ محمدؐ کے دِین کا    ذلّت جو چاہتے تھے؛ سبھی خوار ہوگئے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۵۶ جا کہ اب قُرب سے تیرے، مجھے دُکھ ہوتا ہے    اے شبِ غم کے سویرے! مجھے دُکھ ہوتا ہے
۱۵۷ جیو، تو کامراں جیو؛ شہید ہو، تو اِس طرح    کہ دِین کو تمہارے بعد؛ عمرِ جاوداں ملے
۱۵۸ جب سے خدا نے اِن عاجز کندھوں پر بارِ امانت ڈالا    راہ میں دیکھو کتنے کٹھن اور کتنے مَہیب مراحل آئے
۱۵۹ جاؤں ہر دَم تیرے وارے؛    تُو نے اپنے کرم سے میرے؛
میرے جانی میرے پیارے    خود ہی کام بنائے سارے
۱۶۰ جن کو نور کر گیا عطا؛ وہ خدا کا بے ریا بشر    وہ فقیر؛ جس کی آنکھ میں، نورِ مصطفیٰ تھا جلوہ گر
۱۶۱ جس سے وادیوں میں ہر طرف؛    ہر گھڑی ہوں تجھ پہ گُل نثار؛
بَہ رہی ہے رُود بارِ حُسن    سبز پوش اے نگارِ حُسن
۱۶۲ جس کی دعا؛ ہر زخم کا مرہم    صلّی اللّٰہ علیہ وسلم
۱۶۳ جو اس کی سرکار میں پہنچا؛ اُس کی یوں پلٹا دی کایا    جیسے کبھی بھی خام نہیں تھا؛ ماں نے جنا تھا گویا کامل
۱۶۴ جانے کس فکر میں غلطاں ہے مِرا کافر گر    اِدھر اِک بار جو آنکلے کہیں؛ آج کی رات
۱۶۵ جن پہ گزری ہے وہی جانتے ہیں؛ غیروں کو    کیسے بتلائیں، کہ تھی کتنی حسیں؛ آج کی رات
۱۶۶ جب دہریت کے دم سے؛ مسموم تھیں فضائیں    پھوٹی تھیں جابجا جب الحاد کی وبائیں
۱۶۷ جو چاہیں کریں؛ صرف نِگہ ہم سے نہ پھیریں    جو کرنا ہے کر گزریں؛ مگر اپنا بتا کے
۱۶۸ جیلوں میں رضائے باری کے جو گہنے پہنے بیٹھے ہیں    اُن راہِ خدا کے اَسیروں کی اُن معصوموں کی باتیں کر
۱۶۹ جیتیں گے ملائک؛    اے دیس سے آنے والے بتا!
خائب و خاسر ہوگا ہر شیطانِ وطن    کس حال میں ہیں یارانِ وطن
۱۷۰ جو کھنڈر تھے؛ محل بنائے گئے    کتنے محلوں کے کھنڈرات بنے
۱۷۱ جہاں اہلِ جفا؛ اہلِ وفا پر وار کرتے ہیں    سَرِ دار اُن کو ہر منصور کو لٹکانہ آتا ہے

۱۷۲ جہاں شیطان، مومن پر رَمی کرتے ہیں؛ وہ راہیں
جہاں پتھر سے مردِ حق کو سَر ٹکرانا آتا ہے

۱۷۳ جہاں پِسرانِ باطل عورتوں پر وار کرتے ہیں
نرِ مردان کو یہ شیوۂ مردانہ آتا ہے

۱۷۴ جس رُخ دیکھیں؛ ہر مَن موہن تیرا مُکھڑا ہی تکتا ہے
ہر اِک محسن نے تیرے حسن کا ہی اِحسان اُٹھایا ہے

۱۷۵ جب مالی داغِ جدائی دے مرجھا جاتے ہیں گل بوٹے
دیکھیں فُرقت نے کیسے پھول سے چہروں کو کُملایا ہے

جائیں جائیں ہم رُوٹھ گئے؛
جب ہم خوابوں کی باتیں ہیں؛

۱۷۶ اب آکر پیار جتائے ہیں
جب ہم یادوں کے سائے ہیں

جو آنکھیں مُند گئیں رو رو کر؛
اب اُن کی پچھلی یادوں میں؛

۱۷۷ اور کھُل کھُل کے جو چراغ بجھے
کیا بیٹھے نیر بہائے ہیں

جو صبح کا رستہ تکتے تکتے؛
اب اُن کے بعد، آپ اُن کیلئے؛

۱۷۸ اندھیاروں میں خواب ہوئے
کیا خاک سویرے لائے ہیں

۱۷۹ جو درد سسکتے ہوئے حرفوں میں ڈھلا ہے
شاید! کہ یہ آغوشِ جُدائی میں پَلا ہے

۱۸۰ جس رَہ میں وہ کھوئے گئے؛ اُس رَہ پہ گدا ایک
کشکول لئے چلتا ہے؛ لَب پہ یہ صدا ہے

۱۸۱ جو آہ؛ سجدۂ صبر و رضا سے اُٹھی ہے
زمین بوس تھی؛ اُس کی عطا سے اُٹھی ہے

۱۸۲ جو دل میں بیٹھ چکی تھی؛ ہوائے عَیش وطَرَب
بڑے جتن سے ہزار اِلتجا سے اُٹھی ہے

۱۸۳ جو گلاب کے کٹوروں میں شرابِ ناب بھر دے
وہ نسیمِ آہ؛ پھولوں کے نکھار تک تو پہنچے

۱۸۴ جو نہیں شمار اُن میں؛ تو غُرابِ پَر شِکستہ
تِرے پاک صاف بگلوں کی قطار تک تو پہنچے

۱۸۵ جھُٹپٹوں میں اُنہی یادوں سے وہی کھیلیں گے کھیل
وہی گلیاں ہیں، وہی صحن؛ چوبارے ہیں وہی

۱۸۶ جب اُس کا اِذن نہ آیا؛ خطا گئی فریاد
رہی نہ آہ کرشمہ؛ نہ چشمِ نَم اعجاز

۱۸۷ جانے یہ دکھ ہے تمہارا؛ کہ زمانے کا سِتم
اَجنبی ہے کوئی مہمان چلا آیا ہے

۱۸۸ جو کر سکے تھے کیا؛ غیر ہمیں بنا نہ سکے
ہم اب بھی اپنے ہیں؛ اپنا شمار کر دیکھو

۱۸۹ جو اُس کے ساتھ اُسی کی دعا سے اُترا ہے
یہ مائدہ ہے؛ ڈِشوں میں اُتار کر دیکھو

۱۹۰ جو ہو سکے؛ تو سِتاروں کے راستے کاٹو
کوئی تو چارہ کرو؛ کچھ تو کار کر دیکھو

۱۹۱ جلن بہت ہے تو ہوتی پھرے؛ نہ نکلے گی
بھڑاس سینے کی؛ بک بک ہزار کر دیکھو

۱۹۲ جو سینۂ شمشیر کو بھی چیر کے رکھ دے
دنیا ترے ہاتھوں میں وہ شمشیر بھی دیکھے

۱۹۳ جو کم آکھیا؛ حاضر سائیں کہہ کے چھاتی ڈائی
ہَس دیاں سارے پاپڑ ویلے؛ سارے جھمیلے جھلّے

۱۹۴ جھوٹو! تم نے ٹھیک الزام دھرا ہوگا
اللہ والوں ہی نے کفر بکا ہوگا

۱۹۵ جاتی ہو میری جان! خدا حافظ و ناصر
حافظ رہے سلطانؔ؛ خدا حافظ و ناصر

۱۹۶ جاتی ہو میری جان! خدا حافظ و ناصر
مولا ہو نگہبان؛ خدا حافظ و ناصر

۱۹۷ جاؤ سدھارو تم بھی سدھارو روکے تم کو کوئے
اس سنسار کی رِیت یہی ہے؛ جو پائے سو کھوئے

۱۹۸ جب تصور کے نہاں خانہ میں ھنگامۂ عشق
ہم بَپا کرتے؛ تو کچھ اُس کا نہ چرچا ہوتا

۱۹۹ جانتا کون ہمارے دلِ شوریدہ کا خواب
دیکھتا کون؛ جو ہم دونوں نے دیکھا ہوتا

۲۰۰ جلد بازار سے لے آتا تھا تازہ مچھلی
گرم بھاپ اُٹھتی تھی مچھلی سے نہایت مزیدار

۲۰۱ جس کی خاطر وہ ہمیں کرتا تھا پیار؛ اے وائے!
وہ بھی غمگین ہے؛ اس کیلئے بے حد ہائے!

۲۰۲ جن کے اخلاص اور پیار کی ہر اَدا؛
بے غرض، بے رِیا، دلنشیں، دلربا
بے صدا جن کی آنکھوں میں کرب و بلا؛
کربلا ہے، دلِ عاشقاں کیلئے

۲۰۳ جب قیصؔ نے کہا؛ تمہیں امّی بلاتی ہیں
امّی کا نام سنتے ہی؛ بس وہ ٹھٹھَر گیا

۲۰۴ جو غیر احمدی سندھی ہیں؛ ملاؤں کے ڈر سے
وہ چھپ کے احمدی گوٹھوں میں چل کے دیکھتے ہیں

۲۰۵ جب بھی وہ آیا؛ ساتھ نغمہ سَرا
آرزوؤں کا؛ طائفہ سا تھا

۲۰۶ جب گیا؛ حسرتوں کا اس کے ساتھ
ایک غمناک؛ جمگھٹا سا تھا

۲۰۷ جسم اُس کا ہے؛ سب انداز مگر غیر کے ہیں
آنکھ اس کی ہے؛ پر اطوارِ نظر غیر کے ہیں

## کلامِ محمود

۲۰۸ جو پیاروں کے کانوں میں کہتے ہیں لوگ
وہ میٹھی سی باتیں سُنا دے ہمیں

۲۰۹ جو آپؐ کی خاطِر ہے بنا؛ آپ کی شَے ہے
میرا تو نہیں کچھ بھی؛ یہ ہیں آپؐ کے اَملاک

۲۱۰ جاتے ہوئے حُضُور کی تقدیر نے جناب!
پاؤں کے نیچے سے مِرے پانی بہا دیا

۲۱۱ جبتک کہ دَم میں دَم ہے؛ اسی دِین پر رہوں — اِسلام پر ہی آئے؛ جب آئے قضا مجھے

۲۱۲ جس نے محنت کی شب و روز؛ اُس کے ساتھ — اور پڑھایا اس کو قرآں؛ ہاتھوں ہاتھ

۲۱۳ جان بھی دینی پڑے گر؛ تو نہ ہو اس سے دَریغ — کسی حالت میں نہ جھُوٹی ہو ضَمانَت تیری

۲۱۴ جس کی سچائی کا ہے یہ اِک نشاں — جانتا ہے بات یہ سارا جہاں

۲۱۵ جس نے آتے ہی وہ نقشہ ہی بدل ڈالا ہے — جس جگہ خار تھا؛ اب واں پہ گُلِ لالہ ہے

۲۱۶ جو کہ قادر ہے؛ جسے کچھ بھی نہیں ہے پَروا — ٹھیک کر دے اُسے دَم میں؛ کہ ہو جو کچھ بگڑا

۲۱۷ جس لیے یہ نام پایا تھا؛ نہیں باقی وہ کام — اَب تو اپنے حال پر ہیں؛ خود ہی شرمانے کے دن

۲۱۸ جلد کر توبہ؛ کہ پچھتانا بھی پھر ہوگا فُضُول — ہاتھ سے جاتے رہیں گے؛ جبکہ پچھتانے کے دن

۲۱۹ جان ہے سارے جہاں کی؛ وہ شہِ والا جاہ — مَنبَعِ جُود و سَخا ہے؛ وہ مِرا اَبرِ کَرَم

۲۲۰ جب کیا تجھ پہ کوئی حملہ؛ تو کھائی ہے شِکَست — مار وہ اُن کو پڑی ہے؛ کہ نہیں باقی دَم

۲۲۱ جس کا جی چاہے؛ مُقابِل پہ تِرے آ دیکھے — دیکھنا چاہتا ہے کوئی اگر؛ مُلکِ عَدَم

۲۲۲ جس طرف دیکھیئے؛ دُشمن ہی نظر آتے ہیں — کوئی مُونِس نہیں دنیا میں؛ نہ کوئی ہَمدَم

۲۲۳ جو کہ ہیں تابِعِ شیطاں؛ نہیں اُن کی پَروا — ایک ہی حملے میں مِٹ جائے گا سب اُن کا بھرم

۲۲۴ جب کہ وہ زلزلہ؛ جس کا کہ ہوا ہے وعدہ — ڈال دے گا تیرے اَعداء کے گھروں میں ماتَم

۲۲۵ جس کو کِیا ہے خدا نے مامُور — اس سے بھلا تم کو کیا گِلہ ہے

۲۲۶ جدھر دیکھو؛ اَبرِ گُنہ چھا رہا ہے — گناہوں میں چھوٹا بڑا مُبتلا ہے

۲۲۷ جہاں سے ایمان اُٹھ گیا تھا فریب و مکّاری کا تھا چرچا — فَساد نے تھا جمایا ڈیرا؛ وہ نقشہ اُس نے اُلٹ دیا ہے

۲۲۸ جمایا طاعُوں نے ایسا ڈیرا؛ — دیا ہے خَلقَت کو وہ تریڑا؛
ستون اس کا نہ پھر اُکھیڑا — کہ اپنی جاں سے ہوئی خَفا ہے

۲۲۹ جاہ و حَشمت کا زمانہ آنے کو ہے عَنقَریب — رِہ گئے تھوڑے سے ہیں اب گالیاں کھانے کے دن

۲۳۰ جس نے خُدا کے پاس سے آنا تھا؛ آ چکا — لو آ کے بوسہ؛ سنگِ دَرِآستان کا

۲۳۱ جوشِ اُلفت میں یہ لکھی ہے غزل؛ اے محمؔود — کچھ سِتائش کی تمنا نہیں اَصلا ہم کو

۲۳۲ جو اُن سے لڑنے آئے؛ وہ دنیا سے اُٹھ گئے — باقی کوئی بچا بھی؛ تو ہے اَب وہ نیم جاں
۲۳۳ جو سُنتا ہے؛ پکڑ لیتا ہے دل کو — تڑپ ایسی ہے؛ میری داستاں میں
۲۳۴ جو دل میں آئے؛ سو کہہ لو کہ اس میں بھی ہے لُطف — خُدا کے عِلم میں گر ہم؛ ذلیل و خوار نہیں
۲۳۵ جگا رہے ہیں مسیحا کبھی سے دنیا کو — مگر غضب ہے؛ کہ ہوتی وہ ہوشیار نہیں
۲۳۶ جسے کہتی ہے دنیا؛ سنگِ پارَس — مسیحا کا وہ سنگِ آستاں ہے
۲۳۷ جو کہ شمعِ رُوئے دِلبر پر فِدا ہوجائے گا — خاک بھی ہوگا؛ تو پھر خاکِ شِفا ہوجائے گا
۲۳۸ جو کوئی اُس یار کے دَر کا گدا ہوجائے گا — مُلکِ رُوحانی کا وہ فرماں رَوا ہوجائے گا
۲۳۹ جس کو تم کہتے ہو یارو! یہ فَنا ہوجائے گا — ایک دِن سارے جہاں کا پیشوا ہوجائے گا
۲۴۰ جو کوئی تقویٰ کرے گا؛ پیشوا ہوجائے گا — قِبلہ رُخ ہوتے ہوئے؛ قِبلہ نُما ہوجائے گا
۲۴۱ جس کا مَسلک: زُھد وذِکر واِتّقا ہوجائے گا — پنجۂ شیطاں سے وہ؛ بالکل رِہا ہوجائے گا
۲۴۲ جو کوئی؛ دریائے فِکرِ دِیں میں ہوگا غوطہ زَن — مَیل اُتر جائے گی اس کی؛ دِل صَفا ہوجائے گا
۲۴۳ جب کہ ہر شے مِلک ہے تیری مِرے مولیٰ! تو پھر — جس سے تُو جاتا رہے؛ بَتلا کہ وہ جائے کِدھر
۲۴۴ جب کبھی دیکھی ہیں؛ یہ تیری غزالی آنکھیں — مَیں نے دنیا میں ہی؛ فِردَوس کا نقشہ دیکھا
۲۴۵ جان جائے گی؛ پہ چھُوٹے گا نہ دامن تیرا — پتّے تُلسی کے؛ مَیں دوچار چَبا لُوں تو کہوں
۲۴۶ جو ہے رقیبوں سے تم کو اُلفت؛ تو دل میں پوشیدہ رکھو اس کو — مجھے ہو دیوانہ کیوں بناتے؛ بتابتا کر، جتا جتا کر
۲۴۷ جو کوئی ہے بِن بُلائے آیا؛ تو اس کو تم کیوں نکالتے ہو — ہیں ایسے لاکھوں کہ بزم میں ہو، اُنھیں بٹھاتے بُلا بُلا کر
۲۴۸ جُدائی ہم میں ہے کس نے ڈالی؛ خِضر تمھیں اس کا کچھ پتا ہے؟ — وہ کون تھا، جو کہ لے گیا دل ہے؛ مجھ سے آنکھیں مِلا مِلا کر
۲۴۹ جو مارنا ہے تو تیرِ مِژگاں سے چھید ڈالو دل وجگر کو — نہ مجھ کو تڑپاؤ اَب زیادہ؛ تم آئے دن یُوں ستا ستا کر
۲۵۰ جو کوچۂ عشق کی خبر ہو؛ تو سب کریں ایسی بے حیائی — یہ اہلِ ظاہر جو مجھ سے کہتے ہیں؛ کچھ تو اے بے حیا! حیا کر

۲۵۱ جس سَر پہ بھُوت عشقِ صَنَم کا سوار ہو
قِسمت یہی ہے اُس کی؛ کہ دنیا میں خوار ہو

۲۵۲ جاں چاہتی ہے تجھ پہ نکلنا؛ اے میری جاں!
دل کی یہ آرزو ہے؛ کہ تجھ پہ نثار ہو

۲۵۳ جب سے دیکھا ہے اُسے اُس کا ہی رہتا ہے خیال
اور کچھ بھی مجھے؛ اب اس کے سِوا یاد نہیں

۲۵۴ جانتا ہوں صَبر کرنا ہے ثواب
اِس دِلِ نادان کو سمجھائے کون

۲۵۵ جگہ دیتے ہیں جب ہم ان کو؛ اپنے سینہ ودِل میں
ہمیں وہ بیٹھنے دیتے نہیں کیوں؛ اپنی محفِل میں

۲۵۶ جفائے اہلِ جہاں کا ہُوا جو مَیں شاکی
تھپک کے گود میں اپنی سُلا دیا مجھ کو

۲۵۷ جہاں حَسَد کا گُزر ہے؛ نہ دَخلِ بَدبیں ہے
ہے ایسے مُلک کا وارِث بنا دیا مجھ کو

۲۵۸ جب کلیدِ مَعرِفت ہاتھوں میں میرے آ گئی
تیرے اِنعاموں کا مجھ پر؛ بند ہے پھر باب کیوں

۲۵۹ جب کہ وہ یارِیگانہ؛ ہرگھڑی مجھ کو بُلائے
پھر بتاؤ تو؛ کہ آئے میرے دل کو تاب کیوں

۲۶۰ جب کہ رونا ہے؛ تو پھر دل کھول کر روئیں گے ہم
نہر چل سکتی ہو؛ تو بنوائیں ہم تالاب کیوں

۲۶۱ جو ہیں خالِق سے خفا؛ اُن سے خفا ہوجاؤ
جو ہیں اِس دَر سے جُدا؛ اُن سے جُدا ہوجاؤ

۲۶۲ جو تم نے اُن کو بُلانا ہو؛ دِل وسیع کرو
بڑے وسیع ہیں وہ؛ اس جگہ سمائیں گے کب

۲۶۳ جو خود ہوں نُور؛ جنھیں نُور سے محبت ہو
غَریقِ بحرِضَلالت سے؛ دل ملائیں گے کب

۲۶۴ جلوۂ جاناں و دِیدِیار ہے
خواب میں جو ہے؛ وہی بیدار ہے

۲۶۵ جسے اُس پاک سے رِشتہ نہیں ہے
زمینی ہے؛ نہیں وہ آسمانی

۲۶۶ جسے اِس نُور سے حِصّہ نہیں ہے
نہیں زِندوں میں؛ ہے وہ جسم بے جاں

۲۶۷ جو اِس کی دِید میں آتی ہے لذّت
وہ سب دنیا کی خوشیوں سے سِوا ہے

۲۶۸ جو ہے اِس سے الگ؛ حق سے الگ ہے
جو ہے اس سے جُدا؛ حق سے جُدا ہے

۲۶۹ جو کوئی بھی ہے؛ وہ مجھ سے بَرسَرِ پَرخاش ہے
ہر کوئی ہوتا ہے آکر؛ میری چھاتی پر سوار

۲۷۰ جس قَدر رَستہ میں روکیں ہیں؛ ہٹا دے وہ اُنھیں
جس قَدر حائل ہیں پَردے؛ اُن کو کر دے تارتار

۲۷۱ جب تک نہ ہو کوئی باعثِ دَرد
بے وَجہ پھر اِضطِرار کیوں ہو

۲۷۲ جس شخص کا لُٹ رہا ہو گھربار
خوشیوں سے بھلا دوچار کیوں ہو

۲۷۳ جو پُوچھ لو کبھی اِتنا؛ کہ آرزو کیا ہے
رہے نہ دِل میں مِرے کوئی آرزو باقی

۲۷۴ جانتا ہے کس پہ تیرا وار پڑتا ہے عدُو
کیا تجھے معلوم ہے؛ کس کے جگر پاروں میں ہُوں؟

۲۷۵ جہاں پہ گُل تھے؛ وہیں آج تم نہ رُک رہنا
قدم بڑھاؤ؛ کہ ہے اِنتِقال میں بَرکت

۲۷۶ جو چاہے خیر؛ تو کر اِستِخارہٗ مَسنُون
عَبَث تلاش نہ کر؛ تیروفال میں برکت

۲۷۷ جو بھی ہے؛ دُشمنِ صداقت ہے
دِینِ حق سے ہے اس کو؛ بُغض و عِناد

۲۷۸ جھوٹ نے خُوب سَر نِکالا ہے
ہے صداقت کی ہِل گئی بُنیاد

۲۷۹ جو پھُونکا جائے گا کانوں میں دل کے مُردوں کے
کرے گا حَشر بپا؛ **لَا اِلٰـــــہَ اِلَّا الـــلّٰـــــہ**

۲۸۰ جُدائی دیکھتا ہوں جب؛ تو مجھ کو موت آتی ہے
اُمّیدِ وَصل؛ لیکن آ کے پھر، مجھ کو جِلاتی ہے

۲۸۱ جو ہوں خُدّام دِیں اُن کو خُدا سے نُصرت آتی ہے
'جب آتی ہے؛ تو پھر عالَم کو، اِک عالَم دِکھاتی ہے'

۲۸۲ جو کوئی ٹھوکر بھی مار لے گا؛
تو اُس کو سہہ لیں گے ہم خوشی سے
کہیں گے اپنی سزا یہی تھی؛
زباں پہ شِکوہ نہ لائیں گے ہم

۲۸۳ جب گزر جائیں گے ہم؛ تم پہ پڑے گا سب بار
سُستیاں تَرک کرو؛ طالبِ آرام نہ ہو

۲۸۴ جو صداقت بھی ہو؛ تم شوق سے مانو اُس کو
عِلم کے نام سے پر؛ تابِعِ اَوہام نہ ہو

۲۸۵ جاں تو تیرے دَر پہ قُربان ہوگئی
سَر کو پھر مَیں؛ اور ٹکراؤں کہاں

۲۸۶ جلوہٗ یار ہے؛ کچھ کھیل نہیں ہے لوگو!
احمدیّت کا بھلا نَقش؛ مِٹا دیکھو تو

۲۸۷ جو تم سے کوئی خواہش تھی؛ تو بس اتنی ہی خواہش تھی
تمھارا رنگ چڑھ جاتا؛ تمھاری مجھ میں بُو ہوتی

۲۸۸ جہاں جاتا ہوں؛ اُن کا خیال مجھ کو ڈھونڈ لیتا ہے
نہ ہوتا پیار گر مجھ سے؛ تو کیا یُوں جُستجُو ہوتی

۲۸۹ جلوہ دکھلا مجھے؛ او چہرہ چھُپانے والے!
رحم کر مجھ پہ؛ او مُنہ پھیر کے جانے والے!

۲۹۰ جُرعہٗ بادہٗ اُلفت؛ جو کبھی مِل جائے
دُختِ رَز کو؛ نہ کبھی مُنہ سے لگائے کوئی

۲۹۱ جلد آ جلد؛ کہ ہُوں لشکرِ اعداء میں گھِرا
پڑ رہے ہیں مجھے اب جان کے لالے؛ پیارے!

۲۹۲ جب نظر میری پڑی ماضی پہ؛ دل خون ہُوا
جان بھی تَن سے مِری نکلی؛ پسینہ ہوکر

۲۹۳ جب کبھی تم کو ملے موقع؛ دُعائے خاص کا
یاد کرلینا ہمیں؛ اہلِ وَفائے قادیاں

۲۹۴ جاہ و عِزّت تو گئے؛ کِبر نہ چھُوٹا مُسلم! بھُوت تو چھوڑ گیا تجھ کو؛ پہ سایہ نہ گیا
۲۹۵ جانِ محمود تِرا حُسن ہے؛ اِک حُسن کی کان لاکھ چاہا؛ پہ تِرا نقش اُڑایا نہ گیا
۲۹۶ جن کی تائید میں مَولیٰ ہو؛ اُنھیں کِس کا ڈَر کبھی صَیّاد بھی ڈَر سکتے ہیں؛ نخچیروں سے
۲۹۷ جو اپنی جان سے بیزار ہو پہلے ہی؛ اے جاناں! تمھیں کیا فائدہ ہوگا بھلا؛ اُس پر خفا ہوکر
۲۹۸ جُود و اِحسانِ شہنشہ پہ نظر رکھ اپنی جَورِ اغیار پہ اَفسُردہ و نالان نہ ہو
۲۹۹ جو گھنٹوں محبت سے کیا کرتے تھے باتیں اب سامنے آنے سے بھی کرتے ہیں کِنارہ
۳۰۰ جس پر مجھے اُمّید تھی؛ شافِع مِرا ہوگا اِس ساعَتِ عُسرَت میں ہے اُس نے بھی بِسارا
۳۰۱ جن پر ہر اِک حقیقتِ مَخفی تھی مُنکشِف وہ واقِفان راز؛ وہ فرزانے کیا ہوئے
۳۰۲ جوشِ گِریہ سے پھٹا جاتا ہے دل پھر محمودؔ اَشک پھر قطرہ سے طوفان ہوئے جاتے ہیں
۳۰۳ جب نَقدِ جان سونپ دیا؛ تجھ کو جانِ مَن! پاس آسکے بھلا مِرے خَوف و خَطَر کہاں
۳۰۴ جُرأتِ زُلف تو دیکھو؛ کہ بروزِ روشن دَر پئے قتل؛ سَرِ بام ہوئی جاتی ہے
۳۰۵ جو دن سے کہہ چکا ہوں؛ مُدّعا وہی تو ہے میری طَلَب وہی تو ہے؛ میری دُعا وہی تو ہے
۳۰۶ جو غیر پر نِگہ نہ ڈالے؛ آشنا وہی تو ہے جو خیر کے سِوا نہ دیکھے؛ چَشمِ وا وہی تو ہے
۳۰۷ جب تلک تدبیر پنجہ کَش نہ ہو تقدیر سے آرزو بے فائدہ ہے؛ اِلتجا بے سود ہے
۳۰۸ جو تُو نے دی تھی اس کو طاقتِ خیر وہ کر بیٹھا ہے اس کا بھی صفایا
۳۰۹ جہاں کا چَپّہ چَپّہ دیکھ ڈالا مگر کوئی ٹھکانا بھی نہ پایا
۳۱۰ جو بیکَس ہوں؛ یہ ان کے یار ہو جائیں سَرِ ظالم پہ اِک تلوار ہو جائیں
۳۱۱ جو کوئی روک تھی؛ اس کو یہاں پہ آنے کی بُلا لیا نہ وہیں کیوں نہ؛ اپنا دیوانہ
۳۱۲ جس کی حیات اِک وَرَقِ سوز و ساز تھی جیتی تھی جو غِذائے تمنّائے یار پر
۳۱۳ جب مَر گئے؛ تو آئے ہمارے مزار پر پتھر پڑیں صنم! ترے ایسے پیار پر
۳۱۴ جلوے اُس کے نُمایاں ہرشَے میں سُر اُسی کی تھی پیدا؛ ہر لَے میں

۳۱۵ جب سونا آگ میں پڑتا ہے؛ — پھر گالیوں سے کیوں ڈرتے ہو؛
تو کُندن بن کے نکلتا ہے — دِل جلتے ہیں، جَل جانے دو

۳۱۶ جو سچے مومن بن جاتے ہیں؛ — تم سچے مومن بن جاؤ؛
موت بھی اُن سے ڈرتی ہے — اور خَوف کو پاس نہ آنے دو

۳۱۷ جلوہ ہے ذرّہ ذرّہ میں دِلبر کے حُسن کا — سارے مَکاں اُسی کے ہیں؛ وہ لامَکاں نہیں

۳۱۸ جو اَدب کے حُسن کی بجلیاں؛ — تو نِگاہِ حسن کو کچھ نہ پھر؛
ہوں چمک رہی کفِ ناز میں — نظر آئے رُوئے نیاز میں

۳۱۹ جن باتوں کو سمجھے تھے؛ بُنیاد ترقی کی — جب غور سے دیکھا تو؛ مِٹتے ہوئے سائے تھے

۳۲۰ جِس کے پڑھ لینے سے کھُل جاتا ہے رازِ کائنات — وہ سبق مجھ کو پڑھا دے؛ ہاں پڑھا دے آج تُو

۳۲۱ جس سے جَل جائیں خیالاتِ مَن ومائی تمام — آگ وہ دل میں لگا دے؛ ہاں لگا دے آج تُو

۳۲۲ جس سے سب چھوٹے بڑے؛ — دل سے وہ چشمہ بہا دے؛
شاداب ہوں، سیراب ہوں — ہاں بہا دے آج تُو

۳۲۳ جن پر پڑیں فرشتوں کی رَشک سے نِگاہیں — اے میرے مُحسِن! ایسے انسان مجھ کو دے دے

۳۲۴ جو اُن کے واسطے؛ اَدنیٰ سا کام کرتا ہے — وہ دین ودنیا کو اُس کی؛ سُدھار دیتے ہیں

۳۲۵ جو دِن میں آہ بھرے؛ اُن کی یاد میں اِک بار — وہ رات پہلو میں اُس کے؛ گزار دیتے ہیں

۳۲۶ جو تیرے عشق میں دل کو لگے ہیں زخم؛ اے جاں! — اِدھر تو دیکھ! وہ کیسی بہار دیتے ہیں

۳۲۷ جِیت لُوں؛ تیرے واسطے سب دِل — وہ اَدا ہائے جاں نَوازی بخش

۳۲۸ جو ختم نہ ہو ایسا دِکھا جلوۂ تاباں — جو مَر نہ سکے؛ مجھ کو وہ پروانہ بنا دے

۳۲۹ **جَآءَ بِتِرِيَاقٍ مُّزِيلِ سِقَامَنَا — غَابَت غَوَايَتُنَا بِكُلِّ سُمُومِهَا**

۳۳۰ جو جاننے کی باتیں تھیں؛ اُن کو بھُلایا ہے — جب پُوچھیں سَبَب کیا ہے؛ کہتے ہیں 'خُدا جانے'

۳۳۱ جو چال چلے ٹیڑھی؛ جو بات کہی اُلٹی — بیماری اگر آئی؛ تم اس کو شِفا سمجھے

۳۳۲ جس پیار کی نِگہ سے؛ ہمیں دیکھتا ہے وہ — اُس پیار کی نِگاہ سے؛ دیکھیں گی مائیں کیا

۳۳۳ جامِ شراب و سازِ طَرَب رَقصِ پُرخَروش — دنیا میں دیکھتا ہوں مَیں؛ یہ دائیں بائیں کیا

۳۳۴ جو بھی دینا ہے؛ آپ ہی دے دے — مجھ کو اَغیار کا گدا نہ بنا

۳۳۵ جس کے نیچے ہوں سب جمع عُشّاق — اپنی رحمت کا شامِیانہ بنا

۳۳۶ جو دل سَلامت رہے تو عالَم کا ذرّہ ذرّہ ہے مُسکراتا — ہزار اَنجُم نظر ہیں آتے؛ ہزار پَیوَند پیرَہَن میں

جسے نوازے خُدا کی رحمت؛ — غزال لاکھوں ہیں اور بھی تو؛

۳۳۷ اُسی میں سب خوبیاں ہوں پیدا — ہے بات کیا آہُوئے خُتن میں

۳۳۸ جِیوں؛ تو تیری خوشنودی کی خاطِر ہی جِیوں ساقی — مَروں تو تیرے دَروازے کے آگے ہی مَروں ساقی

۳۳۹ جُدائی کا خیال آیا جو دِل میں — لگے آنے پسینوں پر پسینے

۳۴۰ جو میرا تھا؛ اب اُس کا ہوگیا ہے — مِرے دِل سے کِیا یہ کیا کسی نے

۳۴۱ جُدائی میں تِری؛ تڑپا ہوں بَرسوں — یُونہی گزرے ہیں ہفتے اور مہینے

۳۴۲ جو اس کے پیچھے چلتے ہیں؛ ہر قسم کی عِزّت پاتے ہیں — لگ جاؤ اسی کی طاعَت میں اور چُون وچَرا کو رہنے دو

۳۴۳ جو لگے تیرے ہاتھ سے زَخم؛ نہیں عِلاج ہے — میرا نہ کچھ خیال کر؛ زَخم یُونہی لگائے جا

۳۴۴ جادُو بھرا ہُوا ہے وہ؛ آنکھوں میں آپ کی — اچھے بھلے کو دیکھ کے؛ دیوانہ کر دیا

۳۴۵ جو کام تجھ سے لینا تھا؛ وہ کام لے چکے — پَرواہ رِہ گئی ہے یہاں؛ اَب کسے تِری

۳۴۶ جو دل پہ ہجر میں گُزری؛ بتاؤں کیا پیارے! — عذاب تھا؛ وہ مِرے دل کا اِضطِراب نہ تھا

۳۴۷ جو پُورا کرتے اُسے آپ؛ کیا خرابی تھی؟ — مِرا خیال؛ کوئی بوالہَوَس کا خواب نہ تھا

۳۴۸ جا جا کے اُن کے دَر پہ؛ تھکے پاؤں جب مِرے — وہ چال کی؛ کہ اُن کو ہی دل میں بسالیا

۳۴۹ جو چاہے تُو؛ تو وہی غیر فانی بن جائے — وہ زندگی؛ کہ جسے سب حُباب کہتے ہیں

۳۵۰ جس شان سے آپ آئے تھے؛ مکّہ میں مِری جاں — اِک بار اسی شان سے رَبوہ میں بھی آئیں

۳۵۱ جو پھر نکلو؛ تو جو چاہو، سو کہنا — ذرا دیکھو تو اِس مَحفِل میں آکے

۳۵۲ جنھوں نے ہوش مَے خانے میں کھوئے — وہ کیا لیں گے بھلا؛ مَسجِد میں جاکے

۳۵۳ جو پھر سے ہَرا کر دے؛ ہر خُشک پَودا — چَمن کیلئے؛ وہ صَبا چاہتا ہوں

۳۵۴ جس میں حِصّہ نہ ہو مِرے دِیں کا — کیسے بھائے وہ آب و تاب مجھے

۳۵۵ جادُو ہے میری نظروں میں تاثیر ہے میری باتوں میں — مَیں سب دنیا کا فاتح ہوں؛ ہاتھوں میں مگر تلوار نہیں

۳۵۶ جن مَعنوں میں وہ کہتا ہے قہّار بھی ہے جبّار بھی ہے — جن مَعنوں میں تم کہتے ہو؛ قہّار نہیں، جبّار نہیں

۳۵۷ جاں میری گھُٹتی جاتی ہے؛ دِل پارہ پارہ ہوتا ہے — تم بیٹھے ہو چُپ چاپ جو یُوں کیا تم میرے دِلدار نہیں

۳۵۸ جو اُس کی ذات میں کھو بیٹھے؛ اپنی ہستی کو — اُسے ہو اَپنے پَرایوں کے نام سے کیا کام

۳۵۹ جو ہولی کھیلتے رہتے ہیں خونِ مُسلم سے — اُنہیں وَفا و وِفاق و نِظام سے کیا کام

۳۶۰ جن کو عُقبیٰ کا فِکر رہتا ہو — ہیں مگر خال خال ہیں ایسے

۳۶۱ جَل کے رِہ جاتے ہیں تمام اَفکار — دِل کے اَندر اُبال ہیں ایسے

۳۶۲ جو کہ شَرمندۂ جواب نہیں — ان کے دل میں سوال ہیں ایسے

۳۶۳ جو دِل پہ زَخم لگے ہیں؛ مجھے دِکھا تو سہی — ہُوا ہے حال ترا کیا؛ مجھے سُنا تو سہی

۳۶۴ جو دَشت وکوہ بھی رَقصاں نہ ہوں؛ مجھے کہیو — تُو اس کی سُر سے؛ ذرا اَپنی سُر مِلا تو سہی

۳۶۵ جِسمِ ایماں؛ سعی وکوشش سے ہی پاتا ہے نُمُو — آرزوئے بے عَمل؛ کچھ بھی نہیں، اِک خواب ہے

۳۶۶ جن کے سینوں میں نہ دِل ہوں؛ بلکہ پتھر ہوں دھرے — کیا پہنچ ان تک ہمارے نالۂ دِلگیر کی

۳۶۷ جُستجُوئے خَس نہ کر؛ تُو دوسرے کی آنکھ میں — فِکر کر نادان! اپنی آنکھ کے شہتیر کی

۳۶۸ جنّت میں ایسی جِنس کا جانا حَرام ہے — اپنے ذُنُوب کا یہیں پُشتارہ چھوڑ دے

۳۶۹ جو کچھ بھی دیکھتے ہو؛ فقط اُس کا نُور ہے — وَرنہ جَمالِ ذات تو؛ کوسوں ہی دُور ہے

۳۷۰ جُونہی دیکھا اُنھیں؛ چشمہ محبت کا اُبل آیا — درختِ عِشق میں مایُوسیوں کے بعد پھَل آیا

۳۷۱ جب وہ بیٹھے ہوئے ہوں پاس مِرے — پاس آئے ہی کیوں ہراس مِرے

۳۷۲ جو کام کا تھا وَقت؛ وہ رورو کے گزارا — اَب رونے کا ہے وَقت؛ تو رونا نہیں آتا

۳۷۳ جو راحَت ہو؛ تو مُنہ راحَت رَساں سے موڑ لیتا ہے — مُصیبت ہو؛ تو اس کے دَر پہ سَر تک پھوڑ لیتا ہے

۳۷۴ جہانِ فلسفہ کی عِلّتوں کا چارہ گر ہے تُو — مگر جو آنکھ کے آگے ہے؛ اس سے بے خبر ہے تُو

۳۷۵ جس کی تھی چیز؛ اُسی کے ہی حوالے کر دی — دے کے دِل خوش ہوں مَیں؛ اس بات پہ دِلگیر نہیں

۳۷۶ جس پہ عاشِق ہُوا ہوں مَیں؛ وہ اِسی قابِل تھا
خود ہی تم دیکھ لو؛ اس میں میری تقصیر نہیں

۳۷۷ جب وَبا آئے؛ تو پہلے اس سے مَرتے ہیں غریب
مال داروں کو مگر لگتے ہیں ٹیکے؛ ہے عجیب

۳۷۸ جو بھی کچھ ہے، غیر کا ہے؛ ان کی حالت ہے تو یہ
دولتِ عُقبیٰ سے خالی؛ نعمتِ دُنیا حرام

۳۷۹ جس نے فضلِ اِیزدی کی راہیں سب مَسدود کِیں
ہے اسی مُلّا کو مُسلم نے بنایا راہ نُما

۳۸۰ جن کو بیماری لگی ہے؛ وہ ہیں غافِل سو رہے
پَر یہ ان کی فِکر میں ہیں؛ سخت بے کَل ہو رہے

۳۸۱ جن کو سمجھی تھی بُرا دنیا؛ وہی تیرے ہوئے
شیر کی مانند اُٹھے ہیں؛ وہ اب بپھرے ہوئے

۳۸۲ جس نے وِیرانوں کو دنیا کے کیا ہے آباد
بستی وہ تُو نے بسائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۳۸۳ جس کی گرمی سے مِری رُوح ہوئی ہے پُختہ
تُو نے وہ آگ جلائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۳۸۴ جن کو حاصل تھا تَقَرُّب؛ وہ ہیں اَب مَغضُوبِ دَہر
اور ہیں مَسنَد پہ بیٹھے؛ جو ہیں خَچر اور خَر

۳۸۵ جِنھوں نے پائی ہے اللہ کی کوئی شَرِیعَت بھی
اُنھیں تُو ٹھیک کر سکتا نہیں؛ پر حقّ وحِکمت سے

۳۸۶ جو دل کو چھید دے جا کر عَدُوِّ مُسلم کے
وہ تیر نکلے اِلٰہی! مِری کماں سے آج

۳۸۷ جَلا کے چھوڑیں گے اَعدائے کینہ پَروَر کو
نکل رہے ہیں جو شُعلے؛ دلِ تپاں سے آج

۳۸۸ جو قلبِ مومنِ صادِق سے اُٹھ رہی ہے دُعا
اُتر رہے ہیں فرشتے بھی؛ کہکشاں سے آج

۳۸۹ جُیوشِ اَبرہہ کو تہس نہس کر دے گی
اُڑے گی فوجِ طُیُور اپنے آشیاں سے آج

۳۹۰ جب آئے، دل میں آؤ! اور جو چاہو کہو اس سے
یہ وہ دَر ہے کہ جس کا کوئی حاجِب ہے نہ ہے دَرباں

۳۹۱ جنابِ مولوی تَشرِیف لائیں گے؛ تو کیا ہوگا
وہ بھڑکائیں گے لوگوں کو؛ مگر اپنا خُدا ہوگا

۳۹۲ جو اس کا مال لُوٹے گا؛ وہ ہوگا داخلِ جَنّت
جو حملہ اس کی عِزّت پر کرے گا؛ باصَفا ہوگا

۳۹۳ جو اِس کے ساتھ چھُو جائے؛ اَچھُوتوں کی طرح ہوگا
جو اِس سے بات کر لے گا؛ وہ شیطاں سے بُرا ہوگا

۳۹۴ جو اپنی زندگی؛ اُن کی غُلامی میں گُزارے گا
بنے گا رہنمائے قَوم؛ فخرالانبیاء ہوگا

۳۹۵ جن میں ہوتا ہے وَصلِ یار نَصِیب
ایسی بھی ہوتی ہیں کہیں راتیں

۳۹۶ جن کو ہوتا ہے یار کا دِیدار
ہیں اِنہیں کیلئے بنی راتیں

۳۹۷ جن میں مَوقع مِلے تہجّد کا
ہوتی ہیں بَس وہ؛ بہتریں راتیں

۳۹۸ جا دھونی رَمادے اُس کے دَر پر    اَنجام سے بے نیاز ہوجا
۳۹۹ جِس ذات سے پالا پڑتا ہے    وہ دِل کو دیکھنے والی ہے

## ﴾کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴿

۴۰۰ جو کچھ کہوں زباں سے، ناصرمَیں کر دِکھاؤں    ہو رحم اے خدایا، تا تیرے فضل پاؤں

# چ

## ('چ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **91** |
| i | دُرِّ ثمین | 19 |
| ii | دُرِّ عدَن | 5 |
| iii | کلام طاہر | 16 |
| iv | کلام محمود | 50 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ چل رہی ہے نسیم رحمت کی    جو دعا کیجئے؛ قبول ہے آج
۲ چرخ تک پہنچے ہیں؛ میرے نعرہ ہائے روز وشب    پر نہیں پہنچی دلوں تک، جاہلوں کے؛ یہ پکار
۳ چاند کو کل دیکھ کر؛ میں سخت بے کل ہوگیا    کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں؛ اس میں جمالِ یار کا
۴ چشمۂ خورشید میں؛ موجیں تیری مشہود ہیں    ہر ستارے میں تماشا ہے؛ تیری چمکار کا
۵ چاہیئے نفرت بدی سے؛ اور نیکی سے پیار    ایک دن جانا ہے تجھ کو بھی خدا کے سامنے
۶ چاہیئے تجھ کو مٹانا قلب سے نقشِ دوئی    سر جھکا بس مالکِ ارض وسما کے سامنے

۷ چھوڑو غرور و کبر؛ کہ تقویٰ اسی میں ہے — ہو جاؤ خاک؛ مرضیٔ مولیٰ اسی میں ہے

۸ چشمِ مستِ ہر حسیں؛ ہر دَم دکھاتی ہے تجھے — ہاتھ ہے تیری طرف؛ ہر گیسوئے خمدار کا

۹ چھو کے دامن تیرا؛ ہر دام سے ملتی ہے نجات — لاجَرَم دَر پہ تیرے؛ سر کو جھکایا ہم نے

۱۰ چنگے رہیں ہمیشہ؛ کریو نہ اِن کو مندے — یہ روز کر مبارک **سبحان من یّرانی**

۱۱ چن لیا تُو نے مجھے اپنے مسیحا کے لئے — سب سے پہلے یہ کرم ہے مِرے جاناں تیرا

۱۲ چھوڑتے ہیں دِیں کو؛ اور دنیا سے کرتے ہیں پیار — سو کریں وَعظ و نصیحت؛ کون پچھتانے کو ہے

۱۳ چہرہ دکھلا کر مجھے؛ کر دیجئے غم سے رہا — کب تلک لمبے چلے جائیں گے؛ ترسانے کے دن

۱۴ چاند اور سورج نے دکھلائے ہیں دو داغِ کسوف — پھر زمیں بھی ہوگئی بے تاب؛ تھرّانے کے دن

۱۵ چھٹ گئے شیطاں سے جو تھے تیری الفت کے اَسیر — جو ہوئے تیرے لئے بے برگ و بر پائی بہار

۱۶ چپ رہو تم؛ دیکھ کر ان کے رسالوں میں سِتم — دَم نہ مارو؛ گر وہ ماریں اور کر دیں حالِ زار

۱۷ چھوڑ کر فرقاںؔ کو؛ آثارِ مخالف پر جمے — سر پہ مسلمؔ اور بخاریؔ کے دیا ناحق کا بار

۱۸ چھوڑ دو وہ راگ؛ جس کو آسماں گاتا نہیں — اب تو ہیں اے دل کے اندھو! دِیں کے گُن گانے کے دن

۱۹ چھوڑنی ہوگی تجھے دنیائے فانی ایک دن — ہر کوئی مجبور ہے؛ حکمِ خدا کے سامنے

## دُرِّ عدن

۲۰ چُن لیا اِک عاشقِ خیرالرُسل شیدائے دِیں — جس کی رَگ رَگ میں بھرا تھا؛ عشق اپنے یار کا

۲۱ چشمِ ظاہر بیں سے پنہاں ہے ابھی اس کی چمک — تیری قسمت کا ستارا بن چکا ماہِ مبیں

۲۲ چیر کر سینے پہاڑوں کے؛ بڑھے اس کے قدم — سینہ کوبی پر ہوئے مجبور اعدائے لعیں

۲۳ چار دن ہنس کھیل کر مشہود رخصت ہوگئے — کِھل گئے گُلہائے مسرّت داغِ حسرت دے گئے

۲۴ چند ہی دن کی جدائی ہے؛ یہ مانا لیکن — بَدمزہ ہوگئے یہ دن بخدا! تیرے بعد

## کلامِ طاہر

۲۵ چمکا پھر آسمانِ مشرق پہ نامِ احمد — مغرب میں جگمگایا؛ ماہِ تمامِ احمد

۲۶ چشمِ حزیں میں آ تو بَسے ہو مِرے حبیب!
کیوں پھر بھی میری دِید کا مسکن اُداس ہے

۲۷ چھین لے اِن سے زمانے کی عناں مالک وقت
بنے پھرتے ہیں کم اوقات زمانے والے

۲۸ چشمِ گردُوں نے کبھی پھر نہیں دیکھے وہ لوگ
آئے پہلے بھی تو تھے؛ آ کے نہ جانے والے

۲۹ چھت اُڑ گئی؛ سایہ نہ رہا کتنے سَروں پر
اَرمانوں کے دن جاتے رہے؛ پیٹھ دِکھا کے

۳۰ چلتا ہے وہاں اب؛
اور کالے دھَن کی فراوانی سے؛
کاروبار پہ سِکّہ نوکر شاہی کا
سب دھندے مجذوم ہوئے

۳۱ چشمِ حزیں کے یار اُدھر؛ دردنہاں کی جھیل پر
کھِلتے ہیں کیوں کیسے خبر حسرتوں کے کنول پڑے

۳۲ چاندنے پی ہوئی تھی رات؛ ڈھل رہی تھی کائنات
نور کی مے اُتر رہی تھی؛ عرش سے جیسے تل پڑے

۳۳ چاروں اور بجی شہنائی؛ بھجنوں نے اِک دھوم مچائی
رُت بھگوان مِلن کی آئی؛ پیتم کا دَرشن گھر گھر تھا

۳۴ چھٹ جائیں گے اِک روز مظالم کے اندھیرے
لہرائیں گے ہر آنکھ میں گُلرنگ سویرے

۳۵ چمن میں وہ گلِ رعنا جو خاک سے اٹھے
اکھاڑنے میں اسے تم کو کچھ ملال نہ ہو

۳۶ چھاچکی ہوتی جدائی کی سسکتی ہوئی رات
مجھے بانہوں میں شبِ غم نے لپیٹا ہوتا

۳۷ چارسُو تم نہ دکھائی کہیں دیتے؛ اِک مَیں
اپنے ہی اَشکوں میں بھیگا ہوا؛ لیٹا ہوتا

۳۸ چاند تھا میری نگاہوں کا؛ مگر دیکھو تو
بام ودَر جن کے اجالے ہیں؛ وہ گھر غیر کے ہیں

۳۹ چھیمی نے سوچا؛ کیوں نہ اکیلا ہی کھاؤں مَیں
باورچی خانہ چوری چھپے کیوں نہ جاؤں مَیں

۴۰ چارہ گروں کے غم کا چارہ؛ دُکھیوں کا اِمدادی آیا
راہنما بے راہرووں کا؛ راہبروں کا ہادی آیا

## کلامِ محمود

۴۱ چار سُو مُلک میں تھا ہو رہا شور و غوغا
بلکہ سچ ہے؛ کہ نمونہ وہ قیامت کا تھا

۴۲ چاروں اَطراف میں پھیلا تھا غرض اندھیرا
لشکرِ یاس نے؛ ہر سمت سے تھا، آگھیرا

۴۳ چھوڑ دو سب عیش یارو! اور فِکرِ دِیں کرو
آجکل ہرگز نہیں ہیں؛ پاؤں پھیلانے کے دِن

۴۴ چرخِ نیلی کی کمر بھی؛ ترے آگے ہے خم
فِیل کیا چیز ہیں؛ اور کِس کو ہیں کہتے ضیغم

۴۵ چکھیں گے مزا عذاب کا جب
جانیں گے کہ ہاں! کوئی خدا ہے

۴۶ چاہا اگر خُدا نے؛ تو دیکھو گے جلد ہی
چاروں طرف ہے شور بَپا؛ اَلامان کا

۴۷ چونکہ توحید پہ ہے زور دیا ہم نے آج
اپنے بیگانے نے چھوڑا ہے اکیلا ہم کو

۴۸ چہرہ پہ اس مریض کے کیوں رونق آگئی
جو کل تلک تھا سخت ضعیف اور ناتواں

۴۹ چیزیں ہزاروں ڈاک میں بھیجو؛ تم آج کل
نقصان اس میں کوئی؛ نہ کوئی زیان ہے

۵۰ چھوٹوں بڑوں کی چین سے ہوتی ہے یاں بَسَر
نے مال کا خطر ہے؛ نہ نقصانِ جان ہے

۵۱ چڑھے ہیں سینکڑوں ہی سُولیوں پہ ہم منصُور
ہمارے عِشق کا اِک دار پر مَدار نہیں

۵۲ چکھائے گی تمھیں غیرت خدا کی
جو کچھ اس بَد زُبانی کا مزا ہے

۵۳ چھوڑ دو اَعمالِ بَد کے ساتھ بَدصُحبت بھی تم
زخم سے انگور مِل کر؛ پھر ہرا ہوجائے گا

۵۴ چھُپا ہے اَبر کے پیچھے؛ نظر آتا نہیں مجھ کو
مَیں اس کے چاند چہرہ پر قرباں ہو نہیں سکتا

۵۵ چھُپیں وہ لاکھ پَردوں میں؛ ہم ان کو دیکھ لیتے ہیں
خیالِ رُوئے جاناں؛ ہم سے پِنہاں ہو نہیں سکتا

۵۶ چھائی ہوئی ہے اُس پہ بھلا مُردنی یہ کیوں؟
جیسے کہ وَقتِ صبح؛ دِیا ہو بُجھا ہُوا

۵۷ چہرہ دِکھلا دے مجھے صدقے مَیں اُن آنکھوں کے
دامَن اُن کا کبھی آنکھوں سے لگا لُوں تو کہوں

۵۸ چیونٹی پہ بوجھ اُونٹ کا ہے کون لادتا
اس جاں پہ اور یہ سِتَمِ روزگار ہو

۵۹ چھوڑ دو، جانے بھی دو؛ سُنتا ہوں یہ بھی ہے عِلاج
ڈالتے ہو میرے زخمِ دِل پہ تم تیزاب کیوں

۶۰ چھوڑتے ہیں غیر سے مِل کر تجھے
یاالٰہی! اس میں کیا اَسرار ہے

۶۱ چھوڑے جاتے ہیں مجھے ہوش وحَواس وعَقل کیوں
کیوں نہیں باقی رہا دل پر مجھے کچھ اختیار

۶۲ چھوڑ دو رَنج وعَداوَت؛ ترک کردو بُغض وکِیں
پیار و اُلفت کو کرو تم جان و دِل سے اِختیار

۶۳ چھوڑ دو غیبت کی عادت بھی؛ کہ یہ اِک زہر ہے
رُوحِ اِنسانی کو ڈَس جاتی ہے یہ مانندِ مار

۶۴ چشمۂ اَنوار؛ میرے دِل میں جاری کیجئے
پھر دِکھا دیجے مجھے عُنوانِ رُوئے آفتاب

۶۵ چھِنے گئے ہیں مُلک سب؛ باقی ہیں اب شام وعَرَب
پیچھے پڑا ہے ان کے اَب دُشمن؛ لگائے تانقب

۶۶ چڑھے تو نام نہ لے ڈوبنے کا پھر وہ کبھی
کچھ ایسی ہو میرے یومُ الوِصال میں برکت

۶۷ چاروں اَطراف سے گھِرے ہیں ہم
آگے پیچھے ہمارے ہیں حسّاد

٦٨ چھپی نہیں کبھی رِہ سکتی وہ نِگہ؛ جس نے
ہے مجھ کو قتل کیا؛ لآ اِلٰـــہَ اِلَّاالـــلّٰـــہ

٦٩ چاہتا ہوں؛ کہ کروں چند نصائح تم کو
تاکہ پھر بعد میں مجھ پر کوئی اِلزام نہ ہو

٧٠ چھوڑ دو حِرص؛ کرو زُہد و قَناعَت پیدا
زَر نہ محبُوب بنے؛ سیمِ دِل آرام نہ ہو

٧١ چاک کردیجئے؛ ہیں بیچ میں جتنے یہ حجاب
میری منظور اگر آپ کو دِلداری ہے

٧٢ چاروں اَطراف میں مجنوں ہی نظر آتے ہیں
نہ ہُوا ہو، وہ کہیں جلوہ نُما؛ دیکھو تو

٧٣ چادرِ فضل و عِنایت میں چھُپالے پیارے!
مجھ گُنہ گار کو؛ اپنا ہی بنالے پیارے!

٧٤ چاہیئے کوئی تو تقریب ترَحُّم کیلئے
مَیں نے کیا لینا ہے؛ اے دوستو! اچھا ہوکر

٧٥ چین سے بیٹھتے؛ تو بیٹھتے کس طرح سے ہم
دُور بیٹھا نہ گیا؛ پاس بٹھایا نہ گیا

٧٦ چھانا کئے سب جہاں کو اُن کی خاطِر
جب دیکھا؛ تو دیکھا اُن کو سوتے سوتے

٧٧ چھلک رہا ہے مِرے غم کا آج پیمانہ
کسی کی یاد میں؛ مَیں ہو رہا ہوں دیوانہ

٧٨ چھُڑائے گا بھلا کیا؛ دل سے میرے، یاد اُس کی
تُو اور مجھ کو بناتا ہے اس کا دیوانہ

٧٩ چھُٹ گیا ہاتھوں سے میرے؛ دامنِ صبروشکیب
چَل گیا دِل پر مِرے؛ جادُو تِری رَفتار کا

٨٠ چھوڑنا ہے جو نَقشِ عالَم پر
کَس کَمر؛ عَزمِ مُقبِلانہ بنا

٨١ چال عُشّاق کی چلوں مَیں بھی
تُو بھی اَنداز دِلبَرانہ بنا

٨٢ چہرہ مِرے حبیب کا ہے مِہرِنیم روز
اس آفتاب کو نہ چھُپایا کرے کوئی

٨٣ چھوڑ کر چَل دئے میدان کو؛ دوماتوں سے
مَرد بھی چھوڑتے ہیں دِل کبھی؛ اِن باتوں سے

٨٤ چھڑک دیا جو فَضاؤں پہ عَفو کا پانی
وہ کونسا تھا بَدَن؛ جو کہ آب آب نہ تھا

٨٥ چاند چمکا ہے؛ گال ہیں ایسے
تاج ہو جیسے؛ بال ہیں ایسے

٨٦ چھُوٹے کبھی نہ جامِ سَخاوَت؛ خُدا کرے
ٹُوٹے کبھی نہ پائے صَداقَت؛ خُدا کرے

٨٧ چلتے کاموں میں مدد دینے کو سب حاضِر ہیں
جب بگڑ جائیں؛ فَقَط ایک خُدا کرتا ہے

٨٨ چھوٹوں کو حق نے کر کے دکھایا ہے سَربُلَند
جو تھے ذلیل؛ قوم کے سَردار ہوگئے

٨٩ چھ مارچ کو لیکھو نے اُٹھایا لَنگَر
دُنیا سے کیا کُوچ؛ سُوئے نارِ سَقَر

۹۰ چمکیں گے واقِف کبھی مانندِ بَدر آج دنیا کی نظر میں ہیں ہِلال

## ﴿کلامِ حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ﴾

۹۱ چمکوں گا مَیں فلک پر، جیسے ہو کوئی تارا بھولوں کو رَہ پہ لاوے، ایسی مَیں شمع ہوں گا

# ح

('ح' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **70** |
| i | دُرِّ ثمین | 14 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 7 |
| iv | کلامِ محمود | 42 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ حق کی توحید کا مرجھا ہی چلا تھا پودا ناگہاں غیب سے؛ یہ چشمۂ اصفٰی نکلا

۲ حق پرستی کا مٹا جاتا ہے نام اِک نشاں دکھلا؛ کہ ہو حُجّت تمام

۳ حمدوثناء اسی کو؛ جو ذات جاوِدانی ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی؛ نہ کوئی ثانی

۴ حق کی طرف بلایا؛ مِل کر خدا مِلایا یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۵ حریفوں کو لگے ہرسمت سے تِیر گرفتار آگئے؛ جیسے کہ نخچیر

۶ حُمق آگیا ہے سر میں؛ وہ فِطنت نہیں رہی کَسل آگیا ہے دل میں جلادَت نہیں رہی

۷ حق سے جو حکم آئے؛ سب اس نے کر دکھائے جو راز تھے بتائے؛ نِعم العطاء یہی ہے

۸ حرفِ وفا نہ چھوڑوں؛ اِس عہد کو نہ توڑوں اِس دلبرِ اَزَل نے مجھ کو کہا یہی ہے

۹ حد سے کیوں بڑھتے ہو لوگو! کچھ کرو خوفِ خدا کیا نہیں تم دیکھتے؛ نصرت خدا کی باربار

۱۰ حسرتوں سے میرا دل پر ہے کیوں منکر ہو تم — یہ گھٹا اب جھوم جھوم آتی ہے دل پر بار بار

۱۱ حِلّت وحرمت کی کچھ پروا نہیں باقی رہی — ٹھونس کر مردار پیٹوں میں؛ نہیں لیتے ڈکار

۱۲ حشر جس کو کہتے ہیں؛ اِک دَم میں برپا ہوگیا — ہرطرف میں مرگ کی آواز تھی؛ اور اضطرار

۱۳ حاجتیں پوری کریں گے؛ کیا تیری عاجز بشر — کر بیاں سب حاجتیں؛ حاجت روا کے سامنے

۱۴ حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب — خوبوں کو بھی تو تم نے مسیحا بنا دیا

## دُرِّ عَدَن

۱۵ حسنِ رقم پہ ناز ہے؛ مضموں نگار کو — پھر کاتبوں کو حسنِ کتابت پہ ناز ہے

۱۶ حق نے بندوں پہ رحم فرمایا — اِک نمونہ بنا کے دکھلایا

۱۷ حضرتِ ذوالجلال کے محبوب — جس کی خاطر ہوئی بنائے جہان

۱۸ حافظ خدا رہا؛ مَیں رہی آج تک امیں — جس کی تھی؛ اب اسے یہ امانت نصیب ہو

۱۹ حکم فرمایا 'قلم تھامے ہوئے میداں میں آ' — صفحۂ قرطاس سے رَدّ کر؛ عدو کے وار کا

۲۰ حق و باطل میں کرے گی چشمِ بینا امتیاز — ہوگیا آخر نمایاں؛ فرق نور و نار کا

۲۱ حسرتیں نظروں میں لے کر صورتیں سب کی سوال — اب کہاں تسکین ڈھونڈیں؛ بے سہارے دلِ حزیں

## کلامِ طاہر

۲۲ حَبس کیسا ہے میرے وطن میں؛ — ہے فقط ایک رستہ، جو آزاد ہے؛
جہاں پابہ زنجیر ہیں ساری آزادیاں — یُورشِ سیلِ اَشکِ رواں کیلئے

۲۳ حضرتِ سیّدِ ولدِ آدمؑ — صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۲۴ حیا سے عاری سِیہَ بخت نیش زَن؛ مَردُود — یہ واہ واہ؛ کسی کربلا سے اٹھی ہے

۲۵ حیاتِ نو کی تمنا؛ ہوئی تو ہے بیدار — مگر یہ نیند کی ماتی دعا سے اٹھی ہے

۲۶ حالِ دل خراب تو کوئی نہ پاسکا — چینِ جبیں سے اہلِ جہاں بدگماں رہے

۲۷ حُسن کی چاندنی سے تابندہ — پھول چہرہ کِھلا کِھلا سا تھا

۲۸ حمد و ثناء کے نغمے گاؤ — گل برساؤ اُردو کلاس

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲۹ حق سے محمود! بس اب اتنی دعا ہے میری — جس نے ہم کو کیا خوش؛ رکھے اُسے وہ راضی

۳۰ حیف ہے قوم! تِرے فِعلوں پر اور عَقلوں پر — دوست ہیں جو کہ تِرے؛ اُن پہ تُو کرتی ہے سِتَم

۳۱ حیرانی میں ایک دُوسرے سے — اُس دن یہ کہے گا؛ 'ہَیں' یہ کیا ہے؟

۳۲ حق نے جِسے کر دیا مامُور — تسلیم میں اُس کی؛ عُذر کیا ہے

۳۳ حق کو کڑوا ہی بتاتے چلے آئے ہیں لوگ — یہ نئی بات ہے؛ لگتا ہے وہ میٹھا ہم کو

۳۴ حیاتِ جاوِداں ملتی ہے اس سے — کلامِ پاک ہی؛ آبِ بقا ہے

۳۵ حکمِ رَبیّ سے یہ ہے پیچھے پڑا شیطان کے — اس کے ہاتھوں سے: اب اس کا فیصلہ ہوجائے گا

۳۶ حق پہ ہم ہیں؛ یا کہ یہ حسّاد ہیں، جھگڑا ہے کیا — فیصلہ اس بات کا؛ روزِ جزا ہوجائے گا

۳۷ حالات پر زمانے کے؛ کچھ تو دھیاں کرو — بے فائدہ نہ عمر کو یوں رائیگاں کرو

۳۸ حالِ دل کہنے نہیں دیتی؛ یہ بے تابیِ دِل — آؤ! سینہ سے تمھیں اپنے لگا لُوں؛ تو کہوں

۳۹ حال یوں اُن سے کہوں؛ جس سے وہ بیخود ہو جائیں — کوئی چُبھتی ہوئی مَیں بات بنا لُوں؛ تو کہوں

۴۰ حق کے پیاسوں کیلئے آبِ بقا ہوجاؤ — خُشک کھیتوں کیلئے؛ کالی گھٹا ہوجاؤ

۴۱ حقیقت کھول دی اُن پر ہماری — مگر تاریکئ دل سے ہیں مجبور

۴۲ حفیظہؔ؛ جو مِری چھوٹی بہن ہے — نہ اَب تک وہ ہوئی تھی اس میں رَنگیں

۴۳ حالات پُر اَسرار ہیں — دِل مَسکَنِ اَفکار ہے

۴۴ حملہ کرتا ہے اگر دُشمن؛ تو کرنے دو اُسے — وہ ہے اَغیاروں میں مَیں اُس یار کے یاروں میں ہوں

۴۵ حَلال کھا؛ کہ ہے رِزقِ حَلال میں برکت — زکوٰۃ دے؛ کہ بڑھے تیرے مال میں برکت

۴۶ حضورِ حضرتِ دَیّاں شَفاعتِ نادِم — کرے گا روزِ جزا؛ لَآ اِلٰـــہَ اِلَّا الـلّٰـــہ

۴۷ حُسن اس کا نہیں کھُلتا؛ تمہیں یہ یاد رہے — دوشِ مُسلم پہ اگر چادَرِ اِحرام نہ ہو

۴۸ حُسن ہر رنگ میں اچھا ہے؛ مگر خیال رہے — دانہ سمجھے ہو جِسے تم؛ وہ کہیں دام نہ ہو

۴۹ حَشر کے روز نہ کرنا؛ ہمیں رُسوا و خراب — پیار و آموختۂ درسِ وَفا خام نہ ہو

۵۰ حَیف اس سَر پہ؛ کہ جو تابعِ فَرمان نہ ہو      تُف ہے اس دل پہ؛ کہ جو بندۂ احسان نہ ہو

۵۱ حقیقی عشق گَر ہوتا؛ تو سچی جُستجُو ہوتی      تلاشِ یار ہرہردِہ میں ہوتی کُوبکُو ہوتی

۵۲ حُسنِ فانی سے نہ دل؛ کاش! لگائے کوئی      اپنے ہاتھوں سے؛ نہ خاک اپنی اُڑائے کوئی

۵۳ حُسنِ ظاہر پہ نہ تو بھُول؛ کہ سوحسرت وغم      چھوڑ جائے گا؛ بس آخر یہ تماشا ہوکر

۵۴ حق نے محمّود! ترا نام ہے رکھا محمّود      چاہیے تجھ کو چمکنا؛ یَدِ بیضا ہوکر

۵۵ حق تعالےٰ کی حفاظت میں ہوں مَیں؛ یاد رہے      وہ بچائے گا مجھے؛ سارے خطاگیروں سے

۵۶ حلقہ میں ملائکہ کے کھیلے      ہردَم رہے دُور اس سے شیطاں ۔ آمین

۵۷ حُسن ہے داد طَلَب؛ عِشق تماشائی کا      لاکھ پَردے میں وہ عریان ہوئے جاتے ہیں

۵۸ حیران ہوں؛ کہ دن کسے کہتے ہیں، اے دوستو!      سُورج ہی جب طُلوع نہ ہو؛ تو سَحر کہاں

۵۹ **حدیثِ مَدرسہ و خانقاہ مگو بَخُدا      فَتاد بَر سَرِ حافِظ ہَوائے میخانہ**

۶۰ حاضِر نہ تھا وفات کے وَقت؛ اے مِرے خدا!      بھاری ہے یہ خیال؛ دِلِ ریش و زار پر

۶۱ حِرص و ہوا و کِبر و تغَلُّب کی خواہشات      چمٹی ہوئی ہیں دامنِ دل سے بَلائیں کیا

۶۲ حَیف اس پر؛ جس کو رَدّی جان کر پھینکا گیا      وَرنہ ہر ہر گل چمن کا؛ نَذرِ جاناں ہوگیا

۶۳ حَریمِ قُدس کے ساکِن کو؛ نام سے کیا کام      ہَوا وحِرص کے بندہ کو؛ کام سے کیا کام

۶۴ حَقارت کی نِگاہیں؛ ہیں سُکڑتی      محبت کی نِگاہیں؛ پھیلتی ہیں

۶۵ حق کی جانب سے مِلا ہو؛ جس کو تقویٰ کا لباس      جِسم پر اس کے اگر؛ گاڑھا بھی ہو کمخواب ہے

۶۶ حاصِل ہو سَکُوں؛ چھُولُوں اگر دامنِ دِلبر      دامن کا مگر ہاتھ میں؛ کونا نہیں آتا

۶۷ حاکِم رہے دِلوں پہ شَرِیعَت؛ خُدا کرے      حاصِل ہو مُصطفیٰؐ کی رَفاقت؛ خُدا کرے

۶۸ حَیات بَخش وہ؛ جِس پر فَنا نہ آئے کبھی      نہ ہوسکے جو تَبہَ؛ ایسا مال دے پیارے!

۶۹ حُسن واِحساں میں؛ نہیں ہے آپ کا کوئی نظیر      آپ اَندھا ہے؛ جو کرتا ہے بُرائی آپ کی

۷۰ حرام مال پہ تو؛ جان ودِل سے مَرتا ہے      وہ جِس طرح سے بھی ہاتھ آئے؛ کر گزرتا ہے

# خ

## ('خ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 166 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 38 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 23 |
| iii | کلامِ طاہر | 19 |
| iv | کلامِ محمود | 86 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ خدا کے قول سے؛ قولِ بشر کیونکر برابر ہو — وہاں قدرت، یہاں درماندگی؛ فرقِ نمایاں ہے

۲ خدا کیلئے ہو گیا درد مند — تنعّم کی راہیں نہ آئیں پسند

۳ خطاوار ہوں؛ مجھ کو وہ رَہ بتا — کہ حاصل ہو جس رَہ سے تیری رضا

۴ خدا کے جو ہیں؛ وہ یہی کرتے ہیں — وہ لعنت سے لوگوں کی؛ کب ڈرتے ہیں

۵ خدا پر تو پھر یہ گماں عیب ہے — کہ وہ راحم و عالم الغیب ہے

۶ خدا پر خدا سے یقیں آتا ہے — وہ باتوں سے ذات اپنی سمجھاتا ہے

۷ خدا نے جو لکھا؛ وہ کب ہو خطا — وہی ہے خدا کا کلامِ صفا

۸ خدا کیلئے چھوڑ اب بغض وکیں — ذرا سوچو! باتوں کو ہوکر امیں

۹ خدا سے غیر کو ہمتا بنانا؛ سخت کفراں ہے — خدا سے کچھ ڈرو یارو! یہ کیسا کِذب وبہتاں ہے

۱۰ خوبرویوں میں ملاحت ہے تیرے اس حسن کی — ہر گل وگلشن میں ہے رنگ اس تیرے گلزار کا

۱۱ خدا کا یہ تھا فضل اس مرد پر — ہوا اس کی دردوں کا اِک چارہ گر

۱۲ خود میرے کام کرنا یارب! نہ آزمانا
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۱۳ خدایا! اے میرے پیارے خدایا!
یہ کیسے ہیں تیرے مجھ پر عطایا

۱۴ خدا نے چار لڑکے اور یہ دختر
عطاء کی؛ پس یہ احساں ہے سراسر

۱۵ خدایا! تیرے فضلوں کو کروں یاد
بشارت تُو نے دی؛ اور پھر یہ اولاد

۱۶ خبر مجھ کو یہ تُو نے بارہا دی
فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۱۷ خدا نے ان کی عظمت سب اڑا دی
فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۱۸ خدا نے اپنی رَہ مجھ کو بتا دی
فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۱۹ خدا نے اِک جہاں کو یہ سنا دی
فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۲۰ خدا نے روک ظلمت کی اٹھا دی
فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۲۱ خدا کی ایک بھی تم نے نہ مانی
ذرا سوچو! یہی ہے زندگانی؟

۲۲ خدا نے پھر تمہیں اب ہے بلایا
کہ سوچو عزّتِ خیر البرایا

۲۳ خدا عیسیٰؑ کو کیوں مُردوں سے لاوے
وہ خود کیوں مہرِ ختمیت مِٹاوے

۲۴ خدا کا ہم پہ بس لطف و کرم ہے
وہ نعمت کون سی باقی؛ جو کم ہے

۲۵ خوانِ تہی پڑا ہے؛ وہ نعمت نہیں رہی
دِیں بھی ہے ایک قشر؛ حقیقت نہیں رہی

۲۶ خاکساری سے ہم نے لکھا ہے
نہ تو سختی؛ نہ کوئی شدّت ہے

۲۷ خوبوں کے حسن میں بھی اسی کا وہ نور ہے
کیا چیز حسن ہے؛ وہی چمکا حجاب میں

۲۸ خوش خوش عمل ہیں کرتے اوباش سارے اس پر
سارے نیوگیوں کا اِک آسرا یہی ہے

۲۹ خدا رسوا کرے گا تم کو؛ مَیں اعزاز پاؤں گا
سنو اے منکرو! اب یہ کرامت آنے والی ہے

۳۰ خدا ظاہر کرے گا اِک نشاں پُر رعب وپُر ہیبت
دلوں میں اس نشاں سے استقامت آنے والی ہے

۳۱ خدا کے پاک بندے؛ دوسروں پر ہوتے ہیں غالب
میری خاطر؛ خدا سے یہ علامت آنے والی ہے

۳۲ خدمتِ دِیں کا تو کھو بیٹھے ہو بغض وکیں سے وقت
اب نہ جائیں ہاتھ سے لوگو! یہ پچھتانے کے دن

۳۳ خیر خواہی میں جہاں کی خوں کیا ہم نے جگر
جنگ بھی تھی صلح کی نیت سے اور کیں سے فرار

٣٤ خیرگی سے بدگمانی اس قدر اچھی نہیں
اِن دنوں میں؛ جبکہ ہے شورِقیامت آشکار

٣٥ خاکساری کو ہماری دیکھ؛ اے دانائے راز!
کام تیرا کام ہے؛ ہم ہوگئے اب بے قرار

٣٦ خون سے مردوں کے کوہستان کے آبِ رواں
سرخ ہوجائیں گے؛ جیسے ہو شرابِ انجبار

٣٧ خوب کھل جائے گا لوگوں پہ؛ کہ دِیں کس کا ہے دِیں
پاک کردینے کا تیرتھ؛ کعبہ ہے یا ہردوار

٣٨ خدا سے وہی لوگ کرتے ہیں پیار
جو سب کچھ ہی کرتے ہیں اس پر نثار

## دُرِّ عدن

٣٩ خالق مٹی سے گھڑتا ہے؛
یہ خاک ہی کرتی پاک بھی ہے؛
مٹی میں رہنا پڑتا ہے
مَل مَل کے یہیں دل دھوتے ہیں

٤٠ **خوشا زمان! کہ سِرِّدلم زماں گوید**
**ثنائے دلبرم امروز ہر زبان گوید**

٤١ ختم ہیں تجھ پر جہاں کی شوخیاں عیّاریاں
کیسے کیسے تُو نے عیّاروں کو نالاں کر دیا

٤٢ خدا کے کرم سے پھٹکنے نہ پائے
رہے دُور ہی تم سے شیطان طیّب

٤٣ خدا سے دعا ہے؛ کہ بَن جائے اس کی
مِری پیاری طیّب؛ میری جان طیّب

٤٤ خوشانصیب! کہ تم قادیاں میں رہتے ہو
دیارِ مہدیٔ آخر زماں میں رہتے ہو

٤٥ خالقِ ہردوجہاں کی رحمتیں ہوں آپ پر
والسلام اے شاہِ دِیں؛ اے رہنمائے قادیاں

٤٦ خیریت سے آپ کو اور ساتھ سب احباب کو
جامع المتفرقین؛ جلدی سے لائے قادیاں

٤٧ خدا نے بخشی ہے 'الدّار' کی نگہبانی
اسی کے حفظ؛ اسی کی اماں میں رہتے ہو

٤٨ **خالق الخلق ربی الاعلیٰ**
**حیی و قیوم؛ محی الموتی**

٤٩ خوب بھڑکی آگ؛ عالَم بن گیا دارالفساد
ابتداء سے کام ہے ہیزم کشی کفار کا

٥٠ خوف ہے مجھ کو؛ کہ لگ جائے نہ اشکوں کی جھڑی
آج میرا مطلعِ دل پھر غبار آلود ہے

٥١ خِلقتِ اِنس میں ہے اُنس ومحبت کا خمیر
گر محبت نہیں؛ بیکار ہے انساں ہونا

٥٢ خلق اس معصوم کا اس کی ادائیں دل نشیں
بھولنا چاہیں بھی گر؛ تو بھولنا ممکن نہیں

٥٣ خدایا! مَیں ناچیز بندی ہوں تیری
مَیں جو مانگتی ہوں؛ مجھے وہ دلا دے

۵۴ خضر ہم تو اسی کو جانیں گے جو ہمیں دِلربا سے ملوائے
۵۵ خدا کا فضل ہے؛ اس کی عطا ہے محمدؐ کے وسیلے سے ملا ہے
۵۶ خوبیاں بھردی تھیں مولیٰ نے دلِ داؤد میں خادمِ محمود پہنچا خدمتِ محمود میں
۵۷ خلیفہ خدا نے جو تم کو دیا ہے عطاءِ الٰہی ہے؛ فضلِ خدا ہے
۵۸ خلیفہ بھی ہے؛ اور موعود بھی مبارک بھی ہے؛ اور محمود بھی
۵۹ خدا نے کہا یہ قرآن میں رہو اپنی ماؤں کے فرمان میں
۶۰ خدا کی گواہی یہ جب سے سُنی ہے بہت قدر دل میں مِرے بڑھ گئی ہے
۶۱ خلق میں آپ ہے مِثال اپنی آپ اپنی دلیل ہے احمد

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۶۲ ختم ہوئے جب کُل نبیوں کے دورِ نبوت کے افسانے بند ہوئے عرفان کے چشمے فیض کے ٹوٹ گئے پیمانے
۶۳ خوں شہیدانِ اُمّت کا، اے کَم نظر! ہر شہادت تیرے دیکھتے دیکھتے:
رائیگاں کب گیا تھا، کہ اب جائے گا پھول پھل لائے گی، پھول پھل جائے گی
۶۴ خاک آلودہ، پراگندہ؛ زبوں حالوں کو کھینچ کر قدموں سے زانو پہ بٹھانے والے!
خدا کے شیرو! تمہیں نہیں زیب؛ گرجتے آگے بڑھو؛
۶۵ خوف جنگل کے باسیوں کا کہ زیرِ نگیں کرو ہر مقام کہنا
۶۶ خوشابؔ اور ساہیوالؔ اور فیصلؔ آباد اور سرگودھاؔ بَلائے ناگہاں؛ اِک نِت نیامَولانا آتا ہے
۶۷ خوب سجی یادوں کی محفل؛ مہمانوں نے تاپے ہاتھ ہم نے اپنا کوئلہ کوئلہ دل دہکایا ساری رات
۶۸ خیرات کر اَب اِن کی رہائی مِرے آقا! کشکول میں بھر دے؛ جو مِرے دل میں بھرا ہے
۶۹ خموشیوں میں کھٹکنے لگی کسک دِل کی اِک ایسی ہُوک دلِ بے نَوا سے اُٹھی ہے
۷۰ خانۂ دل میں اتر کر یہ فقیروں کے سے غم نالۂ شب سے نصیب اپنا جگا لیتے ہیں
۷۱ خزانے تم پہ لٹائے گا لا جَـــــــرَم لیکن بَس ایک نذرِ عقیدت گذار کر دیکھو
۷۲ خدا کی بات ٹلے گی نہیں؛ تم ہو کیا چیز! اَٹل چٹان ہے؛ سَر مار مار کر دیکھو

۷۳ خوں بار بلکتے ہوئے جھرنوں کی زمیں ہے
نَو خیز جواں سال قتیلوں کا وطن ہے

۷۴ خدا کرے؛ کہ مِرے اِک بھی ہَم وطن کیلئے
حیات جُرم نہ ہو؛ زندگی وَبال نہ ہو

۷۵ خدا کے فضلوں پر ہوتا ہے اپنا دل ٹھنڈا
تو مولوی ہمیں کیوں اتنا جَل کے دیکھتے ہیں

۷۶ خَمِ لَب؛ برگِ گل کی انگڑائی
دَہَن غنچہ؛ نِیم وا سا تھا

۷۷ خوش تکلم سا خوش اَدا سا تھا
بے تکلف سا؛ بے رِیا سا تھا

۷۸ خامشی میں سرودِ بے آواز
گفتگو میں غزل سَرا سا تھا

۷۹ خوش ہوکے کرو رخصت دیکھوتم ناحق اپنی پلکوں پر
جو اَشک سجائے بیٹھے ہوان اَشکوں کوڈھل جانے دو

۸۰ خیرات ہو مجھ کو بھی اِک جلوۂ عام اس کا
پھر یُوں ہو؛ کہ ہو دِل پر الہام کلام اُس کا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸۱ خدایا! اس بَنی پر اور بَنے پر فضل کر اپنا
اوران کے دل میں پیدا کردے جوش دِیں کی خدمت کا

۸۲ خُدا کا رحم ہونے کو ہے محمود
تغیُّر ہورہا ہے آسماں میں

۸۳ خدا سے چاہیئے ہے لو لگانی
کہ سب فانی ہیں؛ پر وہ غیر فانی

۸۴ خدا نے ہم کو دی ہے کامرانی
**فسبحان الّذی اوفی الامانی**

۸۵ خدا نے ہم کو وہ جلوہ دکھایا
جو موسیٰ ؑ کو دکھایا تھا؛ سرِطور

۸۶ خدمتِ دِین کو؛ اِک فضلِ الٰہی جانو
اس کے بدلے میں کبھی؛ طالبِ انعام نہ ہو

۸۷ خدا تو عرش سے اُترا ہے مُنہ دکھانے کو
پر آدمی ہیں؛ کہ بس مُنہ بنائے پھرتے ہیں

۸۸ خدا نے لاکھوں نشاں دکھائے؛
عذاب کے منتظر ہیں ہائے!
نہ پھر بھی ایمان لوگ لائے
نہیں جو بدبختی یہ؛ تو کیا ہے

۸۹ خدا سے میری یہ کر شفاعت؛
مجھے بھی اب وہ کرے عنایت؛
کہ علم و نُور و ھُدیٰ کی دولت
یہی مِری اُس سے اِلتجا ہے

۹۰ خُفیہ ہو کوئی بات؛ تو بتلاؤں مَیں تمہیں
طَرزِحکومت ان کی؛ ہراِک پر عیاں ہے

۹۱ خُدایا! دردِ دل سے ہے یہ خواہش
مِرا تُو ساتھ دے دونوں جہاں میں

۹۲ خبر لے اے مسیحا! دردِ دل کی
ترے بیمار کا دَم گھُٹ رہا ہے

۹۳ خُدایا! اِک نظر اس تفتہ دِل پر
کہ یہ بھی تیرے دَر کا اِک گدا ہے

۹۴ خزاں آتی نہیں؛ زخمِ زباں پر
یہ رہتا آخری دَم تک ہَرا ہے

۹۵ خُدا کو اس سے مِل کر ہم نے پایا
وہی اِک راہِ دِیں کا رہنما ہے

۹۶ خُدا کا قہر اَب تم پر پڑے گا
کہ ہونا تھا جو کچھ؛ اَب ہوچکا ہے

۹۷ خاک میں مِل کر مِلیں گے تجھ سے یاربّ! ایک دِن
درد جب حَد سے بڑھے گا؛ تو دَوا ہوجائے گا

۹۸ خُدارا! خواب میں ہی آ کے اپنی شکل دِکھلا دے
بَس اَب تو صبر مجھ سے؛ اے مِری جاں! ہو نہیں سکتا

۹۹ خُدایا! مُدّتیں گُذریں؛ تڑپتے تیری فُرقت میں
تیرے مِلنے کا کیا کوئی بھی ساماں ہو نہیں سکتا

۱۰۰ خاک کے پُتلے تو دُنیا میں بہت دیکھے تھے
پَر کبھی ایسا نہ تھا؛ نُور کا پُتلا دیکھا

۱۰۱ خالی ہے فَرحت اور مُسَرَّت سے؛ کیا سبب
رہتا ہے آبلہ کی طرح کیوں بھرا ہوا

۱۰۲ خُدا پہ اِلزامِ بے وَفائی؛ یہ بات محمؔود پھر نہ کہیو
ہُوا تجھے بندۂ خُدا کیا! خُدا خُدا کر؛ خُدا خُدا کر

۱۰۳ خنجرِ ناز پہ ہم جان کو قُرباں کردیں
اور لوگوں کیلئے راستہ آساں کردیں

۱۰۴ خِضر و مسیحؑ بھی نہ بچے جبکہ موت سے
پھر زندگی کا اور کِسے اِعتِبار ہو

۱۰۵ خالِقِ اسباب ہی جب ہو کسی پر خشمگیں
پھر بھلا اس آدمی کا ساتھ دیں اَسباب کیوں

۱۰۶ خوشی اُنہی کو ہے زیبا؛ جو صاحبِ دِل ہیں
جو دِل ہیں دَب چکے؛ پھر وہ ہنسیں ہنسائیں گے کب

۱۰۷ خِدمَتِ اِسلام سے دِل سَرد ہیں
گرم کیا ہی کُفر کا بازار ہے

۱۰۸ خُدا کا اِس قدر ہے ہم پہ اِحساں
کہ جس کو دیکھ کر ہُوں سخت حیراں

۱۰۹ خِضؔر اِس کے سِوا کوئی نہیں ہے
یہی بھُولے ہوؤں کا رہنما ہے

۱۱۰ خُدا نے فضل سے اپنے ہمیں بھی
کِھلائے اِس کے ہیں اَثمارِ شِیریں

۱۱۱ خِضَر بن جائیں اُن کے واسطے ہم
جو ہیں بھُولے ہوئے رَستہ کے رَہ گیر

۱۱۲ خُدا کے واسطے مُسلِم! ذرا تو ہوش میں آ
نہیں تو تیری رہے گی نہ آبرُو باقی

۱۱۳ خُدا کی راہ میں دے؛ جِس قدر بھی ممکن ہو
کہ اُس کے فضل سے ہو؛ تیرے مال میں برکت

۱۱۴ خِدمتِ دِیں ہوئی ہے تیرے سپُرد — دُور کرنا ہے تُو نے شرّ و فساد
۱۱۵ خِدمتِ دِیں کے واسطے ہوجا — ساری قیدوں کو توڑ کر آزاد
۱۱۶ خُدا کو چھوڑنا؛ اے مُسلِمو! کیا کھیل سمجھے تھے — تمھاری تیرہ بختی؛ دیکھیئے کیا رنگ لاتی ہے
خُدا نے ہے خِضرِ رَہ بنایا؛ — جو بھُولے بھٹکے ہوئے ہیں؛
۱۱۷ ہمیں طریقِ محمدیؐ کا — ان کو صَنَم سے لا کر مِلائیں گے ہم
۱۱۸ خبر بھی ہے کچھ تجھے او ناداں کہ مَردُمِ چشمِ یار ہیں ہم — اگر ہمیں کج نظر سے دیکھا تو تجھ پہ بجلی گرائیں گے ہم
۱۱۹ خیر اَندیشیٔ احباب رہے مَدِّ نظر — عیب چینی نہ کرو؛ مُفسِد و نمّام نہ ہو
۱۲۰ خانۂ دِل کبھی آباد نہ ہوگا؛ جب تک — میزباں مَیں نہ بنوں؛ اور وہ مہمان نہ ہو
۱۲۱ خود ہی جب ویؔد کے پڑھنے سے وہ محروم رہے — پھر کسی غیر کو کِس طرح سکھائے کوئی
۱۲۲ خفگی دو چار دِنوں کی تو ہوئی؛ پَر یہ کیا — سال ہا سال مجھے مُنہ نہ دِکھائے کوئی
۱۲۳ خَلق و تکوینِ جہاں راست؛ پہ سچ پُوچھو تو — بات تب ہے؛ کہ مِری بگڑی بنائے کوئی
۱۲۴ خیال رہتا ہے ہمیشہ اُس مقامِ پاک کا — سوتے سوتے بھی یہ کہہ اُٹھتا ہوں؛ ہائے قادیاں!
۱۲۵ خُلق ترے کِدھر گئے؛ خَلق کو جن پہ ناز تھا — دِل تیرا کیوں بدل گیا؛ بگڑی تری زبان کیوں
۱۲۶ خُدا شاہِد ہے اس کی راہ میں مَرنے کی خواہش میں — مِرا ہر ذرّۂ تَن، جھُک رہا ہے؛ اِلتجا ہوکر
۱۲۷ خُم خانہ دیکھتے تھے جو؛ آنکھوں میں یار کی — تھے بے پئے کے مَست جو؛ مَستانے کیا ہوئے
۱۲۸ خوف اگر ہے؛ تو یہ ہے تجھ کو نہ پاؤں ناراض — جان جانے کا تو؛ اے جانِ جہاں! ڈَر ہی نہیں
۱۲۹ خواہشِ وَصل کروں بھی؛ تو کروں کیونکر مَیں — کیا کہوں اُن سے؛ کہ مجھ میں کوئی جَوہَر ہی نہیں
۱۳۰ خُودسَری تیری؛ گر اِسلام ہوئی جاتی ہے — اُن کی رنجش بھی تو؛ اِنعام ہوئی جاتی ہے
۱۳۱ خواہ تم کِتنا ہی ڈانٹو؛ خواہ تم کِتنا ہی کوسو — خواہ تم کِتنا ہی جھِڑکو؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا
۱۳۲ خواہ مجھ سے رُوٹھ جاؤ؛ مُنہ نہ سالوں تک دِکھاؤ — یاد سے اپنی بھُلاؤ؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا
۱۳۳ خُدایا! اے مِرے پیارے خُدایا! — اِلٰہُ العَالَمیں ؛ رَبُّ البَرایا
۱۳۴ خُدا کا فضل ان پر ہوگیا ہے — کلامُ اللہ کا خِلعَت مِلا ہے

۱۳۵ خُدا ہی تھا؛ کہ جِس نے دی یہ نعمت
مُحمّدؐ ہی تھے؛ جو لائے یہ خِلعَت

۱۳۶ خُدا کا نُور چمکے ہر نظر میں
مَلَک آئیں نظر؛ چَشمِ بشر میں

۱۳۷ خُون رُلاتا تھا؛ لالہ زار کا رَنگ
مجلِسِ یار کی بہار کا رَنگ

۱۳۸ خوابِ غَفلت میں پڑا سویا کروں گا کب تلک
داورِ محشر جگا دے؛ ہاں جگا دے آج تُو

۱۳۹ خاموشی سی طاری ہے مجلِس کی فَضاؤں پر
فانُوس ہی اَندھا ہے؛ یا اَندھے ہیں پَروانے

۱۴۰ خاک کر دے؛ مِلا دے مٹّی میں
پَر مِرے دِل کو بے وَفا نہ بنا

۱۴۱ خُدارا! اِس کو رہنے دیں سَلامَت
یہ دِل مجھ کو دیا تھا؛ آپ ہی نے

۱۴۲ خودکام کو چوپَٹ کر کے تم؛ اللہ کے سَر منڈھ دیتے ہو
تم اپنے کاموں کو دیکھو؛ اور اس کی قَضا کو رہنے دو

۱۴۳ خالی اُمّید ہے فُضول؛ سَعیِ عَمل بھی چاہیے
ہاتھ بھی تُو ہِلائے جا؛ آس کو بھی بڑھائے جا

۱۴۴ خُم کی طرف نِگاہ کی ساقی نے جب کبھی
مَیں نے بھی اُس کے سامنے پیمانہ کر دیا

۱۴۵ خُدا ہی نے لگائی پار کشتی
اُٹھائے یُونہی اِحساں؛ ناخُدا کے

۱۴۶ خُدا کی بات کوئی؛ بے سَبَب نہیں ہوتی
نہیں ہے ساقی؛ تو اَبر و بہار کیسے ہیں

۱۴۷ خَطائیں کِیں، جفائیں کِیں ہر اِک ناکَردَنی کر لی
کِیا سب کچھ؛ مگر پیشانی پر اُن کے نہ بَل آیا

۱۴۸ خاک کر دے گی کُفر کا خاشاک
دِل سے نِکلی ہے جو بھڑاس مِرے

۱۴۹ خوردہ گیری آسماں کی چھوڑ بھی
اِبنِ آدم! اپنی عُریانی تو دیکھ

۱۵۰ خُدا کو دیکھ کر بھی تو کبھی خاموش رہتا ہے
کبھی اس زِشت رُو کو دیکھ کر؛ اَے واہ کہتا ہے

۱۵۱ خُدا میرا بَدلہ ہے لیتا ہمیشہ
جو گزری مِرے دِل پہ؛ دنیا پہ آئی

۱۵۲ خُدا جانے؛ ان کو ہے آزادی حاصِل
کہ ہیں وہ بھی معذورومجبُور ہم سے

۱۵۳ خُدا جانے؛ دونوں میں کیا رَس بھرا ہے
ہم ان سے ہیں؛ اور وہ ہیں مَخمُور ہم سے

۱۵۴ خُدا کی نظر میں رہے تُو ہمیشہ
ہو مشغُول دِل تیرا؛ ذِکرِ خُدا میں

۱۵۵ خُدا کا قُرب پائے گا نہ راحت سے نہ غَفلت سے
یہ درجہ گر مِلے گا؛ تو فَقَط اِیثارومحنت سے

۱۵۶ خُدا سے پیار کر، دِل سے؛ اگر رہنا ہو عِزّت سے
کہ اِبراہیمؑ کی عِزّت تھی سب مَولٰی کی خُلّت سے

۱۵۷ خُدا سے بڑھ کے تُم کو چاہنے والا؛ نہیں کوئی    کسی کا پیار بڑھ سکتا نہیں ہے؛ اُس کی چاہت سے
۱۵۸ خُدایا دُور کر دے ساری بَدیاں تُو مِرے دِل سے    ہُوا برباد ہے میرا سکوں؛ عُقبیٰ کی دہشت سے
۱۵۹ خُدا ہماری مدد پر ہے؛ جو کہ ہیں مَظلُوم    مِٹائے گا وہ عَدُو کو مِرے؛ جہاں سے آج
خُدا کی رحمت سے مِہرِ عالَم؛    رَگِ محبت پھڑک رہی ہے؛
۱۶۰ اُفق کی جانب سے اُٹھ رہا ہے    دل ایک شُعلہ بنا ہُوا ہے
خود پلائی ہے مجھے؛    مُعترِض! نازاں ہُوں مَیں اِس پر؛
۱۶۱ اُس نے مئے عِرفانِ خاص    کہ مے خواروں میں ہوں
۱۶۲ خِدمَت میں ہی عِشق کا مزا ہے    محمود نہ بن؛ ایاز ہوجا
۱۶۳ خُدا کرے اُسے دُنیا و آخرت میں تَباہ    جو دُشمنانِ مُحمّدؐ سے ساز باز کرے
۱۶۴ خُدا کرے؛ مِری سب عُمر یُوں گزر جائے    مَیں اس کے ناز اُٹھاؤں؛ وہ مجھ پہ ناز کرے
۱۶۵ خَم ہو رہی ہے میری کَمَر؛ جِسم چُور ہے    مَنزِل خُدا ہی جانے؛ ابھی کِتنی دُور ہے
۱۶۶ خوف سے تیرے رہے دِل پُرخطر    پہنچے اِس کو اھلِ دنیا سے نہ شَر

# د

## ('د' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **327** |
| i | دُرِّ ثمین | 92 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 28 |
| iii | کلام طاہر | 34 |
| iv | کلام محمود | 171 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 2 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ دل میں مکر یہی ہے؛ کہ مرنا نہیں کبھی
ترک اس عیال و قوم کو کرنا نہیں سمجھا

۲ دوستی بھی ہے عجب؛ جس سے ہوں آخر دوستی
آمِلی اُلفت سے اُلفت؛ ہو کے دودِل پر سوار

۳ دیکھ لو! میل ومحبت میں عجب تاثیر ہے
ایک دل کرتا ہے جھُک کر؛ دوسرے دل کو شکار

۴ دِیں کے کاموں میں تو ان کے لڑکھڑاتے ہیں قدم
لیک دنیا کیلئے ہیں؛ نوجوان وہوشیار

۵ دل میں یہی ہے ہردَم؛ تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گِرد گھوموں؛ کعبہ میرا یہی ہے

۶ دِیں کی نصرت کیلئے؛ اِک آسماں پر شور ہے
اب گیا وقتِ خزاں؛ آئے ہیں پھل لانے کے دن

۷ دل میں جو اَرماں تھے؛ وہ دل میں ہمارے رِہ گئے
دشمنِ جاں بن گئے؛ جن پر نظر تھی باربار

۸ دُوربینِ معرفت سے؛ گند نکلا ہرطرف
اس وَبا نے کھالئے؛ ہر شاخِ ایماں کے ثمار

۹ داغِ لعنت ہے طلب کرنا زمیں کا عزّ وجاہ
جس کا جی چاہے؛ کرے اس داغ سے وہ تَن فگار

۱۰ دل میں ہر وَقت نور بھرتا ہے
سینے کو خوب صاف کرتا ہے

۱۱ درد مندوں کی ہے دوا؛ وہی ایک
ہے خدا سے خدا نما؛ وہی ایک

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ | دلبرا مجھ کو قسم ہے تیری یکتائی کی | آپ کو تیری محبت میں بھلایا ہم نے |
| ۱۳ | دیکھ کر تجھ کو عجب نور کا جلوہ دیکھا | نور سے تیرے؛ شیاطیں کو جلایا ہم نے |
| ۱۴ | دیکھو اپنے دِیں کو کِس کِس صدق سے دکھلا گیا | وہ بہادر تھا؛ نہ رکھتا تھا کسی دشمن سے ڈر |
| ۱۵ | دکھائیں گے چولہ تمہیں کھول کر | کہ دو اس کا اُتّر ذرا بول کر |
| ۱۶ | دکھاؤ ذرا آج اس کا اثر | اگر صدق ہے؛ جلد دوڑو ادھر |
| ۱۷ | دن ہوں مرادوں والے؛ پُرنور ہو سویرا | **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی** |
| ۱۸ | دے بختِ جاوِدانی؛ اور فیضِ آسمانی | **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی** |
| ۱۹ | دل خوں ہے غم کے مارے؛ کشتی لگا کنارے | **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی** |
| ۲۰ | دنیا ہے جائے فانی؛ دل سے اسے اُتارو | **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی** |
| ۲۱ | دے رُشد اور ہدایت؛ اور عُمر اور عزّت | **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی** |
| ۲۲ | دنیا بھی اک سَرا ہے؛ بچھڑے گا، جو مِلا ہے | گر سو برس رہا ہے؛ آخر کو پھر جُدا ہے |
| ۲۳ | دیکھو! خدا نے تم کو بتائی دعا یہی | اس کے حبیب نے بھی پڑھائی دعا یہی |
| ۲۴ | دینِ خدا وہی ہے؛ جو دریائے نور ہے | جو اس سے دُور ہے؛ وہ خدا سے بھی دُور ہے |
| ۲۵ | دِینِ خدا وہی ہے؛ جو ہے وہ خدانما | کس کام کا وہ دِیں؛ جو نہ ہووے گِرہ کشا |
| ۲۶ | دیئے ہیں تُو نے مجھ کو چارفرزند | اگرچہ مجھ کو ہے بس تجھ سے پیوند |
| ۲۷ | دعا کرتا ہوں؛ اے میرے یگانہ! | نہ آوے ان پہ رَنجوں کا زمانہ |
| ۲۸ | دیئے تُو نے مجھے یہ مہر و مہتاب | یہ سب ہیں میرے پیارے! تیرے اسباب |
| ۲۹ | دکھایا تُو نے وہ اے ربِّ اَرباب | کہ کم ایسا دکھا سکتا کوئی خواب |
| ۳۰ | دوا دی، اور غذا دی؛ اور قُبا دی | **فسبحان الذی اخزی الاعادی** |
| ۳۱ | دکھائیں آسماں نے ساری آیات | زمیں نے وقت کی دیدیں شہادات |
| ۳۲ | دشمن ہے وہ خدا کا؛ جو کرتا ہے اب جہاد | منکر نبی کا ہے؛ جو یہ رکھتا ہے اعتقاد |
| ۳۳ | دل میں تمہارے یار کی اُلفت نہیں رہی | حالت تمہاری جاذبِ نصرت نہیں رہی |

۳۴ دنیا و دِیں میں کچھ بھی لیاقت نہیں رہی — اب تم کو غیر قوموں پہ سبقت نہیں رہی

۳۵ دل ہوا جاتا ہے ہر دَم بے قرار — کس بیاباں میں نکالوں یہ بخار

۳۶ دلِ بیمار کا یہ دَرماں ہے — طالبوں کا یہ یارِ خلوت ہے

۳۷ دل میں نہیں؛ کہ دیکھیں وہ اس پاک ذات کو — ڈرتے ہیں قوم سے؛ کہ نہ پکڑیں عتاب میں

۳۸ دوستو جاگو! کہ اب پھر زلزلہ آنے کو ہے — پھر خدا قدرت کو اپنی؛ جلد دکھلانے کو ہے

۳۹ دنیا میں اس کا ثانی؛ کوئی نہیں ہے شربت — پی لو تم اس کو یارو! آبِ بقا یہی ہے

۴۰ دل پھٹ گیا ہمارا؛ تحقیر سُنتے سُنتے — غم تو بہت ہیں دل میں؛ پر جاں گزا یہی ہے

۴۱ دنیا میں گرچہ ہوگی سو قسم کی برائی — پاکوں کی ہتک کرنا؛ سب سے برا یہی ہے

۴۲ دلبر کی رَہ پہ دل ڈرتا نہیں کسی سے — ہشیار ساری دنیا؛ اک باؤلا یہی ہے

۴۳ دے کر نجات ومکتی؛ پھر چھینتا ہے سب سے — کیسا ہے وہ دیالُو؛ جس کی عطاء یہی ہے

۴۴ دینِ خدا کے آگے؛ کچھ بَن نہ آئی آخر — سب گالیوں پہ اُترے؛ دل میں اُٹھا یہی ہے

۴۵ دِیں کے غموں نے مارا؛ اَب دل ہے پارہ پارہ — دِلبر کا ہے سہارا؛ وَرنہ فنا یہی ہے

۴۶ دیکھی ہیں سب کتابیں؛ مجمل ہیں جیسی خوابیں — خالی ہیں ان کی قابیں؛ خوانِ ھدیٰ یہی ہے

۴۷ دِیں غار میں چھپا ہے؛ اِک شور کفر کا ہے — اب تم دعائیں کرلو؛ غارِحرا یہی ہے

۴۸ دنیا میں عشق تیرا باقی ہے سب اندھیرا — معشوق ہے تُو میرا؛ عشقِ صفا یہی ہے

۴۹ دِلبر کا درد آیا؛ حرفِ خودی مٹایا — جب مَیں مَرا، جِلایا؛ جامِ بقا یہی ہے

۵۰ دل کر کے پارہ پارہ؛ چاہوں مَیں اِک نظارہ — دیوانہ مت کہو تم؛ عقلِ رَسا یہی ہے

۵۱ دعا کرتے رہو ہر دَم پیارو! — ہدایت کیلئے؛ حق کو پکارو

۵۲ دعا کرنا؛ عجب نعمت ہے پیارے! — دعا سے آلگے کشتی کنارے

۵۳ دن چڑھا ہے دشمنانِ دِیں کا؛ ہم پر رات ہے — اے مِرے سورج! نکل باہر؛ کہ مَیں ہوں بےقرار

۵۴ دن چڑھا ہے دشمنانِ دِیں کا؛ ہم پر رات ہے — اے مرے سورج دِکھا اس دِیں کے چمکانے کے دن

۵۵ دل گھٹا جاتا ہے ہردَم؛ جان بھی ہے زیروزبر — اِک نظر فرما؛ کہ جلد آئیں تیرے آنے کے دن

۵۶ دوستو! اس یار نے دِیں کی مصیبت دیکھ لی
آئیں گے اس باغ کے اب جلد لہرانے کے دن

۵۷ دن بہت ہیں سخت؛ اور خوف وخطر دَرپیش ہے
پر یہی ہے دوستو! اس یار کے پانے کے دن

۵۸ دنیا میں جس قدر ہے مذاہب کا شوروشر
سب قِصّہ گو ہیں؛ نور نہیں، ایک ذرّہ بھر

۵۹ دنیا کی حِرص وآز میں یہ دل ہیں مرگئے
غفلت میں ساری عمر بسر اپنی کرگئے

۶۰ دیکھو تو جاکے ان کے مقابر کو اِک نظر
سوچو! کہ اب سلف ہیں تمہارے گئے کدھر

۶۱ دنیا کو ایسے قصوں نے یک سر تبہ کیا
مشرک بنا کے، کفر دیا؛ رُوسِیہ کیا

۶۲ دیدار گر نہیں ہے؛ تو گُفتار ہی سہی
حسن و جمالِ یار کے آثار ہی سہی

۶۳ دوعضو اپنے جو کوئی ڈر کر بچائے گا
سیدھا خدا کے فضل سے جنت میں جائے گا

۶۴ دیکھو! خدا نے ایک جہاں کو جھکا دیا
گُم نام پا کے؛ شہرۂ عالم بنا دیا

۶۵ دنیا کی نعمتوں سے کوئی بھی نہیں رہی
جو اس نے مجھ کو اپنی عنایات سے نہ دی

۶۶ دیکھو! یہ شخص اب تو سزا اپنی پائے گا
اب بِن سزائے سخت؛ یہ بچ کر نہ جائے گا

۶۷ دیکھو وہ بھیںؔ کا شخص؛ کرمؔ دِیں ہے جس کا نام
لڑنے میں جس نے نیند بھی اپنے پہ کی حرام

۶۸ دوستی کا دَم جو بھرتے تھے؛ وہ سب دشمن ہوئے
پر نہ چھوڑا ساتھ تُو نے؛ اے میرے حاجت برار!

۶۹ دعوت ہر ہرَزہ گو کچھ خدمتِ آساں نہیں
ہرقدم میں کوہِ ماراں؛ ہرگزر میں دشتِ خار

۷۰ دشمنِ غافل اگر دیکھے وہ بازو وہ سلاح
ہوش ہوجائیں خطا؛ اور بھول جائے سب نقار

۷۱ دیکھ کر لوگوں کے کینے؛ دل میرا خوں ہوگیا
قصد کرتے ہیں؛ کہ ہو پامال دُرِّشاہوار

۷۲ دشمنو! ہم اس کی رَہ میں مر رہے ہیں ہرگھڑی
کیا کرو گے تم ہماری نیستی کا انتظار

۷۳ دن برے آئے؛ اکٹھے ہوگئے قحط ووَبا
اب تلک توبہ نہیں؛ اب دیکھئے انجام کار

۷۴ دل جو خالی ہو گدازِ عشق سے؛ وہ دل ہے کیا
دل وہ ہے؛ جس کو نہیں بے دلبرِ یکتا قرار

۷۵ دِیں کو دے کر ہاتھ سے؛ دنیا بھی آخر جاتی ہے
کوئی آسودہ نہیں؛ بِن عاشق وشیدائے یار

۷۶ دیا اُس کو کرتار نے وہ گیان
کہ ویدوں میں اُس کا نہیں کچھ نشاں

۷۷ دیکھتا ہوں اپنے دل کو عرشِ ربّ العالمیں
قُرب اتنا بڑھ گیا؛ جس سے ہے اُترا مجھ میں یار

۷۸ دیکھ لو! وہ ساری باتیں؛ کیسی پوری ہوگئیں ۔۔۔ جن کا ہونا تھا بعیدازعقل وفہم وافتکار
۷۹ دیکھ کر لوگوں کا جوش وغیظ؛ مت کچھ غم کرو ۔۔۔ شدّتِ گرمی کا ہے محتاج بارانِ بہار
۸۰ دوش پر میرے وہ چادر ہے؛ کہ دی اس یار نے ۔۔۔ پھر اگر قدرت ہے اے منکر! تو یہ چادر اُتار
۸۱ دل نکل جاتا ہے قابو سے یہ مشکل سوچ کر ۔۔۔ اے میری جاں کی پناہ! فوجِ ملائک کو اُتار
۸۲ دوسرے منگل کے دن آیا تھا ایسا زلزلہ ۔۔۔ جس سے اِک محشر کا عالم تھا بصَد شوروپکار
۸۳ دب گئے نیچے پہاڑوں کے کئی دیہات وشہر ۔۔۔ مرگئے لاکھوں بشر؛ اور ہوگئے دنیا سے پار
۸۴ دیکھتے ہرگز نہیں قدرت کو اس ستّار کی ۔۔۔ گو سناویں ان کو وہ اپنی بجاتے ہیں ستار
۸۵ دھو دیئے دل سے وہ سارے دیریں کے رنگ ۔۔۔ پھول بن کر ایک مدت تک ہوئے آخر کو خار
۸۶ دین وتقویٰ گُم ہوا جاتا ہے؛ یارب! رحم کر ۔۔۔ بے بسی سے ہم پڑے ہیں؛ کیا کریں، کیا اختیار
۸۷ دِیں تو اِک ناچیز ہے؛ دنیا ہے جو کچھ چیز ہے ۔۔۔ آنکھ میں ان کی جو رکھتے ہیں زَروعزّ ووَقار
۸۸ دوستو! اِک نظر خدا کیلئے ۔۔۔ سید الخلق مصطفیٰؐ کیلئے
۸۹ دشمن کا بھی خوب وار نکلا ۔۔۔ تِس پر بھی وہ آر پار نکلا
۹۰ دیکھا ہے تیرا منہ جب؛ چمکا ہے ہم پہ کوکب ۔۔۔ مقصود مل گیا سب؛ ہے جام اب لبالَب
۹۱ دعا کی تھی اُس نے؛ کہ اے کردگار! ۔۔۔ بتا مجھ کو رَہ اپنی خود کر کے پیار
۹۲ دیکھ سکتا ہی نہیں مَیں ضُعفِ دِینِ مصطفےٰؐ ۔۔۔ مجھ کو کر؛ اے میرے سلطاں! کامیاب وکامگار

## ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۹۳ دوجہاں میں تجھ کو حاصل گوہرِ مقصود ہو ۔۔۔ اے مِرے مسعود! تیری عاقبت محمود ہو
۹۴ دلِ غمزدہ! تُو ہراساں نہ ہو ۔۔۔ دعا کر خدا سے؛ پریشاں نہ ہو
۹۵ دعا میری سُن لے خدائے مجیب ۔۔۔ کہا جس نے رحمت سے اِنّی قَرِیب
۹۶ دل میں ایمان ویقیں ہے؛ ہاتھ میں قرآن ہے ۔۔۔ تشنہ روحوں کو پلا دو؛ شربتِ وَصل وبقا
۹۷ دل کے مالک! پُکار سُن دل کی ۔۔۔ ہر دُعا؛ مستجاب ہو جائے
۹۸ دشمن بنے جو تیرے محبوں کی جان کے ۔۔۔ وہ خود ہی اپنی جان سے بیزار ہوگئے

۹۹ دلِ پژمردہ میں باقی نہ رہی زندہ دِلی — اب مَیں وہ شوخیٔ تحریر کہاں سے لاؤں؟

۱۰۰ دیا سخت حکم؛ اور تاکید کی — نہ احسان میں ماں باپ کے ہو کمی

۱۰۱ دعا کر رہی ہوں؛ کہ مولا مِرے — مجھے ماں کی خدمت کی توفیق دے

۱۰۲ دل سے خدا کا نقشِ محبت مٹا دیا — اتنے بڑھے؛ کہ خوف بھی دل سے اُٹھا دیا

۱۰۳ دل کانپتا ہے ڈر سے؛ زباں لڑکھڑاتی ہے — رحمت تیری؛ مگر ذرا ہمّت بندھاتی ہے

۱۰۴ دیتے تھے دُکھ سدا تیرے پیاروں سے لڑتے تھے — ان کیلئے نبی پہ نبی ٹوٹے پڑتے تھے

۱۰۵ دیکھنے نہ پائے جی بھر کر؛ کہ رخصت ہوگیا — مشعلِ ایماں جلا کر؛ نورِ دورِ آخریں

۱۰۶ دونوں ہاتھوں سے لٹائے گا خزانے کون اب؟ — تشنہ روحیں کس سے لیں گی آبِ فیضانِ معیں

۱۰۷ درد کہتا ہے؛ بہادو خونِ دل آنکھوں سے تم — عقل کہتی ہے؛ نہیں، آہ و فغاں بے سود ہے

۱۰۸ دنیا سے الگ دنیا کے مکیں؛ ملتے ہیں مگر کُھلتے یہ نہیں — دنیا تو ان کی ہوتی ہے؛ یہ آپ خدا کے ہوتے ہیں

۱۰۹ دل جس کا ہوا حامل اسرارِ محبت — چہرہ پہ برسنے لگے انوارِ محبت

۱۱۰ دنیا میں حاکموں کو؛ حکومت پہ ناز ہے — جو ہیں شریف؛ ان کو شرافت پہ ناز ہے

۱۱۱ دشمنوں کے وار چھاتی پر لئے مردانہ وار — پُشت پر ڈستے رہے ہروقت مارِآستیں

۱۱۲ دونوں جہاں میں مایۂ راحت تمہیں تو ہو — جو تم سے مانگتا ہوں؛ وہ دولت تمہیں تو ہو

۱۱۳ دلہن دولہا سے رخصت ہورہی ہے — بلا بھیجا ہے ربّ دوسرا نے

۱۱۴ دل مہجور راضی ہو رضا پر — تِرا چاہا نہیں؛ چاہا خدا نے

۱۱۵ دل کی حالت کو جاننے والے — اپنے بندوں کی ماننے والے

۱۱۶ دیکھیں گے کب وہ محفل؛ کَالبَدرِ فِی النُّجُوم — وہ چاند کب ملے گا؛ وہ تارے کب آئیں گے

۱۱۷ دہان کھلتے ہی اڑتی ہے بوئے طاغوتی — نہیں! یہ لب نہ ہلیں ذکرِ مصطفیٰ ؐ کیلئے

۱۱۸ درد میں ڈوبی ہوئی تقریر سُن سُن کر جسے — لوگ روتے تھے؛ ملائک کہہ رہے تھے آفریں

۱۱۹ دیکھو جسے غرض کہ وہی مست ناز ہے — وحشی بھی ہے اگر اسے وحشت پہ ناز ہے

۱۲۰ دھلے جاتے ہیں دھبّے دامنوں کے — برابر رحمتیں برسا رہا ہے

## «کلامِ طاہر»

۱۲۱ دل میں گھر کرگیا؛ وہ دل کا چور　　دل نشیں کتنا دِلربا سا تھا
دکھ اِتنے دیئے میں سہہ نہ سکا؛　　اب اپنے کئے پر، ظالم دل؛
۱۲۲ یوں زیست کا رشتہ ٹوٹ گیا　　پچھتاتا ہے، پچھتانے دو
۱۲۳ دیکھتا ہوں میں تِرا حُسن تو چشمِ غم سے　　میرے بہتے ہوئے اَشکوں میں جھلکتا ہے تُو
۱۲۴ دیکھا کچھ مغرب کے اُفق سے کیسا سچ کا سُورج نکلا　　بُجھ گئے دِیپ طلسم نظر کے؛
مٹ گئے جھوٹ کے چاند ستارے
۱۲۵ دن بہت بے قرار گزرا ہے　　آمرے چاند! میری رات بنے
دُور ہوگی کُلفت عرصوں کی؛　　ہم گیت مِلَن کے گائیں گے؛
۱۲۶ اور پیاس بجھے گی برسوں کی　　پھولیں گی فصلیں سرسوں کی
۱۲۷ دِل آپ کا ہے؛ آپ کی جان آپ کا بدن　　غم بھی لگا ہے جان گُسل آپ کیلئے
۱۲۸ دن رات درود اُس پر؛ ہر اَدنیٰ غلام اُس کا　　پڑھتا ہے بصَد مِنّت؛ جَپتے ہوئے نام اُس کا
۱۲۹ دل اُس کی محبت میں؛ ہر لحظہ تھا رام اُس کا　　اخلاص میں کامل تھا؛ وہ عاشقِ تام اُس کا
۱۳۰ دیکھ اس دَرجہ غمِ ہجر میں روتے روتے　　مر نہ جائیں تِرے دیوانے کہیں؛ آج کی رات
دو گھڑی صبر سے کام لو ساتھیو!　　آہِ مومن سے ٹکرا کے؛
۱۳۱ آفتِ ظلمت و جور ٹل جائیگی　　طوفان کا رُخ پلٹ جائیگا رُت بدل جائیگی
دیر اگر ہو، تو اندھیر ہرگز نہیں؛　　سنت اللّٰہ ہے لا جرَم بالیقیں؛
۱۳۲ قولِ اُملی لَھُم اِنَّ کَیدِی مَتِین　　بات ایسی نہیں، جو بدل جائے گی
۱۳۳ دیکھ کر دل کو نکلتا ہوا ہاتھوں سے کبھی　　رس بھری لوریاں دے دے کے سُلانے والے
۱۳۴ دیں مجھ کو اجازت؛ کہ کبھی میں بھی تو رُوٹھوں　　لُطف آپ بھی لیں رُوٹھے غلاموں کو مَنا کے
۱۳۵ دیوانہ ہوں دیوانہ بُرا مان نہ جانا　　صدقے مِری جاں آپ کی ہر ایک اَدا کے
۱۳۶ دشتِ طلب میں جابجا بادلوں کے ہیں دَل پڑے　　کاش کسی کے دل سے تو چشمۂ فیض اُبل پڑے

۱۳۷ دیارِ مغرب سے جانے والو! | کسی غریب الوطن مسافر کی؛
دیارِ مشرق کے باسیوں کو | چاہتوں کا سلام کہنا

۱۳۸ دیر کے بعد اے دُور کی راہ سے؛ | میری ترسی نگاہیں، کہ تمھیں منتظر؛
آنے والو! تمہارے قدم کیوں نہ لیں! | اِک زمانے سے اِس کارواں کیلئے

۱۳۹ دیکھو اِک شاطر دشمن نے کیسا ظالم کام کیا | پھینکا مکر کا جال؛ اور طائرِحق زیرِ الزام کیا

۱۴۰ دیکھو پھر تقدیرِ خدا نے کیسا اُسے ناکام کیا | مکر کی ہر بازی اُلٹا دی؛ دَجل کو طشت اَز بام کیا

۱۴۱ دیکھیں تو سہی دِن کیسے کیسے؛ | بدلی نے شَفَق کے چہرے پر؛
حسن کے رُوپ میں ڈھلتا ہے | کالا گیسوُ لہرایا ہے

۱۴۲ دل سے اُٹھے جو نعرۂ تکبیر | ہو ثُریّا سے ہمکلام؛ چلو

۱۴۳ دیس بَدیس لئے پھرتا ہوں؛ | میرے مَن میں آن بَسی ہے؛
اپنے دل میں اُس کی گتھائیں | تَن مَن دھن جس کے اندر تھا

۱۴۴ دلِ بے قرار قابو سے نکل چکا ہے یارب! | یہ نگاہ رَکھ؛ کہ پاگل، سَرِدار تک تو پہنچے

۱۴۵ دل جلے جاتا ہے؛ جیسے کسی راہب کا چراغ | ٹمٹماتا ہو کہیں دُور بیابانوں میں

۱۴۶ دل کو اِک شرف عطا کرکے چلے جاتے ہیں | اَجنبی غم مِرے محسن مِرا کیا لیتے ہیں

۱۴۷ دن آج کب ڈھلے گا؛ کب ہوگا ظہورِ شَب | ہم کب کریں گے چاک گریباں؛ حضورِ شب

۱۴۸ دکھ کا ایک جَوالامکھی سینے میں پھٹ جائے | پھوٹ کے بادل برسے، گرجے کڑکے؛ شور مچائے

۱۴۹ دل میں ہرلحظہ دھڑکتا یہ تمہارا احساں | اُس کی ہرضَرب سے سینے میں اُجالا ہوتا

۱۵۰ دل دھڑکتے جو کبھی راہ میں ملتے سرِعام | بے دھڑک پیار کے اظہار کا دھڑکا ہوتا

۱۵۱ دُور اِک عارضِ گیتی پہ ڈھلکتا ہوا اَشک | دیدۂ شب سے اُفق پار چھلکتا ہوتا

۱۵۲ دفن ہوجائے گا کل ساجدہ کی قبر کے ساتھ | اے خدا! قُرب یہ دونوں کو بہت بہلائے

۱۵۳ دھوپ میں سائے دار؛ اُس کا پیار | اور اندھیروں میں؛ اِک دِیا سا تھا

۱۵۴ دیدۂ ہوش جب کھُلا؛ دیکھا | ہرطرف پھر وہی خلا سا تھا

# ﴿کلامِ محمود﴾

۱۵۵ دیکھا؛ تو ہراِک جام میں تھا زہرِہلاہل — ہم آئے تھے اِس دُنیا کو مَے خانہ سمجھ کر

۱۵۶ دِھیرے دِھیرے ہوتا ہے کسبِ کمال — بوبکرؓ کو بننا پڑتا ہے بلالؓ

۱۵۷ دِین و دنیا میں بڑا ہو مرتبہ — عمروصحت بھی اسے کر تُو عطا

دعا کرتا ہوں میں بھی؛ — کہ اپنی خاص رحمت سے؛

۱۵۸ ہاتھ اُٹھا کر حق تعالیٰ سے — وہ اِس شادی میں برکت دے

۱۵۹ دل سے ان کے یہ نکلتی تھیں دعائیں دن رات — یا الٰہی! تیرے فضلوں کی ہو ہم پر برسات

۱۶۰ دیکھ کر اپنی یہ حالت اسے جب رحم آیا — دیکھو انگلینڈ سے اس قوم کو یاں لے آیا

۱۶۱ دِینِ اسلام بس اب ان کی سمجھ میں آجائے — بات یہ کچھ بھی نہیں رحم اگر وہ فرمائے

۱۶۲ دوستو! ہرگز نہیں؛ یہ ناچ اور گانے کے دن — مشرق ومغرب میں ہیں یہ؛ دِیں کے پھیلانے کے دن

۱۶۳ دستِ کوتاہ کو پھر درازی بخش — خاکساروں کو سرفرازی بخش

۱۶۴ دجاؔل کی بڑائی کو؛ خاک میں مِلادوں — قوت مجھے عطاء کر؛ سلطان مجھ کو دے دے

۱۶۵ دل میں ہوسوز؛ تو آنکھوں سے رَواں ہوں آنسو — تم میں اسلام کا ہو مغز؛ فقط نام نہ ہو

۱۶۶ دل کعبہؔ کو چلا میرا؛ بت خانہ چھوڑ کر — زمزمؔ کی ہے تلاش اسے؛ میخانہ چھوڑکر

۱۶۷ دینِ احمد پر اگر آیا زمانہ ضُعف کا — آچکے تب تو مسیحِ وَقت کے آنے کے دِن

۱۶۸ دیکھ کر تیرے نِشانات کو؛ اے مہدیٔ وَقت! — آج اَنگُشت بَدَندان ہے؛ سارا عالَم

۱۶۹ دِینِ اِسلام کی ہر بات کو جھُٹلائیں غَوی — احمدِ پاک کے حق میں بھی کریں سَبّ وشَتم

۱۷۰ دَجل کا نام و نِشاں؛ دہر سے مِٹ جائے گا — ظِلِّ اِسلام میں آجائے گا؛ سارا عالَم

۱۷۱ دَم و خَم اگر ہو کسی کو؛ تو آئے — وہ میداں میں؛ ہراِک کو للکارتا ہے

۱۷۲ دوستو! اب بھی کرو توبہ؛ اگر کچھ عَقل ہے — وَرنہ خود سمجھائے گا وہ یار؛ سمجھانے کے دِن

۱۷۳ دَردودُکھ سے آگئی تھی تنگ، اے محمودؔ! قوم — اب مگر جاتے رہے ہیں؛ رَنج وغَم کھانے کے دِن

۱۷۴ دَردِ اُلفت میں؛ مزہ آتا ہے ایسا ہم کو — کہ شِفایابی کی خواہش؛ نہیں اَصلا ہم کو

۱۷۵ دُشمنِ دِین دَرِندوں سے ہیں بڑھ کر خُونخوار — چھوڑیو مَت، مِرے مَولیٰ! کبھی تنہا ہم کو
۱۷۶ دیکھ کر حالتِ دِیں؛ خُونِ جگر کھاتے ہیں — مَر ہی جائیں؛ جو نہ ہو تیرا سہارا ہم کو
۱۷۷ دِل میں آ آ کے تِری یاد نے؛ اے رَبِّ وَدُود! — بارہا پہروں تلَک؛ خُون رُلایا ہم کو
۱۷۸ دِکھلا کے ہم کو تازہ نِشانات وُمعجزات — چہرہ خُدائے عَزَّوَجَل کا دِکھا دیا
۱۷۹ دِل وجگر کے پَرخچے اُڑے ہوئے ہیں یاں — اگرچہ دیکھنے میں اپناحال زار نہیں
۱۸۰ دورَنگی سے؛ ہمیں ہے سخت نفرت — جو دِل میں ہے؛ جَبیں سے بھی عَیاں ہے
۱۸۱ دیا ہے رہنما؛ بڑھ کر خِضرؑ سے — خُدا بھی ہم پہ کیسا مہرباں ہے
۱۸۲ دِلِ آفت زدہ کا دیکھ کر حال — مِرا زخمِ جگر بھی ہنس رہا ہے
۱۸۳ دَمِ عیسیٰؑ سے مُردے جِی اُٹھے ہیں — جو اَندھے تھے؛ اُنہیں اَب سُوجھتا ہے
۱۸۴ دُشمنِ جانی جو ہوگا؛ آشنا ہو جائے گا — بُوم بھی ہوگا اگر؛ گھر میں ہُما ہو جائے گا
۱۸۵ دیکھ لینا ایک دِن؛ خواہش بَر آئے گی مِری — میرا ہر ذرّہ؛ مُحمّدؐ پر فِدا ہو جائے گا
۱۸۶ دیر کرتے ہیں جو نیکی میں؛ ہے کیا ان کا خیال — مَوت کی ساعَت میں بھی؛ کچھ اِلتوا ہو جائے گا
۱۸۷ دُشمنِ اِسلام جب دیکھیں گے اِک قہری نِشاں — جاں نکل جائے گی ان کی؛ دَم فَنا ہو جائے گا
۱۸۸ دوستی کا دَم جو بھرتے تھے؛ وہ سب دُشمن ہوئے — اَب کسی پر تیرے بِن؛ پڑتی نہیں میری نظر
۱۸۹ دِلبر سے رابِطہ جو بڑھاتے؛ تو خُوب تھا — یُوں عُمر رائیگاں نہ گنواتے؛ تو خُوب تھا
۱۹۰ دُنیائے دُوں کو آگ لگاتے؛ تو خُوب تھا — کُوچہ میں اس کے دھُونی رَماتے؛ تو خُوب تھا
۱۹۱ دیکھ کر اس کو؛ ہیں دُنیا کے حَسِیں دیکھ لئے — کیا بتاؤں؛ کہ تِرے چہرہ میں ہے کیا دیکھا
۱۹۲ دِل اورجگر میں گھاؤ ہوئے جاتے ہیں؛ کہ جب — چاروں طرف فَساد پڑے دیکھتا ہُوں مَیں
۱۹۳ دِل میرا ٹکڑے ٹکڑے ہُوا ہے؛ خُدا گواہ — غَم دُور کرنے کیلئے؛ گو ہَنس رہا ہُوں مَیں
۱۹۴ دِکھلاؤ پھر صحابہؓ سا جوش وخروش تم — دُنیا پہ اپنی قُوَّتِ بازو عیاں کرو
۱۹۵ دِل پھر مُخالِفانِ مُحَمّدؐ کے توڑ دو — پھر دُشمنانِ دِین کو؛ تُم بے زُباں کرو
۱۹۶ دِل نہیں ہے؛ یہ تو لَعلِ دَہَنِ اَفعی ہے — دِل کو اس زُلفِ سیہ سے چھُڑالُوں؛ تو کہوں

۱۹۷ دِل میں آتا ہے؛ کہ دِل بیچ دیں دِلدار کے ہاتھ
اور پھر جان کو؛ ہم ہَدیۂ جاناں کر دیں

۱۹۸ دِل چاہتا ہے؛ طُور کا وہ لالہ زار ہو
اور آسماں پہ جلوہ کُناں؛ میرا یار ہو

۱۹۹ دُنیا کے عیش؛ اس پہ سَراسَر ہیں پھر حَرام
پہلُو میں جس کے؛ ایک دِلِ بے قرار ہو

۲۰۰ دَردِ دِل سوزِ جگر؛ اَشکِ رواں تھے مِرے دوست
یار سے مِل کے کوئی بھی تو رہا یاد نہیں

۲۰۱ دِل پھٹا جاتا ہے؛ مِثلِ ماہیٔ بے آب کیوں
ہو رہا ہوں کس کے پیچھے اِس قدر بے تاب کیوں

۲۰۲ دَمِ عیسیٰؑ سے بھی بڑھ کر ہو دُعاؤں میں اَثر
یَدِ بیضا بنو؛ مُوسیٰؑ کا عَصا ہوجاؤ

۲۰۳ دَرد ہے دِل میں مِرے یا خار ہے
کیا ہے آخر اس کو کیا آزار ہے

۲۰۴ دِلوں کی ظلمتوں کو دُور کر دیں
ہماری بات میں ایسی ہو تاثیر

۲۰۵ دَشتِ غُربت میں ہوں تنہا رِہ گیا باحالِ زار
چھوڑ کر مجھ کو کہاں کو چَل دیئے اَغیار و یار

۲۰۶ دونوں ہاتھوں سے پکڑ لو؛ دامنِ تقویٰ کو تم
ایک ساعت میں کرا دیتا ہے یہ دِیدارِ یار

۲۰۷ دَرد میں لَذّت مِلے گی؛ دُکھ میں پاؤ گے سُرور
بے قراری بھی اگر ہوگی؛ تو آئے گا قرار

۲۰۸ دَوڑے جاتے ہیں بَاُمّیدِ تمنّا سوئے باب
شاید آجائے نظر؛ رُوئے دِل آرا بے نِقاب

۲۰۹ دیتے تھے تم جس کی خبر؛ بندھتی تھی جس سے یاں کمر
مِٹ جائے گا سب شور وشَر موت آئے گی شیطان پر

۲۱۰ دِل ہی نہ رہا ہو جس کے بَس میں
وہ صبر سے شرمسار کیوں ہو

۲۱۱ دُولہا نہ رہا ہو جب دُلہن کا
بیچاری کا پھر سِنگار کیوں ہو

۲۱۲ دِینِ احمد کا تُو ہی ہے بانی
پس تجھی سے ہماری ہے فریاد

۲۱۳ دُشمنِ حق ہیں گو بہت؛ لیکن
کام دے گی انہیں؛ نہ کچھ تعداد

۲۱۴ دُشمنی ہو نہ مُحبّانِ مُحمّدؐ سے تمہیں
جو مُعانِد ہیں؛ تمھیں اُن سے کوئی کام نہ ہو

۲۱۵ دَرد کا میرے تو؛ اے جان! فَقَط تم ہو علاج
چارۂ کار بھی ہو؛ مَحرَمِ اَسرار بھی ہو

۲۱۶ دِل میں اِک دَرد ہے پر کِس سے کہوں مَیں جا کر
کوئی دُنیا میں مِرا مُونِس وغم خوار بھی ہو

۲۱۷ دِل کے زَنگوں نے ہی مَحجُوب کیا ہے اس سے
شاہِد اس بات پہ اِک پَردۂ زَنگاری ہے

۲۱۸ دُشمنِ دِین ترے حملے؛ تو سب مَیں نے سَہے
اَب ذرا ہوش سے رَہیو! کہ مِری باری ہے

۲۱۹ دِل ہی تھا؛ سو وہ بھی تجھ کو دے دیا
اَب مَیں اُمّیدوں کو دَفناؤں کہاں

۲۲۰ دَرِمَے خانۂ اُلفت اگر مَیں وا کبھی پاتا
تو بس کرتا نہ گھُونٹوں پر؛ صراحی ہی سُبُو ہوتی

۲۲۱ دَعویٰ حُسنِ بَیاں ہیچ ہے؛ مَیں تب جانوں
مجھ سے جو بات نہ بَن آئے؛ بنائے کوئی

۲۲۲ دِیدۂ شوق اُسے ڈھونڈ ہی لے گا آخر
لاکھ پَردوں میں بھی گو خود کو چھُپائے کوئی

۲۲۳ دے دیا دِل؛ تو بھلا شرم رہی کیا باقی
ہم تو جائیں گے؛ بُلائے، نہ بُلائے کوئی

۲۲۴ دَشت وکوہسار میں جب آئے نظر جلوۂ حُسن
تیرے دیوانے کو پھر کون سنبھالے؛ پیارے!

۲۲۵ دَرد سے ذِکر ہُوا پیدا؛ ہُوا ذِکر سے جَذب
میری بیماری لگی مجھ کو؛ مسیحا ہوکر

۲۲۶ دِل کو گھبرا نہ سکے؛ لشکرِ اَفکار وہَموم
بارک اللہ! لَڑا خُوب ہی تنہا ہوکر

۲۲۷ داغِ بَدنامی اُٹھائے گا؛ جو حق کی خاطر
آسماں پر وہی چمکے گا؛ سِتارا ہوکر

۲۲۸ دعوٰئ طاعت بھی ہوگا؛ اِدّعائے پیار بھی
تم نہ دیکھو گے کہیں؛ لیکن وَفائے قادیاں

۲۲۹ دیکھ کر اَرض و سَما؛ بارِ گِرانِ تشریع
رِہ گئے شَشدر و حیران؛ اُٹھایا نہ گیا

۲۳۰ دِل مِرا بے قرار رہتا ہے
سینہ میرا فِگار رہتا ہے

۲۳۱ دِل مِرا توڑتے ہو کیوں جانی!
آپ کا اِس میں پیار رہتا ہے

۲۳۲ دُنیا کی نِگہ پڑتی تھی جن ماہ وَشوں پر
وہ بھی مجھے رکھتے تھے دِل و جان سے پیارا

۲۳۳ دُشمن آدم کے؛ جو نادان ہوئے جاتے ہیں
ہائے! انسان سے شیطان ہوئے جاتے ہیں

۲۳۴ دوستو! رحم کرو؛ کھول دو زَنجیروں کو
جا کے جنگل میں مجھے دِل ذرا بہلانے دو

۲۳۵ دوستو! سمجھو تو ہے زندگی اس موت کا نام
یار کی راہ میں؛ اَب تم مجھے مَر جانے دو

۲۳۶ دِل کی دِل جانے؛ مجھے کام نہیں کچھ اس سے
اپنی ڈالی ہوئی گُتھی؛ اُسے سُلجھانے دو

۲۳۷ دِل کے بہہ جانے کی نالے بھی خبر دیتے ہیں
شاہِد اس بات پہ نوکِ مِژۂ تَر نہیں

۲۳۸ دِل سے ہے وُسعتِ تَرحیبِ محبت مَفقود
ساقی اِستادہ ہے؛ مِینا لیے ساغَر ہی نہیں

۲۳۹ دِلِ مایوس سینہ میں؛ اندھیرا چاروں جانب میں
نہ آنکھیں ہیں کہ رَہ پائیں نہ پَر ہیں جن سے اُڑ جائیں

۲۴۰ دَرد آشنائے غمِ ہِجراں میں؛ مَیں کہاں
فُرقت نصیب مادَر و فاقدِ پِدر کہاں

۲۴۱ دیکھو! کہ دل نے ڈالی ہے جا کر کہاں کمند — گُودا تو ہے یہ بحرِ محبت میں؛ پَر کہاں

۲۴۲ دِل کی حالت پر؛ کسی بندے کو ہو کیا اِطّلاع — بس وہی محمود ہے؛ جو اس کے ہاں محمود ہے

۲۴۳ دِل میں رکھوں گا چھُپا کر؛ آنکھ کی پُتلی بنا کر — اپنے سینے سے لگا کر؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۲۴۴ دیکھا نا؛ نگاہِ یار پا لی ہم نے — فُرقَت میں حَواس و ہوش کھوتے کھوتے

۲۴۵ دِلوں کو؛ نُور سے ہوں بھرنے والے — ہوں تیری رَہ میں؛ ہَر دَم مرنے والے

۲۴۶ دِل کی اُمّیدیں؛ دِل ہی میں سب دَفن ہوگئیں — پائے اُمّید ثَبت رہا؛ اِنتظار پر

۲۴۷ دیوداروں کی ہر طرف تھی قَطار — یاد کرتا تھا دیکھ کر قدِ یار

۲۴۸ دیکھیئے! کب وہ مُنہ دِکھاتا ہے — پَردہ چہرہ سے کب اُٹھاتا ہے

۲۴۹ دُوری کو اپنی دیکھ کے؛ مَیں شرمسار ہوں — عاشق تو ہوں؛ پہ حِرص و ہَوا کا شکار ہوں

۲۵۰ دُشمن کو ظُلم کی بَرچھی سے؛ تم سینہ و دِل بَرمانے دو — یہ دَرد رہے گا بَن کے دَوا؛ تم صبر کرو، وَقت آنے دو

۲۵۱ دیکھ لینا! اُن کی اُمّیدیں بنیں گی؛ حَسرتیں — اِک پریشاں خواب نِکلے گا؛ یہ خوابِ زندگی

۲۵۲ دِلبرا! اِلزام تو دیتے ہیں چھُپنے کا تجھے — اوڑھے بیٹھے ہیں مگر ہم خود؛ نِقابِ زندگی

۲۵۳ دَستِ عِزرائیل میں مخفی ہے سب رازِ حیات — موت کے پیالوں میں؛ بٹتی ہے شرابِ زندگی

۲۵۴ دِل دے چکے؛ تو ختم ہُوا قِصّۂ حِساب — معشوق سے حِساب کا دَستُور ہی نہیں

۲۵۵ دُشمن کی چِیرہ دَستیوں پر؛ اے خُدا گواہ — ہیں زَخمِ دل بھی سینے کے ناسُور ہی نہیں

۲۵۶ دِلبر ہے وہ ہمارا؛ تم اس سے چاہ رکھنا — مشکل کے وَقت دونوں؛ اُس پر نگاہ رکھنا

۲۵۷ دامنِ دِل پھیلتا جاتا ہے؛ بے حَدّ و حِساب — دھجیاں اس کی اُڑا دے؛ ہاں اُڑا دے آج

۲۵۸ دَستِ کوتاہ کُجا اَثمارِ فردَوسی کُجا — شاخِ طُوبیٰ کو ہِلا دے؛ ہاں ہِلا دے آج تُو

۲۵۹ دَرسِ اُلفت ہی نہ گر پایا؛ تو کیا پایا بتا — گُر محبت کے سِکھا دے؛ ہاں سِکھا دے آج تُو

۲۶۰ دُور رہنا اپنے عاشق سے؛ نہیں دیتا ہے زیب — آسماں پر بیٹھ کر؛ تُو یُوں مجھے دیکھا نہ کر

۲۶۱ دِلوں کی چھُپی بات بھی جانتا ہے — بَدوں اور نیکوں کو پہچانتا ہے

۲۶۲ دِل پاک کر دے میرا؛ دُنیا کی چاہتوں سے — سُبّوحِیَّت سے حِصّہ؛ سُبحان مجھ کو دے دے

۲۶۳ دِل جل رہا ہے میرا؛ فُرقت سے تیری ہر دَم
جامِ وِصال اپنا؛ اے جان! مجھ کو دے دے

۲۶۴ دُنیائے کُفر وبِدعت کو؛ اس میں غَرق کردُوں
طُوفانِ نُوحؑ سا اِک؛ طُوفان مجھ کو دے دے

۲۶۵ دُھل جائیں دِل بَدی سے؛ سینے ہوں نُور سے پُر
اَمراضِ رُوح کا وہ؛ دَرمان مجھ کو دے دے

۲۶۶ درد ہی درد رِہ گئی ہے اَب
عیشِ دُنیا کا سب خُمار گیا

۲۶۷ دِلِ اندوہگیں کو لے کر ساتھ
چاک دامان و اَشکبار گیا

۲۶۸ دُنیا کا غم اِدھر ہے؛ اُدھر آخرت کا خوف
یہ بوجھ میرے دِل سے؛ اِلٰہی! اُتار دے

۲۶۹ دن بھی اسی کے، راتیں بھی اس کی؛ جوخوش نصیب
آقا کے دَر پہ عُمر کو اپنی گزار دے

۲۷۰ دِل چاہتا ہے؛ جان ہو اِسلام پر نِثار
توفیق اس کی؛ اے مِرے پَروَردِگار دے!

۲۷۱ دِل میں مِرے کوئی نہ بَسے؛ تیرے سِوا اَور
گر تُو نہیں بَستا؛ اسے ویرانہ بنادے

۲۷۲ **دَخَلَت صُفُوفَ عِدًى بِغَيرِ رَوِيَّةٍ**
**فَازَت جَمَاعَةُ صَحبِهٖ بِقُحُومِهَا**

۲۷۳ دیر کے بعد وہ مِلے؛ اُٹھ کے مِلے، کِسے سَکت
دِل میں خوشی کی لہر تھی؛ آنکھ سے اَشکبار تھا

۲۷۴ دُشمن کو بھی جو مومِن؛ کہتا نہیں وہ باتیں
تم اپنے کَرَم فرما کے حق میں رَوا سمجھے

۲۷۵ دَردِ نِہاں کا حال کسی کو سُنائیں کیا
طُوفان اُٹھ رہا ہے جو دِل میں؛ بتائیں کیا

۲۷۶ دُنیا ہے ایک زالِ عُمر خوردہ و ضَعیف
اس زالِ زِشت رُو سے بھلا دل لگائیں کیا

۲۷۷ دامن تہی ہے، فِکر مَشَوَّش؛ نِگہ غَلَط
آئیں تو تیرے دَر پہ؛ مگر ساتھ لائیں کیا

۲۷۸ دِل کو لے کر؛ مَیں کیا کروں پیارے!
تُو اگر میرا دِلرُبا نہ بنا

۲۷۹ دِل ودِلبر میں چھیڑ جاری ہے
ہے یہ اِک طُرفہ شاخسانہ بنا

۲۸۰ دوستوں، دُشمنوں میں فرق؛ دابِ سُلوک یہ نہیں
آپ بھی جامِ مَے اُڑا؛ غیر کو بھی پِلائے جا

۲۸۱ دِن ہی چڑھتا نہیں قِسمت کا مِری؛ اے اَفسوس!
مُنتظِر ہوں تِری آمد کا؛ کئی راتوں سے

۲۸۲ دِل مانگ، جان مانگ؛ کِسے عُذر ہے یہاں
مَنظُور ہے ہمیشہ سے خاطِر مجھے تِری

۲۸۳ دِل کو ہے وہ قُوَّت و طاقت عطا کی ضَبط نے
نالہ جو دِل سے اُٹھا میرے؛ وہ طُوفاں ہو گیا

۲۸۴ دِل دے کے؛ ہم نے ان کی محبت کو پالیا
بے کار چیز دے کے؛ دُرِّ بے بہا لیا

۲۸۵ دے ہم کو یہ توَفیق؛ کہ ہم جان لڑا کے
اِسلام کے سَر پر سے کریں دُور بلائیں

۲۸۶ دَرِ مَے خانہ پا کر بند؛ اے شیخ!
چلے ہیں آپ بھی؛ گھر کو خُدا کے

۲۸۷ دِکھائے جو ہر دَم؛ ترا حُسن مجھ کو
مِری جاں! مَیں وہ آئنہ چاہتا ہوں

۲۸۸ داروئے ہر مَرَض؛ شِفائے جہاں
حق نے بخشی ہے وہ کِتاب مجھے

۲۸۹ دُشمنوں سے تو رَکھ مِرا پَردہ
اس طرح کر نہ بے حِجاب مجھے

۲۹۰ دِل میں بیداریاں ہیں پھر پیدا
پھر دِکھا؛ چشمِ نیم خواب مجھے

۲۹۱ دوزخ میں جلنا سخت بُرا؛ پر یہ بھی کوئی بات نہ تھی
سَو عَیب کا اس میں عَیب ہے یہ گُفتار نہیں دِیدار نہیں

۲۹۲ دِین و دُنیا کی سُدھ نہیں اُن کو
محوِ حُسن و جَمال ہیں ایسے

۲۹۳ دُشمن نے گھیرا ہے مجھ کو
صَبــرِی وَ بَســا لِــی ! آ بھی جا

۲۹۴ دیکھا نہ تُو نے آئینہ خانہ میں بھی جَمال
تیری تو عَقل میں کوئی آیا فُتُور ہے

۲۹۵ دُوسروں کی خُوبیاں؛ اس کی نظر میں عَیب ہیں
تجھ کو اپنی بھی خبر ہے؛ نُکتہ چیں سے پُوچھئے

۲۹۶ دے گئے تھے جواب تاب وتواں
کام آئی ہے ایک آس مِرے

۲۹۷ دامنِ رحمت وہ پھیلائے نہ کیوں
مومنوں کی تنگ دامانی تو دیکھ

۲۹۸ دامن بھی ہے؛ غُفراں کا سمندر بھی ہے موجود
دامن کو سمندر میں ڈبونا نہیں آتا

۲۹۹ دُشمنی کی چلی ہوئی ہے رَو
بات مِیٹھی ہے؛ پَر نظر میں آگ

۳۰۰ دُنیا میں یہ کیا فِتنہ اُٹھا ہے مِرے پیارے!
ہر آنکھ کے اندر سے نِکلتے ہیں شَرارے

۳۰۱ دُولہا ہمارا زِندۂ جاوید ہے جناب!
کیا بے وُقوف ہیں؛ کہ بنیں سوگوار ہم

۳۰۲ دَر اُس کا آج گر نہ کھُلا؛ خیر کل سَہی
جائیں گے اس کے دَر پہ؛ یُونہی بار بار ہم

۳۰۳ دُنیا کی مِنّتوں سے تو؛ کوئی بنا نہ کام
روئیں گے اُس کے سامنے؛ اَب زار زار ہم

۳۰۴ دُشمن ہے خُوش؛ کہ نعمتِ دُنیا مِلی اُسے
لُوٹیں گے اس کی گود میں جا کر؛ بہار ہم

۳۰۵ دِل دے رہا ہوں آپ کو؛ لیتے تو جائیے!
کیوں جا رہے ہیں آپ؛ یہ نذرانہ چھوڑ کر

۳۰۶ دِلبر کے دَر پہ؛ جیسے ہو، جانا ہی چاہیئے
گر ہو سکے؛ تو حال سُنانا ہی چاہیئے

۳۰۷ دِل ہے شِکارِ حِرص و ہوا و ہَوَس ہُوا — پَنجہ سے ان کے؛ اس کو چھُڑانا ہی چاہیئے

۳۰۸ دِلِ دوستاں کو نہ توڑیں گے ہرگز — نہ ٹُوٹے گا ہرگز؛ یہ بِلّور ہم سے

۳۰۹ دھرا ہم پہ بارِ شَرِیعَت؛ تو پھر کیوں — فِرِشتوں پہ ظاہر ہو مَستُور ہم سے

۳۱۰ دِل میں بیٹھے؛ کہ سمائے میری آنکھوں میں تُو — میری تعظیم ہے اس میں؛ تِری تَحقِیر نہیں

۳۱۱ دِل رُبا کیسا ہے؛ جو دِل نہ لُبھائے میرا — سینے کے پار نہ ہو جائے؛ تو وہ تیر نہیں

۳۱۲ دُنیا والوں نے اُنھیں بے گھر کیا؛ بے دَر کیا — پھر بھی ان کے قلب حُبِّ خَلق سے مَعمُور ہیں

۳۱۳ دُنیا والوں کی نظر میں؛ پھر بھی ٹھہرے ہیں حَقِیر — ہیں گُنہ لازِم؛ مگر سب نیکیاں برباد ہیں

۳۱۴ دَجّال کے بچھائے ہوئے جال؛ توڑ دو — حاصِل ہو تم کو ایسی ذِہانت؛ خُدا کرے

۳۱۵ دِید کی راہ بتائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں — اس کی تدبیر سُجھائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۳۱۶ دانۂ سُبحہ پراگندہ ہیں چاروں جانِب — ہاتھ پر میرے؛ اُنھیں آپ اِکٹھا کر دیں

۳۱۷ دُعائیں شُعلۂ جوّالا بن کے اُتریں گی — جَلا کے رکھ دیں گے اَعداء کو؛ ہم فُغاں سے آج

۳۱۸ دوستی اور وَفاداری ہے سب عیش کے وَقت — آڑے وَقتوں میں بھلا کون وَفا کرتا ہے

۳۱۹ دَرد تو اَور ہی کرتا ہے تقاضا دِل سے — پَر وہ اِظہارِ محبت سے دَبا کرتا ہے

۳۲۰ دُنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا ہُوا ہے گند — ہر ہر قدم پہ؛ ہوش سے دامَن سنبھال تُو

۳۲۱ دِل دے کے مُشتِ خاک کو؛ دِلدار ہو گئے — اپنی عطا کے؛ آپ خریدار ہوگئے

۳۲۲ دِن کی تاریکیاں ہیں کرتی دُور — مہ نُما ہیں؛ یہ مہ جَبیں راتیں

۳۲۳ دِل مَت چھوڑو پیارو اپنا — سَر لہروں میں اُٹھاتے جاؤ

۳۲۴ دُنیا میں اس کے عشق کا چرچا ہے چار سُو — تحفہ کے طور پر؛ دِلِ بَدنام لائے ہیں

۳۲۵ دانۂ تسبیح اور اَشکوں کا مطلب ہے اگر — آب و دانہ کیلئے؛ سب پارسائی چھوڑ دُوں

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۳۲۶ دُنیا کی کھیل کُود میں؛ ناصؔر پڑے ہو کیوں — یادِ خُدا میں دِل جو لگاتے؛ تو خُوب تھا

۳۲۷ دنیا کے کام بے شک کرتا رہوں گا مَیں بھی — لیکن مَیں جان و دل سے اس یار کا رہوں گا

# ڈ

## ('ڈ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 20 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 12 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ڈگلس پہ سارا حال بریت کا کھل گیا　　عزت کے ساتھ؛ تب میں وہاں سے بری ہوا
۲ ڈوبنے کو ہے یہ کشتی؛ آ میرے اے ناخدا　　آگیا اس قوم پر وقتِ خزاں؛ اندر بہار
۳ ڈھونڈو وہ راہ جس سے دل و سینہ پاک ہو　　نفسِ دَنی خدا کی اطاعت میں خاک ہو
۴ ڈوبنے کو ہے یہ کشتی؛ آ میرے اے ناخدا　　آگئے اس باغ پر اے یار! مرجھانے کے دن
۵ ڈرو یارو! کہ وہ بینا خدا ہے　　اگر سوچو؛ یہیں دارالجزاء ہے

### ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۶ ڈھونڈتی ہے جنہیں نظر میری　　سب تو آئے؛ وہی نہیں آئے

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۷ ڈوب جاتا اُسی خُونابہ میں اَفسانۂ عشق　　آنکھ کھلتی؛ تو بس اِک خواب سا دیکھا ہوتا
۸ ڈاکٹرز نے تو تھا یہ ڈرایا؛ منصورہ اور منیب کا بچّہ　　ہوا بھی، تو معذور ہی ہوگا؛ پر یہ ہَول نہ نکلا سچّا

# کلامِ محمود

٩ ڈَرتی نہیں کچھ بھی تو خُدا سے — اے قوم! یہ تجھ کو کیا ہُوا ہے

١٠ ڈھونڈتی ہے جلوۂ جاناں کو آنکھ — چاند سا چہرہ ہمیں دِکھلائے کون

١١ ڈالتا جا نظرِمہر بھی اس غمگیں پر — نظرِقہر سے؛ مٹی میں مِلانے والے!

١٢ ڈھونڈتی ہیں؛ مگر آنکھیں نہیں پاتیں اُن کو — ہیں کہاں وہ؛ مجھے روتے کو، ہنسانے والے!

١٣ ڈھونڈتے ہیں تجھی کو کیوں سارے جہاں کے اِبتلا — پِیستی ہے تجھی کو ہاں گردِشِ آسمان کیوں

١٤ ڈَر کا اَثَر ہو ان پہ؛ نہ لالچ کا ہو اَثَر — ہوش آئیں جن کو ایسے؛ یہ مخمور ہی نہیں

١٥ ڈھونڈتا پھرتا ہے کونا کونا میں؛ گھر گھر میں کیوں — اس طرف آ! مَیں پتا دُوں تجھ کو تیرے یار کا

١٦ ڈھونڈتی پھرتی تھی شمعِ نُور کو؛ محفِل کبھی — اَب تو ہے خُود شمع کو دُنیا میں محفِل کی تلاش

١٧ ڈلہوزی و شِملہ کی تو ہے یاد ہوئی محو — ہے خواہشِ کشمیر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

١٨ ڈھانپتے رہتے ہیں ہردَم؛ دوسروں کے عَیب کو — ہیں چھُپاتے رہتے وہ؛ دُنیا جہاں کے عَیب کو

١٩ ڈوبا ہوں بحرِعشقِ الٰہی میں؛ شادؔ میں — کیا دے گا خاک فائدہ؛ آبِ بقا مجھے

٢٠ ڈوئیؔ، قصوریؔ، دہلویؔ؛ لیکھوؔ و سومراجؔ — ساروں کو ایک وار میں؛ اس نے گِرا دیا

# ر

## ('ر' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعدادِ کُل اشعار | 111 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 13 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 21 |
| iii | کلامِ طاہر | 18 |
| iv | کلامِ محمود | 59 |

### دُرِّ ثمین

۱ راستی کے سامنے؛ کب جھوٹ پھلتا ہے بھلا — قدر کیا پتھر کی؛ لعلِ بے بہا کے سامنے

۲ ربط ہے جانِ محمدؐ سے مِری جاں کو مدام — دل کو وہ جام؛ لبالب ہے پلایا ہم نے

۳ روشنی میں مہرِ تاباں کی بھلا کیا فرق ہو — گرچہ نکلے روم کی سرحد سے یا از زنگبار

۴ رَہِ تعلیم اِک تُو نے بتا دی — **فسبحان الذی اخزی ا لاعادی**

۵ روحیں اگر نہ ہوتیں؛ ایشر سے کچھ نہ بنتا — اس کی حکومتوں کی ساری بِنا یہی ہے

۶ رُکتے نہیں ہیں ظالم؛ گالی سے ایک دم بھی — ان کا تو شغل و پیشہ؛ صبح و مسا یہی ہے

۷ راگ وہ گاتے ہیں؛ جس کو آسمان گاتا نہیں — وہ ارادے ہیں؛ کہ جو ہیں برخلافِ شہریار

۸ رنگِ تقویٰ سے کوئی رنگت نہیں ہے خُوب تر — ہے یہی ایماں کا زیور؛ ہے یہی دِیں کا سِنگار

۹ روزۂ آدم؛ کہ تھا وہ نامکمل اب تلک — میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ وبار

۱۰ رسولِ حق کو مٹی میں سُلایا — مسیحا کو فلک پر ہے بٹھایا

۱۱ رہیں خوشحال اور فرخندگی سے — بچانا اے خدا! بد زندگی سے
۱۲ رات جو رکھتے تھے پوشاکیں برنگِ یاسمن — صبح کردے گی انہیں مثلِ درختانِ چنار
۱۳ روشنی سے بُغض؛ اور ظُلمت پہ وہ قربان ہیں — ایسے بھی شپّر نہ ہوں گے؛ گرچہ تم ڈھونڈو ہزار

## دُرِّ عدَن

۱۴ راضی ہوں تم سے مَیں؛ مِرا اللہ بھی رہے — اس کی رضا کی تم کو مسرت نصیب ہو
۱۵ راحت ہی میں نے تم سے بحرطور پائی ہے — تم کو بھی دو جہان کی راحت نصیب ہو
۱۶ رفیقِ جاں مِرے؛ یارِ وفا شعار مِرے — یہ آج پردہ دَری کیسی؛ پردہ دار مِرے
۱۷ رحمت کا رہے سایہ بڑھتا ہی رہے پایا — ہر وقت خدا رکھے آسائش وصحت سے
۱۸ رہتا نہیں پھر کوئی دل وعقل میں جھگڑا — ہوجاتے ہیں دونوں ہی گرفتارِ محبت
۱۹ روتے ہیں خُلد میں عمروعاص زارزار — خالد کی روح جوش میں آتی ہے باربار
۲۰ راہِ حق میں جب قدم آگے بڑھادے ایک بار — سر بھی کٹ جائے؛ نہ پھر پیچھے ہٹائے قادیاں
۲۱ رکھ تسلی؛ دلِ بیمار! ابھی آتے ہیں — دردِ مزمن کی دوا؛ باعثِ راح وتسکیں
۲۲ راضی ہو خدا تم سے؛ شیطاں ہو جدا تم سے — لبریز رہے سینہ؛ ایمان کی دولت سے
۲۳ رہا کوشاں پئے فتحِ محمد — فدا کی جان قربانِ محمد
۲۴ راہبر یہ بتا کہاں ہیں وہ — دلِ مضطر انہیں کہاں پائے
۲۵ رہی نصرت خدا کی شاملِ حال — گزاری زندگی با کامرانی
۲۶ رحمتِ حق جوش میں آئی یہ حالت دیکھ کر — بہرِ تسکین و سکوں؛ مولا نے یہ مژدہ دیا
۲۷ ربِّ ودود اپنی محبت عطا کرے — آپس میں اتفاق و مودّت عطا کرے
۲۸ رکھا آنکھ میں مثلِ نورِ نظر — پلایا تمہیں اپنا خونِ جگر
۲۹ روؤ خدا کے سامنے آنسو بہاؤ تم — یہ آگ جس طرح سے بجھے؛ اب بجھاؤ تم
۳۰ ربِّ کریم! فضل سے سُن لے دعائیں سب — رحمت سے اپنی بخش ہماری خطائیں سب
۳۱ رہو دل سے تم دِین کی اپنے شیدا — کرو جان تک اس پہ قربان طیّب

۳۲ رُوح بھی پاتی نہیں کچھ چین قالب کے بغیر  
اُن کے مُنہ سے بھی نکل جاتا ہے؛ ہائے! قادیاںؔ

۳۳ رو کے کہتی ہے زمیں؛ گر نہ سنے نام خدا  
ایسی بستی سے تو بہتر ہے بیاباں ہونا

۳۴ رکھ پیشِ نظر وہ وقت بہن جب زندہ گاڑی جاتی تھی  
گھر کی دیواریں روتی تھیں جب دنیا میں تُو آتی تھی

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳۵ ربِّ عظیم کا بندۂ اعظم  
صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۳۶ روتے روتے سینے پر سر رکھ کر سوگئی اُن کی یاد  
کون پیا تھا، کون پریمی؛ بھید نہ پایا ساری رات

۳۷ رُوٹھ کے پانی ساگر سے؛ جب بادل بن اُڑ جائے  
ساگر پاگل سا ہو کر؛ سر ساحل سے ٹکرائے

۳۸ راہ گیروں کے بسیروں میں ٹھکانہ کر کے  
بے ٹھکانوں کو بنا ڈالا؛ ٹھکانے والے

۳۹ راہِ خدا میں منزلِ مرگ پہ سب مچل گئے  
ہم بھی رُکے رُکے سے تھے؛ اِذن ہوا، تو چل پڑے

۴۰ رُوٹھا رُوٹھا غم کا مارا؛ وہ بادل آوارہ  
دیس سے ہوکے بدیس؛ کسی اَنجانے دیس کو جائے

۴۱ رسائی دیکھو؛ کہ باتیں خدا سے کرتی ہے  
دعا؛ جو قلب کے تحت الثّریٰ سے اُٹھی ہے

۴۲ ربّ نے آخر کام سنوارے؛ گھر آئے ہر ہا کے مارے  
آدیکھے، اونچے مینارے؛ نورِ خدا، تا حدِّنظر تھا

۴۳ راہ میں پربت پاؤں پڑے؛ بہلائے اور پھسلائے  
یار کسی کا اپنانے کو؛ حیلے لاکھ بنائے

۴۴ راگ موجوں کا بڑوں چھوٹوں کو بہلاتا تھا  
اب خیال آتا ہے؛ وہ اس کے ہی گُن گاتا تھا

۴۵ روئیں گے تو اس کے حضور؛ مگر تم سے  
ہنس ہنس کر؛ ہم نے ہر دُکھ سہنا ہوگا

۴۶ ربوہ میں آجکل ہے جاری نظام اپنا  
پر قادیاں رہے گا؛ مرکز مدام اپنا

۴۷ رات کے پردے میں چھُپ چھُپ کے تجھے یاد کیا  
دن نکل آیا تو دن تجھ سے ہی آباد کیا

۴۸ رَکھ لاج کچھ اِن کی مِرے ستّار! کہ یہ زخم  
جو دل میں چھُپا رَکھے ہیں؛ پُتلے ہیں حیا کے

۴۹ راتوں کو خدا سے پیار کی لو اور صبح بتوں سے یارانے  
نادان گنوا بیٹھے دن کو؛ جو یار کمایا ساری رات

۵۰ رات سجدوں میں اپنے رب کے حضور؛  
جِن کے ماں باپ اور کوئی نہ ہوں؛  
اُن کے غم میں بھی آپ روتے ہیں  
اُن کے ماں باپ، آپ ہوتے ہیں

۵۱ رات جاگو مہ و نجوم کے ساتھ  
دِن کو سورج سے ہم خِرام چلو

۵۲ ربِّ جلیل کی؛ ترا دل جلوہ گاہ ہے — سینہ ترا جمالِ الٰہی کا مُستقر

## کلامِ محمود

۵۳ رُوئیں رُوئیں میں سَما جائے عِشقِ خالقِ حُسن — ظُہور جس سے کرے؛ بال بال میں برکت

۵۴ رِندِمجلس نظر آئیں؛ نہ کبھی یُوں مخمور — جامِ اِسلام میں گر بادۂ عِرفان نہ ہو

۵۵ رَسمِ مخفی بھی رہے؛ اُلفتِ ظاہر بھی رہے — ایک ہی وَقت میں؛ اِخفا بھی ہو، اِظہار بھی ہو

۵۶ رَشیدہ؛ جس کو حق نے رُشد بخشا — بنایا نیک طینت اور اچھا

۵۷ رنگ اُسی کا چھلک رہا تھا؛ آہ! — کَفِ ساقی میں؛ ساغرِ مَے میں

۵۸ رِشتۂ اُلفت میں باندھے جا رہے ہیں آج لوگ — توڑ بھی؛ کیا فائدہ ہے اس ترے زُنّار کا

۵۹ رُوح فاقوں سے ہو رہی ہے نڈھال — ہم کو پھر نعمتِ حجازی بخش

۶۰ رُوحِ اِقدام و دُوربین نِگاہ — قلبِ شیر و نِگاہِ بازی بخش

۶۱ رَدَّ عَلَی الارضِ کُنُوزاً صِحَابُہٗ — فُتِنَ الیَہُودُ بِبَقلِھَا وَ بِفُومِھَا

۶۲ رُفِعَت بُیُوتُ المُؤمِنِینَ رَفَاعَۃً — خُسِفَ البِلَادُ بِفُرسِھَا وَ بِرُومِھَا

۶۳ رَہینِ عِشق کو کیفِ مدام سے کیا کام — پلایئے مجھے آنکھوں سے؛ جام سے کیا کام

۶۴ رحمت کے چھینٹے دینے پہ؛ صَد شُکر واِمتِنان — دِل کیلئے بھی؛ پَر کوئی اَنگارہ چھوڑ دے

۶۵ رَنج ہو، غم ہو؛ کوئی حال ہو، خوش رہتا ہوں — دِل میں کچھ ایسی طراوَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۶۶ رَنگِ وَفا دِکھاتے ہیں اَدنیٰ وُحُوش بھی — غم دوستوں کا؛ کچھ تمھیں کھانا ہی چاہیئے

۶۷ رُوحِ اِنسانی کو جو بخشے جِلا؛ ہے اِکسیر — مِس کو چھُو کر جو طِلاء کر دے؛ وہ اِکسیر نہیں

۶۸ روز و شَب قرآن میں فِکر و تدبّر؛ مشغلہ — اُن پہ دَروازہ کھُلا ہے؛ دِین کے اَسرار کا

۶۹ راہ گیروں کو بچانے کیلئے؛ ظُلمت میں — شمع اِک تُو نے جلائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۷۰ رَہِ سَداد نہ تفریط ہے؛ نہ ہے اَفراط — خُدا نے رکھی ہے بس اِعتدال میں برکت

۷۱ ربوہ کو ترا مرکزِ توحید بنا کر — اِک نعرۂ تکبیر فلک بوس لگائیں

۷۲ ربوہ رہے؛ کعبہ کی بڑائی کا دُعا گو — کعبہ کو پہنچتی رہیں؛ ربوہ کی دعائیں

۷۳ راہِ مولیٰ میں جو مرتے ہیں؛ وہی جیتے ہیں — موت کے آنے سے پہلے ہی فنا ہوجاؤ
۷۴ رحمت کی طرف اپنی نِگہ کیجئے آقا! — جانے بھی دیں؛ کیا چیز ہیں یہ میری خطائیں
۷۵ روتے روتے ہی؛ کٹ گئیں راتیں — ذکر میں ہی؛ بسر ہوئیں راتیں
۷۶ روح جس کیلئے تڑپتی تھی — اس کا جلوہ دِکھا دِیا تو نے
۷۷ رغبتِ دل سے ہو؛ پابندِ نماز و روزہ — نظر اَنداز؛ کوئی حصۂ احکام نہ ہو
۷۸ ربِّ افواج؛ خود آتا ہے تیری نصرت کو — باندھ لے اپنی کمر؛ بندۂ حرمان نہ ہو
۷۹ رِہ چکے پاؤں؛ نہیں جسم میں باقی طاقت — رحم کر؛ گود میں اب مجھ کو اُٹھالے پیارے!
۸۰ رِہ گیا سایہ سے محروم؛ ہوا بے برکت — سَرو نے کیا لیا؛ احباب سے اونچا ہوکر
۸۱ راتیں تو ہوا کرتی ہیں؛ راتیں ہی ہمیشہ — پر ہم کو نظر آتے ہیں اب دن کو بھی تارے
۸۲ رہی ہے نہ تیری؛ نہ شیطان کی وہ — کچھ ایسی ہے بگڑی؛ خدایا خدائی
۸۳ روزہ نماز میں کبھی کٹتی تھی زندگی — اب تم خدا کو بھول گئے؛ انتہا یہ ہے
۸۴ راتوں کو آکے دیتا ہے مجھ کو تسلیاں — مردہ خدا کو کیا کروں؛ میرا خدا یہ ہے
۸۵ رقیبوں کو آرام و راحت کی خواہش — مگر میں تو کرب و بلا چاہتا ہوں
۸۶ رقیبوں سے بھی چھیڑ جاری رہے گی — تعلق رہے گا بَدَستور ہم سے
۸۷ رِہ گئے منہ ہی تِرا دیکھتے وقتِ رحلت — ہم پسینہ کی جگہ خون بہانے والے
۸۸ رہتی ہیں بے ثمار کیوں؛ تیری تمام محنتیں؟ — تیری تمام کوششیں؛ جاتی ہیں رائیگان کیوں؟
۸۹ رنگ بھی، روپ بھی ہو، حُسن بھی ہو؛ لیکن پھر — فائدہ کیا ہے اگر سیرتِ انسان نہ ہو
۹۰ رونق مکاں کی ہوتی ہے اس کے مکین سے — اس دِلرُبا کو دل میں بسانا ہی چاہئے
۹۱ راضی رہو خدا کی قضا پر ہمیش تم — لب پر نہ آئے حرفِ شکایت؛ خدا کرے
۹۲ روک مجھ میں، اور تجھ میں؛ پھر نہ کچھ باقی رہے — ایک میں ہوں پینے والا؛ ایک تو ساقی رہے
۹۳ روحِ اسلام ہوگئی محصور — کفر کا دیو؛ ہوگیا آزاد
۹۴ رسول اللہ ہمارے پیشوا ہوں — ملے توفیق؛ ان کی اقتداء کی

۹۵ رحم کرتا ہے ہمیشہ ہی وہ ہم بندوں پر　　کرسئ عدل پہ بیٹھے گا جو روزِ محشر
۹۶ رہِ خدا میں ہی جاں فدا ہو دل عشقِ احمدؐ میں مبتلا ہو　　اسی پہ ہی میرا خاتمہ ہو؛ یہی میرے دل کا مدّعا ہے
۹۷ رَنج و غم و ملال کو؛ دل سے بھلا دیا　　جو داغ دل پہ اپنے لگا تھا؛ مٹا دیا
۹۸ رہتی ہے چاک جیبِ شکیبائی ہر گھڑی　　دامانِ صبر رہتا ہے؛ ہر دَم پھٹا ہوا
۹۹ رنجِ فراقِ گل؛ نہ کبھی ہو سکے بیاں　　میرے مقابلے میں؛ ہزاروں ہزار ہو
۱۰۰ رنگ آجاتا ہے اُلفت کا؛ نگاہوں میں ترِی　　ورنہ کیا کام ترِے رِندوں کا؛ برساتوں سے
۱۰۱ رعبِ حسنِ شہہِ خوباں کو؛ ذرا دیکھو تو　　ہاتھ باندھے ہیں کھڑے، شاہ و گدا؛ دیکھو تو
۱۰۲ رَہ سے شیطان کو جب تک نہ ہٹائے کوئی　　اس کے ملنے کیلئے؛ کِس طرح آئے کوئی
۱۰۳ رسائی کب تھی ہم کو آسماں تک　　جو اُڑتے بھی؛ تو ہم اُڑتے کہاں تک
۱۰۴ رحم کرنا تو کجا؛ ظلم ہوا تھا پیشہ　　لوگ بھولے تھے؛ کہ ہے نام مروّت کس کا
۱۰۵ رہے حسرتوں کا پیارے میری جاں شکار کب تک　　ترِے دیکھنے کو ترسے دلِ بے قرار کب تک
۱۰۶ روزِ روشن میں لُٹا کرتے تھے؛ لوگوں کے مال　　دل میں اللہ کا تھا خوف؛ نہ حاکم کا خیال
۱۰۷ رہے وفاوصداقت پہ میرا پاؤں مدام　　ہو میرے سر پہ مرِی جان! تیری چھاؤں مدام
۱۰۸ رازداں؛ اُس کی شکایت ہو اُسی کے آگے　　اُس کی تصویر کو؛ آنکھوں سے ہٹاؤں، تو کہوں
رہا الگ وہ ہمارا یُوسُف؛　　یُونہی عَبَث میں گنوائیں آنکھیں ہیں؛
۱۰۹ نہ اُس کا دامن بھی چھُو سکے ہم　　اَشکِ خونیں بہا بہا کر
۱۱۰ رہیں ہم دُور ہر بَدکیش و بَد سے　　رہے صُحبت ہمیں اہلِ وَفا کی
۱۱۱ رہتی آپس میں بھی ہر وَقت تھی اُن کی کھٹ پٹ　　تھے وہ بَتلاتے ہر اِک دُوسرے کو ڈانٹ ڈپٹ

# ز

## ('ز' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | **تعداد کُل اشعار** | **39** |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 11 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 20 |
| v | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زَر سے پیار کرتے ہیں؛ اور دل لگاتے ہیں — ہوتے ہیں زَر کے ایسے؛ کہ بس مر ہی جاتے ہیں

۲ زمانہ تعصّب سے رکھتا ہے رنگ — کریں حق کی تکذیب؛ سب بے درنگ

۳ زندگی بخش؛ جامِ احمدؐ ہے — کیا پیارا؛ یہ نامِ احمدؐ ہے

۴ زندگی بخش؛ جامِ احمدؐ ہے — چشمۂ سلسبیل ہے احمدؐ

۵ زندہ وہی ہیں؛ جو کہ خدا کے قریب ہیں — مقبول بن کے اس کے عزیز و حبیب ہیں

۶ زلزلہ سے دیکھتا ہوں مَیں؛ زمیں زیر و زَبَر — وقت اب نزدیک ہے؛ آیا کھڑا سیلاب ہے

۷ زمینِ قادیاں؛ اَب محترم ہے — ہجومِ خلق سے؛ ارضِ حَرَم ہے

۸ زہر کے پینے سے کیا انجام؛ جُز موت و فنا — بدگمانی زہر ہے؛ اس سے بچو، اے دیں شعار!

۹ زور سے جھٹکے اگر کھاوے زمیں کچھ غم نہیں — پر کسی ڈھب سے تزلزل سے ہو ملت رستگار

۱۰ زندگی ایسوں کی کیا خاک ہے اس دنیا میں — جن کا اس نور کے ہوتے بھی دل اعمٰی نکلا

۱۱ زعم میں ان کے مسیحائی کا دعویٰ میرا     افترا ہے؛ جسے اَزخود ہی بنایا ہم نے

## درِّ عدن

۱۲ زخمِ جگر کو مرہم وصلت ملے گا کب     ٹوٹے ہوئے دلوں کے سہارے کب آئیں گے

۱۳ زندگی میری کٹے گی خدمتِ اسلام میں     وقف کردُوں گا خُدا کے نام پر جانِ حزیں

۱۴ زندگی ہو جسے عزیز بہت     وہ نہ مرنے کی دل میں ٹھہرائے

## کلامِ طاہر

زندہ باد غلامِ احمد؛     **جا الحق و زھق الباطل؛**

۱۵ پڑ گیا جس کا دشمن جھوٹا     **ان الباطل کان زھوقا**

زندگی میں نہ کثافت رہی کوئی، نہ جمود؛     ایسی موسیقی، جو اِک آبی پرندے کی طرح؛

۱۶ ساری بے رَبطگی، موسیقی میں تحلیل ہوئی     اپنے پَر وُسعتِ افلاک میں پھیلائے ہوئے

۱۷ زندگی اِس طرح تمام نہ ہو     کام رِہ جائیں نا تمام؛ چلو!

۱۸ زیر و بَم میں دلوں کی دھڑکن کے     مَوجزن ہو خدا کا نام؛ چلو!

## کلامِ محمود

۱۹ زَخمِ دِل، زَخمِ جِگر؛ ہنستے ہیں کِھل کِھل کر کیوں     حالتِ قَوم پہ آتا ہے؛ جو رونا ہم کو

۲۰ زَرِ خالِص سے بڑھ کر؛ صاف ہونا چاہیے دِل کو     ذرا بھی کھوٹ ہو جس میں؛ مُسلماں ہو نہیں سکتا

۲۱ زباں نے اس کو پڑھ کر؛ پائی برکت     ہوئیں آنکھیں بھی اس سے؛ نُورآگیں

۲۲ زُباں مَرہَم بنے؛ پیاروں کے حق میں     مگر اَعداء کو کاٹے؛ مِثلِ شَمشیر

۲۳ زرد ہے چہرہ؛ تو آنکھیں گھُس گئیں حلقوں میں ہیں     جِسم میرا ہو گیا ہے خُشک ہو کر؛ مِثلِ خار

۲۴ زلزلوں سے؛ ہماری ہستی کی     ہِل گئی؛ سر سے پا تلک بنیاد

۲۵ زمانہ گزرا؛ کہ دیکھیں نہیں وہ مَست آنکھیں     کہ جن کو دیکھ کے؛ مَیں ہو گیا تھا مَستانہ

۲۶ زُباں میری تو رہتی ہے؛ اُن کے آگے گُنگ     نِگاہ میری؛ نِگاہوں سے اُن کی لڑتی ہے

۲۷ زِشت رُو مَیں ہوں؛ آپ مالکِ حُسن     چھوڑیئے! دیجئے نِقاب مجھے

۲۸ زمانہ دُشمنِ جاں ہے؛ نہ اِس کی جانب پھر — تُو اُس کو اپنی مدد کیلئے بُلا تو سہی

۲۹ زمانہ کو حاصل ہو نُورِ نبوت — جو سیکھے قوانین و دَستور ہم سے

۳۰ زمیں سے ظُلمتِ شِرک؛ ایک دَم میں ہوگی دُور — ہُوا جو جلوہ نُما؛ لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰـــہ

۳۱ زمیں کا بوجھ؛ وہ سر پر اُٹھائے پھرتے ہیں — اک آگ؛ سینہ میں اپنے دبائے پھرتے ہیں

۳۲ زمیں سے جھگڑا، فلک سے قضیہ؛ — نہیں ہے اک دَم بھی چین آتا؛
یہاں ہے شور اور وہاں شرابہ — خبر نہیں ان کو کیا ہوا ہے

۳۳ زمین و آسماں ہیں اس پہ شاہد — جہاں میں ہر طرف پھیلی وَبا ہے

۳۴ زمین و آسماں کی بادشاہت — عطاء کی مجھ کو؛ تیری بندگی نے

۳۵ زندگی اُس کی ہے دن اُس کے ہیں راتیں اُس کی — وہ جو محبوب کی صحبت میں رہا کرتا ہے

۳۶ زِندہ رہیں عُلوم تمھارے؛ جہان میں — پائندہ ہو تمھاری لِیاقت؛ خُدا کرے

۳۷ زخمِ دل؛ جو ہو چکا تھا مُدّتوں سے مندمل — پھر ہرا ہونے کو ہے؛ وہ پھر ہرا ہونے کو ہے

۳۸ زخمِ دل؛ ہوگئے ہرے میرے — ہر چمن سے؛ مَیں اشکبار آیا

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۳۹ زندہ خُدا سے دِل جو لگاتے؛ تو خُوب تھا — مُردہ بُتوں سے جان چھُڑاتے؛ تو خُوب تھا

# ذ

## ('ذ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 19 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 9 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ذلّت ہیں چاہتے؛ یہاں اِکرام ہوتا ہے — کیا مفتری کا ایسا ہی انجام ہوتا ہے

۲ ذرا سوچو! کہ وہ کیسا خدا ہے — کہ جس سے جُگت رُوحوں کا جُدا ہے

۳ ذرا سوچو یارو! گر انصاف ہے — یہ سب کشمکش اس گھڑی صاف ہے

۴ ذرا سوچو سکھو! یہ کیا چیز ہے — یہ اس مرد کے تَن کا تعویذ ہے

۵ ذرا دیکھو انگد کی تحریر کو — کہ لکھتا ہے اس ساری تقریر کو

۶ ذرا جنم ساکھی کو پڑھ اے جواں! — کہ انگد نے لکھا ہے اس میں عیاں

## ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۷ ذرا آگے بڑھے؛ اور ہم نے دیکھا — وہ خود ملنے کو بڑھتا آرہا ہے

۸ ذاتِ باری کی رَضا ہر دَم رہی پیشِ نظر — خلق کی پروا نہ کی؛ خدمت سے منہ موڑا نہیں

۹ ذریعہ بنے گی یہ اس کی رضا کی — اطاعت ہے ماں کی اطاعت خدا کی

## کلامِ طاہر

١٠ ذکر سے بھر گئی ربوہ کی زمیں؛ آج کی رات — اُتر آیا ہے خُداوند یہیں؛ آج کی رات

## کلامِ محمود

١١ ذرا آنکھیں تو کھولو؛ سونے والو! — تمھارے سَر پہ سُورج آگیا ہے
١٢ ذرا دِل تھام لو اپنا؛ کہ اِک دیوانہ آتا ہے — شَرارِحُسن کا جلتا ہُوا پروانہ آتا ہے
١٣ ذرّہ ذرّہ میں نظر آتی ہیں؛ اُس کی طاقتیں — ہَر مَکان و ہَر زماں ہیں؛ جلوہ گاہِ حُسنِ یار
١٤ ذرّہ ذرّہ میں نِشاں مِلتا ہے؛ اِس دِلدار کا — اِس سے بڑھ کر کیا ذریعہ چاہیے اِظہار کا
١٥ ذرّہ ذرّہ مجھے عالَم کا یہ کہتا ہے کہ دیکھ! — مَیں بھی ہوں آئنہ اس کا؛ مہ و اختر ہی نہیں
١٦ ذرّہ ذرّہ ہے جہاں کا؛ تابعِ فرمانِ حق — تم ترقی چاہتے ہو؛ تو بنو اس کے اَسیر
١٧ ذلیل و خوار و رُسوا ہو جہاں میں — جو حاسِد ہو، عَدُو ہو؛ بَدگُماں ہو
١٨ ذِکرِ خُدا پہ زور دے؛ ظُلمتِ دِل مِٹائے جا — گوہرِشَب چَراغ بَن؛ دُنیا میں جگمگائے جا
١٩ ذِلّت ونکبت وخواری ہوئی مُسلم کے نَصیب — دیکھئے اور اَبھی رہتا ہے کیا کیا ہوکر

# س

## ('س' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **224** |
| i | دُرِّ ثمین | 53 |
| ii | دُرِّ عدَن | 24 |
| iii | کلامِ طاہر | 31 |
| iv | کلامِ محمود | 114 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ سیاہی چاند کی مُنہ نے دکھا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲ سب غیر ہیں؛ وہی ہے، اِک دل کا یارِ جانی — دل میں میرے یہی ہے؛ **سبحان من یرانی**

۳ سب کا وہی سہارا؛ رحمت ہے آشکارا — ہم کو وہی پیارا؛ دِلبر وہی ہمارا

۴ سارے حکموں پر ہمیں ایمان ہے — جان و دل اس راہ پر قربان ہیں

۵ سچ سچ کہو؛ اگر نہ بنا تم سے کچھ جواب — پھر بھی یہ منہ جہاں کو دکھاؤ گے یا نہیں

۶ سرزمینِ ہند میں ایسی ہے شہرت مجھ کو دی — جیسے ہووے برق کا اِک دَم میں ہر جا اِنتشار

۷ سنت اللہ ہے کہ وہ خود فرق کو دکھلائے ہے — تا عیاں ہو کون پاک اور کون ہے مُردار خوار

۸ سوچ کر دیکھو! کہ کیا یہ آدمی کا کام ہے — کوئی بتلائے نظیر اس کی؛ اگر کرنا ہے وار

۹ سر سے میرے پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں — اے میرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

۱۰ سر پہ اِک سورج چمکتا ہے؛ مگر آنکھیں ہیں بند — مرتے ہیں بِن آب وہ؛ اور دَر پہ نہرِ خوشگوار
۱۱ سایہ بھی ہو جائے ہے اوقاتِ ظلمت میں جدا — پر رہا وہ ہر اندھیرے میں رفیق و غمگسار
۱۲ ساٹھ سے ہیں کچھ برس میرے زیادہ اس گھڑی — سال ہے اب تئیسواں؛ دعویٰ پہ اَزرُوئے شمار
۱۳ سارے منصوبے جو تھے میری تباہی کیلئے — کر دیئے اس نے تباہ؛ جیسے کہ ہو گرد و غبار
۱۴ سر کو پیٹو؛ آسماں سے اب کوئی آتا نہیں — عُمرِ دنیا سے بھی اب ہے آ گیا ہفتم ہزار
۱۵ سب نشاں بیکار ان کے بُغض کے آگے ہوئے — ہو گیا تیرِ تعصّب ان کے دل میں وار پار
۱۶ سوچو دُعاءِ فاتحہ کو پڑھ کے بار بار — کرتی ہے یہ تمام حقیقت کو آشکار
۱۷ سخت جاں ہیں ہم کسی کے بُغض کی پروا نہیں — دل قَوِی رکھتے ہیں ہم دَردوں کی ہے ہمکو سہار
۱۸ سوچ لو اے سوچنے والو! کہ اب بھی وقت ہے — راہِ حِرماں چھوڑ دو؛ رحمت کے ہو امّید وار
۱۹ سوچ لو یہ ہاتھ کس کا تھا کہ میرے ساتھ تھا — کس کے فرماں سے میں مقصد پا گیا؛ اورتم ہو خوار
۲۰ سب پیاسوں سے نِکوتر تیرے منہ کی ہے پیاس — جس کا دل اس سے ہے بریاں؛ پا گیا وہ آبشار
۲۱ سو چڑھے سورج نہیں بِن روئے دلبر روشنی — یہ جہاں بے وَصلِ دلبر ہے؛ شبِ تاریک و تار
۲۲ سخت ماتَم کے وہ دن ہوں گے مصیبت کی گھڑی — لیک وہ دن ہوں گے نیکوں کیلئے شیریں ثمار
۲۳ سُنو! ہے حاصلِ اسلام تقویٰ — خدا کا عشق مَے؛ اور جام تقویٰ
۲۴ سر پہ خالق ہے اس کو یاد کرو — یونہی مخلوق کو نہ بہکاؤ
۲۵ سب کام تُو بنائے؛ لڑکے بھی تجھ سے پائے — سب کچھ تیری عطا ہے؛ گھر سے تو کچھ نہ لائے
۲۶ سُنو! آتی ہے ہر طرف سے صدا — کہ باطل ہے ہر چیز؛ حق کے سوا
۲۷ سُن میرے پیارے باری! میری دعائیں ساری — رحمت سے ان کو رکھنا؛ مَیں تیرے منہ کے واری
۲۸ سب پاک ہیں پیمبر؛ اِک دوسرے سے بہتر — لیک اَز خدائے برتر؛ خیرالوریٰ یہی ہے
۲۹ سو سو نشاں دکھا کر؛ لاتا ہے وہ بُلا کر — مجھ کو جو اُس نے بھیجا؛ بس مدّعا یہی ہے
۳۰ سب مُشرکوں کے سر پر یہ دِیں ہے ایک خنجر — یہ شِرک سے چھُڑاوے؛ ان کو اَذیٰ یہی ہے
۳۱ سب دِیں ہیں اِک فسانہ؛ شِرکوں کا آشیانہ — اُس کا ہے جو یگانہ؛ چہرہ نُما یہی ہے

۳۲ سب خشک ہوگئے ہیں؛ جتنے تھے باغ پہلے      ہر طرف میں نے دیکھا؛ بُستاں ہَرا یہی ہے

۳۳ سچ ہے یہی کہ ایسے مذاہب ہی مر گئے      اب ان میں کچھ نہیں ہے کہ جاں سے گذر گئے

۳۴ سوچو! کہ باپ دادے تمہارے کِدھر گئے      کس نے بُلا لیا وہ سبھی کیوں گزر گئے

۳۵ سو روگ کی دَوا؛ یہی وصلِ الٰہی ہے      اس قید میں ہر ایک گُنہ سے رہائی ہے

۳۶ سب عُضو سُست ہوگئے؛ غفلت ہی چھا گئی      قوت تمام نوکِ زباں میں ہی آگئی

۳۷ سب جِدّ وجُہد و سَعی اکارت چلی گئی      کوشش تھی جس قدر وہ بغارت چلی گئی

۳۸ سو لو عکس جلدی؛ کہ اب ہے ہراس      مگر اس کی تصویر رِہ جائے پاس

۳۹ سنو مجھ سے اے لوگو! نانک کا حال      سنو قصۂ قدرتِ ذوالجلال

۴۰ سفر میں وہ رو رو کے کرتا دُعا      کہ اے میرے کَرتار! مُشکل کُشا!

۴۱ سب جہاں چھان چکے؛ ساری دکانیں دیکھیں      مئے عرفاں کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا

۴۲ سچ سچ کہو! کہ تم میں امانت ہے اب کہاں      وہ صدق اور وہ دین و دیانت ہے اب کہاں

۴۳ سُنو! اب وقتِ توحیدِ اَتم ہے      سِتم اب مائلِ مُلکِ عدم ہے

۴۴ سَر سے پا تک ہیں الٰہی! ترے احساں مجھ پر      مجھ پہ برسا ہے سَدا فضل کا باراں تیرا

۴۵ سورج پہ غور کرکے نہ پائی وہ روشنی      جب چاند کو بھی دیکھا؛ تو اُس یار سا نہیں

۴۶ سب خیر ہے اسی میں؛ کہ اس سے لگاؤ دل      ڈھونڈو اسی کو یارو! بتوں میں وَفا نہیں

۴۷ سینہ میں نقشِ حق جماتی ہے      دل سے غیر خدا اُٹھاتی ہے

۴۸ سَدا رہتا ہے ان روحوں کا محتاج      انہیں سب کے سہارے پر کرے راج

۴۹ سچ پوچھیئے! تو قِصّوں کا کیا اعتبار ہے      قِصّوں میں جھُوٹ اور خطا بے شمار ہے

۵۰ سونے والو! جلد جاگو؛ یہ نہ وقتِ خواب ہے      جو خبر دی وحیِ حق نے؛ اس سے دل بیتاب ہے

۵۱ سخت دل کیسے ہوگئے ہیں لوگ      سَر پہ طاعُوں ہے؛ پھر بھی غفلت ہے

۵۲ سو سو ہے گند دل میں طہارت نہیں رہی      نیکی کے کام کرنے کی رغبت نہیں رہی

۵۳ سب پر یہ اِک بَلا ہے؛ کہ وَحدت نہیں رہی      اِک پھُوٹ پڑ رہی ہے مَوَدّت نہیں رہی

# ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۵۴ سب تڑپتے ہیں کہاں ہے؛ زینتِ دارالاماں
رونقِ بستانِ احمد؛ دِلربائے قادیاں

۵۵ سیدا! ہے آپ کو شوقِ لقائے قادیاں
ہجر میں خوں بار ہیں یاں چشمہ ہائے قادیاں

۵۶ سخت گردابِ گُمرہی میں تھے
پار ہم کو لگا دیا تُو نے

۵۷ ساری دنیا کے حق میں رحمت ہے
سب پہ جاری ہے تیرا فیضِ عمیم

۵۸ سر اُٹھانے کی نہ بستر سے جو ہمت پائے
کیا کرے آہ! وہ مجبور وہ زار و غمگیں

۵۹ سچ ہے کہ ہم کو تُو نے بھی دل سے بھُلا دیا
بتلا تو کونسا ہے ہمیں راہ نُما دیا؟

۶۰ سنا ہے کہ چاہو جو جنت ملے
تو پاؤ گے ماؤں کے قدموں تلے

۶۱ سارے جھگڑے چُکا دیئے تُو نے
اے شہ عدل! صاحبِ فُرقان

سامانِ معیشت بھی کرنا؛
حق نفس کا بھی کرتے ہیں ادا؛

۶۲ پھر جیتے جی اس پر مرنا
بیج الُفت کے بھی بوتے ہیں

۶۳ سر پاک ہو اغیار سے؛ دل پاک، نظر پاک
اے بندۂ سبحان! خدا حافظ و ناصر

۶۴ **ستم کش ام زدست خویش یارب**
**قلم کش از کرم بر ہر گناہم**

۶۵ سبق سارے بھولیں نہ بھولے یہ ہرگز
سکھاتا ہے جو تم کو قرآن طیّب

۶۶ سنت تیرے مرسل کی ادا کرتا ہوں پیارے!
دلبند کو سینہ سے جدا کرتا ہوں پیارے!

۶۷ سب چھٹتے ہیں؛ ماں باپ، بہن بھائی، بھتیجے
یہ باغ، یہ بوٹے، یہ ثمر؛ تیرے حوالے

۶۸ سب سے افضل تھے؛ مگر اصحابِ ختمِ مرسلین
خلق میں کامل نمونہ عشق کے کردار کا

۶۹ سانپ کی مانند بَل کھاتا ہے ابلیسِ لعین
دیکھ کر رنگ جمالی احمدِ مختار کا

۷۰ سوال مجھ سے نہ کر؛ اے مِرے سمیع و بصیر
جواب مانگ نہ؛ اے لاجواب! جانے دے

۷۱ سر پہ اِک بارِ گراں لینے کو آگے ہوگیا
ناز کا پالا ہوا؛ ماں باپ کا طفلِ حسیں

۷۲ سب فضل خدا ہوگا؛ امید رکھو قائم
گھبرا نہ کہیں جانا؛ افکار کی شدت سے

۷۳ سینچا بھی کرو اس کو پانی سے دعاؤں کے
پھل کھانے ہیں گر تم نے؛ کچھ نخلِ ریاضت کے

۷۴ سنا ہے آج رخصت ہو گیا ہے     نبھا کر عہد و پیمانِ محمدؐ
۷۵ سونپا ہے تمہیں خالق و مالک کی امان میں     ہر خیر بخش دے تمہیں دونوں جہان میں
۷۶ سایہ رہے سروں پہ حفیظ و رقیب کا     ہوتا رہے بلند ستارہ نصیب کا
۷۷ سلام اس پہ جس شاخ کا ہوں ثمر     بڑا حق ہے جس کا میری ذات پر

## کلامِ طاہر

۷۸ سوندھی سوندھی باس وطن کی مٹی میں سے اٹھے     تب سب نوحے بھول کے وہ بس راگ ملن کے گائے
۷۹ سنا ہے پیار وہ کرتا ہے غم کے ماروں سے     تو ہم بھی درد کے قالب میں ڈھل کے دیکھتے ہیں
۸۰ سَو بسم اللہ جو کُوئے دار سے چل کر سُوئے یار آئے     سَر آنکھوں پر ہر راہِ خدا کا مُسافر؛ سَو سَو بار آئے
۸۱ سب یادوں میں بہتر ہے وہ یاد؛ کہ کچھ لمحے     جو اُس کے تصور کے قدموں میں گزار آئی
۸۲ سازِ زندہ تھا یہ اِس کے سب ساجھی تھے مِیت اُس کے     دُھن اس کی تھی گیت اُس کے لَب اِس کے، پیام اُس کا
۸۳ سب نبیوں میں افضل و اکرم     صلی اللّٰہ علیہ وسلم
۸۴ سینے پہ غم کا طور لئے پھر رہا ہے کیا     موسیٰ پلٹ! کہ وادیٔ ایمن اُداس ہے
۸۵ سَرمَدی پریم کی آشاؤں کو دھیرے دھیرے     مَدھ بھرے سُر میں مَدُھر گیت سنانے والے
۸۶ سُن رہا ہوں قدمِ مالکِ تقدیر کی چاپ     آرہے ہیں مِری بگڑی کے بنانے والے
۸۷ سکھلا دیئے اسلوب بہت صبرورَضا کے     اب اور نہ لمبے کریں دِن کرب و بلا کے
۸۸ سُنیئے تو سہی! پگلا ہے دل؛ پگلے کی باتیں     ناراض بھی ہوتا ہے کوئی دِل کو لگا کے
۸۹ سورج ہی نہیں ڈوبا؛     بحرِ ظُلمات کی طُغیانی میں؛
اِک شب سب چاند ستارے ڈوب گئے     نور کے دھارے ڈوب گئے
۹۰ سب جو تیرا ہے؛ لاکھ ہو میرا     تُو جو میرا بنے؛ تو بات بنے
۹۱ سادہ باتوں کا بھی؛ مِلا نہ جواب     سب سوالات؛ مُظلِمات بنے
۹۲ سُود و زِیاں سُرور وغم رَوشنیوں کے زیر و بَم     آس بُجھے تو یاس کے دِیپ کی لَو اُچھل پڑے
۹۳ سچے ساتھی بانٹ کے دُکھ مِرا تَن مَن دھَن اپنا بیٹھے     سُکھ کے ساتھی تھے ہی پرائے؛ کون گیا، کون آیا ہے

۹۴ ساتھیو! میرے ساتھ ساتھ رہو          قُربتوں کا لئے پَیام؛ چلو

۹۵ سینے سے لگا لینے کی حسرت نہیں مٹتی          پہلو میں بٹھانے کی تڑپ حَد سے سوا ہے

۹۶ سدا کی رَسم ہے؛ اِبلیسیّت کی بانگِ زَبوں          اَنا کی گود میں پَل کر اِباء سے اُٹھی ہے

۹۷ سادہ اورغریب تھی جنتا؛ لیکن نیک نصیب تھی جنتا          فیض رسان عجیب تھی جنتا؛ ہر بندہ، بندہ پَرَور تھا

۹۸ سچے لوگ تھے سچی بستی؛ کرموں والی اُچّی بستی          جواونچا تھا، نیچا بھی تھا؛ عرش نشیں تھا، خاک بسر تھا

سدا سُہاگن رہے یہ بستی؛          جِس سے نور کے سَوتے پھُوٹے؛

۹۹ جس میں پیدا ہوئی وہ ہستی          جو نوروں کا اِک ساگر تھا

۱۰۰ سُکھ بانٹتے پھرتے تھے؛ مگر کتنے دُکھی تھے          بے چارگیٔ غم میں بچاروں کے سہارے

۱۰۱ سب جہانوں کیلئے بن کے جو رحمت آیا          ہر زمانے کے دُکھوں کا ہے مَداوا؛ وہی ایک

۱۰۲ سوار لاؤ، پیادے بڑھاؤ؛ چڑھ دوڑو          جو بَن سکے وہ پئے کار زَار کر دیکھو

۱۰۳ سینوں پہ رَقَم ہیں تِری عظمت کے فسانے          گاتی ہیں زبانیں تِری سَطوَت کے ترانے

۱۰۴ سوائے اس کے کہ وہ شخص احمدی کہلائے          تو سانس لینے کی بھی اس کو یاں مجال نہ ہو

۱۰۵ سلام کر کے دعائیں نہ دو ہمیں؛ ہم لوگ          وہ لوگ ہیں کہ ترستے ہیں بد دُعا کیلئے

۱۰۶ سوچا بھی کبھی تم نے کہ کیا بھید ہے ملاّں          کیوں تم سے گھِن آتی ہے؛ اچھے نہیں لگتے

۱۰۷ سب جاگ اُٹھے تھے پیار کے اَرماں تہہِ نجوم          پھونکا تھا کس نے گوشِ محبت میں صُورِ شب

۱۰۸ سلطان کی ملکہ بنو؛ سلطان تمہارا          سرتاج ہو ہر آن؛ خدا حافظ و ناصر

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۰۹ سنو اے دشمنانِ دینِ احمدؐ!          نتیجہ بدزُبانی کا؛ بُرا ہے

۱۱۰ سینکڑوں عیب نظر آتے تھے جن کو اس میں          وہ بھی اب عاشقِ قرآن ہوئے جاتے ہیں

۱۱۱ سجدہ گُناں ہوں دَر پہ ترے؛ اے مرے خدا!          اُٹھوں گا؛ جب اُٹھائے گی، یاں سے قضا مجھے

۱۱۲ سلطنت میں بھی تزلزل کے نمایاں تھے نشاں          صاف ظاہر تھا؛ کہ ہے چند دنوں کی مہماں

۱۱۳ سلطنت کچھ تو انہی باتوں سے بے جان ہوئی          کچھ لُٹیروں نے غضب کر دیا؛ آفت ڈھائی

۱۱۴ ساتھ لائے یہ ہزاروں نئی ایجادیں بھی
جو نہ کانوں تھیں سُنی؛ اور نہ آنکھوں دیکھی

۱۱۵ سب جو آپس میں ہیں؛ یوں ہو رہے شِیر وشکّر
اِس لئے ہے؛ کہ نظر سب پہ ہے اُن کی یکسَر

۱۱۶ سارے گندوں سے ہے پاک؛ اور ہے واحِد یکتا
نہ وہ تھکتا ہے، نہ سوتا ہے؛ نہ کھاتا پیتا

۱۱۷ سلسلے ہر جگہ تعلیم کے جاری ہیں کیے
شہروں اور گاؤں میں اسکول بکثرت کھولے

۱۱۸ سختیوں سے، قوم کی؛ گھبرا نہ ہرگز، اے عزیز!
کھا کے یہ پتھر؛ تُو لعلِ بے بَہا ہو جائے گا

۱۱۹ سچ کہوں گا؛ کہ نہیں دیکھی یہ خُوبی ان میں
چہرۂ یُوسُف و اَندازِ زلیخا دیکھا

۱۲۰ سب شعر و شاعری کے خیالات اُڑ گئے
سب لُطف؛ ایک بات میں ہی کِرکِرا ہُوا

۱۲۱ سارا جہاں مِرے لئے تاریک ہوگیا
جو تھا مِثالِ سایہ؛ مجھ سے جُدا ہوا

۱۲۲ سینہ سے اپنے پھر اُسی مہَ رُو کو لو لگا
پھر دل میں اپنے؛ یادِ خُدا میہماں کرو

۱۲۳ سخت ڈرتا ہوں مَیں اِظہارِ محبت کرتے
پہلے اس شوخ سے مَیں عہدِ وَفا لُوں؛ تو کہوں

۱۲۴ ساقی ہو، مَے ہو، جام ہو؛ اَبرِ بہار ہو
اتنی پیِوں کہ حَشر کے دِن بھی خُمار ہو

۱۲۵ سُنتے ہیں؛ بعدِ مَرگ ہی مِلتا ہے وہ صَنَم
مَرنے کے بعد ہو جو ہمارا سنگار ہو

۱۲۶ سَرد مہری سے جہاں کی؛ دِل ہے سَرد
گرمئ تاثیر سے؛ گرمائے کون

۱۲۷ سُرخُرو؛ رُو بَرُوئے داورِ محشر ہوجاؤ
کاش تم حشر کے دن؛ عہدہ برآ ہوجاؤ

۱۲۸ سختیوں سے ہی؛ جو جاگے گی، تو جاگے گی یہ قوم
اے غبی! ہرگز نہیں یہ تلوے سہلانے کے دن

سو ساری باتیں ہوئی ہیں پوری؛
دِلوں میں اَب بھی رہے جو دُوری؛

۱۲۹ نہیں کوئی بھی رہی ادھوری
تو اس میں اپنا قصور کیا ہے

۱۳۰ سچ سچ کہو! خُدا سے ذرا ڈَر کے؛ دو جواب
کیا تم کو انتظار نہ تھا؛ پاسبان کا

۱۳۱ سینہ سِپر ہُوا یہ مقابل میں کُفر کے
خطرہ نہ مال کا ہی کیا؛ اور نہ جان کا

۱۳۲ سب دُشمنانِ دِیں کو؛ اُنھوں نے کیا ذلیل
بخشی ہے رَبِّ عَزوجل نے؛ وہ عِزّ وشاں

۱۳۳ سُنا ہے خواب میں مُمکن ہے رویَتِ جاناں
مَیں منتظر ہوں؛ کہ وہ اب مجھے سُلائیں گے کب

۱۳۴ سِپَر بنتا ہے وہ؛ ہر ناتَواں کی
وہی کرتا ہے؛ اس کی پاسبانی

۱۳۵ سوچتا رہتا ہوں کیا دِل میں مجھے کیا فِکر ہے
جُستجو میں کِس کی چِلّا تا ہوں مَیں دیوانہ وار

۱۳۶ سَرنگوں ہوں مَیں؛ مِثالِ سایۂ دیوار کیوں
پُشت کیوں خَم ہے؛ ہوا ہوں اِس قدر کیوں زیر بار

۱۳۷ سَرو بھی ہیں سَرو قد رہتے اُسی کے سامنے
قُمریاں بھی ہیں محبت میں اُسی کی؛ بے قَرار

۱۳۸ سب حسینانِ جہاں؛ اُس کے مُقابل ہیچ ہیں
ساری دُنیا سے نِرالا ہے؛ وہ میرا شہریار

۱۳۹ ساری دُنیا میں کرو تم مُشتہَر اُس کی کتاب
تا کہ ہوں بیدار وہ بندے؛ جو ہیں غَفلت شِعار

۱۴۰ سَنگ باری سے بھی ان کو کچھ نہ ہوگا اِجتِناب
بے جھجک دِکھلائیں گے وہ؛ تم کو تیغِ آب دار

۱۴۱ سَرنگوں ہو جائیں گے؛ دُشمن تمہارے سامنے
مُلتَجی ہوں گے برائے عَفو وہ؛ باحالِ زار

۱۴۲ سب جس کی اُمّیدیں مَر چکی ہوں
زِندوں میں وہ پھر شُمار کیوں ہو

۱۴۳ سَر میں ہے جوشِ جُنوں؛ دِل میں بھرا ہے نُور و عِلم
میں نہ دیوانوں میں شامِل ہوں؛ نہ ہُشیاروں میں ہوں

۱۴۴ ساری دُنیا چھوڑ دے؛ پَر مَیں نہ چھوڑوں گا تجھے
دَرد کہتا ہے؛ کہ مَیں تیرے وَفاداروں میں ہوں

۱۴۵ سِتَم و جَور بڑھ گیا حَد سے
اِنتِہا سے نِکل گئی ہے داد

۱۴۶ سُن مُدّعی! نہ بات بڑھا؛ تا نہ ہو یہ بات
کُوچہ میں اس کے شور مچانا پڑے ہمیں

۱۴۷ سُنیں گے ہرگز نہ غیر کی ہم؛
بس ایک تیرے حُضُور میں ہی؛
نہ اس کے دھوکے میں آئیں گے ہم
سَرِ اطاعت جھُکائیں گے ہم

۱۴۸ سمجھتے کیا ہو کہ عشق کیا ہے؛
جو اس کی فُرقت میں ہم پہ گزری؛
یہ عشق پیار و کٹھن بلا ہے
کبھی وہ قِصہّ سُنائیں گے ہم

۱۴۹ سَر میں نَخوَت نہ ہو؛ آنکھوں میں نہ ہو بَرقِ غَضَب
دِل میں کینہ نہ ہو؛ لَب پہ کبھی دُشنام نہ ہو

۱۵۰ سیلف رِسپکٹ کا بھی خیال رکھو تم بیشک
یہ نہ ہو پَر؛ کہ کسی شخص کا اِکرام نہ ہو

۱۵۱ سچا مذہب بھی ہے؛ پَر ساتھ دَلائل ہی نہیں
ایسی باتیں کسی اَحمق کو سُنائے کوئی

۱۵۲ ساغرِ حُسن تو پُر ہے؛ کوئی مَے خوار بھی ہو
ہے وہ بے پَردہ؛ کوئی طالِبِ دِیدار بھی ہو

۱۵۳ سالکِ راہ یہی ایک ہے؛ مِنہاجِ وُصُول
عِشقِ دِلدار بھی ہو؛ صُحبتِ اَبرار بھی ہو

۱۵۴ ساتھ ہی چھوڑ دیا سب نے شَبِ ظُلمت میں
ایک آنسو ہیں؛ لگی دِل کی بُجھانے والے

۱۵۵ سارے جہاں کے ظُلم کیوں ٹُوٹتے ہیں تجھی پہ آج
بڑھ گیا حدِّ صبر سے عرصۂ اِمتحان کیوں

۱۵۶ سَر وَقفِ خیالِ یارِ اَزَلی
دِل نورِ وَفا سے مِہرِ تاباں ۔ آمین

۱۵۷ سب عُمر بسَر ہو اِتّقا میں
ہر لحظہ رہے یہ زیرِ فرماں ۔ آمین

۱۵۸ سُونگھی نہ بُوئے خوش؛ نہ ہوئی دِیدِ گُل نصیب
اَفسوس! دِن بہار کے یُونہی گزر گئے

۱۵۹ سالِک تھا اسی فکر و غم و رَنج میں ڈوبا
ناگاہ اُسے ہاتِفِ غَیبی نے پُکارا

۱۶۰ سب لوگ کیا سبب ہے کہ بے کَیف ہو گئے
ساقی کِدھر کو چل دیئے؛ میخانے کیا ہوئے

۱۶۱ سَجۂ اَشک پروئی ہے؛ وہ تُو نے واللہ
گبر بھی اَب تو؛ مُسلمان ہوئے جاتے ہیں

۱۶۲ سَر ہے، پر فِکر نہیں؛ دِل ہے، پَر اُمّید نہیں
اَب ہیں بس شہر کے باقی یہی ویرانے دو

۱۶۳ سِوا اس کے؛ کہ اَب خود آپ ہی
کچھ لُطف فرمائیں

۱۶۴ سَجدہ کا اِذن دے کے مجھے تاج وَر کیا
پاؤں ترے کہاں؛ مِرا ناچیز سَر کہاں

۱۶۵ سعیِ پیہَم میری ناکام ہوئی جاتی ہے
صُبح آئی ہی نہیں؛ شام ہوئی جاتی ہے

۱۶۶ سزائے عشق ہجر ہے؛ جزائے صبر وَصل ہے
میری سزا وہی تو ہے؛ میری جزا وہی تو ہے

۱۶۷ سمجھتا تھا اِرادے ساتھ دیں گے
مگر وہ بھی یُونہی مہمان نکلے

۱۶۸ سمجھتا تھا؛ کہ ہوں صیدِ مَصائب
مگر سوچا؛ تو سب اِحسان نکلے

۱۶۹ سوچتا کوئی نہیں فِردَوس کیوں مَقصود ہے
آرزو باقی ہے؛ لیکن مُدعا مَفقود ہے

۱۷۰ سَر کو پاؤں پر دَھروں گا آنکھیں تلووں سے مَلوں گا
نَقشِ پا کو چوم لُوں گا؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۱۷۱ سِمٹ کر بن گئی نیکی سُوَیدا
اُفُق پہ چھا گئیں اس کی خطایا

۱۷۲ سلام؛ اللہ کی پہلی عنایت
مسیحا نے جِسے بخشی تھی برکت

۱۷۳ سبزۂ گیاہ کا کہوں کیا حال
چپّہ چپّہ پہ ڈالتا تھا جال

۱۷۴ سبزہ اِک عکسِ زُلفِ جاناں ہے
یہ تصوّر ہی بال بال میں تھا

۱۷۵ ساکِنانِ جنّتِ فِردَوس بھی ہو جائیں مَست
دِل میں وہ خوشبو بسا دے؛ ہاں بسا دے آج تُو

۱۷۶ سمندر کی مچھلی؛ ہَوا کے پرِندے
گھریلو چرِندے؛ بنوں کے دَرِندے

۱۷۷ سبھی کو وہی رِزق پہنچا رہا ہے
ہر اِک اپنے مَطلب کی شے کھا رہا ہے

۱۷۸ سانس رُکتے ہی اس کا؛ اے محمود!
تیر اِک دِل کے آر پار گیا

۱۷۹ ساری عَرضوں کا پَر مِلا یہ جواب
ہم نے مانا؛ تِرا قرار گیا

۱۸۰ سَیر کروا دے مجھے تُو عالَمِ لاہُوت کی
کھول دے تُو باب مجھ پر؛ رُوح کے اَسرار کا

۱۸۱ سَرگرانی میں عُمر گزری ہے
سَروَری بخش؛ سَرفرازی بخش

۱۸۲ سَیّــــدُالانَبِیــــاَء کی اُمّت کو
جو ہوں غازی بھی؛ وہ نمازی بخش

۱۸۳ سَرمَستی سے خالی ہے؛ دِلِ عشق سے عاری ہے
بیکار گئے اُن کے سب ساغر و پیمانے

۱۸۴ سوؤں تو تجھ کو دیکھ کر؛ جاگوں تو تجھ پہ ہو نظر
موت سے تھا کِسے دَریغ؛ اس کا ہی انتظار تھا

۱۸۵ سعیِ پیہم اور کُنجِ عافِیت کا جوڑ کیا
مجھ کو ہے منزل سے نفرت؛ تجھ کو منزل کی تلاش

۱۸۶ سِوا اِک تیرے میخانے کے سب مَے خانے خالی ہیں
پِلائے گر نہ تُو مجھ کو؛ تو پھر مَیں کیا کروں ساقی

۱۸۷ سالوں تک اپنا مُنہ نہ دکھایا کرے کوئی
یُوں تو نہ اپنے دل سے بُھلایا کرے کوئی

۱۸۸ سوزِ دَرُوں نے جوش جو مارا؛ تو دیکھنا
خود شمع بن گئے؛ مجھے پَروانہ کر دیا

۱۸۹ سامنے آنے سے میرے؛ جس کو ہوتا تھا گُریز
دِل میں میرے آچُھپا؛ غیروں سے پِنہاں ہو گیا

۱۹۰ سُرورِ رُوح جو چاہے؛ تو دِل کی سُن آواز
کہ تارِ دِل ہی کو چنگ و رُباب کہتے ہیں

۱۹۱ سُنانے والے اَفسانے ہُما کے
کبھی دیکھے بھی ہیں؛ بندے خُدا کے

۱۹۲ سُبُوئے دِل کو ڈبوتا ہوں؛ جُوئے رحمت میں
مجھے ہے ساغَر و مِینا و جام سے کیا کام

۱۹۳ سمَندِ عَزم پہ جو ہوگیا سوار؛ تو پھر
اُسے رِکاب سے مَطلب: لگام سے کیا کام

۱۹۴ سجدۂ بارگہ بھی بوجھل ہے
کیا کریں وہ نِڈھال ہیں ایسے

۱۹۵ ساری دُنیا میں مُشک پھینکیں گے
میرے بھی کچھ غزال ہیں ایسے

۱۹۶ سب کام مِرے تجھ بِن؛ اے جاں!
ہیں لُطف سے خالی؛ آ بھی جا

۱۹۷ سب اور تصوّر تو مِرے دِل سے مِٹے ہیں
ہے اِک تِری تصویر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

۱۹۸ سَر میں ہیں اَفکار؛ یا اِک بادلوں کا ہے ہجُوم
دِل مِرا سینہ میں ہے؛ یا قطرۂ سیماب ہے

۱۹۹ سَر پہ حاوی وہ حماقت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں
کُفر و بِدعَت سے، وہ رغبت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۲۰۰ ساعَتِ وَصل آرہی ہے قریب
ہو رہے ہیں بجا حَواس مِرے

۲۰۱ سچ بیٹھا ہے اِک کونے میں مُنہ اپنا جھُکا کر
اور جھُوٹ کے اُڑتے ہیں؛ فضاؤں میں غُبارے

۲۰۲ سُرود و ساز و رَقص و جامِ انگوری و مَے خواری
پھراس کے ساتھ تکبیریں بھی ہیں؛ کیسی ہے خودداری؟

۲۰۳ سچ ہے کہ فَرق دوزخ و جنّت میں ہے خَفِیف
پائی نَجات دام سے؛ اِک دانہ چھوڑ کر

۲۰۴ سُنا کرتے ہیں دِل کی حالت ہمیشہ
کبھی آپ نے بھی ہے اپنی سُنائی

۲۰۵ ساتھی بڑھیں گے تب؛ کہ بڑھاؤ گے دوستی
دِل غیر کا بھی؛ تم کو لُبھانا ہی چاہیئے

۲۰۶ سو بار توبہ توڑ کر جھُکتی نہیں میری نظر
جھُکتی ہے ناکردہ گُنہ ان کی نِگاہِ شَرمگیں

۲۰۷ سب ہی ہو جائیں مُسلماں؛ تِری تقدیر نہیں
یا دُعاؤں میں ہی میری؛ کوئی تاثیر نہیں

۲۰۸ سَبَق آزادی کا دیتے ہیں دِلِ عاشِق کو
اُن کی زُلفوں میں کوئی زُلفِ گرہ گیر نہیں

۲۰۹ ساری دُنیا سے ہے بڑھ کر؛ حوصلہ ان کا بُلند
پھینکتے ہیں عَرش کے کنگُوروں پر اپنی کمند

۲۱۰ سُن لے نِدائے حق کو، یہ اُمّت؛ خُدا کرے
پکڑے بزور دامنِ مِلّت؛ خُدا کرے

۲۱۱ سُننے لگے وہ بات تمھاری بَذَوق و شَوق
دُنیا کے دِل سے دُور ہو نفرت؛ خُدا کرے

۲۱۲ سایہ فِگَن رہے وہ تمھارے وجُود پر
شامِل رہے خُدا کی عِنایَت؛ خُدا کرے

۲۱۳ سَو سَو حِجاب میں بھی نظر آئے اُس کی شان
تم کو عطا ہو ایسی بَصیرت؛ خُدا کرے

۲۱۴ ساری دنیا کے پیاسوں کو کروں مَیں سیراب
چشمۂ شور بھی ہوں؛ گر مجھے میٹھا کردیں

۲۱۵ سایۂ کُفّار سے رکھیو مجھے باہر ہمیش
اے مِرے قدّوس! اے میرے مَلیکِ بحر و بَر

۲۱۶ سمجھتے ہو؛ کہ یہ سب کچھ ہمارے ساتھ کیوں ہوگا؟
یہ ظُلمِ نارَوا کس وجہ سے ہم پر رَوا ہوگا؟

۲۱۷ سایہ ہے تیرے سَر پہ خُدائے جَلیل کا
دُشمن کے جَور وظُلم سے ہے کیوں نِڈھال تُو

۲۱۸ سُستی نے خُون قوم کا چُوسا ہے اس طرح
جو سَربراہِ کار تھے؛ بے کار ہوگئے

۲۱۹ سینہ میں جوشِ غیرت؛ اور آنکھ میں حَیا ہو
لَب پر ہو ذِکر تیرا؛ دِل میں تِری وَفا ہو

۲۲۰ سمندر سے ہوائیں آرہی ہیں
مِرے دِل کو بہت گرما رہی ہیں

۲۲۱ سالِک! تجھے نَوید خوشی دینے کیلئے پھرتا ہوں شَرق وغَرب و شِمال و جُنوب میں
۲۲۲ سَر کو سینہ پہ رکھ لیا میرے غم سے جب بھی مَیں اَشکبار ہوا

﴾کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴿

۲۲۳ سورج کی روشنی بھی مدھم ہو جس کے آگے ایسا ہی نور حاصل اس نور سے کروں گا
۲۲۴ سارے علوم کا ہاں منبع ہے ذات جس کی اس سے مَیں علم لے کر دنیا کو آگے دوں گا

# ش

## ('ش' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 64 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 18 |
| ii | دُرِّ عدَن | 8 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 35 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ شیطاں سے دُور رکھیو؛ اپنے حضور رکھیو جاں پُر زِنور رکھیو؛ دل پُرسرور رکھیو
۲ شریروں پر پڑے اُن کے شرارے نہ اُن سے رُک سکے مقصد ہمارے
۳ شرطِ تقویٰ تھی؛ کہ وہ کرتے نظر اس وقت پر شرط یہ بھی تھی کرتے؛ صبر کچھ دن اور قرار
۴ شرم وحیا نہیں ہے آنکھوں میں ان کے ہرگز وہ بڑھ چکے ہیں حد سے؛ اب انتہا یہی ہے
۵ شانِ حق تیرے شمائل میں نظر آتی ہے تیرے پانے سے ہی؛ اس ذات کو پایا ہم نے

۶ شمارِ فضل اور رحمت؛ نہیں ہے — مجھے اب شکر کی طاقت نہیں ہے

۷ شور کیسا ہے تیرے کوچہ میں؛ لے جلدی خبر — خوں نہ ہو جائے؛ کسی دیوانہ مجنوں وار کا

۸ شہادت تھی اِسلام کی جابجا — کہ سچا وہی دِیں ہے؛ اور رہنما

۹ شریفؔ احمد کو بھی یہ پھل کھلایا — کہ اس کو تُو نے خود فرقاں سکھایا

۱۰ شرک اور بدعت سے ہم بیزار ہیں — خاکِ راہِ احمدِؐ مختار ہیں

۱۱ شکر لِلّٰہ مل گیا ہم کو وہ لعلِ بے بدل — کیا ہوا گر قوم کا دل سنگ خارا ہو گیا

۱۲ شکوہ کی کچھ نہیں جا؛ یہ گھر ہی بے بقا ہے — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۱۳ شُکرِ خدائے رحماں؛ جس نے دیا ہے قرآں — غنچے تھے سارے پہلے؛ اَب گُل کِھلا یہی ہے

۱۴ شادابی و لَطافت اس دِیں کی کیا کہوں میں — سب خُشک ہوگئے ہیں؛ پھُولا پھَلا یہی ہے

۱۵ شوخی و کِبر؛ دیو لعیں کا شعار ہے — آدمؑ کی نسل وہ ہے جو وہ خاکسار ہے

۱۶ شاید تمہاری آنکھ ہی کر جائے کچھ خطا — شاید وہ بد نہ ہو؛ جو تمہیں ہے وہ بدنُما

۱۷ شاید تمہاری فہم کا ہی کچھ قصور ہو — شاید وہ آزمائشِ رَبِّ غفور ہو

۱۸ شُکر لِلّٰہ میری بھی آہیں نہیں خالی گئیں — کچھ بنیں طاعوں کی صورت کچھ زلازل کے بخار

## دُرِّ عدَن

۱۹ شکر کرنے کی بھی طاقت نہیں پاتا جس دَم — کیا ہی نادم؛ دلِ مجبور نظر آتا ہے

۲۰ شمسِ ملت؛ جلد فارغ دورۂ مغرب سے ہو — مطلعِ مشرق سے پھیلائے؛ ضیائے قادیاں

۲۱ شان تیری؛ گمان سے بڑھ کر — حسن واحسان میں؛ نظیرِعدیم

۲۲ شعلہ سا تیرے حکم سے سینوں میں بھڑک جائے — پھر بجھ نہ سکے تابہ ابد نارِمحبت

۲۳ شبیں جہاں کی شبِ قدر اور دن عیدیں — جو ہم سے چھوٹ گیا اس جہاں میں رہتے ہو

۲۴ شافی و کافی و حفیظ و سلام — مالک و ذوالجلال والاکرام

۲۵ شعلہ جو دل میں بھڑکتا ہے؛ دبا دو اس کو — جھوٹ پر آگ جو لگتی ہے؛ بُجھا دو اس کو

۲۶ شوکتِ الفاظ بھرّائی ہوئی آواز میں — کَرب وغم میں بھی نمایاں عزم و ایمان و یقیں

## کلامِ طاہر

۲۷ شیریں بول اَنفاس مطہّر ؛ نیک خصائل پاک شمائل — حاملِ فرقاں عالم و عامِل ؛عِلم وعَمل دونوں میں کامل

۲۸ شہر؛ جنت کے ملا کرتے تھے طعنے جس کو — بن گیا واقعۃً خُلدِ بریں آج کی رات

۲۹ شامِ غم دل پہ شَفَق رنگ دُکھی زخموں کے — تم نے جو پھول کھِلائے؛ مجھے پیارے ہیں وہی

## کلامِ محمود

۳۰ شِفا پا جاتے ہیں وہ رَفتہ رَفتہ — کہ آخر ہَر مَرَض کی؛ اِک دَوا ہے

۳۱ شَرارت اور بَدی سے باز آؤ — دِلوں میں کچھ بھی گر خوفِ خُدا ہے

۳۲ شیطاں سے جنگ کرنے میں؛ جاں تک لڑاؤں گا — یہ عہدِ ذاتِ باری سے؛ اَب کر چکا ہوں مَیں

۳۳ شیطاں ہے ایک عرصہ سے دنیا پہ حکمران — اُٹھو! اور اُٹھ کے خاک میں اس کو نہاں کرو

۳۴ شرم آتی ہے، یہ کہتے: کہ نہیں ملتا تُو — تیری تصویر کو مَیں دل سے مِٹا لُوں تو کہوں

۳۵ شِفا ہوں ہر مریضِ رُوح کی ہم — دَوا بن جائیں؛ دَردِ لادَوا کی

۳۶ شوق ہو دِل میں اگر کوئی؛ تو اُس کی دِید کا — کان میں کوئی صَدا آئے نہ؛ جُز گُفتارِ یار

۳۷ شکائتیں تھیں ہزاروں بھری پڑی دل میں — رہی نہ ایک بھی پَر؛ اُن کے رُوبرُو باقی

۳۸ شاہِدوں کی کیا ضرورت ہے؛ کِسے اِنکار ہے — مَیں تو خُود کہتا ہوں مَولیٰ! مَیں گنہگاروں میں ہوں

۳۹ شانِ اِسلام ہوگی کب ظاہر — کب مُسلمان ہوں گے خُرّم و شاد

۴۰ شُکر کر شُکر؛ یاد کرتا ہے — گُدگداتی تھی دل کو جس کی یاد

۴۱ شکلِ مَے دیکھ کے؛ گِرنا نہ مَگس کی مانند — دیکھ لینا؛ کہ کہیں دُرد تہِ جام نہ ہو

۴۲ شاید اس کے دل میں آیا؛ میری جانب سے غُبار — آسماں چاروں طرف سے؛ کیوں غُبار آلود ہے

۴۳ شَمشیرِ زُباں سے گھر بیٹھے دُشمن کو مارے جاتے ہوں — میدانِ عَمل کا نام بھی لو؛ تو جھینپتے ہوں، گھبراتے ہوں

۴۴ شہِ لَولاک یہ نعمت نہ پاتے — تو اِس دُنیا سے ہم اَندھے ہی جاتے

۴۵ شاخِ گُل پر ہَزار بیٹھی تھی — کانپتی؛ بے قَرار بیٹھی تھی

۴۶ شاید کہ پھر اُمّید کی پیدا ہوئی جھَلَک — نَتھنوں تک آکے، رُوح ہماری؛ مچَل گئی

۴۷ شِکوہ کا کیا سوال ہے؛ اُن کا عَتاب بھی ہے مِہر<br>
مُنہ سے مَیں داد خواہ تھا؛ دِل میں مَیں شرمسار تھا

۴۸ شُکرِ خُدا گزر گئی ناز و نِیاز میں ہی عُمر<br>
مجھ کو بھی ان سے عشق تھا؛ اُن کو بھی مجھ سے پیار تھا

۴۹ شاخِ طُوبیٰ پہ آشیانہ بنا<br>
تا اَبَد جو رہے؛ فَسانہ بنا

۵۰ شِکوۂ قِسمت کے چکر میں نہ پھنس<br>
اپنی غَفلت؛ اور نادانی تو دیکھ

۵۱ شَرّ و فَسادِ دَہر؛ بڑھتا جا رہا ہے آج<br>
اس کے مٹانے کو کوئی دانا ہی چاہیئے

۵۲ شمعِ نُورِ آسمانی کو دیا جس نے بُجھا<br>
بابِ وحیِ حق کا جِس نے بند بالکُل کر دیا

۵۳ شہید ہوں گے جو؛ اِسلام کی حِفاظَت میں<br>
مُلاقی ہوں گے وہی؛ اپنے دِلستاں سے آج

۵۴ شمع پَروانوں کو نَصیب ہو جب<br>
دِن کہو ان کو؛ وہ نہیں راتیں

۵۵ شَبِ ہجر ختم ہو گی؛ کہ نہ ہوگی یا اِلٰہی!<br>
مجھے اِتنا تو بتا دے؛ کروں اِنتظار کب تک؟

۵۶ شَمس؛ پہلے دِن سے کہلاتا ہے شَمس<br>
بَدر ہوتا ہے مگر؛ پہلے ہِلال

۵۷ شیر و بکری بھی ہیں اِک گھاٹ پہ پانی پیتے<br>
نہیں ممکن کہ کوئی ترچھی نظر سے دیکھے

۵۸ شان و شوکت کو تیری دیکھ کے حساد و شریر<br>
خونِ دل پیتے ہیں؛ اور کھاتے ہیں وہ غصّہ وغم

۵۹ شیطان کی حکومت؛ مِٹ جائے اس جہاں سے<br>
حاکم تمام دنیا پہ؛ میرا مصطفیٰ ہو

۶۰ شکوۂ جورِ فلک؛ کب تک رہے گا بَرزباں<br>
دیکھ تو اَب دوسرا رُخ بھی ذرا تصویر کا

۶۱ شجر کفر کا کاٹنا ہے مصیبت<br>
ہے دَمڑی کی بڑھیا؛ ٹکا سَر مُنڈائی

۶۲ شیاطیں کا قبضہ ہے؛ مسلم کے دل پر<br>
خدا کی دُہائی؛ خدا کی دُہائی

۶۳ شاہ وگدا کی آنکھ میں؛ سُرمہ کا کام دے<br>
وہ جان؛ جو کہ راہِ خدا میں غبار ہو

۶۴ شاگرد نے جو پایا؛ اُستاد کی دولت ہے<br>
احمدؑ کو محمدؐ سے؛ تم کیسے جُدا سمجھے

# ص

## ('ص' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 44 |
| i | دُرِّ ثمین | 11 |
| ii | دُرِّ عدَن | 8 |
| iii | کلامِ طاہر | 6 |
| iv | کلامِ محمود | 19 |

### دُرِّ ثمین

۱ صد شکر ہے خدایا! صد شکر ہے خدایا!
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۲ صفِ دشمن کو کیا ہم نے بحجت پامال
سیف کا کام؛ قلم سے ہی دِکھایا ہم نے

۳ صبر کی طاقت جو تھی مجھ میں؛ وہ پیارے اب نہیں
میرے دِلبر! اب دِکھا اس دل کے بہلانے کے دن

۴ صَدحیف اس زمانہ میں قِصّوں پہ ہے مدار
قِصّوں پہ سارا دِیں کی سچائی کا انحصار

۵ صدق سے میری طرف آؤ؛ اسی میں خیر ہے
ہیں درندے ہر طرف؛ مَیں عافیت کا ہوں حصار

۶ صد ہزاراں آفتیں نازل ہوئیں اسلام پر
ہوگئے شیطاں کے چیلے؛ گردنِ دیں پر سوار

۷ صبر جو پہلے تھا؛ اب مجھ میں نہیں ہے پیارے!
دکھ سے اب مجھ کو بچا؛ نام ہے رحماں تیرا

۸ صاف دل کو کثرتِ اعجاز کی حاجت نہیں
اِک نشاں کافی ہے؛ گر دل میں ہے خوفِ کردگار

۹ صدق کو جب پایا اصحابِؓ رسولؐ اللہ نے
اس پہ مال وجان وتن بڑھ بڑھ کے کرتے تھے نثار

۱۰ صیدِ طاعوں مَت بنو؛ پورے بنو تُم متّقی
یہ جو ایماں ہے زباں کا کچھ نہیں آتا بکار

۱۱ صوفیا! اب ہیچ ہے تیری طرح تیری تراہ
آسماں سے آگئی میری شہادت بار بار

## دُرِّ عدن

۱۲ صحن چمن سے گُل جو گئے مثلِ بوئے گُل
رحمت کی بارشوں سے نکھارے کب آئیں گے

۱۳ صبر کر صبر؛ کہ اللہ کی نصرت آئے
تیری کچلی ہوئی غیرت پہ وہ غیرت کھائے

۱۴ صَرف کر ڈالیں خدا کی راہ میں سب طاقتیں
جان کی بازی لگا دی؛ قول پر ہارا نہیں

۱۵ صحت بھی ہو، عزت بھی ہو؛ دِین بھی، دولت بھی
سیرت ہے بہت اچھی؛ ظاہر ہو یہ صورت بھی

۱۶ صَد مبارک آرہے ہیں آج وہ
روز و شب بے چین تھے جن کیلئے

۱۷ صبر ہر رنگ میں اچھا ہے؛ پر اے مردِ عقیل!
غلط الزام پہ ہو صبر؛ تو ہے صبرِ جمیل

۱۸ صنعت پہ اپنی ناز ہے؛ صناع کو اگر
موجد کو اپنی طبع کی جودت پہ ناز ہے

۱۹ صد کوہِ مصائب کی بھی پروا نہیں کرتا
وہ سَر؛ کہ اُٹھا جس نے لیا بارِ محبت

## کلامِ طاہر

۲۰ صدیوں کے مُردوں کا مسیحی؛ موت کے چنگل سے؛
صلّ علیہ کیف یحیی انسان کو دِلوانے آزادی آیا

۲۱ صحنِ گلشن میں وہی پھول کھِلا کرتے ہیں
چاند راتیں ہیں وہی؛ چاند ستارے ہیں وہی

۲۲ صبر کی کرتا ہے تلقین وہ، اَوروں کو؛ مگر
کاش اُس کو بھی تو اِس غم سے قرار آجائے

۲۳ صُبحوں کے اُجالوں سے لکھیں گے؛ تِرے نغمے
سر پر تِرے باندھیں گے؛ فتوحات کے سہرے

۲۴ صبر کا درس ہو چکا؛ اب ذرا حالِ دل سُنا
کہتے ہیں تجھ کو ناصحا؛ چین نہ ایک پَل پڑے

۲۵ صبحِ صادق پر صدیقوں کا ایمان نہیں ڈولا
اندھی رات کے گھور اندھیروں نے بہکایا ساری رات

## کلامِ محمود

۲۶ صد مبارک؛ مہدیٔ مسعُود کو
کیوں خوشی سب سے نہ بڑھ کر اس کو ہو

۲۷ صیغۂ ڈاک کو اُنھوں نے ہی ترقی دی ہے
مُلک میں چاروں طرف تار بھی پھیلائی ہے

۲۸ صُبح کو خوف؛ کہ ہو آج کا کیسا انجام
رات دن کاٹتے اِس طرح سے تھے وہ ناکام

۲۹ صداقت کو اَب بھی نہ جانا؛ تو پھر کب
کہ موجود اِک ہم میں؛ مردِ خُدا ہے

۳۰ صبا! تِرا گر وہاں گذر ہو؛ تو اتنا پیغام میرا دیجو | اگرچہ تکلیف ہو گی تجھ کو؛ پہ کام یہ بھی ثواب کا ہے

۳۱ **صِرتُ کَصَیْدٍ صِیْدَ فِی الصُّبحِ غِیلَۃً | قَد غَابَ عَنِّی مَقصَدِی وَ مَرامِی**

۳۲ صَیدِ زخمی کی تڑپ میں تم نے پایا ہے مزہ | ہے مِرا دِل جانتا؛ لَذّت تمہارے تیِر کی

۳۳ صدیوں سے لُوٹ رہا ہے تیری دولت دَجّال | دِلبرا ! تیری وہ ثَروَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۳۴ صدیوں اس نے ہے تِرا پہرہ دیا | اِس نگہباں کی نِگہبانی تو دیکھ

۳۵ صاف ہوجائے دِلِ کافرومنکر جس سے | تیری تقدیر میں ایسی کوئی تدبیر نہیں

۳۶ صبح اپنی دانہ چیں ہے؛ شام اپنی ملک گیِر | ہاں بڑھائے جا قدم، سُستی نہ کر؛ اے ہم صفیر!

۳۷ صبر و تمکیں تو الگ؛ دِل تک نہیں باقی رہا | راہِ اُلفت میں لُٹا ایسا؛ کہ اب نادار ہوں

۳۸ صحبتِ عیش و طَرَب اس کو نہیں ہوتی نصیب | دَرد و غم، رَنج و اَلَم؛ یاس و قلَق سے ہے دوچار

۳۹ صفحۂ دِل سے مِٹایا؛ کیوں مجھے احباب نے | کیوں مِرے دُشمن ہوئے کیوں مجھ سے ہے کِین و نقار

۴۰ صدمۂ دَرد و غم و ہَم سے بچائے کوئی | اس گرفتارِ مصیبت کو چھُڑوائے کوئی

۴۱ صبر کر اے ناقۂ راہِ ھُدیٰ ہمت نہ ہار | دُور کر دے گی اندھیروں کو؛ ضِیائے قادیاں

۴۲ صَید و شِکارِ غم ہے تُو مُسلم خَستہ جان کیوں | اُٹھ گئی سب جہان سے؛ تیرے لیے اَمان کیوں

۴۳ صَد حیف ایسے وَقت کو ہاتھوں سے کھو دیا | وا حَسرتا! کہ جیتے ہی جی؛ تُم تو مَر گئے

۴۴ صادق ہے اگر تو صِدق دِکھا؛ قُربانی کر ہر خواہش کی | ہیں جِنسِ وَفا کے ماپنے کے دُنیا میں یہی اَفسانے دو

# ض

## ('ض' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عَدَن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۱ ضبط کی شان؛ کچھ اس طرح نمایاں ہو جائے — آپ سے آپ ہی؛ دشمن بھی ہراساں ہو جائے

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ ضرور مہدیٔ دوراں کا ہوچکا ہے ظہور — ذرا سا نورِ فِراست نِکھار کر دیکھو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ ضِیاءِ مِہر ہے؛ ادنیٰ سی اِک جھلک اُس کی — نہ جس کو دیکھ سکا مَیں؛ وہ آفتاب نہ تھا

# ط

## ('ط' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 13 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 6 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ طلب میں چلا بے خود و بے حواس — خدا کی عنایات کی کر کے آس
۲ طلب گار ہو جائیں اس کے تباہ — وہ مر جائیں دیکھیں اگر بند راہ
۳ طالبو! تم کو مبارک ہو؛ کہ اب نزدیک ہیں — اس مِرے محبوب کے چہرہ کے دِکھلانے کے دن
۴ طُرفہ کیفیت ہے ان لوگوں کی جو منکر ہوئے — یوں تو ہر دَم مشغلہ ہے گالیاں؛ لیل و نہار

## ﴿دُرِّ عَدَن﴾

۵ طریقِ شرع نہیں؛ اُسوۂ رسولؐ نہیں — مقامِ شرم ہے؛ یہ غولِ اتقیا کیلئے
۶ طالب "نصرٌ مّن اللّٰہ"؛ سائلِ "فَتحٌ قَرِیب" — روز و شب رہتا تھا سالارِ سپاہِ مصطفیٰ

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۷ طوفانِ مَفاسِد میں غرق ہوگئے بحر و بَر — ایرانی و فارانی؛ رومی و بخارائی

## ﴾کلامِ محمود﴿

۸ طالبِ دُنیا نہیں ہوں؛ طالبِ دِیدار ہوں
تب جگر ٹھنڈا ہو؛ جب دیکھوں رُخِ تابانِ یار

۹ طریقِ عِشق میں؛ اے دِل! سِیادت کیا، غُلامی کیا
محبت خادم و آقا کو اِک حلقہ میں لاتی ہے

۱۰ طعنے دیتا ہے مجھے؛ بات تو تب ہے واعِظ!
اس کو تُو دیکھ کے؛ اَنگُشت بدَندان نہ ہو

۱۱ طُور پہ جلوہ کُناں ہے وہ؛ ذرا دیکھو تو
حُسن کا باب کھُلا ہے؛ بخدا دیکھو تو

۱۲ طَعنِ پاکاں؛ شُغلِ صبح وشام ہے
مولوی صاحب کی لَسّانی تو دیکھ

۱۳ طوفان کے بعد اُٹھتے چلے آتے ہیں طوفاں
لگنے نہیں آتی ہے؛ مِری کشتی کِنارے

# ظ

## ('ظ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| 21 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 3 | دُرِّ ثمین | i |
| 2 | دُرِّ عدَن | ii |
| 5 | کلامِ طاہر | iii |
| 11 | کلامِ محمود | iv |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ظہورِ عَون و نُصرت؛ دَمبدَم ہے حسد سے؛ دشمنوں کی پُشت خم ہے

۲ ظاہر ہیں خود نشاں؛ کہ زماں، وہ زماں نہیں اب قوم میں ہماری وہ تاب و تواں نہیں

۳ ظاہر ہے یہ کہ قِصوں میں ان کا اثر نہیں افسانہ گو کو راہِ خدا کی خبر نہیں

### ﴿دُرِّ عدَن﴾

۴ ظاہر میں اسے غیر کو میں سونپ رہا ہوں کرتا ہوں حقیقت میں مگر تیرے حوالے

۵ ظلموں کی تیری قوم کا؛ کچھ انتہاء نہیں ضرب 'غلام اہانت مولا' سنتا نہیں

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۶ ظالم بد بخت کا نام نہ لے؛ بس مظلوموں کی باتیں کر حاکم کا ذکر نہ چھیڑ؛ آزُردہ محکوموں کی باتیں کر

۷ ظالم مت بھولیں؛ بالآخر مظلوم کی باری آئے گی مکّاروں پر مکر کی ہر بازی اُلٹائی جائے گی

۸ ظالم ہوں گے رُسوائے جہاں؛ اے دیس سے آنے والے بتا!
مظلوم بنیں گے آنِ وطن کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۹ ظاہر ہوا وہ جلوہ؛ جب اُس سے نِگہ پلٹی — خود حُسنِ نظر اپنا سو چند نِکھار آئی

۱۰ ظلمتیں دل کی؛ اُسی نور سے ہوتیں کافُور — نور یہ کتنا مُدھر؛ کتنا رُوپہلا ہوتا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۱ ظلمت و تاریکی و ضِدّ و تعصّب؛ مِٹ چکے — آ گئے ہیں اب خدا کے چہرہ دکھلانے کے دن

۱۲ ظہورِ مہدئی آخرزماں ہے — سنبھل جاؤ! کہ وقتِ امتحاں ہے

۱۳ ظُلم و سِتم و جور بڑھے جاتے ہیں حَدّ سے — ان لوگوں کو اب تُو ہی سنوارے؛ تو سنوارے

۱۴ ظُلمتیں آپ کو سجتی نہیں میرے پیارے! — پردے سب چاک کریں؛ چہرہ کو ننگا کر دیں

۱۵ ظُلم کرتے ہو جو کہتے ہو شَفَق پھُولی ہے — تم نے عاشق کا ہے یہ خونِ تمنّا دیکھا

۱۶ ظاہر میں سب اَبرار ہیں باطن میں سب اَشرار ہیں — مُصلح ہیں، پَر بد کار ہیں؛ ہیں ڈاکٹر، پَر زار ہیں

۱۷ ظُلمتیں کافُور ہو جائیں گی؛ اِک دِن دیکھنا — مَیں بھی اِک نورانی چہرہ کے پَرستاروں میں ہوں

۱۸ ظُلمتِ رَنج وغم و دَرد سے محفوظ رہو — مِہرِ اَنوار دَرخشندہ رہے؛ شام نہ ہو

۱۹ ظاہری دُکھ ہو؛ تو لاکھوں ہیں فِدائی موجود — دِل کے کانٹوں کو مگر کون نکالے پیارے!

۲۰ **ظَهَرتْ هِدايةُ رَبِّنَا بِقُدُومِهٖ — زَالَت ظَلامُ الدَّهْرِ عِندَ قُدُومِهَا**

۲۱ ظلمتوں نے گھیر رکھا ہے مجھے؛ پَر غم نہیں — دُور اُفُق میں جگمگاتا چہرۂ مہتاب ہے

# ع

## ('ع' سے شروع ہونے والے اشعار)

| 106 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 16 | دُرِّ ثمین | i |
| 7 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 13 | کلامِ طاہر | iii |
| 68 | کلامِ محمود | iv |
| 2 | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | v |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ عجب محسن ہے تُو بحر الایادی　　فسبحان الذی اخزی الاعادی
٢ عجب گوہر ہے؛ جس کا نام تقویٰ　　مبارک وہ ہے؛ جس کا کام تقویٰ
٣ عاشق جو ہیں؛ وہ یار کو مر مر کے پاتے ہیں　　جب مر گئے؛ تو اس کی طرف کھینچے جاتے ہیں
٤ عیشِ دنیا؛ سدا نہیں پیارو!　　اس جہاں کو بقا نہیں پیارو!
٥ عقل رکھتے ہو؛ آپ بھی سوچو　　کیوں بھروسہ کیا ہے ویدوںؔ کا
٦ عھد شد از کِردِگارِ بے چگوں　　غور کُن در اَنَّھُم لَایَرجِعُون
٧ عمر دے، رزق دے؛ اور عافیت وصحت بھی　　سب سے بڑھ کر یہ؛ کہ پا جائیں وہ عرفاں تیرا
٨ عیاں کر ان کی پیشانی پہ اقبال　　نہ آوے ان کے گھر تک رعبِ دجّال
٩ عدُو جب بڑھ گیا شوروفغاں میں　　نہاں ہم ہوگئے یارِنہاں میں
١٠ عزیزو! دوستو! بھائیو! سُنو بات　　خدا بخشے تمہیں عالی خیالات

۱۱ عزیزو! کچھ نہیں اس بات میں جاں / اگر کچھ ہے؛ تو دِکھلاؤ بمیداں

۱۲ عجب ناداں ہے وہ مغرور وگُمراہ / کہ اپنے نفس کو چھوڑا ہے بے راہ

۱۳ عزت وذلّت؛ یہ تیرے حکم پر موقوف ہے / تیرے فرماں سے خزاں آتی ہے اور بادِ بہار

۱۴ عقل پر پردے پڑے سو سو نشاں کو دیکھ کر / نور سے ہو کر الگ چاہا کہ ہوویں اھلِ نار

۱۵ عاشقی کی ہے علامت گریہ و دامانِ دشت / کیا مبارک آنکھ جو تیرے لئے ہو اَشکبار

۱۶ عشق ہے جس سے ہوں طے یہ سارے جنگل پُرخطر / عشق ہے جو سر جھُکا دے زیرِ تیغِ آبدار

## دُرِّ عدن

۱۷ علم وعمل نصیب ہو؛ عرفان ہو نصیب / ذوقِ دعا و حسنِ عبادت نصیب ہو

۱۸ عشق میں تحلیل روحیں چُور زخموں سے بدن / سایۂ شمشیر میں پیغام دینا یار کا

۱۹ علم وعرفاں تم کو بخشا؛ اور کنزِ بے بہا / یہ کلامِ ربِّ اکبر؛ یہ کتابِ حق نُما

۲۰ عیسیٰ مسیح آؤ! پیمبر کا واسطہ / صورت دکھاؤ! اس رُخِ انور کا واسطہ

۲۱ عورت ہونا تھی سخت خطا؛ تھے تجھ پر سارے جبر رَوا / یہ جرم نہ بخشا جاتا تھا؛ تا مرگ سزائیں پاتی تھی

۲۲ عابد کو اپنے زہد و عبادت پہ ناز ہے / اور عالموں کو؛ عِلم کی دولت پہ ناز ہے

۲۳ علم و توفیقِ بلاغِ دین؛ ہو ان کو عطاء / قادیاں والوں کا ہو ناصر؛ خدائے قادیاں

## کلامِ طاھر

۲۴ عارف کو عرفان سکھانے؛ متقیوں کو راہ دکھانے / جس کے گیت زبور نے گائے؛ وہ سردار منادی آیا

۲۵ عصرِ بیمار کا ہے مرض لا دَوا؛ / اے غلامِ مسیح الزّماں ہاتھ اٹھا؛
کوئی چارہ نہیں اب دعا کے سوا / موت بھی آگئی ہو، تو ٹَل جائیگی

۲۶ عُشّاق ترے جن کا قدم تھا قدمِ صِدق / جاں دے دی نبھاتے ہوئے پیمان وفا کے

۲۷ عجب مستی ہے یادِ یار؛ مَے بَن کر برستی ہے / سرائے دل میں ہر محبوب دِل رِندانہ آتا ہے

۲۸ عالَمِ رنگ و بُو کے گُل بوٹے / خواب ٹھہرے توَہّمات بنے

۲۹ عالَمِ حیرتی کے مَندِر میں / کبھی بُت مظہرِ صفات بنے

۳۰ عالَمِ بے ثبات میں شب و روز
آج کی جیت؛ کل کی مات بنے

۳۱ عرش سے فرش پہ مایا اُتری رُوپا ہوگئی ساری دھرتی
مِٹ گئی کُلفت چھا گئی مستی وہ تھا میں تھا مَن مَندِر تھا

۳۲ عشقِ خدا مُونہوں پر وَسّے؛ پھوٹ رہا تھا نور، نظر سے
اَکھیَن سے مَے پِیت کی بَرسے قابلِ دید ہر دیدہ وَر تھا

۳۳ عَیّاری و جلّادی و سفّاکی میں پکّے
تم قلب و ذہن دونوں کی ناپاکی میں پکّے

۳۴ عُمر بھر میں بھی تمہیں ڈھونڈتا بے سُود اگر
عالَمِ خواب مِرا مَلجَأ و مأویٰ ہوتا

۳۵ عجب مزا ہے جب اُردو کلاس ہوتی ہے
تو چھوٹے لڑکے بھی بلیوں اچھل کے دیکھتے ہیں

۳۶ عروج اپنا مقدر ہے؛ اور ان کا زوال
یہ وہ اُبال ہے؛ جس میں اُبل کے دیکھتے ہیں

## کلامِ محمود

۳۷ عطا کر ان کو اپنے فضل سے صحت بھی اے مولیٰ!
ہمیشہ اِن پہ برسا؛ اَبر اپنے فضل و رحمت کا

۳۸ عدل و انصاف میں وہ نام کیا ہے پیدا
آج ہر مُلک میں جس کا بجا ہے ڈَنکا

۳۹ علم کا نام ونشاں یاں سے مٹا جاتا تھا
شوق پڑھنے کا دِلوں میں سے اُٹھا جاتا تھا

۴۰ عاشقِ احمدؐ و دِلدادۂ مولائے کریم
حسرت ویاس سے مَر جائیں بہ چشمِ پُرنَم

۴۱ عیسیٰؑ تو تھا خلیفۂ موسیٰؑ؛ او جاہلو!
تم سے؛ بتاؤ کام ہے کیا اُس جوان کا

۴۲ عِشقِ مَولیٰ دِل میں جب محمودؔ ہوگا مَوجزن
یاد کر اس دِن کو تُو؛ پھر کیا سے کیا ہو جائے گا

۴۳ عزّت بھی اُس کی دُوری میں؛ بے آبروئی ہے
کُوچہ میں اس کے خاک اُڑاتے؛ تو خُوب تھا

۴۴ عِشق میں اِک گُلِ نازُک کے ہوا ہوں مجنوں
دھجیاں جامۂ تَن کی مَیں اُڑا لُوں تو کہوں

۴۵ عہد شِکنی نہ کرو؛ اہلِ وَفا ہوجاؤ
اہلِ شیطاں نہ بنو؛ اہلِ خُدا ہوجاؤ

۴۶ عِبادت میں کٹیں دِن رات اپنے
ہمارا سَر ہو؛ تیرا آستاں ہو

۴۷ عطا کر جاہ وعزّت دوجہاں میں
مِلے عَظمت زمین و آسماں کی

۴۸ عطا کر عُمر وصحت ہم کو یارب
ہمیں مَت ڈال پیارے! امتحاں میں

۴۹ عِلمِ کامِل کا وہ مالِک اور مَیں محرومِ عِلم
وہ سراسر نُور ہے؛ لیکن ہُوں مَیں تاریک و تار

۵۰ عِزّت اَفزائی ہے میری؛ گر کوئی اِرشاد ہو
فخر ہے میرا؛ جو پاؤں رُتبۂ خِدمت گزار

۵۱ عشق میں اس کے؛ نہ ہو کوئی مِلَونی جھوٹ کی — جو زباں پر ہو؛ وہی اَعمال سے ہو آشکار

۵۲ عَقیدۂ ثَنوِیَّت ہو؛ یا کہ ہو تَثلیث — ہے کِذب بحث وخطا؛ **لَا اِلٰــہَ اِلّا اللّٰــہ**

۵۳ عِشق میں کھوئے گئے ہوش وحواس وفِکر وعَقل — اَب سوالِ دید جائز ہے؛ کہ ناداروں میں ہوں

۵۴ عادتِ ذِکر بھی ڈالو؛ کہ یہ ممکن ہی نہیں — دِل میں ہو عِشقِ صَنَم؛ لَب پہ مگر نام نہ ہو

۵۵ عقل کو دین پہ حاکم نہ بناؤ ہرگز — یہ تو خود اَندھی ہے؛ گر نَیّرِ اِلہام نہ ہو

۵۶ عُسر ہو، یُسر ہو؛ تنگی ہو، کہ آسائش ہو — کچھ بھی ہو؛ بند مگر دعوتِ اِسلام نہ ہو

۵۷ عِشق وہ ہے کہ جو تَن مَن کو جَلا کر رکھ دے — دَردِ فُرقت وہ ہے؛ جس کا کوئی دَرمان نہ ہو

۵۸ عِشق کا لُطف ہی جاتا رہے؛ اے اَبلہ طبیب! — دَرد گر دِل میں نہ ہو؛ دَرد بھی پنہان نہ ہو

۵۹ عِشق کی راہ میں دیکھے گا وہی رُوئے فَلاح — جو کہ دیوانہ بھی ہو؛ عاقِل و ہُشیار بھی ہو

۶۰ عشق کہتا ہے کہ محمودؔ! لِپَٹ جا اُٹھ کر — رُعب کہتا ہے؛ پَرے ہَٹ، بڑی لاچاری ہے

۶۱ عاقِلو! عَقل پہ اپنی نہ ابھی نازاں ہو — پہلے تم وہ نِگہِ ہوش رُبا دیکھو تو

۶۲ عاشِقو! دیکھ چکے عِشقِ مجازی کے کمال — اَب مِرے یار سے بھی دِل کو لگا دیکھو تو

۶۳ عشق اِک راز ہے؛ اور راز بھی اِک پیارے کا — مجھ سے یہ راز؛ صَد اَفسوس! چھُپایا نہ گیا

۶۴ علاجِ عاشِقِ مُضطَر نہیں ہے کوئی دنیا میں — اُسے ہوگی اگر راحت مُیَسَّر؛ تو فَنا ہو کر

۶۵ عِشق کا دعویٰ ہے؛ تو عِشق کے آثار دِکھا — دعویٰ باطِل ہے وہ؛ جس دعویٰ پر بُرہان نہ ہو

۶۶ عِشق بھی کھیل ہے ان کا؛ کہ جو دِل رکھتے ہیں — ہو جو سَودا، تو کہاں ہو؛ کہ یہاں سَر ہی نہیں

۶۷ عِلاجِ رَنج وغَم ہائے دِلِ رَنجور ہوتی ہے — طبیعت کتنی ہی اَفسردہ ہو؛ مَسرور ہوتی ہے

۶۸ عِشق ہے جلوہ فگن فِطرتِ وَحشی پہ مِری — دیکھ لینا کہ ابھی رام ہوئی جاتی ہے

۶۹ عاشِق کے آنسوؤں کی ذرا آب دیکھ لیں — ہیرے کہاں ہیں، لعل کہاں ہیں؛ گُہر کہاں

۷۰ عِشق وبے کاری؛ اکٹھے ہو نہیں سکتے کبھی — عرصۂ سعیٔ مُحِبّاں تا اَبَد ممدُود ہے

۷۱ عزیزؔہ سب سے چھوٹی؛ نیک فِطرت — بہت خاموش پائی ہے طبیعت

۷۲ عُلومِ آسمانی اُن کو مِل جائیں — دِلوں کی اُن کے کلیاں؛ خوب کِھل جائیں

٧٣ عِشق کی آگ تیز کرنے کو — مُنہ چھُپاتا؛ کبھی دِکھاتا تھا

٧٤ عاقِل کا یہاں پر کام نہیں وہ لاکھوں بھی بے فائدہ ہیں — مَقصود مِرا پورا ہو؛ اگر مِل جائیں مجھے دیوانے دو

٧٥ عکس تیرا چاند میں گر دیکھ لُوں؛ کیا عَیب ہے — اِس طرح تُو چاند سے؛ اے میری جاں! پردہ نہ کر

عِرفان کے رازوں سے جاہِل؛ — جو آپ بھٹکتے پھرتے ہیں؛

٧٦ تَسلیم کی راہوں سے غافِل — آئے ہیں مِرے سمجھانے کو

٧٧ عُمر گزرے گی مِری؛ کیا یُونہی اُن کی یاد میں — کیا نہ رکھیں گے قدم وہ اِس دِلِ ناشاد میں

٧٨ عطاو بخشش وانعام کی کوئی حَد ہے — جِسے بھی دیتے ہیں؛ وہ بے شُمار دیتے ہیں

٧٩ عَقل پر کیا طالِبِ دنیا کی ہیں پَردے پڑے — ہے عمارت پر فِدا؛ مُنکر مگر مِعمار کا

٨٠ عَطِشَت قُلُوبُ العَاشِقِینَ لِرَاحِکَ — فَأَدِر کُؤُسِکَ وَاسْقِ مِن سُقیَاکَ

٨١ عَرش بھی جس سے مُرتَعِش ہو جائے — سوزِشِ دِل سے وہ ترانہ بنا

٨٢ عَلامت کُفر کی ہے تنگیٔ نَفَس — مگر اِسلام سے کھُلتے ہیں سینے

٨٣ عِشق و وَفا کی راہ دِکھایا کرے کوئی — رازِ وِصالِ یار؛ بتایا کرے کوئی

٨٤ عِشق کی سوزِشیں بڑھا؛ جنگ کے شُعلوں کو دَبا — پانی بھی سب طرف چھِڑک؛ آگ بھی تُو لگائے جا

٨٥ عطائیں ان کی بھی بے انتہا تھیں مجھ پہ مگر — مطالبوں کا مِرے بھی؛ کوئی حِساب نہ تھا

٨٦ عِشق و وَفا کا کام نہیں؛ نالہ و فُغاں — بھر آیا دِل؛ تو چُپکے سے آنسو بہا لیا

٨٧ عِشق نے کر دیا خراب مجھے — وَرنہ کہتے تھے؛ لاجواب مجھے

٨٨ عَزم بھی اُن کا؛ ہاتھ بھی اُن کے — وہ کریں کام؛ دیں ثواب مجھے

٨٩ عُقبیٰ کو بھلایا ہے تُو نے؛ تُو احمق ہے، ہُشیار نہیں — یہ تیری ساری لَسّانی، بے کار ہے؛ گر کِردار نہیں

٩٠ عِشقِ صادِق میں تِرا رونا؛ ہے اِک آبِ حیات — بے غرض رونا تِرا؛ اِک بے پَنہَ سیلاب ہے

٩١ عِشقِ صَنَم سے؛ عِشقِ خُدا، غیر چیز ہے — اس رَہ کے جانتے ہیں نَشیب وفَراز ہم

٩٢ عاشقوں کا شوقِ قُربانی تو دیکھ — خُون کی اِس رَہ میں اَرزانی تو دیکھ

٩٣ عَرش سے کھینچ کے لے آئی خُدا کو؛ جو چیز — تیری بَروَقت دوہائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۹۴ عزیزو! دل رہیں آباد؛ بس اس کی محبت سے	بنو زاہد؛ کرو اُلفت نہ ہرگز مال و دولت سے
۹۵ عدُو یہ چاہتا ہے؛ ہم کو لامکاں کردے	ہمیں بھی آئے گی اِمداد؛ لامکاں سے آج
۹۶ عِشقِ خُدا نے خول چڑھایا تھا اس کے گِرد	اَنگار بھی؛ خلیل پہ گُلزار ہوگئے
۹۷ عاشِقوں کیلئے ہیں اِک رحمت	ناز بَردار نازنیں راتیں
۹۸ عِشقِ خُدا کی مَے سے بھرا جام لائے ہیں	ہم مصطفیٰؐ کے ہاتھ پہ اِسلام لائے ہیں
۹۹ عاشِق بھی گھر سے نکلے ہیں؛ جاں دینے کیلئے	تشریف آج وہ بھی سَرِبام لائے ہیں
۱۰۰ عابِد کو عِبادت میں مزا آتا ہے	قاری کو تِلاوت میں مزا آتا ہے
۱۰۱ عَبَث ہیں باغِ احمدؑ کی تباہی کی یہ تدبیریں	چھُپی بیٹھی ہیں تیری راہ میں؛ مولیٰ کی تقدیریں
۱۰۲ عرب؛ جو ہے مِرے دِلبر کا مَسکَن	بُوئے خوش اس کی لے کر آرہی ہیں
۱۰۳ عاشق تو وہ ہے جو کہ کہے اور سُنے تیری	دنیا سے آنکھ پھیرکے؛ مرضی کرے تیری
۱۰۴ عشق کی سوزش نے آخر کر دیا دونوں کو ایک	وہ بھی حیراں رِہ گیا؛ اور میں بھی حیراں ہوگیا

## کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۱۰۵ عیسیٰؑ کو چرخ پر نہ بٹھاتے؛ تو خُوب تھا	احمدؑ کو خاک میں نہ سُلاتے؛ تو خُوب تھا
۱۰۶ عالَم کو مَیں معطّر کردوں گا اس مہک سے	خوشبو سے جس کی ہر دَم مدہوش مَیں رہوں گا

# غ

## ('غ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **55** |
| i | دُرِّ ثمین | 19 |
| ii | دُرِّ عدَن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 9 |
| iv | کلامِ محمود | 26 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ غرض رُکتے نہیں ہرگز خدا کے کام بندوں سے — بھلا خالق کے آگے؛ خَلق کی کچھ پیش جاتی ہے!

۲ غرض اس نے پہنا وہ فرّخ لباس — نہ رکھتا تھا مخلوق سے کچھ ہراس

۳ غرض یہ تھی؛ تا یار خورسَند ہو — خَطا دُور ہو؛ پُختہ پیوند ہو

۴ غرض جوشِ اُلفت سے مجذوب وار — یہ نانک نے چولہ بنایا شِعار

۵ غیروں سے کرنا اُلفت کب چاہے اُس کی غیرت — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۶ غیروں سے دل غنی ہے؛ جب سے ہے تجھ کو جانا — یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۷ غیر ممکن ہے کہ تدبیر سے پاؤں یہ مراد — بات جب بنتی ہے؛ جب سارا ہو ساماں تیرا

۸ غموں کا ایک دن؛ اور چار شادی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۹ غریقوں کو کرے اِک دَم میں تُو پار — جو ہو نومید تجھ سے؛ ہے وہ مُردار

۱۰ غور کرکے اسے پڑھو پیارو! — یہ خدا کیلئے نصیحت ہے

۱۱ غفلت پہ غافلوں کی روتے رہیں ہیں مُرسل — پَر اِس زماں میں لوگو! نوحہ نیا یہی ہے

۱۲ غرض پَند و نصیحت ہے نہ کچھ اور — خدا کے واسطے تم خود کرو غور

۱۳ غرض جب سب نے اُس مُکتی کو پایا — تو ایشر کی ہوئی سب ختم مایا

۱۴ غیر کیا جانے؛ کہ غیرت اُس کی کیا دکھلائے گی — خود بتائے گا اُنھیں وہ یار بتلانے کے دن

۱۵ غیر کیا جانے: کہ دلبر سے ہمیں کیا جوڑ ہے — وہ ہمارا ہوگیا؛ اُس کے ہوئے ہم جاںنثار

۱۶ غُل مچاتے ہیں؛ کہ یہ کافر ہے اور دجّال ہے — میں تو خود رکھتا ہوں؛ ان کے دِیں سے اور ایماں سے عار

۱۷ غیر ہو کر، غیر پر مرنا؛ کسی کو کیا غرض — کون دیوانہ بنے اس راہ میں لیل ونہار

۱۸ غُل مچاتے ہیں؛ کہ یہ کافر ہے اور دجّال ہے — پاک کو ناپاک سمجھے؛ ہوگئے مُردارخوار

۱۹ غیر کو غیر کی خبر کیا ہو — نظرِ دُور؛ کارگر کیا ہو

## دُرِّ عَدَن

۲۰ غذائے روح بدانم لقاء احمد را — مپرس ایں کہ چہ حاصل دلائے احمد را؟

## کلامِ طاہر

۲۱ غیر مسلم کسے کہتے ہیں؛ اُسے دِکھلائے — ایک اِک ساکِنِ ربوہ کی جبیں؛ آج کی رات

۲۲ غمِ فرقت میں کبھی اِتنا رُلانے والے — کبھی دِلداری کے جھُولوں میں جھُلانے والے

۲۳ غریب تھَل کے دوکانوں میں ٹیلی ویژن کی — بڑی لگن، بڑی چاہت سے 'کھُل' کے دیکھتے ہیں

۲۴ غضب ہوا؛ کہ مُشرکوں نے بُت کدے بنا دیئے — خدا کے گھر؛ کہ درسِ وحدتِ خدا، جہاں ملے

۲۵ غمِ دنیا کی ہے؛ دَوا غمِ عشق — دَمِ عیسیٰ نہیں؛ سِوا دَمِ عشق

۲۶ غم دے کے؛ کسے فکرِ مریضِ شبِ غم ہے — یہ کون ہے؛ جو درد میں رَس گھول رہا ہے

۲۷ غنا نے اُس کی جو عرفانِ بندگی بخشا — نہیں تھا وہ؛ کسی جُود و عطا سے کم اعجاز

۲۸ غضب کیا ہے جو کانٹوں سے پیار کر دیکھا — اب آؤ پھولوں کو بھی ہمکنار کر دیکھو

۲۹ غفلت میں عمر کی رات کٹی دل مَیلا بال سفید ہوئے — اُٹھ چلنے کی تیاری کر؛ سورج سَر پر چڑھ آیا ہے

۳۰ غیرتِ دِینی ہو اِس میں اِس قدر — واسطے دِیں کے ہو یہ سینہ سِپر

۳۱ غرق ہیں بحرِ مَعاصی میں ہم؛ اے پیارے مسیح! — پار ہو جائیں؛ اگر تُو کرے کچھ ہم پہ کرَم

۳۲ غُصّہ میں بھرا ہوا خُدا ہے — جاگو! اَبھی فُرصَتِ دُعا ہے

۳۳ غضَب ہے؛ کہ یُوں شِرک دنیا میں پھیلے — مِرا سینہ جلتا ہے؛ دِل پھُنک رہا ہے

۳۴ غمِ اِسلام میں؛ مَیں جاں بلَب ہوں — کلیجہ میرا؛ مُنہ کو آرہا ہے

۳۵ غمِ جماعتِ احمدؐ؛ نہیں سہا جاتا — یہ آگ وہ ہے؛ کہ جس نے جَلا دیا مجھ کو

۳۶ غنچۂ دِیں کیلئے بادِصبا ہوجاؤ — کُفر وبِدعَت کیلئے؛ دَستِ قَضا ہوجاؤ

۳۷ غم و رَنج و مصیبت سے بچا کر — ہمیشہ رکھ ہمیں اپنی اَماں میں

۳۸ غافلو! کیوں ہو رہے ہو عاشقِ چنگ و رُباب — آسماں پر کھُل رہے ہیں آج سب عِرفاں کے باب

۳۹ غم اپنے دوستوں کا بھی کھانا پڑے ہمیں — اَغیار کا بھی بوجھ اُٹھانا پڑے ہمیں

۴۰ غمِ دِل لوگ کہتے ہیں؛ نہایت تلخ ہوتا ہے — مگر مَیں کیا کروں اس کو؛ غِذا یہ مجھ کو بھاتی ہے

۴۱ غیر ممکن کو؛ یہ ممکن میں بدل دیتی ہے — اے مِرے فلسفیو! زورِدُعا دیکھو تو

۴۲ غضَب ہے شاہ بُلائے؛ غُلام مُنہ موڑے — سِتم ہے چُپ رہے یہ وہ کہے مُجیب ہوں مَیں

۴۳ غیر کو سونپ نہ دیجو؛ کہ کوئی خادِمِ دَر — کر گیا تھا ہمیں تیرے ہی حوالے پیارے!

۴۴ غیرممکن ہے کہ تُو مائدۂ سُلطاں پر — کھا سکے خوانِ ہدایت سگِ دُنیا ہوکر

۴۵ غیر کا اَفسُون اس پہ چل نہیں سکتا کبھی — لے اُڑی ہو، جس کا دِل؛ زُلفِ دوتائے قادیاں

۴۶ غیب سے فضل کے سامان ہوئے جاتے ہیں — مرحلے سارے ہی آسان ہوئے جاتے ہیں

۴۷ غرض جس طرح بن آیا مَطالِب اُن سے منوائے — مِرے ہَمراز! پَر وہ پَر شِکستہ کیا کریں جن کے
ہوا میں اُڑ گئے نالے، گئیں بے کار فریادیں

۴۸ غضَب کا ہے ترا یہ حُسنِ مخفی — جنھیں دیکھا؛ ترے خواہاں نکلے

۴۹ غفلتِ خوابِ حیاتِ عارضی کو دُور کر — ہے تجھے گر خواہشِ تعبیرِ خوابِ زندگی

۵۰ غیر کیوں آگاہ ہو؛ رازِ محبت سے مِرے — دشمنوں کو کیا پتا ہو؛ میرے تیرے پیار کا

۵۱ غفلت تِری اے مُسلم! کب تک چلی جائے گی — یا فرض کو تُو سمجھے؛ یا تجھ سے خُدا سمجھے

۵۲ غیر کی نُصرت و تائید سے ہو مُستَغنِی — اور پھر صاحبِ اَجناد و کتائِب بھی ہو تم

۵۳ غیر بھی بیٹھے ہیں، اپنے بھی ہیں؛ گھیرا ڈالے — مجھ میں اور تجھ میں وہ خَلوَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۵۴ غُلامی رُوس کی ہو؛ یا غُلامی مَغرِبیَّت کی — کوئی بھی نام رکھ لے تُو؛ وہ ہے زَنجیر لعنت کی

۵۵ غَضَب خُدا کا؛ کہ مالِ حرام کھاتا ہے — نہیں ہے حِرص کی حَد؛ صُبح و شام کھاتا ہے

# ف

## ('ف' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **57** |
| i | دُرِّ ثمین | 9 |
| ii | دُرِّ عدن | 9 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 37 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ فرقت بھی کیا بنی ہے؛ ہر دَم میں جاں کنی ہے — عاشق جہاں پہ مرتے؛ وہ کربلا یہی ہے
۲ فانیوں کی جاہ و حشمت پر بلا آوے ہزار — سلطنت تیری ہے؛ جو رہتی ہے دائم برقرار
۳ فکروں میں دل حزیں ہے جاں درد سے قریں ہے — جو صبر کی تھی طاقت؛ اب مجھ میں وہ نہیں ہے
۴ فرما چکا ہے؛ سیّدِ کونینِ مصطفیٰؐ — عیسیٰؑ مسیح؛ جنگوں کا کردے گا اِلتوا
۵ فطرت ہر اک بشر کی؛ کرتی ہے اس سے نفرت — پھر آریوں کے دل میں؛ کیونکر بسا یہی ہے
۶ فطرت کے ہیں درندے؛ مردار ہیں نہ زندے — ہر دَم زباں کے گندے؛ قہرِ خدا یہی ہے
۷ فضل کے ہاتھوں سے اب اس وقت کر میری مدد — کشتیٔ اسلام تا ہو جائے اس طوفاں سے پار
۸ فاسقوں اور فاجروں پر وہ گھڑی دُشوار ہے — جس سے قیمہ بن کے پھر دیکھیں گے قیمہ کا بگھار
۹ فضل سے اپنے بچا مجھ کو ہر اِک آفت سے — صدق سے ہم نے لیا ہاتھ میں اپنے داماں تیرا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۰ فرقتِ مہ میں؛ ستارے ماند کیسے پڑ گئے — ہے نرالا رنگ میں اپنے؛ سماءِ قادیاں

۱۱ فانی تمام ناز ہیں؛ باقی ہے اس کا ناز
جس کو بقا پہ ناز ہے؛ وَحدت پہ ناز ہے

۱۲ فرشتے ناز کریں جس کی پہرہ داری پر
ہم اس سے دور ہیں؛ تم اس مکاں میں رہتے ہو

۱۳ فضا ہے جس کی مُعطّر نفوسِ عیسیٰ سے
اسی مقامِ فلک آستاں میں رہتے ہو

۱۴ فضلوں کی لگیں جھڑیاں خوشیوں سے کٹے گھڑیاں
انعام کی بارش ہو؛ خالق کی عنایت سے

۱۵ فرش سے عرش پہ پہنچی ہیں صدائیں میری
میرے اللہ نے سُن لی ہیں دعائیں میری

۱۶ فعل دونوں ہی نہیں شیوۂ مردِمومن
رونا تقدیر کو؛ تدبیر پہ نازاں ہونا

۱۷ فریاد سب کیا کریں آقا کے سامنے
تڑپا کریں نماز میں مولا کے سامنے

۱۸ فضلِ خدا کا سایہ؛ ہم پر رہے ہمیشہ
ہر دن چڑھے مبارک؛ ہر شب بخیر گذرے

## کلامِ طاہر

۱۹ فطرت میں نہیں تیری؛ غلامی کے سِوا کُچھ
نوکر ہیں اَزَل سے؛ تیرے چاکر ہیں سَدا کے

۲۰ فاتحہ کیلئے ہم جائیں؛ تو یہ نہ ہو کہیں
ہم سے شکوہ کریں؛ وہ قبریں، کہ اب کیوں آئے

## کلامِ محمود

۲۱ فتح و نُصرت کی اِنہیں روز نئی پہنچے خوشی
دُور ہو؛ دین میں ہے، ان کی جو یہ گُمراہی

۲۲ فیض پہنچانے کا ہے تُو نے اُٹھایا بیڑا
لوگ بھُولے ہیں ترے وقت میں نامِ حاتَم

۲۳ فضلِ خُدا سے ہم کو ملی ہے یہ سلطنت
جو نفع دینے والی ہے؛ اور ہے بھی بے ضَرَر

۲۴ فِدا تجھ پہ مسیحا! میری جاں ہے
کہ تُو ہم بے کسوں کا پاسباں ہے

۲۵ فلک سے تامَنارہ آئیں عیسےٰؑ
مگر آگے تلاشِ نَردباں ہے

۲۶ فُرقت میں اپنا حال ہوا ہے یہاں جو غیر
احباب اُن کو جا کے سُناتے؛ تو خُوب تھا

۲۷ فراقِ جاناں نے دِل کو دوزخ بنادیا ہے جلا جلا کر
یہ آگ بُجھتی نہیں ہے مجھ سے؛ مَیں تھک گیا ہوں بُجھا بُجھا کر

۲۸ فراقِ جاناں میں ساتھ چھوڑا؛ ہر ایک چھوٹے بڑے نے میرا
تھی دِل پہ اُمید؛ سو اُسے بھی وہ لے گیا ہے لُبھا لُبھا کر

۲۹ فکرِ دِیں میں گھُل گیا ہے میرا جسم — دِل مِرا اِک کوہِ آتش بار ہے

۳۰ **فَا ضَت صَفُوفُ الکَوثَرِ شَوقاً لَّهُ — وَعَدتْ اِلَیهِ الجَنَّةُ بِکُرُومِهَا**

۳۱ فرزانوں نے دنیا کے شہروں کو اُجاڑا ہے — آباد کریں گے اب دیوانے؛ یہ ویرانے

۳۲ فلسفی! زندگی سے کیا پایا؟ — حیف ہے گر تِرا خُدا نہ بنا

۳۳ فِدا ہوتے ہیں پَروانے؛ اگر شمعِ منوّر پر — تو تیرے رُوئے روشن پر نہ مَیں کیوں جان دُوں ساقی

۳۴ فراق میں جو مِری آنکھ سے بہے تھے اَشک — انہی سے حُسن نے پائی ہے آب کہتے ہیں

۳۵ فریب خوردۂ اُلفت فریب خوردہ ہے — مگر تُو سامنے اس کو کبھی بُلا تو سہی

۳۶ فہم سے بالا بھی ہو فہمِ مجسم بھی ہو تم — عام سے عام بھی ہو؛ سِرِّ غرائب بھی ہو تم

۳۷ فقر نے بخشا ہے لاکھوں کو شہنشاہی کا تاج — کیا ہوا ہے سحر یہ نانِ جویں سے پوچھیئے

۳۸ فرش سے جا کر لیا دَم عرش پر — مصطفےٰؐ کی سیرِ رُوحانی تو دیکھ

۳۹ فرائڈ کا ہے ذکر ہر اِک زباں پر — ہیں بھولے ہوئے اب بخاریؒ نسائیؒ

۴۰ فکرِ اِنسانی فلک پر اُڑ رہا ہے آجکل — فلسفہ دِکھلا رہا ہے خُوب اپنا زوروبَل

۴۱ فرشتوں سے مل کر اُڑو تم ہوا میں — مہک جائے خوشبوئے ایماں فضا میں

۴۲ فرشتے بھر رہے ہیں اس کو اپنے دامن میں — نکل رہی ہے دُعا جو مِری زباں سے آج

۴۳ فقیہی سے اِس سوال کا حَل ہو نہیں سکا — ہیں تجھ میں ہی قلوب؛ کہ تُو ہے قلوب میں

۴۴ فاقوں مَر جائے؛ پہ جائے نہ دیانت تیری — دورونزدیک ہو مشہور اَمانت تیری

۴۵ فکرِ خُود سے فِکرِ دُنیا کیلئے آزاد ہیں — شاد کرتے ہیں زمانہ بھر کو؛ خُود ناشاد ہیں

۴۶ فخر ہے مجھ کو کہ ہوں مَیں خدمتِ سرکار میں — ناز مجھ کو کہ اس کے ناز بَرداروں میں ہوں

۴۷ فتح تیرے لیے مقدّر ہے — تیری تائید میں ہے رَبِّ عِباد

۴۸ فضل سے تیرے جماعت تو ہوئی ہے تیار — حزبِ شیطاں کہیں رخنہ نہ ڈالے پیارے!

۴۹ فکروں سے خُدا اُسے بچائے — پیدا کرے خُرّمی کے ساماں ۔ آمین

۵۰ فکر میں جس کی گھُل رہے ہیں ہم — اُن کو ہم سے نقار رہتا ہے

۵۱ فربہ تَن کس طرح سے ہو محمود
رَنج و غم کا شکار رہتا ہے

۵۲ فِکر پہ فِکر؛ تو غم پر ہے غموں کی بوچھاڑ
سانس تو لینے دو؛ تھوڑا سا تو ستانے دو

۵۳ فُرقت میں تیری ہر جگہ ویرانہ بن گئی
اب زندگی کے دن یہ کروں میں بَسَر کہاں

۵۴ فِتنہ و افساد و سبّ وشتم و ہزل و ابتذال
اِس جماعت کا ہے یہ لُبِّ لُبابِ زندگی

۵۵ فُرقت میں تیری حالِ دِلِ زار کیا کہیں
وہ آگ لگ رہی ہے؛ کہ جس میں دھُواں نہیں

۵۶ فلسفی ہے فلسفہ سے رازِقُدرت ڈھونڈتا
عاشقِ صادق ہے جو یاں یار کے دیدار کا

۵۷ فلسفہ بھی، رازِقُدرت بھی؛ رمُوزِعشق بھی
کیا نِرالا ڈھنگ ہے پیارے تِری گُفتار کا

# ق

## ('ق' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 71 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 23 |
| ii | دُرِّ عدَن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 6 |
| iv | کلامِ محمود | 34 |
| v | کلامِ حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ قتل کی ٹھانی شریروں نے چلائے تیرِ مکر
بن گئے شیطاں کے چیلے؛ اور نسلِ ہونہار

۲ قوم کے ظلم سے تنگ آ کے؛ میرے پیارے آج
شورِ محشر تیرے کُوچہ میں مچایا ہم نے

۳ قوم کی بدقسمتی اس سرکشی سے کُھل گئی
پر وہی ہوتا ہے؛ جو تقدیر سے پایا قرار

۴ قوم میں ایسے بھی پاتا ہوں جو ہیں دنیا کے کِرم
مقصد ان کی زیست کا ہے؛ شہوت وخمر وقمار

۵ قدرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے حق ثبوت
اس بے نشاں کی چہرہ نمائی؛ یہی تو ہے

۶ قادر کے کاروبار نمودار ہو گئے
کافر جو کہتے تھے؛ وہ گرفتار ہو گئے

۷ قادر ہے وہ بارگاہ؛ ٹوٹا کام بناوے
بنا بنایا توڑ دے؛ کوئی اُس کا بھید نہ پاوے

۸ قدرتِ رحمان و مکرِ آدمی میں فرق ہے
جو نہ سمجھے؛ وہ غبی از فرق تا پا ہے حمار

۹ قدرتِ حق ہے؛ کہ تم بھی میرے دشمن ہو گئے
یا محبت کے وہ دن تھے؛ یا ہوا ایسا نقار

۱۰ قرباں ہیں تجھ پہ سارے؛ جو ہیں میرے پیارے
احساں ہیں تیرے بھارے گن گن کے ہم تو ہارے

۱۱ قرآں کتابِ رحماں؛ سکھلائے راہِ عرفاں
جو اس کو پڑھنے والے اُن پر خدا کے فیضاں

۱۲ قرآں کو یاد رکھنا؛ پاک اعتقاد رکھنا
فکرِ معاد رکھنا؛ پاس اپنے زاد رکھنا

۱۳ قوم سے مت ڈرو؛ خدا سے ڈرو
آخر اس کی طرف ہی رِحلت ہے

۱۴ قدرت سے اس قدیر کی انکار کرتے ہیں
بکتے ہیں؛ جیسے غرق ہو کوئی شراب میں

۱۵ قوم کے خوف سے وہ مرتے ہیں
سو نشاں دیکھیں؛ کب وہ ڈرتے ہیں

۱۶ قدرت نہیں ہے جس میں وہ خاک کا ہے ایشر
کیا دینِ حق کے آگے زورآزما یہی ہے

۱۷ قرآں خدا نُما ہے؛ خدا کا کلام ہے
بے اِس کے؛ معرفت کا چمن، ناتمام ہے

۱۸ قِصّوں کا یہ اثر ہے؛ کہ دل پُرفساد ہے
ایماں زباں پہ؛ سینہ میں حق سے عناد ہے

۱۹ قِصّوں سے پاک ہونا؛ کبھی کیا مجال ہے
سچ جانو! یہ طریق سراسر محال ہے

۲۰ قِصّوں سے کب نجات ملے ہے گُناہ سے
ممکن نہیں وصالِ خدا ایسی راہ سے

۲۱ قبضۂ تقدیر میں دل ہیں اگر چاہے خدا
پھیر دے میری طرف آجائیں پھر بے اختیار

۲۲ قوم میں فسق و فجور و معصیت کا زور ہے
چھا رہا ہے ابرِ یاس؛ اور رات ہے تاریک و تار

۲۳ قوم کے لوگو! ادھر آؤ؛ کہ نکلا آفتاب
وادیٔ ظُلمت میں کیا بیٹھے ہو تم لیل و نہار

## دُرِّ عدن

۲۴ قدمِ مسیح کے؛ جس کو بنا چکے ہیں حرم
تم اس زمینِ کرامت نشاں میں رہتے ہو

۲۵ قبضے میں اپنے کوئی حکومت نہیں رہی
ہم لُٹ گئے؛ ہماری وہ عزّت نہیں رہی

۲۶ قومِ احمد! جاگ تُو بھی؛ جاگ اس کے واسطے
اَن گِنت راتیں؛ جو تیرے درد میں سویا نہیں

۲۷ قابلِ رشک ہے؛ اس خاک کے پُتلے کا نصیب
جس کی قسمت میں ہو؛ خاکِ درِجاناں ہونا

۲۸ قرار و سکوں دل کو آتا نہیں ہے
کسی طور یہ چین پاتا نہیں ہے

۲۹ قدرداں اسلام کے باقی نہ حامی ہے یہ عید
جانتے ہیں سہل دشمن جنس ایماں کی خرید؛
ہیں کہاں آگے بڑھیں نصرت کو مردان سعید

۳۰ قربِ رحمت مآب حاصل ہو
وصلِ عالی جناب ہوجائے

## کلامِ طاہر

۳۱ قریہ قریہ فساد ہوئے تب؛ فتنہ گر آزاد ہوئے سب — احمدیوں کو بستی بستی؛ پکڑا دھکڑا، مارا کُوٹا

۳۲ قافلے درد کے پا جاتے ہیں منزل کا سُراغ — اِک لرزتی ہوئی لَو دیکھ کے وِیرانوں میں

۳۳ قَفَس کے شیروں سے کرتے ہو روز دو دو ہاتھ — دو آنکھیں بَن کے بَبَّر سے بھی چار کر دیکھو

۳۴ قبروں میں پڑے عرش نشینوں کی قَسَم ہے — رولے ہوئے مٹی میں نگینوں کی قَسَم ہے

۳۵ قسمت کو دیکھئے! کہ کہاں ٹُوٹی جا کمند — حلوہ قریبِ دَہن ہی آیا تھا؛ گِر گیا

۳۶ قِبلہ بھی تُو ہے؛ قِبلہ نُما بھی تیرا وجود — شانِ خدا ہے؛ تیری اَداؤں میں جلوہ گر

## کلامِ محمود

۳۷ قاضی و مُفتی بھی کھو بیٹھے تھے اپنا ایماں — رحم و اِنصاف کے وہ نام سے بھی تھے اَنجان

۳۸ قومِ انگلش! تیری ہر فِرقے پہ ہے ایک نظر — اس لئے تجھ پہ ہمیں ناز ہے سب سے بڑھ کر

۳۹ قیصرِ رُوم کے محکوم تھے؛ اِک دو صُوبے — تاجِ انگلشیہ پہ ممکن نہیں؛ سُورج ڈُوبے

۴۰ قیامت ہے؛ کہ وَصلِ یار میں بھی رَنجِ فُرقت ہے — مَیں اُس کے پاس رِہ کر بھی؛ ہمیشہ دُور رہتا ہوں

۴۱ قُطب کا کام دو تم؛ ظُلمت و تاریکی میں — بھُولے بھٹکوں کیلئے؛ راہنُما ہوجاؤ

۴۲ قدم اُس کے ہیں؛ شِرک کے سَر کے اُوپر — عَلَم ہر طرف اُس کا لہرا رہا ہے

۴۳ قوم کے بُغض و عَداوَت کی نہیں پروا ہمیں — وَقت یہ کٹ جائے گا؛ فضلِ خُدا ہو جائے گا

۴۴ قِصّۂ ہجر؛ ذرا ہوش میں آلُوں تو کہوں — بات لمبی ہے یہ؛ سَر پیر جو پالُوں تو کہوں

۴۵ قربان کر کے جان؛ دُوئی کا مِٹاؤں نام — وہ خواب میں ہی آ کے؛ جو مجھ سے دوچار ہوں

۴۶ قسمت یونہی بدنام ہے دل خود اَسیرِ دام ہے — اب کس جگہ اسلام ہے؛ باقی فقط اِک نام ہے

۴۷ قرونِ اُولیٰ کے مُسلم کا نام باقی ہے — نہ اُس کے کام ہیں باقی؛ نہ اُس کی خُو باقی

۴۸ قلوبِ صافیہ ہوتے ہیں مَہبَطِ انوار — کبھی بھی دیکھی ہے رنج و ملال میں برکت

۴۹ قصرِ کُفر و ضلالت و بِدعت — تیرے ہاتھوں سے ہوگا اب برباد

۵۰ قریب تھا کہ میں گِر جاؤں بارِ عِصیاں میں — بنا ہے لیک عصا؛ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

۵۱ قُرب اُس کا نہیں پاتا؛ نہیں پاتا محمود — نفس کو خاک میں جب تک نہ مِلائے کوئی

۵۲ قوم کے دل پہ کوئی بات نہیں کرتی اثر — تُو ہی کھولے گا؛ تو کھولے گا یہ تالے پیارے!

۵۳ قلبِ عاصی جو بدل جائے تو کیوں پاک نہ ہو — مَے اگر طیّب و صافی بنے؛ سِرکہ ہو کر

۵۴ قوت تو مجھے چھوڑ چکی ہی تھی کبھی کی — اب صبر بھی کیا جانے کِدھر کو ہے سِدھارا

۵۵ قُربِ دِلدار کی راہیں تو کھُلی ہیں لیکن — کیا کروں مَیں جِسے اسباب میسّر ہی نہیں

۵۶ قرآنِ پاک میں بھی تِرانام نُور ہے — کیفِ وصال سے تِرادِل پُرسُرور ہے

۵۷ قدموں میں اپنے آپ کو مولا کے ڈال تُو — خوف و ہراس غیر کا؛ دل سے نکال تُو

۵۸ قرآں سے ہم نے سیکھی ہے تدبیرِ بے خطا — صیدِ ہُما کے واسطے؛ اِک دام لائے ہیں

۵۹ قرض سے دُور رہو؛ قرض بڑی آفت ہے — قرض لے کر جو اکڑتا ہے؛ وہ بے غیرت ہے

۶۰ قرباں ہوں زخمِ دل یہ کہ سب حال کہہ دیا — شکوہ کا حرف کوئی مگر درمیاں نہیں

۶۱ قیدوبندِحرص میں گردن پھنسائی آپ نے — اس حماقت پر ہے دعویٰ فاعلِ مُختار کا

۶۲ قدم بڑھا! کہ ہے دِیدارِیار کی ساعت — اُلٹنے والا ہے مُنہ سے نقاب کہتے ہیں

۶۳ قوم کے مال پھر خیانت سے — کون چھوڑے؛ یہ مال ہیں ایسے

۶۴ قید کافی ہے فقط اس حُسنِ عالمگیر کی — تیرے عاشق کو بھلا حاجت ہی کیا زنجیر کی

۶۵ قلبِ مومن پہ ہے اَنوارِسَماوی کا نزول — روشن اِس جَگ کو یہ اللہ کا دِیا کرتا ہے

۶۶ قسمت نے کیسا جوڑ مِلایا ہے دیکھنا — وہ خالقِ جہاں ہے؛ تو مُشتِ غبار ہم

۶۷ قرآنِ پاک ہاتھ میں ہو دل میں نور ہو — مِل جائے مومنوں کی فراست؛ خُدا کرے

۶۸ قائم ہو پھر سے حُکمِ محمدؐ جہان میں — ضائع نہ ہو تمہاری یہ محنت؛ خُدا کرے

۶۹ قیدِشیطاں سے چھُڑانے کیلئے عاصی کو — کس نے تکلیف اُٹھائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۷۰ قومِ انگلش نے دیا آ کے سہارا ہم کو — بحرِافکار کے ہے پار اُتارا ہم کو

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۷۱ قِصّے کہانیاں نہ سُناتے؛ تو خُوب تھا — زندہ نشان کوئی دِکھاتے؛ تو خُوب تھا

# ک

## ('ک' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | **تعداد کُل اشعار** | **557** |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 205 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 37 |
| iii | کلامِ طاہر | 54 |
| iv | کلامِ محمود | 261 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کیوں کوئی خلق کے طعنوں کی ہمیں دے دھمکی
یہ تو سب نقش دل اپنے سے مٹایا ہم نے

۲ کروں گا دُور اس ماہ سے اندھیرا
دکھاؤں گا کہ اِک عالَم کو پھیرا

۳ کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے
جس کی مماثلت کو خدا نے بتا دیا

۴ کافر جو کہتے تھے؛ وہ نگوں سار ہوگئے
جتنے تھے؛ سب کے سب ہی گرفتار ہوگئے

۵ کیوں نہیں لوگو! تمہیں حق کا خیال
دل میں آتا ہے میرے؛ سو سو ابال

۶ کیوں نہیں لوگو! تمہیں حق کا خیال
دل میں اُٹھتا ہے میرے؛ سو سو ابال

۷ کافر و ملحد و دجّال ہمیں کہتے ہیں
نام کیا کیا؛ غمِ ملّت میں رکھایا ہم نے

۸ کیوں چھوڑتے ہو لوگو! نبیؐ کی حدیث کو
جو چھوڑتا ہے؛ چھوڑ دو تم اُس خبیث کو

۹ کیوں بھولتے ہو تم **یضع الحرب** کی خبر
کیا یہ نہیں بخاریؔ میں؛ دیکھو تو کھول کر

۱۰ کہاں ہیں جو بھرتے ہیں اُلفت کا دَم
اطاعت سے سر کو بنا کر قدم

۱۱ کہ دیکھا نہ ہو جس نے وہ پارسا
وہ چولہ کو دیکھے؛ کہ ہے رہنما

۱۲ کہا کیسے ہو یہ خدا کا کلام
ضلالت کی تعلیم؛ ناپاک کام

۱۳ کبھی باپ کی جبکہ پڑتی نظر
وہ کہتا کہ اے میرے پیارے پِسر!

۱۴ کبھی وہ خاک ہوکر؛ دشمنوں کے سر پہ پڑتی ہے
کبھی ہوکر وہ پانی؛ اُن پہ اِک طُوفان لاتی ہے

۱۵ کب تک رہو گے ضِدّ وتعصّب میں ڈوبتے؟
آخر قدم بصِدق اُٹھاؤ گے یا نہیں؟

۱۶ کیونکر کرو گے رَدّ جو محقق ہے ایک بات؟
کچھ ہوش کر کے عُذر سناؤ گے یا نہیں؟

۱۷ کلامِ پاکِ یزداں کا کوئی ثانی نہیں ہرگز
اگر لؤلوئے عمّاں ہے؛ وگر لعلِ بدخشاں ہے

۱۸ کب تلک جھوٹ سے کرو گے پیار
کچھ تو سچ کو بھی کام فرماؤ

۱۹ کیوں نہیں تم کو دینِ حق کا خیال
ہائے! سو سو اُٹھے ہے دل میں اُبال

۲۰ کیوں نہیں دیکھتے طریقِ صواب؟
کس بَلا کا پڑا ہے دل پہ حجاب!

۲۱ کچھ تو خوفِ خدا کرو لوگو!
کچھ تو لوگو! خدا سے شرماؤ

۲۲ کوئے دِلبر میں کھینچ لاتا ہے
پھر تو کیا کیا نشاں دِکھاتا ہے

۲۳ کس سے اس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں، ہر وَصف میں؛ یکتا نکلا

۲۴ کس قدر ظاہر ہے نور اس مبدء الانوار کا
بَن رہا ہے سارا عالَم آئینہ اَبصار کا

۲۵ کیا عجب تُو نے ہر اِک ذرّہ میں رکھے ہیں خواص
کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر ان اسرار کا

۲۶ کوئی مُردوں سے کبھی آیا نہیں
یہ تو فرقاں نے بھی بتلایا نہیں

۲۷ کیوں تمہیں انکار پر اصرار ہے
ہے یہ دِیں یا سیرتِ کفّار ہے

۲۸ کیوں بنایا ابنِ مریم کو خدا
سنّت اللہ سے وہ کیوں باہر رہا

۲۹ کیوں بنایا اس کو باشانِ کبیر
غیب‌دان و خالق و حیّ و قدیر

۳۰ کیا یہی توحیدِ حق کا راز تھا
جس پہ برسوں سے تمہیں اِک ناز تھا

۳۱ کیا بشر میں ہے خدائی کا نشاں؟
الاماں؛ ایسے گماں سے الاماں

۳۲ کیوں نظر آتا نہیں راہِ صواب؟
پڑگئے کیسے یہ آنکھوں پر حجاب؟

۳۳ کیا یہی تعلیمِ فرقاں ہے بھلا؟
کچھ تو آخر چاہئے خوفِ خدا

۳۴ کچھ نمونہ اپنی قدرت کا دکھا — تجھ کو سب قدرت ہے؛ اے ربّ الوریٰ!

۳۵ کوئی مذہب نہیں ایسا؛ کہ نشاں دِکھلاوے — یہ ثمر باغِ محمدؐ سے ہی کھایا ہم نے

۳۶ کہا رو کے؛ حق کا طلب گار ہوں — نثارِ رَہِ پاکِ کرتار ہوں

۳۷ کرم کر کے وہ راہ اپنی بتا — کہ جس میں ہو اے میرے! تیری رضا

۳۸ کوئی دن تو پَردہ میں مستور تھا — زباں چُپ تھی؛ اور سینہ میں نور تھا

۳۹ کہا یہ تو مجھ سے ہوا اِک گناہ — کہ پوشیدہ رکھی سچائی کی راہ

۴۰ کہ پردے میں قادر کے اسرار ہیں — کہ عقلیں وہاں ہیچ و بے کار ہیں

۴۱ کوئی دیکھتا جب اسے دُور سے — تو ملتی خبر اُس کو اُس نور سے

۴۲ کرے کوئی کیا ایسے طُومار کو — بلا کر دِکھاوے؛ نہ جو یار کو

۴۳ کوئی یار سے جب لگاتا ہے دل — تو باتوں سے لذّت اُٹھاتا ہے دل

۴۴ کہ دِلدار کی بات ہے اِک غذا — مگر تُو ہے منکر؛ تجھے اس سے کیا!

۴۵ کبھی شرق میں؛ اور کبھی غرب میں — رہا گھومتا قلق اور کَرب میں

۴۶ کسی نے یہ پوچھی تھی عاشق سے بات — وہ نُسخہ بتا جس سے جاگے تُو رات

۴۷ کہا نیند کی ہے دوا سوز و درد — کہاں نیند جب غم کرے چہرہ زرد

۴۸ کہ قدرت کے ہاتھوں کے تھے وہ رقم — خدا ہی نے لکھا بہ فضل و کرم

۴۹ کہا دُور ہوجاؤ تم ہار کے — یہ خِلعت ہے ہاتھوں سے کرتار کے

۵۰ کہاں ہے محبت کہاں ہے وَفا — پیاروں کا چولہ ہوا کیوں بُرا

۵۱ کہ دنیا کو ہرگز نہیں ہے بَقا — فنا سب کا انجام ہے؛ جُز خدا

۵۲ کہ دینِ خدا؛ دینِ اِسلام ہے — جو ہو منکِر اس کا بَد انجام ہے

۵۳ کہو جو رضا ہو؛ مگر سُن لو بات — وہ کہنا کہ جس میں نہیں پکش پات

۵۴ کہ حق جُو سے کَرتار کرتا ہے پیار — وہ انساں نہیں؛ جو نہیں حق گذار

۵۵ کہو جب کہ پوچھے گا مولیٰ حساب — تو بھائیو! بتاؤ کہ کیا ہے جواب؟

۵۶ کہ بے شک یہ چولہ پُراَزنُور ہے ... تمرّد؛ وَفا سے بہت دُور ہے
۵۷ کہاں ہیں؛ جو نانک کے ہیں خاکِ پا ... جو کرتے ہیں اُس کیلئے جاں فِدا
۵۸ کہاں ہیں؛ جو اُس کیلئے مرتے ہیں ... جو ہے واک اُس کا؛ وہی کرتے ہیں
۵۹ کہاں ہیں؛ جو ہوتے ہیں اُس پر نثار ... جھکاتے ہیں سر اپنے کو کر کے پیار
۶۰ کہاں ہیں؛ جو رکھتے ہیں صدق و ثبات ... گُرو سے ملے جیسے شِیر و نبات
۶۱ کہاں ہیں؛ کہ جب اُس سے کچھ پاتے ہیں ... تعشّق سے قرباں ہوئے جاتے ہیں
۶۲ کہاں ہیں؛ جو اُلفت سے سرشار ہیں ... جو مرنے کو بھی دل سے تیار ہیں
۶۳ کہاں ہیں؛ جو وہ بُخل سے دُور ہیں ... محبت سے نانک کی معمور ہیں
۶۴ کہاں ہیں؛ جو اِس رَہ میں پُرجوش ہیں ... گُرو کے تعشّق میں مدہوش ہیں
۶۵ کہاں ہیں؛ وہ نانک کے عاشق کہاں ... کہ آیا ہے نزدیک اب امتحاں
۶۶ کیسے کافر ہیں؛ مانتے ہی نہیں ... ہم نے سو سو طرح سے سمجھایا
۶۷ کوئی دن کے مہماں ہیں ہم سب سبھی ... خبر کیا کہ پیغام آوے ابھی
۶۸ کہ اسلام ہم اپنا دِیں رکھتے ہیں ... محمدؐ کی رَہ پر یقیں رکھتے ہیں
۶۹ کیونکر ہو شکر تیرا؛ تیرا ہے، جو ہے میرا ... تُو نے ہر اِک کرم سے؛ گھر بھر دیا ہے میرا
۷۰ کر ان کو نیک قسمت؛ دے ان کو دِین و دولت ... کر ان کی خود حفاظت؛ ہو ان پہ تیری رحمت
۷۱ کر فضل سب پہ یکسر؛ رحمت سے کر مُعطّر ... یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۷۲ کرتا ہے پاک دل کو؛ حق دل میں ڈالتا ہے ... یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**
۷۳ کس زباں سے میں کروں شکر کہاں ہے وہ زباں ... کہ میں ناچیز ہوں؛ اور رحم فراواں تیرا
۷۴ کس کے دل میں یہ ارادے تھے؛ یہ تھی کس کو خبر ... کون کہتا تھا کہ یہ بخت ہے رخشاں تیرا
۷۵ کوئی ضائع نہیں ہوتا؛ جو تِرا طالب ہے ... کوئی رُسوا نہیں ہوتا؛ جو ہے جویاں تیرا
۷۶ کہ تُو نے پھر مجھے یہ دن دکھایا ... کہ بیٹا دوسرا بھی پڑھ کے آیا
۷۷ کلام اللہ کو پڑھتی ہے فرفر ... خدا کا فضل اور رحمت سراسر

۷۸ کریما! دُور کر تُو ان سے ہر شر — رحیما! نیک کر اور پھر معمّر
۷۹ کرو کوشش؛ اگر صدق و صفا ہے — کہ یہ حاصل ہو جو شرطِ لِقا ہے
۸۰ کہا ہرگز نہیں ہوں گے یہ برباد — بڑھیں گے جیسے باغوں میں ہوں شمشاد
۸۱ کیا تضرّع اور توبہ سے نہیں ٹلتا عذاب — کس کی یہ تعلیم ہے؛ دِکھلاؤ تم مجھ کو شتاب
۸۲ کروں کیونکر ادا میں شکرِ باری — فِدا ہو اُس کی رَہ میں عمر ساری
۸۳ کہ تیرا نام ہے غفّار و ہادی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۸۴ کہاں ہم؛ اور کہاں دنیائے مادی — **فسبحان الّذی اخزی ا لاعادی**
۸۵ کرم سے تیرے دشمن ہوگئے مات — عطا کیں تُو نے سب میری مُرادات
۸۶ کہیں جو کچھ کہیں سَر پر خدا ہے — پھر آخر ایک دن روزِ جزا ہے
۸۷ کوئی اس پاک سے جو دل لگاوے — کرے پاک آپ کو؛ تب اُس کو پاوے
۸۸ کہاں تک حِرص و شوقِ مالِ فانی — اُٹھو! ڈھونڈو متاعِ آسمانی
۸۹ کہاں تک جوشِ آمال و اَمانی — یہ سو سو چھید ہیں تم میں نہانی
۹۰ کرو کچھ فکرِ ملکِ جاودانی — یہ مُلک و مال جھوٹی ہے کہانی
۹۱ کرو توبہ؛ کہ تا ہوجائے رحمت — دکھاؤ جلد تَر صدق و اِنابت
۹۲ کھڑی ہے سر پہ ایسی ایک ساعت — کہ یاد آجائے گی جس سے قیامت
۹۳ کیا کیا نہ ہم نے نام رکھائے زمانہ سے — مَردوں سے نیز فرقۂ ناداں زنانہ سے
۹۴ کام جو کرتے ہیں تیری رَہ میں؛ پاتے ہیں جزا — مجھ سے کیا دیکھا؛ کہ یہ لُطف وکرم ہے باربار
۹۵ کِرمِ خاکی ہوں میرے پیارے! نہ آدم زاد ہوں — ہوں بشر کی جائے نفرت؛ اور انسانوں کی عار
۹۶ کیا وہ سارے مرحلے طے کر چکے تھے علم کے — کیا نہ تھی آنکھوں کے آگے کوئی رَہ تاریک وتار
۹۷ کس کے آگے ہم کہیں اس دردِ دِل کا ماجرا — اُن کو ہے مِلنے سے نفرت؛ بات سُننا دَرکِنار
۹۸ کیا کروں، کیونکر کروں؛ مَیں اپنی جاں زیروزبر — کس طرح میری طرف دیکھیں؛ جو رکھتے ہیں نقار
۹۹ کچھ خبر لے تیرے کوچہ میں یہ کس کا شور ہے — خاک میں ہوگا یہ سر؛ گر تُو نہ آیا بَن کے یار

۱۰۰ کیا سُلائے گا مجھے تُو خاک میں قبل اَز مُراد — یہ تو تیرے پر نہیں اُمّید؛ اے میرے حِصار

۱۰۱ کس طرح نپٹیں کوئی تدبیر کچھ بنتی نہیں — بے طرح پھیلی ہیں یہ آفات ہر سُو ہر کنار

۱۰۲ کیا کہوں دنیا کے لوگوں کی؛ کہ کیسے سو گئے — کس قدر ہے حق سے نفرت؛ اور ناحق سے پیار

۱۰۳ کیا خدا نے اتقیاء کی عون و نصرت چھوڑ دی — ایک فاسق اور کافر سے وہ کیوں کرتا ہے پیار

۱۰۴ کیا بدلتا ہے وہ اب اس سنت و قانون کو — جس کا تھا پابند وہ؛ اَزابتدائے روزگار

۱۰۵ کیا خدا بھولا رہا؛ تم کو حقیقت مِل گئی — کیا رہا وہ بیخبر؛ اور تم نے دیکھا حالِ زار

۱۰۶ کانٹے اپنی راہ میں بوتے ہیں ایسے بدگُماں — جن کی عادت میں نہیں شرم و شکیب و اصطبار

۱۰۷ کہتے ہیں تثلیث کو اب اہلِ دانش اَلوِداع — پھر ہوئے ہیں چشمۂ توحید پر اَزجاں نثار

۱۰۸ کون روتا ہے؛ کہ جس سے آسماں بھی رو پڑا — مہر و مہ کی آنکھ غم سے ہوگئی تاریک و تار

۱۰۹ کیا کروں تعریف حُسنِ یار کی؛ اور کیا لکھوں — اِک ادا سے ہوگیا مَیں؛ سیلِ نفسِ دُوں سے پار

۱۱۰ کیا تماشا ہے؛ کہ میں کافر ہوں، تم مومن ہوئے — پھر بھی اس کافر کا حامی ہے وہ مقبولوں کا یار

۱۱۱ کیا اچنبھی بات ہے؛ کافر کی کرتا ہے مدد — وہ خدا؛ جو چاہیئے تھا مومنوں کا دوستدار

۱۱۲ کیوں نہیں تم سوچتے؛ کیسے ہیں یہ پردے پڑے — دل میں اُٹھتا ہے میرے رِہ رِہ کے اب سوسو بخار

۱۱۳ کچھ نہ تھی حاجت تمہاری؛ نے تمہارے مکر کی — خود مجھے نابود کرتا؛ وہ جہاں کا شہریار

۱۱۴ کیا قسم کھائی ہے یا کچھ پیچ قسمت میں پڑا — روزِروشن چھوڑ کر ہیں؛ عاشقِ شبہائے تار

۱۱۵ کیا بگاڑا اپنے مکروں سے ہمارا آج تک — اژدہا بَن بَن کے آئے؛ ہوگئے پھر سُوسمار

۱۱۶ کیا مجھے تم چھوڑتے ہو؛ جاہِ دنیا کیلئے — جاہِ دنیا کب تلک؛ دنیا ہے خود ناپائیدار

۱۱۷ کون دَرپردہ مجھے دیتا ہے ہرمیداں میں فتح — کون ہے؛ جو تم کو ہردَم کر رہا ہے شرمسار

۱۱۸ کوئی بھی واقف نہ تھا مجھ سے؛ نہ میرا مُعتقد — لیکن اب دیکھو! کہ چرچا کس قدر ہے ہرکنار

۱۱۹ کھول کر دیکھو براہیںؔ؛ جو کہ ہے میری کتاب — اس میں ہے یہ پیشگوئی؛ پڑھ لو اس کو ایک بار

۱۲۰ کون تھا؛ جس کی تمنا یہ نہ تھی اِک جوش سے — کون تھا؛ جس کو نہ تھا اُس آنیوالے سے پیار

۱۲۱ کون ہے؛ جس کے عمل ہوں پاک بےانوارِ عشق — کون کرتا ہے وفا بِن اُس کے جس کا دل فگار

۱۲۲ کون چھوڑے خوابِ شیریں؛ کون لے خارِ مغیلاں؛
کون چھوڑے اکل و شرب چھوڑ کر پھولوں کے ہار

۱۲۳ کام کیا عزت سے ہم کو شہرتوں سے کیا غرض گر وہ ذلّت سے ہو راضی؛ اُس پہ سو عزّت نثار

۱۲۴ کوئی رَہ نزدیک تَر راہِ محبت سے نہیں طے کریں اس راہ سے سالک ہزاروں دشتِ خار

۱۲۵ کیا یہی اسلام کا ہے دوسرے دِینوں پہ فخر کردیا قِصّوں پہ سارا ختم دِیں کا کاروبار

۱۲۶ کس طرح کے تم بشر ہو؛ دیکھتے ہو صد نشاں پھر وہی ضدّ و تعصّب اور وہی کِین و نقار

۱۲۷ کام دِکھلائے جو تُو نے میری نصرت کیلئے پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے؛ ہر زماں وہ کاروبار

۱۲۸ کس طرح تُو نے سچائی کو میری ثابت کیا میں تیرے قرباں! میری جاں تیرے کاموں پر نثار

۱۲۹ کہتے ہیں یورپ کے ناداں؛ یہ نبی کامل نہیں وحشیوں میں دِیں کو پھیلانا؛ یہ کیا مشکل تھا کار

۱۳۰ کیا تمہاری آنکھ سب کچھ دیکھ کر اندھی ہوئی کچھ تو اس دن سے ڈرو یارو! کہ ہے روزِ شمار

۱۳۱ کچھ تو سمجھیں بات کو؛ یہ دل میں اَرماں ہی رہا واہ رے شیطاں! عجب ان کو کیا اپنا شکار

۱۳۲ کام جو دِکھلائے اس خلاّق نے میرے لئے کیا وہ کر سکتا ہے؛ جو ہو مفتری شیطاں کا یار

۱۳۳ کشتیِ اسلام بے لطفِ خدا؛ اب غرق ہے اے جنوں کچھ کام کر؛ بیکار ہیں عقلوں کے وار

۱۳۴ کیسے ہی وہ سخت دل ہوں؛ ہم نہیں ہیں نا اُمّید آیت لا تَیئَسُوا رکھتی ہے دل کو استوار

۱۳۵ کچھ تو سوچو ہوش کر کے؛ کیا یہ معمولی ہے بات جس کا چرچا کر رہا ہے؛ ہر بشر اور ہر دیار

۱۳۶ کیسے پتھر پڑ گئے؛ ہَے ہَے تمہاری عقل پر دِیں ہے منہ میں گرگ کے تم گرگ کے خود پاسدار

۱۳۷ کون سی آنکھیں؛ جو اس کو دیکھ کر روتی نہیں کون سے دل ہیں؛ جو اس غم سے نہیں ہیں بیقرار

۱۳۸ کھا رہا ہے دیں طمانچے ہاتھ سے قوموں کے آج اِک تزلزل میں پڑا اسلام کا عالی منار

۱۳۹ کیوں کریں گے وہ مدد؛ ان کو مدد سے کیا غرض ہم تو کافر ہو چکے؛ ان کی نظر میں بار بار

۱۴۰ کہتے ہیں لوگوں کو ہم بھی زبدۃ الابرار ہیں پڑتی ہے ہم پر بھی کچھ کچھ؛ وحیِ رحماں کی پھُوہار

۱۴۱ کچھ ہی ہو؛ پر وہ نہیں رکھتا زمانہ میں نظیر فوقِ عادت ہے؛ کہ سمجھا جائے گا روزِ شمار

۱۴۲ کب یہ ہوگا؟ یہ خدا کو علم ہے؛ پر اس قدر دی خبر مجھ کو؛ کہ وہ دِن ہوں گے ایّامِ بہار

۱۴۳ کیوں نہیں ڈرتے خدا سے؛ کیسے دل اندھے ہوئے
بے خدا ہرگز نہیں بدقسمتو! کوئی سہار

۱۴۴ کوئی جو ظنِّ بد رکھتا ہے عادت
بدی سے خود وہ رکھتا ہے ارادت

۱۴۵ کوئی جو مُردوں کے عالَم میں جاوے
وہ خود ہو مُردہ؛ تب وہ راہ پاوے

۱۴۶ کہو زندوں کا مُردوں سے ہے کیا جوڑ
یہ کیونکر ہو کوئی ہم کو بتاوے

۱۴۷ کھُل گئی ساری حقیقت سیف کی
کَم کرو اب ناز اس مُردار سے

۱۴۸ کیوں غضب بھڑکا خدا کا؛ مجھ سے پوچھو غافلو!
ہوگئے ہیں اس کا موجب میرے جھُٹلانے کے دن

۱۴۹ کِرمِ خاکی ہوں میرے پیارے! نہ آدم زاد ہوں
فضل کا پانی پِلا؛ اس آگ برسانے کے دن

۱۵۰ کچھ خبر لے؛ تیرے کوچہ میں یہ کس کا شور ہے
کیا میرے دِلدار! تُو آئے گا مَر جانے کے دن

۱۵۱ کون روتا ہے؛ کہ جس سے آسماں بھی رو پڑا
لَرزہ آیا اِس زمیں پر؛ اُس کے چِلاّنے کے دن

کہا کہ آئی ہے نیند مجھ کو؛
کچھ ایسے سوئے، کہ پھر نہ جاگے؛
۱۵۲ یہی تھا آخر کا قول لیکن
تھکے بھی ہم پھر جگا جگا کر

۱۵۳ کچھ کم نہیں یہودیوں میں یہ کہانیاں
پر دیکھو کیسے ہوگئے شیطاں سے ہم عناں

۱۵۴ کیونکر ملے فسانوں سے وہ دلبرِ اَزَل
گر اِک نشاں ہو ملتا ہے سب زندگی کا پھل

۱۵۵ کیا زندگی کا ذوق؛ اگر وہ نہیں ملا
لعنت ہے ایسے جینے پہ؛ گر اُس سے ہیں جُدا

۱۵۶ کوئی بتائے ہم کو؛ کہ غیروں میں یہ کہاں
قِصّوں کی چاشنی میں؛ حلاوت کا کیا نشاں

۱۵۷ کیوں بڑھ گئے زمیں پہ بُرے کام اِس قدر
کیوں ہو گئے عزیزو! یہ سب لوگ کور و کرّ

۱۵۸ کیوں اب تمہارے دل میں وہ صدق وصفا نہیں
کیوں اِس قدر ہے فِسق؛ کہ خوف و حیا نہیں

۱۵۹ کیوں زندگی کی چال سبھی فاسقانہ ہے
کچھ اِک نظر کرو؛ کہ یہ کیسا زمانہ ہے

۱۶۰ کچھ ایسے مَست ہیں وہ رُخِ خُوبِ یار سے
ڈرتے کبھی نہیں ہیں وہ دشمن کے وار سے

۱۶۱ کہتا ہے یہ تو بندۂ عالی جناب ہے
مجھ سے لڑو؛ اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے

۱۶۲ کھینچے گئے کچھ ایسے؛ کہ دنیا سے سو گئے
کچھ ایسا نور دیکھا؛ کہ اس کے ہی ہوگئے

۱۶۳ کچھ ایسے سوگئے ہیں ہمارے یہ ہم وطن
اُٹھتے نہیں ہیں؛ ہم نے تو سوسو کیئے جتن

۱۶۴ کوشش بھی وہ ہوئی؛ کہ جہاں میں نہ ہو کبھی / پھر اتفاق وہ؛ کہ زماں میں نہ ہو کبھی

۱۶۵ کچھ ایسا فضلِ حضرتِ ربّ الوریٰ ہوا / سب دشمنوں کے دیکھ کے اَوساں ہوئے خطا

۱۶۶ کوئی اگر خدا پہ کرے کچھ بھی اِفترا / ہو گا وہ قتل؛ ہے یہی اس جُرم کی سزا

۱۶۷ کرتا نہیں ہے اُن کی مدد وقتِ انتظام / تا مُفتری کے قتل سے؛ قِصّہ ہی ہو تمام

۱۶۸ کیا وہ خدا نہیں ہے؛ جو فرقاں کا ہے خدا / پھر کیوں وہ مُفتری سے کرے؛ اِس قدر وَفا

۱۶۹ کیسا یہ فضل اس سے نمودار ہوگیا / اِک مُفتری کا وہ بھی مددگار ہوگیا

۱۷۰ کیا راستی کی فتح نہیں وعدۂ خدا / دیکھو تو کھول کر سخن پاک کبریا

۱۷۱ کیا یہ عجب نہیں ہے؛ کہ جب تم ہی یاد ہو / پھر میرے فائدے کا ہی سب کاروبار ہو

۱۷۲ کذّاب نام اس کا دفاتر میں رِہ گیا / چالاکیوں کا فخر جو رکھتا تھا بہہ گیا

۱۷۳ کوئی بھی مُفتری ہمیں دنیا میں اب دِکھا / جس پر یہ فضل ہو؛ یہ عنایات، یہ عطا

۱۷۴ کیا تھا یہی معاملہ پاداشِ اِفترا / کیا مفتری کے بارے میں وعدہ یہی ہوا

۱۷۵ کیوں ایک مُفتری کا وہ ایسا ہے آشنا / یا بے خبر ہے عیب سے؛ دھوکے میں آ گیا

۱۷۶ کوئی مُردوں سے کیونکر راہ پاوے / مَرے؛ تب بے گماں مُردوں میں جاوے

۱۷۷ کہاں آیا کوئی؛ تا وہ بھی آوے / کوئی اِک نام ہی ہم کو بتاوے

۱۷۸ کیونکر ہو وہ نظر؛ کہ تمہارے وہ دل نہیں / شیطاں کے ہیں؛ خدا کے پیارے وہ دل نہیں

۱۷۹ کچھ کچھ جو نیک مرد تھے؛ وہ خاک ہوگئے / باقی جو تھے؛ وہ ظالم و سفّاک ہوگئے

۱۸۰ کفر کے زہر کو یہ ہے تریاق / ہر وَرق اس کا جامِ صحّت ہے

۱۸۱ کیا وہ خدا جو ہے تِری جاں کا خدا نہیں / ایماں کی بُو نہیں؛ تیرے ایسے جواب میں

۱۸۲ کوئی کشتی اب بچا سکتی نہیں اِس سَیل سے / حِیلے سب جاتے رہے؛ اِک حضرتِ توّاب ہے

۱۸۳ کیوں نہ آویں زلزلے؛ تقویٰ کی رَہ گُم ہوگئی / اِک مُسلماں بھی؛ مُسلماں صرف کہلانے کو ہے

۱۸۴ کس نے مانا مجھ کو ڈر کر کس نے چھوڑا بُغض و کیں / زندگی اپنی تو اُن سے گالیاں کھانے کو ہے

۱۸۵ کافر و دجّال اور فاسق ہمیں سب کہتے ہیں / کون ایماں صدق اور اخلاص سے لانے کو ہے

۱۸۶ کرتا ہے معجزوں سے وہ یار دِیں کو تازہ — اسلام کے چمن کی بادِصبا یہی ہے
۱۸۷ کس کام کا وہ دِیں ہے؛ جس میں نشاں نہیں ہے — دِیں کی میرے پیارو! ذرّیں قبا یہی ہے
۱۸۸ کیڑا جو دَب رہا ہے؛ گوبر کی تہ کے نیچے — اُس کے گُماں میں اُس کا اَرض و سما یہی ہے
۱۸۹ کچھ کم نہیں بُتوں سے؛ یہ ہندوؤں کا ایشر — سچ پوچھیئے تو واللہ! بُت دوسرا یہی ہے
۱۹۰ کہنے کو وید والے؛ پَر دِل ہیں سب کے کالے — پردہ اُٹھا کے دیکھو! اِن میں بھرا یہی ہے
۱۹۱ کیا وَصف اُس کے کہنا؛ ہر حَرف اُس کا گہنا — دِلبر بہت ہیں دیکھے؛ دل لے گیا یہی ہے
۱۹۲ کہتے ہیں حُسنِ یوسُفؑ دِلکش بہت تھا؛ لیکن — خوبی و دِلبری میں؛ سب سے سِوا یہی ہے
۱۹۳ کیوں ہوگئے ہیں اس کے دشمن یہ سارے گُمراہ — وہ رہنما ہے؛ رازِچون و چرا یہی ہے
۱۹۴ کہتے ہیں جوشِ اُلفت یکساں نہیں ہے رہتا — دل پر میرے پیارے! ہر دَم گھٹا یہی ہے
۱۹۵ کیونکر تبہ وہ ہووے؛ کیونکر فنا وہ ہووے — ظالم جو حق کا دشمن؛ وہ سوچتا یہی ہے
۱۹۶ کس دِیں پہ ناز اُن کو؛ جو وید کے ہیں حامی — مذہب جو پھل سے خالی؛ وہ کھوکھلا یہی ہے
۱۹۷ کہ گر ایشر نہیں رکھتا یہ طاقت — کہ اِک جاں بھی کرے پیدا بقُدرت
۱۹۸ کہاں کرتی ہے عقل اُس کو گوارا — کہ بِن قدرت ہوا یہ جگت سارا
۱۹۹ کہ کر سکتا نہیں اِک جاں کو پیدا — نہ اِک ذرّہ ہوا اُس سے ہَویدا
۲۰۰ کہ جس دَم پاگئی مُکتی ہر اِک جاں — تو پھر کیا رِہ گیا ایشر کا ساماں
۲۰۱ کہاں سے لائے گا وہ دوسری رُوح — کہ تا قدرت کا ہو پھر باب مفتوح
۲۰۲ کیا یہی تقویٰ یہی اسلام تھا — جس کے باعث سے تمہارا نام تھا
۲۰۳ کیا خوب ہے یہ کتاب سُبحان اللّٰہ — اِک دَم میں کرے ہے دِینِ حق سے آگاہ
۲۰۴ کبھی نصرت نہیں مِلتی دَرِمَولیٰ سے گندوں کو — کبھی ضائع نہیں کرتا وہ اپنے نیک بندوں کو
۲۰۵ کچھ شعر و شاعری سے اپنا نہیں تعلق — اِس ڈھب سے کوئی سمجھے،بس مدّعا یہی ہے

# دُرِّعدن

۲۰۶ کفر کے ہاتھوں سے پاسکتے نہیں جائے مفر
نرغۂ بدباطناں سے بڑھ رہا ہے شوروشر
کیوں نہ ہو ہراہلِ دل کا دیکھ کر زخمی جگر

۲۰۷ کشتیٔ دینِ محمدؐ؛ جس نے کی تیرے سپرد
ہو تیری کشتی کا حافظ؛ وہ خدائے قادیاں

۲۰۸ کس کے محبوب کی آمد ہے؛ کہ ہر خورد و کلاں
نشۂ عشق میں؛ مخمور نظر آتا ہے

۲۰۹ کیونکر کہوں کہ ناز سے خالی ہے میرا دل
پیارے! مجھے بھی تیری محبت پہ ناز ہے

۲۱۰ کیا کہیں ہم کہ کیا دیا تُو نے
ہر بلا سے چھُڑا دیا تُو نے

۲۱۱ کیوں نہ پھر ہو جمال میں کامل
جب کہ نورِ جمیل ہے احمد

۲۱۲ کیا تیری قدر و قیمت تھی کچھ سوچ تیری کیا عزّت تھی
تھا موت سے بَد تَر وہ جینا؛ قسمت سے اگر بچ جاتی تھی

۲۱۳ کوئی راہ نزدیک تَر راہِ محبت سے نہیں
خوب فرمایا یہ نکتہ؛ مہدیٔ آخر زماں

۲۱۴ کیا دیکھ لیا پھر جو پلٹ کر نہیں دیکھا
کھوئے گئے دنیا سے پرستارِ محبت

۲۱۵ کوچہ میں تیرے گرم ہے بازارِ محبت
سَر بیچتے پھرتے ہیں خریدارِ محبت

۲۱۶ کون دیتا جان دنیا میں کسی کے واسطے
تُو نے اس جنسِ گراں مایہ کو ارزاں کر دیا

۲۱۷ کھٹکا نہ کوئی فعل تمہارا مجھے؛ تمہیں
آرامِ قلب و جان و سکینت نصیب ہو

۲۱۸ کر دیئے سینے سپر مرتے گئے بڑھتے گئے
منہ پھرایا کفر کے ہر لشکرِ جرّار کا

۲۱۹ کیا یہ بہتر نہیں مولا ترا ناصر ہو جائے
نامرادیٔ عدو خَلق پہ ظاہر ہو جائے

۲۲۰ کون دکھلائے گا ہم کو آسمانی روشنی؟
چودھویں کا چاند چھُپ جائے گا اب زیرِ زمیں

۲۲۱ کر نہیں سکتا کوئی انکار عالَم ہے گواہ
جو کہا تھا اُس نے آخر کر دکھایا بالیقیں

۲۲۲ کوئی پوچھے کس گُنہ کی اس کو ملتی تھی سزا؟
کس خطا پر تیر برسائے؟ گروہِ ظالمیں!

۲۲۳ کیا التجا کروں کہ مجسم دعا ہوں مَیں
سر تا بہ پا سوال ہوں؛ سائل نہیں ہوں مَیں

۲۲۴ کشتیٔ عمرِرواں یکدَم کدھر کو مُڑ گئی
اِک ہوا ایسی چلی؛ کہ گھر کی رونق اُڑ گئی

۲۲۵ کوئی ہمسر نہیں جس کا؛ نہ ثانی
پتہ اس یار کا اس نے دیا ہے

۲۲۶ کوئی اس کو نہ جب تک آپ چھوڑے
کسی کو خود نہیں وہ چھوڑتا ہے

۲۲۷ کچھ ایسے گُل ہیں جو پژمردہ ہیں جدا ہو کر
انہیں بھی یاد رکھو؛ گلستاں میں رہتے ہو

۲۲۸ کیا کرتے جو حاصل یہ وسیلہ بھی نہ ہوتا
یہ آپ سے دو باتوں کا حیلہ بھی نہ ہوتا

۲۲۹ کب راہ ان کی تیرے فرشتے کریں گے صاف
کب ہوں گے واپسی کے اشارے کب آئیں گے

۲۳۰ کب پھر منارِشرق پہ چمکے گا آفتاب
شب کب کٹے گی؛ دن کے نظارے کب آئیں گے

۲۳۱ کہتا ہے رو کے دل شبِ تاریکِ ہجر میں
وہ مہر و ماہتاب تمہارے کب آئیں گے؟

۲۳۲ کڑا وَقت ہے اور بڑا اِضطراب
کھلے ہیں مگر اس کی رحمت کے باب

۲۳۳ کہا میرے بندو! نہ ہونا ملول
دعائیں کرو؛ مَیں کروں گا قبول

۲۳۴ کرم سے انہیں تندرستی عطا کر
بلائیں ٹلیں اور خوشیاں دِکھا دے

۲۳۵ کہو سننے والو! میرے ساتھ آمین
خدا تم کو بہتر سے بہتر جزا دے

۲۳۶ کون جی میرا آج بہلائے
کس کو دل داغ اپنے دِکھلائے

۲۳۷ کرنا ہے جس کو پار؛ وہ سرحد قریب ہے
ہمت کرو زمینِ اَب و جَد قریب ہے

۲۳۸ کہہ چکا ہے رحمتِ عالم کا فرزندِ جلیل
' ہم ہوئے دلبر کے اور دلبر ہمارا ہوگیا '

۲۳۹ کام کو جس کے چلا ہے خود وہ تیرے ساتھ ہے
اے مِرے ناصر! ہے تیرا حافظ و ناصر خدا

۲۴۰ کب تک ہوائیں چرخِ چہارم کی کھاؤ گے
اے ابنِ مریم! اب بھی تشریف لاؤ گے

۲۴۱ کاغذی عکس بھی ہیں دل پہ مِرے نقش؛ مگر
بولتی ہنستی وہ تصویر کہاں سے لاؤں؟

۲۴۲ کیوں نہ تڑپا دے وہ سب دنیا کو اپنے سوز سے
درد میں ڈوبی نکلتی ہے؛ صدائے قادیاں

## کلامِ طاهر

۲۴۳ کر ڈالیں مِسمار مساجد؛ لُوٹ لئے کتنے ہی مَعابِد
جن کو پلید کہا کرتے تھے لے بھاگے سب اُن کا جُوٹھا

۲۴۴ کاٹھ کی ہنڈیا کب تک چڑھتی؛ وہ دن آنا تھا کہ پھُٹتی
وہ دن آیا اور فریب کا؛ چورا ہے میں بھَانڈا پھوٹا

۲۴۵ کہتے ہیں پولیس نے آخر؛ کھود پہاڑ، نکالا چوہا
جاء الحق وزھق الباطل؛
ان الباطل کان زھوقا

۲۴۶ کیا حال تمہارا ہوگا؛ جب شدّاد ملائک آئیں گے — سب ٹھاٹھ دھرے رِہ جائیں گے جب لاد چلے گا بنجارا

۲۴۷ کیا ظلم و ستم رِہ جائیں گے؛ — اے دیس سے آنے والے بتا!
اب دنیا میں پہچانِ وطن — کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۲۴۸ کیا اب بھی عوام وہاں؛ — سیلاب تھپیڑے ماریں؛
جب بگڑیں بھاگ، اذانیں دیتے ہیں — تو سب جاگ اذانیں دیتے ہیں

۲۴۹ کیا اب بھی سفید مناروں سے؛ — دھرتی کے نصیب اجڑتے ہیں؛
نفرت کی منادی ہوتی ہے — جب ناگ اذانیں دیتے ہیں

۲۵۰ کبھی مخلوق ہوگئی رُوست — آتِش و آب عین ذات بنے

۲۵۱ کتنے منصوؔر چڑھ گئے سَرِ دار — کتنے نعرے تعلّیات بنے

۲۵۲ کتنے عُزّیٰؔ بنے؟ مٹے کے بار؟ — کتنے لاتؔ اُجڑے؛ کتنے لاتؔ بنے

۲۵۳ کتنے محمودؔ آئے؛ کتنی بار — سومناتؔ اُجڑے؛ سومناتؔ بنے

۲۵۴ کل آنے کا جو وعدہ تھا؛ آکر تو دیکھتے — تڑپا تھا کوئی کِس طرح کل آپ کیلئے

۲۵۵ کنارِآبِ جُو تِشنہ لبوں کی آزمائش کو — کہیں کَرب وبَلا کا اِک کڑاوِیرانہ آتا ہے

۲۵۶ کبھی ذکرِقتیلِ حیدرآباد اِن پہ مِلتا ہے — کہیں نوّابشاؔہ کا دُکھ بھرا اَفسانہ آتا ہے

۲۵۷ کہیں ہے کوئٹہؔ کی داستانِ ظلم وسفّا کی — کہیں اوکاڑہؔ اور لاہوؔر اور بُچیانہؔ آتا ہے

۲۵۸ کہیں ہے ماجرائے گُجرانوالہؔ کی لہوپاشی — کہیں اِک سانحہ ٹوپیؔ کا سفّاکانہ آتا ہے

۲۵۹ کبھی یادوں کی اِک بارات یوں دل میں اُترتی ہے — کہ گویا رِندِتشنہ لَب کے گھر مَے خانہ آتا ہے

۲۶۰ کافور ہوا باطِل؛ سب ظلم ہوئے زائل — اُس شمس نے دِکھلائی جب شانِ خودآرائی

۲۶۱ کی سیراب بلندی پَستی؛ زندہ ہوگئی بستی بستی — بادہ کشوں پر چھاگئی مستی؛ اِک اِک ظرف بھرابَر کھانے

۲۶۲ کوچے کوچے میں بپاشور 'متیٰ نَصرُاللّٰہ' — لاجَرم نصرتِ باری ہے قریں؛ آج کی رات

۲۶۳ کافر و مُلحد و دجّال بَلا سے ہوں مگر — تیرے عُشّاق کوئی ہیں، تو ہمیں؛ آج کی رات

۲۶۴ کاش اُتر آئیں یہ اُڑتے ہوئے سیمیں لمحات — کاش یُوں ہو کر ٹھہر جائے یہیں؛ آج کی رات

۲۶۵ کیا ادا ہے، مِرے خالق مِرے مالک؛ مِرے گھر — چھُپ کے چوروں کی طرح رات کو آنے والے

۲۶۶ کرو تیاری؛ بس اب آئی تمہاری باری — یوں ہی ایّام پھِرا کرتے ہیں باری باری

۲۶۷ کیا موج تھی؛ جب دل نے جَپے نام خدا کے — اِک ذکر کی دھونی مِرے سینے میں رَما کے

۲۶۸ کلیدِ فتح و ظفر تھمائی تمہیں خدا نے اب آسماں پر — نشانِ فتح و ظفر ہے لکھا گیا تمہارے ہی نام کہنا

۲۶۹ کون رَہِ فِراق سے لَوٹ کے پھر نہ آسکا — کس کے نقوشِ منتظر؛ رِہ گئے بے محل پڑے

۲۷۰ کیا جلتا ہے کہ چمنیوں سے؛ / اُٹھتا ہے دھواں آہوں کی طرح — اِک درد بہَ داماں سُرمئی رُت نے؛ / سارا اُفق کجلایا ہے

۲۷۱ کوئی احمدیوں کے اِمام سے بڑھ کر کیا دنیا میں غنی ہوگا — ہیں سچے دل اس کی کی دولت اخلاص اس کا سرمایہ ہے

۲۷۲ کیا قبروں پر رو رو کر ہی؛ / نینوں کی پیاس بجھا لیں گے — کیا یوں بھی کسی نے؛ / رُوٹھے یار منا کر بھاگ جگائے ہیں

۲۷۳ کہہ رہا ہے خِرامِ بادِ صبا — جب تلک دَم چلے؛ مُدام چلو

۲۷۴ کبھی ٹھہرو؛ تو مثلِ ابرِ بہار — جب برَس جائے فیضِ عام؛ چلو

۲۷۵ کیا تم کو خبر ہے؛ رَہِ مولا کے اَسیرو — تم سے مجھے اِک رشتۂ جاں سب سے سِوا ہے

۲۷۶ کس دن مجھے تم یاد نہیں آئے؛ مگر آج — کیا روزِ قیامت ہے؛ کہ اِک حشر بپا ہے

۲۷۷ کنارے گونج اٹھے ہیں زمیں کے؛ جاگ اُٹھو — کہ اِک کروڑ صدا؛ اِک صدا سے اٹھی ہے

۲۷۸ کرتے تھے آ آ کے بسیرے؛ پنکھ پکھیرو شام سویرے — پھولوں اور پھلوں سے بوجھل بُستاں کا ایک ایک شجر تھا

۲۷۹ کبھی اِذن ہو؛ تو عاشق، دَرِیار تک تو پہنچے — یہ ذرا سی اِک نگارش ہے؛ نِگار تک تو پہنچے

۲۸۰ کچھ عجب نہیں کہ کانٹوں کو بھی پھول پھل عطا ہوں — مِری چاہ کی حلاوت رَگِ خار تک تو پہنچے

۲۸۱ کسے فکرِ عاقبت ہے؛ انہیں بس یہی بہت ہے — کہ رہینِ مرگ؛ داتا کے مزار تک تو پہنچے

۲۸۲ کبھی تو آ کے ملیں گے؛ چلو خدا کے سپرد — کبھی تو دیکھیں گے اِحیائے نَو کا ہم اعجاز

۲۸۳ کانٹوں نے بہت یاد کیا اُن کو خزاں میں — جو گل کبھی زندہ تھے؛ بہاروں کے سہارے

۲۸۴ کیا ان کا بھروسہ ہے؛ جو دیتے تھے بھروسے — لو مَر گئے؛ جیتے تھے جو پیاروں کے سہارے

۲۸۵ کوئی مذہب ہے سِسکتی ہوئی روحوں کا نہ رنگ    ہر ستم دیدہ کو انسان ہی پایا ہم نے

۲۸۶ کوئی قشقہ ہے دکھوں کا؛ نہ عمامہ، نہ صلیب    کوئی ہندو ہے، نہ مسلم ہے؛ نہ عیسائی ہے

۲۸۷ گُوڑے چار دِناں دے میلے؛ اِکّو گل اِی سچّ اے    لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ تے اَللّٰھُمّ صَلِّ

۲۸۸ کبھی طے کرے یونہی سوچ سوچ میں؛    مِرے پیچھے آ کے دَبے دَبے؛
وہ فراق کے فاصلے    مِری آنکھیں مُوند، ہنسا کرے

۲۸۹ کِس نے لُوٹا ہوا ہوتا مِرے چندا کا قرار    کروٹیں کس کی جدائی میں بدلتا ہوتا

۲۹۰ کبھی ہم اُس کو لطیفوں سے ہنساتے تھے بہت    کبھی گاتے تھے؛ تو وہ پیار سے سمجھاتا تھا

۲۹۱ کتنا خوش نصیب ہوں کہ میں؛    اِک غلام، خیرالانبیاء کا؛
تجھ سے ہو رہا ہوں ہَم کلام    غلام دَر غلام دَر غلام

۲۹۲ کانٹوں میں ہائے! کیوں میری ہستی اُلجھ گئی    وہ مجھ پہ کِھل کِھلا اُٹھا ہے؛ لالہ زار دیکھ

۲۹۳ کبھی اپنا بھی اِک شناسا تھا    کوئی میرا بھی آسرا سا تھا

۲۹۴ کبھی مَیں بھی کسی کا تھا مطلوب    یا مجھے بس یونہی لگا سا تھا

۲۹۵ کیسی کیسی شرم تھی؛ کیا کیا حیا تھی پردہ دار    پیار جب معصوم تھا؛ اور وجہِ رُسوائی نہ تھا

۲۹۶ کیا علم تھا کہ راہ میں دیکھے گا قیس کو    دیکھا؛ تو ڈَر سے سینہ میں دل ہی اُچھل پڑا

## کلامِ محمود

۲۹۷ کلامِ پاک کی اُلفت کا اِن کے دل میں گھر کر دے    نبیؐ سے ہو محبت؛ اور تعشّق ان کو ہو تجھ سے

۲۹۸ کبھی آتا نہ کوئی دوست کسی دوست کے کام    دل سے تھا محو ہوا؛ مہر و محبت کا نام

۲۹۹ کوئی عالِم کبھی اس مُلک میں آجاتا تھا    دیکھ کر اس کا یہ حال؛ اَشک بہا جاتا تھا

۳۰۰ کالجوں کے بھی ہی شہروں میں کھُلے دروازے    ہر جگہ ہوتے ہیں اب علم و ہنر کے چرچے

۳۰۱ کام وہ کر کے دکھایا؛ کہ جو ناممکن تھا    آئے جب ہند میں وہ؛ کیا ہی مبارک دن تھا

۳۰۲ کچھ صلاحیت جو رکھتے ہو؛ تو حق کو مان لو    یاد رکھو دوستو! یہ پھر نہیں آنے کے دن

۳۰۳ کِبر و نخوت سے خُدارا! باز آؤ تم؛ کہ اَب    جلد آنے والے ہیں؛ وہ آگ بھڑکانے کے دن

۳۰۴ کس لیے خوش ہے؛ یہ تجھ کو بات ہاتھ آئی ہے کیا  یہ نہ خوش ہونے کے دن ہیں؛ بلکہ تھرّانے کے دن
۳۰۵ کچھ بھی گر عقل و خِرد سے کام تُو لیتا؛ تو یہ  دِیں میں جو ہیں بَل پڑے ہیں اُن کو سُلجھانے کے دن
۳۰۶ کھولتا ہوں مَیں زُباں وَصف میں اُس کے یارو!  جس کے اَوصافِ حمیدہ نہیں ہو سکتے رَقم
۳۰۷ کون سا مولوی ہے؛ جو نہیں دُشمن تیرا  کون ہے؛ جو کہ یہودی عُلما سے ہے کم
۳۰۸ کون سا چھوڑا ہے حِیلہ تیری رُسوائی کا  ہر جگہ کرتے ہیں یہ حق میں ترے سَبّ وشَتم
۳۰۹ کر نہیں سکتے یہ کچھ بھی تِرا؛ اے شاہِ جہاں!  ہَفت خواں بھی جو یہ بن جائیں؛ تو تُو ہے رُستم
۳۱۰ کوئی اتنا تو بتائے؛ یہ اکڑتے کیوں ہیں  بات کیا ہے کہ یہ پھِرتے ہیں نہایت خُرّم
۳۱۱ کُفر نے کر دیا اِسلام کو پامال غضب  شِرک نے گھیر لی توحید کی جا؛ وائے سِتم
۳۱۲ کِس راہ سے اِبنِ مریم آئے  مُدّت ہوئی؛ وہ تو مَر چکا ہے
۳۱۳ کیوں بھُولے ہو دوستو! اِدھر آؤ!  اِک مَردِ خُدا پُکارتا ہے
کرے گا قدرت سے اپنی پیدا وہ شخص؛  مسیحِ دوراں، مثیلِ عیسیٰؑ؛
۳۱۴ جس کا کیا ہے وعدہ  جو میری اُمّت کا رہنما ہے
۳۱۵ کہ اے مثیلِ مسیح وعیسیٰؑ! ہوں سخت محتاج میں دُعا کا  خُدا تری ہے قبول کرتا؛ کہ تُو اِس اُمّت کا ناخُدا ہے
۳۱۶ کہتے ہیں وہ اِمام تمھارا؛ تمھیں سے ہے  جو ہے بڑی ہی شوکت و جبروت و شان کا
۳۱۷ کچھ یاس و نااُمیدی کو دِل میں جگہ نہ دو  اب جلد ہوچکے گا یہ موسم خزان کا
۳۱۸ کافر بھی کہہ اُٹھیں گے؛ کہ سچا ہے وہ بزرگ  دعویٰ کیا ہے جس نے؛ مسیح الزّمان کا
۳۱۹ کیا تم کو نہیں خوف رہا روزِ جزا کا  یوں سامنا کرتے ہو؛ جو محبوبِ خُدا کا
۳۲۰ کل تلک تو یہ نہ چھوڑے گا کہیں کا ہم کو  آج ہی سے جو لگا ہے غمِ فَردا ہم کو
۳۲۱ کچھ نہیں فِکر؛ لگائی ہے خُدا سے جب لَو  گو سمجھتا ہے بُرا؛ اپنا پَرایا ہم کو
۳۲۲ کہیں موسیٰؑ کی طرح حشر میں بیہوش نہ ہوں  لگ رہا ہے اِسی عالَم میں یہ دھڑکا ہم کو
۳۲۳ کیوں ہو رہا ہے خُرّم و خوش آج کُل جہاں  کیوں ہردیاروشہر ہُوا رَشکِ بوستاں
۳۲۴ کریں کیونکر نہ تیرا شُکر یارب!  کہ تُو نے لے لیا ہم کو اَماں میں

۳۲۵ کہاں ہے لالہ و گُل میں وہ مِلتی
جو خُوبی ہے مِرے اِس دِلستاں میں

۳۲۶ کلامِ پاک بھی موجود ہے؛ اِسے پڑھ لے
ہمارا تجھ کو جو؛ اے قوم! اعتبار نہیں

۳۲۷ کبھی تو دل پہ بھی جا کر اثر کرے گی بات
سُنائے جائیں گے ہم؛ تم کہو ہزار 'نہیں'

۳۲۸ کروڑ جاں ہو؛ تو کردُوں فِدا محمدؐ پر
کہ اس کے لُطف وعنایات کا شمار نہیں

۳۲۹ کرے قرآن پر چِشمک حَسَد سے
کہاں دشمن میں یہ تاب وتواں ہے

۳۳۰ کسی کو بھی نہیں مذہب کی پروا
ہر اِک دنیا کا ہی شَیدا ہوا ہے

۳۳۱ کِساں کو اِک نظر دیکھو خُدارا!
جو بوتا ہے؛ اُسی کو کاٹتا ہے

۳۳۲ کُفر مِٹ جائے گا؛ زور اِسلام کا ہو جائے گا
ایک دِن حاصل ہمارا مُدَّعا ہوجائے گا

۳۳۳ کیوں نہ گردابِ ہلاکت سے نکل آئے گی قوم
کشتیِٔ دِیں کا خُدا جب ناخُدا ہوجائے گا

۳۳۴ کرلو جو کچھ موت کے آنے سے پہلے ہو سکے
تیر چھُٹ کر موت کا؛ پھر کیا خطا ہوجائے گا؟

۳۳۵ کِرمِ خاکی ہوں؛ نہیں رکھتا کوئی پروا میری
دشمنوں پر مَیں گِراں ہوں؛ دوستوں پر بار ہوں

۳۳۶ کچھ نہیں حالِ کلیسا و صَنَم خانہ کا عِلم
نشۂ جامِ مئے وَحدت میں؛ مَیں سرشار ہوں

۳۳۷ کیا کروں جا کر حَرَم میں؛ مجھ کو ہے تیری تلاش
دار کا طالِب نہیں ہوں؛ طالِبِ دِیدار ہوں

۳۳۸ کام دیتی ہے عصا کا آیتِ لاتَقنَطُوا
وَرنہ عِصیاں نے تو میری توڑ ڈالی ہے کمر

۳۳۹ کوئی گیسو مِرے دِل سے پریشاں ہو نہیں سکتا
کوئی آئینہ مجھ سے بڑھ کے حیراں ہو نہیں سکتا

۳۴۰ کوئی یادِ خُدا سے بڑھ کے مہماں ہو نہیں سکتا
وہ ہو جس خانۂ دِل میں؛ وہ ویراں ہو نہیں سکتا

۳۴۱ کوئی مجھ سا گناہوں پر پشیماں ہو نہیں سکتا
کوئی کیوں غفلتوں پر اپنی گِریاں ہو نہیں سکتا

۳۴۲ کِیا تھا پہلے دِل کا خون؛
اب جاں لے کے چھوڑیں گے
دِیَت کا بھی تو مَیں؛
اِس ڈَر سے خواہاں ہو نہیں سکتا

۳۴۳ کیا جانیے کہ دِل کو مِرے آج کیا ہوا
کِس بات کا ہے اس کو یہ دھڑکا لگا ہوا

۳۴۴ کیوں اِس قدر یہ رَنج و مصیبت میں چُور ہے
کیوں اس سے اَمن وعیش ہے بالکل چھُٹا ہوا

۳۴۵ کیوں اس کی آب وتاب وہ؛ مٹی میں مِل گئی؟
جیسے ہو خاک میں کوئی موتی مِلا ہوا

۳۴۶ کیا غم ہے؛ اور دَرد ہے کس بات کا اِسے — کِس رَنج اور عذاب میں ہے مُبتلا ہوا
۳۴۷ کوشاں حصولِ مطلبِ دِل میں ہوں اس قدر — کہتا ہوں تم کو سچ ہمہ تن اِلتجا ہوں مَیں
۳۴۸ کچھ اپنے تَن کا فِکر ہے مجھ کو؛ نہ جان کا — دِینِ مُحمّدیؐ کیلئے مَر رہا ہوں مَیں
۳۴۹ کہتا ہوں سچ کہ فِکر میں تیری ہی غرق ہوں — اے قوم سُن! کہ تیرے لیے مَر رہا ہوں مَیں
۳۵۰ کیا جانے تُو کہ کیسا مجھے اِضطراب ہے — کیسا تپاں ہے سینہ؛ کہ دِل تک کباب ہے
۳۵۱ کوئی وہ دِن تھا کہ پاس اپنے وہ تھے بٹھاتے بُلا بُلا کر — نکالتے ہیں مگر وہاں سے دھتا مجھے اب بتا بتا کر
۳۵۲ کبھی جو تعریف کیجئے؛ تو وہ کہتے ہیں یوں بگڑ بگڑ کر — مِزاج میرا بِگاڑتے ہیں؛ بنا بنا کر، بنا بنا کر
۳۵۳ کھینچ کر پردہ رُخِ یار کو عُریاں کر دیں — وہ ہمیں کرتے ہیں؛ ہم ان کو پریشاں کر دیں
۳۵۴ کتنی ہی پُل صِراط کی گو تیز دھار ہو — یاربّ! مِرا وہاں بھی قدم اُستوار ہو
۳۵۵ کیسا فقیر ہے وہ جو دِل کا نہ ہو غنی — وہ زار کیا؛ جو رَنج ومصیبت سے زار ہو
۳۵۶ کُوچۂ یار سے ہے مجھ کو نکلنا دُوبھر — کیا تجھے وَعدہ تِرا لَغزِشِ پا یاد نہیں
۳۵۷ کون دے دِل کو تسلّی؛ ہر گھڑی — اَب اَڑے وَقتوں میں آڑے آئے کون
۳۵۸ کون دِکھلائے ہمیں راہِ ھُدیٰ — حضرتِ باری سے اَب مِلوائے کون
۳۵۹ کون دنیا سے کرے ظُلمت کو دُور — راہ پر بھُولے ہوؤں کو لائے کون
۳۶۰ کون میرے واسطے زاری کرے — دَرگہِ رَبی میں؛ میرا جائے کون
۳۶۱ کل نہیں پڑتی اِسے اُس کے سِوا — اِس دِلِ غمگیں کو اب سمجھائے کون
۳۶۲ کِس کی تقریروں سے اَب دِل شاد ہو — اپنی تحریروں سے اب پھڑکائے کون
۳۶۳ کِس کے کہنے پر مِلے دِل کو غِذا — ہم کو آبِ زندگی پلوائے کون
۳۶۴ کون دے دِل کو مِرے صبر و قرار — اَشکِ خُونیں آنکھ سے پُنچھوائے کون
۳۶۵ کرے گا نعرۂ اللہ اکبر کوئے قاتل میں — ابھی تک کچھ نہ کچھ باقی ہے دَم اِس مُرغِ بِسمل میں
۳۶۶ کسی کی موت نے سب کچھ بھُلا دیا مجھ کو — اس ایک چوٹ نے ہی سٹپٹا دیا مجھ کو
۳۶۷ کسی نے ثانیٔ شیطاں بنا دیا مجھ کو — کسی نے لے کے فرشتہ بنا دیا مجھ کو

٣٦٨ کبھی جو طالبِ دیدِ رُخِ نگار ہوا　　تو آئینہ میں میرا مُنہ دِکھا دیا مجھ کو

٣٦٩ کوئی خوش ہے، شاد ہے؛ سَرشار ہے　　کوئی اپنی جان سے بیزار ہے

٣٧٠ کیا ڈراتے ہیں مجھے خنجر سے وہ　　جِن کے سَر پر کھنچ رہی تلوار ہے

٣٧١ کلام اللہ میں سب کچھ بھرا ہے　　یہ سب بیماریوں کی اِک دَوا ہے

٣٧٢ کلام اللہ سب اس کو پڑھایا　　بنایا گُلشنِ قرآں کا گُل چیں

٣٧٣ کرے اس کی اگر تُو آب پاشی　　تو پھر ممکن نہیں بیمِ خزاں ہو

٣٧٤ کیا سبب مَیں ہو گیا ہوں اس طرح زار و نزار　　کس مصیبت نے بنایا ہے مجھے نَقشِ جِدار

٣٧٥ کیوں پھٹا جاتا ہے سینہ جَیبِ عاشِق کی مِثال　　روز و شَب صبح و مَسا رہتا ہوں مَیں کیوں دِلفگار

٣٧٦ کیوں تسلی اِس دِلِ بے تاب کو ہوتی نہیں　　کیا سبب اِس کا کہ رہتا ہے یہ ہر دَم بےقرار

٣٧٧ کیا سبب جو خون ہو کر بہہ گیا میرا جگر　　بھید کیا ہے میری آنکھیں جو رَواں ہیں سَیل وار

٣٧٨ کون ہے صَیّاد میرا ،کِس کے پھندے میں ہوں مَیں　　کس کی اُفسونی نِگاہ نے کر لیا مجھ کو شکار

٣٧٩ کیوں مَیں میدانِ تفکّر میں بَرہنہ پا ہوا　　کیوں چلے آتے ہیں دوڑے میری پابوسی کو خار

٣٨٠ کچھ خبر بھی ہے تمھیں مجھ سے یہ سب کچھ کیوں ہوا　　کیوں ہوئے اتنے مصائب مجھ سے آ کر ہمکِنار

٣٨١ کیا قصور ایسا ہوا جس سے ہوا مَعتوب مَیں　　کیا کیا جس پر ہوئے چاروں طرف سے مجھ پہ وار

٣٨٢ کِس کی فُرقت میں ہُوا ہوں رَنج وغم سے ہمکِنار　　ہِجر میں کِس کی تڑپتا رہتا ہوں لیل ونہار

٣٨٣ کِس کے لَعلِ لَب نے چھینا سب شکیب واِصطِبار　　کِس کی دُزدِیدہ نگاہ نے لے لیا میرا قرار

٣٨٤ کِس کے نازوں نے بنایا ہے مجھے اپنا شکار　　کس کے غَمزہ نے کیا ہے مِثلِ باراں اَشکبار

٣٨٥ کہتے ہیں بہرِ خریدِ یُوسفِ فرخندہ فال　　ایک بڑھیا آئی تھی باحالتِ زارونزار

٣٨٦ کور ہیں آنکھیں جنھوں نے شکل وہ دیکھی نہیں　　گوش کر ہیں جو نہیں سُنتے کبھی گُفتارِ یار

٣٨٧ کبھی جس کو رِشیوں نے مُنہ سے لگایا　　وہی جام اب مَیں پیا چاہتا ہوں

٣٨٨ کچھ اُمنگیں تھیں کچھ اُمیدیں تھیں　　یاد آتے ہیں اب وہ خواب مجھے

۳۸۹ کچھ اس میں کشش ہی ایسی ہے؛ وَرنہ مَیں اپنی جان سے؛
دل ہاتھ سے نکلا جاتا ہے کچھ ایسا بھی بیزار نہیں

۳۹۰ کیااس سے بڑھ کر راحت ہے؛ تُو جان کا لینے والا بَن؛
جاں نکلے تیرے ہاتھوں میں مجھ کو تو کوئی انکار نہیں

۳۹۱ کبھی سے خانۂ خَمّار کا کھُلا ہے دَر جو چُپکے بیٹھے ہیں وہ بادہ خوار کیسے ہیں

۳۹۲ کوئی مِلتا نہیں دنیا کو رہبر نگاہیں آکے مجھ پر ہی ٹِکی ہیں

۳۹۳ کِس زور سے کعبہ میں کہی تم نے مِری جاں! اِک گونجتی تکبیر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی

۳۹۴ کُـــــن کہہ کے نیاباب؛ بَلاغت کا ہے کھولا ہے چھوٹی سی تقریر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی

۳۹۵ کیا ہوا ہاتھ سے اسلام کے نکلی جو زمیں دل پہ وہ اُس کی حکومت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۳۹۶ کُفر نے تیرے گِرانے کے کئے لاکھ جتن تیری وہ شان، وہ شوکت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۳۹۷ کوچۂ دِلبر کے رستہ سے ہے دنیا بے خبر پُوچھنا ہو آپ نے گر؛ تو ہمیں سے پوچھیئے

۳۹۸ کس قدر تو بائیں توڑی ہیں یہ ہے دل کو خبر کس قدر پونچھے ہیں آنسو؛ آستیں سے پوچھیئے

۳۹۹ کس قدر صدمے اُٹھائے ہیں ہمارے واسطے قلبِ پاکِ **رحمۃللعالمیں** سے پوچھیئے

۴۰۰ کُفر کے چشمے سے کیا نسبت اسے میرے چشمہ کا ذرا پانی تو دیکھ

۴۰۱ کیا آپ ہی کو نیزہ چبھونا نہیں آتا؟ یا مجھ کو ہی تکلیف میں رونا نہیں آتا

۴۰۲ کہتے ہیں کہ مِٹ جاتا ہے دھونے سے ہَر اِک داغ اے وائے! مجھے داغ کا دھونا نہیں آتا

۴۰۳ کیا فائدہ اس دَر پہ تجھے جانے کا اے دل! دامن کو جو اَشکوں سے بھِگونا نہیں آتا

۴۰۴ کِس بِرتے پہ اُمید رکھوں اُس سے جزا کی کاٹوں گا مَیں کیا خاک؛ کہ بونا نہیں آتا

۴۰۵ کِس پہ اِنساں اعتبار کرے زور میں آگ ہے؛ تو زَر میں آگ

۴۰۶ کیسے نکلی ہے نُور سے یہ نار باپ میں نور تھا؛ پِسر میں آگ

۴۰۷ کھا رہی ہے جحیم دُنیا کو شہر میں آگ ہے؛ نگر میں آگ

۴۰۸ کُفر کی طاقتوں کا توڑ ہیں ہم رُوحِ اِسلام کا نچوڑ ہیں ہم

۴۰۹ کوئی عمل بھی کر نہ سکے اُس کی راہ میں — رہتے ہیں اِس خیال سے ہی شرمسار ہم

۴۱۰ کہتے ہیں آؤ دنیا کو دیکھ؛ ہیں اس میں کیسے نظارے — مَیں کہتا ہوں بس چُپ رہو یہ میری دیکھی بھالی ہے

کافر کے ہاتھ میں بندوقیں؛ — کافر کے ہاتھ خزانوں پر؛

۴۱۱ مومن کے ہاتھ سلاسِل میں — مومن کی پیالی خالی ہے

۴۱۲ کبھی اس چشمۂ صافی کے ہمسائے میں بستا ہے — کبھی اِک قطرۂ آبِ مقطّر کو ترستا ہے

۴۱۳ کبھی خروار غلّے کے اُٹھا کر پھینک دیتا ہے — کبھی چیونٹی کے ہاتھوں سے بھی دانہ چھین لیتا ہے

۴۱۴ کبھی آفاتِ اَرضی و سَماوِی سے ہے ٹکراتا — کبھی لُو بھی جو لگ جائے؛ تو تیرا مُنہ ہے مُرجھاتا

۴۱۵ کبھی کہتا ہے تُو اللہ کو کس نے بنایا ہے؟ — کبھی کہتا ہے رازِ خَلقِ دنیا کس نے پایا ہے؟

۴۱۶ کبھی اللہ کی قُدرت کا بھی انکار ہے تجھ کو — کبھی انسان کی رِفعت پہ بھی اِصرار ہے تجھ کو

۴۱۷ کمالِ ذاتِ اِنسانی پہ سو سو ناز کرتا ہے — کبھی شانِ خُداوَندی پہ سو سو حَرف دھرتا ہے

۴۱۸ کبھی نعروں پہ تُو قرباں؛ کبھی گُفتار پر قُرباں — مِرے بھُولے صَنَم مَیں اِس تِرے کِردار پر قُرباں

۴۱۹ کیوں چل دیا ہے شمع کو پروانہ چھوڑ کر — جاتا ہے کوئی یُوں کبھی کاشانہ چھوڑ کر

۴۲۰ کھولا ہے کس تدبیر سے بابِ لِقائے دِلرُبا — آئے ہیں کِس اَنداز سے اوڑھے رِداء المرسلیں

۴۲۱ کیا فکر ہے تجھ کو اگر شیطاں ہے بازی لے گیا — دنیا خُدا کی مِلک ہے؛ تیری نہیں، میری نہیں

۴۲۲ کوئی دشمن اسے کرسکتا نہیں مجھ سے جُدا — ہے تصوّر تِرا دل میں کوئی تصویر نہیں

۴۲۳ کھاتے ہیں زَردہ پلاؤ؛ قورما و شیِر مال — مخملی دوشالے اوڑھے پھرتے ہیں اس کے رقیب

۴۲۴ کُفر نے بُت توڑ ڈالے؛ دَیر کو ویراں کیا — پر مسلمانوں کے گھر میں ہے جہالت کا ہی راج

۴۲۵ کرو جان قربان راہِ خُدا میں — بڑھاؤ قدم تم طریقِ وَفا میں

۴۲۶ کثرتِ آثام سے ہے خَم ہوئی میری کَمر — اب یہی اس کا مداوا ہے کہ کریں دَرگذر

۴۲۷ کلیم اللہ کے پیرو بنے ہیں؛ پیروِ شیطاں — دکھایا سامری نے کیا تماشہ اپنی لُعبت سے

۴۲۸ کھول کر قرآں؛ پڑھو اس کے کلامِ پاک کو — دل کے آئینہ پہ تم اِک کھینچ لو تصویرِ یار

۴۲۹ کِبر کی عادت بھُلاؤ؛ اِنکساری سیکھ لو — جہل کی عادت کو چھوڑو؛ عِلم کر لو اختیار

۴۳۰ کہتے ہیں پیاروں کو جو کچھ ہو؛ وہ آتا ہے پسند / اِس لیے جو کوئی اُس کا ہو؛ کرو تم اُس سے پیار

۴۳۱ کیا ہوا؛ کیوں عقل پر اُن سب کے پتھر پڑ گئے / چھوڑ کر دِیں؛ عاشقِ دنیا ہوئے ہیں شیخ و شاب

۴۳۲ کیا بتاؤں؛ کس قدر کمزوریوں میں ہوں پھنسا / سب جہاں بیزار ہو جائے؛ جو ہوں میں بے نقاب

۴۳۳ کچھ یاد تو کیجے ذرا / ہم سے کوئی اِقرار ہے

۴۳۴ کہنے کو سب تیار ہیں؛ چالاک ہیں، ہُشیار ہیں / مُنہ سے تو سو اِقرار ہیں؛ پَر کام سے بیزار ہیں

۴۳۵ کیا آپ پر اِلزام ہے؛ یہ خود ہمارا کام ہے / غفلت کا یہ انجام ہے؛ سُستی کا یہ انعام ہے

۴۳۶ کس بات سے تم کو پہنچی تکلیف / کیا صدمہ ہے؛ دِل فگار کیوں ہو

۴۳۷ کاٹے گئے جب تمام پودے / گُلشن میں مِرے بہار کیوں ہو

۴۳۸ کیا نفع اُٹھایا ترکِ دِیں سے؟ / دُنیا پہ ہی جاں نثار کیوں ہو

۴۳۹ کہاں وہ مجلس عیش و طرب؛ وہ راز و نیاز / بس اَب تو رِہ گئی ہے ایک گُفتگو باقی

۴۴۰ کچھ تو فرمایئے! کریں اب کیا / کچھ تو اَب کیجئے ہمیں اِرشاد

۴۴۱ کب تلک بے گناہ رہیں گے ہم / تختۂ مشقِ بازوئے جلّاد

۴۴۲ کب طلسمِ فریب ٹوٹے گا / کب گِرے گا وہ پنجۂ فولاد

۴۴۳ کب رِہا ہوگی قید سے فِطرت / دُور کب ہوگا دَورِ اِستبداد

۴۴۴ کون ہوگا فِدا تِرے رُخ پر / کون کہلائے گا تِرا فرہاد

۴۴۵ کون رکھے گا پھر امانتِ عِشق / کس کے دل میں رہے گی تیری یاد

۴۴۶ کُفر و الحاد کے مٹانے کی / حق نے رکھی ہے تجھ میں اِستعداد

۴۴۷ کسی کی چشمِ فسوں ساز نے کیا جادُو / تو دِل سے نکلی صدا؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

۴۴۸ کہاں یہ خانۂ ویراں کہاں وہ حضرتِ ذی شاں / کشش لیکن ہمارے دل کی؛ ان کو کھینچ لاتی ہے

۴۴۹ کبھی جو روتے روتے یاد میں مَیں اس کی سو جاؤں / شبیہِ یار آکر مجھ کو سینے سے لگاتی ہے

۴۵۰ کبھی کا ہو چکا ہوتا شکارِ یاس و نومیدی / مگر یہ بات اے محمود! میرا دل بڑھاتی ہے

۴۵۱ کام مشکل ہے بہت؛ منزلِ مقصود ہے دُور / اے میرے اھلِ وَفا! سُست کبھی گام نہ ہو

۴۵۲ کیا یہ ممکن ہے کہ نازل ہو کلامِ قادر
ظاہر اس سے مگر اللہ کی کچھ شان نہ ہو

۴۵۳ کس طرح جانیں کہ ہے عشقِ حقیقی تم کو
جیب پارہ نہ ہو؛ گر چاک گریبان نہ ہو

۴۵۴ کس طرح مانوں کہ سب کچھ ہے خزانہ میں ترے
پر ترے پاس مِرے دَرد کا دَرمان نہ ہو

۴۵۵ کام وہ ہے؛ کہ ہو جس کام کا انجام اچھا
بات وہ ہے؛ کہ جسے کہہ کے پشیمان نہ ہو

۴۵۶ کس طرح مانیں؛ کہ مولیٰ کی ہدایت ہے وہ
وید کو جب نہ پڑھے؛ اور نہ پڑھائے کوئی

۴۵۷ کون غمخواری کرے تیرے سِوا
بارِ فکر و حزن لے جاؤں کہاں

۴۵۸ کثرتِ عِصیاں سے دامن تَر ہوا
اَبرِ اَشکِ توبہ برساؤں کہاں

۴۵۹ کس نے اپنے رُخِ زیبا پہ سے اُلٹی ہے نقاب
جس سے عالَم میں ہے یہ حشر بپا؛ دیکھو تو!

۴۶۰ کیا ہوا تم سے جو ناراض ہے دنیا محمود
کس قدر تم پہ ہیں اَلطافِ خُدا؛ دیکھو تو!

۴۶۱ کرے گا فاصلہ کیا جب کہ دل اکٹھے ہوں
ہزار دُور رَہوں اس سے؛ پھر قریب ہوں مَیں

۴۶۲ کر اپنے فضل سے تُو میرے ہَم سفر پیدا
کہ اس دیار میں؛ اے جانِ مَن! غریب ہوں مَیں

۴۶۳ کبھی تو جلوۂ بے پردہ سے ٹھنڈک پہنچا
سینہ و دل میں مِرے آگ لگانے والے!

۴۶۴ کیا نہیں آنکھوں میں اب کچھ بھی مروّت باقی
مجھ مصیبت زدہ کو آنکھیں دِکھانے والے!

۴۶۵ کون کہتا ہے لگی دل کی بُجھائے کوئی
عشق کی آگ مِرے دل میں لگائے کوئی

۴۶۶ کیوں کروں فرق یُونہی دونوں مجھے یکساں ہیں
سب ترے بندے ہیں گورے ہوں کہ کالے پیارے

۴۶۷ کیوں غلامی کروں شیطاں کی؛ خُدا کا ہو کر
اپنے ہاتھوں سے بُرا کیوں بنوں؛ اچھا ہو کر

۴۶۸ کس طرح تجھ کو گناہوں پہ ہوئی یوں جُرأت
اپنے ہاتھوں سے کبھی زہر تو کھایا نہ گیا

۴۶۹ کُفر نے لاکھ تدابیر کِیں؛ لیکن پھر بھی
صفحۂ دہر سے اِسلام مِٹایا نہ گیا

۴۷۰ کیوں بنیں پہلی رات کا خواب تیری بڑائیاں
قِصّۂ ماضٰی ہوئی تیری وہ آن بان کیوں

۴۷۱ کسبِ معاش کی رہیں تیری ہر اِک گھڑی ہے جب
تیرے عزیز پھر بھی ہیں فاقوں سے نیم جان کیوں

۴۷۲ کیوں ہیں یہ تیرے قلب پر کُفر کی چیرہ دستیاں
دل سے ہوئی ہے تیرے محو خصلتِ امتنان کیوں

۴۷۳ کہاں ہیں مانؔی و بہزؔاد؛ دیکھیں فَنِ احمد کو
دکھایا کیسی خوبی سے مثیلِ مصطفےٰؐ ہو کر

۴۷۴ کیا نرالی یہ رسم ہے عاشق
دے کے دل؛ بے قرار رہتا ہے

۴۷۵ کونسا دل ہے جو شرمندۂ احسان نہ ہو
کونسی رُوح ہے؛ جو خائف و ترسان نہ ہو

۴۷۶ کبھی غیرت کے بھی دِکھلانے کا موقع ہوگا
یا یونہی کہتے چلے جاؤ گے؛ تم جانے دو

۴۷۷ کٹ گئی عُمر رگڑتے ہوئے ماتھا دَر پر
کاش! تم کہتے کبھی تو؛ کہ اسے آنے دو

۴۷۸ کر دے رسا دُعا کو مِری وہ اثر کہاں
دھو دے جو سب گُنہ مِرے وہ چشمِ تر کہاں

۴۷۹ کچھ بھی خبر نہیں کہ کہاں ہوں؛ کہاں نہیں
جب جان کی خبر نہیں؛ تَن کی خبر کہاں

۴۸۰ کیا سبب ہے کہ تجھے دے کے دل؛ اے چشمۂ فیض
میری جاں مَعرضِ اِلزام ہوئی جاتی ہے

۴۸۱ کبھی نکلے نہ دل سے یاد تِری
کبھی سَر سے نہ تیرا دھیان نکلے

۴۸۲ کیوں نہ پاؤں اُس کی دَرگہ سے جزائے بے حساب
ہے مِری نیت تو بے حد؛ گو عمل محدود ہے

۴۸۳ کیا محبت جائے گی یُوں کیا پڑا رووَں گا مَیں خُوں
یاد کر کے چشمِ مَے گُوں مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۸۴ کیا ہوئی اُلفت ہماری؛ کیا ہوئی چاہت تمہاری
کھا چکا ہوں زخم کاری؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۸۵ کیا سُناتے ہو مجھے تم؛ کیوں ستاتے ہو مجھے تم
بس بناتے ہو مجھے تم؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۸۶ کیا مُلاقاتوں کی راتیں تھیں؛
جو مجھ کو شب براتیں
یُوں ہی ہوں جائیں گی باتیں؛
مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۸۷ کیا کعبہ کو جاؤ گے تبھی تم؛ جس وقت
تھک جاؤ گے کِشتِ ظُلم بوتے بوتے

۴۸۸ کیا تیرے ساتھ لگا کر دل مَیں خود بھی کمینہ بن جاؤں
ہوں جنت کا مینار؛ مگر دوزخ کا زِینہ بن جاؤں

۴۸۹ کہ مشرق اور مغرب دیکھ ڈالے
سکوں لیکن کہیں اس نے نہ پایا

۴۹۰ کُجا ہم؛ اور کُجا مولیٰ کی باتیں
کُجا دِن؛ اور کُجا تاریک راتیں

۴۹۱ کلامُ اللہ پر ہوں سب وہ عامل
نگاہوں میں تِری ہوں نفسِ کامل

۴۹۲ کریں تیرے فرشتے اُن سے باتیں
معارف کی بہیں سینوں میں نہریں

۴۹۳ کہاں ہے وہ؛ کہ مَلوں آنکھیں اس کے تلووں سے
کہاں ہے وہ؛ کہ گِروں اس پہ مِثلِ پَروانہ

۴۹۴ کر رحم اے رحیم! مِرے حالِ زار پر
زخمِ جگر پہ؛ دَردِ دِلِ بے قرار پر

۴۹۵ کیسی ٹھنڈی ہوائیں چلتی تھیں — ناز و رَعنائی سے مچلتی تھیں

۴۹۶ کب مِرے غم کو دُور کرتا ہے — پاس اپنے مجھے بُلاتا ہے

۴۹۷ کیا خبر ان کو ہے کیا جامِ شہادت کا مزا — دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں جو سرابِ زندگی

۴۹۸ کیوں چھوڑتا ہے دل مجھے اس کی تلاش میں — آوارگی سے فائدہ کیا؛ وہ کہاں نہیں

۴۹۹ کھویا گیا خود آپ کسی کی تلاش میں — کچھ بھی خبر نہیں؛ کہ کہاں ہوں، کہاں نہیں

۵۰۰ کیوں جرمِ نقضِ عہد کے ہوں مُرتکب جناب! — جب آپ عہد کرنے پہ مجبور ہی نہیں

۵۰۱ کمالِ جُرأتِ انسانیت عاشق دِکھاتا ہے — کہ میدانِ بلا میں بس وہی مَردانہ آتا ہے

۵۰۲ کل دوپہر کو ہم جب تم سے ہوئے تھے رُخصت؛ — دِل خون ہو رہا تھا، افسُردہ ہو رہا تھا؛
ظاہر میں چُپ تھے، لیکن — محزون ہو رہا تھا

۵۰۳ کرنا خُدا سے اُلفت، رہنا تم اُس سے ڈَر کر؛ — بس اُس کو یاد رکھنا، سوفارِعشق اس کا؛
تم اُس سے پیار رکھنا — تم دل کے پار رکھنا

۵۰۴ کب تلک رِستا رہے گا جانِ مَن ناسُورِدِل — زخم پر مرہم لگا دے؛ ہاں لگا دے آج تُو

۵۰۵ کب تلک پہنا کروں اَوراقِ جنت کا لباس — چادرِتقویٰ اوڑھا دے؛ ہاں اوڑھا دے آج تُو

۵۰۶ کیا لَبِ دریا مِری بے تابیاں کافی نہیں — تُو جگر کو چاک کر کے اپنے؛ یُوں تڑپا نہ کر

۵۰۷ کچھ لوگ وہ ہیں جو ڈھونڈتے ہیں؛ — پر ملتی ہے تسکینِ دل؛
آرام کو ٹھنڈے سایوں میں — جلنے میں ترے پروانے کو

۵۰۸ کوئی شے نظر سے نہیں اس کے مخفی — بڑی سے بڑی ہو؛ کہ چھوٹی سے چھوٹی

۵۰۹ کر دے جو حق و باطل میں اِمتیازِکامل — اے میرے پیارے! ایسا فُرقان مجھ کو دے دے

۵۱۰ کیسے اُٹھے وہ بوجھ؛ جو لاکھوں پہ بار ہو — جب غم دیا ہے؛ ساتھ کوئی غمگُسار دے

۵۱۱ کبھی حضور میں اپنے جو بار دیتے ہیں — ہَوا و حِرص کی دنیا کو مار دیتے ہیں

۵۱۲ کسی کا قرض نہیں رکھتے اپنے سَر پر وہ — جو ایک دے اُنہیں؛ اُس کو ہزار دیتے ہیں

۵۱۳ کُفر کی چیرہ دستیوں کو مِٹا — دَستِ اِسلام کو درازی بخش

۵۱۴ کر دے مجھے اَسرارِ محبت سے شناسا
دیوانہ بنا کر مجھے فرزانہ بنادے

۵۱۵ کَم نَوّرَ وَجہَ النَّبِیّ صَحَابُہٗ
کَالفُلکِ ضَآءَ سَطحُھَا بِنُجُومِھَا

۵۱۶ کَم تَنفَخُ الثَّقَلَینِ تَعلِیمَاتُہٗ
قَد خُصَّ دِینُ مُحَمَّدٍ بِعُمُومِھَا

۵۱۷ کب پیٹ کے دھندوں سے مسلم کو بھلا فُرصت
ہے دین کی کیا حالت؛ یہ اس کی بلا جانے

۵۱۸ کیوں قعرِ مذلّت میں گِرتے نہ چلے جاتے
تم بُوم کے سائے کو؛ جب ظِلِّ ہُما سمجھے

۵۱۹ کچھ لوگ کھا رہے ہیں غمِ قوم صبح و شام
کچھ صبح و شام سوچتے رہتے ہیں کھائیں کیا

۵۲۰ کُنتَ تَنَحِّی عَنہُ کُلَّ تَنحِّی
یَا قَلبِیَ المَجرُوحَ کَیفَ رَمَاکَ

۵۲۱ کنارہ آ ہی جائے گا کبھی تو
چلائے جا رہے ہیں ہم سفینے

۵۲۲ کنوئیں جھانکا کیا ہوں عُمر بھر مَیں
ڈبویا مجھ کو دل کی دوستی نے

۵۲۳ کیا جنگوں سے مومن کو ہے ڈَر؛
وہ موت سے کھیلا کرتا ہے
تم اس کے سَر کرنے کیلئے؛
میدانِ وَغا کو رہنے دو

۵۲۴ کبھی جو ناخنِ تدبیر مَیں ہِلاتا ہوں
مجھے شکنجہ میں قسمت مِری جکڑتی ہے

۵۲۵ کِشورِ دِل کو چھوڑ کر جائیں گے وہ بھلا کہاں
آئیں گے وہ یہاں ضرور؛ تُو اُنہیں بس بُلائے جا

۵۲۶ کہتے ہیں میرے ساتھ رقیبوں کو بھی تُو چاہ
لو اور مجھ غریب پہ جُرمانہ کر دیا

۵۲۷ کاغذی جامہ کو پھینک اور آہنی زِرہیں پہن
وقت اب جاتا رہا ہے شوخیِ تحریر کا

۵۲۸ کَل کے کاموں کو بھی ممکن ہو اگر تو آج کر
اے مِری جاں! وقت یہ ہرگز نہیں تاخیر کا

۵۲۹ کامیابی کی تمنا ہے؛ تو کر کوہ کنی
یہ پَری شیشے میں اُتری ہے کہیں باتوں سے

۵۳۰ کبھی گِریہ ہے کبھی آہ و فُغاں ہے؛ اے دل!
تنگ آیا ہوں بہت مَیں تِری اِن باتوں سے

۵۳۱ کیا حَرج ہے؛ جو ہم کو پہنچ جائے کوئی شرّ
پہنچے کسی کو ہم سے اگر شرّ؛ بُرا یہ ہے

۵۳۲ کَم نہیں کچھ کیمیا سے سوزِ اُلفت کا اثر
اَشکِ خُوں جو بھی بہا؛ لعلِ بدخشاں ہوگیا

۵۳۳ کہتے ہیں لوگ کھاتے ہیں ہم صبح و شام غم
ہم اُن سے کیا کہیں؛ کہ ہمیں غم نے کھا لیا

۵۳۴ کیا دامِ عشق سے کبھی نکلا ہے صَید بھی
کیا بات تھی؛ کہ آپ نے عہدِ وَفا لیا

۵۳۵ کُھلے جو آنکھ؛ تو لوگ اُس کو خواب کہتے ہیں
ہو عقل اَندھی؛ تو اُس کو شباب کہتے ہیں

۵۳۶ کسی کے حُسن کی ہے اس میں آب کہتے ہیں
بنی ہے طِین اسی سے تراب کہتے ہیں

۵۳۷ کیا کرتے ہیں ہم سَیرِ دوعالَم
کسی کو اپنے پہلو میں بِٹھا کے

۵۳۸ کسی دن لے کے چھوڑیں گے وہ یہ مال
بھلا رکھو گے کب تک دل چھُپا کے

۵۳۹ کرو دجال کا تم سَرنگوں اَطرافِ عالَم میں
کہ ہے لبریز دل اُس کا؛ محمدؐ کی عداوت سے

۵۴۰ کبھی مغرب کی باتوں میں نہ آنا اے مرے پیارو!
نہیں کوئی ثقافت بڑھ کے اسلامی ثقافت سے

۵۴۱ کہا تھا طُور پر موسیٰؑ کو اُس نے لَن تَرَانِي ؛ پر
محمدؐ پر ہوا جلوہ تَدَلّٰی کا؛ عنایت سے

۵۴۲ کیا بتاؤں تجھے کیا باعثِ خاموشی ہے
میرے سینہ میں یُونہی دَرد ہوا کرتا ہے

۵۴۳ کرتا رہے گا وعدے؛ اے گلعذار کب تک
چُبھتا رہے گا دل میں؛ حسرت کا خار کب تک

۵۴۴ کھولے گا مجھ پہ کب تک؛ یہ رازِ خَلق و خالق
دیکھوں گا تیری جانب آئینہ وار کب تک

۵۴۵ کہیں گے؛ قتل کرنا اس کا جائز، بلکہ واجب ہے
جو اس کو قتل کر دے گا؛ وہ محبوبِ خُدا ہوگا

۵۴۶ کلامِ یزداں پہ آج مُلّا نے؛
ڈھیروں کپڑے چڑھا رکھے ہیں
کبھی جو تھا زندگی کا چشمہ؛
وہ آج جوہڑ بنا ہوا ہے

۵۴۷ کیوں کانپتا ہے دشمنِ جاں تیرے پیار سے
جو دوست تھے؛ وہ طالبِ آزار ہوگئے

۵۴۸ کر خانۂ فکر کو مقفّل
ہاتھوں میں کسی کے ساز ہو جا

۵۴۹ کوتاہ نگاہیاں یہ کب تک
گیسو کی طرح دراز ہو جا

۵۵۰ کہتے رہے ہم اُن سے دِلِ زار کی حالت
سُنتے رہے وہ غیر کا افسانہ سمجھ کر

۵۵۱ کاش! تُو پہلو میں میرے خود ہی آ کر بیٹھ جائے
عشق سے مخمور ہو کر؛ وَصل کا ساغر پلائے

۵۵۲ کھڑکی جمالِ یار کی ہیں عجز و اِنکسار
سب سے بڑا حجاب سَر پر غرور ہے

۵۵۳ کہتا ہے زاھد؛ کہ میں فرمانروائی چھوڑ دُوں
گر خدا مجھ کو ملے؛ ساری خُدائی چھوڑ دُوں

۵۵۴ کبھی وہ گھڑی بھی ہو گی؛ کہ کہوں گا یا الٰہی!
مِری عرض تُو نے سُن لی؛ وہ مجھے اُگل رہی ہے

۵۵۵ کبھی پوچھو گے بھی آ کر؛ کہ بتا تُو حال کیا ہے
یُوں ہی خُوں بہائے جائے؛ دِلِ داغدار کب تک

۵۵۶ گر توکل جس قدر چاہیے؛ کہ اِک نعمت ہے یہ | یہ بتا دے باندھ رکھا اونٹ کا گھٹنا بھی ہے

۵۵۷ کیوں نہ ہو؛ وہ صاحبِ معراج کے شاگرد ہیں | آسماں پر اُڑ رہا ہے اس لیے اُن کا سمند

# گ

## ('گ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 107 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 27 |
| ii | دُرِّ عدَن | 15 |
| iii | کلامِ طاہر | 16 |
| iv | کلامِ محمود | 49 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ گُرو نے تو کر کے دکھایا تمہیں | وہ رَستہ چلو؛ جو بتایا تمہیں

۲ گالیاں سُن کر، دعا دو؛ پا کے دکھ، آرام دو | کِبر کی عادت جو دیکھو؛ تم دِکھاؤ انکسار

۳ گالیاں سُن کے؛ دعا دیتا ہوں ان لوگوں کو | رحم ہے جوش میں؛ اور غیظ گھٹایا ہم نے

۴ گماں ہے کہ نقلوں میں ہو کچھ خطا | کہ انساں نہ ہووے؛ خطا سے جدا

۵ گردنوں پر ان کی ہے سب عام لوگوں کو گُنہ | جن کے وعظوں سے جہاں کے آ گیا دل میں غبار

۶ گر کہے کوئی کہ یہ منصب تھا شایانِ قریش | وہ خدا سے پوچھ لے؛ میرا نہیں یہ کاروبار

۷ گو وہ کافر کہہ کے ہم سے دُور تر ہیں جا پڑے | ان کے غم میں ہم تو پھر بھی ہیں حزین و دلفگار

۸ گر گُماں صحت کا ہو پھر قابلِ تاویل ہیں — کیا حدیثوں کیلئے فُرقاں پہ کر سکتے ہو وار
۹ گر کرو توبہ؛ تو اب بھی خیر ہے کچھ غم نہیں — تم تو خود بنتے ہو قہرِ ذوالمِنَن کے خواستگار
۱۰ گرنقلوں میں ہے شک کا اِک اِحتمال — کہ انساں کے ہاتھوں سے ہیں دست مال
۱۱ گر یہی اسلام ہے؛ بس ہوگئی اُمت ہلاک — کس طرح رہ مِل سکے جب دِیں ہی ہو تاریک وتار
۱۲ گُرو جس کے اِس رَہ پہ ہوویں فِدا — وہ چیلا نہیں؛ جو نہ دے سر جھکا
۱۳ گُرو نے یہ چولہ بنایا شعار — دکھایا کہ اِس رَہ پہ ہوں مَیں نثار
۱۴ گڑھے میں تُو نے سب دشمن اُتارے — ہمارے کردیئے اونچے منارے
۱۵ گر عاشقوں کی رُوح نہیں اس کے ہاتھ سے — پھر غیر کیلئے ہیں وہ کیوں اضطراب میں
۱۶ گر وہ الگ ہے ایسا کہ چھُو بھی نہیں گیا — پھر کس نے لکھ دیا ہے وہ دل کی کتاب میں
۱۷ گو ہیں بہت دَرِندے انساں کی پوستیں میں — پاکوں کا خوں جو پیوے؛ وہ بھیڑیا یہی ہے
۱۸ گویا اب اس میں طاقت و قدرت نہیں رہی — وہ سلطنت، وہ زور؛ وہ شوکت نہیں رہی
۱۹ گر ایسے تم دلیریوں میں بے حیا ہوئے — پھر اتّقا کے، سوچو! کہ معنے ہی کیا ہوئے
۲۰ گر اُس سے رِہ گیا تھا؛ کہ وہ خود دکھائے ہاتھ — اتنا تو سہل تھا؛ کہ تمہارا بتائے ہاتھ
۲۱ گر کرے معجزنمائی ایک دَم میں نرم ہو — وہ دلِ سنگیں جو ہووے مثلِ سنگِ کوہسار
۲۲ گر نہ ہوتی بدگُمانی؛ کُفر بھی ہوتا فَنا — اس کا ہووے ستیاناس؛ اِس سے بگڑے ہوشیار
۲۳ گُلشنِ احمد بنا ہے مسکنِ بادِ صبا — جس کی تحریکوں سے سُنتا ہے بشر گُفتارِ یار
۲۴ گر حیا ہو، سوچ کر دیکھیں؛ کہ یہ کیا راز ہے — وہ میری ذِلّت کو چاہیں؛ پا رہا ہوں میں وقار
۲۵ گر یہی دِیں ہے؛ جو ہے ان کی خصائل سے عیاں — میں تو اِک کوڑی کو بھی لیتا نہیں ہوں زینہار
۲۶ گوہرِ وحی خدا کیوں توڑتا ہے؛ ہوش کر — اک یہی دِیں کیلئے ہے جائے عِزّ وافتخار
۲۷ گر نہ ہو تیری عنایت؛ سب عبادت ہیچ ہے — فضل پر تیرے ہے سب جُہد وعمل کا انحصار

## دُرِّ عدن

۲۸ گر حکم ہو تو کھول کر سینہ دِکھائیں سب — آقا سنیں تو قصّۂ دل کہہ سنائیں سب

۲۹ گلشنِ احمد میں آ جائے؛ بہار اندر بہار — دل لبھائے؛ عندلیبِ خوشنمائے قادیاں

۳۰ گلشنِ حضرتِ احمدؑ میں چلی بادِبہار — ابرِرحمت سے برسنے لگے پیہم اَنوار

۳۱ گوشہ نشیں کو ناز ہے یہ؛ بے ریا ہوں مَیں — جو نامور ہوئے؛ انہیں شہرت پہ ناز ہے

۳۲ گھر گھر پڑا ہے دِیں کا ماتم؛ غضب ہوا — لہرا رہا کفر کا پرچم؛ غضب ہوا

۳۳ گویا تو کنکر پتھر تھی؛ احساس نہ تھا، جذبات نہ تھے — توہین وہ اپنی یاد تو کر؛ ترکہ میں بانٹی جاتی تھی

۳۴ گِھرتے ہیں اسی دائرہ میں پانچوں حواس آہ! — جب قلب پہ پھر جاتی ہے پرکارِ محبت

۳۵ گرفتارِ بلا ہوں اپنے ہاتھوں — بڑھا دستِ کرم؛ آزاد کر دے

۳۶ گھر تھا صدف تو تم دُرِّ خوش آب و بے بہا — اس سے بھی بڑھ کے دولتِ عصمت نصیب ہو

۳۷ گنہگاروں پہ وہ پیاروں کی خاطر — کرم کیا کیا نہیں فرما رہا ہے

۳۸ گھر والے تو یاد آئیں گے؛ یاد آئے گا گھر بھی — یہ صحن، یہ دیوار، یہ دَر؛ تیرے حوالے

۳۹ گالیاں کھا کر دعا دو؛ پا کے دکھ آرام دو — روز دل پر تیر کھاؤ؛ حکم ہے دِلدار کا

۴۰ گریۂ یعقوب نصفِ شب خدا کے سامنے — صبرِ ایوبی برائے خلق باخندہ جبیں

۴۱ گِھرے ہیں جو بادل؛ یہ پھٹ جائیں سارے — ہوائیں تُو رحمت کی اپنی چلا دے

۴۲ گُل کھِلے ہیں؛ بہار آئی ہے — کاش! ایسے میں وہ بھی آجائے

## کلامِ طاہر

۴۳ گو جدائی ہے کٹھن؛ دُور بہت ہے منزل — پر مِرا آقا بُلالے گا مجھے بھی؛ اے ماں!

۴۴ گِھر آئیں گھنگھور گھٹائیں جھوم اٹھیں مخمور ہوائیں — جھک گیا ابرِ رحمتِ باری؛ آبِ حیاتِ نو برسانے

۴۵ گاڑ دیا توحید کا پرچم — صلی اللّٰہ علیہ وسلم

۴۶ گو دیر بعد آیا ،اَز راہِ دُور لیکن؛ — تم کو بلا رہا ہے؛
وہ تیز گام آگے بڑھتا ہی جا رہا ہے — خدامِ احمدیت! خدامِ احمدیت!

۴۷ گھبرا کے دَردِ ہجر سے اے میہمانِ عشق — جس مَن میں آ کے اُترے ہو؛ وہ مَن اداس ہے

۴۸ گلشن میں پھول، باغوں میں پھل؛ آپ کیلئے — جھیلوں پہ کھِل رہے ہیں کنول؛ آپ کیلئے

۴۹ گو آرہی ہے میرے ہی گیتوں کی بازگشت — نغمہ سَرا ہیں دَشت وجَبَل؛ آپ کیلئے
۵۰ گِرہیں تمام کُھل گئیں؛ جُز آرزوئے وَصل — رکھ چھوڑا ہے اِس عُقدے کا حَل؛ آپ کیلئے
۵۱ گل بوٹوں کلیوں پتوں سے کانٹوں سے خوشبو آنے لگی — اِک عَنبر بار تصور نے؛ یادوں کا چمن مہکایا ہے
۵۲ گل رنگ شَفَق کے پیراہن میں؛ — اِک یاد کو جھولے دے دے کر؛
قوسِ قُزح کی پینگوں پر — پگلے نے دل بہلایا ہے
۵۳ گردآلود تھا پتّہ پتّہ؛ کلی کلی کجلائی ہوئی — ٹوٹ کے یادیں برسیں؛ ہر بُوٹا نہلایا ساری رات
۵۴ گُم گشتہ اَسیرانِ رَہِ مولا کی خاطر — مدت سے فقیر ایک دعا مانگ رہا ہے
۵۵ گھٹا کرم کی؛ ہجومِ بلا سے اٹھی ہے — کرامت اِک دلِ دردآشنا سے اٹھی ہے
۵۶ گوتم بُدّھا بُدّھی لایا؛ سب رِشیوں نے درس دکھایا — عیسیٰؑ اُترا، مہدیؑ آیا؛ جو سب نبیوں کا مظہر تھا
۵۷ گواہ دو ہیں؛ دو ہاتھوں سے چھاتیاں پیٹو — خسوفِ شمس و قمر؛ بارہار کر دیکھو
۵۸ گو قول کے کچے ہو؛ ہمیشہ سے مگر اِن — اوصافِ حمیدہ میں تو کچے نہیں لگتے

## کلامِ محمود

۵۹ گو کہ اس دن پھیل جائے گی؛ تباہی چارسو — جبکہ پھر آئیں گے یارو! زلزلہ آنے کے دن
۶۰ گُمراہ ہوئے ہو؛ باز آؤ — کیا عقل تمہاری کو ہُوا ہے
۶۱ گناہ گاروں کے دَردِدِل کی؛ — یہی ہے خِضرِ رَہِ طریقت؛
بس اِک قرآن ہی دَوا ہے — یہی ہے ساغر، جو حَق نُما ہے
۶۲ گیا اِسلام سے وقتِ خِزاں ہے — ہوئی پیدا بہارِجاوِداں ہے
۶۳ گریبانوں میں اپنے مُنہ تو ڈالو — ذرا سوچو! اگر کچھ بھی حیا ہے
۶۴ گرمیٔ اُلفت سے ہے یہ زخمِ دِل — مرہمِ کافور سے کل پائے کون
۶۵ گُلوں پر پڑگئی کیا اوس دِیدِرُوئے جاناں سے — کوئی دیکھو تو کیسا شور برپا ہے عَنادِل میں
۶۶ گُفتگوئے عاشقاں سُن سُن کے؛ آخر یہ کہا — بات تو چھوٹی سی تھی؛ اِتنا کِیا اِطناب کیوں
۶۷ گِرتے پڑتے دَرِمولیٰ پہ رَسا ہوجاؤ — اور پروانے کی مانند؛ فِدا ہوجاؤ

۶۸ گو مجھے مُدّت سے یہ اِصرار ہے
منہ دِکھانے سے انھیں اِنکار ہے

۶۹ گناہوں سے بچالے ہم کو یارب!
نہ ہونے پائے کوئی ہم سے تقصیر

۷۰ گُلشنِ عالَم کی رونق ہے فقط اِنسان سے
گُل بنانے ہوں اگر تُو نے؛ تو کر گِل کی تلاش

۷۱ گِر کر گڑھے میں؛ عرش کے پائے کو جا چھُوا
کھوئے گئے جہاں سے؛ مگر اُن کو پا لیا

۷۲ گالیاں تکیۂ کلام اُن کا
یہ عدُو خوش خصال ہیں ایسے

۷۳ گالیاں کھائیں، پِٹے؛ خُوب ہی رُسوا بھی ہوئے
عشق کی ایسی حلاوت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۷۴ گِنتیوں سے مقام بالا ہے
ایک بھی ہوں؛ اگر کروڑ ہیں ہم

۷۵ گو بارہا دیکھا انہیں؛ لیکن وہ لذّت اور تھی
دل سے کوئی پوچھے ذرا؛ لُطفِ نگاہِ اَوّلیں

۷۶ گئی اِبلیس کی تدبیر ضائع؛ سب بہ فضلُ اللہ
ملی ہے آدمؑ و حوّا کو جنت؛ حق کی رحمت سے

۷۷ گِرد اس کے گھومتا ہوں روز و شَب دیوانہ وار
لوگ گر سمجھیں تو بس اِک مَیں ہی ہُشیاروں میں ہوں

۷۸ گو بحرِ گُنہ میں بے بس ہو کر
پَیہم غوطے کھاتے جاؤ

۷۹ گو ہیں قالب دو؛ مگر ہے جان ایک
کیوں نہ ہو ایسا کہ خادم زادہ ہوں

۸۰ گناہوں سے بھری دنیا میں پیدا کر دیا مجھ کو
مِرے خالق! مِرے مالک! یہ کیسا گھر دیا مجھ کو

۸۱ گُل ہیں؛ پَر اُن میں پہلی سی اب بُو نہیں رہی
صوفی تو مِل ہی جاتے ہیں؛ پَر ھو نہیں رہی

۸۲ گہوارۂ عُلوم؛ تمھارے بنیں قلوب
پھٹکے نہ پاس تک بھی جہالت؛ خُدا کرے

۸۳ گالیاں دیں گے تمھیں؛ کافر بتائیں گے تمھیں
جس طرح ہوگا؛ کریں گے وہ تمھیں رُسوا و خوار

۸۴ گیا ہوں سُوکھ غمِ مِلّتِ محمدؐ میں
رہا نہیں ہے مِرے جسم میں لہُو باقی

۸۵ گو مِرا دِل مخزنِ تیرِ نگاہِ یار ہے
پر یہ کیا کم ہے کہ اس کے تیر برداروں میں ہوں

۸۶ گُنہ کے بعد ہو توبہ سے بابِ رحمت وا
خطا کے بعد ملے؛ اِنفعال میں برکت

۸۷ گِرہ نہیں رہی باقی کوئی مِرے دل کی
ہوا ہے عُقدہ کُشا؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

۸۸ گھِرا ہوں حلقۂ احباب میں گو مَیں؛ مگر تجھ بِن
مِرے یارِ اَزَل! تنہائی پھر بھی کاٹے کھاتی ہے

۸۹ گامزن ہوگے رَہِ صِدق و صَفا پر گر تم
کوئی مشکل نہ رہے گی؛ جو سر انجام نہ ہو

۹۰ گُرز و مُگدر کے اُٹھانے سے بھلا کیا حاصل    خاک آلودہ برادر کو اُٹھائے کوئی

۹۱ گر نہ دِیدار میسّر ہو؛ نہ گُفتار نصیب    کوچۂ عشق میں جا کر کوئی؛ کیا لے پیارے!

۹۲ گر نہیں عرشِ مُعلیٰؐ سے یہ ٹکراتی تو پھر    سب جہاں میں گونجتی ہے کیوں؛ صدائے قادیاں

۹۳ گلشنِ احمد کے پھولوں کی اُڑا لائی جو بُو    زخم تازہ کر گئی بادِصبائے قادیاں

۹۴ گیسوئے یار پریشان ہوئے جاتے ہیں    اب تو واعظ بھی پشیمان ہوئے جاتے ہیں

۹۵ گورے کالے کی اُٹھی جاتی ہے دنیا سے تمیز    سب تِرے تابعِ فرمان ہوئے جاتے ہیں

۹۶ گھونسلے چڑیوں کے ہیں ماندیں ہیں شیروں کیلئے    پر مِرے واسطے دنیا میں کوئی گھر ہی نہیں

۹۷ گنوا دی قِشر کی خواہش میں سب عُمر    دریغا! ہم بہت نادان نکلے

گیدڑ کی طرح وہ تاک میں ہوں؛    اور بیٹھے خوابیں دیکھتے ہوں؛

۹۸ شیروں کے شکار پہ جانے کی    وہ ان کا جوٹھا کھانے کی

۹۹ گر تیری ہمت چھوٹی ہے گر تیرے اِرادے مُردہ ہیں    گر تیری اُمنگیں کوتہ ہیں؛ گر تیرے خیال افسُردہ ہیں

۱۰۰ گم گشتہ راہ کیلئے؛ تُو خِضرِراہ ہے    تیری ضیاء؛ رفیقِ اَزَل کی نگاہ ہے

۱۰۱ گناہوں کو بخشش سے ہے ڈھانپ دیتا    غریبوں کو رحمت سے ہے تھام لیتا

۱۰۲ گھر سے میرے وہ گُلعذار گیا    دل کا سکھ چین اور قرار گیا

۱۰۳ گُذری ہے عُمر ساری گناہوں میں؛ اے خدا!    کیا پیشکش حضور میں یہ شرمسار دے

۱۰۴ گالیاں، دشمنِ دِیں ہم کو جو دیتے ہیں؛ تو دیں    کام لیں صبروتحمل سے؛ ہے ذیبا ہم کو

۱۰۵ گو تھی یہودیوں کی نہ وہ اپنی سلطنت    پر اپنی سلطنت سے بھی آرام تھا سِوا

۱۰۶ گاتے ہیں جب فرشتے کوئی نغمۂ جدید    ہاتھوں میں تھام لیتے ہیں؛ فوراً ہی ساز ہم

۱۰۷ گو لاکھ تُو مقابلہ اس کا کرے؛ مگر    بیکا نہ بال ہوگا کوئی؛ اس جوان کا

# ل

## ('ل' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **89** |
| i | دُرِّ ثمین | 25 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 12 |
| iii | کلامِ طاہر | 15 |
| iv | کلامِ محمود | 37 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ لوگوں کی اِس طرف کو؛ ذرا بھی نظر نہ تھی — میرے وجود کی بھی؛ کسی کو خبر نہ تھی

۲ لیا اس کو فضلِ خدا نے اُٹھا — ملی دونوں عالَم میں؛ عزّت کی جا

۳ لگاتا ہے آنکھوں سے؛ ہو کر فدا — یہی دِیں ہے؛ دِلدادگاں کا سدا

۴ لقب عزّت کا پاوے؛ وہ مقرر — یہی روزِاَزَل سے ہے مقدّر

۵ لاکھ ہوں انبیاء؛ مگر بخدا — سب سے بڑھ کر مقامِ احمدؐ ہے

۶ لعنتی ہوتا ہے مردِمفتری — لعنتی کو کب مِلے یہ سَروَری

۷ لڑ رہے ہیں خدائے یکتا سے — باز آتے نہیں ہیں غوغا سے

۸ لیکھو کی بَدزُبانی؛ کارَد ہوئی تھی اس پر — پھر بھی نہیں سمجھتے؛ حمق و خطا یہی ہے

۹ لعلِ یمن بھی دیکھے؛ دُرِّعدن بھی دیکھے — سب جوہروں کو دیکھا؛ دل میں جچا یہی ہے

۱۰ لگاتے ہیں دل اپنا اس پاک سے — وہی پاک جاتے ہیں اِس خاک سے

۱۱ لاف و زہد و راستی اور پاپ دل میں ہے بھرا — ہے زباں میں سب شرف اور پیچ دل جیسے چمار

۱۲ لشکرِ شیطاں کے نرغے میں جہاں ہے گھِر گیا — بات مشکل ہوگئی قدرت دِکھا؛ اے میرے یار!

۱۳ لگی سینہ میں اس کے آگ غم کی — نہیں اس کو خبر کچھ پیچ و خم کی

۱۴ لوگوں کے بُغضوں سے اور کینوں سے کیا ہوتا ہے — جس کا کوئی بھی نہیں؛ اُس کا خدا ہوتا ہے

۱۵ لختِ جگر ہے میرا؛ محمود بندہ تیرا — دے اس کو عُمر و دولت؛ کر دُور ہر اندھیرا

۱۶ لیتے ہی جنم اپنا دشمن ہؤا یہ فِرقہ — آخر کی کیا اُمّیدیں؛ جب ابتدا یہی ہے

۱۷ لوگو سُنو! کہ زندہ خدا؛ وہ خدا نہیں — جس میں ہمیشہ عادتِ قدرت نُما نہیں

۱۸ لعنت کی ہے یہ راہ؛ سو لعنت کو چھوڑ دو — ورنہ خیالِ حضرتِ عزّت کو چھوڑ دو

۱۹ لعنت ہے مُفتری پہ؛ خدا کی کتاب میں — عزّت نہیں ہے ذرّہ بھی؛ اُس کی جناب میں

۲۰ لعنت ہے ایسے دِیں پہ؛ کہ اس کفر سے ہے کم — سو شُکر ہے؛ کہ ہو گئے غالب کے یار ہم

۲۱ لوگ کہتے ہیں؛ کہ نالائق نہیں ہوتا قبول — میں تو نالائق بھی ہو کر؛ پا گیا درگہ میں بار

۲۲ لوگ سو بک بک کریں؛ پَر تیرے مقصد اور ہیں — تیری باتوں کے فرشتے بھی نہیں ہیں رازدار

۲۳ لوگ کچھ باتیں کریں؛ میری تو باتیں اور ہیں — میں فِدائے یار ہوں؛ گو تیغ کھینچے صَد ہزار

۲۴ لیک اِن چاروں سے میں محروم تھا اور بےنصیب — ایک انساں تھا کہ خارج اَزحساب واَزشمار

۲۵ لوگوں کو یہ بتائے؛ کہ وقتِ مسیح ہے — اب جنگ اور جہاد حرام اور قبیح ہے

## دُرِّ عدن

۲۶ **لِلّٰہ الحمد شنیدم؛ کہ آں می آید — سوئے گلشن چہ عجب؛ سرو رواں می آید**

۲۷ لائے نہ اگر لب پہ بھی گفتارِ محبت — آنکھوں سے عیاں ہوتے ہیں؛ آثارِ محبت

۲۸ لے کے آبِ حیات تُو آیا — مر رہے تھے؛ جِلا دیا تُو نے

۲۹ لاثانی اُسوہ احمد کا؛ یہ سیدھی راہ دکھاتا ہے — بے دنیا چھوڑے؛ مسلم کو، دنیا میں خدا مل جاتا ہے

۳۰ لطف کر؛ بخش دے خطاؤں کو — ٹال دے دُور کر بلاؤں کو

۳۱ لَب پر دعا ہے؛ تیرے کرم پر نگاہ ہے — عاشق ترے حبیب ہمارے کب آئیں گے

۳۲ لو جاؤ! تم کو سایۂ رحمت نصیب ہو     بڑھتی ہوئی خدا کی عنایت نصیب ہو

۳۳ لوگ سمجھیں گے، تو سمجھیں؛ یہ خطا کا ہے ثبوت     تم سمجھ لو؛ کہ ہے سو بات کی اِک بات سکوت

۳۴ لِلّٰہِ الحمد چلی رحمتِ باری کی نسیم     دیکھنا غنچۂ دل کا گُلِ خنداں ہونا

۳۵ لبوں پر ترانہ ہے محمود کا     زمانہ؛ زمانہ ہے محمود کا

۳۶ لو دل ہمارے ہاتھ میں دلبر کا واسطہ     ہم کو بچاؤ ساقی! کوثر کا واسطہ

۳۷ لب خاموش کی خاطر ہی وہ لب کھولتا ہے     جب نہیں بولتا بندہ؛ تو خدا بولتا ہے

## «کلامِ طاہر»

۳۸ لیکن یہ سب کے نصیب کہاں؛     کہ پیار کی پیاس بجھانے کو؛
ہر ایک میں کب یہ طاقت ہے     وہ سات سمندر پار آئے

۳۹ لاکھوں مِرے پیارے؛ تیری راہوں کے مسافر     پھرتے ہیں؛ ترے پیار کو سینوں میں بسا کے

۴۰ لیکن مجھے زیبا نہیں شکوے؛ میرے مالک!     یہ مجھ سے خطا ہوگئی؛ اوقات بھُلا کے

۴۱ لیکن آہ جو رَستہ تکتے؛ جان سے گزرے، تجھ کو ترستے     کاش وہ زندہ ہوتے جن پر ہجر کا اِک اِک پَل دُوبھر تھا

۴۲ لگا رکھی ہیں جو چہروں پہ مولوی! آنکھیں     نظر کی برچھی؛ ان آنکھوں سے پار کر دیکھو

۴۳ لگاؤ سیڑھی؛ اُتارو دِلوں کے آنگن میں     نثار جاؤ! نظر واروار کر دیکھو

۴۴ لیکن شاید یہ نہ کبھی سوچا ہوگا     روزِ قیامت تم جیسوں سے کیا ہوگا

۴۵ لیلائے شب کی گود میں سویا ہوا تھا چاند     سِیماب زیبِ تَن کئے بیٹھی تھی حُورِ شب

۴۶ لمحاتِ وَصل؛ جن پہ اَزَل کا گمان تھا     چٹکی میں اُڑ گئے؛ وہ طُیورِ سُرورِ شب

۴۷ لاکھ ہِردے پر جبر کرے؛ لیکن جب صبر نہ آئے     بے چارہ دکھیا نینوں سے؛ چھم چھم نِیر بہائے

۴۸ لب پر آجاتا کبھی دل سے اچھل کر مِرا نام     تو میں اس جنبشِ لب کی طرح یکتا ہوتا

۴۹ لوحِ جہاں پہ حرفِ نمایاں نہ بن سکے     ہم جس جگہ بھی جا کے رہے؛ بے نشاں رہے

۵۰ لو ڈھلک گیا وہ آنسو؛ کہ جھلک رہا تھا جس میں     تیری شمعِ رُخ کا پَرتو؛ تیرا عکس پیارا پیارا

۵۱ لیکن افسوس! کہ فرقت کے زبوں حال کے بعد     دل میں روندی ہوئی اِک حسرتِ پامال کے بعد

۵۲ لو نغمہ ہائے دردِنہاں تم بھی کچھ سُنو — دیکھو نا! میرے دل کی بھی راگن اُداس ہے

## کلامِ محمود

۵۳ لوگوں کو غفلت کی تو ترغیب دیتا ہے مگر — بھُول جائیگا یہ سب کچھ؛ تُو سزا پانے کے دن

۵۴ لاکھوں انساں ہوئے دِین سے بے دِیں؛ ہَیہات — آج اِسلام کا گھر گھر میں پڑا ہے ماتم

۵۵ لڑیں گے آپس میں بھائی باہم نہ ہوگا کوئی کسی کا ہمدم — مِرا پیارا رسولِ اکرم؛ یہ بات پہلے سے کہہ گیا ہے

۵۶ لیا کیوں وِرثۂ پدری وَفاداری نہ کیوں چھوڑی — نگاہِ دوستاں میں؛ مَیں تبھی مقہُور رہتا ہوں

۵۷ لگائیو نہ درختِ شکوک دل میں کبھی — نہ اس کے پھل میں ہے برکت؛ نہ ڈال میں برکت

۵۸ لذّتِ جہل سے محروم کیا علم نے؛ آہ! — خواہش اُڑنے کی تو رکھتا ہوں؛ مگر پَر ہی نہیں

۵۹ لُطفِ خلوت جو اُٹھانا ہو؛ اُٹھا لو یارو! — دعوتِ پیرِمُغاں؛ عام ہوئی جاتی ہے

۶۰ لذّتِ عیش جہاں دیکھ کے بھُولا مسلم — دانہ سمجھا تھا جسے؛ دام ہوئی جاتی ہے

۶۱ لُٹادُوں جان و مال و آبرو سب — جو میرے گھر کبھی تُو آن نکلے

۶۲ لڑائی اور جھگڑے دُور کر دیں — دِلوں کو پیار سے معمور کر دیں

۶۳ لالہ و گُل کو دیکھ کر؛ محمود — یاد مجھ کو وہ گُلعذار آیا

۶۴ لوگ سب شادمان و خوش آئے — ایک مَیں تھا؛ کہ سوگوار آیا

۶۵ لوگ دل کر رہے تھے ان پہ نثار — جان سے ہو رہا تھا مَیں بیزار

۶۶ لُوٹنے نکلے تھے وہ اَمن و سکونِ بیکساں — خود انہی کے لُٹ گئے حُسن و شبابِ زندگی

۶۷ لو میری پیاری بچی! تم کو خُدا کو سونپا — اس مہربان آقا؛ اس باوَفا کو سونپا

۶۸ لے ہی چلی تھی خُلد سے میری خطا مجھے — ان کی نگاہِ مہر سے؛ تقدیر ٹَل گئی

۶۹ لَوْ لَمْ یَکُنْ تَائِیْدُ رَبّی مُسَاعِدِیْ — لَا صْبَحْتُ مَیْتاً عُرْضَةً لِسِهَامِیْ

۷۰ لیں جائزۂ عشق؛ مِرے عشق سے عاشق — دل کو مِرے عُشّاق کا پیمانہ بنا دے

۷۱ لعنت کو پکڑ بیٹھے؛ انعام سمجھ کر تم — حق نے جو رِدا بھیجی؛ تم اُس کو رَدی سمجھے

۷۲ لَمَّا یَئِسْتُ وَ قُلْتُ اَیْنَ نَجَاتِیْ — قَالَتْ عَنَایَتُهٗ هِنَاکَ هِنَاکَ

۷۳ لذتِ وَصل ہی میں سب کچھ ہے
اس سے ملنے کا کچھ بہانہ بنا

۷۴ لاکھوں خطائیں کر کے؛ جو جھکتا ہوں اس طرف
پھیلا کے ہاتھ ملتے ہیں؛ مجھ سے وَفا یہ ہے

۷۵ لُوٹنے سے اُنھیں کہاں فُرصت
وہ پریشان حال ہیں ایسے

۷۶ لیڈرِقوم بھی ہیں؛ ڈاکو بھی
اُن کے اندر کمال ہیں ایسے

۷۷ لگاؤں سینہ سے؛ دل میں بٹھاؤں مَیں تجھ کو
نہ دُور بھاگ یونہی؛ میرے پاس آ تو سہی

۷۸ لعنت خُدا کے بندوں پہ؛ حاشا! کبھی نہیں
بچنا ہے گر تو لعنت کفّارہ چھوڑ دے

۷۹ لگ رہی ہے جہان بھر میں آگ
گھر میں ہے آگ؛ رَہ گُذَر میں آگ

۸۰ لَب پہ ان کے قہقہے ہیں؛ ان کی آنکھوں میں بہار
روحِ اِنسانی ہے پَر خاموش بیٹھی سوگوار

۸۱ لوگ بیتاب ہیں بیحد؛ کہ نمونہ دیکھیں
سالکِ رَہ کیلئے مجھ کو نمونہ کر دیں

۸۲ لاکھ حملہ کُن ہو مجھ پر فِتنۂ زندیقیت
بیچ میں آجائیو! بن جائیو میری سِپَر

۸۳ لعل و گہر کے عشق میں دنیا ہے پھنس رہی
تو اس سے آنکھ موڑ؛ ہے مولا کا لال تُو

۸۴ لاکھ دن ان کے نام پر قرباں
نکہتیں راتیں؛ عنبریں راتیں

۸۵ لٹکی ہے ہر اِک گوشہ میں تصویر کسی کی
دل کو نہ مِرے چھوڑیئے! ویرانہ سمجھ کر

۸۶ لاکھ دوزخ سے بھی بَدتر ہے؛ جدائی آپ کی
بادشاہی سے ہے بڑھ کر؛ آشنائی آپ کی

۸۷ لُڑھکنا ہی تھا قسمت میں؛ تو بیہوشی بھی دی ہوتی
نہ احساسِ وَفا رہتا؛ نہ پاسِ آشنا رہتا

۸۸ لیکھو سے کہا تھا جو؛ ہوا وہ پورا
کیا تم نے وہ دیکھی نہیں! مِرزا کی دُعا

۸۹ لڑتے بھِڑتے رہیں؛ آپس میں اَمیر اور وزیر
کیوں پِسیں گھُن کی طرح ساتھ غریب اور فقیر

# م

## ('م' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 621 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 133 |
| ii | دُرِّ عدَن | 71 |
| iii | کلامِ طاہر | 65 |
| iv | کلامِ محمود | 351 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

## دُرِّ ثمین

۱ مبارک کو مَیں نے ستایا نہیں — کبھی میرے دل میں یہ آیا نہیں

۲ میں وہ پانی ہوں؛ کہ آیا آسماں سے وقت پر — مَیں وہ ہوں نورِ خدا؛ جس سے ہوا دن آشکار

۳ میں کبھی آدمؑ، کبھی موسیٰؑ؛ کبھی یعقوبؑ ہوں — نیز ابراہیمؑ ہوں؛ نسلیں ہیں میری بے شمار

۴ مجھ کو کیا ملکوں سے؛ میرا مُلک ہے سب سے جدا — مجھ کو کیا تاجوں سے؛ میرا تاج ہے رضوانِ یار

۵ مرہمِ عیسیٰؑ نے دی تھی محض عیسیٰؑ کو شِفا — میری مرہم سے؛ شِفا پائے گا، ہر ملک اور دیار

۶ میرے زخموں پر لگا مرہم؛ کہ میں رنجور ہوں — میری فریادوں کو سُن؛ مَیں ہو گیا زار و نزار

۷ مِلّتِ احمد کی؛ مالک نے جو ڈالی تھی بِنا — آج پوری ہو رہی ہے؛ اے عزیزانِ دیار!

۸ موسیٰؑ بھی بدگمانی سے شرمندہ ہوگیا — قرآں میں خِضر نے جو کیا تھا؛ پڑھو ذرا

۹ مجھ پر ہر اِک نے وار کیا اپنے رنگ میں — آخر ذلیل ہوگئے انجامِ جنگ میں

۱۰ مجھ کو ہلاک کرنے کو؛ سب ایک ہوگئے / سمجھا گیا مَیں بَد؛ پہ وہ سب نیک ہوگئے

۱۱ میں تھا غریب و بیکس و گُم نام و بے ہُنر / کوئی نہ جانتا تھا؛ کہ ہے قادیاں کدھر

۱۲ میں مُفتری ہوں؛ اُن کی نگاہ وخیال میں / دنیا کی خیر ہے؛ مِری موت وزَوال میں

۱۳ مومن ہی فتح پاتے ہیں؛ انجام کار میں / ایسا ہی پاؤ گے سُخنِ کردگار میں

۱۴ میں تو مَر کر خاک ہوتا؛ گر نہ ہوتا تیرا لُطف / پھر خدا جانے؛ کہاں یہ پھینک دی جاتی غُبار

۱۵ مَیں بھی ہوں تیرے نشانوں سے؛ جہاں میں اک نشاں / جس کو تُو نے کر دیا ہے؛ قوم و دِیں کا افتخار

۱۶ میرے جیسے کو؛ جہاں میں، تُو نے روشن کر دیا / کون جانے اے میرے مالک! تِرے بھیدوں کی سار

۱۷ میرے سقم و عیب سے اب کیجیے قطع نظر / تا نہ خوش ہو دشمنِ دیں؛ جس پہ ہے لعنت کی مار

۱۸ مجھ کو پردے میں نظر آتا ہے اِک میرا مُعین / تیغ کو کھینچے ہوئے اُسپر؛ جو کرتا ہے وہ وار

۱۹ مُفتری کہتے ہوئے؛ اُن کو حیا آتی نہیں / کیسے عالم ہیں؛ کہ اس عالم سے ہیں یہ برکنار

۲۰ مُردہ ہو جاتے ہیں؛ اس کا کچھ نہیں دیتے جواب / زرد ہو جاتا ہے منہ؛ جیسے کوئی ہو سوگوار

۲۱ میری نسبت جو کہیں؛ کِیں سے وہ سب بر آتا ہے / چھوڑ دیں گے کیا وہ سب کو؛ کفر کر کے اختیار

۲۲ مجھ کو کافر کہہ کے؛ اپنے کفر پر کرتے ہیں مُہر / یہ تو ہے سب شکل ان کی؛ ہم تو ہیں آئینہ دار

۲۳ مَیں تو آیا اِس جہاں میں؛ ابنِ مریم کی طرح / مَیں نہیں مامور اَز بہرِ جہاد و کارزار

۲۴ موت سے گر خود ہو بے ڈر؛ کچھ کرو بچوں پہ رحم / اَمن کی رَہ پر چلو! بَن کو کرو مت اختیار

۲۵ مَیں تو تیرے حکم سے آیا؛ مگر افسوس ہے / چل رہی ہے وہ ہوا؛ جو رخنہ اندازِ بہار

۲۶ منبروں پر اُن کے سارا گالیوں کا وعظ ہے / مجلسوں میں ان کی ہر دم؛ سبّ و غیبت کاروبار

۲۷ مُلک سے مجھ کو نہیں مطلب؛ نہ جنگوں سے ہے کام / کام میرا ہے؛ دِلوں کو فتح کرنا نے دیار

۲۸ مُلکِ روحانی کی شاہی کی نہیں کوئی نظیر / گو بہت دنیا میں گزرے ہیں امیر و تاجدار

۲۹ مغزِ فرقانِ مطہّر کیا یہی ہے زُھدِ خشک / کیا یہی چوہا ہے نکلا؛ کھود کر یہ کوہسار

۳۰ مُنہ کو اپنے کیوں بگاڑا؛ نااُمیدوں کی طرح / فیض کے دَر کھُل رہے ہیں؛ اپنے دامن کو پسار

۳۱ مکرِ انساں کو مٹا دیتا ہے انسانِ دگر
پر خدا کا کام کب بگڑے کسی سے زینہار

۳۲ مُفتری ہوتا ہے آخر؛ اس جہاں میں رُوسیہ
جلدتَر ہوتا ہے برہم؛ افتراء کا کاروبار

۳۳ مکر کے بَل چل رہی ہے؛ ان کی گاڑی روز وشب
نفس و شیطاں نے اُٹھایا ہے؛ انھیں جیسے کہار

۳۴ مجھ کو کافر کہتے ہیں؛ مَیں بھی انہیں مومن کہوں
گر نہ ہو پرہیز کرنا جھوٹ سے؛ دِیں کا شعار

۳۵ مجھ پہ اے واعظ! نظر کی یار نے، تجھ پر نہ کی
حیف اس ایماں پہ؛ جس سے کفر بہتر لاکھ بار

۳۶ مجھ کو خود اس نے دیا ہے چشمۂ توحیدِ پاک
تا لگا دے ازسرِنو باغِ دِیں میں لالہ زار

۳۷ میں اگر کاذب ہوں؛ کذّابوں کی دیکھوں گا سزا
پر اگر صادق ہوں؛ پھر کیا عُذر ہے روزِشمار

۳۸ مَیں نے روتے روتے دامن کر دیا تَر درد سے
اب تلک تم میں وہی خشکی رہی؛ باحالِ زار

۳۹ موتِ عیسیٰؑ کی شہادت دی خدا نے صاف صاف
پھر احادیثِ مخالف رکھتی ہیں کیا اعتبار

۴۰ مجھ کو دے اک فوقِ عادت؛ اے خدا! جوش وتپش
جس سے ہو جاؤں میں غم میں دِیں کے؛ اِک دیوانہ وار

۴۱ مَیں نہیں کہتا؛ کہ میری جاں ہے سب سے پاک تَر
مَیں نہیں کہتا؛ کہ یہ میرے عمل کے ہیں ثمار

۴۲ مَیں نہیں رکھتا تھا اس دعویٰ سے اِک ذرّہ خبر
کھول کر دیکھو براھیں کو؛ کہ تا ہو اعتبار

۴۳ مجھ کو ہے بس وہ خدا؛ عہدوں کی کچھ پروا نہیں
ہو سکے؛ تو خود بنو مہدی بحکمِ کردگار

۴۴ مُفت میں مُلزم خدا کے مت بنو؛ اے منکرو!
یہ خدا کا ہے؛ نہ ہے یہ مُفتری کا کاروبار

۴۵ محبت میں صادق وہی ہوتے ہیں
کہ اس چولہ کو دیکھ کر روتے ہیں

۴۶ میں حیراں ہوں؛ تیرا یہ کیا حال ہے
وہ غم کیا ہے؛ جس سے تُو پامال ہے

۴۷ مِٹ گئے حیلے تمہارے؛ ہوگئی حُجّت تمام
اب کہو کس پر ہوئی؛ اے منکرو! لعنت کی مار

۴۸ مت کرو بک بک بہت اس کی دِلوں پر ہے نظر
دیکھتا ہے پاکیٔ دل کو؛ نہ باتوں کی سنوار

۴۹ مضمحل ہوجائیں گے اس خوف سے سب جِنّ واِنس
زار بھی ہوگا؛ تو ہوگا، اُس گھڑی باحالِ زار

۵۰ میرے دل کی آگ نے آخر دِکھایا کچھ اثر
آگئے ہیں اب زمیں پر؛ آگ بھڑکانے کے دن

۵۱ میں نے روتے روتے سجدہ گاہ بھی تَر کر دیا
پر نہیں ان خشک دل لوگوں کو خوفِ کردگار

۵۲ میرے آنسو اس غمِ دل سوز سے تھمتے نہیں
دِیں کا گھر ویراں ہے؛ اور دنیا کے ہیں عالی منار

۵۳ مگر عاشق کو ہرگز بَد نہ کہیو! وہاں بَدظنّیوں سے بچ کے رہیو!
۵۴ مگر مشکل یہی ہے درمیاں میں کہ گُل بے خار کم ہیں بوستاں میں
۵۵ مستقل رہنا ہے لازم؛ اے بشر! تجھ کو سَدا رَنج و غم، یاس و اَلَم؛ فکر و بَلا کے سامنے
۵۶ مر گیا بَدبخت؛ اپنے وار سے کٹ گیا سر؛ اپنی ہی تلوار سے
۵۷ مُردہ سے کب اُمّید؛ کہ وہ زندہ کر سکے اُس سے تو خود محال؛ کہ رَہ بھی گزر سکے
۵۸ مجھے سچ بتا کھول کر اپنا حال کہ کیوں غم میں رہتا ہے اے میرے لال؟
۵۹ میں عاجز ہوں؛ کچھ بھی نہیں، خاک ہوں مگر بندۂ درگہِ پاک ہوں
۶۰ میں قرباں ہوں دل سے؛ تیری راہ کا نشاں دے مجھے؛ مردِ آگاہ کا
۶۱ مگر مردِ عارف؛ فلاں مرد ہے وہ اسلام کے راہ میں فرد ہے
۶۲ مِلا تب خدا سے؛ اُسے ایک پیر کہ چشتی طریقہ میں تھا دستگیر
۶۳ مجھے بخش؛ اے خالقُ العالمین تو سبّوح وَاِنّی مِنَ الظّٰلِمین
۶۴ میں تیرا ہوں؛ اے میرے کرتار پاک نہیں تیری راہوں میں خوفِ ہلاک
۶۵ مگر یہ بھی ممکن ہے؛ اے پُختہ کار کہ خود غیب سے ہو؛ یہ سب کاروبار
۶۶ مگر اِس سے راضی ہو؛ وہ دِلستاں کہ اُس بِن نہیں؛ دل کو تاب و تواں
۶۷ مگر کوئی معشوق ایسا نہیں کہ عاشق سے رکھتا ہو یہ بُغض و کِیں
۶۸ مگر وید کو اس سے انکار ہے اِسی سے تو بے خیر و بے کار ہے
۶۹ مگر وہ تو پھرتا تھا دیوانہ وار نہ جی کو تھا چین؛ اور نہ دِل کو قرار
۷۰ محبت کی تھی سینہ میں اِک خلش لئے پھرتی تھی اُس کو دل کی تپش
۷۱ مگر وہ تو اِک دَم نہ کرتا قرار ادا کر دیا عِشق کا کاروبار
۷۲ مجھے پوچھو! اور میرے دِل سے یہ راز مگر کون پوچھے؛ بجز عِشق باز
۷۳ میں چولے کا کرتا ہوں پھر کچھ بیاں کہ ہے یہ پیارا مجھے؛ جیسے جاں
۷۴ مگر جس کے دل میں محبت نہیں اُسے ایسی باتوں سے رغبت نہیں

۷۵ مگر دوسرے سارے ہیں پُرعناد    پیارا ہے ان کو غرور اور فساد
۷۶ محمدؐ وہ نبیوں کا سردار ہے    کہ جس کا عدو مِثلِ مُردار ہے
۷۷ میں کہتا ہوں اِک بات؛ اے نیک نام!    ذرا غور سے اُس کو سُنیو تمام
۷۸ میری دعائیں ساری؛ کریو قبول باری    میں جاؤں تیرے واری؛ کر تُو مدد ہماری
۷۹ مہماں جو کر کے اُلفت؛ آئے بَصَد محبت    دل کو ہوئی ہے فرحت؛ اور جاں کو میری راحت
۸۰ مجھ پہ وہ لُطف کئے تُو نے؛ جو برتر زِخیال    ذات برتر ہے تِری؛ پاک ہے ایواں تیرا
۸۱ میری اولاد کو تُو ایسی ہی کر دے پیارے!    دیکھ لیں آنکھ سے وہ؛ چہرۂ تاباں تیرا
۸۲ میرے پیارے! مجھے ہر دَردومصیبت سے بچا    تُو ہے غفّار؛ یہی کہتا ہے قرآں تیرا
۸۳ میرے مسیح ہونے پہ؛ یہ اِک دلیل ہے    میرے لئے یہ شاہدِ ربِّ جلیل ہے
۸۴ مذہب بھی ایک کھیل ہے؛ جب تک یقیں نہیں    جو نور سے تہی ہے؛ خدا سے وہ دِیں نہیں
۸۵ میرے مولیٰ! میری یہ اِک دعا ہے    تِری درگاہ میں عجز و بُکا ہے
۸۶ میری اولاد؛ جو تیری عطا ہے    ہر اِک کو دیکھ لوُں؛ وہ پارسا ہے
۸۷ مجھے تقویٰ سے اُس نے یہ جزا دی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۸۸ مسلمانو! بناؤ تام تقویٰ    کہاں ایماں؛ اگر ہے خام تقویٰ
۸۹ میری اولاد؛ سب تیری عطا ہے    ہر اِک تیری بشارت سے ہوا ہے
۹۰ میں کیونکر گِن سکوں؛ تیرے یہ انعام    کہاں ممکن! تیرے فضلوں کا ارقام
۹۱ میری ہر بات کو؛ تُو نے جِلا دی    میری ہر روک بھی؛ تُو نے اُٹھا دی
۹۲ میری ہر پیش گوئی خود بنا دی    تریٰ نَسلاً بَعِیداً بھی دِکھا دی
۹۳ ملاحت ہے عجب اس دِلستاں میں    ہوئے بَدنام ہم اس سے جہاں میں
۹۴ میرے سر پر ہے مِنّت اسکی بھاری    چلی اس ہاتھ سے؛ کشتی ہماری
۹۵ میری بگڑی ہوئی؛ اُس نے بنا دی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۹۶ مقابل میں میرے؛ یہ لوگ ہارے    کہاں مرتے تھے؛ پر تُو نے ہی مارے

۹۷ میری اس نے ہر اِک عزت بنا دی — مخالف کی ہر اِک شیخی؛ مِٹا دی

۹۸ مجھے ہر قسم سے اس نے عطا دی — سعادت دی، ارادت دی؛ وفا دی

۹۹ محبت غیر کی؛ دل سے ہٹا دی — خدا جانے؛ کہ کیا دِل کو سُنا دی

۱۰۰ مجھے کب خواب میں بھی تھی یہ اُمّید — کہ ہوگا میرے پر یہ فضلِ جاوید

۱۰۱ مِلی یوسفؑ کی عزت؛ لیک بے قید — نہ ہو تیرے کرم سے کوئی نومید

۱۰۲ مُراد آئی؛ گئی سب نامُرادی — **فسبحان الّذی اخزی ا لاعادی**

۱۰۳ مَیں کیونکر گِن سکوں؛ تیری عنایات — تیرے فضلوں سے پُر ہیں؛ میرے دِن رات

۱۰۴ میری خاطر دِکھائیں تُو نے آیات — ترحّم سے میری سُن لی ہر اِک بات

۱۰۵ مجھے اُس یار سے پیوندِ جاں ہے — وہی جنت؛ وہی دارالاماں ہے

۱۰۶ محبت ہے؛ کہ جس سے کھینچا جاؤں — خدائی ہے؛ خودی جس سے جلاؤں

۱۰۷ محبت چیز کیا؛ کس کو بتاؤں — وفا کیا راز ہے؛ کس کو سُناؤں

۱۰۸ مَیں اس آندھی کو اب کیونکر چھپاؤں — یہی بہتر؛ کہ خاک اپنی اڑاؤں

۱۰۹ مجھے تُو نے یہ دولت؛ اے خدا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۱۰ مجھے یہ بات مولیٰ نے بتا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۱۱ مسلمانوں پہ تب اِدبار آیا — کہ جب تعلیمِ قرآں کو بھلایا

مسیحِ وقت اب دنیا میں آیا؛ — مبارک وہ، جو اَب ایمان لایا؛

۱۱۲ خدا نے عہد کا دن ہے دِکھایا — صحابہؓ سے مِلا، جب مجھ کو پایا

۱۱۳ ملتی نہیں عزیزو! فقط قِصّوں سے یہ راہ — وہ روشنی؛ نشانوں سے آتی ہے گاہ گاہ

۱۱۴ مولیٰ سے اپنے کچھ بھی محبت نہیں رہی — دل مر گئے ہیں؛ نیکی کی قدرت نہیں رہی

۱۱۵ ملتا ہے وہ اسی کو؛ جو ہو خاک میں ملا — ظاہر کی قِیل و قال؛ بھلا کس حساب میں

۱۱۶ موت کی رَہ سے مِلے گی؛ اب تو دِیں کو کچھ مدد — ورنہ دیں اے دوستو! اِک روز مرجانے کو ہے

۱۱۷ موتِ لیکھو؛ بڑی کرامت ہے — پر سمجھتے نہیں؛ یہ شامت ہے

۱۱۸ مجھ کو قسم خدا کی؛ جس نے ہمیں بنایا — اب آسماں کے نیچے؛ دینِ خدا یہی ہے

۱۱۹ ملتی ہے بادشاہی؛ اس دِیں سے آسمانی — اے طالبانِ دولت! ظِلِّ ہُما یہی ہے

۱۲۰ معلوم کر کے سب کچھ؛ محروم ہوگئے ہیں — کیا اِک نیوگیوں کا؛ ذہنِ رسا یہی ہے

۱۲۱ میٹھے بھی ہو کے؛ آخر نشتر ہی ہیں چلاتے — اِن تیرہ باطنوں کے دل میں دغا یہی ہے

۱۲۲ مَیں ہوں سِتم رسیدہ؛ ان سے جو ہیں رمیدہ — شاہد ہے آب دیدہ؛ واقف بڑا یہی ہے

۱۲۳ مَیں دل کی کیا سُناؤں؛ کس کو یہ غم بتاؤں — دُکھ درد کے ہیں جھگڑے؛ مجھ پر بلا یہی ہے

۱۲۴ مُشتِ غُبار اپنا؛ تیرے لئے اُڑایا — جب سے سُنا؛ کہ شرطِ مہر و وَفا یہی ہے

۱۲۵ مجھ کو ہیں وہ ڈراتے؛ پھر پھر کے دَر پہ آتے — تیغ و تبر دکھاتے؛ ہر سُو ہَوا یہی ہے

۱۲۶ مجھ کو ہو کیوں ستاتے؛ سو افترا بناتے — بہتر تھا باز آتے؛ دُوراَز بلا یہی ہے

۱۲۷ معاذاللہ! یہ سب باطل گماں ہے — وہ خود ایثر نہیں؛ جو ناتواں ہے

۱۲۸ مگر ملتی نہیں کوئی بھی بُرہاں — بھلا سچ کس طرح ہو جائے بہتاں

۱۲۹ مومن کے جو نشاں ہیں؛ وہ حالت نہیں رہی — اُس یارِبے نشاں کی محبت نہیں رہی

۱۳۰ مَیں بھائی کو کیونکر ستا سکتی ہوں — کیا وہ میری امّاں کا جایا نہیں

۱۳۱ موجوں سے اس کی پردے وساوس کے؛ پھٹ گئے — جو کفر اور فِسق کے ٹیلے تھے؛ کٹ گئے

۱۳۲ مقصود اِن کا جینے سے؛ دنیا کمانا ہے — مومن نہیں ہیں وہ؛ کہ قدم فاسقانہ ہے

۱۳۳ مُردہ پرست ہیں وہ؛ جو قِصّہ پرست ہیں — بس اسلئے وہ موردِ ذِلّ و شکست ہیں

## دُرِّ عدن

۱۳۴ مطعون خلائق ہو؛ تو ڈرتا نہیں اس سے — دیوانہ پہ عاقل بَرَہِ کار محبت

۱۳۵ مانا؛ کہ ہم تیرے بھی ہیں اور بَدنُما بھی ہیں — ظالم بھی ہیں، شریر بھی ہیں؛ پر ریا بھی ہیں

۱۳۶ مجھے دیکھ طالبِ منتظر! مجھے دیکھ شکلِ مجاز میں — کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں؛ تری جبینِ نیاز میں

۱۳۷ مجھے دیکھ طالبِ منتظر! مجھے دیکھ شکلِ مجاز میں — جو خلوصِ دل کی رمق بھی ہے؛ ترے اِدّعائے نیاز میں

۱۳۸ منتظر ہیں، آئیں گے کب؛ حضرتِ فضلِ عمر — سوئے رَہ نگراں ہیں؛ ہردَم دِیدہ ہائے قادیاںؔ

۱۳۹ معرفت کے گل کِھلیں؛ تازہ بہ تازہ نو بہ نو — جنکی خوشبو سے مہک اُٹھے؛ ہوائے قادیاںؔ

۱۴۰ مانگتے ہیں ہم دعائیں؛ آپ بھی مانگیں دعا — حق سنے اپنے کرم سے؛ التجائے قادیاںؔ

۱۴۱ مانگتے ہیں سب دعا؛ ہوکر سراپا آرزو — جلد شاہِ قادیاںؔ؛ تشریف لائے قادیاںؔ

۱۴۲ میری پیاری اُمّی! میری سب سے پیاری — رہوں گی دل وجاں سے تابع تمہاری

۱۴۳ **مرہم زخمِ دلِ مادرِ مھجور و حزیں** — **زینت پھلوئے ما جان جھان مے آید**

۱۴۴ ماہر کو ہے یہ ناز؛ کہ حاصل ہے تجربہ — عاقل کو اپنے فہم و فراست پہ ناز ہے

۱۴۵ مژدۂ وَصل لئے؛ صبحِ مسرت آئی — فضلِ مولا سے؛ ہوئی دُور اداسی یک بار

۱۴۶ مدح تیری ہے؛ زندگی تیری — تیری تعریف ہے؛ تیری تعلیم

۱۴۷ میرے آقا میرے نبیؐ کریم — بانیٔ پاک باز دینِ قویم

۱۴۸ مانا کہ انکسار بھی داخل ہے خلق میں — پر کچھ نہ کچھ خلیق کو سیرت پہ ناز ہے

۱۴۹ منعم کو ہے یہ ناز؛ کہ قبضہ میں مال ہے — عزّت خدا نے دی ہے؛ تو عزّت پہ ناز ہے

۱۵۰ ماہر ہے سرجری میں؛ تو ہے ڈاکٹر کو ناز — حاذِق ہے گر طبیب؛ طبابت پہ ناز ہے

۱۵۱ مصحفِ دِید عکسِ یزدانی — منتہائے کمالِ انسانی؛
**صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد**

۱۵۲ منبعِ جود و فضلِ رحمانی — منتہائے کمالِ انسانی؛
**صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد**

۱۵۳ منہزم ہو چکی تھی جب توحید — غالب آیا تھا لشکرِ شیطاں

۱۵۴ مہرِ عالَم طبیبِ روحانی — منتہائے کمالِ انسانی؛
**صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد**

۱۵۵ محبوبِ حقیقی کی اَمانت سے خبردار — اے حافظِ قرآن! خدا حافظ و ناصر

۱۵۶ مالک ہوئے مَرمَر کے حیاتِ اَبدی کے — کھنچے گئے سو بار سَرِدارِ محبت

۱۵۷ محبوب کو دل دے کے؛ بنے دلبرِ عالَم — سر دے دیئے؛ کہلاگئے سردارِ محبت

۱۵۸ مولا مِرے! قدیر مِرے! کبریا مِرے! — پیارے مِرے! حبیب مِرے! دلرُبا مِرے!

۱۵۹ **مدد کن ھادیا! گم کردہ راھم — گنھگارم غفورا! عفو خواھم**

۱۶۰ محبت تھی مجسم میری مریم — چلی ہے پیار خالق سے بڑھانے

۱۶۱ مغفرت بے حساب ہو جائے — مرحمت لاجواب ہو جائے

۱۶۲ محمدؐ کا خدا ہے پیار والا — محمدؐ کا جہاں میں بول بالا

۱۶۳ محمود عاقبت ہو؛ رہے زیست بامُراد — خوشیاں نصیب؛ عزت و دولت نصیب ہو

۱۶۴ مبارک تمہیں ختمِ قرآن؛ طیّب — خدا کا ہوا فضل و احسان؛ طیّب

۱۶۵ مبارک تمہیں علم کا سر پہ جھومر — گلے کا بنے ہار ایمان؛ طیّب

۱۶۶ ملا دے گا یہ تم کو آخر خدا سے — نکل جائیں گے دل کے ارمان؛ طیّب

۱۶۷ مقابل میں اسلام کے سارے مذہب — یہ مُردے ہیں، لاشیں ہیں، بے جان؛ طیّب

۱۶۸ مسلمان بن کر دِکھانا جہاں کو — بنانا بہت سے مسلمان؛ طیّب

۱۶۹ میرے مولا! میرے وَلی و نصیر! — مِرے آقا! مِرے عزیز و قدیر

۱۷۰ مایوس کبھی تیرے سوالی نہیں پھرتے — بندے تِری درگاہ سے خالی نہیں پھرتے

۱۷۱ مالک ہے، جو تُو چاہے؛ تو مُردوں کو جِلا دے — اے قادرِ مطلق! مِرے پیاروں کو شِفا دے

۱۷۲ مجبور ہوں، مجبور ہوں؛ منہ موڑ رہی ہوں — چھوڑا نہیں جاتا ہے؛ مگر چھوڑ رہی ہوں

۱۷۳ مولا سمومِ غم کے تھپیڑے پنہ! پنہ! — اب انتظامِ دفعِ بلیّات چاہیئے

۱۷۴ مانا کہ بے عمل ہیں؛ نہیں قابلِ نظر — ہیں خانہ زاد؛ پھر بھی مراعات چاہیئے

۱۷۵ مجھے تو دامنِ رحمت میں ڈھانپ لے یونہی — حساب مجھ سے نہ لے؛ بے حساب جانے دے

۱۷۶ میرے گناہ؛ تیری بخشش سے بڑھ نہیں سکتے — تِرے نثار! حساب و کتاب جانے دے

۱۷۷ مجمعِ اغیار میں یہ راز کی باتیں نہ کھول
میرے اپنے تک ہی رہنے دے مِرے احوال کو

۱۷۸ مجھے دیکھ رفعتِ کوہ میں؛ مجھے دیکھ پستیٔ کاہ میں
مجھے دیکھ عجزِ فقیر میں، مجھے دیکھ شوکتِ شاہ میں؛
نہ دِکھائی دُوں، تو یہ فکر کر، کہیں فرق ہو نہ نگاہ میں

۱۷۹ مجھے ڈھونڈ دل کی تڑپ میں تُو مجھے دیکھ رُوئے نگار میں
کبھی بُلبُلوں کی صدا میں سُن کبھی دیکھ گُل کے نکھار میں؛
میری ایک شان خزاں میں ہے میری ایک شان بہار میں

۱۸۰ میرا نور شکلِ ہلال میں؛ میرا حُسن بدرِ کمال میں
کبھی دیکھ طرزِ جمال میں، کبھی دیکھ شانِ جلال میں
رگِ جان سے ہوں مَیں قریب تر ترا دل ہے کس کے خیال میں

۱۸۱ مَیں کروں گا عُمر بھر تکمیل تیرے کام کی
میں تری تبلیغ پھیلا دُوں گا بَر رُوئے زمیں

۱۸۲ مقبول دعائیں ہوں؛ سب دُور بلائیں ہوں
لے آئے خدا تم کو؛ اب خیر سے، عزّت سے

۱۸۳ مخلوق پہ شفقت ہو؛ ہر اِک سے مروّت ہو
معمور ہو دل ہردَم؛ خالق کی محبت سے

۱۸۴ مخدوم وہی ہوگا؛ جو دِین کا خادم ہو
سب شان ہے مسلم کی؛ اسلام کی شوکت سے

۱۸۵ محنت ہو اگر سچی؛ ضائع وہ نہیں ہوتی
تم کام کئے جاؤ؛ اخلاص سے، ہمت سے

۱۸۶ میرے مولا! کٹھن ہے راستہ اس زندگانی کا
مِرے ہر ہر قدم پر خود رَہِ آسان پیدا کر

۱۸۷ میری خطائیں سب ترے غفراں نے ڈھانپ لیں
اب بھی نگاہِ لطف کے قابل نہیں ہوں مَیں؟

۱۸۸ میرا کوئی نہیں ہے ٹھکانہ؛ ترے سِوا
تیرے سوا؛ کسی کے بھی قابل نہیں ہوں مَیں

۱۸۹ مٹتی ہوئی خودی نے پکارا؛ کہ اے خدا!
آ جا! کہ تیری راہ میں حائل نہیں ہوں مَیں

۱۹۰ مایوس وغم زدہ کوئی اس کے سوا نہیں
قبضے میں جس کے قبضۂ سیفِ خدا نہیں

۱۹۱ مسکرا کر جس نے سب کے دل لبھائے؛ چل بسا
پیار کرتے تھے جسے اپنے پرائے؛ چل بسا

۱۹۲ مبارک ہے یہ انجام مبارک
زہے قسمت! محبّانِ محمدؐ

۱۹۳ مِرے پیارے بھائی کے پیارے مبارک
رہیں کام سارے تمہارے مبارک

۱۹۴ مبارک ہو بیٹے کی شادی رچانا
مبارک بھتیجی تمہیں بیاہ لانا

۱۹۵ مبارک یہ جوڑا ہو فضلِ خدا سے
قدم ان کے بھٹکیں نہ راہِ وفا سے

۱۹۶ مبارک ملیں ان کی کھیتی سے فصلیں
چلیں ان سے یارب! بہت پاک نسلیں

۱۹۷ مِلے ان کو ہر دین و دنیا کی نعمت — دلوں پر ہو غالب خدا کی محبت

۱۹۸ مومن قدم بڑھا کے؛ ہٹاتے نہیں کبھی — ان کو قضا کے تیر؛ ڈراتے نہیں کبھی

۱۹۹ مردانہ وار بڑھتے ہیں؛ سینہ سپر کیے — غازی عدُو کو پیٹھ دکھاتے نہیں کبھی

۲۰۰ مِلے گا ایک فرزندِ گرامی — عطا ہوگی دِلوں کو شادمانی

۲۰۱ مِٹا کر اپنی ہستی راہِ حق میں — جہاں کو اس نے بخشی زِندگانی

۲۰۲ مبارک تھا یہ اُمّ المومنیں کا — ہوا مقبول ربُّ العالمیں کا

۲۰۳ مِری نصرت ہم قدم ہے؛ فضل میرا ہم نفس — اے مبارک جا! سفر تیرا مبارک کر دیا

۲۰۴ منجدھار میں کشتی دِیں پار اُتارے کون؟ — بگڑیں؛ تو تیرے بِن ہمیں بتلا سنوارے کون

## کلامِ طاہر

۲۰۵ مَر کر بھی مِرا یہ بھیگی آنکھیں چین اُڑا دیں گی؛ تو کیا — یہ بجھے چراغ سجاؤ گے؛ مِرے مَرقد کے سرہانے دو

۲۰۶ منتظر مَیں تیرے آنے کا رہا ہوں برسوں — یہ لگن تھی، تجھے دیکھوں؛ تجھے چاہوں برسوں

۲۰۷ میرے بھائی آپ کی ہیں سخت چنچل سالیاں — شعلۂ جوّالہ ہیں؛ آفت کی ہیں پَر کالیاں

۲۰۸ میرا سورج بھی ہے تُو؛ چاند ستارے بھی تُو — اپنے جیون پہ میرا فخر ترے دَم سے ہے

۲۰۹ ملّاں کیا روپوش ہوا اِک؛ بلّی بھاگوں چھینکا ٹوٹا — اپنے مُریدوں کی آنکھوں میں جھونکی دُھول اور پیسہ لُوٹا

۲۱۰ مَیں اب سمجھا ہوں وہ کیفیت کیا ہوتی ہے جب دل کو — ہر دُور اُفتادہ اُوَیس پہ لختِ جگر سے بڑھ کر پیار آئے

۲۱۱ مِرے محبوبوں پر صبح و مَسا پڑتی ہے کیسی کیسی بَلا — مِری رُوح پہ برسوں بیت گئے اِن اَندیشوں کا سایہ ہے

۲۱۲ محبوبی و رَعنائی کرتی ہیں طواف اُس کا — قدموں پہ نثار اُس کے جمشیدی و دارائی

۲۱۳ مرزائے غلام احمد؛ تھی جو بھی مَتاعِ جاں — کر بیٹھا نثار اُس پر؛ ہو بیٹھا تمام اُس کا

۲۱۴ مجھ سے عِناد و بُغض و عداوت ہے اُن کا دِیں — اُن سے مجھے کلام نہیں؛ لیکن اِس قدر

۲۱۵ میری ہر ایک راہ؛ تِری سَمت ہے رواں — تیرے سِوا؛ کسی طرف اُٹھتا نہیں قدم

۲۱۶ مَیں نہیں جانتا؛ وہ تھا کیا چیز — تھی حقیقت؛ کہ واہمہ سا تھا

۲۱۷ مجنوں کا دشت اُداس ہے؛ صحنِ چمن اُداس — صحرا کی گود؛ لیلیٰ کا آنگن اُداس ہے

۲۱۸ مجھ سے بڑھ کر مِری بخشش کے بہانوں کی تلاش
کس نے دیکھے تھے کبھی ایسے بہانے والے

۲۱۹ مجھ سے بھی تو کبھی کہہ: راضیۃً مرضیہ
رُوح بیتاب ہے: رُوحوں کو بُلانے والے

۲۲۰ میں کہاں! اور کہاں حرفِ شکایت آقا!
ہاں یونہی ہَول اُٹھتے ہیں ستانے والے

۲۲۱ میں اُن سے جُدا ہوں؛ مجھے کیوں آئے کہیں چین
دِلِ منتظر اُس دن کا؛ کہ ناچے اُنہیں پا کے

میرے آنسو تمہیں دیں رَمِ زندگی؛
میہماں کو ملے جو دمِ زندگی؛
۲۲۲ دُور تم سے کریں ہر غمِ زندگی
وہی اَمرت بنے میزباں کیلئے

میری ایسی بھی ہے ایک رُودادِ غم؛
دل میں وہ بھی ہے اِک گوشۂ محترم؛
۲۲۳ دل کے پردے پہ ہے خون سے جو رَقم
وَقف ہے جو غمِ دوستاں کیلئے

۲۲۴ محرومِ اَذاں گر ہیں تو فقط مُرغانِ خوش الحانِ وطن
اے دیس سے آنے والے بتا!
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۲۲۵ مظلوموں کی آہوں کا دھواں ظالم کے اُفق کجلا دے گا
نمرود جلائے جائیں گے؛ دیکھے گا فلک یہ نظارہ

مِرے بھولے بھالے حبیب؛
کیا ایک اُنہی کو دُکھ دیتی ہے؛
۲۲۶ مجھے لکھ کر کیا سمجھاتے ہیں
جدائی لمبے عرصوں کی؟

۲۲۷ میری بھی آرزو ہے؛ اجازت مِلے تو، مَیں
اَشکوں سے اِک پِروؤں غزل؛ آپ کیلئے

۲۲۸ مِژگاں بنیں حِکایت دل کیلئے قلم
ہو رَوشنائی آنکھوں کا جَل؛ آپ کیلئے

۲۲۹ مَیں آپ ہی کا ہوں؛ وہ مِری زندگی نہیں
جس زندگی کے آج نہ کل؛ آپ کیلئے

۲۳۰ مَعابِد سے مِٹا کر کلمۂ توحید؛ آئے دِن
شریروں کو عِبادُاللہ کا دِل بَرمانا آتا ہے

مِرے دل کے اُفق پر؛
جو ڈُوب چکے ہیں؛
۲۳۱ لاکھوں چاند ستارے روشن ہیں لیکن
اُن کی یادوں نے منظر دھندلایا ہے

۲۳۲ میں ہفت اَفلاک کا پنچھی ہوں مِرا نورِ نظر آکاشی ہے
تو اوندھے منہ چلنے والا؛ اِک بے مُرشد چوپایہ ہے

۲۳۳ منزلیں دے رہی ہیں آوازیں
صبح محوِ سفر ہوں؛ شام چلو

۲۳۴ میرے پیارو! خدا کے پیاروں پر
دائماً بھیجتے سلام چلو

۲۳۵ مَیں تجھ سے نہ مانگوں؛ تو نہ مانگوں گا کسی سے — میں تیرا ہوں؛ تُو میرا خدا، میرا خدا ہے

۲۳۶ مسیح بَن کے وہی آسماں سے اُتری ہے — جو التجا دلِ ناکتخدا سے اٹھی ہے

۲۳۷ مہدی کا دلدار محمدؐ؛ نبیوں کا سردار محمدؐ — نورِنظر سرکار محمدؐ؛ جس کا وہ منظورِنظر تھا

۲۳۸ مولا نے وہ دن دِکھلائے؛ پریمی رُوپ نگر کو آئے — ساتھ فرشتے پَر پھیلائے؛ سایۂ رحمت ہر سَر پر تھا

۲۳۹ مجھے تیری ہی قسم ہے؛ کہ دوبارہ جی اُٹھوں گا — تِرا نفخِ روح؛ میرے دلِ زار تک تو پہنچے

۲۴۰ مَے برستی ہے؛ بُلا بھیجو کہاں ہے ساقی — بھری برسات میں موسم کے اشارے ہیں وہی

۲۴۱ میرے آنگن سے قضا لے گئی چُن چُن کے جو پھول — جو خدا کو ہوئے پیارے؛ میرے پیارے ہیں وہی

۲۴۲ منتظر کوئی نہیں ہے؛ لبِ ساحل ورنہ — وہی طوفان ہیں؛ وہی ناوٴ، کنارے ہیں وہی

۲۴۳ مجھے کبھی بھی تم اتنی نہیں لگیں پیاری — وہ حُسن تھا مَلکوتی؛ وہ ضبطِ غم اعجاز

۲۴۴ مرتے ہیں جب اللہ کے بندوں کے نگہبان — رہتے نہیں کیا اُن کے دُلاروں کے سہارے

۲۴۵ مسیح اُترا ہے عِندَ المَنَارَۃ البیضاء — اُٹھو! کہ جائے اَدب ہے؛ سنوار کر دیکھو

۲۴۶ محبتوں کے سمندر سے دُوریاں کیسی — لپٹ کے موجوں سے بوس و کنار کر دیکھو

۲۴۷ مِری سُنو! تو پہاڑوں سے سَر نہ ٹکراوٴ — جو میری مانو؛ تو عجز اِختیار کر دیکھو

۲۴۸ میرا ساتھ نبھاوَن تائیں؛ کوئی راہ نہ چھڈّی — جیہڑے رَستیاں توں مَیں لنگیا؛ اوہی رستے مَلّے

۲۴۹ میرے درد کی جو دوا کرے کوئی ایسا شخص ہوا کرے — وہ جو بے پناہ اُداس ہو؛ مگر ہجر کا نہ گِلہ کرے

۲۵۰ میری چاہتیں، میری قُربتیں؛ — تو وہ سب سے چھپ کے؛
جسے یاد آئیں قدم قدم — لباسِ شب میں لپٹ کے آہ و بقا کرے

۲۵۱ میں اُس کا فقیر ہوں آقا تُو جو میرے لئے بھلا سمجھے — مجھے اے کاش! ہر کوئی تیرا اور فقط تیرا ہی گدا سمجھے

۲۵۲ میری جھولی میں کچھ نہیں مولا؛ — زندگی کا سفر نبھانے کو؛
پیٹ خالی ہے ہاتھ خالی ہے — میں اکیلا ہوں، ساتھ خالی ہے

۲۵۳ مصر جانے کو جی مچلتا ہے؛ — دست و بازو کوئی عطا کر دے؛
پَر اکیلا ہوں، خوف کھاوٴں گا — لوٹ کر تب وَطن کو جاوٴں گا

۲۵۴ مگر سب اہلِ وطن یہ بھی سوچ لیں کہ کہیں
لباسِ تقویٰ میں لپٹی یہ کوئی چال نہ ہو

۲۵۵ میرے وَطن! مجھے تیرے اُفق سے شکوہ ہے
کہ اس پہ ثبت ہے عبدالسلام نام کا چاند

۲۵۶ مَے سی اُتر رہی تھی؛ کواکِب سے نور کی
ہر سمت بَٹ رہی تھی؛ شرابِ طُیورِ شَب

۲۵۷ مجھ سے تم نظریں چُرا لیتے بدن لَجّا کر
پھر مجھے دیکھتے ایسے؛ کہ نہ دیکھا ہوتا

۲۵۸ میرے سب خواب بکھر جاتے سرابوں میں؛ بس ایک
ہر طرف پھیلا ہوا عالَمِ صحرا ہوتا

۲۵۹ میرے اِس دنیا میں لاکھوں ہیں؛ مگر کوئی نہیں
میرا تنہائیوں میں ساتھ نبھانے کیلئے

۲۶۰ منصورہ لے کر آئی ہے اپنی بھولی بھالی بچی
معجزہ ہے جو اِک اللہ کا؛ اونچی قسمت والی بچی

۲۶۱ ماں اور باپ ہیں دونوں خوش؛
تہنیت کرتی ہے پیش؛
خوش ہیں منصورہ کی ساس
جھک کر سب کو اُردو کلاس

۲۶۲ مسکراتا تھا ہمیشہ وہ نجیب ابنِ نجیب
اس کے اَخلاق نِرالے تھے؛ ادائیں تھیں عجیب

۲۶۳ میں تمہیں مچھلی کھلاؤں گا تروتازہ؛ چلو
ہے ابھی تک کھُلا فِش شاپ کا دروازہ؛ چلو

۲۶۴ مجھ کو جو دکھ دیئے ہیں؛ نہیں تجھ سے کچھ گِلہ
میری دُعا یہی ہے؛ کہ تُو شادماں رہے

۲۶۵ میں غم و اَلَم کی موجوں سے اُلجھ رہا ہوں تنہا
مجھے آ کے دو سہارا؛ مجھے تھام لو خُدارا

۲۶۶ میری دل شِکستگی پر مجھے غرقِ غم سمجھ کر
وہ جو ایک آرزو تھی؛ وہی کر گئی کنارا

۲۶۷ مجھے اِذنِ مرگ دے کر؛ وہ اُفق پہ چاند ڈوبا
وہ مِرا نصیب لے کر؛ کوئی بُجھ گیا ستارا

۲۶۸ مجھے چھوڑ کر گئے ہو؛ میرا صبر آزمانے
تو سُنو! کہ اب نہیں ہے؛ مجھے ضبطِ غم کا یارا

۲۶۹ مجھے کنگال کر گیا وہ شخص
میرا تو بس وہی اَثاثہ تھا

## ﴾کلامِ محمود﴿

۲۷۰ مذہب میں ہر طرح ہمیں آزاد کر دیا
چلتا نہیں سروں پہ کوئی جبر کا تبر

۲۷۱ مسیح دنیا کا رہنما ہے؛ غلامِ احمدؐ ہے، مصطفیٰؐ ہے
بروزِ اقطاب واَنبیاء ہے؛ خدا نہیں ہے، خدا نما ہے

۲۷۲ محمدؐ میرے تن میں؛ مثلِ جاں ہے
یہ ہے مشہور؛ جاں ہے، تو جہاں ہے

۲۷۳ محمدؐ کو؛ برا کہتے ہو تم لوگ
ہماری جان و دل؛ جس پر فدا ہے

۲۷۴ منجملہ تیرے فضل و کرم کے ہے یہ بھی ایک — عیسیٰ مسیح سا ہے دیا رہنما مجھے
۲۷۵ موسیٰؑ کے ساتھ تیری رہیں لَن تَرانیاں — زِنہار میں نہ مانوں گا؛ چہرہ دِکھا مجھے
۲۷۶ مولوی صاحب مُبارک آپ کو — اور عبدالحی کے اُستاد کو
۲۷۷ مہربانی کی تُو اس پہ رکھ نظر — کر عنایت اس پہ تُو شام و سحر
۲۷۸ میاں اسحٰق کی شادی ہوئی ہے آج؛ اے لوگو! — ہر اِک مُنہ سے یہی آواز آتی ہے: مُبارک ہو
۲۷۹ میں اگلے شعر پر کرتا ہوں ختم اس نظم کو یارو! — اب اِن کے واسطے تم بھی خدا سے کچھ مدد مانگو
۲۸۰ مصطفیؐ کا یہ غلام؛ اور وہ غلامِ موسیٰؑ — دیکھ لو کِس کا ہے دونوں میں سے درجہ بالا
۲۸۱ مِثل ہوش اُڑ جائیں گے؛ اس زلزلہ آنے کے دن — باغِ احمد پر جو آئے ہیں؛ یہ مُرجھانے کے دن
۲۸۲ مہدیٔ آخرزَماں کا ہوچکا ہے اب ظہور — ہیں بہت جلد آنے والے؛ دِیں کے پھیلانے کے دن
۲۸۳ مہدیٔ آخرزَماں کا کس طرح ہوگا ظہور — جب نہ آئیں گے کبھی اس دِیں کے اُٹھ جانے کے دن
۲۸۴ مَیں وہ کامل ہوں؛ کہ سُن لے میرے اشعار کو گر — پھینک دے جام کو؛ اور چُومے میرے پاؤں کو جم
۲۸۵ میں کسی بحر میں دِکھلاؤں جو اپنی تیزی — عُرفی و ذوق کے دَست و زُباں ہوویں قلم
۲۸۶ مِٹ گیا تیری عداوت کے سبب سے پیارے! — کوئی لیتا نہیں اب دہر میں نامِ آتھم
۲۸۷ مال کیا چیز ہے؛ اور جاں کی حقیقت کیا ہے — آبرو تجھ پہ فِدا کرنے کو تیار ہیں ہم
۲۸۸ مامورِ خُدا سے دُشمنی ہے — کیا اس کا ہی نامِ اِتّقا ہے
۲۸۹ موسیٰ کے غُلام تھے مسیحا — ہاں ان سے ہمارا کام کیا ہے
۲۹۰ محمود خُدائے لَم یزل سے — ہر وقت یہی مِری دُعا ہے
۲۹۱ مِرے دوستو! شِرک کو چھوڑ دو تم — کہ یہ سب بلاؤں سے؛ بڑھ کر بلا ہے
۲۹۲ محبت سے کہتا ہے وہ تم کو ہر دَم — اُٹھو سونے والو! کہ وقت آگیا ہے
۲۹۳ مسیحا و مہدیٔ دورانِ آخر — وہ جس کے تھے تم منتظر؛ آگیا ہے
۲۹۴ مقابل میں اس کے اگر کوئی آئے — نہ آگے بچے گا؛ نہ اب تک بچا ہے
۲۹۵ مصیبتوں سے نکالتا ہے؛ بلاؤں کو سَر سے ٹالتا ہے — گلے کا تعویذ اسے بناؤ؛ ہمیں یہی حکمِ مصطفیؐ ہے

۲۹۶ مگر مسلمانوں پر ہے حیرت؛ دِلوں پہ چھائی ہے پھر بھی غفلت؛
جنھوں نے پائی ہے ایسی نعمت نہ یادِ عُقبیٰ ہے، نہ خُدا ہے

۲۹۷ مگر خُدائے رحیم و رحماں؛ جو ہے شہنشاہِ جِنّ و اِنساں؛
جو اپنے بندوں کا ہے نِگہباں جو ذرّہ ذرّہ کو دیکھتا ہے

۲۹۸ مسیحِ دوراں، مثیلِ عیسیٰؑ؛ بجا ہے دنیا میں جس کا ڈَنکا خُدا سے ہے پا کے حکم آیا مِلا اُسے منصبِ ھُدیٰ ہے

۲۹۹ مقابلہ میں جو تیرے آیا؛ نہ خالی بچ کر کبھی بھی لوٹا یہ دَبدَبہ دیکھ کر مسیحا؛ جو کوئی حاسد ہے، جَل رہا ہے

۳۰۰ محمود کیا بعید ہے دِل پر جو قوم کے نالہ اثر کرے یہ کسی نوحہ خوان کا

۳۰۱ محمود نہ کیوں اس کے مخالف ہوں پریشاں نائب ہے نبی کا وہ؛ فرستادہ خُدا کا

۳۰۲ مجھ سے سُنو؛ کہ اِتنا تغیّر ہے کیوں ہوا جو بات کَل نہاں تھی؛ ہوئی آج کیوں عیاں

۳۰۳ محمود دَردِدِل سے یہ ہے اب مِری دُعا قیصر کو بھی ہدایتِ اِسلام ہو عطا

۳۰۴ مزا جو یار پر مَرنے میں ہے؛ وہ نہیں لذّت حیاتِ جاوِداں میں

۳۰۵ مثالِ آئینہ ہے دِل؛ کہ یار کا گھر ہے مجھے کسی سے بھی اس دہر میں غبار نہیں

۳۰۶ مقابلہ میں مسیحِ زماں کے جو آئے وہ لوگ وہ ہیں؛ جنھیں حق سے کچھ بھی پیار نہیں

۳۰۷ مقدّر اپنے حق میں عِزّ و شاں ہے جو ذِلّت ہے؛ نصیبِ دُشمناں ہے

۳۰۸ مسیحائے زماں کا یاں مکاں ہے زمینِ قادیان؛ دارُالاماں ہے

۳۰۹ مسیحا سے کوئی کہہ دو یہ جا کر مریضِ عشق تیرا؛ نیم جاں ہے

۳۱۰ مخالف اپنے ہیں گو زور پر آج مگر ان سے قوی تَر پاسباں ہے

۳۱۱ مَرا ڈوئی؛ دَمِ مُعجز نُما سے یہ عیسیٰؑ کی صداقت کا نشاں ہے

۳۱۲ مسلمانوں کی بَدحالی کے غم میں دھرا سینہ؛ پر اِک سَنگِ گراں ہے

۳۱۳ مِرا دِل اُس نے روشن کر دیا ہے اندھیرے گھر کا میرے وہ دِیا ہے

۳۱۴ مسیحا کو نہیں خوف و خطر کچھ حمایت پر تُلا اُس کا خُدا ہے

۳۱۵ مِرا ہر ذرّہ ہو قُربانِ احمد مِرے دِل کا یہی اِک مُدّعا ہے

۳۱۶ مزہ دوبار پہلے چکھ چکے ہو
مگر پھر بھی وہی طرزِ اَدا ہے

۳۱۷ مَہدیٔ دوران کا جو خاکِ پا ہو جائے گا
مہرِ عالَمتاب سے روشن سِوا ہوجائے گا

۳۱۸ مکانِ دِل میں لا کر مَیں غمِ دِلبر کو رکھوں گا
مُبارک اس سے بڑھ کر کوئی مہماں ہو نہیں سکتا

۳۱۹ معافی دے نہ جب تک وہ مِرے سارے گُناہوں کی
جُدا ہاتھوں سے میرے اُس کا داماں ہو نہیں سکتا

۳۲۰ مثالِ کوہِ آتِش بار کہتا ہوں فُغاں ہر دَم
کسی کا مجھ سے بڑھ کر سینہ بِریاں ہو نہیں سکتا

۳۲۱ محمود دِل خُدا سے لگاتے؛ تو خُوب تھا
شیطاں سے دامن اپنا چھُڑاتے؛ تو خُوب تھا

۳۲۲ مُدَّت سے ہیں بھٹک رہے وادی میں عشق کی
وہ خود ہی آ کے راہ دِکھاتے؛ تو خُوب تھا

۳۲۳ مَیں نے جس دِن سے ہے پیارے! ترا چہرہ دیکھا
پھر نہیں اور کسی کا رُخِ زیبا دیکھا

۳۲۴ مُشتَری بھی ہے تِرا مُشتَری؛ اے جانِ جہاں
اس نے جس دِن سے ہے تیرا رُخِ زیبا دیکھا

۳۲۵ مجھ پر بھی اس کی فکر میں آرام ہے حرام
مَیں اُس کے غم میں خود ہوں شکارِ بَلا ہوا

۳۲۶ مُدَّت سے پارہ ہائے جگر کھا رہا ہوں مَیں
رَنج و مِحَن کے قبضہ میں آیا ہوا ہوں مَیں

۳۲۷ میری کمر کو قوم کے غم نے دیا ہے توڑ
کِس اِبتلا میں ہائے! ہوا مُبتلا ہوں مَیں

۳۲۸ مَیں رو رہا ہوں؛ قوم کے مُرجھائے پھول پر
بُلبُل تو کیا ہے؛ اس سے کہیں خُوشنوا ہوں مَیں

۳۲۹ مَرگِ پِسَر پہ پیٹتی ہے جیسے ماں کوئی
حالت پہ اپنی قوم کی یُوں پیٹتا ہوں مَیں

۳۳۰ مجھے سمجھتے ہو کیا قُلی تم؛
کہ نِت نئے بوجھ لادتے ہو
بس اب تو جانے دو تھک گیا ہوں؛
غم و مصیبت اُٹھا اُٹھا کر

۳۳۱ مجھ سا نہ اِس جہاں میں کوئی دِلفگار ہو
جس کا نہ یار ہو؛ نہ کوئی غمگُسار ہو

۳۳۲ مَیں کیوں پھِروں؛ کہ خالی نہیں آج تک پھِرا
جو تیرے فَضل و رحم کا اُمیدوار ہوں

۳۳۳ مُوسیٰؑ سے تُو نے طُور پر جو کچھ کیا سلوک
مجھ سے بھی اب وہی مِرے پروردگار ہو

۳۳۴ معشوق گر نہیں ہوں؛ تو عاشق ہی جان لو
اِن میں نہیں؛ تو اُن میں ہمارا شُمار ہو

۳۳۵ مَیں وہ بیخود ہوں کہ تھے جس نے اُڑائے مِرے ہوش
مجھ کو خود وہ نِگہِ ہوش رُبا یاد نہیں

۳۳۶ مئے عشقِ خُدا میں سخت ہی مخمور رہتا ہوں
یہ ایسا نشہ ہے؛ جس میں کہ ہر دَم چُور رہتا ہوں

٣٣٧ مجھے اُس کی نہیں پروا؛ کوئی ناراض ہو بیشک — مَیں غدّاری کی سرحد سے بہت ہی دُور رہتا ہوں

٣٣٨ مجھے فکرِ معاش و پوشش و خور کا اَلَم کیوں ہو — مَیں عشقِ حضرتِ یزداں میں جب مخمور رہتا ہوں

٣٣٩ مَیں سمجھا تھا؛ کہ اس کو دیکھ کر پڑ جائے گی ٹھنڈک — خبر کیا تھی کہ پھُنک جاؤں گا؛ جا کر اس کی محفل میں

٣٤٠ مصیبت راہِ اُلفت کی کٹے گی کِس طرح یاربّ! — مِرے پاؤں تو بالکل رِہ گئے ہیں پہلی منزل میں

٣٤١ مِرے تو دِل میں تھا کہ بڑھ کر نِثار ہو جاؤں — پر اُس کے تیرِ نِگہ نے ڈرا دیا مجھ کو

٣٤٢ مِرا قدم تھا کبھی عرش پر نظر آتا — اِلٰہی خاک میں کِس نے مِلا دیا مجھ کو

٣٤٣ مجھ کو یہ سمجھیں کہ ہوں اُلفت میں مَرفُوعُ القَلَم — میرے پیچھے پڑ رہے ہیں سب مِرے احباب کیوں

٣٤٤ مَوردِ فضل و کرم؛ وارثِ ایمان و ہُدیٰ — عاشقِ احمد و محبوبِ خُدا ہو جاؤ

٣٤٥ مُمیت بن چکے مُحیی بنیں گے کب میرے — مجھے وہ مار تو بیٹھے ہیں؛ اب جِلائیں گے کب

٣٤٦ میرے دِل پر رَنج و غم کا بار ہے — ہاں خبر لیجے! کہ حالت زار ہے

٣٤٧ میرے دشمن کیوں ہوئے جاتے ہیں لوگ — مجھ سے پہنچا اُن کو کیا آزار ہے

٣٤٨ میری غم خواری سے ہیں سب بے خبر — جو ہے میرے دَرپئے آزار ہے

٣٤٩ میری کمزوری کو مت دیکھیں؛ کہ مَیں — جس کا بندہ ہوں؛ بڑی سرکار ہے

٣٥٠ ملایا خاک میں سب دشمنوں کو — کیا ہر مرحلہ میں ہم کو منصور

٣٥١ مِلے ہم کو وہ اُستاد و خلیفہ — کہ سارے کہہ اُٹھے: نورٌ علیٰ نُور

٣٥٢ ملاتا ہے یہی اس دِلرُبا سے — یہی کرتا ہے زائل دَردِ ہجراں

٣٥٣ مِٹا دیتا ہے سب زنگوں کو دل سے — اسی سے قلب کو ملتی جِلا ہے

٣٥٤ محبت تیری؛ دل میں جاگُزیں ہو — لگی ہو لَو ہمیں یادِ خُدا کی

٣٥٥ مصیبت میں ہمارا ہو مددگار — ہمارے دَردِ دِل کا رازداں ہو

٣٥٦ مُرغِ دل میرا پھنسا ہے کِس کے دامِ عشق میں — کِس کے نَقشِ پا کے پیچھے اُڑ گیا میرا غُبار

٣٥٧ مَیں جو ہنستا ہوں؛ تو ہے میری ہنسی بھی برق وَش — جس کے پیچھے پھر مجھے پڑتا ہے رونا باربار

٣٥٨ مَات کرتا ہے مِرا دن بھی اندھیری رات کو — میری شب کو دیکھ کر زُلفِ حسیناں شرمسار

۳۵۹ میری ساری آرزوئیں؛ دل ہی دل میں مَر گئیں
میرا سینہ کیا ہے؛ لاکھوں حسرتوں کا ہے مزار

۳۶۰ منبعِ ہر خُوبی و ہرحُسن و ہرنیکی ہے وہ
مَیں ہوں اپنے نفس کے ہاتھوں سے مغلوب اور خوار

۳۶۱ مَست ہو کیوں اس قدر اَغیار کے اَقوال پر
اُس شہِ خُوباں کی تم کیوں چھوڑ بیٹھے ہو کِتاب

۳۶۲ مَیں ہوں خالی ہاتھ؛ مجھ کو یونہی جانے دیجئے
شاہ ہوکر آپ کیا لیں گے فقیروں سے حساب

۳۶۳ میری خواہش ہے؛ کہ دیکھوں اُس مقامِ پاک کو
جس جگہ نازل ہوئی مولیٰ! تیری اُمُّ الکتاب

۳۶۴ میرے والد کو بھی ابراہیمؑ ہے تُو نے کہا
جس کو جو چاہے بنائے؛ تیری ہے عالی جناب

۳۶۵ ملتی نہیں مَے جام ہے
بس اِک یہی آزار ہے

۳۶۶ محمود بحالِ زار کیوں ہو
کیا رَنج ہے؛ بے قرار کیوں ہو

۳۶۷ مَیں باعثِ رَنج کیا بتاؤں
کیا کہتے ہو؛ بے قرار کیوں ہو

۳۶۸ ماضی نے کیا ہے جب پریشاں
آئندہ کا اِعتبار کیوں ہو

۳۶۹ مِلا ہوں خاک میں؛ باقی رہا نہیں کچھ بھی
مگر ہے دل میں مِرے؛ اُن کی جُستجو باقی

۳۷۰ مِلّتِ احمد کے ہمدردوں میں؛ غمخواروں میں ہوں
بے وَفاؤں میں نہیں ہوں مَیں وَفاداروں میں ہوں

۳۷۱ مَیں نے مانا؛ تُو نے لاکھوں نعمتیں کی ہیں عطا
پر مَیں اُن کو کیا کروں؛ تیرے طَلَبگاروں میں ہوں

۳۷۲ مُدَّتوں سے مَر چُکا ہوتا غم و اندوہ سے
گر نہ یہ معلوم ہوتا؛ مَیں ترے پیاروں میں ہوں

۳۷۳ محمدِؐ عربی کی ہو آل میں برکت
ہو اُس کے حُسن میں برکت؛ جمال میں برکت

۳۷۴ مِلے گی سالِکِ رَہ! تجھ کو حال میں برکت
کبھی بھی ہوگی میسّر نہ قال میں برکت

۳۷۵ مہرِ اِسلام ہوگیا مخفی
سارے عالَم پہ چھا گیا ہے سواد

۳۷۶ مگر اس فَصد کے بہانے سے
کر رہے ہیں وہ کارِ صَد جلّاد

۳۷۷ مَیں بھی کہتا ہوں آج تجھ سے وہی
جو ہیں پہلے سے کہہ گئے اُستاد

۳۷۸ مِنبر پہ چڑھ کے غیر کہے اپنا مُدّعا
سینہ میں اپنا جوش دَبانا پڑے ہمیں

۳۷۹ محمود کر کے چھوڑیں گے؛ ہم حق کو آشکار
رُوئے زمیں کو خواہ ہِلانا پڑے ہمیں

۳۸۰ مِری تدبیر؛ جب مجھ کو مصیبت میں پھنساتی ہے
تو تقدیرِ اِلٰہی آن کر اُس سے چھُڑاتی ہے

۳۸۱ محبت! تُو وَفا ہو کر؛ وَفا سے جِی چُراتی ہے
ہماری بَن کے اے ظالم! ہماری خاک اُڑاتی ہے

۳۸۲ محبت کیا ہے، کچھ تم کو خبر بھی ہے؛ سُنو مجھ سے
یہ ہے وہ آگ؛ جو خود گھر کے مالک کو جلاتی ہے

۳۸۳ مِٹائے گا ہمیں کیا؛ تُو ہے اپنی جان کا دشمن
ارے ناداں! کبھی عُشّاق کو بھی موت آتی ہے

۳۸۴ محبت کی جھلک چُھپتی کہاں ہے؛ لاکھ ہوں پردے
نگاہِ زیرِبیں مجھ سے بھلا تُو کیوں چھُپاتی ہے

۳۸۵ معاذاللہ مِرا دل اور ترکِ عشق کیا ممکن
مَیں ہوں وہ باوَفا؛ جس سے وَفا کو شرم آتی ہے

۳۸۶ مِری جاں تیرے جامِ وَصل کی؛ خواہش میں اے پیارے
مِثالِ ماہیٔ بے آب؛ ہر دَم تلملاتی ہے

۳۸۷ مِرے دل میں تو آتا ہے کہ سب احوال کہہ ڈالوں
نہ شِکوہ جان لیں؛ اس سے طبیعت ہچکچاتی ہے

۳۸۸ مِٹا کے نَقش و نگارِ دیں کو؛ یونہی ہے خوش دُشمنِ حقیقت
جو پھر کبھی بھی نہ مِٹ سکے گا؛ اب ایسا نقشہ بنائیں گے ہم

۳۸۹ مِٹا کے کُفر وضلال وبِدعت کریں گے آثارِ دِیں کو تازہ
خُدا نے چاہا، تو کوئی دِن میں؛ ظفر کے پرچم اُڑائیں گے ہم

۳۹۰ مَن و احسان سے اعمال کو کرنا نہ خراب
رِشتۂ وَصل کہیں قطع سرِبام نہ ہو

۳۹۱ میری تو حق میں تمھارے یہ دُعا ہے پیارو!
سَر پہ اللہ کا سایہ رہے؛ ناکام نہ ہو

۳۹۲ مُسلم سوختہ دل! یُونہی پریشان نہ ہو
تجھ پہ اللہ کا سایہ ہے؛ ہراسان نہ ہو

۳۹۳ مَیں تو بھوکا ہوں فقط دِیدِ رُخِ جاناں کا
باغِ فردَوس نہ ہو؛ روضۂ رِضوان نہ ہو

۳۹۴ مَردِمیدان بنے؛ اپنے دلائل لائے
گھر میں بیٹھا ہوا؛ باتیں نہ بنائے کوئی

۳۹۵ مجھ سے مِلنے میں اُنھیں عُذر نہیں ہے کوئی
دِل پہ قابو نہیں اپنا؛ یہی دُشواری ہے

۳۹۶ مَر کے بھی دیکھ لُوں شاید؛ کہ میسّر ہو وصال
لوگ کہتے ہیں؛ یہ تدبیر بڑی کاری ہے

۳۹۷ میری یہ آنکھیں کُجا؛ رویَتِ دِلدار کُجا
حالتِ خواب میں ہوں مَیں؛ کہ یہ بیداری ہے

۳۹۸ مَیں ترا دَر چھوڑ کر؛ جاؤں کہاں
چینِ دِل، آرامِ جاں؛ پاؤں کہاں

۳۹۹ مئے وَصلِ حبیب لایَزال و لَم یَزَل ہوتی
تو دل کیا؛ میری جاں بھی بڑھ کے قربانِ سُبُو ہوتی

۴۰۰ مِری جنت تو یہ تھی؛ مَیں تِرے سایہ تلے رہتا — رواں دِل میں مِرے عِرفانِ بے پایاں کی جُو ہوتی
۴۰۱ مَلَک بھی رَشک ہیں کرتے وہ خوش نصیب ہوں مَیں — وہ آپ مجھ سے ہے کہتا: نہ ڈَر، قریب ہوں مَیں
۴۰۲ مقابلہ پہ عَدُو کے نہ گالیاں دُوں گا — کہ وہ تو ہے وہی، جو کچھ کہ ہے؛ نجیب ہوں مَیں
۴۰۳ مِرے پکڑنے پہ قُدرت کہاں تجھے صیّاد! — کہ باغِ حُسنِ محمدؐ کی عندلیب ہوں مَیں
۴۰۴ مِری طرف چلے آئیں مریضِ رُوحانی — کہ اِن کے دَردوں، دُکھوں کیلئے؛ طبیب ہوں مَیں
۴۰۵ میرے مولیٰ! مِری بگڑی کے بنانے والے — میرے پیارے! مجھے فِتنوں سے بچانے والے
۴۰۶ مَیں تو بَدنام ہوں جس دَم سے ہوا ہوں عاشق — کہہ لیں جو دل میں ہو؛ اِلزام لگانے والے
۴۰۷ مجھ کو دِکھلاتے ہوئے آپ بھی رَہ کھو بیٹھے — اے خِضر! کیسے ہو تم راہ دِکھانے والے
۴۰۸ مجھ سے بڑھ کر ہے مِرا فکر تجھے دامن گیر — تیرے قُربان! مِرا بوجھ اُٹھانے والے
۴۰۹ مجھ سے بڑھ کر میری حالت کو یہ کرتے ہیں بیاں — مُنہ سے گو چُپ ہیں مِرے پاؤں کے چھالے؛ پیارے
۴۱۰ مُدّعا تو ہے وہی؛ جو رہے پُورا ہو کر — اِلتجا ہے وہی؛ جو لَوٹے پذیرا ہو کر
۴۱۱ میرے پیارے دوستو! تم دَم نہ لینا؛ جب تلک — ساری دنیا میں نہ لہرائے لِوائے قادیاں
۴۱۲ مُنہ سے جو کچھ چاہے بَن جائے کوئی؛ پر حق یہ ہے — ہے بہاءُ اللہ فقط؛ حُسن و بہائے قادیاں
۴۱۳ مَیں تو کمزور تھا؛ اِس واسطے آیا نہ گیا — کِس طرح مانوں؛ کہ تم سے بھی بُلایا نہ گیا
۴۱۴ مِلتا کس طرح؛ کہ تدبیر ہی صائب نہ ہوئی — دِل میں ڈھونڈا نہ گیا؛ غیر میں پایا نہ گیا
۴۱۵ منبعِ اَمن کو جو تُو چھوڑ کے دُور چل دیا — تیرے لیے جہان میں؛ اَمن ہو کیوں، اَمان کیوں
۴۱۶ میرے آتے ہی اِدھر تم پہ کھلا ہے یہ راز — تم بھی میدانِ دلائل کے ہو رَن پیروں سے
۴۱۷ مجھ کو کیا شِکوہ ہو تم سے؛ کہ مِرے دشمن ہو — تم یونہی کرتے چلے آئے ہو جب پِیروں سے
۴۱۸ میری غَیبَت میں لگا لو؛ جو لگانا ہو زور — تیر بھی پھینکو؛ کرو حملے بھی شمشیروں سے
۴۱۹ ماننے والے مِرے بڑھ کے رہیں گے تم سے — یہ قضا وہ ہے؛ جو بدلے گی نہ تدبیروں سے
۴۲۰ مجھ کو حاصل نہ اگر ہوتی خُدا کی اِمداد — کب کے تم چھید چکے ہوتے مجھے تیروں سے
۴۲۱ مِری حالت پہ جاناں! رحم آئے گا نہ کیا تم کو — اکیلا چھوڑ دو گے مجھ کو کیا تم؛ باوَفا ہو کر

۴۲۲ مریم نے کیا ہے ختم قُرآں
اللہ کا ہے یہ اس پہ احساں

۴۲۳ مولیٰ کی عنایت و کرم کا
سایہ رہے اس کے سر پہ ہرآں ۔ آمین

۴۲۴ مرضی ہو خُدا کی؛ اُس کی مرضی
مولیٰ کی رضا کی ہو یہ جویاں ۔ آمین

۴۲۵ مولیٰ سے دُعا ہے پیارو! بہنو!
تم کو بھی دِکھائے وہ یہ خوشیاں ۔ آمین

۴۲۶ مجھ کو گندہ سمجھ کے مت دھتکارو
قُربِ گُل میں ہی؛ خار رہتا ہے

۴۲۷ میرے ہاتھوں سے جُدا یار کا دامان نہ ہو
میری آنکھوں سے وہ اوجھل کبھی اِک آن نہ ہو

۴۲۸ مُضغۂ گوشت ہے وہ؛ دِل میں جو ایمان نہ ہو
خاک سی خاک ہے وہ؛ جسم میں گر جان نہ ہو

۴۲۹ مُبتلائے غم و آلام پہ خندان نہ ہو
یہ کہیں تیری تباہی کا ہی سامان نہ ہو

۴۳۰ مرحبا! وَحشتِ دِل تیرے سبب سے یہ سُنا
مَیں ترِے پاس ہوں سَر گشتہ و حیران نہ ہو

۴۳۱ محبوبوں کا محبوب تھا؛ دِلداروں کا دِلدار
معشوقوں کا معشوق؛ دُلاروں کا دُلارا

۴۳۲ مَرنا ہے تو اس دَر پہ ہی مَر؛ جی تو وہیں جی
ہوگا تو وہیں ہوگا؛ ترِے دَرد کا چارہ

۴۳۳ مانا! کہ تیرے پاس نہیں دولتِ اعمال
مانا! ترا دُنیا میں نہیں کوئی سہارا

۴۳۴ مَردوزَن عشق میں تیرے ہیں برابر سرشار
ہر اَدا پر تیری قُربان ہوئے جاتے ہیں

۴۳۵ مجھ سے ہے اور؛ تو غیروں سے ہے کچھ اور سلوک
دِلبرا! آپ بھی کیا رکھتے ہیں پیمانے دو

۴۳۶ مِرے ہمراز! بیشک دل محبت کا ہے پیمانہ
ہے اس کا حال رِندانہ؛ تو اس کی چال مَستانہ

۴۳۷ مَئے جان بخش بٹتی ہے جہاں؛ ہے یہ وہ میخانہ
مگر وہ کیا کرے؛ جس کا کہ دِل ہو جائے ویرانہ

۴۳۸ مِرے ہمراز کہتے ہیں کہ اِک شئے نُور ہوتی ہے
جب آتی ہے؛ تو تاریکی معاً کافُور ہوتی ہے

۴۳۹ مگر ہم کیا کریں؛ جن کے
کہ دن بھی ہو گئے؛ راتیں

۴۴۰ مِرے ہمراز آنکھیں بھی خُدا کی ایک نعمت ہیں
ہزاروں دولتیں قُربان ہوں جس پر؛ وہ دولت ہیں

۴۴۱ مگر وہ مُنہ نہ دِکھلائیں
تو پھر ہم کیا کریں آنکھیں

۴۴۲ مِرے ہمراز سب دنیا کا کام اُس 'مَیں' پہ ہے چلتا
مگر 'مَیں' بھی تبھی ہوتی ہے؛ جب ہو سامنا 'تُو' کا

۴۴۳ میری طرح ہر اِک ہے یہاں مُبتلائے عِشق
حیران ہوں کہ ڈھونڈوں مَیں اب نامہ بَر کہاں

۴۴۴ ممکن کہاں؛ کہ غیر کرے مجھ سے ہَمسَری — وہ دِل کہاں، وہ گُردے کہاں؛ وہ جِگر کہاں

۴۴۵ مُضطَرِب ہو کے چلے آتے ہیں میری جانب — موت ہی وَصل کا پیغام ہوئی جاتی ہے

۴۴۶ مِرے پاس آ کے لِلّٰہ بیٹھ جاؤ — کہ پہلو سے مِرے شیطان نِکلے

۴۴۷ مجھے سب رَنج و کُلفت بھول جائے — جو تیری دِید کا اَرمان نِکلے

۴۴۸ مُطلقاً غیراَزفنا راہِ بقا مَسدُود ہے — مِٹ گیا جو راہ میں اس کی؛ وہی موجود ہے

۴۴۹ مانگ پر ہوتی ہے پیداوار چونکہ وہ نہیں — جنسِ تقویٰ اس لیے دُنیا سے اَب مفقود ہے

۴۵۰ مُدّعا ہے میری ہستی کا؛ کہ مانگوں باربار — مُقتضا اُن کی طبیعت کا سخا وجود ہے

۴۵۱ مجھ سے تم نفرت کرو گے؛ سامنے میرے نہ ہو گے — ساتھ میرا چھوڑ دو گے؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۵۲ میری حالت پر نظر کر؛ عَیب سے غَضِّ بَصَر کر — ڈھیر ہو جاؤں گا مَر کر؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴۵۳ مَیں اپنے پیاروں کی نسبت؛ ہرگز نہ کروں گا پسند کبھی — وہ چھوٹے درجہ پہ راضی ہوں؛ اور اُن کی نگاہ رہے نیچی

۴۵۴ مَیں واحد کا ہوں دِلدادہ؛ اور واحد میرا پیارا ہے — گر تُو بھی واحد بن جائے؛ تو میری آنکھ کا تارہ ہے

۴۵۵ ملیک و مالِک و خلاقِ عالَم — رحیم و راحِم و بحرُ العَطایا

۴۵۶ مِرا دِل ہوگیا خوشیوں سے معمور — ہوئے ہیں آج سب رنج و اَلَم دُور

۴۵۷ مِرا ناصر؛ مِرا فرزندِ اَکبر — مِلا ہے جس کو حق سے تاج و اَفسر

۴۵۸ مبارک؛ جو کہ بیٹا دوسرا ہے — خُدا نے اپنی رحمت سے دیا ہے

۴۵۹ مِری قیوم؛ میرے دِل کی راحت — خُدا نے جس کو بخشی ہے سعادت

۴۶۰ منوّر؛ جو کہ مولیٰ کی عطا ہے — بشارت سے خُدا کی جو مِلا ہے

۴۶۱ مِلی ہے ہم کو یہ نعمت خُدا سے — حبیبِ پاک حضرت مصطفیٰ ؐ سے

۴۶۲ محبت تیری اُن کے دِل میں رَچ جائے — ہر اِک شیطان کے پنجے سے بچ جائے

۴۶۳ مجھ پر کہ ہوں عزیزوں کے حلقہ میں مِثلِ غیر — اِس بے کس و نحیف و غَریبُ الدّیار پر

۴۶۴ مقصود جس کا عِلم و تُقٰی کا حُصُول تھا — رکھتی تھی جو نِگہ؛ نِگہِ لُطفِ یار پر

۴۶۵ میری طرف سے اُس کو جزا ہائے نیک دے — کر رحم اے رحیم! دِلِ سوگوار پر

۴۶۶ مَستِ نظّارۂ جمال تھے سب — آنکھیں دنیا کی ہو رہی تھیں لال

۴۶۷ مَیں وہاں ایک اور خیال میں تھا — کیا کہوں! مَیں نِرالے حال میں تھا

۴۶۸ مَیں یُونہی اُس کو آزماتا تھا — پاک کرنے کو دِل جلاتا تھا

۴۶۹ میری خاطِر اگر یہ تھا بے چین — کب مجھے اس کے بِن قرار آیا

میخانہ وہی ساقی بھی وہی؛ — ہے دشمن خود بھینگا؛

۴۷۰ پھر اس میں کہاں غیرت کا مَحَل — جس کو آتے ہیں نظر خُم خانے دو

۴۷۱ محمود اگر منزل ہے کٹھن؛ تو راہ نُما بھی کامِل ہے — تم اُس پہ توکّل کر کے چلو؛ آفات کا خیال ہی جانے دو

۴۷۲ میری نہیں زبان؛ جو اُس کی زباں نہیں — میرا نہیں وہ دِل؛ کہ جو اس کا مَکاں نہیں

۴۷۳ مَطلوب ہے فقط مجھے خوشنودیٔ مزاج — اُمیدِ حُور و خواہشِ باغِ جِناں نہیں

۴۷۴ مُشتاق ہے جہاں کہ سُنے معرِفت کی بات — لیکن حیا و شرم سے چلتی زباں نہیں

۴۷۵ موت اس کی رَہ میں گر تمھیں منظور ہی نہیں — کہہ دو! کہ عشق کا ہمیں مَقدور ہی نہیں

۴۷۶ مومِن تو جانتے ہی نہیں بُزدِلی ہے کیا — اس قوم میں فرار کا دَستور ہی نہیں

۴۷۷ مجھے کیا اس سے گر دنیا مجھے فرزانہ کہتی ہے — تمنا ہے؛ کہ تم کہہ دو! مِرا دیوانہ آتا ہے

۴۷۸ مِری تو زندگی کٹتی ہے تیری یاد میں پیارے! — کبھی تیری زباں پر بھی مِرا اَفسانہ آتا ہے

۴۷۹ مِرا عِشق دامنِ یار سے؛ ہے کبھی کا جا کے لِپٹ رہا — تِری عقل ہے؛ کہ بھٹک رہی ہے ابھی نشیب وفراز میں

۴۸۰ مجھ کو سینہ سے لگا لے؛ ہاں لگا لے پھر مجھے — حسرتیں دِل کی مِٹا دے؛ ہاں مِٹا دے آج تُو

۴۸۱ میرے تیرے درمیاں؛ حائل ہوا ہے اِک عدُو — خاک میں اُس کو مِلا دے؛ ہاں مِلا دے آج تُو

۴۸۲ مُطرِبِ عِشق و محبت گوش بَر آواز ہوں — نغمۂ شیریں سُنا دے؛ ہاں سُنا دے آج تُو

۴۸۳ محمود رازِحُسن کو ہم جانتے ہیں خُوب — صُورت کسی کی نُور کے سانچے میں ڈھل گئی

۴۸۴ مِری رات دِن بَس یہی اِک صدا ہے — کہ اِس عالَمِ کون کا اِک خُدا ہے

۴۸۵ مُسکراتے ہوئے؛ ہوا رُخصت — ساتھ اس کے مَیں اَشکبار گیا

۴۸۶ مَیں اُن کے پاؤں چھوتا ہوں؛
اور دامن چوم کے کہتا ہوں
دل آپ کا ہے، جان آپ کی ہے؛
پھر آپ یہ کیافرماتے ہیں

۴۸۷ مَسنَد کی آرزو نہیں؛ بس جُوتیوں کے پاس
دَرگہ میں اپنی مجھ کو بھی اِک بار، بار دے

۴۸۸ میرے دِل و دماغ پہ چھا جا؛ او خُوبرُو!
اور ماسِوا کا خیال بھی دِل سے اُتار دے

۴۸۹ ممکن نہیں کہ چین مِلے وَصل کے سِوا
فُرقت میں کوئی دِل کو تسلّی ہزار دے

۴۹۰ میرے محمود! بن مِرا محمود
مجھ کو تُو سیرتِ ایازی بخش

۴۹۱ مجھ کو تِری مخمور نگاہوں کی قسم ہے
اِک بار اِدھر دیکھ کے؛ مَستانہ بنا دے

۴۹۲ مُنِحَ العُلُومَ صَغِیرَهَا وَکَبِیرَهَا
صَبَّت سَمَآءَ العلمِ مَآءَ غُیُومِهَا

۴۹۳ مَعصیت و گناہ سے دِل مِرا داغ دار تھا
پھر بھی کسی کے وَصل کے شوق میں بیقرار تھا

۴۹۴ مَیں وہ مجنوں ہوں کہ جس کے دِل میں ہے گھربار کا
اور ہوگا وہ کوئی؛ جس کو ہے محمل کی تلاش

۴۹۵ مَن یُّخجِلُ الوَردَ الطَّرِیَّ بِلَونِہٖ
عَیْنَایَ دَامِیَتَانِ اَو خَدَّاکَ

۴۹۶ مِنکَ السُّکُونُ وَکُلَّ رَوحٍ وَّرَوَاحَةٍ
مَن ذَا الّذِی لَا یَبتَغِی لُقیَاکَ

۴۹۷ مجھ سے لاکھوں ہیں تیری دُنیا میں
تجھ سا پَر کوئی دوسرا نہ بنا

۴۹۸ مقابِلہ دینِ مُصطفٰیؐ کا؛
یہ دیگر اَدیان کیا کریں گے
ہیں مُردہ نبیوں کے مُردہ مذہب؛
لپیٹ رکھو اِنہیں کفن میں

۴۹۹ مجھے قیدِ محبت؛ لاکھ آزادی سے اچھی ہے
کچھ ایسا کر؛ کہ پابندِسَلاسِل ہی رہوں ساقی

۵۰۰ مُرادیں لُوٹ لیں دیوانگی نے
نہ دیکھی کامیابی آگہی نے

۵۰۱ مِری جانب یُونہی دیکھا کسی نے
نظر آنے لگے ہر جا دِفینے

۵۰۲ مِزاجِ یار کو برہَم کیا ہے
مِری اُلفت مِری دِل بستگی نے

۵۰۳ مہاجر بننے والو! یہ بھی سوچا
کہ پیچھے چھوڑے جاتے ہو مدینے

۵۰۴ مَیں اس کے ناز روز اُٹھاتا ہوں جان پر
میرے کبھی تو ناز اُٹھایا کرے کوئی

۵۰۶ محفل میں قِصّے عِشق کے ہوتے ہیں صبح و شام
حُسن اپنی بات بھی تو سُنایا کرے کوئی

۵۰۷ مَردوں کی طرح باہر نکلو؛ اور ناز و اَدا کو رہنے دو
سِل رکھ لو اپنے سینوں پر؛ اور آہ و بُکا کو رہنے دو

۵۰۸ مُسلم جو خُدا کا بندہ تھا اَفسوس کہ اَب یُوں کہتا ہے
اَسباب کرو کوئی پیدا؛ جبریل و خُدا کو رہنے دو

۵۰۹ مِنَٹ مِنَٹ پہ مِرا اِمتحان لیتے ہیں
قدم قدم پہ مصیبت یہ آن پڑتی ہے

۵۱۰ مانے نہ مانے اس سے کیا؛ بات تو ہوگی دو گھڑی
قِصّۂ دِل طویل کر؛ بات کو تُو بڑھائے جا

۵۱۱ منزلِ عِشق ہے کٹھن؛ راہ میں راہزن بھی ہیں
پیچھے نہ مُڑ کے دیکھ تُو؛ آگے قدم بڑھائے جا

۵۱۲ مسحور کر دیا مجھے دیوانہ کر دیا
تیری نِگاہِ لُطف نے کیا کیا نہ کر دیا

۵۱۳ میری شکایتوں کو؛ ہنسی میں اُڑا دیا
لایا تھا جو مَیں سنگ: اُسے دانہ کر دیا

۵۱۴ مُدّتوں کھیلا کیا ہے لَعل و گوہر سے عَدُو
اَب دِکھا دے تُو ذرا جَوہَر اُسے شمشیر کا

۵۱۵ مَیں دِل و جاں، بخوشی اُن کی نذر کر دیتا
ماننے والے اگر ہوتے وہ سوغاتوں سے

۵۱۶ میرا مقدور کہاں؛ شِکوہ کروں اُن کے حُضُور
مجھ کو فُرصت ہی کہاں اُن کی مُناجاتوں سے

۵۱۷ مارے، جِلائے، کچھ بھی کرے؛ مجھ کو اس سے کیا
مجلس میں اُس کے پاس رہوں؛ مُدّعا یہ ہے

۵۱۸ مِٹ جائے میرا نام؛ تو اس میں حَرَج نہیں
قائم جہاں میں عزت و شوکت رہے تِری

۵۱۹ میداں میں شیرِ نَر کی طرح لڑ کے جان دے
گردن کبھی نہ غیر کے آگے جھکے تِری

۵۲۰ محسنِ بدبیں کی صُحبت حق کی خاطر چھوڑ دی
کافِرِ نعمت بنا؛ لیک مسلماں ہوگیا

۵۲۱ مَیں دکھانا چاہتا تھا اُن کو حالِ دِل؛ مگر
وہ ہوئے ظاہر؛ تو دِل کا دَرد پنہاں ہوگیا

۵۲۲ مَیں بڑھا اِک گز؛ تو وہ سو گز بڑھے میری طرف
کام مشکل تھا مگر اس طرح آساں ہوگیا

۵۲۳ مِرے ہی پاؤں اُٹھائے نہ اُٹھ سکے؛ اَفسوس
اُنھیں تو سامنے آنے میں کچھ حجاب نہ تھا

۵۲۴ مَیں مانگنے گیا تھا کوئی اُن کی یادگار
لیکن وہاں اُنھوں نے مِرا دِل اُڑا لیا

۵۲۵ مَیں صاف دِل ہوں مجھ سے خطا جب کبھی ہوئی
آبِ خَجَاَل سے مَیں اُسی دَم نہا لیا

۵۲۶ مَیں جانتا ہوں آپ کے اندازِ تَلَطُّف
مانوں گا نہ؛ جب تک کہ مِری مان نہ جائیں

۵۲۷ مجھے دِلگیر جب بھی دیکھتے ہیں
بِٹھا لیتے ہیں پاس اپنے بُلا کے

۵۲۸ مِرے کانوں میں آوازیں خُدا کی
تِرے کانوں میں ایچ بم کے دھماکے

۵۲۹ مِری اُمید وابستہ فلک سے
تِری نظروں میں اِس دُنیا کے خاکے

۵۳۰ مِلا تجھ کو نہ کچھ؛ دُنیا میں آکے
نہ تُو دیکھے گا راحت؛ یاں سے جا کے

۵۳۱ مَیں اپنے سیاہ خانۂ دِل کی خاطر
وَفاؤں کے خالق! وَفا چاہتا ہوں

۵۳۲ مجھے بیر ہرگز نہیں ہے کسی سے
مَیں دُنیا میں سب کا بھلا چاہتا ہوں

۵۳۳ مِرے بال و پَر میں وہ ہِمّت ہے پیدا
کہ لے کر قفَس کو اُڑا چاہتا ہوں

۵۳۴ مَیں تو بیٹھا ہوں بَرلَبِ جُو
کیا دکھاتا ہے تُو سراب مجھے

۵۳۵ مَست ہوں مَیں تو روزِ اَوّل سے
فائدہ دے گی کیا شراب مجھے

۵۳۶ میرا باجا ہے تیغ کی جھنکار
زہر لگتا ہے یہ رُباب مجھے

۵۳۷ مَیں اس کا ہاتھ پکڑ کر نہ اَفلاک سے اُونچا اُڑتا ہوں
پَر میرے دُشمن کا کوئی؛ دَربار نہیں، سَرکار نہیں
مَیں تیز قدم ہوں؛
مَیں مظلوموں کی ڈھارَس ہوں؛

۵۳۸ کاموں میں بجلی ہے، مِری رفتار نہیں
مَرہم ہے مِری گُفتار نہیں

۵۳۹ مَیں تیرے فَن کا شاہِد ہوں تُو میری کمزوری کا گواہ
تجھ سا بھی طبیب نہیں کوئی؛ مجھ سا بھی کوئی بیمار نہیں
مَیں ہر صُورت سے اچھا ہوں؛
گر عِشق کوئی آزار نہیں؛

۵۴۰ اِک دِل میں سوزِش رہتی ہے
مجھ کو بھی کوئی آزار نہیں

۵۴۱ مجھے پِلانی ہو ساقی؛ تو اَبرِ رحمت بھیج
بغیر اَبر کے صہبا و جام سے کیا کام

۵۴۲ مِرا حبیب تو بَستا ہے میری آنکھوں میں
مجھے حسینوں کے دَر اور بام سے کیا کام

۵۴۳ مجھے خُدا نے سِکھایا ہے؛ عِلمِ رَبّانی
مجھے ہے فلسفہ مَنطِق کلام سے کیا کام

۵۴۴ مَے کے پھندے میں جو پھنسا؛ سو پھنسا
اِس کے مضبوط جال ہیں ایسے

۵۴۵ مصیبتوں میں تعاوُن نہیں؛ تو کچھ بھی نہیں
جو غم شریک نہیں؛ غم گُسار کیسے ہیں

۵۴۶ منبعِ خَلق تم ہی ہو؛ میرے خالقِ باری
صُلب بھی تم ہو مِری جان! ترَائِب بھی ہو تم

۵۴۷ محبت سے تجھے ہے روکتا کون
محبت کی شرائط؛ پر کڑی ہیں

۵۴۸ مجھ کو لڑنا ہی پڑا؛ اَعداءِ کینہ توز سے
جنگ آخر ہوگئی؛ تدبیر سے، تقدیر کی

۵۴۹ مجھ کو رہتی ہے ہمیشہ اس کے ہاتھوں کی تلاش
فِکر رہتی ہے تجھے صُبح و مَسا کَف گیر کی

۵۵۰ مَیں تری راہ میں مَرمَر کے جِیا ہوں سو بار
موت سے مجھ کو وہ رَغبت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۵۵۱ مَیں بھی کمزور؛ مِرے دوست بھی کمزور تمام
کام میرے تو سبھی میرا خُدا کرتا ہے

۵۵۲ مُردہ دِلوں کے واسطے؛ ہر لفظ ہے حیات
میری صَدا نہیں؛ یہ فرشتوں کا صُور ہے

۵۵۳ مُلَمّع ساز اس کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں دُنیا میں
مگر وہ عاشقِ صادق کے پہلو سے نکل آیا

۵۵۴ میدانِ عِشق میں ہیں رہے پیش پیش وہ
محمود بن گئے وہ؛ بنے جب ایاز ہم

۵۵۵ میرے پہلو سے اُٹھ گئے گر تم
گِرد گھوما کرے گی یاس مِرے

۵۵۶ موتی تو ہیں؛ پَر اُن کو پِرونا نہیں آتا
آنسو تو ہیں آنکھوں میں؛ پہ رونا نہیں آتا

۵۵۷ مَیں لاکھ جَتَن کرتا ہوں؛ دِل دینے کی خاطر
پَر اُن کی نِگہ میں یہ کھِلونا نہیں آتا

۵۵۸ مِٹی پانی کا ایک پُتلا تھا
بھر گئی کیسے پھر بَشَر میں آگ

۵۵۹ مُسلمانی ہے؛ پَر اِسلام سے ناآشنائی ہے
نہیں ایمان کَسبی؛ باپ دادوں کی کمائی ہے

۵۶۰ منجدھار میں ہے کشتی ڈبوئی خِرَد نے آہ
کیا پایا مَیں نے خَصلَتِ رِندانہ چھوڑ کر

۵۶۱ مُلک و بِلاد سونپ دیے دُشمنوں کو سب
بیٹھے ہو گھر میں؛ خَصلَتِ مَردانہ چھوڑ کر

۵۶۲ مَیں خود اپنے گھر کا بھی مالک نہیں ہوں
ہے غیروں کے ہاتھوں میں میری بڑائی

۵۶۳ مِرا کام جَلتی پہ پانی چھِڑکنا
رقیبوں کا حِصّہ؛ لگائی بُجھائی

۵۶۴ مُحمّدؐ کی اُمّت؛ مسیحا کا لشکر
پہیلی یہ؛ میری سمجھ میں نہ آئی

۵۶۵ مُبارک ہو یہ ڈارون کو ہی رِشتہ
قرابت نہیں رکھتے لنگور ہم سے

۵۶۶ مَیں نے مانا مِرے دِلبر! تری تصویر نہیں
تیرے دِیدار کی کیا کوئی بھی تدبیر نہیں

۵۶۷ مجھ سے وَحشی کو کیا ایک اِشارے میں رام
کیا یہ جادو نہیں؛ کیا رُوح کی تسخیر نہیں

۵۶۸ مَر رہا ہوں بھُوک کی شِدّت سے بے چارہ غریب
ڈھانکنے کو تَن کے؛ گاڑھا تک نہیں اُس کو نصیب

۵۶۹ موت جس کے پاس ہے؛ ہے وہ تو محرومِ دَوا
اور جو محفوظ ہیں؛ اُن کو دَوائیں ہیں نصیب

۵۷۰ مال سے ہے جیب خالی؛ عِلم سے خالی ہے سَر
یادِخالِق سے ہے غفلت؛ رہتی ہے فِکرِ دِگر

۵۷۱ مالِ خُود، برباد و وِیراں؛ مالِ دیگر پر نظر
منزلِ آخر سے غافِل؛ پھِر رہے ہیں دَربَدَر

۵۷۲ مِٹ جائے دِل سے رَنگِ رَذالت؛ خُدا کرے
آجائے پھِر سے دورِشرافت؛ خُدا کرے

۵۷۳ مِل جائیں تم کو زُہد و اَمانت؛ خُدا کرے
مشہور ہو تمہاری دیانت؛ خُدا کرے

۵۷۴ مِل جائے تم کو دِین کی دولت؛ خُدا کرے
چمکے فلک پہ تارۂ قِسمت؛ خُدا کرے

۵۷۵ منظور ہو تمہاری اِطاعت؛ خُدا کرے
مقبول ہو تمہاری عبادت؛ خُدا کرے

۵۷۶ محبت رہے زِندہ؛ تیرے ہی دَم سے
تُو مشہورِ عالَم ہو؛ مہر و وَفا میں

۵۷۷ مُساواتِ اِسلام قائم کرو تم
رہے فرق باقی نہ شاہ و گدا میں

۵۷۸ میری آنکھیں نہ ہٹیں آپ کے چہرہ سے کبھی
دِل کو وا رَفتہ کریں؛ محوِ تماشا کر دیں

۵۷۹ مَیں بھی اُس سَیِّدِ بطحا کا غُلامِ دَر ہوں
دَم سے روشن مِرے بھی وادیٔ بطحا کر دیں

۵۸۰ منتظر بیٹھے ہیں دَروازہ پہ عاشق؛ اے رَبّ!
تھُوک دیں غُصّہ کو؛ دَروازہ کو پھِر وا کر دیں

۵۸۱ میرے قدموں پہ کھڑے ہو کے تجھے دیکھیں لوگ
رَبّ اِبرام! مجھے اس کا مُصَلّٰی کر دیں

۵۸۲ مجھ سے کھویا ہوا ایمان؛ مسلماں پا لیں
ہوں تو سِفلی؛ پہ مجھے آپ ثُریّا کر دیں

۵۸۳ مقصدِ خَلق بَر آئے گا؛ یہی تو ہوگا
اَندھی دُنیا کو اگر فضل سے بِینا کر دیں

۵۸۴ مَیں تہی دَست ہوں؛ رکھتا نہیں کچھ راسِ عمل
جو نہیں پاس مِرے؛ آپ مہیّا کر دیں

۵۸۵ میرے آقا! پیش ہے یہ حاصِلِ شام و سحر
سینۂ صافی کی آہیں؛ آنکھ کے لعل و گہر

۵۸۶ مَیں نے سمجھا تھا جوانی میں گزر جاؤں گا پار
اَب جو دیکھا سامنے؛ ہیں پھِر وہی خوف و خطر

۵۸۷ مومنِ کامِل کا گھر ہے؛ جنّتِ اعراف میں
اور دوزخ کا مکِیں ہے جو بنا ہے مَن کَفَر

۵۸۸ میرے ہاتھوں میں نہیں ہے نیک ہو یا بَد ہو وہ
مِلک میں تیری ہے یا رَبّ! خیر ہو وہ یا کہ شَر

۵۸۹ مِلا ہے عِلم سے مجھ کو؛ نہ کچھ اپنی لِیاقت سے
مِلا ہے مجھ کو جو کچھ بھی؛ سو مولیٰ کی عنایت سے

۵۹۰ مِرے ہاتھوں تو پیدا ہوگئی ہیں اُلجھنیں لاکھوں
جو سُلجھیں گی تو سُلجھیں گی؛ تِرے دَستِ مُرَوَّت سے

۵۹۱ مِرا سَردارِ کوثر بانٹنے بیٹھا ہے جب پانی
تو دِل میں خیال تک مَت لا؛ کہ وہ بانٹے گا خِسَّت سے

۵۹۲ مسیحا کیلئے لِکھا ہے وہ شیطاں کو مارے گا
نہ مارے گا وہ آہَن سے؛ کرے گا قتل حُجَّت سے

۵۹۳ مِری بخشش تو وابستہ تیری چشم پوشی سے
اِلٰہی! رحم کر مجھ پر؛ مَرا جاتا ہوں خِفّت سے

۵۹۴ مجھے تو اے خُدا! دنیا میں ہی تُو بخش دے جنت
تسلّی پا نہیں سکتا قیامت کی زیارت سے

۵۹۵ مُشامِ جان مُعَطّر کرے گی جو خوشبو
مہک رہی ہے وہی میرے بوستاں سے آج

۵۹۶ مَیں نے پوچھا جو، ہو کیوں چُپ؛ تو تُنک کر بولے
ہم بھرے بیٹھے ہیں؛ جانے بھی دے، کیا کرتا ہے

۵۹۷ مَیں تو بیداری میں رکھتا ہوں سنبھالے دِل کو
جب مَیں سو جاؤں؛ تو یہ آہ و بُکا کرتا ہے

۵۹۸ میرے مسیح! تیرا تقدّس کمال ہے
بے دین تھے جو؛ آج دِیندار ہوگئے

۵۹۹ مولا کی مہربانی تو دیکھو! کہ کس طرح
جو تابِعِ فَرَنگ تھے؛ سرکار ہوگئے

۶۰۰ مایوس نہ ہو؛ تم جتنا ڈوبو
اُتنی اُمید بڑھاتے جاؤ

۶۰۱ مِٹ جاؤں مَیں؛ تو اِس کی پَروا نہیں ہے کچھ بھی
میری فنا سے حاصل گر دِین کو بقا ہو

۶۰۲ محمود عُمر میری کٹ جائے کاش یونہی
ہو رُوح میری سجدہ میں؛ سامنے خُدا ہو

۶۰۳ مَیں تُم سے ہوں تم مجھ سے ہو تَن ایک ہے جاں ایک
کیوں چھوڑتے ہو تم مجھے بیگانہ سمجھ کر

۶۰۴ مُسلم بے چارہ قیدِ عیسوی میں ہے پھنسا
یہ خُدائی کفر کی ہے؛ یا خُدائی آپ کی

۶۰۵ میری اُلفت؛ بڑھ کے ہر اُلفت سے ہے
تیری رَہ میں مَرنے پر آمادہ ہوں

۶۰۶ میرے تیرے پیار کا ہو
رازداں کوئی نہ اور

۶۰۷ مجھے تو اس سے غرض ہے؛ کہ راضی ہو دِلبر
یہ کام قیؔس کرے؛ یا کوئی ایاؔز کرے

۶۰۸ مثالِ سنگ بحرِ سعیِ پیہم میں پڑا رہتا
نہ کچھ پرواہ ہوتی؛ پاس رہتا، یا جُدا رہتا

۶۰۹ مگر یہ کیا؛ کہ میرے ہاتھ پاؤں باندھ کر تُو نے
لگا دی آگ؛ اور وَقفِ تمنا کر دیا مجھ کو

۶۱۰ میرا تو کچھ نہیں ہے؛ اُسی کا ظہور ہے
فانُوس ہوں مَیں؛ اور خُدا اِس کا نُور ہے

۶۱۱ مَیں تو بندۂ عِشق ہوں؛ مجھے تو صاحب!
دِلبَر کی محبت میں مزا آتا ہے

۶۱۲ مرکزِ شرک سے آوازۂ توحید اُٹھا
دیکھنا دیکھنا! مغرب سے ہے خُورشید اُٹھا

۶۱۳ مِرے جان و دِل کے مالک! مِری جاں نکل رہی ہے
تیری یاد؛ چٹکیوں میں، مِرے دِل کو مَل رہی ہے

۶۱۴ مغرب کا ہے بچھونا؛ تو مغرب کا اوڑھنا
اِسلام کی تو کوئی بھی اَب خُو نہیں رہی

۶۱۵ میرے پیچھے پیچھے چلتا آ؛ کہ مَیں بندۂ محمود ہوں؛ اور تُو ایاز

۶۱۶ مَیں آپ سے کہتا ہوں؛ کہ اے حضرتِ لولاک ہوتے نہ اگر آپ؛ تو بنتے نہ یہ اَفلاک

۶۱۷ مجھے اس بات پر ہے فخر محمود میرا معشوق؛ محبوبِ خدا ہے

۶۱۸ محمدؐ پر ہماری جاں فدا ہے کہ وہ کوئے صنم کا رہنما ہے

۶۱۹ محمدؐ جو ہمارا پیشوا ہے محمدؐ؛ جو کہ محبوبِ خدا ہے

۶۲۰ مدّعا ان کا تو لڑنے سے ہے؛ بس تاج وسریر ہاتھ میں یاروں کے رِہ جائے گی؛ خالی کفگیر

## ﴿کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۶۲۱ مجھ میں تڑپ وہ ہوگی بجلی بھی جھینپ جائے دل عشق سے بھروں گا، اور بے قرار ہوں گا

# ن

## ('ن' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعدادِ کُل اشعار | 198 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 41 |
| ii | دُرِّ عدَن | 14 |
| iii | کلامِ طاہر | 24 |
| iv | کلامِ محمود | 119 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ نور لائے آسماں سے؛ خود بھی وہ اِک نور تھے
قومِ وحشی میں اگر پیدا ہوئے؛ کیا جائے عار

۲ نام بھی کذّاب؛ اس کا دفتروں میں رِہ گیا
اب مٹا سکتا نہیں؛ یہ نام تاروزِشمار

۳ نورِدِل جاتا رہا؛ اور عقل موٹی ہوگئی
اپنی کجرائی پہ؛ ہردِل کر رہا ہے اعتبار

۴ نفس کو مارو؛ ؛کہ اس جیسا کوئی دشمن نہیں
چپکے چپکے کرتا ہے؛ پیدا وہ سامانِ دیمار

۵ نام اس کا نسیمِ دعوت ہے
آریوں کیلئے یہ رحمت ہے

۶ نظیر اسکی نہیں جمتی؛ نظر میں فکر کر دیکھا
بھلا کیونکر نہ ہو یکتا؛ کلامِ پاک رحماں ہے

۷ نُورِفرقاں ہے؛ جو سب نوروں سے اَجلا نکلا
پاک وہ؛ جس سے یہ اَنوار کا دریا نکلا

۸ نعرۂ اِنَّـا ظَـلَـمْـنَـا سنتِ ابرار ہے
زہر منہ کی مت دکھاؤ؛ تم نہیں ہو نسلِ مار

۹ نسلِ انساں میں نہیں دیکھی وَفا جو تجھ میں ہے
تیرے بن دیکھا نہیں؛ کوئی بھی یارِغمگسار

۱۰ نہ کیا ہے؛ نہ کر سکے پیدا
سوچ لو! یہ خدا ہے ویدوں کا

۱۱ ناستک مَت کے وید ہیں حامی
بس یہی مدّعا ہے ویدوں کا

۱۲ نور دِکھلا کے تیرا سب کو کیا ملزم و خوار
سب کا دل آتشِ سوزاں میں جلایا ہم نے

۱۳ نقشِ ہستی تِری اُلفت سے مٹایا ہم نے
اپناہرذرّہ؛ تِری رَہ میں اُڑایا ہم نے

۱۴ نہ وہ تیری صورت؛ نہ وہ رنگ ہے
کہو کس سبب تیرادِل تنگ ہے

۱۵ نشاں تیرا پا کر؛ وہیں جاؤں گا
جو تیرا ہو؛ وہ اپنا ٹھہراؤں گا

۱۶ نہاں دل میں تھا دَرد و سوز و نیاز
شریروں سے چھُپ چھُپ کے پڑھتا نماز

۱۷ نہیں عقل اُس کو نہ کچھ غور ہے
اگر وید ہے؛ یا کوئی اور ہے

۱۸ نہ جانا کہ الہام ہے کیمیا
اِسی سے تو ملتا ہے گنجِ لِقاء

۱۹ نہیں تجھ کو اس رَہ کی کچھ بھی خبر
تو واقف نہیں اِس سے؛ اے بے ہُنر!

۲۰ نہ مَردی ہے تیر اور تلوار سے
بنو مَرد؛ مَردوں کے کردار سے

۲۱ نہ سمجھے تو آخر کو پچھتاؤ گے
گُرُو کے سراپوں کا پھل پاؤ گے

۲۲ نجات ان کو عطا کر گندگی سے
برات ان کو عطا کر بندگی سے

۲۳ نہ چھوڑیں وہ تیرا یہ آستانہ
میرے مولیٰ! انھیں ہر دَم بچانا

۲۴ نہ دیکھیں وہ زمانہ بے کَسی کا
مصیبت کا، اَلَم کا؛ بے بَسی کا

۲۵ نہاں اندر نہاں ہے کون لاوے
غریقِ عشق وہ موتی اُٹھاوے

۲۶ نبیوں کی ہتک کرنا؛ اور گالیاں بھی دینا
کُتّوں سا کھولنا منہ؛ تُخمِ فنا یہی ہے

۲۷ نہ اُن بِن چل سکے اس کی خدائی
نہ اُن بِن کر سکے زور آزمائی

۲۸ نظر سے اس کے ہوں محجوب و مکتوم
نہ ہو تعداد تک بھی اس کو معلوم

۲۹ نہ ہوگا کوئی ایسا مَت زمیں پر
کہ یہ باتیں کہے جاں آفریں پر

۳۰ نشاں کو دیکھ کر انکار کب تک پیش جائیگا
ارے اِک اور جھوٹوں پر قیامت آنیوالی ہے

۳۱ نورِخدا کی اس میں علامت ہی کیا رہی
توحیدِخُشک رِہ گئی؛ نعمت ہی کیا رہی

۳۲ ناپاک زندگی ہے؛ جو دُوری میں کٹ گئی
دیوار زُھدِخُشک کی آخر کو پھٹ گئی

۳۳ نورِدل جاتا رہا؛ اِک رسم دِیں کی رِہ گئی
پھر بھی کہتے ہیں؛ کہ کوئی مُصلحِ دِیں کیا بکار

۳۴ نعمتیں وہ دِیں میرے مولیٰ نے اپنے فضل سے  جن سے ہیں معنیٰ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُم آشکار
۳۵ ناز مَت کر اپنے ایماں پر؛ کہ یہ ایماں نہیں  اس کو ہیرا مَت گُماں کر؛ ہے یہ سنگِ کوہسار
۳۶ نیک ظن کرنا طریقِ صالحانِ قوم ہے  لیک سو پردے میں ہوں ان سے نہیں ہوں آشکار
۳۷ نوعِ انساں میں بَدی کا تُخم بونا ظلم ہے  وہ بَدی آتی ہے اُس پر؛ جو ہو اُسکا کاشتکار
۳۸ نقل کی تھی اِک خطا کاری مسیحا کی حیات  جس سے دِیں نصرانیت کا ہوگیا خدمت گذار
۳۹ نسلِ انساں سے مدد اب مانگنا بیکار ہے  اب ہماری ہے تیری درگاہ میں یارب پُکار
۴۰ نہ شہوت ہے؛ نہ ہے کچھ نفس کا جوش  ہوا اُلفت کے پیمانوں سے مَدہوش
۴۱ نہیں محصور ہرگز راستہ قُدرت نمائی کا  خدا کی قُدرتوں کا حصر دعویٰ ہے خدائی کا

## دُرِّ عدن

۴۲ نہ کیوں سو جاں سے دل اُس پر فدا ہو  کہ وہ محبوب ہی جانِ وَفا ہے
۴۳ نبھا دی اُس نے جس سے دوستی کی  پھِرا ہے جب بھی؛ بندہ ہی پھِرا ہے
۴۴ نہیں کچھ اس کے احسانوں کا بدلہ  کسی نے جان بھی دے دی؛ تو کیا ہے
۴۵ نہ کیوں دلوں کو سکون و سرور ہو حاصل  کہ قربِ خطۂ رشکِ جناں میں رہتے ہو
۴۶ نور و جمیل انور دل و جاں میں بخش دے  اس کے کرم سے چاند سی طلعت نصیب ہو
۴۷ نکلیں تمہاری گود سے پل کر وہ حق پرست  ہاتھوں سے جن کے دِین کو نصرت نصیب ہو
۴۸ نرغۂ اعداء میں گھِر کر بھی نہ ڈر جانا کبھی  خواہشِ اعلائے حق تھی؛ شوق تھا دیدار کا
۴۹ نوکِ خامہ سے سلجھتی گتھیاں دیکھا کئے  خوب تار و پود بگڑا دجل کی سرکار کا
۵۰ نبیؐ کے نامِ مقدس کی آڑ لے لے کر  وَفا کی شان دکھانے چلے جفا کیلئے
۵۱ نہ روک راہ میں مولا شتاب جانے دے  کھلا تو ہے تِری جنت کا باب؛ جانے دے
۵۲ نقش دل پر ایک تصویرِ خالی رِہ گئی  گود ماں کی بھر کے؛ پھر خالی کی خالی رِہ گئی
۵۳ نور می بارد و شاداں؛ در و سقف و دیوار  اے خوشا وقت! مکیں سوئے مکاں می آید
۵۴ نازاں ہے اس پہ جس کو فصاحت عطاء ہوئی  جادو بیاں کو اپنی طلاقت پہ ناز ہے

۵۵ نوید احمد و تنویرِ محمود یہ موعود؛ ابنِ موعود، ابنِ موعود

## کلامِ طاہر

۵۶ نیلگوں بحرِ محبت پہ تھی محوِ پرواز    اپنی ہی موجِ طرب میں تھی فضا پر رقصاں
۵۷ نبیوں نے سجائی تھی؛ جو بزمِ مہَ واَنجم    واللہ اُسی کی تھی سب انجمن آرائی
۵۸ نبیوں کا سرتاج؛ ابنائے آدم کا معراج محمدؐ    ایک ہی جست میں طے کر ڈالے؛ وصلِ خدا کے ہفت مراحل
۵۹ نخوت کو ایثار میں بدلا؛ ہر نفرت کو پیار میں بدلا    عاشق، جان نثار میں بدلا؛ پیاسا تھا جو خار لہُو کا
۶۰ نرگس کی آنکھ نَم ہے؛ تو لالے کا داغ اُداس    غنچے کا دل حزیں ہے؛ تو سوسن اُداس ہے
۶۱ ناحق ہم مجبوروں کو اِک تہمت دی جلاّدی کی    قتل کے آپ ارادے باندھے؛ ہم کو عبث بدنام کیا
۶۲ نیچ ہے تُجھ سے مُنقطع ہر ذات    جس کا تُو ہو؛ اُسی کی ذات بنے
۶۳ نہ وہ تم بدلے، نہ ہم؛ طور ہمارے ہیں وہی    فاصلے بڑھ گئے؛ پر قُرب تو سارے ہیں وہی
۶۴ نحیف جان بہت بوجھ اُٹھا کے چلتی رہی    ہر ایک نقشِ قدم پر تھا؛ مُرتسم اعجاز
۶۵ نحیف ہونٹوں سے اُٹھی نِدائے اِستغفار    نوائے توبہ تھی؛ اللہ کی قسم اعجاز
۶۶ ناداری میں ناداروں کے رَکھوالے تھے کچھ لوگ    بخشش کے بھکاری؛ گنہگاروں کے سہارے
۶۷ نحوستوں کا قلندر ہے پیرِ تسمہ پا    کسی دن اِس کو گلے سے اُتار کر دیکھو
۶۸ نِقاب اوڑھ رکھا ہے؛ جو مَولویّت کا    اُتار پھینکو؛ اِسے تار تار کر دیکھو
۶۹ نیچا رِہ کے عُمر ہنڈائی؛ سب دا سیوَک، سب دا پائی    ذات اُچّی سی، کَم وَڈّے؛ پَر نِت بیندا سی تھلّے
۷۰ نیچا رِہ کے؛ اندر اندر، اُچّا یار کمایا    باروں دَڑ وَٹ رکھی؛ جیویں کَکھ نہ ہووے پلّے
۷۱ ناگاہ تیری یاد نے یوں دل کو بھر دیا    گویا سِمٹ گیا اُسی کوزہ میں نورِ شب
۷۲ نالے بَین کریں اور ندیاں منہ سے جھاگ اُڑائے    اپنا سر پتھروں پر پٹکیں؛ سینے کو بھرائے
۷۳ نرگسی چشم نیم باز اُس کی    چمنِ دل کھُلا کھُلا سا تھا
۷۴ نیند آئی ہے تھک ہار چکا ہوں؛ چھوڑو بھی پچھلی باتیں    میں رات بہت جاگا ہوں؛ اب تو صبح تلک سستانے دو

۷۵ نوروبشر کا فرق مٹاتی ہے؛ تیری ذات    بعداَزخدا، بزرگ توئی؛ قصّہ مختصر

نور کی شاہراہوں سے آگے بڑھو؛    خوں بڑھے میرا تم جو ترقی کرو؛

۷۶ سال کے فاصلے لمحوں میں طے کرو    قرّۃ العین ہو؛ ساربِاں کیلئے

۷۷ نبیوں کا امام آیا؛ اللہ امام اس کا    سب تختوں سے اونچا ہے؛ تختِ عالی مقام اس کا

۷۸ نام محمدؐ؛ کام مکرم    صلّی اللّٰہ عَلَیہِ وَسَلَّم

۷۹ "نذرِراوی" کی تھی میں نے کتنے اَرمانوں کے ساتھ    ناؤ لیکن کاغذی تھی؛ غرقِ راوی ہوگئی

## کلامِ محمود

۸۰ نہ یُوں حملہ کریں اِسلام پر لوگ    ہمارے مُنہ میں بھی آخر زباں ہے

۸۱ نائبِ خیرالرُسُل ہو کر کرے گا کام یہ    وارثِ تختِ محمدؐ؛ میرزاؔ ہوجائے گا

۸۲ نَقشِ پا پر جو محمدؐ کے چلے گا؛ ایک دِن    پیروی سے اُس کی؛ محبوبِ خُدا ہوجائے گا

۸۳ نظر آتے تھے میرے حال پر وہ بھی پریشاں سے    یہ میرا خواب تو؛ خوابِ پریشاں ہو نہیں سکتا

۸۴ نظروں سے اپنی تم نہ گِراتے؛ تو خُوب تھا    پہلے ہی ہم کو مُنہ نہ لگاتے؛ تو خُوب تھا

۸۵ نہ اِس کے بُغض نے پیچھے ہٹا دیا مجھ کو    نہ اُس کے پیار نے آگے بڑھا دیا مجھ کو

۸۶ نہیں یہ ہوش؛ کہ خود اُن کے گھر میں رہتا ہوں    یہ رَٹ لگی ہے؛ کہ وہ میرے گھر پہ آئیں گے کب

۸۷ نگاہ چہرۂ جاناں پہ جا پڑی جن کی    پھر اور لوگوں کے انداز اُن کو بھائیں گے کب

۸۸ نہیں معلوم؛ کیاخدمت ہوئی تھی    کہ سِکھلایا کلامِ پاکِ یَزداں

۸۹ نہ زور و ظُلم کے خُوگر ہوں یارَبّ    نہ عادت ہم میں ہو جَور و جفا کی

۹۰ نُور اس کا جلوہ گر ہے؛ ہر دَر و دِیوار میں    ہے جہاں کے آئنہ میں مُنعکس تصویرِ یار

۹۱ نہ چُپ رہو کہ خموشی دلیلِ نخوت ہے    دُعائیں مانگو؛ کہ ہے عرضِ حال میں برکت

۹۲ نام لیوا رہے گا تیرا کون    ہم اگر ہوگئے یونہی برباد

۹۳ نہ دھوکا کھائیو ناداں! کہ شَش جہات میں بَس    وہی ہے چہرہ نُما؛ لا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہ

۹۴ نگاہِ مہر سالوں کی خصومت کو بھُلاتی ہے    خوشی کی اِک گھڑی برسوں کی کُلفت کو مِٹاتی ہے

۹۵ نہ اپنی ہی خبر رہتی ہے؛ نے یادِ اعزّہ ہی
جب اس کی یاد آتی ہے؛ تو پھر سب کچھ بھُلاتی ہے

۹۶ نہ تو ہے زاد، نہ ہمت؛ نہ ہی طاقت، نہ رفیق
میرے جیسا بھی کوئی بے سر و سامان نہ ہو

۹۷ نخلِ اِسلام پہ رکھا ہے مُخالف نے تبَر
واغیا ثاہ کہ ساعت یہ بڑی بھاری ہے

۹۸ نہ رہتی آرزو دِل میں کوئی جُز دِیدِ جاناناں
کبھی پوری اِلٰھی یہ ہماری آرزو ہوتی

۹۹ نہ بنتے تم جو بیگانے؛ تو پھر پَردہ ہی کیوں ہوتا
شبیہہِ یار آکر خود بخود ہی رُوبرُو ہوتی

۱۰۰ نہ سلطنت کی تمنّا؛ نہ خواہشِ اِکرام
یہی ہے کافی؛ کہ مولیٰ کا اِک نقیب ہوں مَیں

۱۰۱ نفس کی قید میں ہوں؛ مجھ کو چھُڑا لے پیارے!
غرق ہوں بحرِ معاصی میں؛ بچالے پیارے!

۱۰۲ نام کی طرح مِرے کام بھی کر دے محمود
مجھ کو ہر قسم کے عیبوں سے بچالے پیارے!

۱۰۳ نہ مِلے تو بھی دھڑکتا ہے؛ نہ مِلیں تو بھی اے دِل!
تجھ کو کیا بیٹھنا آتا نہیں نچلاّ ہو کر

۱۰۴ نفس کو بھُولنا چاہا؛ پہ بھُلایا نہ گیا
جان جاتی رہی؛ پَر اپنا پَرایا نہ گیا

۱۰۵ نفس طامع بھی کبھی دیکھتا ہے رُوئے نجات
فتح ہوتے ہیں کبھی مُلک بھی کَف گیروں سے

۱۰۶ نیک و بَد کا نہیں مجھ کو کچھ ہوش
سَر میں ہَردَم خُمار رہتا ہے

۱۰۷ نہ ٹلیں گے، نہ ٹلیں گے؛ نہ ٹلیں گے ہم کبھی
جب تلک سَر؛ بدع و کُفر کا میدان نہ ہو

۱۰۸ نہ سہی جُود پہ وہ کام؛ تو کر تُو جس میں
غیر کا نفع ہو؛ تیرا کوئی نقصان نہ ہو

۱۰۹ نظر آئیں تمنّاؤں کی
چاروں سِمت میں قبریں

۱۱۰ نہ اِحساسِ انانیت؛ کہ اس کے زور سے پہنچیں
مِرے دِلدار! ہم پر بند ہیں سب وَصل کی راہیں

۱۱۱ نہیں دِل اپنے سینوں میں دھرے ہیں بلکہ اَنگارے
پھُنکے جاتے ہیں سَر سے پاؤں تک ہم ہجر کے مارے

۱۱۲ نظر تھی جس پہ رحم کی؛ جو خوشہ چینِ فضل تھا
دِلی غُلامِ جان نثار آپ کا وہی تو ہے

۱۱۳ نہیں ہے میرے قلب پہ کوئی نئی تجلّیاں
حِرا میں تھا جو جلوہ گر؛ میرا خُدا وہی تو ہے

۱۱۴ نہیں ہے جس کے ہاتھ میں کوئی شے؛ وہی تو ہوں
جو ہے قدیرِ خیر وشَر؛ میرا خُدا وہی تو ہے

۱۱۵ نِکل جائے مِری جاں خواہ تَن سے
نہ دِل سے پَر مِرے ایمان نکلے

۱۱۶ نکلتی ہے مِری جاں؛ تو نکل جائے
نہ دِل سے پَر ترا پیکان نکلے

۱۱۷ نہ پایا دُوسرا تجھ سا کوئی بھی
زمین و آسماں سب چھان نکلے

۱۱۸ نہ کی ہم نے کمی کچھ مانگنے میں
مگر وہ بخششوں کی کان نِکلے

۱۱۹ نہیں آرام پَل بھر بھی میسّر
ہے اس ظالم نے کچھ ایسا ستایا

۱۲۰ نویدِ راحت اَفزا آ رہی ہے
بشارت ساتھ اپنے لا رہی ہے

۱۲۱ نہ چھیڑ، دُشمنِ ناداں! نہ چھیڑ کہتا ہوں
چھلک رہا ہے مِرے غم کا آج پیمانہ

۱۲۲ نہ تیرے ظُلم سے ٹُوٹے گا رِشتۂ اُلفت
نہ حِرص مجھ کو بنائے گی اُس سے بیگانہ

۱۲۳ ندیاں ہر طرف کو بہتی تھیں
قلبِ صافی کا حال کہتی تھیں

۱۲۴ نغمہ سُن سُن کے اُس کے؛ سب خوش تھے
وہ مگر دِل فِگار بیٹھی تھی

۱۲۵ نازِفُرقت میں جَل رہا تھا مَیں
گو پَسِ پردہ اِک ظہور بھی تھا

۱۲۶ نِگاہِ لُطف میری جُستُجو میں بڑھتی آتی ہے
ہوں وہ میخوار؛ جس کے پاس خُود میخانہ آتا ہے

۱۲۷ نہیں کوئی بھی تو مُناسِبَت رَہِ شیخ وطرزِ اَیاز میں
اُسے ایک آہ میں مِل گیا؛ نہ مِلا جو اُس کو نماز میں

۱۲۸ نظر آرہا ہے وہ جلوہ حُسنِ اَزَل کا شمعِ حجاز میں
کہ کوئی بھی اب تو مزا نہیں رہا قیسؔ عِشقِ مجاز میں

۱۲۹ نااُمیدی اور مایوسی کے بادل پھاڑ دے
حوصلہ میرا بڑھا دے؛ ہاں بڑھا دے آج تُو

۱۳۰ نہ ہے باپ اُس کا؛ نہ ہے کوئی بیٹا
ہمیشہ سے ہے؛ اور ہمیشہ رہے گا

۱۳۱ نہیں اُس کو حاجت کوئی بیویوں کی
ضرورت نہیں اُس کو کچھ ساتھیوں کی

۱۳۲ نغمہ ہائے چمن ہوئے خاموش
کیا ہوا کِس طرف ہزار گیا

۱۳۳ نَزَلَتْ مَلٰٓئِکَۃُ السَّمَآءِ لِنَصْرِہٖ
قَدْ فَاقَتِ الْاَرْضُ سمیً بِظُلُوْمِھَا

۱۳۴ نَشْکُوْاَمَامَ النَّاسِ غَصَّ جَفَاکَ
وَالْحَقُّ لَیْسَ وَفَاءُ نَا کَوَفَاکَ

۱۳۵ نعمتِ وَصل بے سوال ہی دے
اپنے عاشِق کو بے حیا نہ بنا

۱۳۶ نہ ہومُیسّر جو حُرِیَّت تو ہے بے وَطَن ،آدمی وَطَن میں
قَفَس قَفَس ہی رہے گا پھر بھی ہزار رَکھو اُسے چمن میں

۱۳۷ نظر بظاہر ہے عاشِقوں اور مالداروں کا حال یکساں
وہ مَست رہتے ہیں اپنی دُھن میں؛
یہ مَست رہتے ہیں اپنے دَھن میں

نِگاہوں نے تری؛ — کہ دِل میں جوشِ وَحشت ہے؛
۱۳۸ مجھ پر کیا ایسا فسوں ساقی — تو سَر میں ہے جنوں ساقی
۱۳۹ نہ صُورت اَمن کی مسجد میں پیدا ہے؛ نہ مَندِر میں — زمانہ میں یہ کیسا ہورہا ہے کُشت و خُوں ساقی
۱۴۰ ناصح وہ اعتراض تِرے کیا ہوئے بتا — یکتا کے پیار نے مجھے یکتا نہ کر دیا؟
۱۴۱ نیزۂ دُشمن تِرے سینہ میں پیوَستہ نہ ہو — اُس کے دِل کے پار ہو سُوفار تیرے تیر کا
۱۴۲ ناز سے، غمزہ سے؛ عَشوَہ سے، فُسوں سازی سے — لے گئے دِل کو اُڑا کر مِرے؛ کِن گھاتوں سے
۱۴۳ نکلے گی وَصل کی کوئی صُورت کبھی ضرور — چاہت تجھے مِری ہے؛ تو چاہت مجھے تِری
۱۴۴ نکلا تھا مَیں؛ کہ بوجھ اُٹھاؤں گا اُن کا مَیں — لیکن اُنھوں نے گود میں مجھ کو اُٹھا لیا
۱۴۵ ناراضگی سے آپ کی آئی ہے لَب پہ جان — اب تھُوک دیجے غُصّہ؛ بہت کچھ ستا لیا
۱۴۶ نقصاں اگر ہوا؛ تو فقط آپ کا ہوا — دِل کو سَتا کے؛ اے مِرے دِلدار کیا لیا
۱۴۷ نِگاہِ یار سے ہوتے ہیں سب طَبَق رَوشن — رُمُوزِ عِشق کی اس کو کتاب کہتے ہیں
۱۴۸ نہ واپس آیا دِل اُس دَر پہ جا کے — وہیں بیٹھا رہا دُھونی رَما کے
۱۴۹ نِکالا مجھے؛ جس نے میرے چمن سے — مَیں اُس کا بھی دِل سے بھلا چاہتا ہوں
۱۵۰ نظر نہ آئے وہ تُجھ کو؛ یہ کیسے مُمکن ہے — حِجاب آنکھوں کے آگے سے؛ تُو ہَٹا تو سہی
۱۵۱ نکلتے ہیں کہ نہیں رُوح میں پَرِ پَرواز — تُو اپنی جان کو اس شمع میں جَلا تو سہی
۱۵۲ نکل گئے جو تیرے دِل سے خار کیسے ہیں — جو تجھ کو چھوڑ گئے؛ وہ نِگار کیسے ہیں
۱۵۳ نہ آرزُوئے ترقی؛ نہ صدمۂ ذِلّت — خُدا بچائے؛ یہ لَیل و نہار کیسے ہیں
۱۵۴ نہ حُسنِ خُلق ہے تجھ میں؛ نہ حُسنِ سِیرت ہے — تُو ہی بتا؛ کہ یہ نَقش و نِگار کیسے ہیں
۱۵۵ نہ غم سے غم؛ نہ خوشی سے مِری تجھے ہے خُوشی — خُدا کی مار؛ یہ قُرب و جوار کیسے ہیں
۱۵۶ نہ دِل کو چین؛ نہ سَر پر ہے سایۂ رحمت — سِتَم ظرِیف! یہ باغ و بہار کیسے ہیں
۱۵۷ نہ وَصل کی کوئی کوشش؛ نہ دِید کی تَدبِیر — خبر نہیں؛ کہ وہ پھر بے قرار کیسے ہیں
۱۵۸ نہ خُدا سے ہے محبت؛ نہ محمدؐ سے ہے پیار — تم کو وہ دِیں سے عداوت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۱۵۹ نام اِسلام کا ہے؛ کُفر کے ہیں کام تمام
اس پہ پھر ایسی رَعُونَت ہے: کہ جاتی ہی نہیں

۱۶۰ نُسخۂ وَصلِ خُدا ہے بس مِری دُکان پر
ہر جگہ پر دیکھ لیجے گا: کہیں سے پُوچھیئے

۱۶۱ نہیں بے چارگی وجبر کا دَخل ان کی محفل میں
جو آیا ان کی محفل میں؛ وہ چَل کے سَر کے بَل آیا

۱۶۲ نبوت سے منکر؛ وِراثت کا دعویٰ
ذرا دیکھنا مولوی کی ڈھٹائی

۱۶۳ نُورِ قُرآں کی تجَلّی ہے زمانہ بھر میں آج
احمدِ ثانی نے رَکھ لی احمدِ اَوّل کی لاج

۱۶۴ نام تیرا کر رہے ہیں ساری دُنیامیں بُلند
جاں ہتھیلی پر دَھرے؛ سَر پر کَفَن باندھے ہوئے

۱۶۵ نہ بھُول اے اِبنِ آدمؑ! اپنے دادا کی حِکایت کو
نکالا تھا اُسے اِبلیس نے: دھوکا سے، جنّت سے

۱۶۶ نِگاہِ کافر زمیں سے نیچے؛
وہ قعرِ دوزخ میں جَل رہا ہے؛
نِگاہِ مومن، فلَک سے اُوپر
یہ اپنے مولیٰ سے جا مِلا ہے

۱۶۷ نِکال دے مِرے دل سے خیال غیروں کا
محبت اپنی؛ مِرے دِل میں ڈال دے پیارے!

۱۶۸ نہ آئیں اُس کے بُلانے پہ وہ؛ ہے نامُمکن
جو شخص عِشق کی راہوں میں دِل گُداز کرے

۱۶۹ نُور کے سامنے ظُلمت بھلا کیا ٹھہرے گی
جان لو! جلد ہی اَب ظُلم صَنادِید اُٹھا

۱۷۰ نہیں جز دُعائے یُونُسؑ کے رہا کوئی بھی چارہ
کہ غم و اَلَم کی مچھلی مجھے اَب نِگل رہی ہے

۱۷۱ نظر آرہی چمک وہ حُسنِ اَزَل کی شمعِ حجاز میں
کہ کوئی بھی اب تو مزا نہیں رہا قیسِ عِشقِ مجاز میں

۱۷۲ نماز چھُوٹے: تو چھُٹ جائے کچھ نہیں پَروا
مگر حرام کی روٹی مُدام کھاتا ہے

۱۷۳ نہیں ممکن، کہ میں زندہ رہوں؛ تم سے جدا ہو کر
رہوں گا تیرے قدموں میں؛ ہمیشہ خاکِ پا ہو کر

۱۷۴ نفس پر بوجھ ہی ڈالو گے؛ تو ہوگی اصلاح
اونٹ لدتے ہیں: یونہی چیخنے چلانے دو

۱۷۵ نہ مئے رہے، نہ رہے خم، نہ یہ سبو باقی
بس ایک دل میں رہے: تیری آرزو باقی

۱۷۶ نہ آئیگا مسلمانوں کا رہبر؛ کوئی باہر سے
جو ہوگا؛ خود مسلمانوں کے اندر سے کھڑا ہوگا

۱۷۷ نہ پھولو دوستو! دُنیائے دُوں پر
کہ اس کی دوستی میں بھی: زیاں ہے

۱۷۸ نہیں دنیا میں جس کا جوڑ کوئی
ہمارا پیشوا؛ وہ پہلواں ہے

۱۷۹ نام لکھوا کر مسلمانوں میں: تو خوش ہے عزیز!
پرمَیں سچ کہتا ہوں؛ یہ ہیں خونِ دل کھانے کے دن

۱۸۰ نہ کچھ قوت رہی ہے؛ جسم و جاں میں
نہ باقی ہے اثر؛ میری زباں میں

۱۸۱ نشان ساتھ ہیں اتنے؛ کہ کچھ شمار نہیں
ہمارے دِین کا؛ قِصّوں پہ ہی مدار نہیں

۱۸۲ نہ باقی رہے شرک کا نام تک بھی
خدا سے یہ محمود! میری دعا ہے

۱۸۳ نگاہ جن کی زمین پر تھی؛ نہ آسماں کی جنہیں خبر تھی
خدا سے ان کو بھی جا ملایا؛ دکھائی ایسی رَہِ ہدیٰ ہے

نہیں ہے کچھ دِیں سے کام ان کا؛
ہے سخت گندہ کلام ان کا؛
۱۸۴ یونہی مسلماں ہے نام ان کا
ہر ایک کام ان کا فتنہ زا ہے

۱۸۵ نہ دل میں خوفِ خدا رہے گا؛ نہ دِین کا کوئی نام لے گا
فلک پہ ایمان جا چڑھے گا؛ یہی ازل سے لکھا ہوا ہے

نہیں ہے محمود! فکر اس کا؛
سخن کہ جو دل سے ہے نکلتا؛
۱۸۶ کہ یہ اثر کِس قدر کرے گا
وہ دل میں ہی جا کے بیٹھتا ہے

۱۸۷ نام تک اس کا مٹا دینے میں ہے تو کوشاں
اس کا ہر بار مگر؛ آگے ہی پڑتا ہے قدم

۱۸۸ نازل ہوئے تھے عیسیٰؑ مریم جہاں؛ وہاں
اس وقت جاری قیصرِ روما کا حکم تھا

۱۸۹ نہیں چھٹتی نظر آتی میری جاں
پھنسا ہوں اس طرح قیدِ گراں میں

۱۹۰ نظر میں کاملوں کی؛ ہے وہ کامِل
اُترتا ہے جو پورا امتحاں میں

۱۹۱ ندائے دوست آئی کان میں کیا
کہ پھر جاں آگئی اِک نیم جاں میں

۱۹۲ نہ طعنہ ظن ہو؛ میری بے خودی پہ اے ناصح!
میں کیا کہوں کہ میرا اس میں اختیار نہیں

۱۹۳ نہیں دنیا کی خواہش ہم کو ہرگز
فدا دِیں پر ہی اپنا مال و جاں ہے

۱۹۴ نہیں اسلام کو کچھ خوف محمود!
کہ اس گلشن کا احمدؐ باغباں ہے

۱۹۵ نہیں لگتے کبھی کیکر کو انگور
نہ حنظل میں کبھی خرما لگا ہے

۱۹۶ نقشِ پا کو؛ چوم لوں گا
مَیں تمہیں جانے نہ دوں گا

۱۹۷ نہیں کچھ اس کے احسانوں کا بدلہ
کسی نے جان بھی دے دی؛ تو کیا ہے

۱۹۸ نونہالانِ جماعت! مجھے کچھ کہنا ہے
پر ہے یہ شرط؛ کہ ضائع مِرا پیغام نہ ہو

# و

## ('و' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 296 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 104 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 20 |
| iii | کلامِ طاہر | 38 |
| iv | کلامِ محمود | 134 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وہ خزائن؛ جو ہزاروں سال سے مدفون تھے — اب میں دیتا ہوں؛ اگر کوئی ملے امیدوار

۲ وہ جو تھے اونچے محل؛ اور وہ جو تھے قصرِ برِیں — پست ہو جائیں گے؛ جیسے پست ہو اک زیرِ غار

۳ وہ پیشوا ہمارا؛ جس سے ہے نور سارا — نام اسکا ہے محمدؐ؛ دلبر میرا یہی ہے

۴ وہی وحدہٗ؛ لاشریک اور عزیز — نہیں اس کی مانند؛ کوئی بھی چیز

۵ وہ دیکھتا ہے؛ غیروں سے کیوں دل لگاتے ہو — جو کچھ بتوں میں پاتے ہو؛ اس میں وہ کیا نہیں

۶ وہ گھڑی آتی ہے؛ جب عیسیٰؑ پکاریں گے مجھے — اب تو تھوڑے رِہ گئے؛ دجّال کہلانے کے دن

۷ واحد ہے، لاشریک ہے؛ اور لازوال ہے — سب موت کا شکار ہیں؛ اس کو فنا نہیں

۸ وہ دُور ہیں خدا سے؛ جو تقویٰ سے دُور ہیں — ہردَم اسیرِ نخوت و کِبر وغرور ہیں

۹ وہ خدا؛ اب بھی بناتا ہے جسے چاہے کلیم — اب بھی اس سے بولتا ہے جس سے وہ کرتا ہے پیار

۱۰ وہ خدا؛ جس نے بنایا آدمی اور دِیں دیا — وہ نہیں راضی؛ کہ بے دینی ہو ان کا کاروبار

۱۱ وہ خدا؛ جس نے نشانوں سے مجھے تمغہ دیا — اب بھی وہ تائیدِ فُرقاں کر رہا ہے باربار

۱۲ وہ خدا؛ حِلم و تفضّل میں نہیں رکھتا نظیر   کیوں پھرے جاتے ہو اُس کے حکم سے دیوانہ وار

۱۳ وہ خدا؛ جس نے نبی کو تھا زَرِخالص دیا   زیورِدِیں کو بناتا ہے؛ وہ اب مثلِ سنار

۱۴ وہی اس کے مُقرَّب ہیں؛ جو اپنا آپ کھوتے ہیں   نہیں راہ اس کی عالی بارگاہ تک؛ خود پسندوں کو

۱۵ وہ ویدوں کا ایشر ہے؛ یا اِک حجر   کہ بولے نہیں؛ جیسے اِک گنگ و کر

۱۶ وہ بیعت سے اس کے ہوا فیضیاب   سنا شیخ سے؛ ذکرِ راہِ صواب

۱۷ وہ نہیں باہر رہا اموات سے   ہو گیا ثابت یہ؛ تیس آیات سے

۱۸ وہ تو چمکا ہے؛ نیرِّ اکبر   اس سے انکار ہو سکے کیونکر

۱۹ وہ آج شاہِ دِیں ہے؛ وہ تاجِ مرسلیں ہے   وہ طیب و اَمیں ہے؛ اس کی ثناء یہی ہے

۲۰ وہ بنتی ہے ہوا، اور ہر خَسِ رَہ کو اُڑاتی ہے   وہ ہوجاتی ہے آگ؛ اور ہر مخالف کو جلاتی ہے

۲۱ وہ ہمیں دِلستاں تلک لایا   اس کے پانے سے؛ یار کو پایا

۲۲ وہ تھا آریہ قوم سے نیک ذات   خِردمند، خوش خُو؛ مبارک صفات

۲۳ وہ رہتا تھا اس غم میں ہردَم اُداس   زباں بند تھی؛ دل میں سوسو ہراس

۲۴ وہ طاقت؛ کہ ملتی ہے ابرار کو   وہ دے مجھ کو؛ دِکھلا کے اسرار کو

۲۵ وہ پھرتا تھا کوچوں میں چولہ کے ساتھ   دکھاتا تھا لوگوں کو قدرت کے ہاتھ

۲۶ وہ ہرلحظہ چولے کو دکھلاتا تھا   اِسی میں وہ ساری خوشی پاتا تھا

۲۷ وہ اُس یار کو صدق دکھلاتے ہیں   اِسی غم میں دیوانہ بن جاتے ہیں

۲۸ وہ جاں اس کی رَہ میں فدا کرتے ہیں   وہ ہر لحظہ سَوسَو طرح مرتے ہیں

۲۹ وہ کھوتے ہیں سب کچھ؛ بِصدق و صَفا   مگر اس کی ہو جائے حاصِل رضا

۳۰ وہ ہوجاتے ہیں سارے دِلدار کے   نہیں اُن کا کوئی بَجز یار کے

۳۱ وہ جاں دینے سے بھی نہ گھبراتے ہیں   کہ سب کچھ وہ کھو کر؛ اُسے پاتے ہیں

۳۲ وہ رو دیتا کہہ کر؛ کہ سب خیر ہے   مگر دل میں اِک خواہش سیر ہے

۳۳ وہ دِلبر کی آواز بن جاتے ہیں   وہ اُس جاں کے ہم راز بن جاتے ہیں

۳۴ وہ ناداں جو کہتا ہے دَر بند ہے — نہ الہام ہے؛ اور نہ پیوند ہے

۳۵ وہ کرتا ہے خود اپنے بھگتوں کو یاد — کوئی اِس کے رَہ میں نہیں نامُراد

۳۶ وہ انکار کرتے ہیں الہام سے — کہ ممکن نہیں خاص اور عام سے

۳۷ وہ کہتے ہیں یہ کوچہ مسدُود ہے — تلاش اِس کی عارف کو بے سُود ہے

۳۸ وہ غافل ہیں رحماں کے اُس داب سے — کہ رکھتا ہے وہ اپنے احباب سے

۳۹ وہ ہے مہرباں و کریم و قدیر — قسم اُس کی؛ اُس کی نہیں ہے نظیر

۴۰ وہ آنکھیں نہیں؛ جو کہ گِریاں نہیں — وہ خود دِل نہیں؛ جو کہ بریاں نہیں

۴۱ وہ کیا ہے؛ یہی ہے، کہ اللہ ہے ایک — محمدؐ نبی اس کا پاک اور نیک

۴۲ وہ تن گم ہوا یہ نشاں رِہ گیا — ذرا دیکھ کر اس کو آنسو بہا

۴۳ وفا دار عاشق کا ہے یہ نشاں — کہ دلبر کا خط دیکھ کر ناگہاں

۴۴ وہ لکھا ہے خود پاک کرتار نے — اُسی حیی و قیوم و غفّار نے

۴۵ وہی دِیں کے راہوں کی سُنتا ہے بات — کہ ہو متّقی مرد اور نیک ذات

۴۶ وہ صدق و محبت؛ وہ مہر و وَفا — جو نانک سے رکھتے تھے تم برَملا

۴۷ وہ کیونکر ہو ان ناسعیدوں سے شاد — جو رکھتے نہیں اُس سے کچھ اعتقاد

۴۸ وہ احمق ہیں؛ جو حق کی رَہ کھوتے ہیں — عبث ننگ و ناموس کو روتے ہیں

۴۹ وہ سوچیں؛ کہ کیا لکھ گیا پیشوا — وصیت میں کیا کہہ گیا برَملا

۵۰ واہ رے زورِصداقت خوب دکھلایا اثر — ہو گیا نانک نثارِ دینِ احمدؐ سَربَسَر

۵۱ واللہ خوشی سے بہتر؛ غم سے تیرے گذرنا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۵۲ وہ دیں ہی کیا ہے؛ جس میں خدا سے نشاں نہ ہو — تائیدِ حق نہ ہو؛ مددِ آسماں نہ ہو

۵۳ وہ لوگ؛ جو کہ معرفتِ حق میں خام ہیں — بُت ترک کر کے؛ پھر بھی بُتوں کے غلام ہیں

۵۴ وہ دے مجھ کو جو اس دل میں بھرا ہے — زباں چلتی نہیں شرم و حیا ہے

۵۵ وہ ہوں میری طرح دِیں کے منادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی

٥٦ وہ ہو آوارۂ ہردَشت و وادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
٥٧ وہی آرامِ جاں اور دل کو بھایا — وہی جس کو کہیں ربّ البرایا
٥٨ وہ دیکھے نیستی رحمت دکھاوے — خودی اور خودرَوی کب اس کو بھاوے
٥٩ وہ آیا؛ منتظر جس کے تھے دن رات — معمّہ کھُل گیا؛ روشن ہوئی بات
٦٠ وہی مئے اُن کو ساقی نے پِلادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
٦١ وہ نام و نمود وہ دولت نہیں رہی — وہ عزمِ مقبلانہ؛ وہ ہمّت نہیں رہی
٦٢ وہ عِلم، وہ صلاح؛ وہ عِفّت نہیں رہی — وہ نور اور وہ چاند سی طلعت نہیں رہی
٦٣ وہ درد، وہ گداز؛ وہ رِقّت نہیں رہی — خَلقِ خدا پہ شفقت و رحمت نہیں رہی
٦٤ وہ علم و معرفت؛ وہ فراست نہیں رہی — وہ فکر، وہ قیاس؛ وہ حکمت نہیں رہی
٦٥ وہ اُنس و شوق و وَجد؛ وہ طاعت نہیں رہی — ظلمت کی کچھ بھی حَدّ و نہایت نہیں رہی
٦٦ وہ خدا میرا جو ہے جوہر شناس — اِک جہاں کو لا رہا ہے میرے پاس
٦٧ وہ جو ماہِ فروری میں تم نے دیکھا زلزلہ — تم یقیں سمجھو؛ کہ وہ اِک زجر سمجھانے کو ہے
٦٨ وہ نشاں جس کی روشنی سے جہاں — ہو کے بیدار ہو گیا لرزاں
٦٩ وہ دِلستاں نہاں ہے؛ کس رَہ سے اُس کو دیکھیں — ان مشکلوں کا یارو! مشکل کشا یہی ہے
٧٠ ویدوں کا سب خلاصہ؛ ہم نے نیوگ پایا — ان پُستکوں کی رُو سے؛ کارَج بھلا یہی ہے
٧١ ویدوں کو شرم کر کے تم نے بہت چھپایا — آخر کو رازبستہ اُس کا کھُلا یہی ہے
٧٢ وہ دن گئے؛ کہ راتیں کٹتی تھیں کر کے باتیں — اب موت کی ہیں گھاتیں؛ غم کی کتھا یہی ہے
٧٣ وہ یارِلامکانی؛ وہ دلبرِنہانی — دیکھا ہے ہم نے اُس سے؛ بس رَہ نما یہی ہے
٧٤ وہ دلبرِ یگانہ؛ عِلموں کا ہے خزانہ — باقی ہے سب فسانہ؛ سچ بے خطا یہی ہے
٧٥ وگر تم خالق اُس کو مانتے ہو — تو پھر اب ناتواں کیوں جانتے ہو
٧٦ وہ ناکامل خدا ہوگا کہاں سے — کہ عاجز ہو بنانے جسم و جاں سے
٧٧ وہ چمک دکھلائے گا اپنے نشاں کی پنج بار — یہ خدا کا قول ہے؛ سمجھو گے سمجھانے کے دن

۷۸ وہ دِیں ہی چیز کیا ہے؛ کہ جو رہنما نہیں
ایسا خدا ہے اس کا؛ کہ گویا خدا نہیں

۷۹ وہ دن بھی ایک دن تمہیں یارو نصیب ہے
خوش مَت رہو؛ کہ کُوچ کی نوبت قریب ہے

۸۰ وہ لغو دِیں ہے؛ جس میں فقط قِصّہ جات ہیں
اُن سے رہیں الگ جو سعیدُ الصّفات ہیں

۸۱ وہ رَہ؛ جو یارِ گُمشُدہ کو کھینچ لاتی ہے
وہ رَہ؛ جو جامِ پاک یقیں کا پلاتی ہے

۸۲ وہ رَہ؛ جو یارِ گُمشُدہ کو ڈھونڈلاتی ہے
وہ رَہ؛ جو جامِ پاک یقیں کا پلاتی ہے

۸۳ وہ رَہ؛ جو اس کے ہونے پہ مُحکم دلیل ہے
وہ رَہ؛ جو اُس کے پانے کی کامل سبیل ہے

۸۴ وہ رَہ؛ جو ذاتِ عزَّ وَجل کو دکھاتی ہے
وہ رَہ؛ جو دل کو پاک و مطہّر بناتی ہے

۸۵ وہ اس کے ہوگئے ہیں؛ اُسی سے وہ جیتے ہیں
ہردَم اسی کے ہاتھ سے اِک جام پیتے ہیں

۸۶ وہ تازہ قدرتیں؛ جو خدا پر دلیل ہیں
وہ زندہ طاقتیں؛ جو یقیں کی سبیل ہیں

۸۷ وہ اِک زباں ہے عُضو نہانی ہے دوسرا
یہ ہے حدیثِ سیّدنا سیّدُ الوریٰ

۸۸ وہی خُدا اسی رَہِ فرّخ سے پاتے ہیں
دِلبر کا بانکپن بھی اِسی سے دکھاتے ہیں

۸۹ ورنہ وہ ملّت، وہ رَہ، وہ رسم، وہ دِیں؛ چیز کیا
سایہ افگن جس پہ نورِحق نہیں خورشیدوار

۹۰ واہ رے جوشِ جہالت؛ خوب دکھلائے ہیں رنگ
جھوٹ کی تائید میں حملے کریں دیوانہ وار

۹۱ واہ رے باغِ محبت؛ موت جس کی رَہ گُذر
وصلِ یار اُس کا ثمر؛ پَر اردگرد اس کے ہیں خار

۹۲ وہ کتابِ پاک و برتر؛ جس کا فرقاں نام ہے
وہ یہی دیتی ہے طالب کو بشارت باربار

۹۳ وہ دکھاتا ہے؛ کہ دِیں میں کچھ نہیں اِکراہ و جبر
دِیں تو خود کھینچے ہے دِل؛ مِثلِ بُتِ سیمیں عذار

۹۴ وہ روشنی؛ جو پاتے ہیں ہم اس کتاب میں
ہو گی نہیں کبھی وہ؛ ہزار آفتاب میں

۹۵ وہ لگادے آگ میرے دل میں ملّت کیلئے
شعلے پہنچیں جس کے ہردَم آسماں تک بیشمار

۹۶ وہ جوکہلاتے تھے صوفی؛ کیں میں سب سے بڑھ گئے
کیا یہی عادت تھی شیخِ غزنوی کی یادگار

۹۷ وحیِ حق کی بات ہے؛ ہوکر رہے گی بے خطا
کچھ دنوں کر صبر؛ ہو کر متقی اور بُردبار

۹۸ وحیِ حق کے ظاہری لفظوں میں ہے وہ زلزلہ
لیک ممکن ہے کہ ہو کچھ اور ہی قسموں کی مار

۹۹ وہ تباہی آئے گی؛ شہروں پہ اور دیہات پر
جس کی دنیا میں نہیں ہے مِثل کوئی زینہار

۱۰۰ وقت تھا وقتِ مسیحا؛ نہ کسی اور کا وقت — میں نہ آتا؛ تو کوئی اور ہی آیا ہوتا

۱۰۱ وہی کرتا ہے ظنِّ بَد بِلاریب — کہ جو رکھتا ہے پردہ میں وہی عیب

۱۰۲ وہ فاسق ہے؛ کہ جس نے رَہ گنوایا — نظربازی کو اِک پیشہ بنایا

۱۰۳ وہ عاشق ہے؛ کہ جس کو حسبِ تقدیر — محبت کی کماں سے آ لگا تِیر

۱۰۴ وہ دیتا ہے بندوں کو اپنے ہَدایت — دِکھاتا ہے ہاتھوں پہ اُن کے کَرامت

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۰۵ ودیعت کر کے انعام محبت — محبت سے جو اپنی کھینچتا ہے

۱۰۶ وہ سچّا اور سچے عہد والا — جو منہ سے کہہ چکا؛ وہ کر رہا ہے

۱۰۷ واسطہ تجھ کو تیری قدرت کا — واسطہ تجھ کو تیری رحمت کا

۱۰۸ وہ لڑے تیرے لئے؛ اور تو آزاد رہے — خوب نکتہ ہے یہ؛ اللہ کرے یاد رہے

۱۰۹ وہ لب جاں بخش کہہ کر قم باذنی چپ ہوئے — ہجر کے ماروں کو اب کوئی جلائے گا نہیں؟

۱۱۰ وحشت مری نہیں ابھی ہم پایۂ جنوں — اہلِ خرد پہ بار ہوں؛ عاقل نہیں ہوں میں

۱۱۱ وہ کرم کر؛ کہ عدُو کی بھی نگاہیں کھُل جائیں — خیر ہی خیر رہے؛ خیر کی راہیں کھُل جائیں

۱۱۲ وہ چل دیتا جدھر کرتے اشارہ — علمبردارِ ذی شانِ محمدؐ

۱۱۳ وہ ہے تیری شہ رَگ سے زیادہ قریب — کہا اُس نے بندوں کو اِنّــی مُــجِیب

۱۱۴ وہی یاد وعدہ تِرا کر رہی ہوں — بڑی آس لے کر دعا کر رہی ہوں

۱۱۵ وہ محبوب تیرا؛ ہمارا خلیفہ — بہت دن سے بیمار ہے؛ اب شِفا دے

۱۱۶ وہ آیا؛ ساتھ لے کر فضل آیا — بَصد اکرام؛ شاہِ دوجہانی

۱۱۷ وہ جس کے قلب و روح و تَن مبارک — مبارک آمدن؛ رفتن مبارک

۱۱۸ وہ کہاں پیار وہ آپس میں دلوں کی باتیں — آہ! اس خواب کی تعبیر کہاں سے لاؤں؟

۱۱۹ وعدہ پہ گر نہ آئے؛ تو کیا فائدہ ہوا — گو سچ تو یہ ہے؛ کہ اب جو ہونا تھا ہو چکا

۱۲۰ وجہ تسکینِ قلبِ مضطر ہے — راحِ روح علیل ہے احمدؐ

۱۲۱ وہ رحمتِ عالم آتا ہے؛ تیرا حامی ہو جاتا ہے
تُو بھی انساں کہلاتی ہے، سب حق تیرے دلواتا ہے؛
اِن ظُلموں سے چھُڑواتا ہے

۱۲۲ وہ مسیحا؛ جس کو سُنتے تھے فلک پر ہے مقیم
لُطف ہے اس خاک سے تُو نے نمایاں کر دیا

۱۲۳ والی بنو امصار علومِ دوجہاں کے
اے یُوسفِ کنعان؛ خداحافظ وناصر

۱۲۴ وصل کے عادی سے گھڑیاں ہجر کی کٹتی نہیں
بارِفرقت آپ کا کیونکر اُٹھائے قادیاں

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۲۵ وہ ماہِ تمام اُس کا؛ مَہدی تھا غلام اُس کا
روتے ہوئے کرتا تھا؛ وہ ذکر مُدام اُس کا

۱۲۶ وہ جس کی رحمت کے سائے یکساں ہر عالَم پر چھائے
وہ جس کو اللہ نے خود اپنی رحمت کی رِدا دی؛ آیا

۱۲۷ وہ احسان کا افسوں پھونکا؛ موہ لیا دل اپنے عدو کا
کب دیکھا تھا پہلے کسی نے؛ حسن کا پیکر اِس خوبو کا

۱۲۸ وا درِگریہ کشادیدہ و دل لَب آزاد
کِس مزے میں ہیں ترے خاک نشیں؛ آج کی رات

۱۲۹ وہم و گماں سے بالا؛ عالی مقامِ احمد
ہم ہیں غلامِ خاکِ پائے غلامِ احمد

۱۳۰ وقت ہے وقتِ مسیحا؛ نہ کسی اور کا وقت
کون ہیں یہ تیری تحریر مِٹانے والے

۱۳۱ وہ جوان برق پا ہے؛ وہ جمیل و دلربا ہے
میرا نالہ اس کے قدموں کے غبار تک تو پہنچے

۱۳۲ وہی رونا ہے ہجرِ یار میں بس فرق ہے اتنا
کبھی چھُپ چھُپ کے آتا تھا؛ اب آزادانہ آتا ہے

۱۳۳ وہ جن سے لِلّٰہ بَیر ہوئے؛
جو اپنے وَطن میں غیر ہوئے
ان تختۂ مَشقِ ستم مجبوروں؛ محروموں کی باتیں کر

۱۳۴ وہ جن کی جبینوں کے انوار سے؛
روشن ہیں زِندانِ وطن
اے دیس سے آنے والے بتا!
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۱۳۵ وہ نفرت کا طوفان اُٹھا؛ ہر شہر سے اَمن واَمان اُٹھا
جلبِ زَر کا شیطان اُٹھا؛ مفلس کے سہارے ڈوب گئے

۱۳۶ وہ والی تھا مسکینوں کا؛ بیواؤں اور یتیموں کا
یہ ماؤں، بہنوں کے سَر کی چادر کوجلانے والے ہیں

۱۳۷ وہ جُودوسَخا کا شہزادہ تھا؛
بھوک مٹانے آیا تھا
یہ بھوکوں کے ہاتھوں کی روٹی؛
چھین کے کھانے والے ہیں

۱۳۸ وہ یاد آئے؛ جن کے آنسو تھے غم کی خاموش گتھا
میرے سامنے بیٹھ کے روئے دکھ نہ بتایا ساری رات

۱۳۹ وہ یاد آئے؛ جن کے آنسو پونچھنے والا کوئی نہ تھا
سُوجے نَین دِکھائے اپنے؛ اور رُلایا ساری رات

۱۴۰ وقت کم ہے، بہت ہیں کام؛ چلو
ملگجی ہو رہی ہے شام؛ چلو

۱۴۱ وہ آنکھ اُٹھی؛ تو مُردے جگا گئی لاکھوں
قیامت ہوگی؛ کہ جو اِس اَدا سے اُٹھی ہے

۱۴۲ وہی جھرنوں کے مُدھر گیت ہیں؛ مَدہوش شجر
نیلگو رُود کے؛ گُل پوش کنارے ہیں وہی

۱۴۳ وہیں تمہاری اَنا کا سفر تمام ہوا
حیات و موت؛ وہیں بن گئے بہم اعجاز

۱۴۴ وہ ناؤ؛ خدا بنتا ہے خود، جس کا کھِوَیّا
پاگل ہے؛ کہ ڈھونڈے وہ کناروں کے سہارے

۱۴۵ وہ آخری اَیّام؛ وہ بہتے ہوئے خاموش
حَرفوں کے بدن اَشکوں کے دھاروں کے سہارے

۱۴۶ وہ ہاتھ جھٹکتے ہوئے؛ کہنا دَمِ رُخصت
میں نے نہیں جینا نِگہداروں کے سہارے

۱۴۷ وہ جن کو نہ راس آئے طبیبوں کے دِلاسے
شاید کہ بہل جائیں؛ نگاروں کے سہارے

۱۴۸ وَڈیاں سوچاں، نیک عمل؛ تے عالی شان اِرادے
گل وِچ پائی پھِردا؛ سادے، ماڑے موٹے ٹلّے

۱۴۹ وہ سبزہ زاروں میں ہو سب سے سبز تَر؛ پھر بھی
رگیدا جائے اگرچہ؛ وہ پائمال نہ ہو

۱۵۰ وہ پھول ہو کے بھی؛ آنکھوں میں خار سا کھٹکے
تو ایسا زخم لگاؤ؛ کہ اِندِمال نہ ہو

۱۵۱ وہ لاکھ علم و عمل کا ہو؛ ایک اَوجِ کمال
فقط وہ غازیِ گفتار و قیل و قال نہ ہو

۱۵۲ ویسے تو ہو آدم ہی کی اولاد بِلاریب
سَر پر ہے عمامہ بڑا؛ جُبّے میں بڑی جیب

۱۵۳ وہ مولیٰ سے ملواتا ہے جب نام اس کا میں لیتا ہوں
اِک بحرِ نور کی موجوں پر اِک نور کی کشتی کھیتا ہوں
اے جَگ والو! سُن لو؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۱۵۴ وہ سمندر کے کنارے ہمیں لے جاتا تھا
دیر تک وہ لَبِ ساحل ہمیں ٹہلاتا تھا

۱۵۵ وہ کئے رکھتا تھا پہلے سے ہی سب کچھ تیار
کئی کھانوں کی لگا رکھتا تھا میزوں پہ قطار

۱۵۶ وہ روز آتا ہے گھر پر ہمارے؛ ٹی وی پر
تو ہم بھی اب اسے انگلینڈ چَل کے دیکھتے ہیں

۱۵۷ وہ جس کی بچے بھی کرتے ہیں پیشوائی روز
وہ اُس کو شوق سے سنتے ہیں؛ بلکہ دیکھتے ہیں

۱۵۸ وہ سراپا جمال سَر تا پا
حُسنِ صنعت کا معجزہ سا تھا

۱۵۹ وہی مَیں تھا؛ وہی طَلَب دل کی — وہی اِک عِشقِ نارسا سا تھا

۱۶۰ وائے پیری کی پشیمانی جوانی کے جنون — خود سے مَیں شرمندہ تھا؛ مجھ سے مِرا آئینہ تھا

۱۶۱ وہی جلسے، وہی رونق؛ وہی بزم آرائی — ایک تم ہی نہیں؛ مہمان تو سارے، ہیں وہی

۱۶۲ وہ پاک محمدؐ ہے؛ ہم سب کا حبیب آقا — اَنوارِرسالت ہیں؛ جس کی چمن آرائی

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۶۳ وہ نصیبا ہے تِرا؛ اے میرے پیارے عیسیٰ — فخر سمجھیں تِری تقلید کو؛ اِبنِ مریم

۱۶۴ وہ دِل جو بُغض و کِینہ سے تھے کور ہو رہے — دِیں کا کمال اُن کو بھی اُس نے دِکھا دیا

۱۶۵ ویسی ہی سلطنت تمھیں اللہ نے ہے دی — تا اپنی قِسمتوں کا نہ تم کو رہے گِلہ

۱۶۶ وہ جا جہاں پہ ہوتی تھی ہر روز لُوٹ مار — ہر طرح اس جگہ پہ اَب اَمن و اَمان ہے

۱۶۷ وہ دِل نہیں؛ جو جُدائی میں بے قرار نہیں — نہیں وہ آنکھ؛ جو فُرقت میں اَشکبار نہیں

۱۶۸ وہ ہم؛ کہ فِکر میں دِیں کے ہمیں قرار نہیں — وہ تم؛ کہ دِینِ محمدؐ سے کچھ بھی پیار نہیں

۱۶۹ وہ لوگ دَرگہِ عالی میں جن کو بار نہیں — اُنھیں فریب و دَغا مکر سے بھی عار نہیں

۱۷۰ وہ ہم کہ عشق میں پاتے ہیں لُطفِ یکتائی — ہمارا دوست نہیں کوئی؛ غمگسار نہیں

۱۷۱ وہاں ہم جا نہیں سکتے؛ یہاں وہ آ نہیں سکتے — ہمارے درد کا کوئی بھی دَرماں ہو نہیں سکتا

۱۷۲ وہ ہیں فردوس میں شاداں؛ گرفتارِبَلا ہوں مَیں — وہ غمگیں ہو نہیں سکتے؛ مَیں خنداں ہو نہیں سکتا

۱۷۳ وہ خواب ہی میں گر نظر آتے؛ تو خُوب تھا — مرتے ہوئے کو آکے جِلاتے؛ تو خُوب تھا

۱۷۴ وہ جوش اور خروش کہاں اب چلے گئے — رہتا ہے اِس قدر یہ بھلا کیوں دَبا ہوا

۱۷۵ وہ مزا ہے غمِ دِلبر میں؛ کہ مَیں کہتا ہوں — رَنجِ فُرقت کوئی دن اور اُٹھا لُوں تو کہوں

۱۷۶ وہ خفا ہیں؛ کہ بِلا پوچھے چلا آیا کیوں — یاں یہ ہے فِکر؛ کوئی بات بنا لُوں تو کہوں

۱۷۷ وہ کہیں ہم کہ گداگر کو سلیماں کر دیں — وہ کریں کام کہ شیطاں کو مُسلماں کردیں

۱۷۸ وہ کریں دَم؛ کہ مسیحا کو بھی حیرت ہوجائے — شیرِقالیں کو بھی ہم شیرِنَیستاں کردیں

۱۷۹ وہ لُطف ہے خلش میں؛ کہ آرام میں نہیں — تیرِنگاہ کیوں مِرے سینہ کے پار ہو

۱۸۰ وہ جو رہتا ہے ہر اِک وقت مِری آنکھوں میں — ہائے! کَم بختی: مجھے اس کا پتہ یاد نہیں
۱۸۱ وہ نکاتِ معرفت بتلائے کون — جامِ وَصلِ دِلرُبا پلوائے کون
۱۸۲ وہ گُلِ رعنا ہی جب مُرجھا گیا — پھر بہارِ جانفزا دِکھلائے کون
۱۸۳ وہ ہے مجھ میں نہاں؛ غیروں سے پردہ ہے اُسے لازم — تبھی تو چشمِ بَد بیناں سے مَیں مَستُور رہتا ہوں
۱۸۴ وہی ہے طرزِ دِلداری؛ وہی رنگِ ستم گاری — تجسّس کیوں کروں اس کا؛ کہ ہے یہ کون محمل میں
۱۸۵ وَصلِ مَولیٰ کے جو بھوکے ہیں؛ اُنہیں سیر کرو — وہ کرو کام؛ کہ تُم خوانِ ہُدیٰ ہوجاؤ
۱۸۶ وہ قیدِ نَفس دَنی سے مجھے چھُڑائیں گے کب — رِہائی پنجۂ غم سے مجھے دِلائیں گے کب
۱۸۷ وہ میرے چاکِ جگر کا کریں گے کب دَرماں — جو دِل پہ داغ لگے ہیں؛ اُنھیں مِٹائیں گے کب
۱۸۸ وَفا طریق ہے اُن کا؛ وہ ہیں بڑے مُحسِن — لگا کے مُنہ؛ نظروں سے مجھے گرائیں گے کب
۱۸۹ وہ تو بے پردہ ہے؛ پر آنکھیں ہیں بند — کام آساں ہے؛ مگر دُشوار ہے
۱۹۰ وہی ہے راحت و آرام دِل کا — اُسی سے رُوح کو ہے شادمانی
۱۹۱ وہی ہے چارۂ آلامِ ظاہر — وہی تسکیں دِہِ دَردِ نہانی
۱۹۲ وہ دِل سے مانتے ہیں اُس کی خُوبی — وہ پاتے ہیں اِسی میں دِل کی تسکیں
۱۹۳ وہ ہم میں قُوّتِ قُدسی ہو پیدا — جِسے چھُوویں؛ وہی ہو جائے اِکسیر
۱۹۴ وہ جذبہ ہم میں پیدا ہو اِلٰہی — جو دُشمن ہیں؛ کریں اُن کی بھی تسخیر
۱۹۵ وہی بولیں؛ جو دِل میں ہو ہمارے — خِلافِ فِعل ہو اپنی نہ تقریر
۱۹۶ وہ مِری آنکھوں کی ٹھنڈک؛ میرے دِل کا نُور ہے — ہے فِدا اُس شُعلہ رُو پر میری جاں پَروانہ وار
۱۹۷ وہ اگر خالق ہے؛ مَیں ناچیز سی مخلوق ہوں — ہر گھڑی مُحتاج ہوں اُس کا؛ وہ ہے پَروَردِگار
۱۹۸ وہ ہے آقا مَیں ہوں خادم وہ ہے مالِک مَیں غُلام — مَیں ہوں اِک اَدنیٰ رِعایا؛ اور وہ ہے تاجدار
۱۹۹ وہ تو کچھ رکھتی بھی تھی؛ پَر مَیں تو خالی ہاتھ ہوں — بے عَمَل ہوتے ہوئے ہے؛ جُستجوئے دَستِ یار
۲۰۰ واں تھے یہ وعدے خُوب تَر — یاں حالتِ اِدبار ہے
۲۰۱ وہ گاؤں گا تِری تعریف میں ترانۂ حمد — رہے گا ساز ہی باقی؛ نہ پھر گلو باقی

۲۰۲ وہ کیسا سَر ہے؛ جو جُھکتا ہے آگے ہر کِہ و مِہ کے
وہ کیسی آنکھ ہے؛ جو ہر جگہ دریا بہاتی ہے

وہ شہر جو کُفر کا ہے مرکز؛
خُدائے واحد کے نام پر اِک؛

۲۰۳ ہے جِس پہ دِینِ مسیح نازاں
اَب اُس میں مسجد بنائیں گے ہم

۲۰۴ وَقتِ حَسرت نہیں یہ؛ ہمَّت و کوشش کا ہے وَقت
عقل و دانائی سے کچھ کام لے؛ نادان نہ ہو

۲۰۵ وہ بھی کچھ یار ہے؛ جو یار سے یک جاں نہ کرے
وہ بھی کیا یار ہے؛ جو خُوبیوں کی کان نہ ہو

۲۰۶ وَصل کا لُطف تبھی ہے؛ کہ رہیں ہوش بَجا
دِل بھی قبضہ میں رہے؛ پہلو میں دِلدار بھی ہو

۲۰۷ وَفا! تجھ سے مِری شُہرت نہیں؛ بَرعکس ہے قِصَّہ
تِری ہَستی، تو مجھ سے ہے؛ نہ مَیں ہوتا، نہ تُو ہوتی

۲۰۸ وہ بوجھ؛ اُٹھا نہ سکے جِس کو آسمان و زمیں
اُسے اُٹھانے کو آیا ہوں؛ کیا عجیب ہوں مَیں

۲۰۹ وہ غنی ہے، پہ نہیں اُس کو یہ ہرگز بھی پسند
غیر سے تیرا تعلق رہے؛ اُس کا ہو کر

۲۱۰ وہ ہے خُوش اَموال پر؛ یہ طالبِ دِیدار ہے
بادشاہوں سے بھی اَفضل ہے؛ گدائے قادیاں

۲۱۱ واسطہ جہل سے پڑا؛ وہم ہوا رَفِیقِ دہر
عِلم کِدھر کو چَل دیا؛ جاتا رہا بَیان کیوں

۲۱۲ وَحشَتِ عارضی ہے؛ ورنہ حُضُور
کہیں بندہ فرار رہتا ہے

۲۱۳ وہ پیڑ ہو رہے تھے جو مُدّت سے چُوبِ خُشک
پڑتے ہی ایک چھینٹا؛ دُلہن سے نِکھر گئے

۲۱۴ وہ خوش قِسمت ہیں جو گر پڑ کے اُس مجلس میں جا پہنچے
کبھی پائیوں پہ سر رکھا؛ کبھی دامن سے جا لِپٹے

۲۱۵ وہ لَبِ سُرخ ہیں گویائی پہ آمادہ پھر
سخت اَرزاں مَئے گُلفام ہوئی جاتی ہے

۲۱۶ وہ مِرا ہے تا اَبَد؛ مَیں ہوں اُس کا اَزاَزَل
مجھ کو کیا حُور و جِناں سے؛ وہ مِرا مقصود ہے

۲۱۷ وہ خالی ہاتھ ہے ہر پیشکش سے
نہیں لایا وہ ساتھ اپنے ہدایا

۲۱۸ وہ حیوانوں سے بَدتَر ہو رہا ہے
نہیں تقویٰ میں حاصِل کوئی پایا

۲۱۹ وہ میری ناصرہؔ؛ وہ نیک اختر
عقیلہ باسَعادت پاک جَوہَر

۲۲۰ وہ شمع رُو؛ کہ جِسے دیکھ کر ہزاروں شمع
بھڑک اُٹھی تھیں بسوزِ ہزار پروانہ

۲۲۱ وہ جس کے چہرہ سے ظاہر تھا نُورِ رَبّانی
مَلَک کو بھی جو بناتا تھا اپنا دیوانہ

۲۲۲ وہ صُحبتیں؛ کہ نئی زندگی دِلاتی تھیں
وہ آج میرے لیے کیوں بنی ہیں اَفسانہ

۲۲۳ وہ یار؛ جس کی محبت پہ ناز تھا مجھ کو — کوئی بتاؤ؛ کہ کیوں ہو رہا ہے بیگانہ

۲۲۴ وہ اپنا سَر ہی پھوڑے گا؛ وہ اپنا خُون ہی پیٔے گا — دُشمنِ حق کے پہاڑ سے گر ٹکراتا ہے؛ ٹکرانے دو

۲۲۵ وہ تم کو حُسینؑ بناتے ہیں؛ اور آپ یزیدیؔ بنتے ہیں — یہ کیا ہی سَستا سودا ہے؛ دُشمن کو تیر چلانے دو

۲۲۶ وہ ہم سفر تمھارا؛ آنکھوں کا میری تارا — اللہ کا صفی ہو؛ اللہ کا ہو پیارا

۲۲۷ وہ ہے ایک؛ اُس کا نہیں کوئی ہمسر — وہ مالک ہے سب کا؛ وہ حاکم ہے سب پر

۲۲۸ وہ زِندہ ہے؛ اور زندگی بخشتا ہے — وہ قائم ہے؛ ہر ایک کا آسرا ہے

۲۲۹ وہ اسلام؛ دنیا کا تھا جو محافظ — وہ خود آج محتاج؛ اِمداد کا ہے

۲۳۰ وہ دِل مجھے عطا کر؛ جو ہو نِثارِ جاناں — جو ہو فِدائے دِلبر؛ وہ جان مجھ کو دے دے

۲۳۱ وہ گئے تھے؛ تو خیر جانا تھا — دِل پہ کیوں میرا اختیار گیا

وہ میرے دِل کو؛ — کیا عاشق بھی معشوق کا شِکوہ؛

۲۳۲ چٹکیوں میں مَل مَل کر یُوں فرماتے ہیں — اپنی زُباں پر لاتے ہیں

۲۳۳ وَلٰکِنَّ فَضلَ اللّٰہِ جَآءَ لِنَجدَتِی — وَانقَذَنِی مِن زَلَّۃِ الاَقدَامِ

۲۳۴ وہ یار کیا؛ جو یار کو دِل سے اُتار دے — وہ دِل ہی کیا؛ جو خوف سے میدان ہار دے

۲۳۵ وہ سیم تَن جو خواب میں ہی مجھ کو پیار دے — دِل کیا ہے؛ بندہ جان کی بازی بھی ہار دے

۲۳۶ وَحشت سے پھٹ رہا ہے مِرا سَر مِرے خُدا — اِس بے قرار دِل کو ذرا تو قرار دے

۲۳۷ وہ عاشقوں کیلئے بیقرار ہیں خود بھی — وہ بیقرار دِلوں کو قرار دیتے ہیں

۲۳۸ وہ جیتنے پہ ہوں مائل؛ تو عاشقِ صادِق — خوشی سے جان کی بازی بھی ہار دیتے ہیں

۲۳۹ وہی فَلَک پہ چمکتے ہیں بَن کے شَمس و قَمر — جو دَر پہ یار کے عُمریں گُزار دیتے ہیں

۲۴۰ وہ ایک آہ سے بے تاب ہو کے آتے ہیں — ہم اِک نِگاہ پہ؛ سو جان ہار دیتے ہیں

۲۴۱ وہ تو بے پَردہ ہوگئے تھے؛ مگر — حَیف یہ دِل ہی آئِنہ نہ بنا

۲۴۲ وہ کیا صُورت ہے جس سے مَیں نِگاہِ لُطف کو پاؤں — چھوؤں دامن کو تیرے یا ترے پاؤں پڑوں ساقی

۲۴۳ وہ مَہ رُخ آگیا خود پاس میرے — لگائے چاند مجھ کو بے بَسی نے

۲۴۴ وہ آنکھیں؛ جو ہوئیں اُلفت میں بے نُور
بنیں وہ اُس کی اُلفت کے نگینے

۲۴۵ وہی ہیں غوطہ خورِ بحرِ ہستی
دُرَر سے ہیں بھرے جن کے سفینے

۲۴۶ وہ اُس کی تیکھی چتوَن میں جنّت کا نظارہ دیکھتا ہے
اس جَور و جفا کے واسطے؛ تم پابندِ وَفا کو رہنے دو

۲۴۷ وہ آئے سامنے؛ مُنہ پر کوئی نِقاب نہ تھا
یہ اِنقلاب؛ کوئی کَم تو اِنقلاب نہ تھا

۲۴۸ وُفُورِ حُسن سے آنکھیں جہاں کی خِیرہ تھیں
نظر نہ آتے تھے؛ مُنہ پر کوئی نِقاب نہ تھا

۲۴۹ وہ عُمر جِس میں کہ پاتی ہے عَقل نُور و جِلا
تم اس کو شَیب کہو؛ ہم شَباب کہتے ہیں

۲۵۰ وہ سَلسَبِیل کا چشمہ؛ کہ جس سے ہو سَیراب
حَسَد سے اس کو عَدُو کیوں سَراب کہتے ہیں

۲۵۱ وہی خاک؛ جس سے بنا میرا پُتلا
مَیں اُس خاک کو دیکھنا چاہتا ہوں

۲۵۲ وہ خاک سے پیدا کرتا ہے؛ وہ مُردے زِندہ کرتا ہے
جو اُس کی راہ میں مَرتا ہے؛ وہ زِندہ ہے، مُردار نہیں

۲۵۳ وہ جو کچھ مجھ سے کہتا ہے پھر مَیں جو اُس سے کہتا ہوں
اِک رازِ محبت ہے؛ جس کا اعلان نہیں، اِظہار نہیں

۲۵۴ وہ کریں بے وَفائی! اے توبہ
آپ کے ہی خیال ہیں ایسے

۲۵۵ وہ مُنہ چھُپائے ہوئے مجھ سے ہَم کَلام ہوئے
وِصال گو نہ ہوا؛ خیر کچھ ہوا تو سہی

۲۵۶ وہ آپ خود چلے آئیں گے تیری مجلس میں
خُودی کے نَقش ذرا دِل سے تُو مِٹا تو سہی

۲۵۷ وہی ہے چال، وہی راہ ہے؛ وہی ہے رَوِش
سِتَم وہی ہیں؛ تو پھر شرمسار کیسے ہیں

۲۵۸ وہ لالہ رُخ ہی یہاں پر نظر نہیں آتا
تو اس جہان کے یہ لالہ زار کیسے ہیں

۲۵۹ وہ حسرتیں ہیں؛ جو پوری نہ ہوسکیں، افسوس!
بتاؤں کیا؛ مِرے دِل میں مَزار کیسے ہیں

۲۶۰ وہ جس نے ہم کو کِیا بَرسَرِ جہاں رُسوا
اُسی کی یاد کو دِل میں چھُپائے پھِرتے ہیں

۲۶۱ وہ پھول ہونٹوں سے اُن کے جھڑتے تھے جو اِک بار
اُنہی کو سینہ سے اپنے لگائے پھِرتے ہیں

۲۶۲ وہ دیکھ لے؛ تو ہر اِک ذرّہ پھول بن جائے
وہ موڑے مُنہ؛ تو سب اپنے پَرائے پھِرتے ہیں

۲۶۳ وہ کہاں، اور ہم کہاں؛ پَر رحم آڑے آگیا
رِہ گئی عِزّت ہمارے نالۂ دِلگیر کی

۲۶۴ وَسوَسے غیر نے ڈالے؛ کئے اپنوں نے فَساد
میری تیری وہ رَفاقت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۲۶۵ وہ زِشت رُو؛ کہ جِس سے چڑیلیں بھی خوف کھائیں
اُس کو بھی دیکھئے؛ کہ تمنّائے حُور ہے

٢٦٦ وہ آئے؛ اور عِشق کا اِظہار کر دیا — پڑھتے رہے اندھیرے میں چھُپ کر نماز ہم

٢٦٧ وَعظِ قُرآں پر کبھی تو کان دھَر — عِلم کی اس میں فراوانی تو دیکھ

٢٦٨ وہ دِل کو جوڑتا ہے؛ تو ہیں دِل فِگار ہم — وہ جان بخشتا ہے؛ تو ہیں جاں نثار ہم

٢٦٩ وِرثۂ نبوی کے ڈَر سے؛ مَولوی کا احترام — اُلفتِ پدری کی خاطِر؛ سَیّدوں کے ہیں غُلام

٢٧٠ وہ بھی ہیں کچھ؛ جو کہ تیرے عِشق سے مخمور ہیں — دُنیَوی آلائشوں سے پاک ہیں؛ اور دُور ہیں

٢٧١ وہ ہر اِک صیّاد کے تیروں کا بنتے ہیں ہَدَف — جس کا بَس چلتا ہے؛ پہنچاتا ہے وہ اُن کو گزَند

٢٧٢ وہ بھی اوجھل ہے مِری آنکھوں سے جو ہے سامنے — ہے تِرے عِلمِ اَزَل میں؛ جو ہے غائب مُستَتَر

٢٧٣ وہ چاہتا ہے؛ کہ ظاہر کرے زمانہ پر — ہمارے دِل کے اِرادے اِس اِمتحاں سے آج

٢٧٤ وہ خُود دیتے ہیں جب مجھ کو؛ بھلا اِنکار ممکن ہے — مَیں کیوں فاقے رہوں؛ جب شاہ کے گھر میں ہوا مہماں

٢٧٥ وہ کافِر اور مُلحِد ہم کو بتلائیں گے مِنبر پر — ہمارے زندقہ کا فتویٰ؛ سب میں بَرمَلا ہوگا

٢٧٦ وہ جن کے پیار و اُلفت کی قسم کھاتے تھے ہم اب تک — ہر اِک اُن میں سے کل پیاسا ہمارے خُون کا ہوگا

٢٧٧ وہ جِس کی صُحبت و مجلس میں دِن اپنے گُزرتے تھے — ہمارے ساتھ اس کا کل سُلُوکِ ناروا ہوگا

٢٧٨ وہ شمسِ دُنیائے مَعرِفت؛ جو چمک رہا تھا کبھی فلَک پر — خُدا کے بندوں کی غفلتوں سے؛ وہ دَلدَلوں میں پھنسا ہوا ہے

٢٧٩ وہ کثرت پہ اپنی ہیں رکھتے گھُمنڈ — تُو اپنے کرم سے بڑھا دے ہمیں

٢٨٠ وہ عِلم دے؛ جو کِتابوں سے بے نیاز کرے — وہ عَقل دے؛ کہ دو عالَم میں سَرفراز کرے

٢٨١ وہ بھر دے جوشِ جُنُوں میرے سَر میں اے مَولیٰ! — جو آگے بڑھ کے دَرِ وَصل پھر سے باز کرے

٢٨٢ وَقف ہے جاں بہرِ مال و سیم و زَر — مال دینے والے سے ہے بے خبر

٢٨٣ وَقف کرنا جاں کا؛ ہے کسبِ کمال — جو ہو صادِق وَقف میں؛ ہے بے مِثال

٢٨٤ وہ قصیدہ میں کروں؛ وَصفِ مسیحا میں رَقَم — فخر سمجھیں، جسے لکھنا بھی؛ میرے دَست و قلم

وہ چہرہ ہر روز ہیں دکھاتے؛     وہ ہم ہی آفت زدہ ہیں؛

۲۸۵ رقیب کو تو چھپا چھپا کر     جن سے چھپاتے ہیں منہ دکھا دکھا کر

۲۸۶ وہ شجر ہیں؛ سنگ باروں کو بھی جو دیتے ہیں پھل     ساری دنیا سے نرالا؛ ان کا ہوتا ہے جواب

۲۸۷ وہ چھوٹی چھوٹی چیزوں پر؛ اُمید لگائے بیٹھے ہوں     وہ ادنیٰ ادنیٰ خواہش کو مقصود بنائے بیٹھے ہوں

۲۸۸ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر شیروں کی طرح غرّاتے ہوں     ادنیٰ سا قصور اگر دیکھیں؛ تو منہ میں کف بھر لاتے ہوں

۲۸۹ وہ دن؛ کہ جب آئے گی مصیبت     آنکھوں میں ہماری گھومتا ہے

۲۹۰ وَرنہ ابھی غافلو! تمہارے     آئے گا وہ آگے؛ جو کیا ہے

۲۹۱ وہ مطلعِ آبدار لکھوں کہ جس سے حسّاد کا ہو دِل خوں     حروف کی جا گہر پروؤں؛ کہ مجھ کو کرنا یہی روا ہے

۲۹۲ وہ لوگ؛ جو کہ راہ سے بے راہ تھے ہوئے     کیوں ان کے چہروں پر ہے؛ خوشی کا اثر عیاں

۲۹۳ وہ قوّتِ اعجاز ہے؛ اس شخص نے پائی     دَم بھر میں اُسے مار گرایا؛ جسے تاکا

۲۹۴ وہ شاہِ جہاں؛ جس کیلئے چشم بَرَہ ہو     وہ قادیاں میں بیٹھا ہے؛ محبوب خدا کا

۲۹۵ وحشی کو بھی دَم بھر میں؛ مہذّب ہے بناتی     دیکھو تو اثر، آکے ذرا؛ اس کی دعا کا

۲۹۶ وَرنہ صدموں نے تو تھا؛ جان سے مارا ہم کو     آگے مُشکل تھا بہت کرنا گُزارا ہم کو

# ہ

## ('ہ' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 446 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 100 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 43 |
| iii | کلامِ طاہر | 53 |
| iv | کلامِ محمود | 250 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہے شکرِ ربِّ عزّوجل خارج اَز بیاں — جس کے کلام سے ہمیں اس کا ملا نشاں

۲ ہے دِیں وہی؛ کہ صرف وہ اِک قِصّہ گو نہیں — زندہ نشانوں سے ہے دکھاتا رَہِ یقیں

۳ ہم نے اُلفت میں تیری بار اُٹھایا کیا کیا — تجھ کو دِکھلا کے فلک نے ہے دکھایا کیا کیا

۴ ہوش اُڑ جائیں گے انساں کے پرندوں کے حواس — بھولیں گے نغموں کو اپنے سب کبوتر اور ہزار

۵ ہے بُلندی شانِ ایزد گر بشر ہووے بُلند — فخر کی کچھ جا نہیں وہ ہے متاعِ مُستعار

۶ ہاں نہ کر جلدی سے انکار اے سفینۂ ناشناس — اِس پہ ہے میری سچائی کا سبھی دارومدار

۷ ہر مسافر پر وہ ساعت سخت ہے؛ اور وہ گھڑی — راہ کو بھولیں گے؛ ہو کر مَست و بیخود راہوار

۸ ہر نبیؑ وقت نے اِس جنگ کی دی تھی خبر — کر گئے وہ سب دعائیں باد و چشمِ اشکبار

۹ ہے یہی اِک آگ تا تم کو بچاوے آگ سے — ہے یہی پانی؛ کہ نکلیں جس سے صدہا آبشار

۱۰ ہر طرف سے پڑ رہے ہیں دینِ احمد پر تبر — کیا نہیں تم دیکھتے قوموں کو؛ اور ان کے وہ وار

۱۱ ہم نے یہ مانا کہ ان کے دل ہیں پتھر ہوگئے — پھر بھی پتھر سے نکل سکتی ہے دینداری کی نار

۱۲ ہائے! یہ کیا ہوگیا؛ عقلوں پہ کیا پتھر پڑے
ہوگیا آنکھوں کے آگے اُن کے دن تاریک و تار

۱۳ ہائے! وہ تقویٰ جو کہتے تھے کہاں مخفی ہوئی
ساربانِ نفسِ دُوں نے کس طرف پھیری مہار

۱۴ ہے عجب اِک خاصیت تیرے جمال وحسن میں
جس نے اِک چمکار سے مجھ کو کیا دیوانہ وار

۱۵ ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے
کوئی دِیں؛ دینِ محمدؐ سا نہ پایا ہم نے

۱۶ ہم نے اسلام کو خود تجربہ کر کے دیکھا
نور ہے نور؛ اُٹھو! دیکھو سنایا ہم نے

۱۷ ہم ہوئے خیرِ اُمم تجھ سے ہی اے خیرِ رُسلؐ!
تیرے بڑھنے سے؛ قدم آگے بڑھایا ہم نے

۱۸ ہوا پھر تو یہ دیکھ کر سخت غم
مگر دل میں رکھتا وہ رَنج و اَلَم

۱۹ ہوا پھر تو حق کے چھپانے سے تنگ
محبت نے بڑھ بڑھ کے دکھلائے رنگ

۲۰ ہوا غیب سے ایک چولہ عیاں
خدا کا کلام اُس پہ تھا بے گُماں

۲۱ ہوا حکم؛ پہن اس کو اے نیک مرد!
اُتر جائے گی اس سے وہ ساری گَرد

۲۲ ہر اِک کہتا تھا دیکھ کر اِک نظر
کہ ہے اُس کی آنکھوں میں کچھ جلوہ گَر

۲۳ ہے پاک پاک قدرت؛ عظمت ہے اس کی عظمت
لرزاں ہیں اہلِ قُربت؛ کرّوبیوں پہ ہیبت

۲۴ ہے عام اس کی رحمت؛ کیونکر ہو شُکرِ نعمت
ہم سب ہیں اُس کی صنعت؛ اس سے کرو محبت

۲۵ ہو شکر تیرا کیونکر؛ اے میرے بندہ پَروَر!
تو نے مجھے دیئے ہیں یہ تین تیرے چاکر

۲۶ ہے آج ختمِ قرآں؛ نکلے ہیں دل کے اَرماں
تُو نے دکھایا یہ دن؛ مَیں تیرے منہ کے قرباں

۲۷ ہم تیرے دَر پہ آئے؛ لے کر اُمیّد بھاری
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۲۸ ہر غم سے دور رکھنا؛ تُو رَبِّ عالمیں ہے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۲۹ ہے چشمۂ ہدایت؛ جس کو ہو یہ عنایت
یہ ہیں خدا کی باتیں؛ ان سے ملے ولایت

۳۰ ہے عجب میرے خدا! میرے پہ احساں تیرا
کس طرح شکر کروں؛ اے میرے سُلطاں تیرا

۳۱ ہر مصیبت سے بچا؛ اے میرے آقا ہردَم
حکم تیرا ہے؛ زمیں تیری ہے، دوراں تیرا

۳۲ ہوا اِک خواب میں یہ مجھ پہ اظہر
کہ اس کو بھی ملے گا بختِ بَرتَر

۳۳ ہدایت کر انھیں میرے خداوند
کہ بے توفیق؛ کام آوے نہ کچھ پند

۳۴ ہمیں اُس یار سے تقویٰ عطا ہے — نہ یہ ہم سے؛ کہ احسانِ خدا ہے
۳۵ ہر اِک نیکی کی جڑ؛ یہ اِتّقا ہے — اگر یہ جڑ رہی؛ سب کچھ رہا ہے
۳۶ ہر اِک نعمت سے تُو نے بھر دیا جام — ہر اِک دشمن کیا مَردُود و ناکام
۳۷ ہوا مجھ پر وہ ظاہر؛ میرا ہادی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۳۸ ہوا آخر وہی؛ جو تیری تقدیر — بھلا چلتی ہے تیرے آگے تدبیر!
۳۹ ہر اِک آزار سے مجھ کو شِفا دی — مرض گھٹتا گیا؛ جُوں جُوں دَوا دی
۴۰ ہوئے ہم تیرے؛ اے قادر توانا — تیرے دَر کے ہوئے؛ اور تجھ کو جانا
۴۱ ہمیں بَس ہے تیری دَرگہ پہ آنا — مصیبت سے ہمیں ہر دَم بچانا
۴۲ ہوا میں تیرے فضلوں کا منادی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۴۳ ہوا انجام سب کا نامُرادی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۴۴ ہر اِک میداں میں دِیں تُو نے فتوحات — بَداَندیشوں کو تُو نے کر دیا مَات
۴۵ ہر اِک بگڑی ہوئی تُو نے بنا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۴۶ ہر اِک بَدخواہ اب کیوں رُوسیہ ہے — کہ وہ مثلِ خسوفِ مہرومَہ ہے
۴۷ ہے دِیں وہی؛ کہ جس کا خدا آپ ہو عیاں — خود اپنی قدرتوں سے دکھاوے؛ کہ ہے کہاں
۴۸ ہردَم نشانِ تازہ کا محتاج ہے بشر — قِصّوں کے معجزات کا ہوتا ہے کب اثر
۴۹ ہردَم کے خبث وفِسق سے دل پر پڑے حجاب — آنکھوں سے ان کی چھپ گیا ایماں کا آفتاب
۵۰ ہر چیز میں خدا کی ضیاء کا ظہور ہے — پر پھر بھی غافلوں سے وہ دِلدار دُور ہے
۵۱ ہر روز اپنے دل سے بناتا ہے ایک بات — کہتا ہے یہ خدا نے کہا مجھ کو آج رات
۵۲ ہوگا تمہیں کلارکؔ کا بھی وقت خوب یاد — جب مجھ پہ کی تھی تُہمتِ خوں اَزرَہِ فساد
۵۳ ہُشیاری مُستغیث بھی اپنی دکھاتا تھا — سوسو خلافِ واقعہ باتیں بناتا تھا
۵۴ ہم مُفتری بھی بن گئے؛ ان کی نگاہ میں — بے دِیں ہوئے؛ فساد کیا حق کی راہ میں
۵۵ ہوتا ہے کردگار اِسی رَہ سے دستگیر — کیا جانے قدر اس کا جو قِصّوں میں ہے اَسیر

۵۶ ہوگئے بے کار سب حیلے؛ جب آئی وہ بلا — ساری تدبیروں کا خاکہ اُڑ گیا؛ مِثلِ غُبار
۵۷ ہاتھ میں تیرے ہے ہر خسران و نفع، عُسر و یُسر — تو ہی کرتا ہے کسی کو بے نوا یا بختیار
۵۸ ہائے! میری قوم نے تکذیب کر کے کیا لیا — زلزلوں سے ہوگئے صدہا مساکن مِثلِ غار
۵۹ ہے سرِرَہ پر مِرے وہ خود کھڑا مولیٰ کریم — پس نہ بیٹھو میری رَہ میں؛ اے شریرانِ دیار
۶۰ ہم تو ہر دَم چڑھ رہے ہیں اِک بُلندی کی طرف — وہ بُلاتے ہیں؛ کہ ہو جائیں نہاں ہم زیرِ غار
۶۱ ہائے! مارِآستیں وہ بن گئے دِیں کیلئے — وہ تو فربہ ہوگئے؛ پر دِیں ہوا زَار و نزار
۶۲ ہم نِگہ میں ان کی دجّال اور بے ایماں ہوئے — آتشِ تکفیر کے اُڑتے رہے پیہم شرار
۶۳ ہے کوئی کاذب جہاں میں؛ لاؤ لوگو کچھ نظیر — میرے جیسی جس کی تائیدیں ہوئی ہوں باربار
۶۴ ہر قدم میں میرے مولیٰ نے دئے مجھ کو نشاں — ہر عدُو پر حجّتِ حق کی پڑی ہے ذوالفقار
۶۵ ہے یہ گھر گِرنے پہ؛ اے مغرور! لے جلدی خبر — تا نہ دَب جائیں ترے اہل و عیال و رشتہ دار
۶۶ ہوش میں آتے نہیں؛ سو سو طرح کوشش ہوئی — ایسے کچھ سوئے؛ کہ پھر ہوتے نہیں ہیں ہوشیار
۶۷ ہے غضب؛ کہتے ہیں اب وحیِ خدا مفقود ہے — اب قیامت تک ہے اس اُمّت کا قِصّوں پر مَدار
۶۸ ہے خدادانی کا آلہ بھی یہی اسلام میں — محض قِصّوں سے نہ ہو کوئی بشر طوفاں سے پار
۶۹ ہے یہی وحیِ خدا عرفانِ مولیٰ کا نشاں — جس کو یہ کامل ملے؛ اُس کو ملے وہ دوستدار
۷۰ ہر طرف آواز دینا؛ ہے ہمارا کام آج — جس کی فطرت نیک ہے؛ وہ آئے گا انجام کار
۷۱ ہے یقیں یہ آگ کچھ مدت تلک جاتی نہیں — ہاں مگر توبہ کریں باصدنیاز و انکسار
۷۲ ہر زماں شکوہ زباں پر ہے اگر ناکام ہیں — دِیں کی کچھ پروا نہیں؛ دنیا کے غم میں سوگوار
۷۳ ہم تو بستے ہیں فلک پر؛ اس زمیں کو کیا کریں — آسماں کے رہنے والوں کو زمیں سے کیا نِقار
۷۴ ہم اسی کے ہوگئے ہیں؛ جو ہمارا ہوگیا — چھوڑ کر دنیائے دُوں کو؛ ہم نے پایا وہ نِگار
۷۵ ہر اِک عاشق نے ہے اِک بُت بنایا — ہمارے دِل میں یہ دِلبر سمایا
۷۶ ہوا ظاہر وہ مجھ پر بِالاَیَادِی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۷۷ ہمیں یہ رَہ خدا نے خود دِکھا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۷۸ ہر وقت جھوٹ سچ کی تو عادت نہیں رہی
نورِخدا کی کچھ بھی علامت نہیں رہی

۷۹ ہاں آپ تم نے چھوڑ دیا دِیں کی راہ کو
عادت میں اپنی کر لیا فِسق و گناہ کو

۸۰ ہم اپنا فرض دوستو! اب کر چکے ادا
اب بھی اگر نہ سمجھو؛ تو سمجھائے گا خدا

۸۱ ہوگئے ہم درد سے زیروزَبَر
مَرگئے ہم؛ پر نہیں تم کو خبر

۸۲ ہوگیا دِیں کفر کے حملوں سے چُور
چُپ رہے کب تک خداوندِغیور

۸۳ ہوتا ہے وہ اُسی کا؛ جو اُس کا ہی ہوگیا
ہے اس کی گود میں جو ِگرا اس جناب میں

۸۴ ہر چشمِ مست دیکھو اسی کو دکھاتی ہے
ہر دل اسی کے عشق سے ہے التہاب میں

۸۵ ہم کو تو اے عزیز دکھا اپنا وہ جمال
کب تک وہ منہ رہے گا حجاب و نقاب میں

۸۶ ہے سرِرَہ پر کھڑا نیکوں کی وہ مولےٰ کریم
نیک کو کچھ غم نہیں ہے؛ گو بڑا گرداب ہے

۸۷ ہاتھ سے جاتا ہے دل؛ دِیں کی مصیبت دیکھ کر
پر خدا کا ہاتھ اب اس دل کوٹھہرانے کو ہے

۸۸ ہوگئے حق کے سخت نافرماں
کر دیا دِیں کو قوم پر قرباں

۸۹ ہندوکچھ ایسے بگڑے؛ دل پُر ہیں بُغض وکیں سے
ہر بات میں ہے توہیں؛ طرزِاَدا یہی ہے

۹۰ ہم بَد نہیں ہیں کہتے؛ ان کے مقدّسوں کو
تعلیم میں ہماری حکمِ خدا یہی ہے

۹۱ ہم کو نہیں سکھاتا وہ پاک؛ بدزبانی
تقویٰ کی جڑھ یہی ہے؛ صِدق و صفا یہی ہے

۹۲ ہم نے نہیں بنائیں یہ اپنے دل سے باتیں
ویدوں سے اے عزیزو! ہم کو مِلا یہی ہے

۹۳ ہم نے ہے جس کو مانا؛ قادر ہے وہ توانا
اس نے ہے کچھ دکھانا؛ اس سے رجا یہی ہے

۹۴ ہم مر چکے ہیں غم سے؛ کیا پوچھتے ہو ہم سے
اس یار کی نظر میں؛ شرطِ وفا یہی ہے

۹۵ ہرجاز میں کے کیڑے؛ دِیں کے ہوئے ہیں دشمن
اسلام پر خدا سے آج اِبتلا یہی ہے

۹۶ ہم تھےدلوں کےاندھےسوسودلوں میں پھندے
پھر کھولے جس نے جندے؛ وہ مجتبیٰ یہی ہے

۹۷ ہم خاک میں ملے ہیں؛ شاید ملے وہ دِلبر
جیتا ہوں اِس ہَوَس سے؛ میری غذا یہی ہے

۹۸ ہم نے نہ عہد پالا؛ یاری میں رخنہ ڈالا
پر تُو ہے فضل والا؛ ہم پر کھُلا یہی ہے

۹۹ ہمیں کچھ کِیں نہیں تم سے پیارو!
نہ کِیں کی بات ہے؛ تم خود بچارو

۱۰۰ ہمارا کام تھا وعظ و منادی سو ہم سب کر چکے واللہ ہادی

## ﴿دُرِّعدن﴾

۱۰۱ ہو نذرِجاں قبول؛ تو مشہد قریب ہے بڑھتے چلو! کہ منزلِ مقصد قریب ہے

۱۰۲ ہاں ہاں! یہ کیا کہ بیٹھ رہا جی کو چھوڑ کر بھائی! خدا کے واسطے ایسا غضب نہ کر

۱۰۳ ہاں کچھ بھی شک نہیں ہے؛ کہ ہمارے قصور ہیں مانگو دعائیں گِر کے خدا کے حضور میں

۱۰۴ ہم مرچکیں گے جب ہمیں صورت دکھاؤ گے؟ کس کام آؤ گے؟ جو نہ اس وقت آؤ گے

۱۰۵ ہاتھ مَلتے تھے ادھر تیماردار سر پٹکتی تھی ادھر وہ خوش سرشت

۱۰۶ ہم نے خدا کے دِین کو بالکل بھُلا دیا جو جو تھے حکم؛ سب کو نظر سے گِرا دیا

۱۰۷ ہرگز کرے نہ کام کوئی نام کیلئے ہو مال خرچ؛ دِین کے اکرام کیلئے

۱۰۸ ہم مر رہے ہیں؛ بھیج مسیحا کو اے خدا! آنکھوں میں دَم ہے تَن سے نکل کر اٹک رہا

۱۰۹ ہو وفا کو ناز جس پر جب ملے ایسا مطاع کیوں نہ ہو مشہورِعالَم؛ پھر وفائے قادیاں

۱۱۰ ہیں مال مست امیر؛ تو ہم کھال مست ہیں اس رنگ میں غریب کو غربت پہ ناز ہے

۱۱۱ ہم نے ہر فضل کے پردے میں؛ اُسی کو پایا وہی جلوہ؛ ہمیں مستور نظر آتا ہے

۱۱۲ هر طرف کفر است جوشاں دین حق بیمار و بے کس
همچو افواج یزید همچو ذین العابدین

۱۱۳ ہمیں داغِ جدائی آج دے کر ہوا حاضر حضورِیارِجانی

۱۱۴ ہردَم دلِ بیمار کو؛ رہتی ہے تمنا کچھ اور بڑھے؛ شدتِ آزارِمحبت

۱۱۵ ہو کے اندھے پڑے بھٹکتے تھے ہم کو بینا بنا دیا تُو نے

۱۱۶ ہرگام پہ پاؤں پھسلتے ہیں آفات کے جھکّڑ چلتے ہیں جب صبر کا دامن ہاتھوں سے رِہ رِہ کر چھوُٹا جاتا ہے

۱۱۷ ہے کشادہ آپ کا بابِ سخا سب کیلئے زیرِاحساں کیوں نہ ہوں پھر مَردوزَن، پیر وجواں

۱۱۸ ہے یہی ماہِ مبیں؛ جس پر زوال آتا نہیں ہے یہی گلشن؛ جسے چھوتی نہیں بادِخزاں

۱۱۹ همیں مراد مرا بود "کل جهاں گوید" چه تاب است زباں راکه مدح آں گوید

۱۲۰ ہر گام پہ ہمراہ رہے نصرتِ باری — ہر لحظہ و ہر آن؛ خدا حافظ و ناصر

۱۲۱ ہر علم سے حاصل کرو عرفانِ الٰہی — بڑھتا رہے ایمان؛ خدا حافظ و ناصر

۱۲۲ ہر بحر کے غواص بنو؛ لیک بایں شرط — بھیگے نہیں دامان؛ خدا حافظ و ناصر

۱۲۳ ہم تو دل دے کے جان سے اپنی — کوئے جاناں میں ہاتھ دھو آئے

۱۲۴ ہر بندِغلامی سے وہ ہو جاتا ہے آزاد — کہتے ہیں جسے بندۂ سرکارِ محبت

۱۲۵ ہم کو بھی عطا ہو؛ کہ تیری عام ہے رحمت — اِک سوزِدروں خلعتِ دربارِ محبت

۱۲۶ ہاتھوں میں لئے کاسۂ دل؛ آئے ہیں مولا — خالی نہ پھریں تیرے طلبگارِ محبت

۱۲۷ ہوش مندانِ جہاں کو تُو نے دیوانہ کیا — خانۂ فطنت بسا اوقات ویراں کر دیا

۱۲۸ ہر جگہ ہے شور تِرا؛ کیا حقیقت، کیا مجاز — مشرک و مسلم سبھی کو سینہ بریاں کر دیا

۱۲۹ ہے قابل طلب کوئی دنیا میں اور چیز؟ — تم جانتے تم سے سوا کون ہے عزیز

۱۳۰ ہزاروں رحمتوں کے زیرِسایہ — دعاؤں کے لئے بھاری خزانے

۱۳۱ ہمارے گھر کی زینت جارہی ہے — بساطِ گلشنِ جنت سجانے

۱۳۲ ہر ایک دکھ سے تم کو بچائے مِرا خدا — ہرہر قدم پہ؛ اس کی اعانت نصیب ہو

۱۳۳ ہر آن تِرا حکم تو چل سکتا ہے مولیٰ — وقت آ بھی گیا ہو؛ تو وہ ٹل سکتا ہے مولیٰ

۱۳۴ ہردَم لگی ہوئی ہے سرِراہ پر نظر — آخر ہماری آنکھوں کے تارے کب آئیں گے

۱۳۵ ہر ایک زندگی کی حلاوت نصیب ہو — ہر ایک دوجہاں کی نعمت نصیب ہو

۱۳۶ ہو رشکِ آفتاب، ستارہ نصیب ہو — آپ اپنی ہو مثال؛ وہ قسمت نصیب ہو

۱۳۷ ہر وقت دل میں پیار سے یادِخدا رہے — یہ لذّت و سرور؛ یہ جنت نصیب ہو

۱۳۸ ہر وقت عافیت رہے؛ ہر کام ہو بخیر — آغاز بھی بخیر ہو؛ انجام بھی بخیر

۱۳۹ ہماری جان فدا؛ سیّدُالوراء کیلئے — سبھی نثار ہیں؛ اس شاہِ دوسرا کیلئے

۱۴۰ ہاتھ مَلتے رِہ گئے؛ سب عاشقانِ جاں نثار — لے گیا جانِ جہاں کو گود میں جاں آفریں

۱۴۱ ہو دعائے دردِدِل؛ سالم رہے، قائم رہے — یہ دعائے احمدِ ثانی نویدِ اَوّلیں

۱۴۲ ہاں یاد رہے خالد! یہ شان ہے مومن کی — مایوس نہیں ہوتا؛ اللہ کی رحمت سے
۱۴۳ ہمت نہ کبھی ہارو؛ مایوس نہ ہو ہرگز — بڑھ کر نہ ہٹو پیچھے؛ اُکتاؤ نہ محنت سے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۴۴ ہارٹلے پول میں کل ایک کنول ڈوب گیا — ہارٹلے پول کا وہ پھول؛ وہ محبوب گیا
۱۴۵ ہمیں بٹھلا کے؛ بڑی تیزی سے پھر جاتا تھا — اپنے بچوں کو لئے ساتھ؛ وہ سوئے بازار
۱۴۶ ہے ایم ٹی اے بڑا مقبول؛ اس کو پنجابی — لگا کے اپنے گھروں پر "دَبَل" کے دیکھتے ہیں
۱۴۷ ہیں لوگ وہ بھی چاہتے ہیں دولتِ جہاں ملے — زمیں ملے، مکاں ملے؛ سکونِ قلب و جاں ملے
۱۴۸ ہادئ کامل رہبرِ اعظم — صَلّی اللّٰہ عَلَیہِ وَسَلَّم
۱۴۹ ہیں جان و جسم؛ سو تیری گلیوں پہ ہیں نثار — اولاد ہے؛ سو وہ تیرے قدموں پہ ہے فدا
۱۵۰ ہے زندہ قوم وہ؛ نہ جس میں ضُعف کا نشاں ملے — کہ پیر پیر، طِفل طِفل؛ جس کا نوجواں ملے
۱۵۱ ہمارے حال کے جب آئینے میں جھانکتے ہیں — تو اس میں اپنے زبوں حال؛ کل کے دیکھتے ہیں
۱۵۲ ہوشیار بننے والوں کو بُدھو بناؤں میں — جب مجھ کو کھانے دوڑیں؛ کہیں بھاگ جاؤں میں
۱۵۳ ہے مجھے تلاش اس کی؛ جو کبھی کا کھو چکا ہے — مجھے جستجو کا کر کے؛ کہیں دُور کا اِشارا
۱۵۴ ہو کسی کے تم سراپا؛ مگر آہ! کیا کروں میں — میری روح بھی تمہاری؛ میرا جسم بھی تمہارا
۱۵۵ ہمت کس کو تھی کہ اُٹھتا؛ کس کا دل گردہ تھا نکلتا — کس کا پِتّا تھا کہ اُٹھ کر؛ مردِ حق کے مُقابل آئے
۱۵۶ ہر تصور سے تصویر اُبھرنے لگی؛ — ذِکر اتنا حسیں تھا؛
نام بَن کر زباں پر اُترنے لگی — کہ ہر لفظ نے فرطِ اُلفت سے بوسے زباں کے لئے
۱۵۷ ہر لحظہ میرے دَرپئے آزار ہیں وہ لوگ — جو تجھ سے میرے قرب کی رکھتے نہیں خبر
۱۵۸ ہر لحظہ بڑھ رہا ہے؛ مِرا تجھ سے پیار دیکھ! — سانسوں میں بَس رہا ہے؛ تِرا عشق دَم بَدَم
۱۵۹ ہیں بادہ مست بادہ؛ آشامِ احمدیت — چلتا ہے دورِ مینہ و جامِ احمدیت
۱۶۰ ہے تِرے پاس کیا گالیوں کے سِوا؛ — کل چلی تھی جو لیکھو پہ تیغِ دعا؛
ساتھ میرے ہے تائیدِ ربّ الوریٰ — آج بھی اِذن ہوگا، تو چل جائے گی

۱۶۱ ہر موج خونِ گل کا گریباں ہے چاک چاک — پر گُل بَدن کا پیَرہنِ تَن اُداس ہے

۱۶۲ ہو اجازت؛ تو ترِے پاؤں پہ سر رکھ کے کہوں — کیا ہوئے دِن تیری غیرت کے دکھانے والے

۱۶۳ ہم نہ ہوں گے تو ہمیں کیا؟ کوئی کل کیا دیکھے — آج دِکھلا، جو دِکھانا ہے؛ دکھانے والے!

۱۶۴ ہم نے تو صبر و توکّل سے گزاری باری — ہاں مگر تم پہ بہت ہوگی یہ بھاری باری

۱۶۵ ہیں کتنے ہی پابندِ سَلاسِل وہ گنہگار — نکلے تھے جو سینوں پہ ترِا نام سَجا کے

۱۶۶ ہمارے شام وسحر کا کیا حال پوچھتے ہو؛ کہ لحہ لحہ — نصیب ان کا بنا رہے ہیں؛ تمہارے ہی صبح وشام کہنا

۱۶۷ ہر مکر اُنہی پر اُلٹے گا؛ ہر بات مُخالف جائے گی — بالآخر میرے مَولا کی تقدیر ہی غالب آئے گی

۱۶۸ ہوئی میزانِ ہفتہ کب آغاز؟ — کیسے دِن رات؛ سات سات بنے؟

۱۶۹ ہم آن ملیں گے متوالو! بس دیر ہے کل یا پرسوں کی — تم دیکھو گے تو آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی دِید کے ترسوں کی

۱۷۰ ہم آمنے سامنے بیٹھیں گے؛ — آنکھیں ساوَن برسائیں گی؛
تو فرطِ طَرَب سے دونوں کی — اور پیاس بُجھے گی برسوں کی

۱۷۱ ہر لمحۂ فراق ہے عمر درازِ غم — گُزرا نہ چین سے کوئی پَل؛ آپ کیلئے

۱۷۲ ہم جیسوں کے بھی دِید کے سامان ہوگئے — ظاہر ہوا تھا حُسنِ اَزَل؛ آپ کیلئے

۱۷۳ ہماری خاکِ پا کو بھی؛ عدُو کیا خاک پائے گا — ہمیں رُکنا نہیں آتا؛ اُسے چلنا نہ آتا ہے

۱۷۴ ہم نے تو آپ کو اپنا اپنا کہہ کر لاکھ بُلا بھیجا — اِس پر بھی آپ نہیں آئے آپ اپنے ہیں کہ پرائے ہیں

۱۷۵ ہم جن راہوں پر مارے گئے؛ — ظالم نے اپنے ظلم سے خود؛
وہ سچ کی روشن راہیں تھیں — اپنے ہی اُفق دھُندلائے ہیں

۱۷۶ ہم آ بھی بَسے ہیں اپنے خوابوں کی سَر مَد تعبیروں میں — آپ اب تک فانی دنیا میں سَپنوں سے دل بہلائے ہیں

۱۷۷ ہر خوشبو اور ہر رنگ کے؛ — پھر چند گُلوں کی یادیں؛
لاکھوں پھول کھِلے ہیں آنگن میں — کیوں کانٹوں کی طرح تڑپائے ہیں

۱۷۸ ہم سَر اَفراز ہوئے رخصت؛ — یہ یاد رہے، کس باپ کے بیٹے ہیں؛
ہے آپ سے بھی اُمید بہت — کس ماں کے جائے ہیں

۱۷۹ ہو تمھی کل کے قافلہ سالار
آج بھی ہو تمھی اِمام؛ چلو

۱۸۰ ہر روز نئے فکر ہیں؛ ہر شب ہیں نئے غم
یارب! یہ میرا دل ہے؛ کہ مہمان سَرا ہے

۱۸۱ ہیں کس کے بدن؛ دیس میں پابندِ سَلاسِل
پَردیس میں اِک رُوح؛ گرفتارِ بَلا ہے

۱۸۲ ہزار خاک سے آدم اُٹھے؛ مگر بخدا
شبیہہ وہ! جو تِری خاکِ پا سے اُٹھی ہے

۱۸۳ ہیں سب نام خدا کے سُندر؛ واہے گُرو، اللہ اکبر
سب فانی اِک وہی ہے باقی؛ آج بھی ہے جو کل ایشر تھا

۱۸۴ ہے عوام کے گناہوں کا بھی بوجھ اس پہ بھاری
یہ خبر کسی طریقے سے؛ حِمار تک تو پہنچے

۱۸۵ ہو موت اُس کی رضا پر؛ یہی کرامت ہے
خوشی سے اُس کے کہے میں جو کھائیں سَم اعجاز

۱۸۶ ہے حُسن کے ضَوغم کے شراروں کے سہارے
اِک چاند مُعلّق ہے؛ ستاروں کے سہارے

۱۸۷ ہے یہ سینہ؛ کہ جواں مرگ اُمنگوں کا فرار
اِک زیارت گہِ صَدقافلہ ہائے غم و حُزن

۱۸۸ ہر ستم گر کو ہو اے کاش! یہ عرفان نصیب
ظلم جس پر بھی ہو؛ ہر دِین کی رُسوائی ہے

۱۸۹ ہم نہ ہوں گے؛ تو اُجڑ جائے گا مَے خانۂ غم
درد کے جام لُنڈھا ساقی! کہ ہم باقی ہیں

۱۹۰ ہمیں کبھی تو تم اپنی نگاہ سے دیکھو
تَعَصُّبات کی عینک اُتار کر دیکھو

۱۹۱ ہیں آسمان کے تارے گواہ؛ سورج چاند
پڑے ہیں ماند؛ ذرا کُچھ بچار کر دیکھو

۱۹۲ ہوتی رہی رُسوا؛ کہیں دُختر، کہیں مادَر
دیکھے ہیں تِری آنکھ نے وہ ظلم؛ کہ جن پر

۱۹۳ ہو جائیں گے آنگن تِرے اُجڑے ہوئے؛ آباد
اے بوسنیا، بوسنیا؛ بوسنیا زندہ باد

۱۹۴ ہر ایک شہری ہو آسودہ؛ ہر کوئی ہو نہال
کوئی ملول نہ ہو؛ کوئی خستہ حال نہ ہو

۱۹۵ ہم تو رضائے باری پر ہی جیتے ہیں
اس کی رضا پر ہی اِک دن مرنا ہوگا

۱۹۶ ہوش و حواس گُم تھے؛ کسے تابِ دید تھی
جب جگمگا رہا تھا برقِ تجلّی سے طورِشب

## کلامِ محمود

۱۹۷ ہمّت نہ ہار؛ اس کے کرم پر نگاہ رکھ
مایوسیوں کو چھوڑ؛ وہ رَبِّ غفور ہے

۱۹۸ ہیں اسی بحر کے گُہر؛ ہے اُسی حبیب کا یہ نُور
ظالمو! بات ہے وہی؛ لیک زُباں اور ہے

۱۹۹ ہائے! اس غفلت میں ہم یاروں سے پیچھے رِہ گئے
یہ بھی کیسا پیار ہے؛ پیاروں سے پیچھے رِہ گئے

۲۰۰ ہند کی ڈوبی ہوئی کشتی؛ ترائی اس نے    ملک کی بگڑی ہوئی بات؛ بنائی اس نے

۲۰۱ ہے چاند سورج نے دی گواہی؛    بچائے ایسے سے پھر خدا ہی؛

پڑی ہے طاعون کی تباہی    جو اَب بھی انکار کر رہا ہے

۲۰۲ ہاں ہاں! نگاہِ رحم ذرا اِس طرف بھی ہو    بحرِ گُنہ میں ڈوب رہا ہوں؛ بچا مجھے

۲۰۳ ہو یہ سرشار اُلفتِ دِیں میں مُدام    رکھ اسے کونین میں تُو شادکام

۲۰۴ ہے مِری آخر میں یہ یارب دعا    سایہ رکھ اِس پر تُو اپنے فضل کا

۲۰۵ ہر اِک دشمن کے شَر سے تُو بچانا اے خدا! ان کو    ہمیشہ کیلئے رحمت کا تیری ان پہ سایہ ہو

۲۰۶ ہر طرف شور و فغاں کی ہی صَدا آتی تھی    سخت سے سخت دِلوں کو بھی جو تڑپاتی تھی

۲۰۷ ہائے! کثرت مِرے گناہوں کی    وائے! کوتاہی میری آہوں کی

۲۰۸ ہند میں ریل اُنھوں نے ہی تو جاری کی ہے    آمد و رَفت میں جس سے بہت آسانی ہے

۲۰۹ ہمیشہ کیلئے ان پر ہوں یارب! بَرکتیں تیری    دُعا کرتا ہوں یہ تُجھ سے خدایا! سُن دُعا میری

۲۱۰ ہائے! اُس شخص سے تُو بُغض و عداوَت رکھے    رات دِن جس کو لگا رہتا ہے تیرا ہی غم

۲۱۱ ہمیں ہے اسی وَقت ہادی کی حاجت    یہی وَقت اِک رہنما چاہتا ہے

۲۱۲ ہراِک دُشمنِ دِیں کو ہے وہ بُلاتا    کہ آؤ! اگر تم میں کچھ بھی حیا ہے

۲۱۳ ہراِک مخالف کے زور طاقت کو توڑنے کا یہی ہے حربہ    یہی ہے تلوار؛ جس سے ہر ایک دِیں کا بدخواہ کانپتا ہے

۲۱۴ ہے بھاگتی دنیا؛ مجھے دیوانہ سمجھ کر    ہے شمع قریب آرہی؛ پروانہ سمجھ کر

۲۱۵ ہے بہت افسوس! اب بھی گر نہ ایماں لائیں لوگ    جبکہ ہر مُلک و وَطن پر ہیں عذاب آنے کے دِن

۲۱۶ ہرچارسُو ہے شُہرہ ہُوا قادیان کا    مسکن ہے جو کہ مہدیٔ آخرزَمان کا

۲۱۷ ہاں! جو نہ مانے احمدِ مُرسل کی بات بھی    کیا اعتبار ایسے شقی کی زُبان کا

۲۱۸ ہر جنگ میں کفّار کو ہے پیٹھ دِکھائی    تم لوگوں نے ہی نام ڈبویا ہے وَفا کا

۲۱۹ ہے خُدا کی ہی عنایت پہ بھروسہ ہم کو    نہ عبادت کا؛ نہ ہے زُھد کا دعویٰ ہم کو

۲۲۰ ہو کر غُلام احمدِ مُرسل کے؛ آئے ہیں    قُربان جِن کے نام پہ ہوتے ہیں اِنس و جاں

۲۲۱ ہم بھولے پھر رہے تھے کہیں کے کہیں مگر — جو راہِ راست تھا؛ ہمیں اس نے بتا دیا
۲۲۲ ہم کیوں کریں نہ اس پہ فِدا جان و آبرُو — روشن کیا ہے دِین کا جس نے بُجھا دِیا
۲۲۳ ہے ایسی شان قیصرِ ہندوستان کی — ہے دُشمن اُس کی خنجرِ بُرّاں سے کانپتا
۲۲۴ ہِندوستاں میں ایسا کیا ہے اُنھوں نے عَدل — ہر شورہ پُشت جس سے ہُوا نیم جان ہے
۲۲۵ ہِندوستاں میں چاروں طرف ریل جاری کی — ان کا ہی کام ہے یہ؛ یہ اُن کی ہی شان ہے
۲۲۶ ہِندوستاں سے اُٹھ گیا تھا عِلم اور ہُنر — یاں آتا تھا نہ عالِم و فاضل کوئی نظر
۲۲۷ ہے تیّاری سفر کی کارواں میں — مِرا دِل ہے ابھی خوابِ گراں میں
۲۲۸ ہراِک عارف کے دِل پہ ہے وہ ظاہر — خُدا مخفی نہیں ہے آسماں میں
۲۲۹ ہراِک رَنج و بَلا سے ہم ہیں محفوظ — مُصیبت پڑ رہی ہے گو جہاں میں
۲۳۰ ہراِک جا؛ نُور سے تیرے منوّر — تِرا ہی جلوہ ہے کون و مکاں میں
۲۳۱ ہے اِک مخلوق رَبِّ ذُوالمِنَن کی — بھلا طاقت ہی کیا ہے آسماں میں
۲۳۲ ہے خوف مجھ کو بہت اس کی طبعِ نازک سے — نہیں ہے یہ کہ مجھے آرزوئے یار نہیں
۲۳۳ ہوا وہ پاک؛ جو قدّوس کا ہوا شیدا — پلید ہے؛ جسے حاصل یہ افتخار نہیں
۲۳۴ ہراِک دُشمن بھی اب رطب اللّساں ہے — مِرے احمد کی وہ شیریں زباں ہے
۲۳۵ ہمارے حال پر ہنستی ہے گو قوم — ہمیں پَر اُس پہ رونا آرہا ہے
۲۳۶ ہوئے ہیں لوگ دُشمن اَمرِ حق کے — اسی کا نام کیا صِدق و صفا ہے
۲۳۷ ہمارے انبیاء کو گالیاں دو — پھر اس کے ساتھ دعویٰ صلح کا ہے
۲۳۸ ہماری صلح تم سے ہوگی کیونکر — تمھارے دِل میں جب یہ کچھ بھرا ہے
۲۳۹ ہوا اُس کے نام پر قُربان سب کچھ — کہ وہ شاہنشہِ ہردوسرا ہے
۲۴۰ ہیں دَرِمالک پہ بیٹھے ہم لگائے ٹکٹکی — ہاں کبھی تو اپنا نالہ بھی رسا ہو جائے گا
۲۴۱ ہوگئی ہیں انتظارِیار میں آنکھیں سپید — اِک بُتِ سیمیں بدن کا طالبِ دِیدار ہوں
۲۴۲ ہاتھ جوڑوں، یا پڑوں پاؤں؛ بتاؤ کیا کروں — دِل میں بیٹھا ہے؛ مگر آتا نہیں مجھ کو نظر

۲۴۳ ہوا آخر نکل جاتی ہے آزارِ محبت کی — چھپاؤ لاکھ تم اس کو؛ وہ پنہاں ہو نہیں سکتا

۲۴۴ ہر اِک دَم اپنی قُدرت کے انہیں جلوے دِکھاتا ہے — جو اس کے ہو رہیں؛ پھر ان سے پنہاں ہو نہیں سکتا

۲۴۵ ہزاروں حسرتوں کا روز دِل میں خُون ہوتا ہے — کبھی ویران یہ گنجِ شہیداں ہو نہیں سکتا

۲۴۶ ہوں اتنا منفعل اس سے؛ کہ بولا تک نہیں جاتا — مَیں اس سے مَغفرت کا بھی تو خواہاں ہو نہیں سکتا

۲۴۷ ہِلتے دیکھا جو کبھی تیرا ہلالِ اَبرُو — پارہ ہائے جگرِ شَمس کو اُڑتا دیکھا

۲۴۸ ہر اِک نے ساتھ چھوڑ دیا ایسے حال میں — سمجھے تھے باوَفا جِسے؛ وہ بے وَفا ہوا

۲۴۹ ہاں! پھر یَلانِ فوجِ لَعیں کو پچھاڑ دو — میدانِ کارزار میں پھر گرمیاں کرو

۲۵۰ ہاں! پھر اُسی صَنَم سے تعلق بڑھاؤ تم — پھر کاروانِ دِل کو اُدھر ہی رَواں کرو

۲۵۱ ہاں ہاں! اُسی حبیب سے پھر دِل لگاؤ تم — پھر مُنعمین لوگوں کے اِنعام پاؤ تم

۲۵۲ ہے مارا اِک کو رُلا رُلا کر؛ — جگر کے ٹکڑے کئے ہیں کس نے؛
تو دُوسرے کو ہنسا ہنسا کر — یہ دِل کی حالت دُکھا دُکھا کر

۲۵۳ ہیں چاندنی راتیں لاکھوں گذریں؛ — وہ عہد جو مجھ سے کر چکا ہے؛
کھِلی نہ دِل کی کلی کبھی بھی — کبھی تو اے بے وَفا! وَفا کر

۲۵۴ ہزار کوشش کرے کوئی پر؛ وہ مجھ سے عہدہ برآ نہ ہوگا — جسے ہو کچھ زُعم آزمالے؛ ہوں کہتا ڈَنکا بجا بجا کر

۲۵۵ ہائے! وہ دِل؛ کہ جِسے طَرزِ وَفا یاد نہیں — وائے! وہ رُوح؛ جِسے قَولِ بلیٰ یاد نہیں

۲۵۶ ہائے! بَدبختیٔ قسمت؛ کہ لگا ہے مجھ کو — وہ مرض؛ جس کی مسیحا کو دَوا یاد نہیں

۲۵۷ ہم وہ ہیں پیار کا بدلہ جنھیں ملتا ہے پیار — بھُولے ہیں روزِ جزا؛ اور جزا یاد نہیں

۲۵۸ ہزاروں دامنوں پر خُون کے دھبّے چمکتے ہیں — مِرے آنے پہ کیا ہولی ہوئی ہے کُوئے قاتل میں

۲۵۹ ہمارے گھر میں اس نے بھر دیا نُور — ہر اِک ظُلمت کو ہم سے کر دیا دُور

۲۶۰ ہماری فتح و نُصرت دیکھ کر وہ — غم و رَنج و مُصیبت سے ہوئے چُور

۲۶۱ ہماری رات بھی ہے نُورافشاں — ہماری صُبح خُوش ہے؛ شام مسرور

۲۶۲ ہزاروں ہیں؛ کہ ہیں محروم اس سے — نظر سے جِن کی ہے وہ نُور پنہاں

۲۶۳ ہمیں حاصل ہے اس سے دیدِ جاناں — کہ قُرآں مظہرِشانِ خُدا ہے
۲۶۴ ہیں اس دُنیا میں جتنے لوگ حق بیں — سچائی سے جنہیں کوئی نہیں کِیں
۲۶۵ ہوئی جب ہَفت سالہ؛ تو خُدا نے — یہ پہنایا اُسے بھی تاجِ زرّیں
۲۶۶ ہوئے چھوٹے بڑے ہیں آج شاداں — نظر آتا نہیں کوئی بھی غمگیں
۲۶۷ ہمارے کام سب تیرے لیئے ہوں — اطاعت ہو غرض ہرمُدّعا کی
۲۶۸ ہمیں اپنے لیے مخصوص کر لے — ہمارے دِل میں آکر میہماں ہو
۲۶۹ ہماری موت ہے؛ فُرقت میں تیری — ہمیشہ ہم پہ تُو جلوہ کُناں ہو
۲۷۰ ہمارا حافِظ و ناصر ہو ہردَم — ہمارے باغ کا تُو باغباں ہو
۲۷۱ ہماری اے خُدا! کر دے وہ تقدیر — کہ جس کو دیکھ کر حیراں ہو تدبیر
۲۷۲ ہمارا گھر ہو مِثلِ باغِ جنّت — ہو آبادی ہمیشہ اِس مکاں میں
۲۷۳ ہماری بات میں برکت ہو ایسی — کہ ڈالے رُوح مُردہ اُستخواں میں
۲۷۴ ہماری نَسل کو یارب بڑھا دے — ہمیں آباد کر کون و مکاں میں
۲۷۵ ہے بہارِباغ وگُل مِثلِ خزاں اَفسُردہ کُن — ہے جہاں میری نظر میں مِثلِ شَبِ تاریک وتار
۲۷۶ ہوگیا میری تمناؤں کا پودا خُشک کیوں — کیا بلا اس پر پڑی؛ جس سے ہوا بے برگ و بار
۲۷۷ ہرحسیں کوحُسن بخشا ہے اُسی دِلدار نے — ہر گُل و گُلزار نے پائی اُسی سے ہے بہار
۲۷۸ ہر نگاہِ فتنہ گر نے اُس سے پائی ہے جِلا — وَرنہ ہوتی بختِ عاشِق کی طرح تاریک و تار
۲۷۹ ہائے! پراُس کے مُقابِل میں نہیں مَیں کوئی چیز — وہ سراپانُور ہے؛ مَیں مُضغۂ تاریک و تار
۲۸۰ ہوں غُلامی میں؛ مگر ہے عِشق کا دعویٰ مجھے — چاکروں میں ہوں؛ مگر ہے خواہشِ قُرب و جوار
۲۸۱ ہو کے بے پردہ؛ وہ میرے سامنے آئے نِکل — میرے دِل سے دُور کر دے ہجر وفُرقت کا غُبار
۲۸۲ ہر رَگ و ریشہ میں ہو اس کی محبت جاگُزیں — ہر کہیں آئے نظر نقشہ وہی منصُوروار
۲۸۳ ہر دِل میں پُر ہے بُغض وکِیں ہرنفس شیطاں کا رَہیں — جو ہو فِدائے نُورِدِیں؛ کوئی نہیں، کوئی نہیں
۲۸۴ ہرایک کے ہے سَر میں کِیں؛ ہے کِبر کا دیوِلَعیں — اِک دَم کو یاد آتی نہیں دَرگاہِ رَبُّ العالَمیں

۲۸۵ ہم ہو رہے ہیں جاں بَلَب؛ بنتا نہیں کوئی سبب    ہیں منتظر اس کے؛ کہ کب آئے ہمیں اِمدادِ رَبّ
۲۸۶ ہاں! سُوکھ گیا ہے کونسا کھیت    کچھ بولو تو؛ اَشکبار کیوں ہو
۲۸۷ ہوں تو دیوانہ؛ مگر بُہتوں سے عاقِل تَر ہوں مَیں    ہوں تو بیماروں میں؛ مگر تیرے بیماروں میں ہوں
۲۸۸ ہو رہا ہوں مَست دِیدِ چشمِ مَستِ یار میں    لوگ یہ سمجھے ہوئے بیٹھے ہیں مَے خواروں میں ہوں
۲۸۹ ہو اس کی قدر میں برکت؛ کمال میں برکت    ہو اُس کی شان میں برکت؛ جلال میں برکت
۲۹۰ ہر ایک کام کو تو سوچ کر بَچار کے کر    ہمیشہ پائے گا اس دیکھ بھال میں برکت
۲۹۱ ہے عیش و عِشرتِ دُنیا تو ایک فانی شَے    خُدا کرے؛ کہ ہو تیرے مآل میں برکت
۲۹۲ ہو ماند چودھویں کا چاند بھی مُقابِل پر    خُدا وہ بخشے ہمارے ہِلال میں برکت
۲۹۳ ہے ہمارے عِلاج کا دعویٰ    کہتے ہیں اپنے آپ کو فَصّاد
۲۹۴ ہے غضب؛ ہیں وہ شائقِ بیداد    پھر سِتَم یہ؛ کہ ہیں سِتَم اِیجاد
۲۹۵ ہے اِدھر پاشِکستگی کی قید    اور اُدھر سَر پہ آگیا صَیّاد
۲۹۶ ہاں! تِری رَہ میں ایک دوزخ ہے    جس میں بھڑکی ہے نارِ بُغض و عِناد
۲۹۷ ہے دَستِ قِبلہ نُما؛ لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰــــہ    ہے دَردِ دِل کی دَوا؛ لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰــــہ
۲۹۸ ہے گاتی نغمۂ توحید نَے نَیستاں میں    ہے کہتی بادِ صبا؛ لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰــــہ
۲۹۹ ہزاروں ہوں گے حسیں؛ لیک قابلِ اُلفت    وہی ہے میرا پیا؛ لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰــــہ
۳۰۰ ہزاروں، بلکہ ہیں لاکھوں علاج رُوحانی    مگر ہے رُوحِ شِفا؛ لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰــــہ
۳۰۱ ہوئی ہے بےسبب کیوں عاشِقوں کی جان کی دُشمن    نسیمِ صُبح اُن کے مُنہ سے کیوں آنچل اُٹھاتی ہے
۳۰۲ ہمارا اِمتحاں لے کر؛ تمھیں کیا فائدہ ہوگا    ہماری جان تو بے اِمتحاں ہی نکلی جاتی ہے
۳۰۳ ہماری خاک تک بھی اُڑ چکی ہے اُس کے رَستہ میں    ہلاکت! تُو بھلا کس بات سے ہم کو ڈراتی ہے
۳۰۴ ہمارے حالِ خراب پر گو ہنسی اُنھیں آج آ رہی ہے    مگر کسی دِن؛ تمام دنیا کو ساتھ اپنے رُلائیں گے ہم
۳۰۵ ہوا ہے سارا زمانہ دُشمن؛    جو تُو نے بھی ہم سے بے رُخی کی؛
ہیں اپنے بیگانے خُوں کے پیاسے    تو پھر تو بَس مَر ہی جائینگے ہم

۳۰۶ ہمیں نہیں عِطر کی ضرورت؛ بُوئے محبت سے اس کی؛
کہ اس کی خُوشبو ہے چند روزہ اپنے دِماغ و دِل کو بسائیں گے ہم

۳۰۷ ہمیں بھی ہے نِسبَتِ تَلَمُّذ؛ کسی مسیحا نَفَس سے حاصل ہوا ہے بے جان گو کہ مُسلم مگر اب اس کو جِلائیں گے ہم

۳۰۸ ہماری اِن خاکساریوں پر؛ جو دِیں کو ترچھی نظر سے دیکھا؛
نہ کھائیں دھوکا ہمارے دُشمن تو خاک اُن کی اُڑائینگے ہم

۳۰۹ ہم تو جس طرح بنے؛ کام کیے جاتے ہیں آپ کے وَقت میں؛ یہ سِلسِلہ بَدنام نہ ہو

۳۱۰ ہجر کے دَرد کا دَرماں نہیں مُمکن؛ جب تک برگِ اَعمال نہ ہوں؛ شَربتِ ایمان نہ ہو

۳۱۱ ہے یہ آئینِ سَماوِی کے مَنافی محمود عِشق ہو وَصل کا؛ لیکن کوئی سامان نہ ہو

۳۱۲ ہے وہ صَیّاد؛ جِسے صَید سمجھ بیٹھے ہیں ان کی عقلوں سے یہ پَردہ تو اُٹھائے کوئی

۳۱۳ ہم ہیں تیار؛ بتانے کو کمالِ قُرآں خُوبیاں وید کی بھی ہم کو بتائے کوئی

۳۱۴ ہمسَری مجھ سے؛ تجھے کس طرح حاصل ہو عَدُو! حال پر تیرے او ناداں! نظرِ یار بھی ہو

۳۱۵ ہیں تو معشوق؛ مگر ناز اُٹھاتے ہیں مِرے جمع ہیں ایک ہی جا، حُسن و وَفا؛ دیکھو تو

۳۱۶ ہے کبھی رویَتِ دِلدار؛ کبھی وَصلِ حبیب کیسی عُشّاق کی ہے صُبح و مَسا؛ دیکھو تو

۳۱۷ ہے کہیں جنگ، کہیں زلزلہ؛ طاعون کہیں لے گرِپّ کا ہے کہیں شور پڑا؛ دیکھو تو

۳۱۸ ہوئی ہے پارہ پارہ چادرِتقویٰ مُسلماں کی ترے ہاتھوں سے ہوسکتی تھی مولیٰ گر رَفُو ہوتی

۳۱۹ ہے گالیوں کے سِوا اس کے پاس کیا رکھا غریب کیا کرے مُخطی ہے وہ؛ مُصیب ہوں مَیں

۳۲۰ ہے عقل نَفس سے کہتی؛ کہ ہوش کر ناداں! مِرا رَقیب ہے تُو؛ اور تِری رَقیب ہوں مَیں

۳۲۱ ہو نہ تجھ کو بھی خوشی دونوں جہانوں میں نصیب کُوچۂ یار کے رَستہ کے بھُلانے والے

۳۲۲ ہم تو ہیں صُبح ومَسا رَنج اُٹھانے والے کوئی ہوں گے؛ کہ جو ہیں عیش منانے والے

۳۲۳ ہجر کی آگ ہی کیا کَم ہے جلانے کو مِرے غیر سے مِل کر مِرا دِل نہ دُکھائے کوئی

۳۲۴ ہو کے کنگال جو عاشق ہو رُخِ سُلطاں پر حوصلے دِل کے وہ پھر کیسے نکالے پیارے!

۳۲۵ ہم کو اِک گھونٹ ہی دے صدقہ میں میخانہ کے پِی گئے لوگ مئے وَصل کے پیالے؛ پیارے!

۳۲۶ ہائے! وہ شخص؛ کہ جو کام بھی کرنا چاہے          دِل میں رِہ جائے وہی اُس کے تمنا ہو کر

۳۲۷ ہے رضائے ذاتِ باری؛ اَب رضائے قادیاں          مُدّعائے حَق تعالےٰ؛ مُدّعائے قادیاں

۳۲۸ ہم بھی کمزور تھے؛ طاقت نہ تھی ہم میں بھی کچھ          قول آقا کا مگر ہم سے ہٹایا نہ گیا

۳۲۹ ہاتھ میں کیوں نہیں وہ زور؛ بات میں کیوں نہیں اثر؟          چھِنی گئی ہے سیف کیوں؛ کاٹی گئی زبان کیوں؟

۳۳۰ ہو کے غُلام؛ تُو نے جب رَسمِ وِداد قطع کی          اُس کے غُلامِ دَر جو ہیں؛ تجھ پہ ہوں مہربان کیوں

۳۳۱ ہمیشہ نَفسِ اَمّارہ کی باگیں تھام کر رکھیو          گِرا دے گا یہ سَرکش وَرنہ تم کو سیخ پا ہو کر

۳۳۲ ہو فَضلِ خُدا کی اس پہ بارِش          پھیلا رہے خُوب اس کا داماں ۔ آمین

۳۳۳ ہو مَرہمِ زخمِ دِل شِکستہ          ہو عادَتِ مِہر و لُطف و احساں ۔ آمین

۳۳۴ ہو عرصۂ فِکر رَشکِ گُلشن          میدانِ خیال صدگلستاں ۔ آمین

۳۳۵ ہو دونوں جہان میں مُعَزّز          ہوں چھوٹے بڑے سبھی ثناخواں ۔ آمین

۳۳۶ ہے دِلِ سوختہ کی بھاپ طبیب          تُو یہ سمجھا بُخار رہتا ہے

۳۳۷ ہوتا تھا کبھی مَیں بھی کسی آنکھ کا تارا          بتلاتے تھے اِک قیمتی دِل کا مجھے پارہ

۳۳۸ ہو جاتی تھی موجود ہر اِک نِعمتِ دنیا          بس چاہیئے ہوتا تھا مِرا ایک اِشارہ

۳۳۹ ہے صبر جو جاں سوز؛ تو فریاد حیاسوز          بے تاب خموشی ہے؛ نہ گویائی کا چارہ

۳۴۰ ہم اُنھیں دیکھ کے حیران ہوئے جاتے ہیں          خودبخود چاک گریبان ہوئے جاتے ہیں

۳۴۱ ہے ترقی پہ مِرا جوشِ جُنُوں ہر ساعت          تنگ سب دشت و بیابان ہوئے جاتے ہیں

۳۴۲ ہے غمِ نَفس اِدھر؛ فِکر اُدھر عالَم کا          چین ممکن ہی نہیں؛ اَمن مُقدّر ہی نہیں

۳۴۳ ہوا میں اُڑ گئے نالے          گئیں بے کار فریادیں

۳۴۴ ہمارے بیکسوں کا آپ کے بِن کون ہے پیارے          نظر آتے ہیں مارے غم کے؛ اب تو دن کو بھی تارے

۳۴۵ ہر شب اِسی اُمّید میں سوتا ہوں دوستو!          شاید ہو وَصلِ یار مُیسّر؛ مگر کہاں!

۳۴۶ ہر لحظہ اِنتِظار ہے؛ ہر وَقت جُستجُو          رہتا ہے اب تو مُنہ پہ مِرے بس کِدھر، کہاں

۳۴۷ ہچکولے کھا رہی ہے مِری ناؤ دیر سے          دیکھوں کہ پھینکتی ہے قضاوقدر کہاں

۳۴۸ ہے جس کا پھول خوش نُما ہے جس کی چال جاں فَزا      میرا چمن وہی تو ہے؛ میری صبا وہی تو ہے
۳۴۹ ہوں اِک عرصہ سے خواہانِ اِجازت      مِرے بارے میں بھی فرمان نکلے
۳۵۰ ہوا کیا سَیرِ عالَم کا نتیجہ      پریشاں آئے تھے حیران نکلے
۳۵۱ ہے زمیں پر سَر مِرا؛ لیکن وہی مَسجُود ہے      آنکھ سے اوجھل ہے گو؛ دِل میں وہی موجود ہے
۳۵۲ ہے خواہش میری اُلفت کی؛ تو اپنی نِگاہیں اُونچی کر      تدبیر کے جالوں میں مَت پھنس؛ کر قبضہ جا کے مُقدّر پر
۳۵۳ ہوا مایوس جب چاروں طرف سے      نہ جب کوشش نے اس کا کچھ بنایا
۳۵۴ ہو سب میرے عزیزوں پر عِنایت      مِلے تجھ سے انہیں تقویٰ کی خِلعت
۳۵۵ ہر اِک ان میں سے ہو شمعِ ہدایت      بتائے اِک جہاں کو رازِ قُدرت
۳۵۶ ہوں بحرِ مَعرِفت کے یہ شناوَر      سَمائے عِلم کے ہوں مِہرِ انور
۳۵۷ ہے تیری سعی دلیلِ حَماقتِ مُطلق      ہے تیری جِدّ وجُہد ایک فِعلِ طِفلانہ
۳۵۸ ہاں اے مُغیث! سُن لے مِری اِلتجا کو آج      کر رحم اس وُجودِ محبت شِعار پر
۳۵۹ ہاں اُس شہیدِ عِلم کی تُربت پہ کر نُزول      خُوشیوں کا باب کھول؛ غموں کی شِکار پر
۳۶۰ ہنس کے کہتا ہے دیکھ کر مجھ کو      دیکھو! وہ میرا دِل فِگار آیا
۳۶۱ ہے حیاتِ شمع کا سب ماحصل سوزوگداز      اِک دِلِ پُرخُون ہے یہ اِکتِسابِ زندگی
۳۶۲ ہے دِل میں عِشق؛ پر مِرے مُنہ میں زُباں نہیں      نالے نہیں ہیں، آہیں نہیں ہیں؛ فُغاں نہیں
۳۶۳ ہزاروں حسرتیں جَل کر فنا ہونے کی رکھتا ہے      ہٹا بھی دیں ذرا فانوس؛ اِک پروانہ آتا ہے
۳۶۴ ہم کس کی محبت میں دوڑے چلے آئے تھے      وہ کون سے رِشتے تھے؛ جو کھینچ کے لائے تھے
۳۶۵ ہے محبت ایک پاکیزہ اَمانت؛ اے عزیز!      عِشق کی عِزّت ہے واجِب؛ عِشق سے کھیلا نہ کر
۳۶۶ ہے عَمَل میں کامیابی؛ موت میں ہے زندگی      جا لِپٹ جا لہر سے؛ دریا کی کچھ پروا نہ کر
۳۶۷ ہر اِک چیز پر اُس کو قُدرت ہے حاصل      ہر اِک کام کی اُس کو طاقت ہے حاصل
۳۶۸ ہر اِک شَے کو روزی وہ دیتا ہے ہَردَم      خزانے کبھی اس کے ہوتے نہیں کَم
۳۶۹ ہے فریاد مَظلوم کی سُننے والا      صداقت کا کرتا ہے وہ بول بالا

۳۷۰ ہم کو تری رَفاقت حاصل رہے ہمیشہ ... ایسا نہ ہو؛ کہ دھوکہ شیطان مجھ کو دے دے

۳۷۱ ہو جائیں جس سے ڈھیلی؛ سب فلسفہ کی چُولیں ... میرے حکیم! ایسا بُرہان مجھ کو دے دے

۳۷۲ ہوگیا گُل دِیا مِرے گھر کا ... اَمن اور چین کا حِصار گیا

۳۷۳ ہر طرف سے رہا مجھے گھاٹا ... دِل گیا؛ دِل کا اِعتبار گیا

۳۷۴ ہے حُکم تمھیں گھر جانے کا؛ اور ہم کو ابھی کچھ ٹھہرنے کا ... تم ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ؛ ہم پیچھے پیچھے آتے ہیں

۳۷۵ ہے سب جہاں سے جنگ سہیڑی ترے لیے ... اَب یہ نہ ہو؛ کہ تُو ہمیں دِل سے اُتار دے

۳۷۶ ہوں جہاں گرد ہم میں پھر پیدا ... سِندباد اور پھر جہازی بخش

۳۷۷ ہر وقت مَئے عِشق یہاں سے رہے بٹتی ... ویرانۂ دِل کو مِرے؛ مَیخانہ بنا دے

۳۷۸ ہوتی نہ اگر روشن وہ شمعِ رُخِ انور ... کیوں جمع یہاں ہوتے سب دنیا کے پروانے

۳۷۹ ہے ساعتِ سعد آئی؛ اسلام کی جنگوں کی ... آغاز تو مَیں کر دُوں؛ اَنجام خُدا جانے

۳۸۰ ہجر میں وَصل کا مزا پا لیا مَیں نے ہمنشیں! ... لَب پہ تو تھا نہیں؛ مگر آنکھ میں اُن کی پیار تھا

۳۸۱ ہم نشیں! تجھ کو ہے اِک پُراَمن منزل کی تلاش ... مُجھ کو اِک آتش فشاں پُر وَلوَلہ دِل کی تلاش

۳۸۲ ہوا جو مکّہ میں نُور پیدا؛ اُسی کو مکّہ نے دُور پھینکا ... کبھی مِلی ہے نبی کو عزّت؛ بتا تو اے مُعترض وَطن میں

۳۸۳ ہیں رنگ رَلیاں منارہے لوگ؛ ... وہ لُطف اُن کو کہاں مُیَسّر:
ساغرِ مَے چھلک رہے ہیں ... مِلا جو مجھ کو تری لگن میں

۳۸۴ ہزاروں کلیاں چٹک رہی ہیں؛ ... نسیم رَحمت کی چَل رہی ہے؛
ہزاروں غُنچے مہک رہے ہیں ... چمن چمن میں، چمن چمن میں

۳۸۵ ہے دعوتِ نظر تری طرزِ حِجاب میں ... ڈھونڈا کرے کوئی تجھے: پایا کرے کوئی

۳۸۶ ہَوا زمانہ کی جب بھی کبھی بگڑتی ہے ... مِری نِگاہ تو بس جا کے تجھ پہ پڑتی ہے

۳۸۷ ہیں ناخُدائے قوم بنے صاحِبانِ عَقل ... ہے اس خیال نے مجھے دیوانہ کر دیا

۳۸۸ ہر جلوۂ جدید نے تختہ اُلٹ دیا ... خود مجھ کو اپنے آپ سے بیگانہ کر دیا

۳۸۹ ہو چکا ہے ختم اب چکّر تری تقدیر کا ... سونے والے اُٹھ! کہ وقت آیا ہے اب تدبیر کا

۳۹۰ ہو چکی مشقِ سِتَم اَپنوں کے سینوں پر بہت — اَب ہو دُشمن کی طرف رُخ خنجر و شمشیر کا

۳۹۱ ہو رہا ہے کیا جہاں میں؛ کھول کر آنکھیں تو دیکھ — وقت آپہنچا ہے تیرے خواب کی تعبیر کا

۳۹۲ ہو رُوحِ عِشق تیری مِرے دِل میں جاگزیں — تصویر میری آنکھ میں آکر بسے تِری

۳۹۳ ہوئے نہ انجمن آرا اگر؛ تو کیا کرتے — کہ ان کے حُسن کا کوئی بھی تو جواب نہ تھا

۳۹۴ ہنستے ہی ہنستے: رُوٹھ گئے تھے وہ ایک دِن — ہم نے بھی رُوٹھ رُوٹھ کے: اُن کو منا لیا

۳۹۵ ہونے دی اُن کی بات نہ ظاہر کسی پہ بھی — جو زَخم بھی لگا؛ اُسے دِل میں چھُپا لیا

۳۹۶ ہمیں بھی تجھ سے ہے نسبت؛ او رِندِ بادہ نوش — نِگاہِ یار کو ہم بھی شَراب کہتے ہیں

۳۹۷ ہیں مغرب و مشرق کے تو معشوق ہزاروں — بھاتی ہیں مگر آپ کی ہی مجھ کو اَدائیں

۳۹۸ ہے چیز تو چھوٹی سی؛ مگر کام کی ہے چیز — دِل کو بھی مِرے اپنی اَداؤں سے لُبھائیں

ہر ظُلم بھی سہہ ہر بات بھی سُن؛ — غدّار نہ بَن، بزدل بھی نہ بَن؛

۳۹۹ پَر دِین کا دامن تھامے رِہ — یہ مومِن کا کِردار نہیں

ہوں صدر کہ شاہ کوئی بھی ہوں؛ — سَرکار مِری ہے مدینہ میں؛

۴۰۰ مَیں ان سے دَب کر کیوں بیٹھوں — یہ لوگ مِری سَرکار نہیں

۴۰۱ ہو لَامَکان؛ تو قَصرِ رُخام سے کیا کام — جو ہر جگہ ہو؛ اُسے اِک مَقام سے کیا کام

۴۰۲ ہر ایک حال میں ہے لَب پہ میرے نامِ خُدا — خُدا پَرَست ہوں مَیں؛ رام رام سے کیا کام

۴۰۳ ہے میرے دِل میں محمدؐ؛ تو اُس کے دِل میں مَیں — مجھے پیامبروں کے پیام سے کیا کام

۴۰۴ ہماری جان تو ہاتھوں میں اُس کے ہے لٹّو — جِدھر بھی، جب بھی؛ وہ اس کو پھرائے پھِرتے ہیں

۴۰۵ ہر مصیبت میں دیا ساتھ تمہارا؛ لیکن — تم کو کچھ ایسی شکایت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۴۰۶ ہوش کر دُشمنِ ناداں! یہ تُو کیا کرتا ہے — ساتھ ہے جس کے خُدا؛ اُس پہ جَفا کرتا ہے

۴۰۷ ہے ہر گھڑی کِرامت و ہر لمحہ معجزہ — یہ میری زندگی ہے؛ کہ حق کا ظہور ہے

۴۰۸ ہے زندگی میں دَخل؛ نہ کچھ موت پر ہے زور — تُو چیز کیا ہے؛ ایک سَرِ پُرغُرور ہے

۴۰۹ ہے اکیلا کُفر سے زور آزما — احمدی کی رُوحِ ایمانی تو دیکھ

۴۱۰ ہے اَمن کا داروغہ بنایا جنھیں تُو نے
خود کر رہے ہیں فِتنوں کو آنکھوں سے اِشارے

۴۱۱ ہم اُمّیدوں سے پُر ہیں؛ تم مایُوس
رونی صُورت ہو تم؛ ہنسوڑ ہیں ہم

۴۱۲ ہے لَذّتِ سَماع بھی لُطفِ نِگاہ بھی
کیوں جا رہے ہو صُحبتِ جانانہ چھوڑ کر

۴۱۳ ہے گنجِ عَرش ہاتھ میں؛ قرآن طاق پر
مِینا کے ہو رہے ہیں؛ وہ مَیخانہ چھوڑ کر

۴۱۴ ہے مُدّت سے شیطان کے ہاتھ آئی
حکومت جہاں کی؛ خُدا کی خُدائی

۴۱۵ ہر اِک چیز اُلٹی نظر آرہی ہے
بھلائی بُرائی؛ بُرائی بھلائی

۴۱۶ ہیں مدح وثنا حِصّہٗ گبروتَرسا
پہ مُسلِم کی قِسمت میں ہے جگ ہنسائی

۴۱۷ ہے تاروں کی دُنیا؛ بہت دُور ہم سے
ہم ان سے ہیں؛ اور وہ ہیں مہجور ہم سے

۴۱۸ ہم ان سے نگاہیں لڑائیں گے پیہم
وہ باتیں کریں گے سَرِطُور ہم سے

۴۱۹ ہے قِیادت سے بھی پُر لُطف اِطاعت مجھ کو
ہوں تو مَیں پیر؛ مگر شُکر ہے بے پیر نہیں

۴۲۰ ہے قدم دنیا کا ہردَم آگے آگے جا رہا
تیزتر گردش میں ہیں پہلے سے اَب اَرض و سما

۴۲۱ ہیں لگے رہتے دُعاؤں میں وہ؛ دِن بھی، رات بھی
ہیں زمین و آسماں میں پھِر رہے وہ رَہ نَورد

۴۲۲ ہر گام پر فرشتوں کا لشکر ہو ساتھ ساتھ
ہر مُلک میں تمھاری حِفاظت خُدا کرے

۴۲۳ ہَفت اَقلیم کو جو راکھ کیئے دیتی تھی
تُو نے وہ آگ بُجھائی تھی؛ ہے تِرا اِحساں

۴۲۴ ہوا کیا؛ کہ دشمن ہے اِبلیس پیارو!
خُدا نے نوازا ہے ہردوسَرا میں

۴۲۵ ہے قرآن میں جو سُرور اور لَذّت
نہ ہے مثنوی میں؛ نہ بانگِ درا میں

۴۲۶ ہیں تِرے بندے مگر ہاتھوں کی طاقت سَلب ہے
کُفر کا خیمہ لگا ہے؛ قَریہ قَریہ، گھر بہ گھر

۴۲۷ ہوئی طَے آدمؑ وحَوّا کی منزل؛ اُنس وقُربت سے
مگر اِبلیس اَندھا تھا؛ کہ چمٹا حق کی لَعنت سے

۴۲۸ ہے کرنا زیرِ شیطاں کا، بہت مشکل؛ مگر سمجھو
کہ حل ہوتی ہے یہ مشکل؛ دُعاؤں کی اَجابَت سے

۴۲۹ ہزارسال مُسلماں نے تجھ کو پالا ہے
یہ غَیظ تجھ میں اُبھر آیا ہے کہاں سے آج

۴۳۰ ہمارے نیک اِرادوں پر اس قدر شُبہات
خُدا ضرور ہی نپٹے گا بَدگُماں سے آج

۴۳۱ ہمیں وہ دامنِ رحمت سے ڈھانپ لیں گے ضرور
بھریں گے گھر کو ہمارے وہ اَرمغاں سے آج

۴۳۲ ہجر میں زِیست مجھے موت نظر آتی ہے      کوئی ایسا بھی ہے عاشِق؛ جو جِیا کرتا ہے

۴۳۳ ہر چیز اس جہاں کی ڈھلتا ہوا ہے سایہ      روزِ شباب کب تک؛ لُطفِ بہار کب تک

۴۳۴ ہم اُن کی تلخ گُفتاری پہ ہرگز کچھ نہ بولیں گے      جو بگڑے گا، تو اُن کا مُنہ؛ ہمارا حرج کیا ہوگا

۴۳۵ ہر اِک جاہل یہ باتیں سُن کے بھر جائے گا غُصّہ سے      ہمارے قتل پر آمادہ؛ ہر چھوٹا بڑا ہوگا

۴۳۶ ہماری سَنگ باری کیلئے پتھر چُنیں گے سب      کمر میں ہر کَس و ناکس کے اِک خنجر بندھا ہوگا

۴۳۷ ہمارے واسطے دنیا بنے گی ایک ویرانہ      سِوا اُس یارِ جانی کے؛ نہ کوئی دُوسرا ہوگا

۴۳۸ ہمیں وہ ہر طرف سے ڈھانپ لے گا اپنی رحمت سے      جو آنکھوں میں بَسا ہو گا؛ تو دِل میں وہ چھُپا ہوگا

۴۳۹ ہمارا جُرم بس یہ ہے؛ کہ ہم ایمان رکھتے ہیں      کہ جب ہوگا؛ اِسی اُمّت سے پیدا رَہنما ہوگا

۴۴۰ ہمارے سَیّد و مولاؐ نہیں محتاج غیروں کے      قیامت تک؛ بس اب دورہ اُنہی کے فیض کا ہوگا

۴۴۱ ہیں مجھ میں لاکھوں ہی عَیب؛      جو بات سچّی ہے کہہ رہا ہوں؛
پھر بھی نِگاہِ دِلبَر پہ چڑھ گیا ہوں      نہ کچھ خِفا ہے، نہ کچھ رِیا ہے

۴۴۲ ہم سفر سَنبھلے ہوئے آنا؛ کہ رَستہ ہے خراب      پر قدم ڈھیلا نہ ہو؛ مَیں تیز رَفتاروں میں ہوں

۴۴۳ ہے جَسر صِراط پر ترا پاؤں      وادِیدہ و گوش باز ہوجا

۴۴۴ ہو فضل تیرا یارب! یا کوئی اِبتلا ہو      راضی ہیں ہم اسی میں؛ جس میں تِری رضا ہو

۴۴۵ ہیں رو رو کے آنکھیں بھی جاتی رہیں      مِری جان! اَب تو ہنسا دے ہمیں

۴۴۶ ہم اپنے دل کا خُون اُنھیں پیش کرتے ہیں      گُل رُو کے واسطے مئے گُل فام لائے ہیں

# ی

## ('ی' سے شروع ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **274** |
| i | دُرِّ ثمین | 105 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 25 |
| iii | کلامِ طاہر | 38 |
| iv | کلامِ محمود | 106 |

### دُرِّ ثمین

١ یہ سراسر فضل و احساں ہے؛ کہ مَیں آیا پسند — وَرنہ درگہ میں تِری؛ کچھ کم نہ تھے خدمت گزار

٢ یااِلٰہی! فضل کر اسلام پر؛ اور خود بچا — اس شکستہ ناؤ کے بندوں کی؛ اب سُن لے پکار

٣ یااِلٰہی! اِک نشاں؛ اپنے کرم سے پھر دکھا — گردنیں جھک جائیں جس سے؛ اور مکذّب ہوں خوار

٤ یہ عجب بدقسمتی ہے؛ کس قدر دعوت ہوئی — پر اُترتا ہی نہیں ہے؛ جامِ غفلت کا خمار

٥ یک بیک؛ اِک زلزلہ سے سخت جنبش کھائیں گے — کیا بَشَر اور کیا شجر اور کیا حَجَر اور کیا بحار

٦ یاد وہ دن؛ جب کہ کہتے تھے، یہ سب اَرکانِ دِیں — مہدیٔ موعودِ حق؛ اب جلد ہوگا آشکار

٧ یادکرفرقاں سے لفظ؛ زلزلت زلزالھا — ایک دِن ہوگا وہی؛ جو غیب سے پایا قرار

٨ یہ نشانِ زلزلہ؛ جو ہو چکا منگل کے دن — وہ تو اک لُقمہ تھا؛ جو تم کو کھلایا ہے نہار

٩ یہ نشانِ آخری ہے؛ کام کر جائے مگر — وَرنہ اب باقی نہیں ہے؛ تم میں اُمیدِ سدھار

١٠ یااِلٰہی! تیرا فرقاں ہے؛ کہ اک عالم ہے — جو ضروری تھا؛ وہ اس میں مہیّا نکلا

١١ یارو! خودی سے باز بھی آؤ گے یا نہیں — خُو اپنی؛ پاک صاف بناؤ گے یا نہیں

۱۲ یارو! جو مرد آنے کو تھا، وہ تو آچکا　　یہ راز؛ تم کو شمس و قمر بھی بتا چکا

۱۳ یہی تھی؛ کہ اسلام کا ہو گواہ　　بتا دے وہ پچھلوں کو؛ نانک کی راہ

۱۴ یہی تدبیر ہے؛ پیارو! کہ مانگو اس سے قربت کو　　اُسی کے ہاتھ کو ڈھونڈو؛ جلاؤ سب کمندوں کو

۱۵ یہی پاک چولا ہے؛ سِکھّوں کا تاج　　یہی کابلی مل کے گھر میں ہے آج

۱۶ یہی جنم ساکھی میں مذکور ہے　　جو انگدؔ سے اِس وقت مشہور ہے

۱۷ یہی چھوڑ کر؛ وہ وَلی مرگیا　　نصیحت تھی مقصد؛ ادا کرگیا

۱۸ یہ انگدؔ نے خود لکھ دیا صاف صاف　　کہ ہے وہ کلامِ خدا؛ بے گزاف

۱۹ یارب! ہے تیرا احساں؛ مَیں تیرے دَر پہ قرباں　　تُو نے دیا ہے ایماں؛ تو ہر زماں نگہباں

۲۰ یہ دولت تو نے مجھ کو اے خدا دی　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۱ یہ تیرا فضل ہے؛ اے میرے ہادی!　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۲ یہ سب تیرا کرم ہے؛ میرے ہادی!　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۳ یہی اُمید ہے دل نے بتا دی　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۴ یہی اُمّید ہے اے میرے ہادی!　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۵ یہ کیا احساں ہیں تیرے؛ میرے ہادی!　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۶ یہ کیا احساں ترے ہیں؛ میرے ہادی!　　**فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۲۷ یارو! یہ اژدہا ہے؛ جاں کو بچاؤ اس سے　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۲۸ یہ فضل کر؛ کہ ہوویں نیکوگُہر یہ سارے　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۲۹ یہ مرجعِ شہاں ہوں یہ ہوویں مہرِ انور　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۳۰ یہ نور دل کو بخشے؛ دل میں کرے سرایت　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۳۱ یہ سب ہے تیرا احساں؛ تجھ پر نثار ہو جاں　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۳۲ یہ دِن چڑھا مبارک؛ مقصود جس میں پائے　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۳۳ یہ چولہ ہے؛ قدرت کا جلوہ نما　　کلامِ خدا؛ اس پہ ہے جابجا

۳۴ یہی ہے کہ نائب ہے دیدار کا — یہی ایک چشمہ ہے؛ اسرار کا

۳۵ یونہی غفلت کے لحافوں میں پڑے سوتے ہیں — وہ نہیں جاگتے؛ سوبار جگایا ہم نے

۳۶ یہ غلط کاری بشر کی بدنصیبی کی ہے جڑ — پر مقدّر کو بدل دینا ہے کس کے اختیار

۳۷ یہ حکم سُن کے بھی جو لڑائی کو جائے گا — وہ کافروں سے سخت ہزیمت اُٹھائے گا

۳۸ یہی فکر کھاتا؛ اسے صبح و شام — نہ تھا کوئی ہمراز؛ نہ ہم کلام

۳۹ یہ لکھا تھا اس میں؛ بخطِّ جلی — کہ اللہ ہے اِک؛ اور محمدؐ نبی

۴۰ یہ صدق و صفا سے بہت دُور تھا — کہ غیروں کے خوفوں سے دِل چُور تھا

۴۱ یہ کرم مجھ پر ہے کیوں؛ کوئی تو اس میں بات ہے — بے سبب ہرگز نہیں یہ کاروبارِ کردگار

۴۲ یا کسی مخفی گُنہ سے شامتِ اعمال ہے — جس سے عقلیں ہوگئیں بیکار؛ اور اِک مُردہ وار

۴۳ یہ فتوحاتِ نمایاں؛ یہ تواتر سے نشاں — کیا یہ ممکن ہیں بشر سے؛ کیا یہ مکّاروں کا کار

۴۴ یہ جو طاعوں مُلک میں ہے؛ اس کو کچھ نسبت نہیں — اس بَلا سے؛ وہ تو ہے اِک حشر کا نقش و نگار

۴۵ یہ خوشی کی بات ہے؛ سب کام اس کے ہاتھ ہے — وہ جو ہے دِھیما غضب میں؛ اور ہے آمرزگار

۴۶ یہ تو رہنے کی جا نہیں پیارو! — کوئی اِس میں رہا نہیں پیارو!

۴۷ یہ تو رہنے کا نہیں پیارو مکاں — چل بسے سب انبیاء وراستاں

۴۸ یہ اس بھگت کا رِہ گیا اِک نشاں — نصیحت کی باتیں؛ حقیقت کی جاں

۴۹ یہ میرے رب سے میرے لئے اِک گواہ ہے — یہ میرے صِدقِ دعویٰ پہ؛ مُہرِ الٰہ ہے

۵۰ یہ اگر انساں کا ہوتا کاروبار؛ اے ناقِصاں! — ایسے کاذب کے لئے؛ کافی تھا وہ پروَردگار

۵۱ یہ کہاں سے سُن لیا تم نے؛ کہ تم آزاد ہو — کچھ نہیں تم پر عقوبت؛ گو کرو عِصیاں ہزار

۵۲ یہ بھی کچھ ایماں ہے یارو! ہم کو سمجھائے کوئی — جس کا ہر میداں میں پھل حرماں ہے اور ذلّت کی مار

۵۳ یہ عقیدہ بَرخلافِ گُفتۂ دادار ہے — پر اُتارے کون برسوں کا گلے سے اپنے ہار

۵۴ یہ وہ گُل ہے؛ جس کا ثانی باغ میں کوئی نہیں — یہ وہ خوشبو ہے؛ کہ قُرباں اس پہ ہو مُشکِ تتار

۵۵ یہ وہ ہے مِفتاح؛ جس سے آسماں کے دَر کھُلیں — یہ وہ آئینہ ہے؛ جس سے دیکھ لیں رُوئے نگار

۵۶ یہ نہیں اِک اتفاقی امر؛ تا ہوتا علاج — ہے خدا کے حُکم سے؛ یہ سب تباہی اور تبار
۵۷ یہ عجب آنکھیں ہیں؛ سورج بھی نظر آتا نہیں — کچھ نہیں چھوڑا حَسَد نے؛ عقل اور سوچ اور بچار
۵۸ یہ مصیبت کیا نہیں پہنچی خدا کے عرش تک — کیا یہ شمسؔ الدّیں نہاں ہو جائیگا اب زیرِ غار
۵۹ یا تو وہ عالی مکاں تھے؛ زینت و زیبِ جلوس — یا ہوئے اِک ڈھیر اینٹوں کے پُر اَز گرد و غبار
۶۰ یہ سچ ھے؛ کہ جو پاک ہو جاتے ہیں — خدا سے؛ خدا کی خبر لاتے ہیں
۶۱ یہ ہو؛ مَیں دیکھ لوں تقویٰ سبھی کا — جب آوے وقت میری واپسی کا
۶۲ یہی آئینۂ خالق نما ہے — یہی اِک جوہرِ سیفِ دعا ہے
۶۳ یہی اِک فخرِ شانِ اولیاء ہے — بجز تقویٰ؛ زیادت اِن میں کیا ہے
۶۴ یہ پانچوں جو کہ نسلِ سیّدہ ہیں — یہی ہیں پنج تن؛ جن پر بِنا ہے
۶۵ یہ گُماں مت کر؛ کہ یہ سب بدگُمانی ہے معاف — قرض ہے؛ واپس ملے گا، تجھ کو یہ سارا اُدھار
۶۶ یعنی وہ وقت؛ اَمن کا ہوگا، نہ جنگ کا — بھولیں گے لوگ مشغلہ؛ تیروتفنگ کا
۶۷ یہ نانکؔ کو خلعت ملا سرفراز — خدا سے جو تھا؛ درد کا چارہ ساز
۶۸ یہ توہیں کر کے پھل ویسا ہی پایا — اہانت نے انھیں کیا کیا دِکھایا
۶۹ یہ چھوٹی عمر پر جب آزمایا — کلامِ حق کو ہے فَرفَر سنایا
۷۰ یا تو اِک عالَم تھا قرباں؛ اُس پہ یا آئے یہ دن — ایک عبدالعبد بھی اس دِیں کے جھٹلانے کو ہے
۷۱ یہ سب نشاں ہیں جن سے دِیں اب تلک ہے تازہ — اے گرنے والو! دوڑو؛ دِیں کا عصا یہی ہے
۷۲ یہ ہے خیال ان کا؛ پربت بنایا تِنکا — پر کیا کہیں؛ جب ان کا فہم و ذکا یہی ہے
۷۳ یہ حکم ویدؔ کے ہیں؛ جن کا ہے یہ نمونہ — ویدوںؔ سے آریوں کو حاصل ہوا یہی ہے
۷۴ یوسف تو سن چکے ہو؛ اِک چاہ میں گِرا تھا — یہ چاہ سے نکالے؛ جس کی صدا یہی ہے
۷۵ یہ ایسی بات مُنہ سے مَت نکالو — خطا کرتے ہو؛ ہوش اپنے سنبھالو
۷۶ یہ کیا عادت ہے؛ کیوں سچی گواہی کو چھپاتا ہے — تِری اِک روز اے گُستاخ! شامت آنیوالی ہے
۷۷ یا یہ؛ کہ اب خدا میں وہ رحمت نہیں رہی — نیت بدل گئی ہے؛ وہ شفقت نہیں رہی

۷۸ یہ ایسے مذہبوں میں کہاں ہے دکھایئے
ورنہ گزاف قِصّوں پہ ہرگز نہ جایئے

۷۹ یہ راہ تنگ ہے؛ پہ یہی ایک راہ ہے
دِلبر کی مرنے والوں پہ ہردَم نگاہ ہے

۸۰ یا بَدزباں دکھاتے ہیں؛ یا ہیں وہ بَدگماں
باقی خبر نہیں ہے؛ کہ اسلام ہے کہاں

۸۱ یا کم سے کم یہ ہو؛ کہ مَیں زِنداں میں جا پڑوں
یا یہ؛ کہ ذِلّتوں سے مَیں ہو جاؤں سَرنِگوں

۸۲ یا مخبری سے ان کی؛ کوئی اور ہی بَلا
آجائے مجھ پہ؛ یا کوئی مقبول ہو دعا

۸۳ یہ بات کیا ہوئی؛ کہ وہ تم سے الگ رہا
کچھ بھی مدد نہ کی؛ نہ سنی کوئی بھی دعا

۸۴ یہ کیا احساں تیرا ہے بندہ پرور
کروں کس منہ سے شکر؛ اے میرے داور!

۸۵ یہ ممکن ہے؛ کشفی ہو یہ ماجرا
دکھایا گیا ہو؛ بحکمِ خدا

۸۶ یہ دیوانگی؛ عشق کا ہے نشاں
نہ سمجھے کوئی اِس کو؛ جُزعاشقاں

۸۷ یہی سالکوں کا تو تھا مدّعا
اِسی سے تو کھُلتی تھیں آنکھیں ذرا

۸۸ یہ ویدوں کا دعویٰ سنا ہے ابھی
کہ بعد اُن کے؛ مُلہم نہ ہوگا کبھی

۸۹ یقیں ہے؛ کہ نانک تھا مُلہم ضرور
نہ کر وید کا پاس؛ اے پُرغرور!

۹۰ یہ معیار ہے دِیں کی تحقیق کا
کھُلا فرق دجّال و صدّیق کا

۹۱ یہ نانک سے کرنے لگے جب جدا
رہے زور کرکر کے بے مدّعا

۹۲ یہ چولہ تھا اُس کی دعا کا اثر
یہ قدرت کے ہاتھوں کا تھا سربسر

۹۳ یہ چولہ؛ کہ قدرت کی تحریر ہے
یہی رَہنما؛ اور یہی پِیر ہے

۹۴ یہی راہ ہے؛ جس کو بھولے ہو تم
اُٹھو یارو! اب مَت کرو راہ گُم

۹۵ یہ نورِ خدا ہے خدا سے ملا
ارے جلد آنکھوں سے اپنی لگا

۹۶ یہ تحریر چولہ کی ہے اِک زباں
سنو! وہ زباں سے کرے کیا بیاں

۹۷ یہی پاک چولہ رہا اِک نشاں
گُرُو سے کہ تھا خلق پر مہرباں

۹۸ یہی ملک و دولت کا تھا اِک ستوں
عمل بد کیئے؛ ہوگئے سَرنگوں

۹۹ یہ تین جو پِسر ہیں؛ تجھ سے ہی یہ ثمر ہیں
یہ میرے باروبَر ہیں؛ تیرے غلامِ دَر ہیں

۱۰۰ یہ تینوں تیرے بندے؛ رکھیو نہ ان کو گندے     کر اِن سے دُور یا رَبّ! دنیا کے سارے دھندے

۱۰۱ یہی ہے؛ کہ نوروں سے معمور ہے     جو دُور اس سے؛ اس سے خدا دُور ہے

۱۰۲ یہ تینوں تیرے چاکر؛ ہوویں جہاں کے رہبر     یہ ہادیٔ جہاں ہوں؛ یہ ہوویں نور یکسر

۱۰۳ یہ کیسے پڑ گئے دل پر تمہارے؛ جہل کے پردے     خطا کرتے ہو، باز آؤ! اگر کچھ خوفِ یزداں ہے

۱۰۴ یہ نانک سے کیوں رِہ گیا اِک نشاں     بھلا اس میں حکمت تھی کیا دَرنہاں

۱۰۵ یہ مخفی امانت ہے کرتار کی     یہ تھی اِک کلید؛ اس کے اسرار کی

## دُرِّ عدن

۱۰۶ یہ دعا ہے؛ کہ جدا ہو کے بھی خدمت میں رہوں     زندگی میری رہے وقفِ دعا تیرے بعد

۱۰۷ یا ربّ! ہمارے شاہ کی بستی اُداس ہے     اس تخت گاہ کے راج دُلارے کب آئیں گے

۱۰۸ یارا نہیں پاتی ہے زباں شکروثنا کا     احساں سے بندوں کو دیا اذن دعا کا

۱۰۹ یہ فرمانِ ربی ہے کیوں؟ اسلئے     کہ اس نے سہے دکھ؛ تمہارے لئے

۱۱۰ یہ مولا کا اِک خاص احسان ہے     وجود اس کا خود اس کی بُرہان ہے

۱۱۱ یہ برکت سب اسلام کی ہے؛     جو نسخۂ تسکیں وہ لایا؛
تعلیم اُس رحمتِ عام کی ہے     دل مسلم کا ٹھیراتا ہے

۱۱۲ یاد جو ہردَم رہے؛ اس کو دعائے خاص میں     کس طرح دیں گے بھلا؛ اہلِ وفائے قادیاں

۱۱۳ یہ درد؛ کبھی رازِنہاں رِہ نہیں سکتا     گو ضبط بھی کرتا رہے؛ بیمارِ محبت

۱۱۴ یہ جوش؛ دبائے سے اُبھرتا ہے زیادہ     مجبور ہے، مجبور ہے؛ سرشارِ محبت

۱۱۵ یہ خونِ جگر سے پالنے والے؛ تیرا خون بہاتے ہیں     جو نفرت تیری ذات سے تھی فطرت پر غالب آتی تھی

۱۱۶ یہ دعا ہے؛ میرادِل ہو، اور تیراپیار ہو     میراسَر ہو؛ اور تیراپاک سنگِ آستاں

۱۱۷ یہ راحتِ جاں، نورِنظر؛ تیرے حوالے     یارب! میرے گلشن کا شجر تیرے حوالے

۱۱۸ یہ شاخ قلم کرتا ہوں پیوند کی خاطر     اتنا تھا میرا کام؛ ثمر تیرے حوالے

۱۱۹ یہ نازشِ صدشمس و قمر؛ تیرے حوالے     مولا! میرا نایاب پدر تیرے حوالے

۱۲۰ یارب! یہی دعا ہے؛ کہ ہرکام ہو بخیر — اکرام لازوال ہو؛ انعام ہو بخیر

۱۲۱ یزیدیؔ فعل زبانوں پہ؛ یا علیؔ توبہ — یہ اور تیر چلے؛ آلِ مرتضیٰ کیلئے

۱۲۲ یاد ہے؛ چھبیس مے سن آٹھ حزب المومنین — وہ غروبِ شمس؛ وقتِ صبحِ محشر آفریں

۱۲۳ یہ ارادے؛ اور اتنی شانِ ہمت دیکھ کر — اس گھڑی بھی ہو رہے تھے محوِ حیرت سامعین

۱۲۴ یہ راگ دل کا راز ہے؛ سُن درد آشنا — کچھ ہمنوائے شورِعنادل نہیں ہوں مَیں

۱۲۵ **یکے از عاشقانِ روئے احمد — یکے از جاں نثارانِ محمد**

۱۲۶ یہ ممکن نہیں ہے؛ کہ خالی پھرے وہ — ترے دَر پہ بندہ جو کوئی صدا دے

۱۲۷ یہ میری آہ کا اثر تو نہیں — عرش کے ہِل رہے ہیں کیوں پائے

۱۲۸ یہی مَدِّنظر تھا ایک مقصد — برائے دینِ احمد جانفشانی

۱۲۹ یااِلٰہی! خیر ہو؛ آئیں بصد فتح و ظفر — دردِ دِل سے تھی حضورِ ذاتِ باری التجا

۱۳۰ یہ زباں تیری، قلم تیرا؛ ترے قلب و دماغ — ہیں سبھی میرے تصرّف میں؛ تجھے پھر خوف کیا

## کلامِ طاہر

۱۳۱ یوں لگا؛ جب ملا وہ پہلی بار — جیسے صدیوں سے آشنا سا تھا

۱۳۲ یہ سوچ کے چلا گیا؛ باوَرچی خانے میں — باوَرچی تھا مگن؛ وہاں حلوہ پکانے میں

۱۳۳ یا جوش و ذوق و شوق؛ یا کم ہمتی سے ضُعف — سب کچھ ہوا کیا پہ جہاں کے تہاں رہے

۱۳۴ یاروں نے اپنے اپنے مقاصد کو جا لیا — یاں عقل و دِل بکشمکش اِین و آں رہے

۱۳۵ یاد رکھے گی وہ؛ اِک پھول سدا، اُردو کلاس — دل سے اٹھلاتی ہوئی اٹھے گی اس کی بُو باس

۱۳۶ **یک قطرۂ زِبحر کمالِ محمد است**
**جان و دلم فدائے جمالِ محمد است**
**خاکم نثار کوچۂ آلِ محمد است**

۱۳۷ یہ صدائے فقیرانہ حق آشنا؛ — تیری آواز؛ اے دشمنِ بد نوا؛
پھیلتی جائے گی شش جہت میں سَدا — دو قدم دُور، دو تین پل جائے گی

۱۳۸ یونہی شماتتِ اعدا سے مت ڈرو بی بی! — ہمارے حق میں دکھائیں گے یہ ستم اعجاز

۱۳۹ یہ قصص عجیب وغریب ہیں؛ یہ محبتوں کے نصیب ہیں
مجھے کیسے خود سے جدا کرے؛ اسے کچھ بتاؤ کہ کیا کرے

۱۴۰ یارب! یہ گدا تیرے ہی دَر کا ہے سوالی
جو دان ملا؛ تیری ہی چوکھٹ سے مِلا ہے

۱۴۱ یادوں کے مسافر ہو؛ تمناؤں کے پیکر
بھر دیتے ہو دل پھر بھی؛ وہی ایک خلا ہے

۱۴۲ یہ محبتوں کا لشکر؛ جو کرے گا فتحِ خیبر
ذرا تیرے بُغض ونفرت کے حصار تک تو پہنچے

۱۴۳ یہ خبر ہے گرم یارب! کہ سوار خواہد آمد
کروں نقدِ جاں نچھاور؛ مِرے دار تک تو پہنچے

۱۴۴ یہ شجر خزاں رسیدہ؛ مجھے ہے عزیز یارب!
یہ اک اور وصلِ تازہ کی بہار تک تو پہنچے

۱۴۵ یہ دعا ہی کا تھا معجزہ کہ عصا؛
آج بھی دیکھنا مردِ حق کی دعا؛
ساحروں کے مقابل بنا اَژدھا
سحر کی ناگنوں کو نگل جائے گی

۱۴۶ یاد آئی جب اُن کی گھٹا کی طرح؛
بجلیاں دِل پہ کڑکیں بَلا کی طرح؛
ذکر ان کا چلا نَم ہوا کی طرح
رُت بنی خُوب آہ و فُغاں کیلئے

۱۴۷ یہ زَر کے پُجاری؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
بیچنے والے ہیں دِین و ایمانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۱۴۸ یہ شب و روز و ماہ و سال؛ تمام
کیسے پیمانۂ صِفات بنے؟

۱۴۹ یہ عشق و وَفا کے کھیت؛
موسم بدلیں گے، رُت آئے گی؛
رضا کے خوشوں سے لَد جائیں گے
ساجن پیار کے دَرسوں کی

۱۵۰ یہ بات نہیں وعدوں کے لمبے لیکھوں کی؛ تم دیکھو گے
ہم آئیں گے، جھوٹی نکلے گی؛ لاف خدا ناترسوں کی

۱۵۱ یہی راہیں؛ کبھی سکھر، کبھی سکرنڈ جاتی ہیں
اِنہی پر پنوں عاقل، وارہ اور لڑکانہ آتا ہے

۱۵۲ یہ کیا انداز ہیں؛ کیسے چلَن ہیں، کیسی رَسمیں ہیں
اِنہیں تو ہر طریقِ نامسلمانانہ آتا ہے

۱۵۳ یہ دل نے کس کو یاد کیا؛ سپنوں میں یہ کون آیا ہے
جس سے سپنے جاگ اٹھے ہیں؛ خوابوں نے نور کمایا ہے

۱۵۴ یہ کون ستارہ ٹوٹا؛ جس سے سب تارے بےنور ہوئے
کس چندر ما نے ٹوٹ کے اتنے چاندوں کو گہنایا ہے

۱۵۵ یہ کس نے مِرے درد کو جینے کی طلب دی
دل کس کیلئے عمرِ خضر مانگ رہا ہے

۱۵۶ یہ کائنات؛ اَزَل سے نہ جانے کتنی بار
خلا میں ڈوب چکی ہے؛ خلا سے اُٹھی ہے

۱۵۷ یہ دو آنکھیں ہیں شعلہ زا؛ یا جلتے ہیں پروانے دو　　یہ اَشک ندامت پھوٹ پڑے؛ یا ٹوٹ گئے پیمانے دو
۱۵۸ یہ نہ ہو روتے ہی رِہ جائیں تِرے دَر کے فقیر　　اور ہنس ہنس کے روانہ ہوں؛ رُلانے والے
۱۵۹ یہ تِرے کام ہیں مولا! مجھے دے صبر وثبات　　ہے وہی راہ کٹھن؛ بوجھ بھی بھارے ہیں وہی
۱۶۰ یہ پُراَسرار دھُندلکوں میں سمویا ہوا غم　　چھا گیا روح پہ؛ اِک جذبۂ مُبہم بن کر
۱۶۱ یہ فضاؤں میں سِسکتا ہوا؛ اِحساسِ اَلَم　　دیدۂ شب سے ڈھلکنے لگا؛ شبنم بن کر
۱۶۲ یا تِرے دِھیان کی جوگن ہمہ رَنج و آزار　　خود چلی آئی ہے پہلو میں بجائے غم و حُزن
۱۶۳ یہ بھی شاید کوئی بھٹکا ہوا راہیِ غم ہے　　دوگھڑی قلب کے غم خانے میں ستانے لگا
یہ تو میرے دل ہی کا عکس ہے؛　　کو جنون ہے مجھے یہ بنا دے؛
۱۶۴ مَیں نہیں ہوں، پر مِری آرزو　　تو پھر جو چاہے قضا کرے
۱۶۵ یُوں ہی چھُپ چھُپ کے مِلا کرتے پسِ پردۂ دِل　　دل ہی دل میں کِسے معلوم؛ کہ کیا کیا ہوتا
۱۶۶ یوں ہی بڑھتی چلی جاتی رَہ و رَسمِ اُلفت　　ہم نے جی کھول کے اِک دُوجے کو چاہا ہوتا
۱۶۷ یہ ادا، دِل کو لبھاتی؛ تو ستاتی بھی بہت　　سوچتا تم نہ مِرے ہوتے؛ تو پھر کیا ہوتا
۱۶۸ یاد میں کس کی وہ آفاق پہ بہتا ہوا حُسن　　نِت نئی دنیا؛ نئے دیس میں ڈھلتا ہوتا

## کلامِ محمود

۱۶۹ یہ کیسی ہے تقدیر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی　　پتھر کی ہے تحریر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی
۱۷۰ یا غیر بھی آ کر میری کرتے تھے خوشامد　　یا اپنوں نے بھی ذہن سے اپنے ہے اتارا
۱۷۱ یا آج میرے حال پہ روتا ہے فلک بھی　　سورج کا جگر بھی ہے غم و رَنج سے پارا
۱۷۲ یا میری ہنسی بھی تھی عبادت میں ہی داخل　　یا ذھدوتعبد میں بھی پاتا ہوں خسارا
۱۷۳ یہی رات دن؛ اب تو میری صدا ہے　　یہ میرا خدا ہے؛ یہ میرا خدا ہے
۱۷۴ یہ شرارت، سب دھَری رِہ جائے گی؛ جب وہ خُدا　　ہوش میں لائے گا تُم کو؛ ہوش میں لانے کے دِن
۱۷۵ یاں تو اِسلام کی قوموں کا ہے یہ حالِ ضعیف　　اور واں کُفر کا لہراتا ہے اونچا پرچم
۱۷۶ یہ ہے دوسری بات؛ مانو، نہ مانو　　مگر حق تو یہ ہے؛ کہ وہ آگیا ہے

۱۷۷ یُوں الگ گوشۂ ویراں میں جو چھوڑا ہم کو — نہیں معلوم؛ کہ کیا قوم نے سمجھا ہم کو
یہ چھُپ کے کیوں چٹکیاں ہے لیتا؛ — جو شوق ہو دِل کو چھیڑنے کا؛
۱۷۸ تجھے بھلا کس کا ڈَر پڑا ہے — تو شوق سے بَر مَلا مِلا کر
یہی ہے دِن رات میری خواہش؛ — مِٹاؤں پھر بیقراریٔ دِل؛
۱۷۹ کہ کاش مِل جائے وہ پَری رُو — گلے سے اُس کو لگالگا کر
۱۸۰ یاس و نومیدی نے گھیرا ہے مجھے — اس کے پنجہ سے مجھے چھُڑوائے کون
۱۸۱ یہیں سے اگلا جہاں بھی دِکھا دیا مجھ کو — ہے ساغرِ مَئے اُلفت پِلا دیا مجھ کو
۱۸۲ یہ دونوں میری حقیقت سے دُور ہیں محمود — خُدا نے جو تھا بنانا؛ بنا دیا مجھ کو
۱۸۳ یہ صدمہ ہائے جُدائی؛ اُٹھائے جائیں گے کب — دِل اور جان میرے؛ ان کی تاب لائیں گے کب
۱۸۴ یہ مَیں نے مانا؛ کہ ہے اُن کی ذات بے پایاں — مگر وہ چہرۂ زیبا مجھے دکھائیں گے کب
۱۸۵ یہ ہے دنیا میں کرتا رہنمائی — یہ عُقبیٰ میں کرے گا شاد و فرحاں
۱۸۶ یہی ہرکامیابی کا ہے باعث — یہی کرتا ہے ہرمشکل کو آساں
۱۸۷ یہ نعمت ہم کو بے خِدمت مِلی ہے — سکھایا ہے ہمیں مولیٰ نے قرآں
۱۸۸ یہی اِک پاک دِل کی آرزو ہے — یہی ہرمُتّقی کا مُدّعا ہے
۱۸۹ یہ جامع کیوں نہ ہو سب خُوبیوں کا — کہ اِس کا بھیجنے والا خُدا ہے
۱۹۰ یہ ہے تسکیں دِہِ عُشّاقِ مُضطَر — مریضانِ محبت کو شِفا ہے
۱۹۱ یہ ہے بے عیب؛ ہر نقص و کمی سے — کرے جو حَرف گیری؛ بے حیا ہے
۱۹۲ یہ ہوں میری دعائیں ساری مقبول — مِلے عزّت ہمیں دونوں جہاں میں
۱۹۳ یہ چمن، یہ باغ، یہ بُستاں، یہ گُل، یہ پھول؛ سب — کرتے ہیں اُس ماہ رُو کی قُدرتوں کو آشکار
۱۹۴ یقین سی نہیں نعمت کوئی زمانے میں — نہ شک میں خیر ہے؛ نَے اِحتمال میں برکت
یقیں دلاتے رہے ہیں دنیا کو؛ — جو آج تُو نے نہ کی رَفاقت؛
۱۹۵ تیری اُلفت کا مُدّتوں سے — کسی کو کیا مُنہ دِکھائیں گے ہم

۱۹۶ یاد رکھ لیک کہ غلبہ نہ ملے گا؛ جب تک
دِل میں ایمان نہ ہو؛ ہاتھ میں قرآن نہ ہو

۱۹۷ یونہی بے فائدہ سَر مارتے ہیں وید و طبیب
اُن کے ہاتھوں سے جو اچھا ہو؛ وہ آزار بھی ہو

۱۹۸ یا تو ہم پھرتے تھے ان میں؛ یا ہوا یہ اِنقِلاب
پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے؛ کُوچہ ہائے قادیاں

۱۹۹ یا کُند چُھری ہاتھ میں دیتا تھا نہ کوئی
یا زخموں سے اَب جسم مِرا چُور ہے سارا

۲۰۰ یا زانوئے دِلدار مِرا تکیہ تھا؛ یا اَب
سَر رکھنے کو مِلتا نہیں پتھر کا سہارا

۲۰۱ یہ بے رُخی ہے، کِس سبب سے؛ مَیں وہی ہوں جو کہ تھا
میرے گُنہ وہی تو ہیں؛ میری خطا وہی تو ہے

۲۰۲ یارانِ وَطَن! یہ خوابِ جنّت کِس کام
دوزخ میں پہنچ چکے ہو؛ سوتے سوتے

۲۰۳ یہی ہے آرزو اس کی الٰہی
یہی ہے اِلتجا اس کی خُدایا

۲۰۴ یہ سارے ختم قرآں کر چکے ہیں
دِلوں کو نُورِ حق سے بھر چکے ہیں

۲۰۵ یہ نعمت سارے انعاموں کی جاں ہے
جو سچ پُوچھو؛ یہی باغِ جناں ہے

۲۰۶ یہی ہے دِین و دنیا کی بھلائی
اِسی سے دُور رہتی ہے بُرائی

۲۰۷ یہی لے جاتی ہے مولیٰ کے دَر تک
یہی پہنچاتی ہے مومن کو گھر تک

۲۰۸ یہ میدانِ وَغا میں جب کبھی آئیں
تو دِل اَعداء کے سینوں میں دَہل جائیں

۲۰۹ یہ قصرِ احمدی کے پاسباں ہوں
یہ ہر میداں کے یاربّ! پہلواں ہوں

۲۱۰ یہ عِشق و وَفا کے کھیت کبھی؛ خُوں سینچے بغیر نہ پنپیں گے
اِس راہ میں جاں کی کیا پروا جاتی ہے اگر، تو جانے دو

۲۱۱ یارب! تِری مدد ہو؛ تو اِصلاحِ خَلق ہو
اُٹھنے کا وَرنہ مجھ سے یہ بارِگراں نہیں

۲۱۲ یہ جسم مِرا سَر سے پا تک جو مُعَطَّر ہے
راز اس میں ہے یہ زاہد؛ وہ خواب میں آئے تھے

۲۱۳ یا مِرے پہلو میں آ کر بیٹھ جا؛ پھر بیٹھ جا
یا مِری خواہش مِٹا دے؛ ہاں مِٹا دے آج تُو

۲۱۴ یا محمدؐ دِلبرم؛ اَز عاشِقانِ رُوئے تُست
مجھ کو بھی اُس سے مِلا دے؛ ہاں مِلا دے آج تُو

۲۱۵ یُوں اندھیری رات میں اے چاند! تُو چمکا نہ کر
حشر اِک سیمیں بدن کی یاد میں برپا نہ کر

۲۱۶ یا بزمِ طرَب کے خواب نہ تُو دِکھلا اپنے دیوانے کو
یا جام کو حرکت دے لیلیٰ! اور چکّر دے پیمانے کو

۲۱۷ یہ میری حیات کی اُلجھن تو ہر روز ہی بڑھتی جاتی ہے
وہ نازک ہاتھ ہی چاہیئے ہیں اِس گُتھی کے سُلجھانے کو

۲۱۸ یَا رَبِّ سَتِّرنِی بِجُنَّةِ عَفوِکَ    کُن نَا صِرِی وَمُصَاحِبِی وَمُحَامِی
۲۱۹ یَا رَبِّ صَاحِبهَا بِلُطفِکَ دَائِماً    وَاجعَل لَّهَا مَأوًی بِقَبرِ سَامِی
۲۲۰ یَا رَبِّ اَنعِمهَا بِقُربِ مُحَمَّدٍ    ذِی المَجدِ وَالاِحسَانِ وَالاِکرَامِ
۲۲۱ یَا هَادِیَ الْاَرْوَاحِ کَاشِفِ هَمِّهَا    جِئنَابِبَابِکَ طَالِبِیْنَ هُدَاکَ
۲۲۲ یَا رَازِقَ الثَّقَلَینِ اَینَ جَنَاکَ    جِئْنَاکَ رَاجِیْنَ لِبَعْضِ نَدَاکَ
۲۲۳ یَا اَیُّهَا المَنَّانُ مُنَّ بِرَحمَةٍ    وَا رزُق قُلُوبَ عِبَادِکَ تَقوَاکَ
۲۲۴ یَا مَن تَخَافُ عَدُوَّکَ مُتَزَحزِهاً    عِندَ المَلِیکِ المُقتَدِرِ مَثوَاکَ
۲۲۵ یا تو سرگردان تھا دِل جُستجُوئے یار میں    یا ہے اُس یارِ اَزَل کو؛ خُود مِرے دِل کی تلاش
۲۲۶ یکتا ہے تُو؛ تو مَیں بھی ہوں اِک مُنفَرِد وُجُود    میرے سِوا ہے آج محبت کِسے تِری
۲۲۷ یہ دیکھ کر؛ کہ دِل کو لیے جا رہے ہیں وہ    مَیں نے بھی اُن کے حُسن کا نقشہ اُڑالیا
۲۲۸ یہ فخر کم نہیں مجھ کو؛ کہ دِل مَسَل کے مِرا    وہ پیار سے مجھے خانہ خراب کہتے ہیں
۲۲۹ یہ تم کو ہوگیا کیا؛ اہلِ مِلّت!    نہیں کیا یاد وہ وعدے وَفا کے؟
۲۳۰ یہ مُنہ ہیں؛ کہ آہن گروں کی دھونکنیاں ہیں    دِل سینوں میں ہیں؛ یا کہ سپیروں کے پٹارے
۲۳۱ یاں عالِم اُن کو کہتے ہیں؛    جب دیکھو! بھیڑیا نِکلے گا؛
جو دِین سے کورے ہوتے ہیں    جو بھیڑوں کا رَکھوالی ہے
۲۳۲ یہ کھیل اَضداد کی عرصہ سے تیرے گھر میں جاری ہے    کبھی ہے مارکسؔ کا چرچا؛ کبھی دَرسِ بُخاریؔ ہے
۲۳۳ یہ ظاہر میں غلامی ہے؛ مگر باطن میں آزادی    نہ ہونا مُنحَرِف ہرگز؛ محمدؐ کی حکومت سے
۲۳۴ یہ خدّ وخال کب تک؛ یہ چال ڈھال کب تک    اس حُسنِ عارضی میں؛ آخر نِکھار کب تک
۲۳۵ یہی ہوگا نا؛ غُصّہ میں وہ ہم کو گالیاں دیں گے    سُنائیں گے وہ کچھ؛ پہلے نہ جو ہم نے سُنا ہوگا
۲۳۶ یا فاتحِ رُوحِ ناز ہوجا    یا تُو ہَمہ تَن نیاز ہوجا
۲۳۷ یہ گھر تو تُو نے بنایا تھا؛ اپنے رہنے کو    بُتوں کو کعبۂ دِل سے نِکال دے پیارے!
۲۳۸ یہ نہ سمجھ؛ کہ وہ بِن کھائے پیئے جیتے ہیں    وہ بھی کھاتے ہیں؛ مگر نیزوں کے پھَل کھاتے ہیں

۲۳۹ یہ آریہ کہتے ہیں؛ کہ لیکھو ہے شہید
ایسی تو نہ تھی ہم کو بھی اُن سے اُمّید

۲۴۰ یہ متاعِ ہوشِ دینداری کبھی لُٹنا بھی ہے
اس جہاں کی قیدوبندِش سے کبھی چھُٹنا بھی ہے

۲۴۱ یہ کیسا پیار ہے اہل و عِیال سے تیرا
شِکَم غریبوں کا اَنگاروں سے جو بھرتا ہے

۲۴۲ یک قلم مُلک سے موقوف ہوئے؛ شورش و شر
نہ تو رہزن کا رہا کھٹکا؛ نہ چوروں کا ڈر

۲۴۳ یااِلٰہی! رحم کر اپنا؛ کہ مَیں بیمار ہوں
دل سے تنگ آیا ہوں؛ اپنی جان سے بیزار ہوں

۲۴۴ یااِلٰہی! تیری اُلفت میں ہوا ہوں مجنوں
خواب میں ہی کبھی؛ مَیں تجھ کو جو پا لوں تو کہوں

۲۴۵ یااِلٰہی! آپ ہی اب میری نصرت کیجئے
کام ہیں لاکھوں؛ مگر ہے زندگی مثلِ حباب

۲۴۶ یا اِلٰہی! عمرِ طبعی اس کو دے
رکھ اسے محفوظ؛ رنج و دَرد سے

۲۴۷ یا صدقِ محمدؐ عربی ہے؛ یا احمدِؑ ہندی کی ہے وَفا
باقی تو پرانے قصے ہیں؛ زندہ ہیں یہی افسانے دو

۲۴۸ یاد ایام؛ کہ تھے ہند پہ اندھیر کے سال
ہر گلی کوچہ پہ؛ ہر شہر پہ آیا تھا وبال

۲۴۹ یاد ہیں قرآن کے الفاظ تو ان کے تمام
اور پوچھیں؛ تو ہیں کہتے، یہ ہے اللہ کا کلام

۲۵۰ یہ گنگا تو اُلٹی بہے جا رہی ہے
جو مسلم کی دولت تھی؛ کافر نے کھائی

۲۵۱ یہ نور کے شعلے اٹھتے ہیں؛ میرا ہی دل گرمانے کو
جو بجلی افق میں چمکی ہے؛ چمکی ہے میرے تڑپانے کو

۲۵۲ یہ وہ بیمار تھا؛ جس کو سبھی رو بیٹھے تھے
ہاتھ سب اس کی شِفایابی سے؛ دھو بیٹھے تھے

۲۵۳ یہ دَم ہے غنیمت؛ کوئی کام کر لو
کہ اس زندگی کا؛ بھروسہ ہی کیا ہے

۲۵۴ یہی ہے؛ کہ گمراہ تم ہوگئے ہو
نہ پہلا سا علم؛ اور نہ وہ اِتّقا ہے

۲۵۵ یہ ایک دریائے معرفت ہے؛ لگائے اس میں جو ایک غوطہ
تو اس کی نظروں میں ساری دنیا؛ فریب ہے جھوٹ ہے دغا ہے

۲۵۶ یہ چلتے ہیں یوں اکڑ اکڑ کر؛ کہ گویا ان کے ہیں بحر اور بر
پڑے ہیں ایسے سمجھ پہ پتھر؛ کہ شرم ہے کچھ نہ کچھ حیا ہے

۲۵۷ یہ بھی اسی کے دَم سے ہے؛ نعمت تمہیں ملی
تا شکر جان و دل سے؛ خدا کا کرو ادا

۲۵۸ یہ رعب اور شان بھلا اس میں تھی کہاں
یہ دَبدَبہ تھا قیصرِ روما کو کب ملا

۲۵۹ یونہی کہو نہ ہمیں لوگو! کافرومرتد
ہمارے دل کی خبر تم پہ آشکار نہیں

۲۶۰ یونہی پڑے نہ باتیں بناتے؛ تو خوب تھا
کچھ کام کر کے ہم بھی دکھاتے؛ تو خوب تھا

۲۶۱ یہی جی ہے کہ پہنچے یار کے پاس
ہے مرغِ دل تڑپتا آشیاں میں

۲۶۲ یـا مسیـح الـخـلق عدوانا؛ پکاراٹھیں گےلوگ
خود ہی منوائے گا سب سے؛ یار منوانے کے دن

۲۶۳ یارب! تُو رحم کر کے ہم کو سکھا دے قرآں
ہر دکھ کی یہ دَوا ہو؛ ہر درد کا ہو چارہ

۲۶۴ یوں نہیں ہیں جھوٹی باتوں پر یہ اترانے کے دن
ہوش کر غافل! کہ یہ دن تو ہیں گھبرانے کے دن

۲۶۵ یہ زخم تمہارے سینوں کے؛
بن جائینگے رشکِ چمن اس دن
ہے قادرِ مطلق یار میرا؛
تم میرے یار کو آنے دو

۲۶۶ یہ کیساعدل ہے؛ کہ کریں اور، ہم بھریں
اغیار کا بھی قضیہ؛ چکاناپڑے ہمیں

۲۶۷ یاں نہ گر روؤں؛ کہاں روؤں بتا
یاں نہ چلاؤں؛ تو چلاؤں کہاں

۲۶۸ یہ وقت؛ وقتِ حضرتِ عیسیٰؑ ہے دوستو!
جو نائبِ خدا ہیں؛ جو ہیں مہدیٔ زماں

۲۶۹ یاد جس دل میں ہو اس کی؛ وہ پریشان نہ ہو
ذکر جس گھر میں ہو اس کا؛ کبھی ویران نہ ہو

۲۷۰ یہ جو معشوق لئے پھرتی ہے اندھی دنیا
میرے محبوب سی ہی ان میں کہیں آن نہ ہو

۲۷۱ یہ خاکسار، نابکار، دِلبرا؛ وہی تو ہے
کہ جس کو آپ کہتے تھے؛ ہے باوَفا وہی تو ہے

۲۷۲ یہ دریا؛ جو چاروں طرف بہہ رہے ہیں
اسی نے تو قدرت سے پیدا کئے ہیں

۲۷۳ یارو! مسیحِ وقت؛ کہ تھی جن کی انتظار
رَہ تکتے تکتے جن کی؛ کروڑوں ہی مرگئے

۲۷۴ یزیدیؔ شان کے مالک! اِدھر آ
مناظر دیکھتا جا؛ کربلاؔ کے

# حِصّہ دوم

## حروفِ تہجّی کے اعتبار سے اشعار کی ترتیب

## (بلحاظِ اختتام)

# فہرست تعداد اشعار

## (بلحاظِ اختتام)

| حروف | کُل اشعار | دُرِّثمین | دُرِّعدن | کلامِ طاہر | کلامِ محمود | حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | 922 | 220 | 73 | 158 | 456 | 15 |
| ب | 87 | 15 | 20 | 13 | 39 | - |
| ت | 122 | 37 | 29 | 28 | 28 | - |
| ٹ | 2 | - | - | - | 2 | - |
| ج | 25 | 4 | - | - | 21 | - |
| ح | 1 | 1 | - | - | - | - |
| د | 110 | 25 | 28 | 8 | 49 | - |
| ر | 882 | 577 | 28 | 29 | 248 | - |
| ڑ | 2 | 2 | - | - | - | - |
| ز | 23 | 5 | 1 | 15 | 2 | - |
| س | 12 | 7 | - | 4 | 1 | - |
| ش | 25 | 4 | - | 1 | 20 | - |
| غ | 1 | 1 | - | - | - | - |
| ف | 5 | 5 | - | - | - | - |
| ق | 2 | - | - | 2 | - | - |
| ک | 36 | 6 | 2 | 2 | 26 | - |
| گ | 16 | 3 | - | - | 13 | - |
| ل | 46 | 19 | 3 | 7 | 17 | - |
| م | 177 | 24 | 12 | 21 | 120 | - |
| ن | 1064 | 204 | 118 | 73 | 668 | 1 |
| و | 439 | 36 | 44 | 57 | 302 | - |
| ہ | 89 | 15 | 3 | 8 | 63 | - |
| ی | 2182 | 587 | 221 | 381 | 993 | - |

# کُل تعداد اشعار

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **6274** |
| i | دُرِّ ثمین | 1800 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 580 |
| iii | کلامِ طاہر | 810 |
| iv | کلامِ محمود | 3068 |
| v | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 16 |

# الف

('الف' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 922 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 220 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 73 |
| iii | کلامِ طاہر | 158 |
| iv | کلامِ محمود | 456 |
| v | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 15 |

# 'الف' سے 'الف'

('الف' سے شروع ہوکر 'الف' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 138 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 38 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 9 |
| iii | کلامِ طاہر | 32 |
| iv | کلامِ محمود | 57 |
| v | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 2 |

# ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ اسلام چیز کیا ہے؛ خدا کیلئے فنا — ترکِ رضائے خویش؛ پئے مرضئ خدا

۲ اس سے ہمارا پاک دل و سینہ ہوگیا — وہ اپنے منہ کا آپ ہی؛ آئینہ ہوگیا

۳ اس نے درختِ دل کو؛ معارف کا پھل دیا — ہر سینہ شک سے دھو دیا؛ ہر دل بدل دیا

۴ اس سے خدا کا چہرہ نمودار ہوگیا — شیطاں کا مکر و وَسوَسہ؛ بے کار ہوگیا

۵ اس نے ہر ایک کو وہی رَستہ دِکھا دیا — جتنے شکوک و شبہہ تھے؛ سب کو مٹا دیا

۶ اگر تُو بھی چھوڑے یہ ملکِ ہوا — تجھے بھی یہ رُتبہ کرے وہ عطا

۷ اگر جاں کروں اس کی رَہ میں فِدا — تو پھر بھی نہ ہو شکر اس کا ادا

۸ اسے مردہ کہنا؛ خطا ہے خطا — کہ زِندوں میں وہ زِندہ دِل جا ملا

۹ اُٹھو سونے والو! کہ وقت آگیا — تمہارا گرو؛ تم کو سمجھا گیا

۱۰ اے قادر و توانا! آفات سے بچانا — ہم تیرے دَر پہ آئے؛ ہم نے تجھ کو مانا

۱۱ احقر کو میرے پیارے! اِک دَم نہ دور کرنا — بہتر ہے زندگی سے تیرے حضور مرنا

۱۲ اقبال کو بڑھانا؛ اب فضل لے کے آنا — ہر رَنج سے بچانا؛ دکھ دَرد سے چھڑانا

۱۳ ایک ذرّہ بھی نہیں تُو نے کیا مجھ سے فرق — میرے اِس جسم کا ہر ذرّہ؛ ہو قرباں تیرا

۱۴ آسماں پر سے فرشتے بھی مدد کرتے ہیں — کوئی ہوجائے اگر بندۂ فرماں تیرا

۱۵ اس جہاں میں ہے وہ جنت میں ہی بے ریب وگماں — وہ جو اِک پختہ توکل سے ہے مہماں تیرا

۱۶ اب مجھے زندگی میں ان کی مصیبت نہ دِکھا — بخش دے میرے گناہ؛ اور جو عِصیاں تیرا

۱۷ اس جہاں کے نہ بنیں کیڑے یہ کر فضل ان پر — ہر کوئی ان میں سے کہلائے مسلماں تیرا

۱۸ ایسا گماں؛ کہ مہدئ خونی بھی آئیگا — اور کافروں کے قتل سے دِیں کو بڑھائیگا

۱۹ اگر اس بِن بھی ہوسکتی ہیں اشیاء — تو پھر اس ذات کی حاجت رہی کیا

۲۰ اس قدر کِین و تعصّب بڑھ گیا — جس سے کچھ ایماں جو تھا؛ وہ سڑ گیا

۲۱ اے عزیزو! اس قدر کیوں ہوگئے تم بے حیا — کلمہ گو ہو؛ کچھ تو لازم ہے تمہیں خوفِ خدا

۲۲ اس رخ کو دیکھنا ہی تو ہے اصل مدّعا　جنت بھی ہے یہی؛ کہ ملے یارِ آشنا

۲۳ اِن کینوں میں کسی کو بھی ارماں نہیں رہا　سب کی مراد تھی؛ کہ میں دیکھوں رَہِ فنا

۲۴ اَلقِصّہ جہد کی نہ رہی کچھ بھی انتہا　اِک سو تھا مگر؛ ایک طرف سجدہ و دعا

۲۵ اس بہارِ حسن کا دل میں ہمارے جوش ہے　مت کرو کچھ ذکر ہم سے ترک یا تاتار کا

۲۶ آنکھ کے اندھوں کو حائل ہوگئے سو سو حجاب　وَرنہ تھا قِبلہ ترا رخ کافر و دِیندار کا

۲۷ ایک دم بھی کل نہیں پڑتی مجھے تیرے سِوا　جاں گھٹی جاتی ہے؛ جیسے دِل گھٹے بیمار کا

۲۸ ان کو سودا ہوا ہے ویدوں کا　ان کا دل مبتلا ہے ویدوں کا

۲۹ آریو! اس قدر کرو کیوں جوش　کیا نظر آگیا ہے ویدوں کا

۳۰ ایسے مذہب کبھی نہیں چلتے　کال سر پر کھڑا ہے ویدوں کا

۳۱ اسی سے وہ سب رازِ حق پاگیا　اسی سے وہ حق کی طرف آگیا

۳۲ اسے سر پہ رکھتے تھے اہلِ صفا　تذلّل سے؛ جب پیش آتی بَلا

۳۳ اسے چوم کر کرتے رو رو دعا　تو ہو جاتا تھا فضل قادر خدا

۳۴ اس غرض سے کہ زندہ یہ ہوویں　ہم نے مرنا بھی دل میں ٹھہرایا

۳۵ اگر وہ جاں کو طلب کرتے ہیں؛ تو جاں ہی سہی　بلا سے کچھ تو نپٹ جائے فیصلہ دل کا

۳۶ اگر ہزار بَلا ہو؛ تو دل نہیں ڈرتا　ذرا تو دیکھیئے! کیسا ہے حوصلہ دل کا

۳۷ اِک قطرہ اُس کے فَضل نے دَریا بَنا دیا　مَیں خاک تھا؛ اُسی نے ثُریّا بَنا دیا

۳۸ اَب دیکھتے ہو؛ کیسا رجوعِ جہاں ہوا　اِک مرجعِ خواص؛ یہی قادیاں ہوا

## دُرِّ عدن

۳۹ الا دلا کہ نہ شنوی صدائے احمد را　کہ تو ہنوز نہ دیدی ضیائے احمد را

۴۰ اے سراجِ منیر! تُو آیا　ساری دنیا میں نور پھیلایا

۴۱ اے جنوں دیوانہ ہو کر ہوش آیا ہے مجھے　میں تیرے قربان؛ تُو نے یہ تو احساں کر دیا

۴۲ آسماں شاہد ہے؛ ہاں اب تک زمیں کو یاد ہے　کانپ جاتا نعرۂ تکبیر سے کفار کا

۴۳ ابرِ رحمت ہو کے جب سارے جہاں پر چھا چکے
کہہ دیا شیطاں نے ہنس کر زور تھا تلوار کا

۴۴ ان کے آتے ہی مِرے غنچۂ دل کا کِھلنا
اس خزاں کا مِری صَد فصلِ بہاراں ہونا

۴۵ اور اس سے بڑھ کے حال تو اُمّت کا ہو گا کیا
وعدہ جو تھا حبیب سے؛ وہ کیجئے وفا

۴۶ آ گِرا جو آگ میں تیری؛ وہ بھُن کر رِہ گیا
جانتے تھے جو نہ رونا؛ ان کو گریاں کردِیا

۴۷ اے محبت! کیا اثر تو نے نمایاں کر دیا
زخم و مرہم کو رَہِ جاناں میں یکساں کر دیا

## کلامِ طاہر

۴۸ اِک میں بھی تو ہوں یاربّ! صیدِ تہِ دام اس کا
دل گاتا ہے گُن اس کے؛ لَب جپتے ہیں نام اس کا

۴۹ آنکھوں کو بھی دکھلا دے؛ آنا لبِ بام اس کا
کانوں میں بھی رَس گھولے؛ ہر گام خِرام اس کا

۵۰ اے میرے والے مصطفیٰ! اے سیّدالوریٰ
اے کاش ہمیں سمجھتے نہ ظالم: جُدا جُدا

۵۱ اس کا ظہور؛ ظہور خدا کا؛ دِکھلایا یوں نور خدا کا
بتکدہ ہائے لات ومنات پہ طاری کر دیا عالَم ہُو کا

۵۲ الگ نہیں کوئی ذات میری؛ تمہیں تو ہو کائنات میری
تمہاری یادوں سے ہی مُعنوَن ہے زیست کا انصرام کہنا

۵۳ اے میرے سانسوں میں بسنے والو؛
بھلا جُدا کب ہوئے تھے مجھ سے
خدا نے باندھا ہے جو تعلق؛
رہے گا قائم مدام کہنا

۵۴ اُلٹی پڑ گئیں سب تدبیریں؛ کچھ نہ دَعا نے کام کیا
دیکھا اِس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

۵۵ آخر طاہر سچا نکلا؛ آخر مُلّاں نکلا جھوٹا
جا الحق وزھق الباطل؛
ان الباطل کان زھوقا

۵۶ اپنا منہ ہی کر لیا گندا؛ پاگل نے جب چاند پہ تھوکا
جا الحق وزھق الباطل؛
ان الباطل کان زھوقا

۵۷ اوٹ سے تیرگیٔ یاس کی جب وقتِ سحر
کِرن امّید کی پھوٹے گی؛ چلا جائے گا

۵۸ احمدیوں نے جب بھی درود پڑھا ہوگا
دل میں اور کسی کا نام لیا ہوگا

۵۹ اپنے دیس میں اپنی بستی میں؛ اِک اپنا بھی تو گھر تھا
جیسی سُندر تھی وہ بستی؛ ویسا وہ گھر بھی سُندر تھا

۶۰ اُس کی دھرتی تھی آکاشی؛ اس کی پَرجا تھی پَرکاشی
جس کی صدیاں تھیں مُتلاشی؛ گلی گلی کا وہ منظر تھا

٦١ اُس کے سُروں کا چرچا جاجا؛ دیس بدیس میں ڈنکا باجا
اُس بستی کا پتیم راجہ: کرشن کنہیا مُرلی دھر تھا

٦٢ آشاؤں کی اُس بستی میں مَیں نے بھی فیض اُس کا پایا
مجھ پر بھی تھا اُس کا چھایا؛ جس کا میں ادنیٰ چاکر تھا

٦٣ اتنے پیار سے کس نے دی تھی؛
رات گئے میرے گھر کون آیا؛
میرے دل کے کِواڑ پہ دستک
اُٹھ کر دیکھا، تو ایشر تھا

٦٤ آخر دَم تک تجھ کو پکارا؛ آس نہ ٹوٹی، دل نہ ہارا
مصلحِ عالَم باپ ہمارا؛ پیکرِ صبر و رَضا رہبر تھا

٦٥ اب بِتا کر عمر ہوش آئی تو یہ عقدہ کھلا
عشق ہی پاگل تھا؛ وَرنہ مَیں تو سودائی نہ تھا

٦٦ اِک کرشمہ فسوں کا پُراَسرار
حیرتوں کا مجسّمہ سا تھا

٦٧ آشنا ہو کے؛ اجنبی تھا وہ شخص
ساتھ رِہ کر؛ جُدا جُدا سا تھا

٦٨ اِس تصوّر سے؛ کہ تم چھوڑ کے جاتے تو سَدا
دل محبت کی اِک اِک بوند کو ترسا ہوتا

٦٩ آنکھ سے میری برستا وہ لہو؛ کہ پہلے
شاید ہی اَور کسی آنکھ سے برسا ہوتا

٧٠ اُس میں ہرلحظہ لرزتا ہوا؛ بُجھتا ہوا عکس
اِک حسیں چاند سے چہرے کا جھلکتا ہوتا

٧١ اب علاجِ غمِ تنہائی کہاں سے لاؤں
تم کہیں ہوتے: تو اِس غم کا مُداوا ہوتا

٧٢ آؤ! اب بنچوں پہ ساگر کے کنارے بیٹھیں
تھک چکے ہوگے تمہیں کل بھی تو جگراتا تھا

٧٣ اس کے دائمِ فراق میں شب و روز
وصل کا سَرمدی مزا سا تھا

٧٤ آج آیا بھی؛ تو بدلا ہوا محبوب آیا
غیر کے بھیس میں لپٹا ہوا؛ کیا خوب آیا

٧٥ اس طرح آیا؛ کہ اے کاش! نہ آیا ہوتا
مجھ سے جھینپا ہوا؛ سو پردوں میں محبوب آیا

٧٦ اُف یہ تنہائی تیری اُلفت کے مِٹ جانے کے بعد
تیری فُرقت میں تو اتنا رنجِ تنہائی نہ تھا

٧٧ اِبلیسؔ ہوا غارت؛ چوپٹ ہوا کام اس کا
توحید کی یورش نے؛ دَرچھوڑا نہ بام اس کا

٧٨ اِس دور کا یہ ساقی؛ گھر سے تو نہ کچھ لایا
مے خانہ اسی کا تھا؛ مے اس کی تھی، جام اس کا

٧٩ اے شاہِ مکیؐ و مدنیؐ! سیّدُالوریٰ!
تُجھ سا مجھے عزیز نہیں؛ کوئی دوسرا

## ﴿کلامِ محمود﴾

٨٠ آئیں گے اب مسیح دوبارہ زمیں پہ کیوں
نظّارہ بھا گیا ہے؛ اُنھیں آسمان کا

۸۱ اب آ گیا؛ تو آنکھیں چُراتے ہو کِس لئے — کیوں راستہ ہو دیکھ رہے آسمان کا

۸۲ اِسلام کو اُسی نے کیا آ کے پھِر دُرُست — ہو شُکر کِس طرح سے اَدا مہربان کا

۸۳ اے قوم! کچھ تو عقل و خِرَد سے بھی کام لے — لڑتی ہے جس سے؛ مَرد وہ ہے کیسی شان کا

۸۴ اے دوستو! جو حق کیلئے رَنج سہتے ہو — یہ رَنج و دَرد و غم ہے فقط درمیان کا

۸۵ اب اس کے پورا ہوتے ہی؛ آجائے گی بہار — وَعدہ دیا ہے حق نے تمھیں؛ جس نشان کا

۸۶ اے مولویو! کُچھ تو کرو خوف خدا کا — کیا تم نے سُنا تک بھی نہیں؛ نام حَیا کا

۸۷ اِک جام مَعرفَت کا؛ جو ہم کو پِلا دیا — جتنے شُکوک و شُبہ تھے؛ سب کو مِٹا دیا

۸۸ اُس نے ہی آ کے؛ ہم کو اُٹھایا زمین سے — تھا دُشمنوں نے خاک میں ہم کو مِلا دیا

۸۹ ایسے نشاں دکھائے؛ کہ مَیں کیا کہوں تمھیں — کُفّار نے بھی اپنے سَروں کو جھُکا دیا

۹۰ آدمی؛ تقویٰ سے آخر کیمیا ہو جائے گا — جِس مِسِ دِل سے چھوئے گا؛ وہ طِلا ہو جائے گا

۹۱ اس کی باتوں سے ہی ٹوٹے گا یہ دَجّالی طِلسم — اس کا ہر ہر لفظ؛ موسیٰؑ کا عصا ہوجائے گا

۹۲ آبِ رُوحانی سے جب سیراب ہوگا کُل جہاں — پانی پانی شرم سے؛ اِک بے حَیا ہوجائے گا

۹۳ الٰہی! پھر سبب کیا ہے؛ کہ دَرماں ہو نہیں سکتا — ہمارا دردِ دِل جب تجھ سے پنہاں ہو نہیں سکتا

۹۴ اس بے وفا سے دل نہ لگاتے؛ تو خُوب تھا — مٹّی میں آبرو نہ ملاتے؛ تو خُوب تھا

۹۵ اِک غمزَدہ کو چہرہ دِکھاتے؛ تو خُوب تھا — روتے ہوئے کو آ کے ہنساتے؛ تو خُوب تھا

۹۶ اِک لفظ بھی زُباں پہ نہ لاتے؛ تو خُوب تھا — دُنیا سے اپنا عِشق چھپاتے؛ تو خُوب تھا

۹۷ آبِ حیات پی کے؛ خِضَرؑ تم نے کیا لِیا — تم اس کی رَہ میں خُون لُنڈھاتے؛ تو خُوب تھا

۹۸ اے کاش! عقل عشق میں دیتی ہمیں جواب — دیوانہ وار شور مچاتے؛ تو خُوب تھا

۹۹ اپنی آنکھوں سے کئی بار ہے سُورج کا بھی — پِتّا اُلفت میں تری؛ میں نے پِگھلتا دیکھا

۱۰۰ آہ و فُغان کرتے ہوئے تھک گیا ہوں مَیں — نالہ کہ جو رَسا تھا؛ مِرا نا رَسا ہوا

۱۰۱ اِس دَرد و غم میں آنکھیں تلَک دے گئیں جواب — آنسو تلَک بہانا؛ اُنہیں نارَوا ہوا

۱۰۲ اے چشمۂ عِلم و ھُدیٰ! اے صاحبِ فہم و ذکا! — اے نیک دل! اے باصفا! اے پاک طِینت، باحیا!

۱۰۳ اس کے جلوے کی بتاؤں کیا کیفیت — مجھ سے دیکھا نہ گیا؛ تم کو دکھایا نہ گیا

۱۰۴ اس قدر محنت اُٹھا کر؛ دولتِ راحت لُٹا کر — تم کو پایا، جاں گنوا کر؛ اب تو مَیں جانے نہ دُوں گا

۱۰۵ آسماں شاہد نہیں کیا؟ میرے اِقرارِ وَفا کا — اے مِری جاں میرے مولیٰ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۱۰۶ آؤ آؤ! مان جاؤ؛ مجھ کو سینے سے لگاؤ — دل سے سب شِکوے مِٹاؤ؛ مَیں تمھیں جانے نہ دوں گا

۱۰۷ آہ! پھر موسمِ بہار آیا — دل میں میرے؛ خیالِ یار آیا

۱۰۸ اے چاند! تجھ میں نُورِ خدا ہے چمک رہا — جس سے کہ جامِ حُسن تِرا ہے چھلک رہا

۱۰۹ اب تو ہم ہیں؛ خزاں ہے، نالے ہیں — بُلبُلو! موسمِ بہار گیا

۱۱۰ آہوئے عِشق رِہ گیا باقی — عَنبرِیں مُو و مُشک بار گیا

۱۱۱ اے خدا! اس کا چارہ کیا؛ جس کا — غم کے بڑھتے ہی؛ غمگسار گیا

۱۱۲ آہیں بھرتا ہوا؛ ہوا حاضر — سینہ کوبان و سوگوار گیا

۱۱۳ اے خدا! کر دے مُنوَّر؛ سینہ و دل کو مِرے — سَر سے پا تک؛ مَیں بنوں مَخزَن تِرے اَنوار کا

۱۱۴ اُن کے ہاتھوں سے تو جامِ زہر بھی تریاق ہے — وہ پلائیں گر؛ تو پھر زَہرہ کسے اِنکار کا

۱۱۵ آہِ غریب کم نہیں؛ غَیظِ شہِ جہاں سے کُچھ — جس سے ہوا جہاں تباہ؛ دِل کا مِرے غُبار تھا

۱۱۶ اپنا ہی سب قُصُور ہے؛ اپنی ہی سب خَطا — اِلزام اُن پہ ظُلم و جَفا کا لگائیں کیا

۱۱۷ آنکھوں میں گھُس کے وہ؛ مِرے دل میں سَما گئے — مَسجِد کو اِک نگاہ میں بُت خانہ کر دیا

۱۱۸ اپنی خُوش اَخلاقیوں سے موہ لے دُشمن کا دِل — دِلبَری کر؛ چھوڑ سودا نالۂ دِل گِیر کا

۱۱۹ اے مِرے فرہاد! رکھ دے کاٹ کر کوہ و جَبَل — تیرا فَرضِ اوّلیں؛ لانا ہے جُوئے شِیر کا

۱۲۰ آپ ہی وہ آگئے؛ بیتاب ہو کر میرے پاس — درد جب دل کا بڑھا؛ تو خود ہی دَرماں ہوگیا

۱۲۱ اس دلِ نازک کے صدقے جو مِری لَغزِش کے وَقت — دیکھ کر میری پریشانی؛ پریشاں ہوگیا

۱۲۲ اِک مکمل گُلستاں ہے؛ وہ مِرا غُنچہ دَہَن — جب ہوا وہ خَندہ زَن؛ مَیں گُل بَداماں ہوگیا

۱۲۳ آگیا غیرت میں فوراً ہی؛ مِرا عیسیٰؑ نفس — مرتے ہی؛ پھر زندگی کا میری ساماں ہوگیا

۱۲۴ اے شاہِ مَعالی! آ بھی جا — اے ضَوءِ لَآلی! آ بھی جا

۱۲۵ اے شاہِ جلالی! آ بھی جا      اے رُوحِ جمالی! آ بھی جا

۱۲۶ اُمّیدیں روز ہی ہوتی تھیں پیدا؛ شکلِ نَو لے کر      مگر قلبِ حَزیں کو صبر آج آیا؛ نہ کل آیا

۱۲۷ آجاتے ہو تم یاد؛ تو لگتا ہوں تڑپنے      وَرنہ کیسے آرام سے سونا نہیں آتا

۱۲۸ آج کوئی بھی نظر آتا نہیں ساکِن ہمیں      ایک مُسلم ہے؛ کہ ہے آرام سے بیٹھا ہوا

۱۲۹ اَکابر جمع ہو کر بھنگیوں کے گھر بھی جائیں گے      کہیں گے؛ گر کرو گے کام ان کا، تو بُرا ہوگا

۱۳۰ اگر سَودے کی خاطر ہم کبھی بازار جائیں گے      ہر اِک تاجر کہے گا؛ جا میاں! وَرنہ بُرا ہوگا

۱۳۱ اب بھی کرو اِنکار؛ تو حیرت کیا ہے      مشہور ہے؛ بے شرم کی ہے دُور بلا

۱۳۲ اِک طرف تقدیرِ مُبرَم؛ اِک طرف عَرض و دُعا      فَضل کا پلڑا جھُکا دے؛ اے مِرے مُشکل کُشا!

۱۳۳ اے خدا! تُو نے جو یہ لڑکا دیا      کر اِسے سب خوبیاں بھی اب عطا

۱۳۴ اب مکرّر جو ہے پھر وقتِ مسیحا آیا      قیصرِ رُوم کا کیوں ثانی نہ پیدا ہوتا

۱۳۵ ابنِ مریم سے ہے جس طرح؛ یہ عالی رُتبہ      قیصرِ ہند بھی ہے؛ قیصرِ روما سے بڑا

۱۳۶ اس کے نزدیک ہو کے؛ دُور بھی تھا      دِلِ اُمّید وار؛ چُور بھی تھا

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۱۳۷ اپنے تئیں، جو آپ ہی؛ مُسلِم کہا، تو کیا      مُسلِم بنا کے خُود کو دِکھاتے؛ تو خُوب تھا

۱۳۸ اخلاق میں مَیں افضل، علم و ہنر میں اعلیٰ      احمد کی رَہ پہ چل کر، بدرالدجیٰ بنوں گا

# 'ب' سے 'الف'

## ('ب' سے شروع ہوکر 'الف' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 33 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 18 |
| v | کلام حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

### دُرِّ ثمین

۱ بھر گیا باغ اب تو پھولوں سے — آؤ بُلبُل چلیں؛ کہ وقت آیا

۲ بے خدا کوئی چیز کیونکر ہو — یہ سراسر خطا ہے ویدوں کا

۳ بادشاہی ہے تِری اَرض وسما دونوں میں — حکم چلتا ہے ہراِک ذرّہ پہ ہرآں تیرا

۴ بشیر احمدؔ جسے تو نے پڑھایا — شِفا دی آنکھ کو بینا بنایا

۵ برس میں ساتویں جب پیر آیا — تو سر پر تاج قرآںؔ کا سجایا

۶ بشارت دی؛ کہ اِک بیٹا ہے تیرا — جو ہوگا ایک دن محبوب میرا

۷ بہت ہم نے بھی اس میں زور مارا — خیالِستان کو جانچا ہے سارا

۸ بدبَخت تر تمام جہاں سے وہی ہوا — جو ایک بات کہہ کے ہی دوزخ میں جاگرا

## دُرِّعدن

۹ بھٹکے وہ جب کبھی؛ انہیں رستہ بتا دیا — بھولے سبق جو کوئی؛ اسے پھر پڑھا دیا
۱۰ بحرِ رحمت نے جوش فرمایا — بن کے ابرِ کرم جو تُو آیا

## کلامِ طاہر

۱۱ بہیں اَشک کیوں تمہارے؛ انہیں روک لو خدارا! — مجھے دکھ قبول سارے؛ یہ ستم نہیں گوارا
۱۲ بَن بیٹھے خدا بندے؛ دیکھا نہ مقام اس کا — طاغوت کے چیلوں نے ہتھیا لیا نام اس کا
۱۳ بِساطِ دنیا اُلٹ رہی ہے؛ حسین اور پائیدار نقشے — جہانِ نو کے اُبھر رہے ہیں؛ بدل رہا ہے نظام کہنا
۱۴ بڑھے چلو شاہراہِ دِینِ مَتیں پہ دَرّانا سائباں ہے — تمہارے سر پر خدا کی رحمت قدم قدم گام گام کہنا

## کلامِ محمود

۱۵ بھِڑ جاؤں؛ تو اُٹھتے ہوئے طُوفانوں سے، لیکن — کشتی کو سمندر میں ڈبونا نہیں آتا
۱۶ برطانیہ؛ جو تم پہ حکومت ہے کر رہا — تم جانتے نہیں ہو؛ کہ ہے بھید اِس میں کیا
۱۷ بابِ رحمت؛ خودبخود، پھر تم پہ وا ہوجائے گا — جب تمہارا قادرِمُطلق خدا ہوجائے گا
۱۸ بُلبُلہ پانی کا ہے انساں؛ نہیں کرتا خیال — ایک ہی صدمہ اُٹھا کر؛ وہ ہَوا ہوجائے گا
۱۹ بھلاؤں یاد سے کیونکر کلامِ پاک دِلبر ہے — جُدا مجھ سے تو اِک دَم کو بھی قرآں ہو نہیں سکتا
۲۰ بحرِ گُنہ میں پھر کبھی کشتی نہ ڈوبتی — ہم ناخدا، خدا کو بناتے؛ تو خوب تھا
۲۱ بیٹھا ہے فلک پر جو؛ اُسے اَب تو بُلاؤ — چُپ بیٹھے ہو کیوں تم؛ ہے یہی وقتِ دُعا کا
۲۲ بادِسموم نے اسے مُرجھا دیا ہے کیوں؟ — رہتا ہے کوئلہ کی طرح کیوں بُجھا ہوا
۲۳ بجا ہے ساری دُنیا ایک لفظِ 'مَیں' کا ہے نقشہ — جِدھر دیکھو، چمک اس کی؛ جِدھر دیکھو، ظُہور اس کا
۲۴ بتاؤں کیا؛ کہ شیطاں نے کہاں سے — کہاں لے جا کے ہے؛ اس کو گرایا
۲۵ باغ سُونا ہوا مِرا جب سے — شَجَرِ سبز و بار دار گیا
۲۶ بادِلِ رِیش و حالِ زار گیا — اس کی دَرگہ میں بار بار گیا
۲۷ بَن رہی ہے آسماں پر ایک پوشاکِ جدید — تانا بانا ٹوٹنے والا ہے اب کُفّار کا

۲۸ بے عمل و خطا شِعار بے کَس و بے وَقار تھا — پَر میری جان! یہ تو سوچ؛ کِن میں مِرا شُمار تھا

۲۹ بخشِشِ حق نے پالیا مجھ کو — کیا ہوا؛ مَیں اگر بھَلا نہ بنا

۳۰ بُلا رہے تھے اِشاروں سے باربار مجھے — مُراد مَیں ہی تھا؛ مجھ سے مگر خِطاب نہ تھا

۳۱ بَس ایک ٹھیس سے ہی پھَٹ کے رِہ گیا اے شیخؔ! — یہ کیا ہوا؛ تِرا دل تھا، کوئی حُباب نہ تھا

۳۲ بھاگا تھا اُن کو چھوڑ کے؛ یُونُسؑ کی طرح مَیں — لیکن اُنھوں نے بھاگ کے؛ پیچھے سے آلیا

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۳۳ برقی خیال دل میں سر میں رہے گا سودا — اس یار کو مَیں بھولوں، اتنا نہ محو ہوں گا

# 'پ' سے 'الف'

## ('پ' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 33 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 12 | دُرِّ ثمین | i |
| 6 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 4 | کلامِ طاہر | iii |
| 10 | کلامِ محمود | iv |
| 1 | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | v |

## دُرِّ ثمین

۱ پھر اس طرز پر یہ بنایا گیا — بحکمِ خدا پھر لکھایا گیا

۲ پہلے سمجھے تھے کہ موسیٰؑ کا عصا ہے فرقاںؔ — پھر جو سوچا؛ تو ہر اِک لفظ مسیحا نکلا

۳ پہلا فرزند ہے محمودؔ؛ مبارکؔ چوتھا — دونوں کے بیچ بشیرؔ اور شریفاںؔ تیرا

۴ پر مِرے پیارے! یہی کام تِرے ہوتے ہیں — ہے یہی فضل تِری شان کے شایاں تیرا

۵ پھر میرے بعد اوروں کی ہے انتظار کیا ‏ توبہ کرو؛ کہ جینے کا ہے اعتبار کیا
۶ پھر جب کہ تم میں خود ہی وہ ایماں نہیں رہا ‏ وہ نورِ مومنانہ؛ وہ عرفاں نہیں رہا
۷ پھر وہ خدا؛ جو مردہ کی مانند ہے پڑا ‏ پس کیا امید ایسے سے؛ اور خوف اس سے کیا
۸ پچیس سال سے ہے وہ مشغولِ افترا ‏ ہردِن، ہرایک رات؛ یہی کام ہے رہا
۹ پھر بھی وہ ایسے شوخ کو دیتا نہیں سزا ‏ گویا نہیں ہے یاد؛ جو پہلے سے کہہ چکا
۱۰ پر وہ خدا؛ جو عاجز و مسکیں کا ہے خدا ‏ حاکم کے دل کو میری طرف اس نے کردیا
۱۱ پر اپنے بدعمل کی سزا کو وہ پاگیا ‏ ساتھ اس کے یہ؛ کہ نام بھی کاذب رکھا گیا
۱۲ پیشگوئی کا جب انجام ہویدا ہوگا ‏ قدرتِ حق کا عجب ایک تماشا ہوگا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۳ پروا نہیں؛ باقی نہ ہو بے شک کوئی چارا ‏ کافی ہے ترے دامنِ رحمت کا سہارا
۱۴ پر خدا سے ڈرنے والے کب ڈرے اغیار سے ‏ بڑھ کے کب آگے قدم پیچھے ہٹا اخیار کا
۱۵ پھر نئی صورت میں ظاہر جلوۂ جاناں ہوا ‏ نور پھر اترا جہاں میں مبدءُالانوار کا
۱۶ پھینک کر شمشیر و خنجر آج دنیا کو دِکھا ‏ جذبِ صادق رعبِ ایماں عاشقانِ زار کا
۱۷ پھر دِکھادے مجھے مولا! میرا شاداں ہونا ‏ صحنِ خانہ کا میرے رشکِ گلستاں ہونا
۱۸ پھلے اور پھولے یہ گلشن تمہارا ‏ بھرے موتیوں سے یہ دامن تمہارا

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۹ پیکرِ ضبط تھا وہ صبر کا شہزادہ تھا ‏ اس کے گرویدہ تھے سب؛ ہرکوئی دِلدادہ تھا
۲۰ پیار میں جس کے عمر بیت گئی ‏ کیا فقط ایک دَم دلاسہ تھا؟
۲۱ پیاس بجھ نہ سکی کسی مَے سے ‏ جانے دل کس بَلا کا پیاسا تھا
۲۲ پھر دیگچی اٹھا کے؛ وہ تیزی سے چل پڑا ‏ حلوہ کی طرح منہ سے بھی پانی اُبل پڑا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲۳ پر کوئی موقع لڑائی کا جو آجاتا تھا ‏ ہر کوئی صاف وہاں آنکھیں چُرا جاتا تھا

۲۴ پر وہ رب؛ جس نے کہ سب کچھ ہی کیا پیدا — نہ تو ہے باپ کسی کا؛ نہ کسی کا بیٹا
۲۵ پَر جیسے اُس مسیح سے بڑھ کر ہے یہ مسیح — یہ سلطنت بھی پہلی سے ہے اَمن میں سِوا
۲۶ پہنچے گا جلد اپنے کیئے کی سزا کو وہ — اب بھی گماں جو بَد ہے؛ کسی بدگمان کا
۲۷ پَر حشر تلک بھی جو رہو اَشک فشاں تم — ہرگز نہ پتا پاؤ گے کچھ آہِ رسا کا
۲۸ پَر صُورتِ اَحوال اُنہیں جاکے بتا تُو — **شاھاں چہ عجب گر بنو ازند گدا را**
۲۹ پَر تجھے کیا مَحَلِّ شِکوہ ہے — یار کے پاس؛ اُس کا یار گیا
۳۰ پیٹ کے دھندوں کو چھوڑ؛ اور قوم کے فِکروں میں پڑ — ہاتھ میں شمشیر لے؛ عاشِق نہ بن، کف گیر کا
۳۱ پہلے تو دِل نے دکھائی؛ خودسَری بے اِنتہا — رَفتہ رَفتہ پھر یہ سَرکش بھی مُسلماں ہوگیا
۳۲ پیارے! تجھے غیر سے ہے کیا کام — آ آ مِرے دل کا راز ہوجا

﴾کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴿

۳۳ پھر برق مَیں بنوں گا، جل کر مَیں خاک ہوں گا — اکسیر جو بنادے، اکسیر مَیں وہ ہوں گا

# 'ت' سے 'الف'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | **تعداد کُل اشعار** | **64** |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 18 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 7 |
| iii | کلام طاہر | 15 |
| iv | کلام محمود | 23 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ تُو نے خود روحوں پہ اپنے ہاتھ سے چھڑکا نمک — اس سے ہے شورِ محبت عاشِقانِ زار کا
۲ تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں — کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدۂ دشوار کا
۳ تیرے ملنے کیلئے؛ ہم مِل گئے ہیں خاک میں — تا مگر درماں ہو کچھ؛ اس ہجر کے آزار کا
۴ تو رکھتا نہیں ایک دَم بھی رَوا — جو بیوی اور بچوں سے ہووے جدا
۵ تو انکار سے وقت کھوتا ہے کیا — تجھے کیا خبر؛ عشق ہوتا ہے کیا؟
۶ تجھے چولے سے کچھ تو آوے حیا — ذرا دیکھ ظالم! کہ کرتا ہے کیا
۷ تُو نے یہ دن دکھایا؛ محمودؔ پڑھ کے آیا — دل دیکھ کر یہ احساں؛ تیری ثنائیں گایا
۸ تیرا نبی جو آیا؛ اس نے خدا دکھایا — دینِ قویم لایا؛ بِدّعات کو مٹایا
۹ تُو نے اس عاجزہ کو چار دیے ہیں لڑکے — تیری بخشش ہے یہ؛ اور فضل نمایاں تیرا
۱۰ تُو نے اِن چاروں کی پہلے سے بشارت دی تھی — تُو وہ حاکم ہے؛ کہ ٹلتا نہیں فرماں تیرا
۱۱ تیرے احسانوں کا کیونکر ہو بیاں؛ اے پیارے! — مجھ پہ بے حد ہے کرم؛ اے مِرے جاناں تیرا
۱۲ تخت پر شاہی کے ہے مجھ کو بٹھایا تُو نے — دین و دنیا میں ہوا مجھ پہ ہے احساں تیرا
۱۳ تیرے احساں ہیں اے ربّ البرایا — مبارکؔ کو بھی پھر تُو نے جِلایا
۱۴ تجھے دنیا میں ہے کس نے پکارا — کہ پھر خالی گیا قِسمت کا مارا
۱۵ تو پھر ہے کس قدر اس کو سہارا — کہ جس کا تُو ہی ہے سب سے پیارا
۱۶ تجھے سب زوروقدرت ہے خدایا — تجھے پایا؛ ہر اِک مطلب کو پایا
۱۷ تو پھر اس پر خدائی کا گماں کیا — وگر قدرت بھی پھر وہ ناتواں کیا
۱۸ تم میں نہ رحم ہے، نہ عدالت؛ نہ اتّقا — پس اس سبب سے؛ ساتھ تمہارے نہیں خدا

## ﴾دُرِّ عدن﴿

۱۹ تیرا پایہ؛ تو بس یہی پایا — تیرے پانے سے ہی؛ خدا پایا
۲۰ تُو نے مجموعِ دو عالَم کو پریشاں کر دیا — عاشقوں کو تُو نے سرگرداں و حیراں کر دیا

۲۱ تیرے جلووں نے بہت ذرّے کئے خورشیدوار — خاک کی چٹکی کو مِثلِ ماہِ تاباں کر دیا

۲۲ تِرے ذائر ہیں تِرے اعجاز کے منت پذیر — واپسی کے چُن دئے دَر؛ دخل آساں کر دیا

۲۳ تیری خوں خواری مسلّم ہے تپِ عشقِ شدید — خود تو ہے کافر؛ مگر ہم کو مسلماں کر دیا

۲۴ تجھ کو روحانی خزائن ہیں مسیحا سے ملے — دونوں ہاتھوں سے لٹا؛ اے صاحبِ جود و سخا

۲۵ تجھ کو ہمارا کچھ بھی نہیں غم؛ غضب ہوا — بَدتَر یہودیوں سے ہوئے ہم؛ غضب ہوا

## کلامِ طاہر

۲۶ تم سچے؛ تو جگ میں کون رہا جھوٹا — ہم جھوٹے؛ تو سچا کون رہا ہوگا

۲۷ تنگ آئے ہیں روز کی بک بک جھک جھک سے — کرگزرو؛ جو کچھ تم نے کرنا ہوگا

۲۸ تم پر بھی تو ایک عدالت بیٹھے گی — جیسا کیا ہے؛ ویسا ہی بھرنا ہوگا

۲۹ تم میں اگر ہے اَچھا ایک؛ ہزار بُرے — ہم میں ایک بُرا؛ تو ہزار اَچھا ہوگا

۳۰ تیرے جِلَو میں ہی مِرا اُٹھتا ہے ہرقدم — چلتا ہوں خاکِ پا کو تِری چُومتا ہوا

۳۱ تُو وہ؛ کہ میرے دِل سے جگر تک اُتر گیا — مَیں وہ؛ کہ میرا کوئی نہیں ہے تِرے سِوا

۳۲ توڑ دیا ظلمات کا گھیرا؛ دُور کیا ایک ایک اندھیرا — جاء الحق وزھق الباطل؛ ان الباطل کان زھوقا

۳۳ تبلیغِ احمدیت؛ دنیا میں کام میں اپنا — دارالعمل ہے گویا عالَم تمام اپنا

۳۴ تمہاری خوشیاں جھلک رہی ہیں؛ مرے مقدر کے ذائچے میں — تمہارے خونِ جگر کی مَے سے ہی؛ میرا بھرتا ہے جام کہنا

۳۵ تمہاری خاطر ہیں میرے نغمے؛ مِری دعائیں تمہاری دولت — تمہارے درد و اَلَم سے تَر ہیں؛ مِرے سجود و قیام کہنا

۳۶ تمہیں مٹانے کا زعم لے کر؛ اُٹھے ہیں جو خاک کے بگولے — خدا اُڑا دے گا خاک اُن کی؛ کرے گا رُسوائے عام کہنا

۳۷ تجھ پر میری جان نچھاور؛ اتنی کرپا اِک پاپی پر — جس کے گھر نارائن آیا؛ وہ کیڑی سے بھی کمتر تھا

۳۸ تم نے بھی مجھ سے تعلق کوئی رکھا ہوتا — کاش! یوں ہوتا؛ تو میں اتنا نہ تنہا ہوتا

۳۹ تھا وہ تعبیر میرے خوابوں کی — یا ہیولیٰ سا خواب کا سا تھا

۴۰ تیرا غُلامِ دَر ہوں؛ تِرا ہی اَسیرِ عِشق — تُو میرا بھی حبیب ہے؛ محبوبِ کِبریاؐ

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴۱ تیرا ہر ہر لفظ؛ اے پیارے مسیحائے زماں! — حق کے پیاسوں کیلئے؛ آبِ بقا ہوجائے گا

۴۲ تیرے جاتے ہی؛ تِرا خیال چلا آتا ہے — تیرے جانے میں بھی؛ آنے کا تماشا دیکھا

۴۳ تیری آنکھوں میں ہے دیکھی مَلَکُ المَوت کی آنکھ — ہم نے ہاتھوں میں تِرے قبضہ قضا کا دیکھا

۴۴ تیری غُصّہ بھری آنکھوں کو جو دیکھا مَیں نے — حُور کی آنکھ میں؛ دوزخ کا نظارہ دیکھا

۴۵ تم اُمَّتِ محمّدِ خیر الرسل سے ہو — ہے لُطف و فضل تم پہ اسی مہربان کا

۴۶ توحید کا سبق ہی جو تعلیمِ شِرک ہے — ہاں! کُفر ہے بتانا اگر حَق بیان کا

۴۷ تو ایسے شِرک پر ہوں فِدا؛ مال و آبرُو — اور ایسے کُفر روگ بنے؛ میری جان کا

۴۸ تھوڑی سی بھی تکلیف مِری؛ اُن پہ گِراں تھی — کرتے نہ تھے اِک کانٹے کا چُبھنا بھی گوارا

۴۹ تم ہو میری راحتِ جاں؛ تم سے وابستہ ہے اَرماں — زور سے پکڑوں گا داماں؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۵۰ تم تو میرے ہو چکے ہو؛ — میرے دل میں بَس رہے ہو؛
تم مِرے گھر کے دِیے ہو — مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۵۱ تِری دَرگہ میں اِک اُمّید لے کر — تِرا اِک بندۂ عاصی ہے آیا

۵۲ تو ہِر پھِر کر یہی تدبیر سُوجھی — تِری تقدیر کا دَر کھٹکھٹایا

۵۳ تِری دَرگاہ میں؛ وہ آخِرُالامر — تمنّا دِل میں لے کر ہے یہ آیا

۵۴ تُو وہ دُھونی محبت کی رَما کر — جَلا دے سب جَہالت اور مایا

۵۵ تیری رَہ میں؛ موت سے بڑھ کر نہیں عِزَّت کوئی — دار پر سے ہے گزرتا؛ راہ تیرے دار کا

۵۶ تجھ سے مِل کر؛ نہ غیر کو دیکھوں — غیر کا مجھ کو مُبتَلا نہ بنا

۵۷ تیری صنعت پہ حَرف آتا ہے — توڑ دے؛ پر مجھے بُرا نہ بنا

۵۸ تھا یادگار تِری؛ کیوں مٹا دیا اُس کو مِرا یہ دَردِ محبت کوئی عذاب نہ تھا

۵۹ تُو میرے دل میں؛ دل تجھ میں قَــصــدِی و مَـنَــا لِــی! آ بھی جا

۶۰ تعلّق چھوڑ دیں گے؛ باپ ماں، بھائی برادر، سب جو اَب تک یارِ جانی تھا؛ وہ کل ناآشنا ہوگا

۶۱ تبھی توحید کا بھی لُطف آئے گا ہمیں صاحِب! زمیں پر بھی خُدا ہوگا؛ فلک پر بھی خُدا ہوگا

۶۲ تیری اُلفت کا جو شکار ہوا مَر کے؛ پھر زِندہ لاکھ بار ہوا

۶۳ تیرا دِلدادہ ہو؛ دِیں پر ہو فِدا ہو یہ عاشق احمدِ مختار کا

﴿کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۶۴ تبلیغِ دِین میں؛ لگا دیتے زندگی بے فائدہ نہ وَقت گنواتے؛ تو خُوب تھا

# 'ٹ' سے 'الف'

('ٹ' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 4 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 3 |

﴿کلامِ طاہر﴾

۱ ٹھہریں تو ذرا دیکھیں؛ خفا ہی تو نہ ہوجائیں جانا ہے؛ تو کچھ درس تو دیں، صبرورَضا کا

﴿کلامِ محمود﴾

۲ ٹھہراتے ہیں کافر اُسے؛ جو ہادیٔ دِیں ہے یہ خوب نمونہ ہے یہاں کے علمأ کا

۳ ٹوٹ جائیں کس طرح سے عہد کے مَضبوط رِشتے اس لیے ہم کیا ملے تھے مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۴ ٹوٹی ہوئی کمر کا؛ اللہ ہی ہے سہارا اللہ ہی ہے ہمارا؛ اللہ ہی ہو تمھارا

# 'ج' سے 'الف'

('ج' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 58 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 15 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 6 |
| iv | کلامِ محمود | 33 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جو خاک میں مِلے؛ اُسے ملتا ہے آشنا — اے آزمانے والے! یہ نسخہ بھی آزما

۲ جو پوشیدہ رکھنے کی تھی اِک خطا — یہ کفّارہ اس کا ہے اے باوَفا!

۳ جسے دُور سے وہ نظر آتا تھا — اسے چولہ خود بھید سمجھاتا تھا

۴ جلنے سے آگے ہی یہ لوگ تو جَل جاتے ہیں — جن کی ہر بات؛ فقط جھوٹ کا پُتلا نکلا

۵ جب تجھ سے دل لگایا؛ سوسو ہے غم اٹھایا — تَن خاک میں ملایا؛ جاں پر وَبال آیا

۶ جس نے دل تجھ کو دیا؛ ہوگیا سب کچھ اس کا — سب ثنا کرتے ہیں؛ جب ہووے ثناخواں تیرا

۷ جب اپنے پاس اِک لڑکا بلایا — تو دے کر چار؛ جلدی سے ہنسایا

۸ جب آئیگا؛ تو صلح کو وہ ساتھ لائے گا — جنگوں کے سلسلہ کو وہ یکسر مٹائے گا

۹ جو کچھ میری مراد تھی؛ سب کچھ دِکھا دیا — مَیں اِک غریب تھا؛ مجھے بے انتہا دیا

۱۰ جھوٹا تھا مفتری تھا تبھی یہ ملی سزا — آخر میری مدد کیلئے؛ خود اُٹھا خدا

۱۱ جو مفتری تھا؛ اس کو تو آزاد کر دیا — سب کام اپنی قوم کا؛ برباد کر دیا

۱۲ جس کی مدد کے واسطے؛ لوگوں میں جوش تھا　　جس کا ہرایک دُشمنِ حق عیب پوش تھا
۱۳ جڑ ہے ہر ایک خیر و سعادت کی اِتّقا　　جس کی یہ جڑ رہی ہے؛ عمل اس کا سب رہا
۱۴ جو ہمارا تھا؛ وہ اب دِلبر کا سارا ہوگیا　　آج ہم دِلبر کے؛ اور دِلبر ہمارا ہوگیا
۱۵ جھوٹ اور سچ میں جو ہے فرق؛ وہ پیدا ہوگا　　کوئی پاجائے گا عزت؛ کوئی رُسوا ہوگا

## دُرِّ عدن

۱۶ جب دلِ صافی میں دیکھا عکس روئے یار کا　　بَن گیا وہ بحرِعالَم آئینہ ابصار کا
۱۷ جس نے دیکھا اس کو اپنی ہی جھلک آئی نظر　　مدتوں جھگڑا چلا دنیا میں؛ نور و نار کا
۱۸ جھوٹ کے منہ سے اترنے جب لگی پھٹ کر نقاب　　ہوگیا دشوار سینا؛ اس کے اِک اِک تار کا
۱۹ جب سے تجویزِ سفر تھی؛ سب تھے مصروفِ دعا　　خود امیرُ المومنیں؛ اور ہر غلامِ با وَفا

## کلامِ طاھر

۲۰ جھوٹو! تم نے ٹھیک الزام دھرا ہوگا　　اللہ والوں ہی نے کفر بکا ہوگا
۲۱ جب تصور کے نہاں خانہ میں ھنگامۂ عشق　　ہم بَپا کرتے؛ تو کچھ اُس کا نہ چرچا ہوتا
۲۲ جانتا کون ہمارے دلِ شوریدہ کا خواب　　دیکھتا کون؛ جو ہم دونوں نے دیکھا ہوتا
۲۳ جب بھی وہ آیا؛ ساتھ نغمہ سَرا　　آرزوؤں کا طائفہ سا تھا
۲۴ جب گیا؛ حسرتوں کا اس کے ساتھ　　ایک غمناک جمگھٹا سا تھا
۲۵ جب قیصؔ نے کہا؛ تمہیں امّی بلاتی ہیں　　امّی کا نام سنتے ہی؛ بس وہ ٹھِٹھَر گیا

## کلامِ محمود

۲۶ جو کہ قادر ہے؛ جسے کچھ بھی نہیں ہے پَروا　　ٹھیک کر دے اُسے دَم میں؛ کہ ہو جو کچھ بگڑا
۲۷ جس نے خُدا کے پاس سے آنا تھا؛ آچکا　　لو آکے بوسہ سنگِ دَرِ آستان کا
۲۸ جو کہ شمعِ رُوئے دِلبر پر فِدا ہوجائے گا　　خاک بھی ہوگا؛ تو پھر خاکِ شِفا ہوجائے گا
۲۹ جو کوئی اُس یار کے دَر کا گدا ہوجائے گا　　مُلکِ رُوحانی کا وہ فرماں رَوا ہوجائے گا
۳۰ جس کو تم کہتے ہو یارو! یہ فَنا ہوجائے گا　　ایک دِن سارے جہاں کا پیشوا ہوجائے گا

۳۱ جو کوئی تقویٰ کرے گا؛ پیشوا ہوجائے گا  قِبلہ رُخ ہوتے ہوئے؛ قِبلہ نُما ہوجائے گا

۳۲ جس کا مَسلک؛ زُھد و ذِکر و اِتّقا ہوجائے گا  پنجۂ شیطاں سے وہ؛ بالکل رِہا ہوجائے گا

۳۳ جو کوئی؛ دریائے فِکرِ دِیں میں ہوگا غوطہ زَن  مَیل اُتر جائے گی اس کی؛ دِل صَفا ہوجائے گا

۳۴ جب کبھی دیکھی ہیں؛ یہ تیری غزالی آنکھیں  مَیں نے دنیا میں ہی؛ فِردَوس کا نقشہ دیکھا

۳۵ جاہ وعِزّت تو گئے؛ کِبر نہ چھُوٹا مُسلم!  بھُوت تو چھوڑ گیا تجھ کو؛ پہ سایہ نہ گیا

۳۶ جانِ محمود تِرا حُسن ہے؛ اِک حُسن کی کان  لاکھ چاہا؛ پہ تِرا نَقش اُڑایا نہ گیا

۳۷ جس پر مجھے اُمّید تھی؛ شافِع مِرا ہوگا  اِس ساعتِ عُسرَت میں ہے اُس نے بھی بِسارا

۳۸ جو تُو نے دی تھی اس کو طاقتِ خیر  وہ کر بیٹھا ہے اس کا بھی صفایا

۳۹ جہاں کا چپّہ چپّہ دیکھ ڈالا  مگر کوئی ٹھِکانا بھی نہ پایا

۴۰ جَآءَ بِتِریَاقِ مُزِیلِ سِقَامَنَا  غَابَت غَوَایَتُنَا بِکُلِّ سُمُومِھَا

۴۱ جس پیار کی نِگہ سے؛ ہمیں دیکھتا ہے وہ  اُس پیار کی نِگاہ سے؛ دیکھیں گی مائیں کیا

۴۲ جامِ شراب و سازِ طَرَب رَقصِ پُر خَرُوش  دنیا میں دیکھتا ہوں مَیں؛ یہ دائیں بائیں کیا

۴۳ جو بھی دینا ہے؛ آپ ہی دے دے  مجھ کو اَغیار کا گدا نہ بنا

۴۴ جس کے نیچے ہوں سب جمع عُشّاق  اپنی رحمت کا شامِیانہ بنا

۴۵ جو لگے تیرے ہاتھ سے زَخم؛ نہیں عِلاج ہے  میرا نہ کچھ خیال کر؛ زَخم یُونہی لگائے جا

۴۶ جادُو بھرا ہُوا ہے وہ؛ آنکھوں میں آپ کی  اچھے بھَلے کو دیکھ کے؛ دیوانہ کردِیا

۴۷ جو دل پہ ہجر میں گُزری؛ بتاؤں کیا پیارے!  عذاب تھا؛ وہ مِرے دل کا اِضطِراب نہ تھا

۴۸ جو پُورا کرتے اُسے آپ؛ کیا خرابی تھی؟  مِراخیال؛ کوئی بوالہَوَس کا خواب نہ تھا

۴۹ جاجاکے اُن کے دَر پہ؛ تھکے پاؤں جب مِرے  وہ چال کی؛ کہ اُن کو ہی دل میں بسالیا

۵۰ جُونہی دیکھا اُنھیں؛ چشمہ محبت کا اُبل آیا  درختِ عِشق میں مایُوسیوں کے بعد پھَل آیا

۵۱ جو کام کا تھا وَقت؛ وہ رورو کے گزارا  اَب رونے کا ہے وَقت؛ تو رونا نہیں آتا

۵۲ جس نے فضلِ اِیزدی کی راہیں سب مَسدود کیں  ہے اسی مُلّا کو مُسلم نے بنایا راہ نُما

۵۳ جنابِ مولوی تشریف لائیں گے؛ تو کیا ہوگا وہ بھڑکائیں گے لوگوں کو؛ مگر اپنا خُدا ہوگا
۵۴ جو اس کا مال لُوٹے گا؛ وہ ہوگا داخلِ جنّت جو حملہ اس کی عِزّت پر کرے گا؛ باصَفا ہوگا
۵۵ جو اِس کے ساتھ چھُو جائے؛ اَچھُوتوں کی طرح ہوگا جو اِس سے بات کر لے گا؛ وہ شیطاں سے بُرا ہوگا
۵۶ جو اپنی زندگی؛ اُن کی غُلامی میں گزارے گا بنے گا رہنمائے قوم؛ فخر الانبیاء ہوگا
۵۷ جا دھُونی رَما دے اُس کے دَر پر اَنجام سے بے نیاز ہوجا
۵۸ جاتے ہوئے حُضُور کی تقدیر نے جناب! پاؤں کے نیچے سے مِرے پانی بہا دِیا

# 'چ' سے 'الف'

## ('چ' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 22 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 12 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ چاند کو کل دیکھ کر؛ مَیں سخت بے کل ہوگیا کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں؛ اُس میں جمالِ یار کا
۲ چشمۂ خورشید میں؛ موجیں تیری مشہود ہیں ہرستارے میں تماشا ہے؛ تیری چمکار کا
۳ چشمِ مَستِ ہرحَسیں؛ ہردَم دِکھاتی ہے تجھے ہاتھ ہے تیری طرف؛ ہرگیسوئے خَمدار کا
۴ چُن لیا تُو نے مجھے اپنے مسیحا کیلئے سب سے پہلے یہ کرم ہے؛ میرے جاناں تیرا

## ﴾دُرِّ عدن﴿

۵ چُن لیا اِک عاشقِ خیرالرُسل شیدائے دِیں — جس کی رَگ رَگ میں بھرا تھا عشق اپنے یار کا

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۶ چارہ گروں کے غم کا چارہ؛ دُکھیوں کا اِمدادی آیا — راہنما بے راہرووں کا؛ راہبروں کا ہادی آیا

۷ چاروں اور بجی شہنائی؛ بھجنوں نے اِک دُھوم مچائی — رُت بھگوان مِلن کی آئی؛ پیتم کا دَرشن گھر گھر تھا

۸ چھاچکی ہوتی جدائی کی سسکتی ہوئی رات — مجھے بانہوں میں شبِ غم نے لپیٹا ہوتا

۹ چارسُو تم نہ دکھائی کہیں دیتے؛ اِک مَیں — اپنے ہی اَشکوں میں بھیگا ہوا لیٹا ہوتا

## ﴾کلامِ محمود﴿

۱۰ چار سُو مُلک میں تھا ہو رہا شور و غوغا — بلکہ سچ ہے؛ کہ نمونہ وہ قیامت کا تھا

۱۱ چاروں اَطراف میں پھیلا تھا غرض اندھیرا — لشکرِ یاس نے؛ ہر سمت سے تھا، آگھیرا

۱۲ چاہا اگر خُدا نے؛ تو دیکھو گے جلد ہی — چاروں طرف ہے شور بَپا؛ الاماں کا

۱۳ چھوڑ دو اَعمالِ بَد کے ساتھ بَدصُحبت بھی تم — زخم سے انگور مِل کر؛ پھر ہرا ہوجائے گا

۱۴ چھُپا ہے اَبر کے پیچھے؛ نظر آتا نہیں مجھ کو — مَیں اس کے چاند چہرہ پر قرباں ہو نہیں سکتا

۱۵ چھُپیں وہ لاکھ پَردوں میں؛ ہم ان کو دیکھ لیتے ہیں — خیالِ رُوئے جاناں؛ ہم سے پِنہاں ہو نہیں سکتا

۱۶ چھائی ہوئی ہے اُس پہ بھلا مُردنی یہ کیوں؟ — جیسے کہ وَقتِ صبح؛ دِیا ہو بُجھا ہُوا

۱۷ چین سے بیٹھتے؛ تو بیٹھتے کس طرح سے ہم — دُور بیٹھا نہ گیا؛ پاس بُٹھایا نہ گیا

۱۸ چھُٹ گیا ہاتھوں سے میرے؛ دامنِ صبروشکیب — چَل گیا دِل پر مِرے؛ جادُو تری رَفتار کا

۱۹ چھوڑنا ہے جو نَقش عالَم پر — کَس کَمر؛ عَزمِ مُقبِلانہ بنا

۲۰ چال عُشّاق کی چلوں مَیں بھی — تُو بھی انداز دِلبَرانہ بنا

۲۱ چھِڑک دیا جو فَضاؤں پہ عَفو کا پانی — وہ کونسا تھا بَدَن؛ جو کہ آب آب نہ تھا

## ﴾کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴿

۲۲ چمکوں گا مَیں فلک پر، جیسے ہو کوئی تارا — بھولوں کو رَہ پہ لاوے، ایسی مَیں شمع ہوں گا

# 'ح' سے 'الف'

('ح' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 11 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 2 | دُرِّ ثمین | i |
| 3 | دُرِّ عدن | ii |
| 1 | کلامِ طاہر | iii |
| 5 | کلامِ محمود | iv |

## دُرِّ ثمین

۱ حق کی توحید کا مرجھا ہی چلا تھا پودا ناگہاں غیب سے؛ یہ چشمۂ اصفٰی نکلا

۲ حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب خوبوں کو بھی تو تم نے مسیحا بنا دِیا

## دُرِّ عدن

۳ حق نے بندوں پہ رحم فرمایا اِک نمونہ بنا کے دکھلایا

۴ حکم فرمایا 'قلم تھامے ہوئے میداں میں آ' صفحۂ قرطاس سے ردّ کر عدُو کے وار کا

۵ حق و باطل میں کرے گی چشمِ بینا امتیاز ہوگیا آخر نمایاں فرق نور و نار کا

## کلامِ طاہر

۶ حُسن کی چاندنی سے تابندہ پھول چہرہ کِھلا کِھلا سا تھا

## کلامِ محمود

۷ حکمِ رَبیّ سے یہ ہے پیچھے پڑا شیطان کے اس کے ہاتھوں سے؛ اب اس کا فیصلہ ہوجائے گا

۸ حق پہ ہم ہیں؛ یا کہ یہ حسّاد ہیں، جھگڑا ہے کیا فیصلہ اس بات کا؛ روزِ جزا ہو جائے گا

۹ حِرص و ہوا و کِبر و تغلُّب کی خواہشات چمٹی ہوئی ہیں دامنِ دل سے بَلائیں کیا
۱۰ حَیف اس پر؛ جس کو رَدّی جان کر پھینکا گیا وَرنہ ہر ہر گُل چمن کا؛ نذرِ جاناں ہوگیا
۱۱ حاصِل ہو سکُوں؛ چھولُوں اگر دامنِ دِلبر دامن کا مگر ہاتھ میں کونا نہیں آتا

# 'خ' سے 'الف'

## ('خ' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 27 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 5 | دُرِّ ثمین | i |
| 3 | دُرِّ عدن | ii |
| 5 | کلام طاہر | iii |
| 14 | کلامِ محمود | iv |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ خطا وار ہوں؛ مجھ کو وہ رَہ بتا کہ حاصل ہو جس رَہ سے تیری رضا
۲ خدا نے جو لکھا؛ وہ کب ہو خطا وہی ہے خدا کا کلامِ صفا
۳ خوبرویوں میں ملاحت ہے تیرے اس حسن کی ہرگل وگلشن میں ہے رنگ اس تیرے گلزار کا
۴ خدایا! اے میرے پیارے خدایا! یہ کیسے ہیں تیرے مجھ پر عطایا
۵ خدا نے پھر تمہیں اب ہے بلایا کہ سوچو! عزّتِ خیرُ البرایا

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۶ ختم ہیں تجھ پر جہاں کی شوخیاں عیّاریاں کیسے کیسے تُو نے عیّاروں کو نالاں کردِیا

۷ خوب بھڑکی آگ؛ عالَم بَن گیا دارُالفساد — ابتداء سے کام ہے ہیزم کشی کفار کا

۸ خلقتِ اِنس میں ہے اُنس و محبت کا خمیر — گر محبت نہیں؛ بیکار ہے انساں ہونا

## کلامِ طاہر

۹ خیرات ہو مجھ کو بھی اِک جلوۂ عام اس کا — پھر یُوں ہو؛ کہ ہو دِل پر الہام، کلام اُس کا

خدا کے شیرو! تمہیں نہیں زیب؛ — گرجتے آگے بڑھو!

۱۰ خوف جنگل کے باسیوں کا — کہ زیرِ نگیں کرو ہر مقام کہنا

۱۱ خَمِ لَب؛ برگِ گل کی انگڑائی — دَہَن غنچہ؛ نیم وا سا تھا

۱۲ خوش تکلم سا؛ خوش ادا سا تھا — بے تکلف سا؛ بے رِیا سا تھا

۱۳ خامشی میں؛ سرودِ بے آواز — گفتگو میں؛ غزل سَرا سا تھا

## کلامِ محمود

۱۴ خدایا! اس بَنی پر، اور بَنے پر؛ فضل کر اپنا — اوران کے دل میں پیدا کردے جوشِ دِیں کی خدمت کا

۱۵ خاک میں مِل کرملیں گے تجھ سے یاربّ! ایک دِن — درد جب حد سے بڑھے گا؛ تو دَوا ہوجائے گا

۱۶ خُدارا! خواب میں ہی آ کے اپنی شکل دِکھلا دے — بَس اَب تو صبر مجھ سے اے مِری جاں! ہونہیں سکتا

۱۷ خُدایا! مُدّتیں گذریں؛ تڑپتے تیری فُرقت میں — تیرے مِلنے کا کیا کوئی بھی ساماں؛ ہونہیں سکتا

۱۸ خاک کے پُتلے تو دُنیا میں بہت دیکھے تھے — پَر کبھی ایسا نہ تھا نُور کا پُتلا دیکھا

۱۹ خالی ہے فَرحت اور مُسَرَّت سے؛ کیا سبب — رہتا ہے آبلہ کی طرح کیوں بھرا ہوا

۲۰ خواہ تم کِتنا ہی ڈانٹو؛ خواہ تم کِتنا ہی کوسو — خواہ تم کِتنا ہی جِھڑکو؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۲۱ خواہ مجھ سے رُوٹھ جاؤ؛ مُنہ نہ سالوں تک دِکھاؤ — یاد سے اپنی بُھلاؤ؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۲۲ خُدایا! اے مِرے پیارے خُدایا! — اِلٰہُ العَالَمِیں؛ رَبُّ البَرایا

۲۳ خاک کر دے؛ مِلادے مٹّی میں — پَر مِرے دِل کو بے وَفا نہ بنا

۲۴ خالی اُمیّد ہے فُضول؛ سَعیٔ عَمَل بھی چاہیے — ہاتھ بھی تُو ہِلائے جا؛ آس کو بھی بڑھائے جا

۲۵ خُم کی طرف نِگاہ کی ساقی نے جب کبھی — مَیں نے بھی اُس کے سامنے پیمانہ کردِیا

۲۶ خطائیں کیں، جفائیں کیں؛ ہراِک ناکردَنی کرلی ‏ کِیا سب کچھ؛ مگر پیشانی پر اُن کے نہ بل آیا

۲۷ خِدمَت میں ہی عِشق کا مزا ہے ‏ محمودؔ نہ بن؛ ایاز ہوجا

# 'د' سے 'الف'

## ('د' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 50 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | دُرِّعدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 12 |
| iv | کلامِ محمود | 28 |
| v | کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دنیا کو ایسے قصوں نے یک سر تبہ کیا ‏ مشرک بنا کے کفر دیا؛ رُوسِیہ کیا

۲ دو عضو اپنے جو کوئی ڈر کر بچائے گا ‏ سیدھا خدا کے فضل سے جنت میں جائے گا

۳ دیکھو خدا نے ایک جہاں کو جھکا دیا ‏ گُم نام پا کے شہرۂ عالم بنا دِیا

۴ دیکھو یہ شخص اب تو سزا اپنی پائے گا ‏ اب بِن سزائے سخت یہ بچ کر نہ جائے گا

۵ دشمن کا بھی خوب وار نکلا ‏ تِس پر بھی وہ آر پار نکلا

۶ دل میں مکر یہی ہے؛ کہ مرنا نہیں کبھی ‏ ترک اس عیال و قوم کو کرنا نہیں سمجھا

۷ دِینِ خدا وہی ہے؛ جو ہے وہ خدانُما ‏ کِس کام کا وہ دِیں؛ جو نہ ہووے گِرہ کشا

## دُرِّ عدن

۸ دل میں ایمان ویقیں ہے؛ ہاتھ میں قرآں ہے — تشنہ روحوں کو پلادو شربتِ وَصل و بقا
۹ دل سے خدا کا نقشِ محبت مٹا دیا — اتنے بڑھے؛ کہ خوف بھی دل سے اُٹھا دیا

## کلامِ طاہر

۹ دن رات درود اُس پر؛ ہراَدنیٰ غلام اُس کا — پڑھتا ہے بَصَد منت: جیتے ہوئے نام اُس کا
۱۰ دل اُس کی محبت میں ہرلحظہ تھا رام اُس کا — اخلاص میں کامل تھا؛ وہ عاشقِ تام اُس کا
۱۱ دیارِمغرب سے جانے والو! دیارِمشرق کے باسیوں کو — کسی غریب الوطن مسافر کی چاہتوں کا سلام کہنا
۱۲ دیکھو اِک شاطردشمن نے کیسا ظالم کام کیا — پھینکا مکر کا جال؛ اور طائرحق زیرِ الزام کیا
۱۳ دیکھو پھر تقدیرِخدا نے کیسا اُسے ناکام کیا — مکر کی ہر بازی اُلٹا دی؛ دَجل کوطشت اَز بام کیا
۱۴ دیس بَدیس لئے پھرتا ہوں؛ — میرے مَن میں آن بَسی ہے؛
اپنے دل میں اُس کی گتھائیں — تَن مَن دھن جس کے اندر تھا
۱۵ دل میں ہر لحظہ دھڑکتا یہ تمہارا اِحساں — اُس کی ہر ضَرب سے سینے میں اُجالا ہوتا
۱۶ دل دھڑکتے جو کبھی راہ میں ملتے سرِعام — بے دھڑک پیار کے اظہار کا دھڑکا ہوتا
۱۷ دُور اِک عارِضِ گیتی پہ ڈھلکتا ہوا اَشک — دیدۂ شب سے اُفق پار چھلکتا ہوتا
۱۸ دھوپ میں سائے دار؛ اُس کا پیار — اور اندھیروں میں؛ اِک دِیا سا تھا
۱۹ دل میں گھر کر گیا؛ وہ دل کا چور — دل نشیں کتنا دِلربا سا تھا
۲۰ دیدۂ ہوش جب کُھلا دیکھا — ہر طرف پھر وہی خلا سا تھا

## کلامِ محمود

۲۱ دِین و دنیا میں بڑا ہو مرتبہ — عمر و صحت بھی اسے کر تُو عطا
۲۲ دیکھ کر اپنی یہ حالت؛ اسے جب رحم آیا — دیکھو انگلینڈ سے اس قوم کو یاں لے آیا
۲۳ دِکھلاکے ہم کو تازہ نِشانات و مُعجزات — چہرہ خُدائے عَزَّوَجَل کا دِکھا دِیا
۲۴ دُشمنِ جانی جو ہوگا؛ آشنا ہوجائے گا — بُوم بھی ہوگا اگر؛ گھر میں ہُما ہوجائے گا

۲۵ دیکھ لینا ایک دِن؛ خواہش بَرآئے گی مِری — میرا ہر ذرّہ؛ محمدؐ پر فِدا ہو جائے گا
۲۶ دیر کرتے ہیں جو نیکی میں؛ ہے کیا ان کا خیال — مَوت کی ساعت میں بھی؛ کچھ اِلتوا ہوجائے گا
۲۷ دُشمنِ اِسلام جب دیکھیں گے اِک قہری نِشاں — جاں نکل جائے گی ان کی؛ دَم فَنا ہوجائے گا
۲۸ دِلبر سے رابطہ جو بڑھاتے؛ تو خُوب تھا — یُوں عُمر رایئگاں نہ گنواتے؛ تو خُوب تھا
۲۹ دُنیائے دُوں کو آگ لگاتے؛ تو خُوب تھا — کُوچہ میں اس کے دھُونی رَماتے؛ تو خُوب تھا
۳۰ دیکھ کر اس کو؛ ہیں دُنیا کے حَسیں دیکھ لئے — کیا بتاؤں؛ کہ تِرے چہرہ میں ہے کیا دیکھا
۳۱ دیکھ کر اَرض و سَما؛ بارِ گِرانِ تَشریع — رِہ گئے شَشدر و حیران؛ اُٹھایا نہ گیا
۳۲ دُنیا کی نِگہ پڑتی تھی جن ماہ وَشوں پر — وہ بھی مجھے رکھتے تھے دِل و جان سے پیارا
۳۳ دِل میں رکھوں گا چھُپا کر؛ آنکھ کی پُتلی بنا کر — اپنے سینے سے لگا کر؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا
۳۴ دِلبر ہے وہ ہمارا؛ تم اس سے چاہ رکھنا — مشکل کے وَقت دونوں؛ اُس پر نگاہ رکھنا
۳۵ درد ہی درد رہ گئی ہے اَب — عیشِ دُنیا کا سب خُمار گیا
۳۶ دِلِ اندوہگیں کو لے کر ساتھ — چاکِ دامان و اَشکبار گیا
۳۷ دَخَلَت صُفُوفَ عِدًى بِغَيرِ رَوِيَّةٍ — فَازَت جَمَاعَةُ صَحبِهٖ بِقُحُومِهَا
۳۸ دیر کے بعد وہ مِلے؛ اُٹھ کے مِلے، کیسے سَکَت — دِل میں خوشی کی لہر تھی؛ آنکھ سے اَشکبار تھا
۳۹ دَردِ نہاں کا حال کسی کو سُنائیں کیا — طُوفان اُٹھ رہا ہے جو دِل میں؛ بتائیں کیا
۴۰ دُنیا ہے ایک زالِ عُمر خوردہ و ضَعیف — اس زالِ زِشت رُو سے بھلا دل لگائیں کیا
۴۱ دامن تہی ہے، فِکر مَشوَّش؛ نِگہ غَلَط — آئیں تو تیرے دَر پہ؛ مگر ساتھ لائیں کیا
۴۲ دِل کو لے کر؛ مَیں کیا کروں پیارے! — تُو اگر میرا دِلرُبا نہ بنا
۴۳ دِل و دِلبر میں چھیڑ جاری ہے — ہے یہ اِک طُرفہ شاخسانہ بنا
۴۴ دوستوں، دُشمنوں میں فرق؛ دابِ سُلوک یہ نہیں — آپ بھی جامِ مَے اُڑا؛ غیر کو بھی پِلائے جا
۴۵ دِل کو ہے وہ قُوَّت وطاقت عطا کی ضَبط نے — نالہ جو دِل سے اُٹھا میرے؛ وہ طُوفاں ہوگیا
۴۶ دِل دے کے؛ ہم نے ان کی محبت کو پالیا — بے کار چیز دے کے؛ دُرِّ بے بہا لیا

۴۷ دُشمن نے گھیرا ہے مجھ کو صَبرِی وَ بَسَالِی! آ بھی جا
۴۸ دامن بھی ہے؛ غُفراں کا سمندر بھی ہے موجود دامن کو سمندر میں ڈبونا نہیں آتا

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۴۹ دنیا کی کھیل کُود میں؛ ناصِؔر پڑے ہو کیوں یادِ خُدا میں دِل جو لگاتے؛ تو خُوب تھا
۵۰ دنیا کے کام بے شک کرتا رہوں گا مَیں بھی لیکن مَیں جان و دل سے اس یار کا رہوں گا

# 'ڈ' سے 'الف'

## ('ڈ' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

## دُرِّ ثمین

۱ ڈگلسؔ پہ سارا حال بریت کا کُھل گیا عزت کے ساتھ تب مَیں وہاں سے بری ہوا

## کلامِ طاہر

۲ ڈوب جاتا اُسی خُونابہ میں اَفسانۂ عشق آنکھ کھلتی؛ تو بس اِک خواب سا دیکھا ہوتا
۳ ڈاکٹرز نے تو تھا یہ ڈرایا؛ منصورؔہ اور منیبؔ کا بچہّ ہو ابھی، تو معذور ہی ہوگا؛ پر یہ ہَول نہ نکلا سچا

## کلامِ محمود

۴ ڈھونڈتا پھرتا ہے کونا کونا میں؛ گھر گھر میں کیوں اس طرف آ! مَیں پتا دُوں تجھ کو تیرے یار کا
۵ ڈوگیؔ، قصوریؔ، دہلویؔ؛ لیکھوؔ و سومراجؔ ساروں کو ایک وار میں اس نے گِرا دِیا

# 'ر' سے 'الف'

('ر' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **16** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |
| 2 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 5 | کلامِ طاہر | iii |
| 8 | کلامِ محمود | iv |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ رسولِ حق کو مٹی میں سلایا    مسیحا کو فلک پر ہے بٹھایا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ رحمتِ حق جوش میں آئی؛ یہ حالت دیکھ کر    بہرِ تسکین و سکوں؛ مولا نے یہ مژدہ دیا
۳ رو کے کہتی ہے زمیں؛ گر نہ سنے نامِ خدا    ایسی بستی سے تو بہتر ہے بیاباں ہونا

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴ ربوہ میں آجکل ہے؛ جاری نظام اپنا    پر قادیاں رہے گا؛ مرکز مدام اپنا
۵ رات کے پردے میں چھپ چھپ کے تجھے یاد کیا    دن نکل آیا؛ تو دن تجھ سے ہی آباد کیا
۶ راگ موجوں کا؛ بڑوں چھوٹوں کو بہلاتا تھا    اب خیال آتا ہے؛ وہ اس کے ہی گُن گاتا تھا
۷ روئیں گے، تو اس کے حضور؛ مگر تم سے    ہنس ہنس کر؛ ہم نے ہر دکھ سہنا ہوگا
۸ رب نے آخر کام سنوارے؛ گھر آئے برہا کے مارے    آ دیکھے اونچے مینارے؛ نورِ خدا تا حدِّ نظر تھا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۹ رَشِیدہ؛ جس کو حق نے رُشد بخشا — بنایا نیک طِینت اور اچھا
۱۰ رِشتۂ اُلفت میں باندھے جارہے ہیں آج لوگ — توڑ بھی؛ کیا فائدہ ہے اس ترے زُنّار کا
۱۱ رَدَّ عَلَی الاَرضِ کُنُوزاً صِحَابُہٗ — فُتِنَ الیَهُودُ بِبَقلِهَا وَ بِفُومِهَا
۱۲ رُفِعَت بُیُوتُ المُؤمِنِینَ رَفَاعَةً — خُسِفَ البِلَادُ بِفُرسِهَا وَ بِرُومِهَا
۱۳ روزوشَب قرآں میں فِکروتدبّر مشغلہ — اُن پہ دَروازہ کھُلا ہے؛ دِین کے اَسرار کا
۱۴ رنج وغم وملال کو دل سے بھُلا دیا — جو داغ دل پہ اپنے لگا تھا؛ مٹا دیا
۱۵ رہتی ہے چاک جیبِ شکیبائی ہرگھڑی — دامانِ صبر رہتا ہے؛ ہر دَم پھٹا ہوا
۱۶ رحم کرنا تو کُجا؛ ظُلم ہُوا تھا پیشہ — لوگ بھولے تھے؛ کہ ہے نام مروّت کس کا

# 'ز' سے 'الف'

## ('ز' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاھر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |
| iv | کلام حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زندگی ایسوں کی؛ کیا خاک ہے اس دنیا میں — جن کا اس نُور کے ہوتے بھی؛ دِلِ اعمیٰ نکلا

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ زندہ باد غلامِ احمد؛ پڑ گیا جس کا دشمن جھوٹا — جا الحق وزھق الباطل؛ ان الباطل کان زھوقا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ زخمِ دِل ہوگئے ہَرے میرے — ہر چمن سے؛ مَیں اَشکبار آیا
۴ زَرِخالِص سے بڑھ کر؛ صاف ہونا چاہیے دِل کو — ذرا بھی کھوٹ ہو جس میں؛ مُسلماں ہو نہیں سکتا

## ﴿کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۵ زِندہ خُدا سے دِل جو لگاتے؛ تو خُوب تھا — مُردہ بُتوں سے جان چھُڑاتے؛ تو خُوب تھا

# 'ذ' سے 'الف'

## ('ذ' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 2 | تعداد کُل اشعار | |
| 2 | کلامِ محمود | i |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ذرّہ ذرّہ میں نِشاں مِلتا ہے؛ اِس دِلدار کا — اِس سے بڑھ کر کیا ذریعہ چاہیے اِظہار کا
۲ ذِکرِ خُدا پہ زور دے؛ ظُلمتِ دِل مِٹائے جا — گوہرِ شَب چِراغ بَن؛ دُنیا میں جگمگائے جا

# 'س' سے 'الف'

('س' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 35 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلام طاہر | 4 |
| iv | کلام محمود | 20 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ سب جہاں چھان چکے؛ ساری دکانیں دیکھیں — مئے عرفاں کا؛ یہی ایک ہی شیشہ نکلا

۲ سفر میں وہ رو رو کے کرتا دُعا — کہ اے میرے کرتار! مُشکل کُشا!

۳ سُنو! آتی ہے ہر طرف سے صدا — کہ باطل ہے ہر چیز؛ حق کے سوا

۴ سب کا وہی سہارا؛ رحمت ہے آشکارا — ہم کو وہی پیارا؛ دِلبر وہی ہمارا

۵ سَر سے پا تک ہیں الٰہی! ترے احساں مجھ پر — مجھ پہ برسا ہے سَدا فضل کا باراں تیرا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۶ سب سے افضل تھے؛ مگر اصحابِ ختمِ مرسلین — خلق میں کامل نمونہ عشق کے کردار کا

۷ سانپ کی مانند بَل کھاتا ہے ابلیسِ لعین — دیکھ کر رنگِ جمالی احمدِ مختار کا

۸ سایہ رہے سروں پہ حفیظ و رقیب کا — ہوتا رہے بلند ستارہ نصیب کا

۹ سچ ہے کہ ہم کو تُو نے بھی دل سے بُھلا دیا — بتلا تو کونسا ہے ہمیں راہ نما دیا؟

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۰ سازِندہ تھا یہ اِس کے سب ساجھی تھے مِیت اُس کے — دُھن اس کی تھی گیت اُس کے لَب اِس کے پیام اُس کا

۱۱ سادہ اور غریب تھی جنتا؛ لیکن نیک نصیب تھی جنتا — فیض رسان عجیب تھی جنتا؛ ہر بندہ، بندہ پَرور تھا

۱۲ سچے لوگ تھے، سچی بستی؛ کرموں والی اُچّی بستی — جو اونچا تھا، نیچا بھی تھا؛ عرش نشیں تھا، خاک بسر تھا

سدا سُہاگن رہے یہ بستی؛ — جِس سے نور کے سَوتے پھُوٹے؛

۱۳ جس میں پیدا ہوئی وہ ہستی — جو نوروں کا اِک ساگر تھا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۴ سارے گندوں سے ہے پاک؛ اور ہے واحِد یکتا — نہ وہ تھکتا ہے، نہ سوتا ہے؛ نہ کھاتا پیتا

۱۵ سختیوں سے، قوم کی؛ گھبرا نہ ہرگز، اے عزیز! — کھا کے یہ پتھر؛ تُو لعلِ بے بَہا ہوجائے گا

۱۶ سچ کہوں گا؛ کہ نہیں دیکھی یہ خُوبی ان میں — چہرۂ یُوسُف و اَندازِ زلیخا دیکھا

۱۷ سب شعر و شاعری کے خیالات اُڑ گئے — سب لُطف؛ ایک بات میں ہی کِرکِرا ہُوا

۱۸ سارا جہاں مِرے لئے تاریک ہوگیا — جو تھا مِثالِ سایہ؛ مجھ سے جُدا ہوا

۱۹ سچ سچ کہو! خُدا سے ذرا ڈَر کے؛ دو جواب — کیا تم کو انتظار نہ تھا ؛پاسبان کا

۲۰ سینہ سِپر ہُوا یہ مقابل میں کُفر کے — خطرہ نہ مال کا ہی کیا؛ اور نہ جان کا

۲۱ سالِک تھا اسی فکر و غم و رَنج میں ڈوبا — ناگاہ اُسے ہاتِفِ غیبی نے پُکارا

۲۲ سَر کو پاؤں پر دَھروں گا؛ آنکھیں تلووں سے مَلوں گا — نَقشِ پا کو چوم لُوں گا؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۲۳ سِمٹ کر بن گئی نیکی سُوَیدا — اُفُق پہ چھا گئیں اس کی خطایا

۲۴ سبزہ اِک عَکسِ زُلفِ جاناں ہے — یہ تصوّر ہی بال بال میں تھا

۲۵ سانس رُکتے ہی اس کا؛ اے محمود! — تیر اِک دِل کے آر پار گیا

۲۶ ساری عَرضوں کا پَر مِلا یہ جواب — ہم نے مانا؛ تِرا قرار گیا

۲۷ سَیر کروادے مجھے تُو عالَمِ لاہُوت کی — کھول دے تُو باب مجھ پر؛ رُوح کے اَسرار کا

۲۸ سوؤں تو تجھ کو دیکھ کر؛ جاگوں تو تجھ پہ ہو نظر — موت سے تھا کِسے دَریغ؛ اس کا ہی انتظار تھا

۲۹ سوزِ دَرُوں نے جوش جو مارا؛ تو دیکھنا — خود شمع بن گئے؛ مجھے پَروانہ کردِیا
۳۰ سامنے آنے سے میرے؛ جس کو ہوتا تھا گُریز — دِل میں میرے آچھُپا؛ غیروں سے پِنہاں ہوگیا
۳۱ سب کام مِرے تجھ بِن؛ اے جاں! — ہیں لُطف سے خالی؛ آ بھی جا
۳۲ سمجھتے ہو؛ کہ یہ سب کچھ ہمارے ساتھ کیوں ہوگا؟ — یہ ظُلمِ نارَوا کس وجہ سے ہم پر رَوا ہوگا؟
۳۳ سَر کو سینہ پہ رکھ لیا میرے — غم سے جب بھی مَیں اَشکبار ہوا

﴿کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۳۴ سورج کی روشنی بھی مدھم ہو جس کے آگے — ایسا ہی نور حاصل اس نور سے کروں گا
۳۵ سارے علوم کا ہاں منبع ہے ذات جس کی — اس سے مَیں علم لے کر دنیا کو آگے دوں گا

# 'ش' سے 'الف'

('ش' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 10 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | کلامِ محمود | 5 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ شہادت تھی اسلام کی جابجا — کہ سچا وہی دِیں ہے؛ اور رہنما
۲ شور کیسا ہے تیرے کوچہ میں؛ لے جلدی خبر — خوں نہ ہو جائے کسی دیوانہ مجنوں وار کا
۳ شکر لِلّٰہ مِل گیا ہم کو وہ لعلِ بے بدل — کیا ہوا گر قوم کا دل سنگ خارا ہوگیا
۴ شریفؐ احمد کو بھی یہ پھل کھلایا — کہ اُس کو تُو نے خود فُرقاں سکھایا
۵ شاید تمہاری آنکھ ہی کر جائے کچھ خطا — شاید وہ بد نہ ہو؛ جو تمہیں ہے وہ بدنُما

﴿کلامِ محمود﴾

۶ شِکوہ کا کیا سوال ہے؛ اُن کا عتاب بھی ہے مِہر — مُنہ سے مَیں دادخواہ تھا؛ دِل میں مَیں شرمسار تھا

۷ شُکرِ خُدا گزرگئی نازونیاز میں ہی عُمر مجھ کو بھی ان سے عشق تھا؛ اُن کو بھی مجھ سے پیار تھا
۸ شاخِ طُوبیٰ پہ آشیانہ بنا تاابَد جو رہے؛ فسانہ بنا
۹ شمعِ نُورِ آسمانی کو دیا جس نے بُجھا باب وحیٔ حق کا جس نے بند بالکل کر دِیا
۱۰ شکوۂ جورِ فلک کب تک رہے گا برزباں دیکھ اب تو دوسرا رُخ بھی ذرا تصویر کا

# 'ص' سے 'الف'

('ص' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| iii | کلام طاہر | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ صبر جو پہلے تھا؛ اب مجھ میں نہیں ہے پیارے! دکھ سے اب مجھ کو بچا؛ نام ہے رحماں تیرا

﴿کلامِ طاہر﴾

۲ صدیوں کے مُردوں کا مسیحی؛ صلِّ علیہ کیف یحیی موت کے چنگل سے انسان کو دِلوانے آزادی آیا

# 'ض' سے 'الف'

('ض' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلام محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴿

۱ ضِیاءِ مِہر ہے؛ ادنیٰ سی اِک جھلک اُس کی نہ جس کو دیکھ سکا مَیں؛ وہ آفتاب نہ تھا

# 'ظ' سے 'الف'

('ظ' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 3 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ طاہر | i |
| 2 | کلامِ محمود | ii |

﴾کلامِ طاہر﴿

۱ ظلمتیں دل کی؛ اُسی نور سے ہوتیں کافُور نور یہ کتنا مُدھر؛ کتنا رُوپہلا ہوتا

﴾کلامِ محمود﴿

۲ ظُلم کرتے ہو؛ جو کہتے ہو شَفَق پھُولی ہے تم نے عاشق کا ہے یہ خونِ تمنا دیکھا

۳ ظَهَـرتْ هِـدايةُ رَبّـنـاَ بِـقُـدُومِـه زَالَـت ظَـلامُ الـدَّهْـرِ عِـنـدَ قُـدُومِهَـا

# 'ع' سے 'الف'

('ع' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 24 |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلام محمود | 14 |
| v | کلام حضرت خلیفة المسیح الثالث رحمہ اللہ | 2 |

## دُرِّ ثمین

۱ عقل رکھتے ہو؛ آپ بھی سوچو — کیوں بھروسہ کیا ہے ویدوں کا
۲ عمر دے، رزق دے؛ اور عافیت وصحت بھی — سب سے بڑھ کر یہ؛ کہ پاجائیں وہ عرفاں تیرا

## دُرِّ عدن

۳ عشق میں تحلیل روحیں؛ چُور زخموں سے بدن — سایۂ شمشیر میں پیغام دینا یار کا
۴ علم و عرفاں تم کو بخشا؛ اور کنزِ بے بہا — یہ کلامِ ربِّ اکبر؛ یہ کتابِ حق نما

## کلامِ طاہر

۵ عارف کو عرفان سکھانے؛ متقیوں کو راہ دکھانے — جس کے گیت زبوؔر نے گائے؛ وہ سردار منادی آیا
۶ عرش سے فرش پہ مایا اُتری رُوپا ہوگئی ساری دھرتی — مِٹ گئی کُلفت چھا گئی مستی وہ تھامَیں تھامَن مَندِر تھا
۷ عشقِ خدا مُونہوں پر وَسّے پھوٹ رہا تھا نور نظر سے — اَکھیَن سے مَے پِیت کی بَرسے قابلِ دِید ہر دِیدہ وَر تھا

۸ عُمر بھر مَیں بھی تمہیں ڈھونڈتا بے سُود اگر — عالَمِ خواب مِرا مَلجأ و مأویٰ ہوتا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۹ عطا کر ان کو اپنے فضل سے صحت بھی اے مولیٰ! — ہمیشہ اِن پہ برسا؛ اَبر اپنے فضل ورحمت کا

۱۰ عدل وانصاف میں وہ نام کیا ہے پیدا — آج ہر مُلک میں جس کا بجا ہے ڈَنکا

۱۱ علم کا نام ونشاں یاں سے مٹا جاتا تھا — شوق پڑھنے کا دِلوں میں سے اُٹھا جاتا تھا

۱۲ عیسیٰؑ تو تھا خلیفۂ موسیٰؑ؛ او جاہلو! — تم سے؛ بتاؤ کام ہے کیا اُس جوان کا

۱۳ عَشقِ مَولیٰ دِل میں جب محمودؔ ہوگا مَوجزن — یاد کر اس دِن کو تُو؛ پھر کیا سے کیا ہوجائے گا

۱۴ عزّت بھی، اُس کی دُوری میں؛ بے آبروئی ہے — کُوچہ میں اس کے خاک اُڑاتے؛ تو خُوب تھا

۱۵ عشق اِک راز ہے؛ اور راز بھی اِک پیارے کا — مجھ سے یہ راز؛ صَداَفسوس! چھُپایا نہ گیا

۱۶ عِشق کی آگ تیز کرنے کو — مُنہ چھُپاتا؛ کبھی دِکھاتا تھا

۱۷ عَقل پر کیا طالِبِ دنیا کی ہیں پَردے پڑے — ہے عمارت پر فِدا؛ مُنکر مگر مِعمار کا

۱۸ عَرش بھی جس سے مُرتَعِش ہوجائے — سوزِشِ دِل سے وہ ترانہ بنا

۱۹ عِشق کی سوزِشیں بڑھا؛ جنگ کے شُعلوں کو دَبا — پانی بھی سب طرف چھِڑک؛ آگ بھی تُو لگائے جا

۲۰ عطائیں ان کی بھی بے انتہا تھیں مجھ پہ مگر — مطالبوں کا مِرے بھی؛ کوئی حِساب نہ تھا

۲۱ عِشق و وَفا کا کام نہیں؛ نالہ و فُغاں — بھرآیا دِل؛ تو چُپکے سے آنسو بہالیا

۲۲ عشق کی سوزش نے آخر؛ کر دیا دونوں کو ایک — وہ بھی حیراں رہ گیا؛ اور مَیں بھی حیراں ہوگیا

## ﴿کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۲۳ عیسیٰؑ کو چرخ پر نہ بٹھاتے؛ تو خُوب تھا — احمدؐ کو خاک میں نہ سُلاتے؛ تو خُوب تھا

۲۴ عالَم کو مَیں معطّر کردوں گا اس مہک سے — خوشبو سے جس کی ہر دَم مدہوش مَیں رہوں گا

# 'غ' سے 'الف'

('غ' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ غیر ممکن ہے؛ کہ تدبیر سے پاؤں یہ مراد بات جب بنتی ہے؛ جب سارا ہو ساماں تیرا
۲ غرض جب سب نے اُس مُکتی کو پایا تو ایشّر کی ہوئی سب ختم مایا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ غذائے روح بدانم لقاء احمد را مپرس ایں کہ چہ حاصل دلائے احمد را ؟

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴ غیر کیوں آگاہ ہو؛ رازِ محبت سے مِرے دشمنوں کو کیا پتا ہو؛ میرے تیرے پیار کا

# 'ف' سے 'الف'

## ('ف' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 8 |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ فضل سے اپنے بچا مجھ کو ہراِک آفت سے صدق سے ہم نے لیا ہاتھ میں اپنے داماں تیرا

۲ فرما چکا ہے؛ سیّدِ کونین مصطفیؐ عیسیٰؑ مسیح؛ جنگوں کا کردے گا اِلتوا

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ فعل دونوں ہی نہیں شیوہٗ مردِ مومن رونا تقدیر کو؛ تدبیر پہ نازاں ہونا

### ﴿کلامِ محمود﴾

۴ فُرقت میں اپنا حال ہوا ہے یہاں جو غیر احباب اُن کو جاکے سُناتے؛ تو خُوب تھا

۵ فَاضَت صَفُوفُ الکَوثَرِ شَوقاً لَّہٗ وَعَدتْ اِلَیہِ الجَنَّۃُ بِکُرُومِھَا

۶ فلسفی! زندگی سے کیا پایا؟ حیف ہے؛ گر تِرا خُدا نہ بنا

۷ فلسفی ہے فلسفہ سے رازِ قُدرت ڈھونڈتا عاشقِ صادق ہے جو یاں یار کے دیدار کا

۸ فلسفہ بھی، رازِ قُدرت بھی؛ رمُوزِ عشق بھی کیا نرالا ڈھنگ ہے؛ پیارے! تِری گُفتار کا

# 'ق' سے 'الف'

(' ق ' سے شروع ہو کر ' الف ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلام طاہر | 2 |
| iv | کلام محمود | 3 |
| v | کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ قرآں کو یاد رکھنا؛ پاک اعتقاد رکھنا فکرِ معاد رکھنا؛ پاس اپنے زاد رکھنا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ قابلِ رشک ہے؛ اس خاک کے پُتلے کا نصیب جس کی قسمت میں ہو خاکِ درِ جاناں ہونا

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ قَریہ قَریہ فساد ہوئے تب؛ فتنہ گر آزاد ہوئے سب احمدیوں کو بستی بستی پکڑا دھکڑا مارا کوٹا

۴ قسمت کو دیکھئے؛ کہ کہاں ٹوٹی جا کمند حلوہ قریبِ دَہن ہی آیا تھا؛ گِر گیا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵ قوم کے بُغض و عَداوَت کی نہیں پروا ہمیں وَقت یہ کَٹ جائے گا؛ فضل خُدا ہوجائے گا

۶ قوت تو مجھے چھوڑ چکی ہی تھی کبھی کی اب صبر بھی کیا جانے کِدھر کو ہے سِدھارا

۷ قید و بندِ حرص میں گردن پھنسائی آپ نے اس حماقت پر ہے دعویٰ؛ فاعلِ مختار کا

﴿کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ﴾

۸ قِصّے کہانیاں نہ سُناتے؛ تو خُوب تھا　　زندہ نشان کوئی دِکھاتے؛ تو خُوب تھا

# 'ک' سے 'الف'

('ک' سے شروع ہوکر 'الف' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 95 |
| i | دُرِّ ثمین | 34 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 12 |
| iv | کلامِ محمود | 44 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کہ دیکھا نہ ہو جس نے وہ پارسا　　وہ چولہ کو دیکھے؛ کہ ہے رہنما

۲ کس سے اس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ　　وہ تو ہر بات میں، ہر وَصف میں؛ یکتا نکلا

۳ کس قدر ظاہر ہے نور؛ اس مبدالانوار کا　　بَن رہا ہے سارا عالَم؛ آئینہ اَبصار کا

۴ کیا عجب تُو نے ہراِک ذرّہ میں رکھے ہیں خواص　　کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر ان اسرار کا

۵ کیوں بنایا ابنِ مریم کو خدا　　سنّت اللہ سے وہ کیوں باہر رہا

۶ کیا یہی توحیدِ حق کا راز تھا　　جس پہ برسوں سے تمہیں اِک ناز تھا

۷ کیا یہی تعلیمِ فرقاں ہے بھلا؟　　کچھ تو آخر چاہئے خوفِ خدا

۸ کرم کر کے وہ راہ اپنی بتا　　کہ جس میں ہو اے میرے! تیری رضا

| | | |
|---|---|---|
| ۹ | کوئی دن تو پَردہ میں مستور تھا | زباں چُپ تھی؛ اور سینہ میں نور تھا |
| ۱۰ | کہ دِلدار کی بات ہے اِک غذا | مگر تُو ہے منکر؛ تجھے اس سے کیا! |
| ۱۱ | کہاں ہے محبت؛ کہاں ہے وَفا | پیاروں کا چولہ ہوا کیوں بُرا |
| ۱۲ | کہ دنیا کو ہرگز نہیں ہے بَقا | فنا سب کا انجام ہے؛ جز خدا |
| ۱۳ | کہاں ہیں؛ جو نانکؔ کے ہیں خاکِ پا | جو کرتے ہیں اُس کیلئے جاں فِدا |
| ۱۴ | کیونکر ہو شکر تیرا؛ تیرا ہے جو ہے میرا | تُو نے ہراِک کرم سے؛ گھر بھر دیا ہے میرا |
| ۱۵ | کس زباں سے مَیں کروں شکر؛ کہاں ہے وہ زباں | کہ مَیں ناچیز ہوں؛ اور رحم فراواں تیرا |
| ۱۶ | کس کے دل میں یہ ارادے تھے؛ یہ تھی کس کو خبر | کون کہتا تھا؛ کہ یہ بخت ہے رخشاں تیرا |
| ۱۷ | کوئی ضائع نہیں ہوتا؛ جو تِرا طالب ہے | کوئی رُسوا نہیں ہوتا؛ جو ہے جویاں تیرا |
| ۱۸ | کہ تُو نے پھر مجھے یہ دن دکھایا | کہ بیٹا دوسرا بھی پڑھ کے آیا |
| ۱۹ | کروں گا دُور اس مَہ سے اندھیرا | دکھاؤں گا؛ کہ اِک عالَم کو پھیرا |
| ۲۰ | کیا زندگی کا ذوق؛ اگر وہ نہیں مِلا | لعنت ہے ایسے جینے پہ؛ گر اُس سے ہیں جُدا |
| ۲۱ | کچھ ایسا فضل حضرتِ ربّ الوریٰ ہوا | سب دشمنوں کے دیکھ کے؛ اَوساں ہوئے خطا |
| ۲۲ | کوئی اگر خدا پہ کرے کچھ بھی افترا | ہوگا وہ قتل؛ ہے یہی اس جُرم کی سزا |
| ۲۳ | کیا وہ خدا نہیں ہے؛ جو فرقاںؔ کا ہے خدا | پھر کیوں وہ مُفتری سے کرے اِس قدر وَفا |
| ۲۴ | کیسا یہ فضل اس سے نمودار ہوگیا | اِک مُفتری کا وہ بھی مددگار ہوگیا |
| ۲۵ | کیا راستی کی فتح نہیں وعدۂ خدا | دیکھو تو کھول کر سخن پاک کبریا |
| ۲۶ | کذّاب نام اس کا دفاتر میں رِہ گیا | چالاکیوں کا فخر جو رکھتا تھا بہہ گیا |
| ۲۷ | کوئی بھی مُفتری ہمیں دنیا میں اب دکھا | جس پر یہ فضل ہو؛ یہ عنایات، یہ عطا |
| ۲۸ | کیا تھا یہی معاملہ پاداشِ افترا | کیا مفتری کے بارے میں وعدہ یہی ہوا |
| ۲۹ | کیوں ایک مُفتری کا وہ ایسا ہے آشنا | یا بے خبر ہے عیب سے؛ دھوکے میں آ گیا |
| ۳۰ | کہاں کرتی ہے عقل اُس کو گوارا | کہ بِن قدرت ہوا یہ جگت سارا |

۳۱ کہ کرسکتا نہیں اِک جاں کو پیدا — نہ اِک ذرّہ ہوا اُس سے ہَویدا

۳۲ کیا یہی تقویٰ؛ یہی اسلام تھا — جس کے باعث سے تمہارا نام تھا

۳۳ کیسے کافر ہیں؛ مانتے ہی نہیں — ہم نے سو سو طرح سے سمجھایا

۳۴ کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے — جس کی مماثلت کو خدا نے بتا دیا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳۵ کام کو جس کے چلا ہے؛ خود وہ تیرے ساتھ ہے — اے مِرے ناصر! ہے تیرا حافظ و ناصر خدا

۳۶ کون دیتا جان دنیا میں کسی کے واسطے — تُو نے اس جنسِ گراں مایہ کو ارزاں کردِیا

۳۷ کردیئے سینے سپر؛ مرتے گئے، بڑھتے گئے — منہ پھرایا کفر کے ہر لشکرِ جرّار کا

۳۸ کیا کرتے جو حاصل یہ وسیلہ بھی نہ ہوتا — یہ آپ سے دو باتوں کا حیلہ بھی نہ ہوتا

۳۹ کہہ چکا ہے رحمتِ عالم کا فرزندِ جلیل — 'ہم ہوئے دِلبر کے اور دِلبر ہمارا ہوگیا '

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۴۰ کیسی کیسی شرم تھی؛ کیا کیا حیا تھی پردہ دار — پیار جب معصوم تھا؛ اور وجہِ رُسوائی نہ تھا

۴۱ کرڈالیں مِسمار مساجد؛ لُوٹ لئے کتنے ہی مَعابِد — جن کو پلید کہا کرتے تھے؛ لے بھاگے سب اُن کا جُوٹھا

۴۲ کاٹھ کی ہنڈیا کب تک چڑھتی؛ وہ دن آنا تھا کہ پھٹتی — وہ دن آیا؛ اور فریب کا، چوراہے میں بھانڈا پھوٹا

۴۳ کہتے ہیں پولیس نے آخر؛ کھود پہاڑ نکالا چوہا — **جاء الحق وزھق الباطل؛ ان الباطل کان زھوقا**

۴۴ کیا حال تمہارا ہوگا؛ جب شدّاد ملائک آئیں گے — سب ٹھاٹھ دھرے رِہ جائیں گے؛ جب لاد چلے گا بنجارا

۴۵ کلیدِ فتح وظفر تھمائی تمہیں خدا نے اب آسماں پر — نشانِ فتح وظفر ہے لکھا گیا تمہارے ہی نام کہنا

۴۶ کرتے تھے آ آ کے بسیرے؛ پنکھ پکھیرو شام سویرے — پھولوں اور پھلوں سے بوجھل بُستاں کا ایک ایک شجر تھا

۴۷ کِس نے لُوٹا ہوا ہوتا مِرے چندا کا قرار — کروٹیں کس کی جدائی میں بدلتا ہوتا

۴۸ کبھی ہم اُس کو لطیفوں سے ہنساتے تھے بہت — کبھی گاتے تھے؛ تو وہ پیار سے سمجھاتا تھا

۴۹ کبھی اپنا بھی اِک شناسا تھا — کوئی میرا بھی آسرا سا تھا

۵۰ کبھی مَیں بھی کسی کا تھا مطلوب یا مجھے بس یونہی لگا سا تھا
۵۱ کیا علم تھا؛ کہ راہ میں دیکھے گا قیصؔ کو دیکھا تو ڈَر سے سینہ میں دل ہی اُچھل پڑا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵۲ کوتاہ نگاہیاں یہ کب تک گیسو کی طرح دراز ہوجا
۵۳ کوئی عالِم کبھی اس مُلک میں آجاتا تھا دیکھ کر اس کا یہ حال: اَشک بہا جاتا تھا
۵۴ کام وہ کرکے دکھایا؛ کہ جو ناممکن تھا آئے جب ہندؔ میں وہ کیا ہی مبارک دن تھا
۵۵ کہتے ہیں وہ اِمام تمھارا؛ تمھیں سے ہے جو ہے بڑی ہی شوکت و جبروت و شان کا
۵۶ کچھ یاس وناامیدی کو دِل میں جگہ نہ دو اب جلد ہوچکے گا یہ موسم خزان کا
۵۷ کافر بھی کہہ اُٹھیں گے؛ کہ سچا ہے وہ بزرگ دعویٰ کیا ہے جس نے؛ مسیح الزّمان کا
۵۸ کیا تم کو نہیں خوف رہا روزِ جزا کا یوں سامنا کرتے ہو جو؛ محبوبِ خُدا کا
۵۹ کُفر مِٹ جائے گا؛ زور اِسلام کا ہوجائے گا ایک دِن حاصل ہمارا مُدَّعا ہوجائے گا
۶۰ کیوں نہ گردابِ ہلاکت سے نکل آئے گی قوم کشتیٔ دِیں کا خُدا جب ناخُدا ہوجائے گا
۶۱ کرلو؛ جو کچھ موت کے آنے سے پہلے ہوسکے تیر چھُٹ کر موت کا؛ پھر کیا خطا ہوجائے گا؟
۶۲ کوئی گیسو مِرے دِل سے پریشاں ہونہیں سکتا کوئی آئینہ مجھ سے بڑھ کے حیراں ہونہیں سکتا
۶۳ کوئی یادِخُدا سے بڑھ کے مہماں ہونہیں سکتا وہ ہوجس خانۂ دِل میں؛ وہ ویراں ہونہیں سکتا
۶۴ کوئی مجھ سا گناہوں پر پشیماں ہونہیں سکتا کوئی کیوں غفلتوں پر اپنی گِریاں ہونہیں سکتا
۶۵ کِیا تھا پہلے دِل کا خون اب جاں لے کے چھوڑیں گے دِیَت کا بھی تو مَیں اِس ڈَر سے خواہاں ہونہیں سکتا
۶۶ کیا جانیے؛ کہ دِل کو مِرے آج کیا ہوا کِس بات کا ہے اس کو یہ دھڑکا لگا ہوا
۶۷ کیوں اِس قدر یہ رَنج ومصیبت میں چُور ہے کیوں اس سے اَمن وعیش ہے بالکل چھُٹا ہوا
۶۸ کیوں اس کی آب وتاب وہ؛ مٹی میں مِل گئی؟ جیسے ہو خاک میں کوئی موتی مِلا ہوا
۶۹ کیا غم ہے؛ اور دَرد ہے کس بات کا اِسے کِس رَنج اور عذاب میں ہے مُبتلا ہوا
۷۰ کیا آپ ہی کو نیزہ چبھونا نہیں آتا؟ یا مجھ کو ہی تکلیف میں رونا نہیں آتا

۷۱ کہتے ہیں کہ مِٹ جاتا ہے دھونے سے ہَر اِک داغ
اے وائے! مجھے داغ کا دھونا نہیں آتا

۷۲ کیا فائدہ اس دَر پہ تجھے جانے کا اے دل!
دامن کو جو اَشکوں سے بھِگونا نہیں آتا

۷۳ کِس بِرتے پہ اُمید رکھوں اُس سے جزا کی
کاٹوں گا مَیں کیا خاک؛ کہ بونا نہیں آتا

۷۴ کبھی آفاتِ اَرضی وسَماوِی سے ہے ٹکراتا
کبھی لُو بھی جو لگ جائے؛ تو تیرا مُنہ ہے مُرجھاتا

۷۵ کس طرح تجھ کو گناہوں پہ ہوئی یوں جُرأت
اپنے ہاتھوں سے کبھی زہر تو کھایا نہ گیا

۷۶ کُفر نے لاکھ تدابیر کِیں؛ لیکن پھر بھی
صفحۂ دہر سے اِسلاؔم مٹایا نہ گیا

۷۷ کیا محبت جائے گی یُوں کیا پڑا روؤں گا مَیں خُوں
یاد کر کے چشمِ مَے گُوں مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۷۸ کیا ہوئی اُلفت ہماری؛ کیا ہوئی چاہت تمہاری
کھا چکا ہوں زخم کاری؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۷۹ کیا سُناتے ہو مجھے تم؛ کیوں ستاتے ہو مجھے تم
بس بناتے ہو مجھے تم؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۸۰ کیا مُلاقاتوں کی راتیں تھیں؛
جو مجھ کو شب براتیں
یُوں ہی ہوں جائیں گی باتیں؛
مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا

۸۱ کہ مشرق اور مغرب دیکھ ڈالے
سکوں لیکن کہیں اس نے نہ پایا

۸۲ کچھ لوگ کھا رہے ہیں غمِ قوم صبح و شام
کچھ صبح و شام سوچتے رہتے ہیں کھائیں کیا

۸۳ کل دوپہر کو ہم جب تم سے ہوئے تھے رُخصت؛
ظاہر میں چُپ تھے، لیکن
دِل خون ہو رہا تھا، افسُردہ ہو رہا تھا؛ محزون ہو رہا تھا

۸۴ کرنا خُدا سے اُلفت، رہنا تم اُس سے ڈَر کر؛
تم اُس سے پیار رکھنا
بس اُس کو یاد رکھنا سو فارِ عشق اس کا؛ تم دل کے پار رکھنا

۸۵ کَم نَوَّرَ وَجہَ النَّبِیِّ صَحَابُہٗ
کَالفُلکِ ضَآءَ سَطحُهَا بِنُجُومِهَا

۸۶ کَم تَنفَحُ الثَّقَلَینِ تَعلِیمَاتُہٗ
قَد خُصَّ دِینُ مُحَمَّدٍ بِعُمُومِهَا

۸۷ کِشورِ دِل کو چھوڑ کر جائیں گے وہ بھلا کہاں
آئیں گے وہ یہاں ضرور؛ تُو اُنہیں بس بُلائے جا

۸۸ کہتے ہیں میرے ساتھ رقیبوں کو بھی تُو چاہ
لو اور مجھ غریب پہ جُرمانہ کردِیا

۸۹ کاغذی جامہ کو پھینک؛ اور آہنی زِرہیں پہن
وقت اب جاتا رہا ہے شوخیٔ تحریر کا

۹۰ کُل کے کاموں کو بھی ممکن ہو اگر؛ تو آج کر — اے مِری جاں! وقت یہ ہرگز نہیں تاخیر کا
۹۱ کم نہیں کچھ کیمیا سے سوزِ اُلفت کا اثر — اَشکِ خُوں جو بھی بہا؛ لعلِ بدخشاں ہوگیا
۹۲ کہتے ہیں لوگ؛ کھاتے ہیں ہم صبح وشام غم — ہم اُن سے کیا کہیں؛ کہ ہمیں غم نے کھالیا
۹۳ کیا دامِ عشق سے کبھی نکلا ہے صَید بھی — کیا بات تھی؛ کہ آپ نے عہدِ وَفا لیا
۹۴ کہیں گے؛ قتل کرنا اس کا جائز، بلکہ واجب ہے — جو اس کو قتل کر دے گا؛ وہ محبوبِ خُدا ہوگا
۹۵ کر خانۂ فکر کو مقفّل — ہاتھوں میں کسی کے ساز ہوجا

# 'گ' سے 'الف'

## ('گ' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 10 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 5 |

### دُرِّ ثمین

۱ گماں ہے؛ کہ نقلوں میں ہو کچھ خطا — کہ انساں نہ ہووے؛ خطا سے جدا
۲ گُرو جس کے اِس رَہ پہ ہوویں فِدا — وہ چیلا نہیں؛ جو نہ دے سر جھکا

### دُرِّ عدن

۳ گالیاں کھا کر، دعا دو؛ پا کے دکھ، آرام دو — روز دل پر تیر کھاؤ؛ حکم ہے دِلدار کا
۴ گھر گھر پڑا ہے دِیں کا ماتم؛ غضب ہوا — لہرا رہا کفر کا پرچم؛ غضب ہوا

### کلامِ طاہر

۵ گوتم بُدّھا بُدّھی لایا؛ سب رِشیوں نے درس دکھایا — عیسیٰؑ اُترا، مہدیؑ آیا؛ جو سب نبیوں کا مظہر تھا

### کلامِ محمود

۶ گِرکر گڑھے میں؛ عرش کے پائے کو جا چُھوا — کھوئے گئے جہاں سے؛ مگر اُن کو پالیا

۷ گناہوں کو بخشش سے ہے ڈھانپ دیتا — غریبوں کو رحمت سے ہے تھام لیتا

۸ گھر سے میرے وہ گُلعذار گیا — دل کا سکھ چین اور قرار گیا

۹ گو تھی یہودیوں کی؛ نہ وہ اپنی سلطنت — پر اپنی سلطنت سے بھی؛ آرام تھا سوا

۱۰ گو لاکھ تُو مقابلہ اس کا کرے؛ مگر — بیکا نہ بال ہوگا کوئی؛ اس جوان کا

# 'ل' سے 'الف'

('ل' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 15 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلام طاہر | 4 |
| iv | کلام محمود | 6 |

### دُرِّ ثمین

۱ لیا اس فضل خدا نے اٹھا — ملی دونوں عالَم میں؛ عزت کی جا

۲ لگاتا ہے آنکھوں سے؛ ہو کر فدا — یہی دِیں دلدادگاں کا سدا

۳ لختِ جگر ہے میرا؛ محمودؔ بندہ تیرا — دے اس کو عُمر و دولت؛ کر دُور ہر اَندھیرا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ لِلّٰہِ الحمد چلی رحمتِ باری کی نسیم — دیکھنا غنچۂ دل کا گل خنداں ہونا

۵ لبوں پر ترانہ ہے محمودؔ کا — زمانہ؛ زمانہ ہے محمودؔ کا

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۶ لیکن آہ! جو رَستہ تکتے؛ جان سے گزرے تجھ کو ترستے — کاش وہ زندہ ہوتے جن پر ہجر کا اِک اِک پَل دُوبھر تھا

۷ لیکن شاید! یہ نہ کبھی سوچا ہوگا — روزِ قیامت تم جیسوں سے کیا ہوگا

۸ لب پر آجاتا کبھی دل سے اُچھل کر مِرا نام — تو مَیں اس جنبشِ لب کی طرح یکتا ہوتا

۹ لو ڈھلک گیا وہ آنسو؛ کہ جھلک رہا تھا جس میں — تیری شمعِ رُخ کا پَرتو؛ تیرا عکس پیارا پیارا

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۰ لالہ و گُل کو دیکھ کر محمود — یاد مجھ کو وہ گُلعذار آیا

۱۱ لوگ سب شادمان و خوش آئے — ایک مَیں تھا؛ کہ سوگوار آیا

۱۲ لو میری پیاری بچی! تم کو خُدا کو سونپا — اس مہربان آقا؛ اس با وَفا کو سونپا

۱۳ لذتِ وَصل ہی میں سب کچھ ہے — اس سے ملنے کا کچھ بہانہ بنا

۱۴ لُڑھکنا ہی تھا قسمت میں؛ تو بیہوشی بھی دی ہوتی — نہ احساسِ وَفا رہتا؛ نہ پاسِ آشنا رہتا

۱۵ لیکھوؔ سے کہا تھا جو؛ ہوا وہ پورا — کیا تم نے وہ دیکھی نہیں؛ مِرزاؔ کی دُعا

# 'م' سے 'الف'

## ('م' سے شروع ہوکر 'الف' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 70 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 13 |
| iv | کلامِ محمود | 44 |
| v | کلام حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ موسیٰؑ بھی بدگمانی سے شرمندہ ہوگیا ۔۔۔ قرآں میں؛ خِضر نے جو کیا تھا، پڑھو ذرا

۲ مسیحِ وقت اب دنیا میں آیا؛ خدا نے عہد کا دن ہے دکھایا ۔۔۔ مبارک وہ جو اَب ایمان لایا صحابہؓ سے مِلا جب مجھ کو پایا

۳ مَیں قرباں ہوں دل سے تیری راہ کا ۔۔۔ نشاں دے مجھے مردِ آگاہ کا

۴ مجھ پہ وہ لُطف کیئے تُو نے؛ جو برتر زِخیال ۔۔۔ ذات برتر ہے تِری؛ پاک ہے ایواں تیرا

۵ میری اولاد کو تُو ایسی ہی کر دے پیارے! ۔۔۔ دیکھ لیں آنکھ سے وہ چہرۂ تاباں تیرا

۶ میرے پیارے! مجھے ہر دَرد و مصیبت سے بچا ۔۔۔ تُو ہے غفّار؛ یہی کہتا ہے قرآں تیرا

۷ مسلمانوں پہ تب اِدبار آیا ۔۔۔ کہ جب تعلیمِ قرآں کو بھلایا

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۸ محمدؐ کا خدا ہے پیاروالا ۔۔۔ محمدؐ کا جہاں میں بول بالا

۹ مسکرا کر جس نے سب کے دل لبھائے؛ چل بسا ۔۔۔ پیار کرتے تھے جسے اپنے پرائے؛ چل بسا

١٠ مبارک ہو بیٹے کی شادی رچانا — مبارک بھتیجی تمہیں بیاہ لانا

١١ مبارک تھا یہ امّ المومنیں کا — ہوا مقبول ربّ العالمیں کا

١٢ مِری نصرت ہم قدم ہے؛ فضل میرا ہم نفس — اے مبارک! جا سفر تیرا مبارک کر دِیا

## کلامِ طاہر

١٣ مَیں نہیں جانتا؛ وہ تھا کیا چیز — تھی حقیقت؛ کہ واہمہ سا تھا

١٤ ملّاں کیا روپوش ہوا اِک؛ بلّی بھاگوں چھینکا ٹوٹا — اپنے مُریدوں کی آنکھوں میں جھونکی دُھول اور پیسہ لُوٹا

١٥ مرزائے غلام احمد؛ تھی جو بھی مَتاعِ جاں — کر بیٹھا نثار اُس پر؛ ہو بیٹھا تمام اُس کا

١٦ مہدیؑ کا دِلدار محمدؐ؛ نبیوں کا سردار محمدؐ — نورِ نظر سرکار محمدؐ؛ جس کا وہ منظورِ نظر تھا

١٧ مولا نے وہ دن دکھلائے؛ پریمی رُوپ نگر کو آئے — ساتھ فرشتے پَر پھیلائے؛ سایۂ رحمت ہر سَر پر تھا

١٨ مصر جانے کو جی مچلتا ہے؛ — دست و بازو کوئی عطا کر دے؛
پَر اکیلا ہوں، خوف کھاؤں گا — لوٹ کر تب وطن کو جاؤں گا

١٩ مجھ سے تم نظریں چُرالیتے بدن لَجّا کر — پھر مجھے دیکھتے ایسے؛ کہ نہ دیکھا ہوتا

٢٠ میرے سب خواب بکھر جاتے سرابوں میں؛ بس ایک — ہر طرف پھیلا ہوا عالَمِ صحرا ہوتا

٢١ مَیں غم واَلَم کی موجوں سے اُلجھ رہا ہوں تنہا — مجھے آ کے دو سہارا؛ مجھے تھام لو خدارا!

٢٢ میری دل شِکستگی پر مجھے غرقِ غم سمجھ کر — وہ جو ایک آرزو تھی؛ وہی کر گئی کنارا

٢٣ مجھے اِذنِ مرگ دے کر؛ وہ اُفق پہ چاند ڈوبا — وہ مِرا نصیب لے کر؛ کوئی بُجھ گیا ستارا

٢٤ مجھے چھوڑ کر گئے ہو؛ میرا صبر آزمانے — تو سُنو! کہ اب نہیں ہے؛ مجھے ضبطِ غم کا یارا

٢٥ مجھے کنگال کر گیا وہ شخص — میرا تو بس وہی اَثاثہ تھا

## کلامِ محمود

٢٦ مرکزِ شِرک سے آوازۂ توحید اُٹھا — دیکھنا دیکھنا! مغرب سے ہے خُورشید اُٹھا

٢٧ مصطفیٰؐ کا یہ غلام؛ اور وہ غلامِ موسیٰ — دیکھ لو کِس کا ہے دونوں میں سے درجہ بالا

٢٨ محمود کیا بعید ہے دِل پر جو قوم کے — نالہ اثر کرے یہ کسی نوحہ خوان کا

۲۹ محمود نہ کیوں اس کے مخالف ہوں پریشاں  نائب ہے نبی کا وہ؛ فرستادہ خُدا کا
۳۰ محمود دَردِ دِل سے یہ ہے اب مِری دُعا  قیصؔر کو بھی ہدایتِ اِسلام ہو عطا
۳۱ مَہدیٔ دوران کا جو خاکِ پا ہوجائے گا  مہرِ عالمتاب سے روشن سِوا ہوجائے گا
۳۲ مکانِ دِل میں لاکر مَیں غمِ دِلبر کو رکھوں گا  مُبارک اس سے بڑھ کر کوئی مہماں ہو نہیں سکتا
۳۳ معافی دے نہ جب تک وہ مِرے سارے گُناہوں کی  جُدا ہاتھوں سے میرے؛ اُس کا داماں ہو نہیں سکتا
۳۴ مثالِ کوہ آتِش بار کہتا ہوں فُغاں ہردَم  کسی کا مجھ سے بڑھ کر سینہ بِریاں ہو نہیں سکتا
۳۵ محمود دِل خُدا سے لگاتے؛ تو خُوب تھا  شیطاں سے دامن اپنا چھُڑاتے؛ تو خُوب تھا
۳۶ مُدَّت سے ہیں بھٹک رہے وادی میں عشق کی  وہ خود ہی آکے راہ دِکھاتے؛ تو خُوب تھا
۳۷ مَیں نے جس دِن سے ہے پیارے تِرا چہرہ دیکھا  پھر نہیں اور کسی کا رُخِ زیبا دیکھا
۳۸ مُشتَری بھی ہے تِرا مُشتَری؛ اے جانِ جہاں  اس نے جس دِن سے ہے تیرا رُخِ زیبا دیکھا
۳۹ مجھ پر بھی اس کی فکر میں آرام ہے حرام  مَیں اُس کے غم میں خود ہوں شکارِ بَلا ہوا
۴۰ مَیں تو کمزور تھا؛ اِس واسطے آیا نہ گیا  کِس طرح مانوں؛ کہ تم سے بھی بُلایا نہ گیا
۴۱ ملتا کس طرح؛ کہ تدبیر ہی صائب نہ ہوئی  دِل میں ڈھونڈا نہ گیا؛ غیر میں پایا نہ گیا
۴۲ محبوبوں کا محبوب تھا؛ دِلداروں کا دِلدار  معشوقوں کا معشوق؛ دُلاروں کا دُلارا
۴۳ مانا! کہ تیرے پاس نہیں دولتِ اعمال  مانا! تِرا دُنیا میں نہیں کوئی سہارا
۴۴ مِرے ہمراز سب دنیا کا کام اُس مَیں پہ ہے چلتا  مگر مَیں بھی تبھی ہوتی ہے؛ جب ہو سامنا تُو کا
۴۵ مجھ سے تم نفرت کروگے؛ سامنے میرے نہ ہوگے  ساتھ میرا چھوڑ دوگے؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا
۴۶ میری حالت پر نظر کر؛ عَیب سے غَضِّ بَصَر کر  ڈھیر ہوجاؤں گا مَر کر؛ مَیں تمھیں جانے نہ دُوں گا
۴۷ **ملیک و مالِک و خَلاقِ عالَم**  **رحیم و راحِم و بحرُ العَطایا**
۴۸ مَیں وہاں ایک اور خیال میں تھا  کیا کہوں؛ مَیں نِرالے حال میں تھا
۴۹ مَیں یُونہی اُس کو آزماتا تھا  پاک کرنے کو دِل جلاتا تھا
۵۰ میری خاطِر اگر یہ تھا بے چین  کب مجھے اس کے بِن قرار آیا

۵۱ مُسکراتے ہوئے؛ ہوا رُخصت — ساتھ اس کے مَیں اَشکبار گیا

۵۲ **مُنِحَ العُلُومَ صَغِیرَهَا وَکَبِیرَهَا — صَبَّت سَمآءَ العلمِ مَآءَ غُیُومِهَا**

۵۳ مَعصیت و گناہ سے دِل مِرا داغ دار تھا — پھر بھی کسی کے وَصل کے شوق میں بیقرار تھا

۵۴ مجھ سے لاکھوں ہیں تیری دُنیا میں — تجھ سا پَر کوئی دوسرا نہ بنا

۵۵ مانے نہ مانے، اس سے کیا؛ بات تو ہوگی دوگھڑی — قِصّہٴ دِل طویل کر؛ بات کو تُو بڑھائے جا

۵۶ منزلِ عِشق ہے کٹھن؛ راہ میں راہزن بھی ہیں — پیچھے نہ مُڑ کے دیکھ تُو؛ آگے قدم بڑھائے جا

۵۷ مسحور کر دیا مجھے دیوانہ کردِیا — تیری نِگاہِ لُطف نے کیا کیا نہ کردِیا

۵۸ میری شکایتوں کو؛ ہنسی میں اُڑا دیا — لایا تھا جو مَیں سنگ؛ اُسے دانہ کردِیا

۵۹ مُدّتوں کھیلا کیا ہے لَعل وگوہر سے عَدُو — اَب دِکھادے تُو ذرا جَوہَر اُسے شمشیر کا

۶۰ محسنِ بدبِیں کی صُحبت؛ حق کی خاطر چھوڑدی — کافِرِ نعمت بنا؛ لیک مسلماں ہوگیا

۶۱ مَیں دکھانا چاہتا تھا اُن کو حالِ دِل؛ مگر — وہ ہوئے ظاہر؛ تو دِل کا دَرد پنہاں ہوگیا

۶۲ مَیں بڑھا اِک گز؛ تو وہ سوگز بڑھے میری طرف — کام مشکل تھا؛ مگر اس طرح آساں ہوگیا

۶۳ مِرے ہی پاؤں اُٹھائے نہ اُٹھ سکے؛ اَفسوس — اُنھیں تو سامنے آنے میں کچھ حِجاب نہ تھا

۶۴ مَیں مانگنے گیا تھا کوئی اُن کی یادگار — لیکن وہاں اُنھوں نے مِرا دِل اُڑا لیا

۶۵ مَیں صاف دِل ہوں؛ مجھ سے خطا جب کبھی ہوئی — آبِ خَجَال سے مَیں اُسی دَم نہا لیا

۶۶ مُلَمّع ساز اس کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں دُنیا میں — مگر وہ عاشقِ صادق کے پہلو سے نکل آیا

۶۷ موتی تو ہیں؛ پَر اُن کو پِرونا نہیں آتا — آنسو تو ہیں آنکھوں میں؛ پہ رونا نہیں آتا

۶۸ مَیں لاکھ جَتَن کرتا ہوں؛ دِل دینے کی خاطر — پَر اُن کی نِگہ میں یہ کِھلونا نہیں آتا

۶۹ مثالِ سنگ بحرِ سعیٴ پیہم میں پڑا رہتا — نہ کچھ پرواہ ہوتی؛ پاس رہتا یا جُدا رہتا

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۷۰ مجھ میں تڑپ وہ ہوگی، بجلی بھی جھینپ جائے — دل عشق سے بھروں گا، اور بے قرار ہوں گا

# 'ن' سے 'الف'

('ن' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **35** |
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 21 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ نورِ فرقاں ہے؛ جو سب نوروں سے اَجلا نکلا　　پاک وہ: جس سے یہ اَنوار کا دریا نکلا

۲ نہ کیا ہے؛ نہ کر سکے پیدا　　سوچ لو! یہ خدا ہے ویدوں کا

۳ ناستک مَت کے وید ہیں حامی　　بس یہی مدّعا ہے ویدوں کا

۴ نشاں تیرا پاکر؛ وہیں جاؤں گا　　جو تیرا ہو؛ وہ اپنا ٹھہراؤں گا

۵ نہ چھوڑیں وہ تیرا یہ آستانہ　　میرے مولیٰ! انھیں ہر دَم بچانا

۶ نہ دیکھیں وہ زمانہ بے کَسی کا　　مصیبت کا، اَلَم کا؛ بے بَسی کا

۷ نہیں محصور ہرگز راستہ قُدرت نمائی کا　　خدا کی قُدرتوں کا حصر؛ دعویٰ ہے خدائی کا

۸ نہ جانا؛ کہ الہام ہے کیمیا　　اِسی سے تو ملتا ہے گنجِ لِقا

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۹ نرغۂ اعداء میں گھِر کر بھی نہ ڈَر جانا کَبھی　　خواہشِ اعلائے حق تھی؛ شوق تھا دیدار کا

۱۰ نوکِ خامہ سے سلجھتی گتھیاں دیکھا کئے — خوب تار و پود بگڑا؛ دجل کی سرکار کا

## کلامِ طاہر

۱۱ نخوت کو ایثار میں بدلا؛ ہر نفرت کو پیار میں بدلا — عاشق، جان نثار میں بدلا؛ پیاسا تھا جو خارلہُو کا

۱۲ ناحق ہم مجبوروں کو؛ اِک تہمت دی جلاّدی کی — قتل کے آپ ارادے باندھے؛ ہم کو عبث بدنام کیا

۱۳ نرگسی چشم نیم باز اُس کی — چمنِ دل کھُلا کھُلا سا تھا

۱۴ نبیوں کا امام آیا؛ اللہ امام اس کا — سب تختوں سے اونچا ہے؛ تخت عالی مقام اس کا

## کلامِ محمود

۱۵ نائبِ خیرالرُسُل ہوکر کرے گا کام یہ — وارثِ تختِ محمدؐ؛ میرزؔا ہوجائے گا

۱۶ نقشِ پا پر جو محمدؐ کے چلے گا؛ ایک دِن — پیروی سے اُس کی؛ محبوبِ خُدا ہوجائے گا

۱۷ نظر آتے تھے میرے حال پر وہ بھی پریشاں سے — یہ میرا خواب تو؛ خوابِ پریشاں ہو نہیں سکتا

۱۸ نظروں سے اپنی تم نہ گِراتے؛ تو خُوب تھا — پہلے ہی ہم کو مُنہ نہ لگاتے؛ تو خُوب تھا

۱۹ نفس کو بھُولنا چاہا؛ پہ بھُلایا نہ گیا — جان جاتی رہی؛ پَر اپنا پَرایا نہ گیا

۲۰ نہیں آرام پَل بھر بھی میسّر — ہے اس ظالم نے کچھ ایسا ستایا

۲۱ نازِ فُرقت میں جَل رہا تھا مَیں — گو پَسِ پردہ اِک ظہور بھی تھا

۲۲ نہ ہے باپ اُس کا؛ نہ ہے کوئی بیٹا — ہمیشہ سے ہے؛ اور ہمیشہ رہے گا

۲۳ نغمہ ہائے چمن ہوئے خاموش — کیا ہوا؛ کِس طرف ہزؔار گیا

۲۴ نَزَلَتْ مَلٰٓئِکَۃُ السَّمَآءِ لِنَصْرِہٖ — قَدْ فَاقَتِ الْاَرْضُ سَمیً بِظُلُوْمِھَا

۲۵ نعمتِ وَصل بے سوال ہی دے — اپنے عاشق کو بے حیا نہ بنا

۲۶ ناصِح وہ اعتراض تِرے کیا ہوئے بتا! — یکتا کے پیار نے مجھے یکتا نہ کر دیا؟

۲۷ نیزۂ دُشمن تِرے سینہ میں پیوَستہ نہ ہو — اُس کے دِل کے پار ہو سُوفار تیرے تیر کا

۲۸ نِکلا تھا مَیں؛ کہ بوجھ اُٹھاؤں گا اُن کا مَیں — لیکن اُنھوں نے گود میں مجھ کو اُٹھالیا

۲۹ ناراضگی سے آپ کی آئی ہے لَب پہ جان — اب تھُوک دیجے غُصّہ؛ بہت کچھ ستالیا

۳۰ نقصاں اگر ہوا؛ تو فقط آپ کا ہوا — دِل کو سَتا کے؛ اے مِرے دِلدار کیا لیا

۳۱ نہیں بے چارگی وجَبر کا دَخل ان کی محفل میں — جو آیا ان کی محفل میں؛ وہ چَل کے سَر کے بَل آیا

۳۲ نُور کے سامنے؛ ظُلمت بھلا کیا ٹھہرے گی — جان لو! جلد ہی اَب ظُلمِ صَنادِید اُٹھا

۳۳ نقشِ پا کو چوم لوں گا — مَیں تمہیں جانے نہ دوں گا

۳۴ نہ آئیگا مسلمانوں کا رَہبر کوئی باہر سے — جو ہوگا؛ خود مسلمانوں کے اَندر سے کھڑا ہوگا

۳۵ نازل ہوئے تھے عیسیٰ مریم جہاں؛ وہاں — اُس وَقت جاری قیصرِ رُوما کا حکم تھا

# 'و' سے 'الف'

## ('و' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 37 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 9 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 7 |
| iv | کلامِ محمود | 18 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وَقت تھا، وَقتِ مسیحا؛ نہ کسی اور کا وَقت — مَیں نہ آتا؛ تو کوئی اور ہی آیا ہوتا

۲ وہ ہمیں دِلستاں تلک لایا — اُس کے پانے سے؛ یار کو پایا

۳ وہ ہر لحظہ چولے کو دکھلاتا تھا — اِسی میں وہ ساری خوشی پاتا تھا

۴ وہ کھوتے ہیں سب کچھ؛ بَصِدق وصَفا — مگر اس کی ہوجائے حاصِل رضا

۵ وہ تن گم ہوا؛ یہ نشاں رِہ گیا — ذرا دیکھ کر اس کو؛ آنسو بہا

٦ وہ صدق و محبت؛ وہ مہر و وَفا  جو نانکؔ سے رکھتے تھے تم بَرمَلا

٧ وہ سوچیں؛ کہ کیا لکھ گیا پیشوا  وصیت میں کیا کہہ گیا بَرمَلا

٨ وہی آرامِ جاں اور دل کو بھایا  وہی جس کو کہیں ربّ البرایا

٩ وہ فاسق ہے؛ کہ جس نے رَہ گنوایا  نظر بازی کو اِک پیشہ بنایا

## دُرِّ عدن

١٠ وہ مسیحا؛ جس کو سُنتے تھے، فلک پر ہے مقیم  لُطف ہے اس خاک سے تُو نے نمایاں کر دِیا

١١ واسطہ تجھ کو؛ تیری قدرت کا  واسطہ تجھ کو؛ تیری رحمت کا

١٢ وعدہ پہ گر نہ آئے؛ تو کیا فائدہ ہوا  گو سچ تو یہ ہے؛ کہ اب جو ہونا تھا، ہو چکا

## کلامِ طاہر

١٣ وہی مَیں تھا؛ وہی طَلَب دل کی  وہی اِک عِشقِ نارسا سا تھا

١٤ وائے پیری کی پشیمانی جوانی کے جنون  خود سے مَیں شرمندہ تھا؛ مجھ سے مِرا آئینہ تھا

١٥ وہ ماہِ تمام اُس کا؛ مَہدیؑ تھا غلام اُس کا  روتے ہوئے کرتا تھا؛ وہ ذکر مُدام اُس کا

١٦ وہ جس کی رحمت کے سائے؛ یکساں ہر عالَم پر چھائے  وہ جس کو اللہ نے خود اپنی رحمت کی رِدا دی؛ آیا

١٧ وہ احسان کا افسوں پھونکا؛ موہ لیا دل اپنے عدُو کا  کب دیکھا تھا پہلے کسی نے؛ حسن کا پیکر اِس خوبو کا

١٨ وہ سمندر کے کنارے ہمیں لے جاتا تھا  دیر تک وہ لبِ ساحل ہمیں ٹہلاتا تھا

١٩ وہ سراپا جمال سَر تا پا  حُسنِ صنعت کا معجزہ سا تھا

## کلامِ محمود

٢٠ وہ شاہِ جہاں؛ جس کیلئے چشم بَرَہ ہو  وہ قادیاںؔ میں بیٹھا ہے؛ محبوب خدا کا

٢١ وہ دِل؛ جو بُغض و کِینہ سے تھے کور ہو رہے  دِیں کا کمال اُن کو بھی اُس نے دِکھادِیا

٢٢ وہاں ہم جا نہیں سکتے؛ یہاں وہ آ نہیں سکتے  ہمارے درد کا کوئی بھی دَرماں ہو نہیں سکتا

٢٣ وہ ہیں فردوس میں شاداں؛ گرفتارِ بَلا ہوں مَیں  وہ غمگیں ہو نہیں سکتے؛ مَیں خنداں ہو نہیں سکتا

٢٤ وہ خواب ہی میں گر نظر آتے؛ تو خُوب تھا  مرتے ہوئے کو آ کے جِلاتے؛ تو خُوب تھا

۲۵ وہ جوش اور خروش؛ کہاں اب چلے گئے | رہتا ہے اِس قدر یہ بھلا کیوں دَبا ہوا
۲۶ وہ خالی ہاتھ ہے ہر پیشکش سے | نہیں لایا وہ ساتھ اپنے ہدایا
۲۷ وہ حیوانوں سے بدتَر ہو رہا ہے | نہیں تقویٰ میں حاصِل کوئی پایا
۲۸ وہ ہم سفر تمھارا؛ آنکھوں کا میری تارا | اللہ کا صفی ہو؛ اللہ کا ہو پیارا
۲۹ وہ گئے تھے؛ تو خیر جانا تھا | دِل پہ کیوں میرا اختیار گیا
۳۰ وہ تو بے پَردہ ہوگئے تھے؛ مگر | حَیف! یہ دِل ہی آئنہ نہ بنا
۳۱ وہ آئے سامنے؛ مُنہ پر کوئی نِقاب نہ تھا | یہ اِنقلاب؛ کوئی کم تو اِنقلاب نہ تھا
۳۲ وُفُورِ حُسن سے آنکھیں جہاں کی خیرہ تھیں | نظر نہ آتے تھے؛ مُنہ پر کوئی نِقاب نہ تھا
۳۳ وہ کافِر اور مُلحِد ہم کو بتلائیں گے مِنبر پر | ہمارے زندقہ کا فتویٰ؛ سب میں بَرمَلا ہوگا
۳۴ وہ جن کے پیار واُلفت کی قسم کھاتے تھے ہم اب تک | ہر اِک اُن میں سے کل پیاسا ہمارے خُون کا ہوگا
۳۵ وہ جِس کی صُحبت و مجلس میں دِن اپنے گُزرتے تھے | ہمارے ساتھ اس کا کَل سُلُوکِ ناروا ہوگا
۳۶ وحشی کو بھی دَم بھر میں؛ مہذّب ہے بناتی | دیکھو تو اثر؛ آ کے ذرا! اس کی دعا کا
۳۷ وہ قوّتِ اعجاز ہے؛ اس شخص نے پائی | دَم بھر میں اسے مار گرایا؛ جسے تاکا

# 'ہ' سے 'الف'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **57** |
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 7 |
| iv | کلامِ محمود | 38 |

### دُرِّ ثمین

۱ ہے عجب میرے خدا! میرے پہ احساں تیرا — کس طرح شکر کروں؛ اے مِرے سُلطاں تیرا

۲ ہرمصیبت سے بچا؛ اے میرے آقا! ہردَم — حکم تیرا ہے؛ زمیں تیری ہے، دوراں تیرا

۳ ہوئے ہم تیرے؛ اے قادر توانا! — تیرے دَر کے ہوئے؛ اور تجھ کو جانا

۴ ہمیں بَس ہے تیری دَرگہ پہ آنا — مصیبت سے ہمیں ہر دَم بچانا

۵ ہُشیاری مُستغیث بھی اپنی دکھاتا تھا — سو سو خلافِ واقعہ باتیں بناتا تھا

۶ ہر اِک عاشق نے ہے اِک بُت بنایا — ہمارے دِل میں یہ دِلبر سمایا

۷ ہم اپنا فرض دوستو! اب کرچکے ادا — اب بھی اگر نہ سمجھو؛ تو سمجھائے گا خدا

۸ ہم نے اُلفت میں تیری؛ بار اُٹھایا کیا کیا — تجھ کو دِکھلا کے فلک نے ہے دِکھایا کیا کیا

### دُرِّ عدن

۹ ہوش مندانِ جہاں کو تُو نے دیوانہ کیا — خانۂ فطنت بسا اوقات ویراں کردِیا

۱۰ ہر جگہ ہے شور تِرا؛ کیا حقیقت، کیا مجاز — مشرک و مسلم سبھی کو سینہ بریاں کردِیا

۱۱ ہم نے خدا کے دِین کو بالکل بھلا دِیا     جو جو تھے حکم؛ سب کو نظر سے گِرا دِیا

۱۲ ہم مر رہے ہیں بھیج مسیحا کو اے خدا!     آنکھوں میں دَم ہے تَن سے نکل کر اٹک رہا

## کلامِ طاہر

۱۳ ہمارے شام وسحر کا کیا حال پوچھتے ہو کہ لمحہ لمحہ     نصیب ان کا بنا رہے ہیں؛ تمہارے ہی صبح وشام کہنا

۱۴ ہیں سب نام خدا کے سُندر؛ واہے گُرو، اللہ اکبر     سب فانی اِک وہی ہے باقی؛ آج بھی ہے جو کل ایشر تھا

۱۵ ہم تو رضائے باری پر ہی جیتے ہیں     اس کی رضا پر ہی؛ اِک دن مرنا ہوگا

۱۶ ہارٹلے پول میں کل ایک کنول ڈوب گیا     ہارٹلے پول کا وہ پھول؛ وہ محبوب گیا

۱۷ ہو کسی کے تم سراپا؛ مگر آہ! کیا کروں مَیں     میری روح بھی تمہاری؛ میرا جسم بھی تمہارا

۱۸ ہیں جان وجسم؛ سو تیری گلیوں پہ ہیں نثار     اولاد ہے؛ سو وہ تیرے قدموں پہ ہے فدا

۱۹ ہے مجھے تلاش اس کی؛ جو کبھی کا کھوچکا ہے     مجھے جستجو کا کرکے؛ کہیں دُور کا اِشارا

## کلامِ محمود

۲۰ ہے مِری آخر میں یہ یارب دعا     سایہ رکھ اِس پر تُو اپنے فضل کا

۲۱ ہر چار سُو ہے شُہرہ ہُوا قادیاں کا     مسکن ہے جو کہ مہدیٔ آخر زماں کا

۲۲ ہاں! جو نہ مانے احمدِ مُرسل کی بات بھی     کیا اعتبار ایسے شقی کی زُباں کا

۲۳ ہر جنگ میں کفّار کو ہے پیٹھ دِکھائی     تم لوگوں نے ہی نام ڈبویا ہے وَفا کا

۲۴ ہم بھولے پھر رہے تھے، کہیں کے کہیں؛ مگر     جو راہِ راست تھا؛ ہمیں اس نے بتا دِیا

۲۵ ہم کیوں کریں نہ اس پہ فِدا جان و آبرُو     روشن کیا ہے دِین کا جِس نے بُجھا دِیا

۲۶ ہے ایسی شان قیصرِ ہندوستاں کی     ہے دُشمن اُس کی خنجرِ بُرّاں سے کانپتا

۲۷ ہیں دَرِ مالک پہ بیٹھے ہم لگائے ٹکٹکی     ہاں! کبھی تو اپنا نالہ بھی رسا ہوجائے گا

۲۸ ہوا آخر نکل جاتی ہے آزارِ محبت کی     چھُپاؤ لاکھ تم اس کو؛ وہ پنہاں ہو نہیں سکتا

۲۹ ہر اِک دَم اپنی قُدرت کے انہیں جلوے دِکھاتا ہے     جو اس کے ہو رہیں؛ پھر ان سے پنہاں ہو نہیں سکتا

۳۰ ہزاروں حسرتوں کا روز دِل میں خُون ہوتا ہے     کبھی ویران یہ گنجِ شہیداں ہو نہیں سکتا

۳۱ ہوں اتنا منفعل اس سے؛ کہ بولا تک نہیں جاتا
مَیں اس سے مَغفرت کا بھی تو خواہاں ہو نہیں سکتا

۳۲ ہِلتے دیکھا جو کبھی تیرا ہلالِ اَبرُو
پارہ ہائے جگرِ شمس کو اُڑتا دیکھا

۳۳ ہراِک نے ساتھ چھوڑ دیا؛ ایسے حال میں
سمجھے تھے باوَفا جِسے؛ وہ بے وَفا ہوا

۳۴ ہم بھی کمزور تھے؛ طاقت نہ تھی ہم میں بھی کچھ
قول آقا کا مگر ہم سے ہٹایا نہ گیا

۳۵ ہوا مایوس جب چاروں طرف سے
نہ جب کوشش نے اس کا کچھ بنایا

۳۶ ہنس کے کہتا ہے دیکھ کر مجھ کو
دیکھو! وہ میرا دِل فِگار آیا

۳۷ ہے فریاد مَظلوم کی سُننے والا
صداقت کا کرتا ہے وہ بول بالا

۳۸ ہوگیا گُل دِیا مِرے گھر کا
اَمن اور چین کا حِصار گیا

۳۹ ہر طرف سے رہا مجھے گھاٹا
دِل گیا؛ دِل کا اِعتبار گیا

۴۰ ہجر میں وَصل کا مزا پا لیا مَیں نے ہَمنشیں
لَب پہ تو تھا نہیں؛ مگر آنکھ میں اُن کی پیار تھا

۴۱ ہیں ناخُدائے قوم بنے صاحِبانِ عَقل
ہے اس خیال نے مجھے دیوانہ کردِیا

۴۲ ہر جلوۂ جدید نے تختہ اُلٹ دِیا
خود مجھ کو اپنے آپ سے بیگانہ کردِیا

۴۳ ہوچکا ہے ختم اب چکّر تری تقدیر کا
سونے والے اُٹھ! کہ وقت آیا ہے اب تدبیر کا

۴۴ ہوچکی مشقِ سِتَم اَپنوں کے سینوں پر بہت
اَب ہو دُشمن کی طرف رُخ خنجر وشمشیر کا

۴۵ ہو رہا ہے کیا جہاں میں؛ کھول کر آنکھیں تو دیکھ
وقت آ پہنچا ہے تیرے خواب کی تعبیر کا

۴۶ ہوئے نہ انجمن آرا، اگر؛ تو کیا کرتے
کہ ان کے حسن کا؛ کوئی بھی تو جواب نہ تھا

۴۷ ہنستے ہی ہنستے رُوٹھ گئے تھے وہ ایک دِن
ہم نے بھی رُوٹھ رُوٹھ کے؛ اُن کو منا لِیا

۴۸ ہونے دی اُن کی بات نہ ظاہر کسی پہ بھی
جو زَخم بھی لگا؛ اُسے دِل میں چھُپا لیا

۴۹ ہے قدم دنیا کا ہر دَم آگے آگے جا رہا
تیزتَرگردش میں ہیں پہلے سے اَب اَرض و سما

۵۰ ہم اُن کی تلخ گُفتاری پہ ہرگز کچھ نہ بولیں گے
جو بِگڑے گا، تو اُن کا مُنہ؛ ہمارا حَرج کیا ہوگا

۵۱ ہراِک جاہل یہ باتیں سن کے بھرجائے گا غُصّہ سے
ہمارے قتل پر آمادہ؛ ہر چھوٹا بڑا ہوگا

۵۲ ہماری سَنگ باری کیلئے؛ پتھر چُنیں گے سب
کمر میں ہرکس وناکس کے؛ اِک خنجر بندھا ہوگا

۵۳ ہمارے واسطے دنیا بنے گی ایک ویرانہ — سِوا اُس یارِ جانی کے؛ نہ کوئی دُوسرا ہوگا
۵۴ ہمیں وہ ہر طرف سے ڈھانپ لے گا؛ اپنی رحمت سے — جو آنکھوں میں بَسا ہوگا؛ تو دل میں وہ چھُپا ہوگا
۵۵ ہمارا جُرم بس یہ ہے؛ کہ ہم ایمان رکھتے ہیں — کہ جب ہوگا؛ اِسی اُمّت سے پیدا رَہنما ہوگا
۵۶ ہمارے سَیّد و مولا نہیں محتاج غیروں کے — قیامت تک بس اب دورہ اُنہی کے فیض کا ہوگا
۵۷ ہے جِسرِ صِراط پر ترا پاؤں — وادِیدہ و گوش باز ہو جا

# 'ی' سے 'الف'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'الف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 39 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 18 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلام طاہر | 6 |
| iv | کلامِ محمود | 12 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ یا اِلٰہی! تیرا فرقاں ہے؛ کہ اِک عالم ہے — جو ضروری تھا؛ وہ اس میں مہیّا نکلا
۲ یہ صدق و صفا سے بہت دُور تھا — کہ غیروں کے خوفوں سے دل چُور تھا
۳ یہ بات کیا ہوئی؛ کہ وہ تم سے الگ رہا — کچھ بھی مدد نہ کی؛ نہ سُنی کوئی بھی دعا
۴ یعنی وہ وقت؛ امن کا ہوگا، نہ جنگ کا — بھولیں گے لوگ مشغلہ؛ تیر و تفنگ کا
۵ یارو! جو مرد آنے کو تھا؛ وہ تو آچکا — یہ راز؛ تم کو شمس و قمر بھی بتا چکا

۶ یہی چھوڑ کر؛ وہ وَلی مر گیا | نصیحت تھی مقصد؛ ادا کر گیا

۷ یہی ہے؛ کہ نائب ہے دیدار کا | یہی ایک چشمہ ہے اسرار کا

۸ یہ چولہ ہے قدرت کا جلوہ نما | کلامِ خدا؛ اس پہ ہے جابجا

۹ یہ ہو، مَیں دیکھ لوں تقویٰ سبھی کا | جب آوے وقت میری واپسی کا

۱۰ یہ توہیں کرکے؛ پھل ویسا ہی پایا | اہانت نے انھیں کیا کیا دِکھایا

۱۱ یہ حکم سُن کے بھی؛ جو لڑائی کو جائیگا | وہ کافروں سے سخت ہزیمت اُٹھائے گا

۱۲ یا مخبری سے ان کی؛ کوئی اور ہی بلا | آجائے مجھ پہ؛ یا کوئی مقبول ہو دعا

۱۳ یہ ممکن ہے؛ کشفی ہو یہ ماجرا | دکھایا گیا ہو؛ بحکمِ خدا

۱۴ یہی سالکوں کا تو تھا مدّعا | اِسی سے تو کھُلتی تھیں آنکھیں ذرا

۱۵ یہ معیار ہے؛ دِیں کی تحقیق کا | کھُلا فرق دجّال و صدّیق کا

۱۶ یہ نانک سے کرنے لگے جب جدا | رہے زور کر کر کے بے مدّعا

۱۷ یہ نورِ خدا ہے خدا سے ملا | ارے! جلد آنکھوں سے اپنی لگا

۱۸ یہ چھوٹی عمر پر جب آزمایا | کلامِ حق کو ہے فَرفَر سنایا

## ﴾دُرِّ عدن﴿

۱۹ یا اِلٰہی! خیر ہو؛ آئیں بصَد فتح و ظفر | دردِ دِل سے تھی حضورِ ذاتِ باری التجا

۲۰ یہ زباں تیری، قلم تیرا؛ ترے قلب ودماغ | ہیں سبھی میرے تصرّف میں؛ تجھے پھر خوف کیا

۲۱ یارا نہیں پاتی ہے زباں شکر و ثنا کا | احساں سے بندوں کو دیا اِذن دعا کا

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۲۲ یہ بھی شاید! کوئی بھٹکا ہوا راہی غم ہے | دوگھڑی قلب کے غم خانے میں ستانے لگا

۲۳ یُوں ہی چھُپ چھُپ کے مِلا کرتے پسِ پردۂ دل | دل ہی دل میں کِسے معلوم؛ کہ کیا کیا ہوتا

۲۴ یوں ہی بڑھتی چلی جاتی رَہ و رَسمِ اُلفت | ہم نے جی کھول کے اِک دُوجے کو چاہا ہوتا

۲۵ یہ ادا، دِل کو لبھاتی؛ تو ستاتی بھی بہت | سوچتا، تم نہ مِرے ہوتے؛ تو پھر کیا ہوتا

۲۶ یاد میں کس کی وہ آفاق پہ بہتا ہوا حُسن — نِت نئی دنیا؛ نئے دیس میں ڈھلتا ہوتا

۲۷ یوں لگا؛ جب مِلا وہ پہلی بار — جیسے صدیوں سے آشنا سا تھا

## کلامِ محمود

۲۸ یہ بھی اسی کے دَم سے ہے؛ نعمت تمہیں مِلی — تا شکر جان ودِل سے؛ خدا کا کرو اَدا

۲۹ یونہی پڑے نہ باتیں بناتے؛ تو خُوب تھا — کچھ کام کر کے ہم بھی دِکھاتے؛ تو خُوب تھا

۳۰ یہی ہے آرزو اس کی الٰہی! — یہی ہے اِلتجا اس کی خُدایا!

۳۱ یہ دیکھ کر؛ کہ دِل کو لیے جا رہے ہیں وہ — مَیں نے بھی اُن کے حُسن کا نقشہ اُڑا لیا

۳۲ یہی ہوگا نا؛ غُصّہ میں، وہ ہم کو گالیاں دیں گے — سُنائیں گے وہ کچھ؛ پہلے نہ جو ہم نے سُنا ہوگا

۳۳ یا فاتحِ رُوحِ ناز ہوجا — یا تُو ہَمہ تَن نیاز ہو جا

۳۴ یا میری ہنسی بھی تھی عبادت میں ہی داخل — یا ذھدوتعبد میں بھی پاتا ہوں خسارا

۳۵ یا غیر بھی آکر میری کرتے تھے خوشامد — یا اپنوں نے بھی ذہن سے اپنے ہے اتارا

۳۶ یا آج میرے حال پہ روتا ہے فلک بھی — سورج کا جگر بھی ہے غم و رَنج سے پارا

۳۷ یا کُندچھُری ہاتھ میں دیتا تھا نہ کوئی — یا زخموں سے اَب جسم مِرا چُور ہے سارا

۳۸ یا زانوئے دِلدار مِراتکیہ تھا؛ یا اَب — سَر رکھنے کو مِلتا نہیں پتھر کا سہارا

۳۹ یہ رُعب اور شان؛ بھلا اُس میں تھی کہاں — یہ دَبدَبہ تھا قیصرِ رُوما کو کب مِلا

# ب

('ب' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 87 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 15 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 20 |
| iii | کلامِ طاہر | 13 |
| iv | کلامِ محمود | 39 |

# 'الف' سے 'ب'

('الف' سے شروع ہوکر 'ب' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 17 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 7 |

## دُرِّ ثمین

۱ اسی سے تو نانکؔ ہوا کامیاب     کہ دل سے تھا قربانِ عالی جناب
۲ اسی فکر میں رہتے ہیں روز و شب     کہ راضی وہ دِلدار ہوتا ہے کب؟

## دُرِّ عدن

۳ اسی سے منور ہو سینہ تمہارا     کرے دل میں گھر نورِ قرآن طیب
۴ الٰہی! یہی نور چھا جائے اتنا     کہ بن جائے شمعِ شبستان طیّب
۵ اسی راستہ پر چلو میری پیاری!     یہی راہ ہے سب میں آسان طیّب
۶ اطاعت کروں؛ دُور ہوں یا قریب     کہیں سب مجھے بادب بانصیب

## کلامِ طاہر

۷ آہ وبقا پہ پہرے ہیں دل میں فغاں ہے بند     اے رات! آ بھی جا؛ کہ رہا ہوں طیورِ شب
۸ اِمشب نہ تُو نے چہرہ دکھایا؛ تو کیا عجب     صبح کا منہ نہ دیکھے دلِ ناصبورِ شب
۹ اس لمحہ تیرے رشک سے شبنم تھی آب آب     مِٹی میں مل رہا تھا؛ پگھل کر غرورِ شب
۱۰ اس کے ہی غم سے تو آج آنکھیں ہوئی ہیں پُرآب     ذکر سے جس کے کِھل اُٹھتے تھے کبھی دل کے گلاب

## کلامِ محمود

۱۱ اِلٰھی! آپ کی دَرگہ سے گر پھرا خالی     تو پھر جو دشمنِ جاں ہیں؛ وہ مُنہ لگائیں گے کب
۱۲ اپنے پیچھے چھوڑے جاتے ہیں یہ اِک حُسنِ حَسیں     بھاگے جاتے ہیں یہ اَحمق؛ کیوں بھلا سُوئے حُباب
۱۳ اَمر بالمَعرُوف کا بیڑا اُٹھاتے ہیں جو لوگ     اُن کو دینا چاہتے ہیں؛ ہرطرح کا یہ عذاب
۱۴ ابنِ ابراھیمؑ آئے تھے جہاں باتِشنہ لب     کردِیا خشکی کو تُو نے اُن کی خاطر آب آب
۱۵ اِک رُخِ روشن سدا رہتا ہے آنکھوں کے تلے     ہیں نظر آتے مجھے تاریک ماہ و آفتاب
۱۶ اِس قدر بھی بے رُخی اچھی نہیں عُشّاق سے     ہاں! کبھی تو اپنا چہرہ کیجئے گا بے نِقاب
۱۷ ابنِ اِبراہیم بھی ہوں؛ اور تِشنہ لب بھی ہوں     اسلئے جاتا ہوں مَیں؛ مکہّ کو بأُمیدِ آب

# 'ب' سے 'ب'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ برس گذرے ہیں چارسو کے قریب یہ ہے نَو بہ نَو اِک کرامت عجیب

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ بٹھا دے گا دل میں محبت خدا کی تمہیں یہ بنادے گا انسان طیب

# 'پ' سے 'ب'

## ('پ' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلام محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ پَر جو مَولیٰ کی رَضا کے واسطے کرتے ہیں کام اَور ہی ہوتی ہے؛ اُن کی عِزّ وشان وآب وتاب

# 'ت' سے 'ب'

('ت' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تم ہمیں دیتے ہو کافر کا خطاب     کیوں نہیں لوگو! تمہیں خوفِ عِقاب

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲ تِشنگی بڑھتی گئی؛ جتنا کِیا دُنیا سے پیار     پانی سمجھے تھے جسے؛ وہ تھا حقیقت میں سَراب

۳ تو زیرِ تابشِ رُخِ اَنور ہے روز و شَب     ظُلمت کدہ میں لوٹ رہا ہوں مَیں دَم بہ لَب

# 'ج' سے 'ب'

('ج' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جن کو نشانِ حضرتِ باری ہوا نصیب — وہ اس جنابِ پاک سے ہردَم ہوئے قریب

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ جہاں کام دے گی نہ اے بی، نہ سی ڈی — وہاں کام آئے گا قرآنِ طیّب

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ جو تم نے اُن کو بُلانا ہو؛ دِل وسیع کرو — بڑے وسیع ہیں وہ؛ اس جگہ سمائیں گے کب

۴ جو خود ہوں نُور؛ جنھیں نُور سے محبت ہو — غَریقِ بحرِ ضَلالت سے؛ دل ملائیں گے کب

۵ جب وَبا آئے؛ تو پہلے اس سے مَرتے ہیں غریب — مال داروں کو مگر لگتے ہیں ٹیکے؛ ہے عجیب

# 'چ' سے 'ب'

## ('چ' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ چشمۂ اَنوار؛ میرے دِل میں جاری کیجئے — پھر دِکھا دیجے مجھے عنوانِ رُوئے آفتاب

۲ چھینے گئے ہیں مُلک سب باقی ہیں اب شام وعَرَب — پیچھے پڑا ہے ان کے اَب دُشمن؛ لگائے تا نَقَب

# 'خ' سے 'ب'

('خ' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ خدا کے کرم سے پھٹکنے نہ پائے رہے دُور ہی تم سے شیطان طیّب

۲ خدا سے دعا ہے؛ کہ بَن جائے اس کی مِری پیاری طیّب؛ میری جان طیّب

﴿کلامِ محمود﴾

۳ خوشی اُنہی کو ہے زیبا؛ جو صاحبِ دِل ہیں جو دِل ہیں دَب چُکے پھر وہ ہنسیں ہنسائیں گے کب

# 'د' سے 'ب'

('د' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **6** |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دیکھا ہے تیرا منہ جب؛ چمکا ہے ہم پہ کوکب مقصود مل گیا سب؛ ہے جام اب لبالب
۲ دیئے تُو نے مجھے یہ مہر و مہتاب یہ سب ہیں میرے پیارے! تیرے اسباب
۳ دکھایا تُو نے وہ اے رَبِّ اَرباب کہ کم ایسا دِکھا سکتا کوئی خواب

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ دعا میری سن لے؛ خدائے مجیب کہا جس نے رحمت سے اِنِّــــی قَــــرِیــــب

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۵ دن آج کب ڈھلے گا؛ کب ہوگا ظہورِ شب ہم کب کریں گے چاک گریباں؛ حضورِ شب

## ﴿کلامِ محمود﴾

۶ دَوڑے جاتے ہیں بامّیدِ تمنّا سوئے باب شاید آجائے نظر؛ رُوئے دِل آرا بے نِقاب

# 'ر' سے 'ب'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ عدن | 2 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ رہو دل سے تم دِین کی اپنے شیدا کرو جان تک؛ اس پہ قربان طیب
۲ ربِّ کریم فضل سے سُن لے دعائیں سب رحمت سے اپنی؛ بخش ہماری خطائیں سب

# 'س' سے 'ب'

('س' سے شروع ہوکر 'ب' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 3 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | دُرِّ عدن | i |
| 1 | کلامِ طاہر | ii |
| 1 | کلامِ محمود | iii |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ سبق سارے بھولیں؛ نہ بھولے یہ ہرگز　　سکھاتا ہے جو تم کو قرآن طیّب

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ سب جاگ اُٹھے تھے پیار کے اَرماں تہہِ نجوم　　پھونکا تھا کس نے گوشِ محبت میں صُورِ شب

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ سُنا ہے؛ خواب میں مُمکن ہے رویَتِ جاناں　　مَیں منتظر ہوں؛ کہ وہ اب مجھے سُلائیں گے کب

# 'غ' سے 'ب'

('غ' سے شروع ہوکر 'ب' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ غافلو! کیوں ہو رہے ہو عاشقِ چنگ و رُباب آسماں پر کھُل رہے ہیں آج سب عِرفاں کے باب

# 'ک' سے 'ب'

## ('ک' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کیوں نہیں دیکھتے طریقِ صواب؟ کس بَلا کا پڑا ہے دل پہ حجاب!

۲ کیوں نظر آتا نہیں راہِ صواب؟ پڑگئے کیسے یہ آنکھوں پر حجاب؟

۳ کہو جب کہ پوچھے گا مولیٰ حساب تو بھائیو! بتاؤ کہ کیا ہے جواب؟

۴ کیا تضرّع اور توبہ سے نہیں ٹلتا عذاب کس کی یہ تعلیم ہے؛ دِکھلاؤ تم مجھ کو شتاب

﴿دُرِّ عدن﴾

۵ کڑا وَقت ہے؛ اور بڑا اِضطراب کھُلے ہیں مگر اس کی رحمت کے باب

﴿کلامِ محمود﴾

۶ کھاتے ہیں زردہ پلاؤ، قورما و شیر مال مخملی دوشالے اوڑھے؛ پھرتے ہیں اس کے رقیب

۷ کیا ہوا؛ کیوں عقل پر اُن سب کے پتھر پڑ گئے چھوڑ کر دِیں؛ عاشقِ دنیا ہوئے ہیں شیخ و شاب

۸ کیا بتاؤں؛ کس قدر کمزوریوں میں ہوں پھنسا سب جہاں بیزار ہو جائے؛ جو ہوں مَیں بے نقاب

# 'گ' سے 'ب'

('گ' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ عدن | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

١ گر حکم ہو؛ تو کھول کر سینہ دِکھائیں سب آقا سنیں؛ تو قصّۂ دل کہہ سنائیں سب

# 'ل' سے 'ب'

('ل' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | کلامِ طاہر | 2 |

﴿کلامِ طاہر﴾

١ لیلائے شب کی گود میں سویا ہوا تھا چاند سیماب زیبِ تَن کئے بیٹھی تھی حُورِ شب

٢ لمحاتِ وَصل؛ جن پہ اَزَل کا گمان تھا چٹکی میں اُڑ گئے؛ وہ طُیورِ سُرورِ شب

# 'م' سے 'ب'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 14 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 5 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 7 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ مبارک تمہیں ختمِ قرآن طیّب — خدا کا ہوا فضل و احسان طیّب

۲ مبارک تمہیں علم کا سر پہ جھومر — گلے کا بنے ہار ایمان طیّب

۳ ملا دے گا یہ تم کو آخر خدا سے — نکل جائیں گے دل کے ارمان طیّب

۴ مقابل میں اسلام کے؛ سارے مذہب — یہ مُردے ہیں؛ لاشیں ہیں، بے جان طیّب

۵ مسلمان بَن کر دِکھانا جہاں کو — بنانا بہت سے مسلمان طیّب

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۶ مَے سی اُتر رہی تھی؛ کواکِب سے نور کی — ہرسمت بَٹ رہی تھی؛ شرابِ طُہورِ شَب

۷ مسکراتا تھا ہمیشہ؛ وہ نجیب ابنِ نجیب — اس کے اَخلاق نرالے تھے؛ ادائیں تھیں عجیب

### ﴿کلامِ محمود﴾

۸ مُمِیت بن چکے مُحیی بنیں گے کب میرے — مجھے وہ مار تو بیٹھے ہیں؛ اب جِلائیں گے کب

۹ مَست ہو کیوں اس قدر اَغیار کے اَقوال پر — اُس شہِ خُوباں کی تم کیوں چھوڑ بیٹھے ہو کِتاب

۱۰ مَیں ہوں خالی ہاتھ؛ مجھ کو یونہی جانے دیجئے — شاہ ہو کر؛ آپ کیا لیں گے فقیروں سے حساب

۱۱ میری خواہش ہے؛ کہ دیکھوں اُس مقامِ پاک کو جس جگہ نازل ہوئی مولیٰ! تیری اُمُّ الکتاب
۱۲ میرے والد کو بھی ابراہیمؑ ہے تُو نے کہا جس کو جو چاہے بنائے؛ تیری ہے عالی جناب
۱۳ مَر رہا ہوں بھُوک کی شِدَّت سے بے چارہ غریب ڈھانکنے کو تَن کے؛ گاڑھا تک نہیں اُس کو نصیب
۱۴ موت جس کے پاس ہے؛ ہے وہ تو محرومِ دَوا اور جو محفوظ ہیں؛ اُن کو دَوائیں ہیں نصیب

# 'ن' سے 'ب'

## ('ن' سے شروع ہوکر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | کلام طاہر | 1 |
| ii | کلام محمود | 2 |

### کلامِ طاہر

۱ ناگاہ تیری یاد نے یوں دل کو بھردِیا گویا سِمٹ گیا اُسی کوزہ میں نورِ شب

### کلامِ محمود

۲ نہیں یہ ہوش؛ کہ خود اُن کے گھر میں رہتا ہوں یہ رَٹ لگی ہے؛ کہ وہ میرے گھر پہ آئیں گے کب
۳ نگاہ چہرۂ جاناں پہ جاپڑی جن کی پھر اور لوگوں کے انداز؛ اُن کو بھائیں گے کب

# 'و' سے 'ب'

('و' سے شروع ہو کر 'ب' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 4 |

## دُرِّ ثمین

۱ وہ بیعت سے اس کے ہوا فیضیاب سنا شیخ سے؛ ذکرِ راہِ صواب

۲ وہی کرتا ہے ظنِّ بَد بِلا ریب کہ جو رکھتا ہے پردہ میں وہی عیب

## دُرِّ عدن

۳ وہ ہے تیری شہ رَگ سے زیادہ قریب کہا اُس نے بندوں کو اِنّـــیِ مُـــجِیـــب

## کلامِ طاہر

۴ ویسے تو ہو آدم ہی کی اولاد بِلا ریب سَر پر ہے عمامہ بڑا؛ جبے میں بڑی جیب

## کلامِ محمود

۵ وہ قیدِ نفسِ دَنی سے مجھے چھڑائیں گے کب رِہائی پنجۂ غم سے مجھے دِلائیں گے کب

۶ وہ میرے چاکِ جگر کا کریں گے کب دَرماں جو دِل پہ داغ لگے ہیں؛ اُنھیں مِٹائیں گے کب

۷ وَفا طریق ہے اُن کا؛ وہ ہیں بڑے مُحسِن لگا کے مُنہ؛ نظروں سے مجھے گِرائیں گے کب

۸ وہ شجر ہیں؛ سنگ باروں کو بھی جو دیتے ہیں پھل ساری دنیا سے نرالا؛ اُن کا ہوتا ہے جواب

# 'ہ' سے 'ب'

('ہ' سے شروع ہوکر 'ب' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہردَم کے خبث وفِسق سے دل پر پڑے حجاب آنکھوں سے ان کی چھُپ گیا ایماں کا آفتاب

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ ہوش و حواس گُم تھے؛ کسے تابِ دِید تھی جب جگمگا رہا تھا برقِ تجلّی سے طورِ شب

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ ہم ہورہے ہیں جاں بلَب ؛ بنتا نہیں کوئی سبب ہیں منتظر اس کے؛ کہ کب آئے ہمیں اِمدادِ ربّ

# 'ی' سے 'ب'

('ی' سے شروع ہوکر 'ب' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | کلامِ محمود | 3 |

# ﴿کلامِ محمود﴾

۱ یا اِلٰہی! آپ ہی اب میری نصرت کیجئے — کام ہیں لاکھوں؛ مگر ہے زندگی مثلِ حباب
۲ یہ صدمہ ہائے جُدائی؛ اُٹھائے جائیں گے کب — دِل اور جان میرے؛ اُن کی تاب لائیں گے کب
۳ یہ مَیں نے مانا؛ کہ ہے اُن کی ذات بے پایاں — مگر وہ چہرۂ زیبا مجھے دکھائیں گے کب

# ت

('ت' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 122 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 37 | دُرِّ ثمین | i |
| 29 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 28 | کلام طاہر | iii |
| 28 | کلامِ محمود | iv |

# 'الف' سے 'ت'

('الف' سے شروع ہوکر 'ت' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 17 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 5 | دُرِّ ثمین | i |
| 5 | دُرِّ عدن | ii |
| 5 | کلام طاہر | iii |
| 2 | کلام محمود | iv |

## درِّ ثمین

۱ اگر خالق نہیں روحوں کی وہ ذات      تو پھر کاہے کی ہے قادر وہ ہیہات
۲ ایسے بدوں سے اس کے ہوں ایسے معاملات      کیا یہ نہیں کرامت وعادت سے بڑھ کے بات
۳ آخر خدا نے دی مجھے اس آگ سے نجات      دشمن تھے جتنے؛ ان کی طرف کی نہ التفات
۴ اسی پر وہ آیات ہیں بیّنات      کہ جن سے ملے جاودانی حیات
۵ اِس بدعمل کی قتل سزا ہے؛ نہ یہ کہ پیت      پس کِس طرح خدا کو پسند آگئی یہ رِیت

## درِّ عدن

۶ اس صاحبِ آزار کی راحت ہے اسی میں      بَن جائے ہر اِک زخم؛ نمک خوارِ محبت
۷ اربابِ محبت پہ، یہ کیوں طعنہ ظنی ہے      اے بے خبرِ لذّتِ آزارِ محبت
۸ اسباق محبت کے؛ زمانے کو پڑھائے      خود ہوگئے وہ نخلِ ثمر بارِ محبت
۹ اے شاہِ زماں خالقِ انوارِ محبت      اے جانِ جہاں رونقِ گلزارِ محبت
۱۰ آگئی تھی چند روزہ سیر کو      پر اسے بھائی نہیں دنیائے زشت

## کلامِ طاہر

۱۱ آنکھ اپنی ہی ترے عشق میں ٹپکاتی ہے      وہ لہو؛ جس کا کوئی مول نہیں آج کی رات
۱۲ اُن کو شکوہ ہے؛ کہ ہجر میں کیوں تڑپایا ساری رات      جن کی خاطر رات لُٹادی؛ چین نہ پایا ساری رات
۱۳ اُن سے شکوہ کیسا؛ جن کی یاد نے بیٹھ کے پہلو میں      ساری رات آنکھوں میں کاٹی درد بٹایا ساری رات
۱۴ اُن سے شکایت کس منہ سے ہو؛      جن کی کومل یاد نے؛
جن کے ہوں احسان بہت      دُکھتا دل سہلایا ساری رات
۱۵ اوروں کے دکھ درد میں تُو کیوں ناحق جان گنواتا ہے      تجھ کو کیا؛ کوئی بے شک تڑپے ماں کا جایا ساری رات

## کلامِ محمود

۱۶ اُسی کے دَم سے فقط ہے بقائے مَوجودات      خدا نے رکھی ہے وہ اِتّصال میں برکت
۱۷ اللہ کی تم پہ رحمت؛ اللہ کی تم پہ برکت      اللہ کی مہربانی؛ اللہ کی ہو عِنایت

# 'ب'سے 'ت'

('ب'سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ بنائی تُو نے پیارے میری ہر بات دکھائے تُو نے احساں اپنے دن رات

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ بچے بھوکے گریاں ترساں دیپک کی لَو لرزاں لرزاں کُٹیا میں افلاس کے بھوت کا ناچا سایا ساری رات

# 'پ'سے 'ت'

('پ'سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 4 |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ پڑا پیچھے جو میرے غولِ بدذات پڑی آخر خود اس موذی پہ آفات

۲ پس ایسے ہی ارادوں سے کر کے مقدّمات — چاہا گیا؛ کہ دن میرا، ہوجائے مجھ پہ رات
۳ پھر یہ نہیں؛ کہ ہوگئی ہے صرف ایک بات — پاتا ہوں ہرقدم میں خدا کے تفضلات

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ پوچھے دلِ عُشّاق سے کوئی؛ کہ یہ کیا ہے — کس لُطف کی دیتا ہے کھٹک خارِمحبت

# 'ت' سے 'ت'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'ت' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تم نے حق کو بھلا دیا؛ ہیہات — دل کو پتھر بنا دیا؛ ہیہات
۲ تناسخ اڑ گیا؛ آئی قیامت — کرو کچھ فکر اب حضرت سلامت

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ تیرا احساں ہے کہ تُو نے مجھے گیتوں کیلئے چُن لیا ہے — کہ مَیں بنتا رہوں؛ گاتا رہوں گیت
۴ تِشنہ لبوں کی خاطر؛ ہرسمت گھومتے ہیں — تھامے ہوئے سبوئے گُلفامِ احمدیت

### ﴿کلامِ محمود﴾

۵ تاکہ انصاف کے پانے میں نہ ہو کچھ دِقّت — منصفوں اور ججوں تک کی بھی؛ کی ہے کثرت

# 'ٹ' سے 'ت'

('ٹ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ ٹال سکتا ہے کون فرمانِ خدا کس طرح پوری نہ ہوتی سرنوشت

# 'ج' سے 'ت'

('ج' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 9 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 2 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جو کچھ ہمیں ہے راحت؛ سب اس کی جود و منّت اس سے ہے دل کو بیعت دل میں ہے اس کی عظمت

۲ جسے حاجت رہے غیروں کی دن رات بھلا اس کو خدا کہنا ہی کیا بات

۳ جو مر گئے انہی کے نصیبوں میں ہے حیات — اس رَہ میں زندگی نہیں ملتی بجز ممات

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ جو عشق میں کامل تھے؛ ہوئے یار پہ قرباں — تکمیل ہوئی؛ بَن گئے معیارِ محبت

۵ جو کود پڑا اس میں کھلا بھید یہ اس پر — پوشیدہ ہے فردوس تہِ غارِ محبت

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۶ جانے کس فکر میں غلطاں ہے مِرا کافِر گر — اِدھر اِک بار جو آ نکلے کہیں آج کی رات

۷ جن پہ گزری ہے؛ وہی جانتے ہیں غیروں کو — کیسے بتلائیں؛ کہ تھی کتنی حسیں آج کی رات

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸ جہاں پہ کل تھے؛ وہیں آج تم نہ رُک رہنا — قدم بڑھاؤ؛ کہ ہے اِنتِقال میں بَرَکت

۹ جو چاہے خیر؛ تو کر اِستِخارۂ مَسنُون — عَبَث تلاش نہ کر؛ تیر و فال میں برکت

# 'چ' سے 'ت'

## ('چ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ چڑھے تو نام نہ لے ڈوبنے کا پھر وہ کبھی — کچھ ایسی ہو میرے یومُ الوِصال میں برکت

# 'ح' سے 'ت'

(' ح' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ حَلال کھا؛ کہ ہے رِزقِ حَلال میں برکت　　زکوٰۃ دے؛ کہ بڑھے تیرے مال میں برکت

# 'خ' سے 'ت'

(' خ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 3 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ طاہر | i |
| 2 | کلامِ محمود | ii |

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ خوب سجی یادوں کی محفل مہمانوں نے تاپے ہاتھ　　ہم نے اپنا کوئلہ کوئلہ دل دہکایا ساری رات

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲ خُدا کی راہ میں دے؛ جِس قدر بھی ممکن ہو　　کہ اُس کے فضل سے ہو تیرے مال میں برکت

۳ خُدا ہی تھا؛ کہ جِس نے دی یہ نعمت　　مُحمّدؐ ہی تھے؛ جو لائے یہ خِلعَت

# 'د' سے 'ت'

('د' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دکھائیں آسماں نے ساری آیات — زمیں نے وقت کی دیدیں شہادات

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ دل جس کا ہوا حامل اسرارِ محبت — چہرہ پہ برسنے لگے انوارِ محبت

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ دیکھ! اس دَرجہ غمِ ہجر میں روتے روتے — مرنہ جائیں ترے دیوانے کہیں؛ آج کی رات

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴ دل سے ان کے یہ نکلتی تھیں دعائیں دن رات — یا الٰہی! تیرے فضلوں کی ہو ہم پر برسات

# 'ر' سے 'ت'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ رہتا نہیں پھر؛ کوئی دل و عقل میں جھگڑا — ہوجاتے ہیں دونوں ہی؛ گرفتارِ محبت

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ روتے روتے؛ سینے پر سر رکھ کر سوگئی ان کی یاد — کون پیا تھا، کون پریمی؛ بھید نہ پایا ساری رات

۳ راتوں کو خدا سے پیار کی لو اور صبح بتوں سے یارانے — نادان گنوا بیٹھے دن کو؛ جو یار کمایا ساری رات

### ﴿کلامِ محمود﴾

۴ رَہِ سَداد؛ نہ تَفریط ہے، نہ ہے اَفراط — خُدا نے رکھی ہے بس اِعتدال میں برکت

۵ رُوئیں رُوئیں میں سَما جائے عِشقِ خالقِ حُسن — ظُہور جس سے کرے؛ بال بال میں برکت

# 'ذ' سے 'ت'

('ذ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **1** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ طاہر | i |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا ذکر سے بھرگئی ربوہ کی زمیں؛ آج کی رات — اُتر آیا ہے خُداوند یہیں؛ آج کی رات

# 'س' سے 'ت'

('س' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **1** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

ا سلام؛ اللہ کی پہلی عنایت — مسیحا نے جِسے بخشی تھی برکت

# 'ش' سے 'ت'

## ('ش' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 2 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 1 | دُرِّ عدن | i |
| 1 | کلامِ طاہر | ii |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ شعلہ سا تیرے حکم سے سینوں میں بھڑک جائے — پھر بجھ نہ سکے تا بد ابد نارِ محبت

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ شہر؛ جنت کے ملا کرتے تھے طعنے جس کو — بن گیا واقعۃً خُلدِ بریں؛ آج کی رات

# 'ص' سے 'ت'

## ('ص' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 2 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 1 | دُرِّ عدن | i |
| 1 | کلامِ طاہر | ii |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ صد کوہِ مصائب کی بھی پروا نہیں کرتا — وہ سَر؛ کہ اُٹھا جس نے لیا بارِ محبت

﴾کلامِ طاہر﴿

۲ صبحِ صادق پر صدیقوں کا ایمان نہیں ڈولا اندھی رات کے گھور اَندھیروں نے بہکایا ساری رات

# 'ع' سے 'ت'

('ع' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ عزیزو! دوستو! بھائیو! سُنو بات خدا بخشے تمہیں عالی خیالات

﴾کلامِ محمود﴿

۲ عزیزہ سب سے چھوٹی؛ نیک فِطرت بہت خاموش پائی ہے طبیعت

# 'غ' سے 'ت'

('غ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴾کلامِ طاہر﴿

ا غیرمسلم کسے کہتے ہیں؛ اُسے دکھلائے ایک اِک ساکِن ربوہ کی جبیں؛ آج کی رات

# 'ق' سے 'ت'

## ('ق' سے شروع ہوکر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴿

ا قلوبِ صافیہ ہوتے ہیں مَہبطِ اَنوار کبھی بھی دیکھی ہے رنج وملال میں برکت

# 'ک' سے 'ت'

## ('ک' سے شروع ہوکر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 14 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 9 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کسی نے یہ پوچھی تھی عاشق سے بات — وہ نُسخہ بتا! جس سے جاگے تُو رات

۲ کہو جو رضا ہو؛ مگر سُن لو بات — وہ کہنا؛ کہ جس میں نہیں پکش پات

۳ کر ان کو نیک قسمت؛ دے ان کو دین و دولت — کر ان کی خود حفاظت؛ ہو ان پہ تیری رحمت

۴ کرم سے تیرے؛ دشمن ہوگئے مات — عطا کیں تُو نے سب میری مُرادات

۵ کرو توبہ؛ کہ تا ہوجائے رحمت — دکھاؤ جلد تر صدق و اِنابت

۶ کھڑی ہے سر پہ ایسی ایک ساعت — کہ یاد آجائے گی جس سے قیامت

۷ کوئی جو ظَنِّ بَد رکھتا ہے عادت — بَدی سے خود وہ رکھتا ہے اِرادت

۸ کہ گر ایشَر نہیں رکھتا یہ طاقت — کہ اِک جاں بھی کرے پیدا بقدرت

۹ کہاں ہیں؛ جو رکھتے ہیں صدق و ثبات — گُرو سے ملے جیسے شِیر و نبات

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۹ کیا دیکھ لیا پھر جو پلٹ کر نہیں دیکھا — کھوئے گئے دنیا سے پرستارِ محبت

۱۰ کوچہ میں تیرے گرم ہے بازارِ محبت — سَر بیچتے پھرتے ہیں خریدارِ محبت

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۱۱ کوچے کوچے میں بپا شور 'متٰی نَصرُ اللّٰہ' — لاجَرم نصرتِ باری ہے قریں؛ آج کی رات

۱۲ کافر و مُلحد و دَجّال بَلا سے ہوں مگر — تیرے عُشّاق کوئی ہیں،تو ہمیں؛ آج کی رات

۱۳ کاش اُتر آئیں یہ اُڑتے ہوئے سیمیں لمحات — کاش!یُوں ہو کر ٹھہر جائے یہیں؛ آج کی رات

# 'گ' سے 'ت'

## ('گ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ گھِرتے ہیں اسی دائرہ میں پانچوں حواس آہ! جب قلب پہ پھرجاتی ہے پرکارِ محبت

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ گو دیر بعد آیا، اَز راہِ دُور لیکن؛ وہ تیز گام آگے بڑھتا ہی جا رہا ہے تم کو بُلا رہا ہے؛ خدامِ احمدیت، خدامِ احمدیت

۳ گردآلود تھا پتّہ پتّہ؛ کلی کلی کجلائی ہوئی ٹوٹ کے یادیں برسیں ہر بوٹا نہلایا ساری رات

### ﴿کلامِ محمود﴾

۴ گُنہ کے بعد ہو توبہ سے بابِ رحمت وا خطا کے بعد ملے اِنفعال میں برکت

# 'ل' سے 'ت'

## ('ل' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ لائے نہ اگر لب پہ بھی؛ گفتارِ محبت — آنکھوں سے عیاں ہوتے ہیں؛ آثارِ محبت

۲ لوگ سمجھیں گے، تو سمجھیں: یہ خطا کا ہے ثبوت — تم سمجھ لو! کہ ہے سو بات کی اِک بات سکوت

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ لگائیو نہ درختِ شکوک دل میں کبھی — نہ اس کے پھل میں ہے برکت نہ ڈال میں برکت

# 'م' سے 'ت'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **10** |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مہماں جو کرکے اُلفت آئے بَصَد محبت — دل کو ہوئی ہے فرحت؛ اور جاں کو میری راحت
۲ مَیں کیونکر گِن سکوں تیری عنایات — تیرے فضلوں سے پُر ہیں میرے دِن رات
۳ میری خاطر دکھائیں تُو نے آیات — ترحّم سے؛ میری سُن لی ہراِک بات

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ مطعون خلائق ہو؛ تو ڈرتا نہیں اس سے — دیوانہ پہ عاقل بَرَہِ کار محبت
۵ مالک ہوئے مَرمَر کے حیاتِ اَبدی کے — کھینچے گئے سو بار سَرِدارِ محبت
۶ محبوب کو دل دے کے بنے دلبرِ عالَم — سر دے دیئے؛ کہلا گئے سردارِ محبت
۷ ملے ان کو ہر دِین و دنیا کی نعمت — دلوں پر ہو غالب؛ خدا کی محبت

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸ محمدِ عربی کی ہو آل میں برکت — ہو اُس کے حُسن میں برکت؛ جمال میں برکت
۹ مِلے گی سالِکِ رَہ! تجھ کو حال میں برکت — کبھی بھی ہوگی میسّر نہ قال میں برکت
۱۰ مِری قیوم؛ میرے دِل کی راحت — خُدا نے جس کو بخشی ہے سعادت

# 'ن' سے 'ت'

## ('ن' سے شروع ہوکر 'ت' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ نہ چُپ رہو؛ کہ خموشی دلیلِ نخوت ہے — دُعائیں مانگو؛ کہ ہے عرضِ حال میں برکت

# 'و' سے 'ت'

## ('و' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **7** |
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | کلامِ طاہر | 3 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وہ تھا آریہ قوم سے نیک ذات — خِرد مند، خوش خُو؛ مبارک صفات

۲ وہی دِیں کے راہوں کی سُنتا ہے بات — کہ ہو متّقی مرد اور نیک ذات

۳ وہ دیتا ہے بندوں کو اپنے ہَدایت — دِکھاتا ہے ہاتھوں پہ اُن کے کَرامت

۴ وہ آیا؛ منتظر جس کے تھے دِن رات — معمّہ کھُل گیا؛ روشن ہوئی بات

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۴ وا درِ گریہ کشا دیدہ و دِل لَب آزاد — کِس مَزے میں ہیں ترے خاک نشیں آج کی رات

۵ وہ یاد آئے؛ جن کے آنسو تھے غم کی خاموش کَتھا — میرے سامنے بیٹھ کے روئے دکھ نہ بتایا ساری رات

۶ وہ یاد آئے؛ جن کے آنسو پونچھنے والا کوئی نہ تھا — سُوجے نَین دِکھائے اپنے؛ اور رُلایا ساری رات

# 'ہ' سے 'ت'

('ہ' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **17** |
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 6 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اس کی عظمت — لرزاں ہیں اہلِ قُربت؛ کرّوبیوں پہ ہیبت

۲ ہے عام اس کی رحمت؛ کیونکر ہو شُکرِ نعمت — ہم سب ہیں اُس کی صنعت؛ اس سے کرو محبت

۳ ہے چشمۂ ہدایت جس کو ہو یہ عنایت — یہ ہیں خدا کی باتیں؛ ان سے ملے ولایت

۴ ہر اِک میداں میں دیں تُو نے فتوحات — بَد اَندیشوں کو تُو نے کر دِیا مَات

۵ ہر روز اپنے دل سے بناتا ہے ایک بات — کہتا ہے؛ یہ خدا نے کہا مجھ کو آج رات

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۶ ہر دَم دلِ بیمار کو رہتی ہے تمنّا — کچھ اور بڑھے شدّتِ آزارِ محبت

۷ ہر بندِ غلامی سے وہ ہوجاتا ہے آزاد — کہتے ہیں جسے بندۂ سرکارِ محبت

۸ ہم کو بھی عطا ہو؛ کہ تیری عام ہے رحمت — اِک سوزِ دروں خلعتِ دربارِ محبت

۹ ہاتھوں میں لئے کاسۂ دل؛ آئے ہیں مولا — خالی نہ پھریں تیرے طلبگارِ محبت

۱۰ ہاتھ مَلتے تھے ادھر تیماردار — سر پٹکتی تھی ادھر وہ خوش سرشت

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۱ ہیں بادہ مست بادہ؛ آشامِ احمدیت چلتا ہے دورِ مینہ و جامِ احمدیت

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۲ ہو اس کی قدر میں برکت؛ کمال میں برکت ہو اُس کی شان میں برکت؛ جلال میں برکت
۱۳ ہر ایک کام کو تُو سوچ کر بچار کے کر ہمیشہ پائے گا اس دیکھ بھال میں برکت
۱۴ ہے عیش و عِشرتِ دُنیا تو ایک فانی شَے خُدا کرے؛ کہ ہو تیرے آل میں برکت
۱۵ ہو ماند چودھویں کا چاند بھی مُقابل پر خُدا وہ بخشے ہمارے ہِلال میں برکت
۱۶ ہو سب میرے عزیزوں پر عِنایت مِلے تجھ سے انہیں تقویٰ کی خِلعت
۱۷ ہر اِک ان میں سے ہو شمعِ ہدایت بتائے اِک جہاں کو رازِ قُدرت

# 'ی' سے 'ت'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ت' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ یہ درد؛ کبھی رازِ نہاں رِہ نہیں سکتا گو ضبط بھی کرتا رہے؛ بیمارِ محبت
۲ یہ جوش؛ دبائے سے، اُبھرتا ہے زیادہ مجبور ہے، مجبور ہے؛ سرشارِ محبت

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۳ یک قطرۂ زِبحر کمالِ محمد است
جان و دلم فدائے جمالِ محمد است؛
خاکم نثار کوچۂ آلِ محمد است

## ﴾کلامِ محمود﴿

۴ یقین سی نہیں نعمت کوئی زمانے میں
نہ شک میں خیر ہے؛ نَے اِحتِمال میں برکت

# ٹ

('ٹ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **2** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 2 | کلامِ محمود | i |

# 'الف' سے 'ٹ'

('الف' سے شروع ہوکر 'ٹ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **1** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

ا افسرِفوج لڑائی کے فنوں میں چوپٹ — منہ سے جو بات نکل جائے؛ پھراُس پرتھی ہَٹ

# 'ر' سے 'ٹ'

('ر' سے شروع ہوکر 'ٹ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **1** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

ا رہتی آپس میں بھی ہروَقت تھی اُن کی کھَٹ پَٹ — تھے وہ بتلاتے ہر اِک دُوسرے کو ڈانٹ ڈپٹ

# ج

('ج' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 25 |
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | کلامِ محمود | 21 |

# 'الف' سے 'ج'

('الف' سے شروع ہوکر 'ج' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ اُٹھ! اور اُٹھ کے دِکھا زور حُبِّ مِلّت کا — یہ اِلتجا ہے مِری؛ پِیر اور جواں سے آج

۲ اُنہیں کے نام سے زندہ رہے گا نامِ وَطَن — گھروں سے نکلیں گے جو ہاتھ دھو کے جاں سے آج

# 'ب' سے 'ج'

('ب' سے شروع ہوکر 'ج' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### کلامِ محمود

۱ بلا کی آگ برستی ہے آسماں سے آج — ہیں تیر چھُٹ رہے تقدیر کی کماں سے آج

# 'پ' سے 'ج'

## ('پ' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### کلامِ محمود

۱ پڑے گی رُوح نئی؛ جسمِ زارِ مُسلم میں — وہ کام ہوگا؛ مِرے جسمِ نیم جاں سے آج

# 'ج' سے 'ج'

## ('ج' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **5** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 4 |

### دُرِّ ثمین

۱ جو شائق ہے نانک کے درشن کا آج — وہ دیکھے اسے؛ چھوڑ کر کام و کاج

﴾کلامِ محمود﴿

۲ جو دل کو چھید دے جا کر عدُوِّ مُسلم کے — وہ تیر نکلے اِلٰہی! مِری کماں سے آج

۳ جَلا کے چھوڑیں گے اَعدائے کینہ پَروَر کو — نکل رہے ہیں جو شُعلے؛ دلِ تپاں سے آج

۴ جو قلبِ مومنِ صادِق سے اُٹھ رہی ہے دُعا — اُتر رہے ہیں فرشتے بھی؛ کہکشاں سے آج

۵ جُیوشِ اَبرہہ کو تہس نہس کردے گی — اُڑے گی فوجِ طُیُور؛ اپنے آشیاں سے آج

# 'چ' سے 'ج'

## ('چ' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّثمین | 1 |

﴾دُرِّثمین﴿

۱ چل رہی ہے نسیمِ رحمت کی — جو دعا کیجئے؛ قبول ہے آج

# 'خ' سے 'ج'

## ('خ' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴿

۱ خُدا ہماری مدد پر ہے؛ جو کہ ہیں مظلُوم — مِٹائے گا وہ عدُو کو مِرے؛ جہاں سے آج

# 'د' سے 'ج'

('د' سے شروع ہوکر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴾کلامِ محمود﴿

ا دامنِ دِل پھیلتا جاتا ہے؛ بے حدو حساب — دھجیاں اس کی اُڑا دے؛ ہاں اُڑا دے آج

۲ دُعائیں شُعلۂ جوالا بَن کے اُتریں گی — جَلا کے رکھ دیں گے اَعداء کو؛ ہم فُغاں سے آج

# 'س' سے 'ج'

('س' سے شروع ہوکر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

ا سَدا رہتا ہے ان روحوں کا محتاج — انہیں سب کے سہارے پر کرے راج

# 'ش' سے 'ج'

## ('ش' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

ا شہید ہوں گے جو؛ اِسلام کی حِفاظَت میں مُلاقی ہوں گے وہی؛ اپنے دِلِستاں سے آج

# 'ع' سے 'ج'

## ('ع' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

ا عدُو یہ چاہتا ہے؛ ہم کو لامکاں کردے ہمیں بھی آئے گی اِمداد؛ لامکاں سے آج

# 'ف' سے 'ج'

('ف' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

ا فرشتے بھر رہے ہیں اس کو اپنے دامن میں نکل رہی ہے دُعا جو مِری زباں سے آج

# 'ک' سے 'ج'

('ک' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

ا کُفر نے بُت توڑ ڈالے؛ دَیر کو ویراں کیا پر مسلمانوں کے گھر میں ہے جہالت کا ہی راج

# 'م' سے 'ج'

('م' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴿

ا مُشامِ جان مُعَطَّر کرے گی جو خوشبو مہک رہی ہے وہی؛ میرے بوستاں سے آج

# 'ن' سے 'ج'

('ن' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴿

ا نُورِ قُرآں کی تَجَلّی ہے زمانہ بھر میں آج احمدِ ثانی نے رَکھ لی احمدِ اَوّل کی لاج

# 'و' سے 'ج'

('و' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ وہ چاہتا ہے؛ کہ ظاہر کرے زمانہ پر — ہمارے دِل کے اِرادے؛ اِس اِمتحاں سے آج

# 'ہ' سے 'ج'

('ہ' سے شروع ہو کر 'ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | کلامِ محمود | 3 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ ہزار سال مُسلماں نے تجھ کو پالا ہے — یہ غَیظ تجھ میں اُبھر آیا ہے کہاں سے آج

۲ ہمارے نیک اِرادوں پر اس قدر شُبہات — خُدا ضرور ہی نبٹے گا بَدگُماں سے آج

۳ ہمیں وہ دامنِ رحمت سے ڈھانپ لیں گے ضرور — بھریں گے گھر کو ہمارے وہ ارمغاں سے آج

# 'ی' سے 'ج'

(' ی' سے شروع ہو کر ' ج' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴾ دُرِّ ثمین ﴿

۱ یہی پاک چولا ہے؛ سِکھوں کا تاج    یہی کابلی مل کے گھر میں ہے آج

# ح

('ح' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

# 'ک' سے 'ح'

('ک' سے شروع ہوکر 'ح' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

ا کہاں سے لائے گا وہ دوسری روح      کہ تا قدرت کا ہو پھر باب مفتوح

# د

('د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | **110** |
| i | دُرِّ ثمین | 25 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 28 |
| iii | کلامِ طاہر | 8 |
| iv | کلامِ محمود | 49 |

# 'الف' سے 'د'

('الف' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | **19** |
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 8 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ اگر آگے کو پیدائش ہے سب بند ۔۔۔ تو پھر سوچو ذرا ہوکے خِرد مند
۲ اُترا مِری مدد کیلئے کر کے عہد یاد ۔۔۔ پس رِہ گئے وہ سارے سِیہ رُو و نامراد
۳ ان کے طریق و دھرم میں گو لاکھ ہو فساد ۔۔۔ کیسا ہی ہو عیاں؛ کہ وہ ہے جھوٹ اعتقاد
۴ اسے وؔید کی رَہ نہ آئی پسند ۔۔۔ کہ دیکھا بہت اس کی باتوں میں گند
۵ اُس کا تو فرض تھا؛ کہ وہ وعدہ کو کرکے یاد ۔۔۔ خود مارتا وہ گردنِ کذّاب بد نِہاد

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۵ اُسوۂ پاک خُلقِ ربّانی ۔۔۔ منتہائے کمالِ انسانی
صَلِّ عَلیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّد
۶ اس سے بڑھ کر ہزار شان میں ہے ۔۔۔ جس نبی کا مثیل ہے احمد
۷ اسی کوشش میں ساری عمر گذری ۔۔۔ پھلے پھولے گلستانِ محمدؐ

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۸ اِک دن تیرے مَقتل میں بہے گا دَمِ جلّاد ۔۔۔ اے بوسنیا! بوسنیا! بوسنیا زندہ باد
۹ اللہ کی رحمت سے سب ہوجائیں گے دِلشاد ۔۔۔ اے بوسنیا! بوسنیا! بوسنیا زندہ باد
۱۰ آہ! جب وَصل کی اُمید کی لَو جاگ اُٹھی ۔۔۔ کلفتِ ہجر شب و روز و مہ و سال کے بعد

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۱ آہ! دنیا پہ کیا پڑی اُفتاد ۔۔۔ دِین و ایمان ہو گئے برباد
۱۲ آج مُسلم ہیں رَنج و غَم سے چُور ۔۔۔ اور کافر ہیں خَندہ زَن دِلشاد
۱۳ اس ارادے پہ گھر سے نکلے ہیں ۔۔۔ دینِ اسلام کو کریں برباد
۱۴ اے خدا! اے شہِ مکین و مکاں! ۔۔۔ قادِر و کارساز و رَبِّ عِباد
۱۵ اِن دُکھوں سے نجات پائیں گے کب ۔۔۔ ہوں گے کب ان غموں سے ہم آزاد
۱۶ احمدی اُٹھ! کہ وَقتِ خدمت ہے ۔۔۔ یاد کرتا ہے تجھ کو رَبِّ عِباد

۱۷ اس کے شعلوں کی زَد میں جو آجائے دیکھتے دیکھتے ہو جل کے رَماد

۱۸ اِک طرف تیری محبت؛ اِک طرف دُنیا کا دَرد دل پھٹا جاتا ہے سینے میں؛ ہے چہرہ زَرد زَرد

# 'ب' سے 'د'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 6 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### دُرِّ ثمین

۱ بنا ان کو نِکو کار و خِرد مند کرم سے ان پہ کر راہِ بدی بند

### دُرِّ عدن

۲ بخدا بے عدیل ہے احمد شانِ ربِّ جلیل ہے احمد

۳ باعثِ نازِ حضرتِ آدمؑ عِزّ و فخرِ خلیل ہے احمد

۴ بسُرعت سوئے جنت اُڑ گیا ہے مجاہد طیرِ پرّانِ محمدؐ

۵ بشر تھا؛ پھرتے پھرتے تھک گیا تھا پنہ لی زیرِ دامانِ محمدؐ

### کلامِ محمود

۶ بے دھڑک اور بے خَطَر اس میں کُود جا؛ کہہ کے ہرچہ بادا باد

# 'پ' سے 'د'

('پ' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

١ پھر آیا وَطن کی طرف؛ اس کے بعد　　ملی پیر کے فیض سے بختِ سعد

٢ پیویں گے ایک گھاٹ پہ شیر اور گوسپند　　کھیلیں گے بچے سانپوں سے بے خوف و بے گزند

## ﴾کلامِ محمود﴿

٣ پھر یہ ہے قہر؛ ظُلم کرکے وہ　　خود ہمیں سے ہیں ہوتے؛ طالِبِ داد

٤ پوری ہوگی یہ آرزو؛ کِس وَقت　　کب بَر آئے گی؛ یہ ہماری مُراد

٥ پَر نہ لا خوف دِل میں تُو کوئی　　کیونکہ ہے ساتھ تیرے رَبِّ عِباد

# 'ت' سے 'د'

('ت' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تو یک قطرہ داری زعقل و خرد مگر قدرتش بحرِ بے حدّ و عدّ
۲ تُو خود کر پرورش؛ اے میرے اخوند وہ تیرے ہیں؛ ہماری عمر تاچند

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ تیرا دَر چھوڑ کر کہاں جائیں کس سے جاکر طَلَب کریں اِمداد
۴ تجھ پہ ہے فَرض نُصرتِ اسلام تجھ پہ واجب ہے دَعوت و اِرشاد
۵ تھی موت وہ ذِلّت کی؛ شہادت کیسی کیا جن پہ پڑے قہرِ خُدا؛ ہیں وہ شہید؟

# 'ج' سے 'د'

## ('ج' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ جواں مردے ز مردانِ محمد غلامے از غلامانِ محمد

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲ جو بھی ہے؛ دُشمنِ صداقت ہے دِینِ حق سے ہے اس کو بُغض و عِناد
۳ جھوٹ نے خُوب سَر نِکالا ہے ہے صداقت کی ہِل گئی بنیاد

# 'چ' سے 'د'

('چ' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ چند ہی دِن کی جدائی ہے، یہ مانا؛ لیکن — بدمزہ ہوگئے یہ دن؛ بخدا تیرے بعد

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ چمکا پھر آسمانِ مشرق پہ نامِ احمد — مغرب میں جگمگایا ماہِ تمام احمد

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ چاروں اَطراف سے گھِرے ہیں ہم — آگے پیچھے ہمارے ہیں حسّاد

# 'خ' سے 'د'

## ('خ' سے شروع ہوکر 'د' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **6** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّعدن | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ خدا کیلئے ہوگیا دَرد مند — تنعّم کی راہیں نہ آئیں پسند

۲ خدایا! تیرے فضلوں کو کروں یاد — بشارت تُو نے دی؛ اور پھر یہ اولاد

### ﴿دُرِّعدن﴾

۳ خلق میں آپ ہے مِثال اپنی — آپ اپنی دلیل ہے احمد

۴ خوشا زمان! کہ سِرِّ دلم زماں گوید — ثنائے دلبرم امروز ھر زبان گوید

### ﴿کلامِ محمود﴾

۵ خِدمتِ دِیں ہوئی ہے تیرے سپُرد — دُور کرنا ہے تُو نے شَرّ و فَساد

۶ خِدمتِ دِیں کے واسطے ہوجا — ساری قیدوں کو توڑ کر آزاد

# 'د' سے 'د'

('د' سے شروع ہوکر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دشمن ہے وہ خدا کا؛ جو کرتا ہے اب جہاد — منکر نبی کا ہے؛ جو یہ رکھتا ہے اعتقاد

۲ دیئے ہیں تُو نے مجھ کو چار فرزند — اگرچہ مجھ کو ہے بس تجھ سے پیوند

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ دِینِ احمد کا تُو ہی ہے بانی — پس تجھی سے ہماری ہے فریاد

۴ دُشمنِ حق ہیں گو بہت؛ لیکن — کام دے گی انہیں نہ کچھ تعداد

# 'ر' سے 'د'

('ز' سے شروع ہوکر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ رہا کوشاں پئے فتحِ محمدؐ فدا کی جان قربانِ محمدؐ

﴿کلامِ محمود﴾

۲ روحِ اسلام ہوگئی محصور کفر کا دیو؛ ہوگیا آزاد

# 'ز' سے 'د'

## ('ز' سے شروع ہوکر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زندگی بخش؛ جامِ احمدؐ ہے چشمۂ سلسبیل ہے احمدؐ

﴿کلامِ محمود﴾

۲ زلزلوں سے؛ ہماری ہستی کی ہِل گئی؛ سر سے پا تلک بنیاد

# 'س' سے 'د'

('س' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ سنا ہے آج رُخصت ہوگیا ہے نبھا کر عہد و پیمانِ محمدؐ

﴿کلامِ محمود﴾

۲ سِتَم و جَور بڑھ گیا حَد سے انتہا سے نِکل گئی ہے داد
۳ ساری دُنیا سے ہے بڑھ کر؛ حوصلہ ان کا بُلند پھینکتے ہیں عَرش کے کنگوروں پر اپنی کمند

# 'ش' سے 'د'

('ش' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ شانِ اِسلام ہوگی کب ظاہر کب مُسلمان ہوں گے خرم و شاد
۲ شُکر کر شُکر؛ یاد کرتا ہے گُدگداتی تھی دل کو جس کی یاد

# 'ف' سے 'د'

## ('ف' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ فتح تیرے لیے مقدّر ہے  تیری تائید میں ہے رَبِّ عِباد

# 'ق' سے 'د'

## ('ق' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ قدرداں اسلام کے باقی؛ نہ حامی ہے یہ عید  جانتے ہیں سہل دشمن جنسِ ایماں کی خرید
ہیں کہاں آگے بڑھیں نصرت کو مردانِ سعید

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ قصرِ کُفر و ضلالت و بِدعَت  تیرے ہاتھوں سے ہوگا اب برباد

# 'ک' سے 'د'

('ک' سے شروع ہوکر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 11 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 8 |

## دُرِّ ثمین

۱ کہا نیند کی ہے دوا سوز و دَرد — کہاں نیند؛ جب غم کرے چہرہ زرد
۲ کہا ہرگز نہیں ہوں گے یہ برباد — بڑھیں گے؛ جیسے باغوں میں ہوں شمشاد

## دُرِّ عدن

۳ کیوں نہ پھر ہو جمال میں کامل — جب کہ نورِ جمیل ہے احمد

## کلامِ محمود

۴ کچھ تو فرمایئے! کریں اب کیا — کچھ تو اَب کیجئے ہمیں اِرشاد
۵ کب تلک بے گناہ رہیں گے ہم — تختۂ مشقِ بازوئے جلّاد
۶ کب طلسمِ فریب ٹوٹے گا — کب گِرے گا وہ پنجۂ فولاد
۷ کب رِہا ہوگی قید سے فِطرت — دُور کب ہوگا دَورِ اِستبداد
۸ کون ہوگا فِدا ترے رُخ پر — کون کہلائے گا ترا فرہاد
۹ کون رکھے گا پھر امانتِ عِشق — کس کے دل میں رہے گی تیری یاد
۱۰ کُفر و الحاد کے مٹانے کی — حق نے رکھی ہے تجھ میں اِستعداد
۱۱ کیوں نہ ہو وہ صاحبِ معراج کے شاگرد ہیں — آسماں پر اُڑ رہا ہے اس لیے اُن کا سمند

# 'ل' سے 'د'

## ('ل' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ لیکن افسوس! کہ فرقت کے زبوں حال کے بعد — دل میں روندی ہوئی اِک حسرتِ پامال کے بعد

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ لِلّٰہ الحمد شنیدم؛ کہ آں می آید — سوئے گلشن چہ عجب ؛سرو رواں می آید

# 'م' سے 'د'

## ('م' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 12 |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مگر دوسرے سارے ہیں پُرعناد　　پیارا ہے ان کو غرور اور فساد
۲ مجھے کب خواب میں بھی تھی یہ اُمّید　　کہ ہوگا میرے پر یہ فضل جاوید
۳ مِلی یوسفؑ کی عزت؛ لیک بے قید　　نہ ہو تیرے کرم سے کوئی نومید

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ مرهم زخمِ دلِ مادرِ مهجور و حزیں　　زینت پهلوئے ما جان جهاں مے آید
۵ مصحفِ دِید عکسِ یزدانی　　منتہائے کمالِ انسانی؛
صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد
۶ منبعِ جود و فضل رحمانی　　منتہائے کمالِ انسانی؛
صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد
۷ مہرِ عالَم طبیبِ روحانی　　منتہائے کمالِ انسانی؛
صلِّ علیٰ نَبِیِّنَا صَلِّ علیٰ مُحَمَّد
۸ مبارک ہے یہ انجام مبارک　　زہے قسمت محبّانِ محمدؐ

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۹ میرے وَطن! مجھے تیرے اُفق سے شکوہ ہے　　کہ اس پہ ثبت ہے عبدالسّلام نام کا چاند

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۰ مہرِ اِسلام ہوگیا مخفی　　سارے عالَم پہ چھا گیا ہے سواد
۱۱ مگر اس فَصد کے بہانے سے　　کر رہے ہیں وہ کارِ صَد جلّاد
۱۲ مَیں بھی کہتا ہوں آج تجھ سے وہی　　جو ہیں پہلے سے کہہ گئے اُستاد

# 'ن' سے 'د'

('ن' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ نور می بارد و شاداں؛ در و سقف و دیوار　　اے خوشا وقت! مکیں سوئے مکاں می آید

۲ نویدِ احمد و تنویرِ محمود　　یہ موعود؛ ابنِ موعود ابنِ موعود

﴿کلامِ محمود﴾

۳ نام لیوا رہے گا تیرا کون　　ہم اگر ہوگئے یونہی برباد

# 'و' سے 'د'

('و' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 6 |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 1 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

١ وہ کرتا ہے خود اپنے بھگتوں کو یاد — کوئی اِس کے رَہ میں نہیں نامُراد
٢ وہ کیونکر ہو ان ناسعیدوں سے شاد — جو رکھتے نہیں اُس سے کچھ اعتقاد

## ﴾دُرِّ عدن﴿

٣ وہ چل دیتا جدھر کرتے اشارہ — علمبردارِ ذی شانِ محمدؐ
٤ وجہِ تسکینِ قلبِ مضطر ہے — راحِ روحِ علیل ہے احمد

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۵ وہم و گماں سے بالا؛ عالی مقامِ احمد — ہم ہیں غلامِ خاکِ پائے غلامِ احمد

## ﴾کلامِ محمود﴿

٦ وہ ہر اِک صیّاد کے تِیروں کا بنتے ہیں ہَدَف — جس کا بَس چلتا ہے؛ پہنچاتا ہے وہ اُن کو گزَند

# 'ہ' سے 'د'

## ('ہ' سے شروع ہو کر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 10 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلام طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 5 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہوا حکم پہن اس کو؛ اے نیک مرد! اُتر جائے گی اس سے وہ ساری گرد
۲ ہدایت کر انھیں میرے خداوند کہ بے توفیق کام آوے نہ کچھ پند
۳ ہوگا تمہیں کلارکؔ کا بھی وقت خوب یاد جب مجھ پہ کی تھی تُہمتِ خوں اَز رَہِ فساد

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ ھمیں مراد مرا بود "کل جھان گوید" چه تاب است زبان راکه مدح آن گوید

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۵ ہوجائیں گے آنگن ترے اُجڑے ہوئے آباد اے بوسنیا! بوسنیا؛ بوسنیاؔ زندہ باد

## ﴿کلامِ محمود﴾

۶ ہے ہمارے عِلاج کا دعویٰ کہتے ہیں اپنے آپ کو فَصّاد
۷ ہے غضب؛ ہیں وہ شائقِ بیداد پھر سِتَم یہ؛ کہ ہیں سِتَم اِیجاد
۸ ہے اِدھر پا بِشکستگی کی قید اور اُدھر سَر پہ آ گیا صَیّاد
۹ ہاں! ترِی رَہ میں ایک دوزخ ہے جس میں بھڑکی ہے نارِ بُغض و عِناد
۱۰ ہیں لگے رہتے دُعاؤں میں وہ دِن بھی رات بھی ہیں زمین و آسماں میں پھر رہے وہ رَہ نَوَرد

# 'ی' سے 'د'

## ('ی' سے شروع ہوکر 'د' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ **یکے از عاشقانِ روئے احمد　　یکے از جاں نثارانِ محمدؐ**

۲ یہ دعا ہے؛ کہ جدا ہو کے بھی خدمت میں رہوں　　زندگی میری رہے وقفِ دعا تیرے بعد

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ یہ آریہ کہتے ہیں؛ کہ لیکھو ہے شہید　　ایسی تو نہ تھی ہم کو بھی اُن سے اُمّید

# ر

## ('ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 883 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 578 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 28 |
| iii | کلامِ طاہر | 29 |
| iv | کلامِ محمود | 248 |

# 'الف' سے 'ر'

## ('الف' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 171 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 123 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 6 |
| iv | کلامِ محمود | 40 |

۱ اِک کرم کر؛ پھیر دے لوگوں کو فرقاںؔ کی طرف  نیز دے توفیق؛ تا وہ کچھ کریں سوچ اور بچار

۲ اک ضیافت ہے بڑی اے غافلو! کچھ دن کے بعد  جس کی دیتا ھے خبر فرقاںؔ میں؛ رحماںؔ بار بار

۳ اک زمانہ تھا؛ کہ میرا نام بھی مستور تھا  قادیاںؔ بھی تھی نہاں؛ ایسی کہ گویا زیرِ غار

۴ ایک دَم میں غم کدے ہو جائیں گے عشرت کدے  شادیاں کرتے تھے جو؛ پیٹیں گے ہو کر سوگوار

۵ ایک ہی گردش سے گھر ہو جائیں گے؛ مٹی کا ڈھیر  جس قدر جانیں تلف ہوں گی؛ نہیں اُن کا شمار

۶ اُتار اپنے مونڈھوں سے دنیا کا بار  طلب میں سفر کر لیا اختیار

۷ اس زمانے میں خدا نے دی تھی شہرت کی خبر  جو کہ اب پوری ہوئی؛ بعداَزمرورِروزگار

۸ اس زمانے میں ذرا سوچو! کہ مَیں کیا چیز تھا  جس زمانے میں؛ براہیںؔ کا دیا تھا اشتہار

۹ اے خدا! اے کارساز و عیب پوش و کردگار!  اے مِرے پیارے مِرے محسن مِرے پروردگار!

۱۰ آگ ہے پر آگ سے وہ سب بچائے جائیں گے  جو کہ رکھتے ہیں خدائے ذوالعجائب سے پیار

۱۱ اب اسی گلشن میں لوگو! راحت وآرام ہے  وقت ہے؛ جلد آؤ! اے آوارگانِ دشتِ خار

۱۲ اسمعو اصوت السماء جاء المسیح جاء المسیح  نیز بشنو از زمیں آمد امام کامگار

۱۳ آسماں میرے لئے؛ تُو نے بنایا اِک گواہ  چاند اور سورج؛ ہوئے میرے لئے تاریک وتار

۱۴ آسماں پر دعوتِ حق کیلئے؛ اِک جوش ہے  ہو رہا ہے نیک طبعوں پر؛ فرشتوں کا اُتار

۱۵ آسمان بارد نشان الوقت می گوئد زمیں  ایں دو شاهد از پئے من نعره زن چوں بے قرار

۱۶ ابتداء سے تیرے ہی سائے میں؛ میرے دن کٹے  گود میں تیری رہا؛ مَیں مثلِ طفلِ شیرخوار

۱۷ اسقدر ظاہر ہوئے ہیں؛ فضلِ حق سے معجزات  دیکھنے سے جن کے؛ شیطاں بھی ہوا ہے دلفگار

۱۸ آرہا ہے اس طرف؛ احرارِ یورپ کا مزاج  نبض پھر چلنے لگی؛ مُردوں کی ناگہ زندہ وار

۱۹ آرہی ہے اب تو خوشبو؛ میرے یوسف کی مجھے  گو کہو دیوانہ؛ مَیں کرتا ہوں اس کا انتظار

۲۰ ایک عالَم مرگیا ہے؛ تیرے پانی کے بغیر  پھیر دے اب میرے مولیٰ! اس طرف دریا کی دھار

۲۱ اس پہ بھی میرے خدا نے یاد کرکے اپنا قول  مرجعِ عالَم بنایا مجھ کو؛ اور دِیں کامگار

٢٢ اے مِرے یارِ یگانہ! اے مِری جاں کی پنہ — بس ہے تُو میرے لئے؛ مجھ کو نہیں تجھ بِن بَکار

٢٣ اس قدر مجھ پر ہوئیں؛ تیری عنایات وکرم — جن کا مشکل ہے؛ کہ تاروزِ قیامت ہو شمار

٢٤ اے فدا ہوں، تیری رَہ میں؛ میرا جسم وجان ودِل — مَیں نہیں پاتا؛ کہ تجھ سا کوئی کرتا ہو پیار

٢٥ اسی پر اس کی لعنت کی پڑی مار — کوئی ہم کو تو سمجھاوے یہ اسرار

٢٦ اگر اس طرف سے نہ آوے خبر — تو ہوجائے یہ راہ زیر و زبر

٢٧ اگر ان کو اس راہ سے ہوتی خبر — اگر صدق کا کچھ بھی رکھتے اثر

٢٨ اے میرے پیارے! مجھے اس سیلِ غم سے کر رہا — ورنہ ہوجائے گی جاں اس درد سے تجھ پر نثار

٢٩ ارے لوگو! تم کو نہیں کچھ خبر — جو کہتا ہوں مَیں؛ اس پہ رکھنا نظر

٣٠ اسی پر دوشالے چڑھے اور زَر — یہی فخر سِکّھوں کا ہے سَربَسَر

٣١ اے میرے بندہ پَرَوَر! کر اِن کو نیک اختر — رُتبہ میں ہوں یہ بَرتَر؛ اور بخش تاج واَفسر

٣٢ اس کے ہیں دو برادر؛ ان کو بھی رکھیو خوشتر — تیرا بشیر احمد؛ تیرا شریف اصغر

٣٣ اور ان کے ساتھ دی ہے ایک دختر — ہے کچھ کَم پانچ کی وہ نیک اختر

٣٤ اگر ہر بال ہو جائے سخن دَر — تو پھر بھی شکر ہے اِمکاں سے باہر

٣٥ اگر کھینچے کوئی کینے کی تلوار — تو اس سے کب مِلے بچھڑا ہوا یار

٣٦ اگر اس میں بنانے کا نہیں زور — تو پھر اتنا خدائی کا ہے کیوں شور

٣٧ الٰہی بخش کے کیسے تھے یہ تیر — کہ آخر ہوگیا ان کا وہ نخچیر

٣٨ اسی کا تو تھا معجزانہ اثر — کہ نانک بچا جس سے وقتِ خطر

٣٩ اپنا تو اس کا وعدہ رہا سارا طاق پر — اوروں کی سعی وجہد پہ بھی کچھ نہیں نظر

٤٠ اتنی شہادتیں ہیں کہ اب کھُل گیا قصور — اب قید یا صلیب ہے؛ اِک بات ہے ضرور

٤١ آخر کوئی تو بات ہے؛ جس سے ہوا وہ یار — بدکار سے تو کوئی بھی کرتا نہیں پیار

٤٢ اے مدّعی! نہیں ہے تیرے ساتھ کردِگار — یہ کفر؛ تیرے دِیں سے ہے بہتر ہزار بار

٤٣ ابتداء سے گوشۂ خلوَت رہا مجھ کو پسند — شہرتوں سے مجھ کو نفرت تھی ہر اِک عظمت سے عار

۴۴ اس میں میرا جرم کیا؛ جب مجھ کو یہ فرماں ملا
کون ہوں؛ تا رَدّ کروں حکمِ شہِ ذی الاقتدار

۴۵ اب تو جو فرماں ملا؛ اس کا ادا کرنا ہے کام
گرچہ مَیں ہوں بس ضعیف و ناتوان و دِلفگار

۴۶ ایسے کچھ بگڑے؛ کہ اب بنتا نظر آتا نہیں
آہ! کیا سمجھے تھے ہم؛ اور کیا ہوا ہے آشکار

۴۷ اے میرے پیارے! فِدا ہو تجھ پہ ہر ذرّہ میرا
پھیر دے میری طرف؛ اے سارباں! جَگ کی مہار

۴۸ اب نہیں ہیں ہوش اپنے ان مصائب میں بجا
رحم کر بندوں پہ اپنے؛ تا وہ ہوویں رَستگار

۴۹ اے خدا! بِن تیرے ہو یہ آبپاشی کِس طرح
جل گیا ہے باغِ تقویٰ؛ دِیں کی ہے اب اِک مزار

۵۰ اِک نشاں دِکھلا؛ کہ اب دِیں ہو گیا ہے بے نشاں
اِک نظر کر اس طرف؛ تا کچھ نظر آوے بہار

۵۱ ایک بَدکِردار کی تائید میں اتنے نشاں
کیوں دِکھاتا ہے وہ کیا ہے بَدکنوں کا رِشتہ دار

۵۲ آنکھ گر پھوٹی، تو کیا؛ کانوں میں بھی کچھ پڑ گیا
کیا خدا دھوکے میں ہے؛ اور تم ہو میرے رازدار

۵۳ اس جہاں کا کیا کوئی داوَر نہیں اور دادگر
پھر شَریرُالنّفس ظالم کو کہاں جائے فرار

۵۴ آسماں سے ہے چلی توحیدِ خالق کی ہوا
دِل ہمارے ساتھ ہیں؛ گو منہ کریں بَک بَک ہزار

۵۵ اِک زماں کے بعد اب آئی ہے یہ ٹھنڈی ہوا
پھر خدا جانے؛ کہ کب آویں یہ دن اور یہ بہار

۵۶ اے مکذّب کوئی اس تکذیب کا ہے انتہا
کب تلک تُو خوئے شیطاں کو کریگا اختیار

۵۷ اِن غموں سے دوستو! خَم ہوگئی میری کمر
مَیں تو مَر جاتا؛ اگر ہوتا نہ فضلِ کِردِگار

۵۸ اِس تپِش کو میری وہ جانے؛ کہ رکھتا ہے تپِش
اِس اَلَم کو میرے وہ سمجھے؛ کہ ہے وہ دِلفگار

۵۹ اِک شجر ہوں؛ جس کو داؤدی صِفت کے پھل لگے
مَیں ہوا داؤد؛ اور جالوت ہے میرا شکار

۶۰ اس قدر عرفاں بڑھا میرا؛ کہ کافر ہو گیا
آنکھ میں اس کی؛ کہ ہے وہ دُور تَر اَز صحنِ یار

۶۱ اس رُخِ روشن سے میری آنکھ بھی روشن ہوئی
ہوگئے اَسرار اس دِلبر کے مجھ پر آشکار

۶۲ اہلِ تقویٰ تھا کرم دِیں بھی؛ تمہاری آنکھ میں
جس نے ناحق ظلم کی رَہ سے کیا تھا مجھ پہ وار

۶۳ اب کہو! کس کی ہوئی نصرت جنابِ پاک سے
کیوں تمہارا متقی پکڑا گیا ہوکر کے خوار

۶۴ اب ذرا سوچو! دیانت سے؛ کہ یہ کیا بات ہے
ہاتھ کس کا ہے؛ کہ رَدّ کرتا ہے وہ دشمن کا وار

۶۵ اس قدر نصرت کہاں ہوتی ہے اِک کذّاب کی
کیا تمھیں کچھ ڈر نہیں ہے؛ کرتے ہو بڑھ بڑھ کے وار

۶۶ آفتابِ صبح نکلا؛ اب بھی سوتے ہیں یہ لوگ — دن سے ہیں بیزار؛ اور راتوں سے کرتے ہیں پیار
۶۷ ان کی قسمت میں نہیں دِیں کیلئے کوئی گھڑی — ہوگئے مفتونِ دنیا؛ دیکھ کر اس کا سنگار
۶۸ انبیاء کے طور پر حجّت ہوئی ان پر تمام — ان کے جو حملے ہیں؛ ان میں سب نبی ہیں حصہ دار
۶۹ اس قدر یہ زندگی کیا افترا میں کٹ گئی — پھر عجب تر یہ؛ کہ نصرت کے ہوئے جاری بحار
۷۰ اس قدر نصرت تو کاذب کی نہیں ہوتی کبھی — گر نہیں باوَر؛ نظیریں اس کی تم لاؤ دوچار
۷۱ اپنے ایماں کو ذرا پردہ اٹھا کر دیکھنا — مجھ کو کافر کہتے کہتے؛ خود نہ ہوں اَز اہلِ نار
۷۲ اے فقیہو عالمو! مجھ کو سمجھ آتا نہیں — یہ نشانِ صدق پا کر؛ پھر یہ کیں اور یہ نقار
۷۳ اب ذرا سوچو! کہ کیا یہ آدمی کا کام ہے — اس قدر امرِ نہاں پر کِس بشر کو اقتدار
۷۴ ایسے دل پر داغِ لعنت ہے ازل سے تا اَبَد — جو نہیں اس کی طلب میں؛ بے خود و دِیوانہ وار
۷۵ ایسے مہدی کیلئے میداں کھُلا تھا قوم میں — پھر تو اس پر جمع ہوتے؛ ایک دَم میں صَد ہزار
۷۶ آگ بھی پھر آ گئی؛ جب دیکھ کر اتنے نشاں — قوم نے مجھ کو کہا؛ کذّاب ہے اور بَد شِعار
۷۷ اِن دِلوں کو خود بدل دے؛ اے میرے قادر خدا! — تُو تو ربّ العلمیں ہے؛ اور سب کا شہریار
۷۸ اس جہاں میں؛ خواہشِ آزادگی بے سود ہے — اِک تیری قیدِ محبت ہے؛ جو کردے رَستگار
۷۹ اے خدا! اے چارہ سازِ درد! ہم کو خود بچا — اے میرے زخموں کے مرہم! دیکھ میرا دِل فگار
۸۰ اے مِرے پیارے جہاں میں تُو ہی ہے اِک بے نظیر — جو تِرے مجنوں؛ حقیقت میں وہی ہیں ہوشیار
۸۱ اس جہاں کو چھوڑنا ہے تیرے دیوانوں کا کام — نقد پا لیتے ہیں وہ؛ اور دوسرے امّید وار
۸۲ ایک کانٹا بھی اگر دِیں کیلئے ان کو لگے — چیخ کر اس سے وہ بھاگیں؛ شیر سے جیسے حِمار
۸۳ اے میرے پیارے! بتا تُو کِس طرح خوشنود ہو — نیک دن ہوگا وہی؛ جب تجھ پہ ہوویں ہم نثار
۸۴ ابنِ مریم ہوں؛ مگر اُترا نہیں مَیں چرخ سے — نیز مہدی ہوں؛ مگر بے تیغ اور بے کارِزار
۸۵ اس کے پانے کا؛ یہی اے دوستو! اِک راز ہے — کیمیا ہے؛ جس سے ہاتھ آجائیگا زَر بے شمار
۸۶ اِس سے خود آ کر ملے گا؛ تم سے وہ یارِ اَزَل — اِس سے تم عرفانِ حق سے پہنو گے پھولوں کے ہار
۸۷ اِفترا کی ایسی دُم لمبی نہیں ہوتی کبھی — جو ہو مثلِ مدّتِ فخر الرسلؐ فخر الخیار

۸۸ اے عزیزو! کب تلک چل سکتی ہے کاغذ کی ناؤ
ایک دن ہے غَرق ہونا باد و چشمِ اشکبار

۸۹ اے خدا! کمزور ہیں ہم؛ اپنے ہاتھوں سے اٹھا
ناتواں ہم ہیں؛ ہمارا خود اُٹھالے سارابار

۹۰ اے میرے پیارے! ضلالت میں پڑی ہے میری قوم
تیری قدرت سے نہیں کچھ دُور؛ گر پائیں سدھار

۹۱ اے میرے پیارو! شکیب و صبر کی عادت کرو
وہ اگر پھیلائیں بَدبو؛ تم بنو مشکِ تتار

۹۲ افترا ان کی نگاہوں میں ہمارا کام ہے
یہ خیال، اللہ اکبر؛ کس قدر ہے نابکار

۹۳ آنکھ رکھتے ہو؛ ذراسوچو! کہ یہ کیا راز ہے
کس طرح ممکن؛ کہ وہ قدوس ہو کاذب کا یار

۹۴ ایک طوفاں ہے خدا کے قہر کا اب جوش پر
نوحؑ کی کشتی میں جو بیٹھے؛ وہی ہو رَستگار

۹۵ اے کہ ہر دَم بَدگمانی تیرا کاروبار ہے
دوسری قوت کہاں گم ہوگئی اے ہوشیار

۹۶ اِس تعصّب پر نظر کرنا؛ کہ مَیں اسلام پر
ہوں فِدا؛ پھر بھی مجھے کہتے ہیں کافر باربار

۹۷ ایسے کچھ سوئے؛ کہ پھر جاگے نہیں ہیں اب تلک
ایسے کچھ بھولے؛ کہ پھر نسیاں ہوا گردن کا ہار

۹۸ اس کے آتے آتے دِیں کا ہوگیا قِصّہ تمام
کیا وہ تب آئیگا؛ جب دیکھے گا اس دِیں کا مزار

۹۹ اے خدا! تیرے لئے ہرذرّہ ہو میرا فِدا
مجھ کو دِکھلا دے بہارِ دِیں؛ کہ مَیں ہوں اشکبار

۱۰۰ ایک فرقاں ہے جو شک اور ریب سے وہ پاک ہے
بعد اسکے ظَنِّ غالب کو ہیں کرتے اختیار

۱۰۱ افتراء لعنت ہے؛ اور ہرمفتری ملعون ہے
پھر لعیں وہ بھی ہے؛ جو صادِق سے رکھتا ہے نقار

۱۰۲ ان نشانوں کو ذراسوچو! کہ کس کے کام ہیں
کیا ضرورت ہے؛ کہ دِکھلاؤ غضب دیوانہ وار

۱۰۳ ایسی سرعت سے یہ شہرت ناگہاں سالوں کے بعد
کیا نہیں ثابت یہ کرتی؛ صدقِ قولِ کردِگار

۱۰۴ اے خدا! شیطاں پہ مجھ کو فتح دے رحمت کے ساتھ
وہ اکٹھی کر رہا ہے اپنی فوجیں بے شمار

۱۰۵ اِک طرف طاعونِ خونی کھا رہا ہے مُلک کو
ہو رہے ہیں صَد ہزاراں آدمی اس کا شکار

۱۰۶ ایک ہی دَم میں ہزاروں اس جہاں سے چل دئے
جس قدر گھر گر گئے؛ ان کا کروں کیونکر شمار

۱۰۷ اس نشاں کو دیکھ کر؛ پھر بھی نہیں ہیں نرم دل
پس خدا جانے؛ کہ اب کس حشر کا ہے انتظار

۱۰۸ آسماں پر شور ہے؛ پر کچھ نہیں تم کو خبر
دن تو روشن تھا؛ مگر ہے بڑھ گئی گَردوغبار

۱۰۹ اک نشاں ہے آنے والا؛ آج سے کچھ دن کے بعد
جس سے گردش کھائیں گے دیہات وشہراور مرغزار

١١٠ آئے گا قہرِ خدا سے خَلق پر اِک انقلاب      اک برہنہ سے نہ یہ ہوگا؛ کہ تا باندھے اِزار
١١١ اِک جھپک میں یہ زمیں ہوجائے گی زیروزبر      نالیاں خوں کی چلیں گی؛ جیسے آبِ رودِبار
١١٢ اِک نمونہ قہر کا ہوگا وہ ربّانی نشاں      آسماں حملے کرے گا؛ کھینچ کر اپنی کٹار
١١٣ انبیاء سے بغض بھی؛ اے غافلو! اچھا نہیں      دُورتر ہٹ جاؤ اس سے؛ ہے یہ شیروں کی کچھار
١١٤ آسماں پر ان دِنوں قہرِ خدا کا جوش ہے      کیا نہیں تم میں سے کوئی بھی رشیدوہونہار
١١٥ اس نشاں کے بعد ایماں قابلِ عزت نہیں      ایسا جامہ ہے؛ کہ نوپوشوں کا جیسے ہو اُتار
١١٦ اس میں کیا خوبی؛ کہ پڑکرآگ میں، پھر صاف ہو      خوش نصیبی ہو؛ اگر اب سے کرو دل کی سنوار
١١٧ اب تو نرمی کے گئے دن؛ اب خدائے خشمگیں      کام وہ دِکھلائے گا؛ جیسے ہتھوڑے سے لوہار
١١٨ اس گھڑی شیطاں بھی ہوگا سجدہ کرنے کو کھڑا      دل میں یہ رکھ کر؛ کہ حکمِ سجدہ ہو پھرایک بار
١١٩ اِک کرشمہ سے دِکھا اپنی وہ عظمت؛ اے قدیر      جس سے دیکھے تیرے چہرے کو ہراِک غفلت شِعار
١٢٠ ایسے مغروروں کی کثرت نے کیا دِیں کو تباہ      ہے یہی غم میرے دل میں؛ جس سے ہوں مَیں دلفگار
١٢١ اِس قدر کیوں ہے کِین و استکبار      کیوں خدا یاد سے گیا یک بار
١٢٢ اسے دے چکے مال وجاں بار بار      ابھی خوف دل میں؛ کہ ہیں نابکار
١٢٣ اس کا تو فرض ہے؛ کہ وہ ڈھونڈے خدا کا نور      تا ہووے شک و شبہ سبھی اس کے دل سے دُور

## دُرِّ عدن

١٢٤ اے مجیب الدعاء سمیع و بصیر      قادر و مقتدر؛ علیم و خبیر
١٢٥ آنکھیں تو کھول، سر تو اُٹھا؛ دیکھ تو ادھر      قصرِ مراد کے کلس آتے ہیں وہ نظر

## کلامِ طاہر

١٢٦ ابراھیم وقت کا سفیر؛ تھا جسے تسلّط آگ پر      وہ غلام، اُس کے دَر کا تھا؛ جس کی آگ تھی غلامِ دَر
١٢٧ اِک برگد کی چھاؤں کے نیچے؛      کیسے کچھ عرضِ مدّعا کرتا؛
اِک مسافر پڑا تھا غم سے چُور      اپنی حاجات کا بھی تھا نہ شعور
١٢٨ اُس بام سے نور اُترے؛ نغمات میں ڈھل ڈھل کر      نغموں سے اُٹھے خوشبو؛ ہوجائے سُرُودعنبر

۱۲۹ اے وہ! کہ مجھ سے رکھتا ہے پَرخاش کا خیال — "اے آں کہ سوئے من بِدَوِیدی بَصَد تبَر"
۱۳۰ اے وائے! وہ سَر؛ جن کی اُتاری گئی چادر — پابَستہ پِدَر اور پِسَر؛ جن کے برابر
۱۳۱ اُمّی کی پہنچتی رہیں طوبیٰ کو دعائیں — ابّا کی رہو جان؛ خدا حافظ و ناصر

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۳۲ آج سب مُسلم خواتیں کی ہیں عُریاں زِینَتیں — تُونے فرمایا تھا؛ ہے پَردے سے باہر مَـا ظَھَـر
۱۳۳ آسماں کے راستوں سے ایک تُو ہے باخبر — ورنہ بھٹکے پھر رہے ہیں؛ آج سب بَرنا وَ پِیر
۱۳۴ اپنے پَرائے چھوڑکے سب ہوگئے الگ — ہم بے کَسوں پہ آخر انہوں نے ہی کی نَظَر
۱۳۵ انگریزوں نے ہی؛ بے کَس وبَدحال دیکھ کر — کھولے ہیں عِلم وفضل کے ہم پر ہزار دَر
۱۳۶ اَلقِصّہ؛ سلطنت یہ بڑی مہربان ہے — آتی نہیں جہان میں ایسی کوئی نَظَر
۱۳۷ اور اِس سے بڑھ کے؛ رحم خدا کا یہ ہم پہ ہے — عیسیٰ مسیح ؑ سا ہے دیا؛ ہم کو رَاہبَر
۱۳۸ اے مِرے مَولیٰ مِرے مالک! مِری جاں کی سِپَر — مُبتلائے رَنج وغم ہوں؛ جلد لے میری خبر
۱۳۹ اَمن کی کوئی نہیں جا؛ خوف دامَن گیر ہے — سانپ کی مانند مجھ کو کاٹتے ہیں بحر و بَر
۱۴۰ اَبرِ باراں کی طرح آنکھیں ہیں میری اَشک بار — ہے گریباں چاک گر میرا؛ تو دامن تارتار
۱۴۱ اپنے ہم چشموں کی آنکھوں میں سُبُک کیوں ہوگیا — دیدۂ اَغیار میں ٹھہرا ہوں کیوں بے اعتبار
۱۴۲ اِک رُخِ تاباں کی اُلفت میں پھنسا بیٹھا ہوں دِل — اپنے دل سے اور جاں سے اِس سے مَیں کرتا ہوں پیار
۱۴۳ اُس کا اِک اِک لَفظ؛ میرے واسطے ہے جانفَزا — اُس کے اِک اِک قول سے گھٹیا ہے دُرِّ شاہوار
۱۴۴ ایک کُن کہنے سے پیدا کردیئے اس نے تمام — یہ زمیں، یہ آسماں؛ یہ دورۂ لیل و نہار
۱۴۵ اُس کی اُلفت نے بنایا ہے مکاں ہرنَفس میں — ہردلِ دیندار؛ اس کے رُخ پہ ہوتا ہے نِثار
۱۴۶ اب تو سمجھے کس کے پیچھے ہے مجھے یہ اِضطِرار — یاد میں کِس ماہ رُو کی؛ ہُوں مَیں رہتا اَشکبار
۱۴۷ اُس کی شاں کو عقلِ انسانی سمجھ سکتی نہیں — ذرّہ ذرّہ پر ہے اُس کو مالِکانہ اِقتِدار
۱۴۸ اس کی قُدرت کی کوئی بھی اِنتہا پاتا نہیں — اور پوشیدہ نہیں ہے؛ تم سے مِرا حالِ زار
۱۴۹ اپنی مرضی کا ہے وہ مالِک؛ تو مَیں محکوم ہُوں — میری کیا طاقت؛ کہ پاؤں زور سے دَرگاہ میں بار

۱۵۰ ایک گالا روئی کا لائی تھی اپنے ساتھ وہ — اور یُوسُفؑ کی خریداری کی تھی اُمیدوار

۱۵۱ آرزُو ہے گر فَلاح و کامیابی کی تمھیں — اس شہِ خوباں پہ کردو؛ بے تأمُّل جاں نثار

۱۵۲ اپنی مرضی چھوڑ دو؛ تم اس کی مرضی کیلئے — جو ارادہ وہ کرے؛ تم بھی کرو وہ اِختیار

۱۵۳ اُس کے ماموروں کو رکھو؛ تم دل وجاں سے عزیز — اُس کے نبیوں کے رہو تم؛ چاکر وخِدمت گُزار

۱۵۴ اُس کے حُکموں کو نہ ٹالو؛ ایک دَم کے واسطے — مال ودولت، جان ودل؛ ہر شے کرو اُس پر نثار

۱۵۵ اِبتِداء میں لوگ گو پاگل پُکاریں گے تمھیں — اور ہوں گے دَرپئے اِیذادَہی دیوانہ وار

۱۵۶ اُس کی اُلفت میں کبھی نُقصاں اُٹھاؤ گے نہ تم — اُس کی اُلفت میں کبھی ہو گے نہ تم رُسواوخوار

۱۵۷ اِمتِحاں میں پُورے اُترے گر؛ تو پھر اِنعام میں — جامِ وَصلِ یار پینے کو ملیں گے باربار

۱۵۸ اَلغَرض یہ عشقِ مولیٰ بھی عَجَب اِک چیز ہے — جو گداگر کو بنادیتا ہے دَم میں شہریار

۱۵۹ اُس کی ہر جُنبِشِ لَب کرتی ہے مُردے زندہ — حشر دِکھلائے گا اب کیا ہمیں برپا ہوکر

۱۶۰ ایسے بیمار کا پھر اور ٹھکانا معلوم — دے سکے تم نہ شِفا جِس کو؛ مسیحا ہو کر

۱۶۱ اسی سے ہوتی ہے راحت مُیَسَّر — اِسی میں دیکھتے ہیں رُوئے دِلبَر

۱۶۲ اُس مَے گُسارِ بادۂ اُلفت کی رُوح پر — اُس بوستانِ عشق و وَفا کی مزار پر

۱۶۳ اے شُعاعِ نُور! یوں ظاہر نہ کر میرے عُیُوب — غیر ہیں چاروں طرف؛ ان میں مجھے رُسوا نہ کر

۱۶۴ اُڑا دیجئے گا نہ ہوش میرے؛ غزالی آنکھیں دِکھا دِکھا کر — چھری ہے چلتی دل وجگر پر؛ نہ کیجئے باتیں چبا چبا کر

۱۶۵ ان پہ ڈالی گئی آخر میں تلطف کی نظر — مثلِ کافور اُڑا؛ دل میں جو تھا خوف و خطر

۱۶۶ ایسے اَندھے کا کریں ہم کیا عِلاج — مَغز سے غافِل ہے؛ چھلکے پر نَظَر

۱۶۷ اِک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے — کیوں کر جیوں گا ہاتھ سے پیمانہ چھوڑ کر

۱۶۸ اِصطَبل میں گھوڑے ہیں، بھینسیں بھی ہیں؛ کچھ شیروار — سبزے کی کثرت سے گھر بھی بَن رہا ہے مَرغزار

۱۶۹ آپ تو ہیں مالکِ اَرض وسَما؛ اے میری جاں! — آپ کا خادِم مگر پھرتا ہے کیوں یُوں دَربدَر

۱۷۰ آدمِ اَوَّل سے لے کر وہ ہے زندہ آج تک — ایسی طاقت دے؛ کُچل ڈالوں مَیں اَب شیطاں کا سَر

۱۷۱ اپنی تدبیر و تفکر سے نہ ہرگز کام لے — راہ نُما ہے تیرا کامِل؛ راہِ اُو مُحکَم بگیر

# 'ب' سے 'ر'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 33 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 21 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 7 |

### دُرِّ ثمین

۱ بدگمانوں سے بچایا؛ مجھ کو خود بَن کر گواہ — کر دِیا دشمن کو اِک حملہ سے مغلوب اور خوار
۲ بدگمانی سے تو رائی کے بھی بنتے ہیں پہاڑ — پر کے اِک ریشہ سے ہوجاتی ہے کوّوں کی قطار
۳ بدگمانی نے تمہیں مجنوں و اندھا کر دِیا — ورنہ تھے میری صداقت پر براہیں بے شمار
۴ بِسترِ راحت کہاں اِن فِکر کے ایّام میں — غم سے ہر دِن ہو رہا ہے بدتر اَز شب ہائے تار
۵ باغ میں ملت کے ہے کوئی گُل رعنا کِھلا — آئی ہے بادِ صبا گلزار سے مستانہ وار
۶ بے معاون مَیں نہ تھا؛ تھی نصرتِ حق میرے ساتھ — فتح کی دیتی تھی وحیِ حق بشارت بار بار
۷ بے خدا اس وقت دنیا میں کوئی مامن نہیں — یا اگر ممکن ہو؛ اب سے سوچ لو راہِ فرار
۸ بشر سے نہیں؛ تا اتارے بشر — خدا کا کلام اس پہ ہے جلوہ گر
۹ بھلا بعد چولے کے؛ اے پُر غرور! — وہ کیا کسر باقی ہے؛ جس سے تُو دُور
برس تھے آٹھ اور کچھ مہینے؛ — بلانے والا ہے سب سے پیارا؛
۱۰ کہ جب خدا نے اسے بلایا — اسی پہ اے دل! تُو جاں فِدا کر

۱۱ بندوں میں اپنے بھید خدا کے ہیں صد ہزار — تم کو نہ علم ہے؛ نہ حقیقت ہے آشکار

۱۲ بحث کرنا تم سے، کیا حاصل؛ اگر تم میں نہیں — روحِ انصاف وخداترسی؛ کہ ہے دِیں کا مدار

۱۳ بات پھر یہ کیا ہوئی؛ کس نے میری تائید کی — خائب و خاسر رہے تم؛ ہوگیا مَیں کامگار

۱۴ بے خدا، بے زھد وتقویٰ؛ بے دیانت، بے صفا — بَن ہے یہ دنیائے دوں طاعوں کرے اس میں شکار

۱۵ بَن کے رہنے والو! تم ہرگز نہیں ہو آدمی — کوئی ہے روبہ، کوئی خنزیر؛ اور کوئی ہے مار

۱۶ باغ میں تیری محبت کے عجب دیکھے ہیں پھل — ملتے ہیں مشکل سے ایسے سیب اور ایسے انار

۱۷ بے خبر دونوں ہیں؛ جو کہتے ہیں بَد یا نیک مرد — میرے باطن کی نہیں ان کو خبر اِک ذرّہ وار

۱۸ بات سب پوری ہوئی؛ پر تم وہی ناقص رہے — باغ میں ہوکر بھی؛ قسمت میں نہیں دِیں کے ثمار

۱۹ بس یہی ہے رمز؛ جو اس نے کیا منع اَز جہاد — تا اُٹھادے دِیں کی رَہ سے؛ جو اُٹھا تھا اِک غبار

۲۰ باغ مرجھایا ہوا تھا؛ گِر گئے تھے سب ثمر — مَیں خدا کا فضل لایا؛ پھر ہوئے پیدا ثمار

۲۱ بندۂ درگاہ ہوں؛ اور بندگی سے کام ہے — کچھ نہیں ہے فتح سے مطلب؛ نہ دِل میں خوفِ ہار

## دُرِّ عدن

۲۲ بھیج درود اُس محسن پر تُو دِن میں سو سو بار — پاک محمد مصطفیٰؐ؛ نبیوں کا سردار

۲۳ بُلبُل ہوں؛ صحنِ باغ سے دُور اور شکستہ پر — پروانہ ہوں چراغ سے دُور اور شکستہ پر

۲۴ بڑے درد سہ کر؛ مصیبت اُٹھا کر — ملایا تمہیں اس دنیا میں لا کر

۲۵ بچے ہنستے ہیں خوشی سے؛ تو بڑے ہیں دِلشاد — جذبۂ شوق کے ظاہر ہیں جبیں پر آثار

## کلامِ طاہر

۲۶ بے شمار گھر جلا کے؛ جب پہنچی شعلہ ذَن وہ اس کے گھر — سرد پڑ گئی؛ اور ہوگئی ڈھیر آپ اپنی راکھ پر

## کلامِ محمود

۲۷ بات کیا ہے؛ گر وہ میری آرزُو پوری کرے — دے مِری جاں کو تسلّی؛ دے مِرے دِل کو قرار

۲۸ بے مِلے اُس کے؛ تو جینا بھی ہے بَدتَر موت سے — ہے وہی زِندہ؛ جسے اُس کا مِلے قُربِ وجوار

۲۹ بس یہی اِک راہ ہے؛ جس سے کہ مِلتی ہے نَجات — بس یہی ہے اِک طریقہ؛ جس سے ہو عِزّ ووَقار

۳۰ بیٹھ کر جب عشق کی کشتی میں آؤں؛ تیرے پاس — آگے آگے چاند کی مانند؛ تُو بھاگا نہ کر
۳۱ بےسَر وساماں ہُوں اس دنیا میں اے میرے خُدا! — اپنی جنّت میں بنا دیں؛ آپ میرا ایک گھر
۳۲ بُلبُلیں بھی سَر پٹکتی ہیں؛ اُسی کی یاد میں — گُل بھی رہتے ہیں اُسی کی چاہ میں؛ سینۂ فِگار
۳۳ بے کَسی میں رَہزَنِ رَنج و مصیبت آپڑا — سب متاعِ صبر و طاقت؛ ہوگئی زیر و زَبَر

# 'پ'سے 'ر'

## ('پ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **42** |
| i | دُرِّ ثمین | 32 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 9 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ پر بنانا آدمی، وحشی کو؛ ہے اِک معجزہ — معنئ رازِ نبوت ہے اِسی سے آشکار
۲ پھر ذرا سوچو! کہ اب چرچا میرا کیسا ہوا — کس طرح سرعت سے شہرت ہوگئی دَرہر دیار
۳ پڑھایا جس نے اس پر بھی کرم کر — جزا دے دِین اور دنیا میں بہتر
۴ پھر دوبارہ ہے اُتارا تُو نے آدمؑ کو یہاں — تا وہ نخلِ راستی اس ملک میں لاوے ثمار
۵ پر مجھے تُو نے ہی اپنے ہاتھ سے ظاہر کیا — مَیں نے کب مانگا تھا یہ تیرا ہی ہے سب برگ وبار
۶ پر نہیں اکثر مخالف لوگوں کو شرم وحیا — دیکھ کر سوسونشاں؛ پھر بھی ہے توہیں کاروبار
۷ پر مسیحا بَن کے مَیں بھی دیکھتا روئے صلیب — گر نہ ہوتا نامِ احمدؐ؛ جس پہ میرا سب مدار

۸ پر مجھے اس نے نہ دیکھا؛ آنکھ اس کی بند تھی
پھر سزا پا کر لگایا سرمۂ دنبالہ دار

۹ پھر ادھر بھی کچھ نظر کرنا خدا کے خوف سے
کیسے میرے یار نے مجھ کو بچایا بار بار

۱۰ پھر لگایا ناخنوں تک زور بَن کر اِک گروہ
پر نہ آیا کوئی بھی منصوبہ ان کو سازوار

۱۱ پاک و برتر ہے وہ جھوٹوں کا نہیں ہوتا نصیر
ورنہ اُٹھ جائے اماں پھر سچے ہوویں شرمسار

۱۲ پر اگر پوچھیں؛ کہ ایسے کاذبوں کے نام لو
جن کی نصرت سالہا سے کر رہا ہو کردگار

۱۳ پھر اگر ناچار ہو اس سے؛ کہ دو کوئی نظیر
اس مہیمن سے ڈرو؛ جو بادشاہِ ہردو وار

۱۴ پھر عجب یہ علم یہ تنقیدِ آثار و حدیث
دیکھ کر سوسونشاں؛ پھر کر رہے ہو تم فرار

۱۵ پیٹنا ہوگا دوہاتھوں سے؛ کہ ہے ہے مرگئے
جبکہ ایماں کے تمہارے گند ہوں گے آشکار

۱۶ پر جو دنیا کے بنیں کیڑے؛ وہ کیا ڈھونڈیں اسے
دِیں اُسے ملتا ہے؛ جو دِیں کیلئے ہو بیقرار

۱۷ پھر وہ دن جب آگئے؛ اور چودھویں آئی صدی
سب سے اوّل ہوگئے منکر یہی دِیں کے منار

۱۸ پھر دوبارہ آگئی اَحبار میں رسمِ یہود
پھر مسیحِ وقت کے دشمن ہوئے یہ جبّہ دار

۱۹ پر اگر آتا کوئی؛ جیسی انہیں امّید تھی
اور کرتا جنگ؛ اور دیتا غنیمت بے شمار

۲۰ پر یہ تھا رحمِ خداوندی؛ کہ مَیں ظاہر ہوا
آگ آتی، گر نہ مَیں آتا؛ تو پھر جاتا قرار

۲۱ پر ہزارافسوس! دنیا کی طرف ہیں جھک گئے
وہ جو کہتے تھے؛ کہ ہے یہ خانۂ ناپائیدار

۲۲ پھر رکھایا نام کافر؛ ہوگیا مطعونِ خلق
کفر کے فتووں نے مجھ کو کردِیا بے اعتبار

۲۳ پاک دل پر بدگمانی ہے یہ شقوت کا نشاں
اب تو آنکھیں بند ہیں؛ دیکھیں گے پھرانجام کار

۲۴ پشتیٔ دیوارِدِیں اور مامنِ اسلام ہوں
نارسا ہے دستِ دشمن تابفرقِ ایں جدار

۲۵ پھر یقیں کو چھوڑ کر؛ ہم کیوں گمانوں پر چلیں
خود کہو! رؤیت ہے بہتر؛ یا نقولِ پُرغبار

۲۶ پھر یہ نقلیں بھی اگر میری طرف سے پیش ہوں
تنگ ہوجائے مخالف پر مجالِ کارزار

۲۷ پر ہوئے دِیں کیلئے یہ لوگ مارِآستیں
دشمنوں کو خوش کیا؛ اور ہوگیا آزر وہ یار

۲۸ پیشہ ہے رونا ہمارا پیشِ ربِّ ذوالمِنَن
یہ شجر آخر کبھی اس نہر سے لائیں گے بار

۲۹ پر مجھے رِہ رِہ کے آتا ہے تعجب قوم سے
کیوں نہیں وہ دیکھتے؛ جو ہو رہا ہے آشکار

۳۰ پر وہی نافہم ملہم اوّل الاعداء ہوئے　　آ گیا چرخِ بَریں سے ان کو تکفیروں کا تار
۳۱ پر خدا کا رحم ہے؛ کوئی بھی اس سے ڈر نہیں　　ان کو جو جھکتے ہیں اس درگہ پہ ہو کر خاکسار
۳۲ پھر بہار آئی؛ خدا کی بات پھر پوری ہوئی　　یہ خدا کی وحی ہے؛ اب سوچ لو اے ہوشیار

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳۳ پہرہ ہو فرشتوں کا قریب آنے نہ پائے　　ڈرتا رہے شیطان؛ خدا حافظ و ناصر

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳۴ پھیلا تھا ہر چہار طرف جہل مُلک پر　　کوئی نہ تھا؛ جو آ کے ہمارا ہو چارہ گر
۳۵ پُوجا کرے، نماز پڑھے؛ کوئی کچھ کرے　　آزاد کر دِیا ہے اُنھوں نے ہر اِک بشر
۳۶ پڑے بلا جس کے سَر پہ آ کر اُسے وہی خوب جانتا ہے　　تماشا کیا دیکھتے ہو صاحب! ہمارے دِل کو دُکھا دُکھا کر
۳۷ پاک ہے ہر طرح کی کمزوریوں سے اُس کی ذات　　اور مجھ میں پائے جاتے ہیں نَقائِص صَد ہزار
۳۸ پَر وہ عالی بارگہ ہے؛ مَنبعِ فَضل وکرم　　کیا تعجب ہے؛ جو مجھ کو بھی بنادے کامگار
۳۹ پَر خُدا ہوگا تمھارا؛ ہر مصیبت میں مُعین　　شَر سے دُشمن کے بچائے گا تمھیں لیل و نہار
۴۰ پاؤ گے تم فتح وظفر؛ ہوں گے تمہارے بحر وبَر　　آرام سے ہوگی بَسَر؛ ہوگا خُدا مَدِّ نظر
۴۱ پھر ایسی کچھ نہیں پَروا؛ کہ دُکھ ہو یا کہ راحت ہو　　رہو دل میں مِرے گر عمر بھر تُم؛ مُدَّعا ہوکر
۴۲ پاک ہوجاؤ؛ کہ وہ شاہِ جہاں بھی پاک ہے　　جو کہ ہو ناپاک دل؛ اُس سے نہیں کرتا وہ پیار

# 'ت' سے 'ر'

('ت' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 31 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 22 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 4 |

## دُرِّ ثمین

۱ تُو نے طاعوں کو بھی بھیجا؛ میری نُصرت کیلئے
تا وہ پورے ہوں نشاں؛ جو ہیں سچّائی کا مدار

۲ تھا برس چالیس کا مَیں؛ اُس مسافرخانہ میں
جبکہ مَیں نے وحیِ رَبّانی سے پایا افتخار

۳ تاج وتختِ ہند قیصر کو مبارک ہو مدام
ان کی شاہی میں؛ مَیں پاتا ہوں رفاہِ روزگار

۴ تیرِ تاثیرِ محبت کا خطا جاتا نہیں
تیر اَندازو! نہ ہونا سُست اس میں زینہار

۵ تھے رجوعِ خلق کے اسباب مال و علم و حکم
خاندانِ فقر بھی تھا باعثِ عِزّ و وَقار

۶ تیری عظمت کے کرشمے ہوں ہرگھڑی
تیری قدرت دیکھ کر؛ دیکھا جہاں کو مردہ وار

۷ تصور سے اس بات کے ہوکے زار
کہا رو کے؛ اے میرے پَروَردِگار

۸ تُو ڈرتا ہے لوگوں سے اے بے ہنر!
خدا سے تجھے کیوں نہیں ہے خطر؟

۹ تیری رحمت ہے میرے گھر کا شہتیر
میری جاں؛ تیرے فضلوں کی پنہ گیر

۱۰ تیری رحمت عجب ہے؛ اے میرے یار
تیرے فضلوں سے میرا گھر ہے گلزار

۱۱ تم میں سے جس کو دِین ودیانت سے ہے پیار
اب اس کا فرض ہے؛ کہ وہ دل کرکے استوار

۱۲ تکبّر سے نہیں مِلتا وہ دِلدار
مِلے جو خاک سے؛ اس کو مِلے یار

۱۳ تیرے کاموں سے مجھے حیرت ہے؛ اے میرے کریم — کِس عمل پر مجھ کو دی ہے خلعتِ قُرب وجوار

۱۴ تیرے اے میرے مربی! کیا عجائب کام ہیں — گرچہ بھاگیں جبر سے؛ دیتا ہے قسمت کے ثمار

۱۵ تیرے ہاتھوں سے میرے پیارے اگر کچھ ہو، تو ہو — ورنہ فِتنہ کا قدم بڑھتا ہے ہردَم سیل وار

۱۶ تم تو کہتے تھے؛ کہ یہ نابود ہوجائیگا جلد — یہ ہمارے ہاتھ کے نیچے ہے اِک ادنیٰ شکار

۱۷ تھا نوِشتوں میں یہی اَز اِبتدا تا انتہا — پھر مٹے کیونکر؛ کہ ہے تقدیر نے نقشِ جدار

۱۸ تیرے آگے محو یا اِثبات ناممکن نہیں — جوڑنا یا توڑنا؛ یہ کام تیرے اختیار

۱۹ تُو ہی بگڑی کو بناوے؛ توڑدے جب بَن چکا — تیرے بھیدوں کو نہ پاوے سوکرے کوئی بچار

۲۰ تلخ ہوتا ہے ثمر؛ جب تک کہ ہو وہ ناتمام — اس طرح ایماں بھی ہے؛ جب تک نہ ہو کامل پیار

۲۱ تیرے منہ کی بھوک نے دل کو کیا زیروزبر — اے میرے فردوسِ اعلیٰ! اب گِرا مجھ پر ثمار

۲۲ تا دِکھاوے مُنکروں کو؛ دِیں کی ذاتی خُوبیاں — جِن سے ہوں شرمندہ؛ جواسلام پر کرتے ہیں وار

## دُرِّ عدن

۲۳ تازگی آگئی چہروں پہ؛ کِھلے جاتے ہیں — دل کی حالت کا زباں کر نہیں سکتی اظہار

۲۴ تِری نصرت سے ساری مشکلیں آسان ہوجائیں — ہزاروں رحمتیں ہوں؛ فضل کے سامان پیدا کر

## کلامِ طاہر

۲۵ تیرے حضور تہ ہے مِرا زانُوے ادب — مَیں جانتا نہیں ہوں کوئی پیشوادِگر

۲۶ تیرے وجود کی ہوں مَیں وہ شاخِ باثمر — جس پر ہرآن رکھتا ہے ربّ الوریٰ نظر

۲۷ تجھ میں تھیں جوچشم ہائے تَر؛ رحمت علی سے بہرہ وَر — آج بھی ہیں اُن میں سے کئی نرگسی خصال دیدہ وَر

## کلامِ محمود

۲۸ تھا مسیحا بھی تو پیدائشِ وقتِ قیصر — زندگی چھوٹے بڑے چین سے کرتے تھے بَسَر

۲۹ تم پہ کھولے جائیں گے جنّت کے دروازے یہیں — تم پہ ہوجائیں گے سب اَسرارِقُدرت آشکار

۳۰ تھی مَاحَصَل حَیات کا اِک سعیٔ ناتمام — کاٹی گئی غریب حَوادِث کی دھار پر

۳۱ تھی موت کے وَقت اس کی یہ طُرفہ حالَت — لَب پہ تھی اگر آہ! تو تَن میں خَنجر

# 'ٹ' سے 'ر'

(' ٹ ' سے شروع ہو کر ' ر ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 1 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 1 | دُرِّ ثمین | i |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا ٹوٹے کاموں کو بناوے؛ جب نگاہِ فضل ہو پھر بنا کر توڑ دے اِک دَم میں کر دے تار تار

# 'ج' سے 'ر'

(' ج ' سے شروع ہو کر ' ر ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 56 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 36 | دُرِّ ثمین | i |
| 2 | دُرِّ عدن | ii |
| 5 | کلامِ طاہر | iii |
| 13 | کلامِ محمود | iv |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا جو خدا کا ہے؛ اُسے للکارنا اچھا نہیں ہاتھ شیروں پر نہ ڈال؛ اے روبہٗ زار و نزار

٢ جس کو چاہے؛ تختِ شاہی پر بٹھا دیتا ہے تُو          جس کو چاہے؛ تخت سے نیچے گرا وے، کر کے خوار

٣ جسم کو مَل مَل کے دھونا؛ یہ تو کچھ مشکل نہیں          دل کو جو دھوئے؛ وہی ہے پاک نزدِ کردگار

٤ جانتا تھا کون، کیا عزت تھی؛ پبلک میں مجھے          کِس جماعت کی تھی مجھ سے کچھ ارادت یا پیار

٥ جو پوچھا کسی نے؛ چلے ہو کدھر          غرض کیا ہے؛ جس سے کیا یہ سفر

٦ جو برباد ہونا کرے اختیار          خدا کیلئے ہے وہی بختیار

٧ جب نظر پڑتی ہے اس چولہ کے ہر ہر لفظ پر          سامنے آنکھوں کے آجاتا ہے وہ فرخ گہر

٨ جسے اس کے مَت کی نہ ہووے خبر          وہ دیکھے اسی چولہ کو اِک نظر

٩ جس کا ہے نام قادرِ اکبر          اس کی ہستی سے دی ہے پختہ خبر

١٠ جگر کا ٹکڑا مبارک احمد؛ جو پاک شکل اور پاک خو تھا          وہ آج ہم سے جدا ہوا ہے ہمارے دل کو حزیں بنا کر

١١ جس کو تلاش ہے؛ کہ مِلے اس کو کردگار          اس کیلئے حرام؛ جو قِصّوں پہ ہو نثار

١٢ جس کو ہم نے قطرۂ صافی تھا سمجھا اور تقی          غور سے دیکھا؛ تو کیڑے اس میں بھی پائے ہزار

١٣ جس کے دعویٰ کی سراسر اِفترا پر ہے بِنا          اس کی یہ تائید ہو؛ پھر جھوٹ سچ میں کیا نکھار

١٤ جہل کی تاریکیاں؛ اور سوءِ ظن کی تندباد          جب اکٹھے ہوں؛ تو پھر ایماں اُڑے، جیسے غبار

١٥ جی چرانا راستی سے؛ کیا یہ دِیں کا کام ہے          کیا یہی ہے زھد و تقویٰ؛ کیا یہی راہِ خیار

١٦ جان و دل سے ہم نثارِ ملّتِ اسلام ہیں          لیک دِیں وہ رَہ نہیں؛ جس پر چلیں اہلِ نقار

١٧ جن پہ ہے تیری عنایت؛ وہ بدی سے دُور ہیں          رَہ میں حق کی قوتیں ان کی چلیں بَن کر قطار

١٨ جس کو تیری دُھن لگی؛ آخر وہ تجھ کو جا مِلا          جس کو بے چینی ہے یہ؛ وہ پا گیا آخر قرار

١٩ جیفۂ دنیا پہ یکسر گر گئے دنیا کے لوگ          زندگی کیا خاک ان کی؛ جو کہ ہیں مردار خوار

٢٠ جس کو دیکھو؛ آجکل وہ شوخیوں میں طاق ہے          آہ! رحلت کر گئے وہ سب جو تھے تقویٰ شعار

٢١ جس طرف دیکھو؛ یہی دنیا ہی مقصد ہوگئی          ہر طرف اس کیلئے رغبت دِلائیں بار بار

٢٢ جس طرح تُو دُور ہے لوگوں سے مَیں بھی دُور ہوں          ہے نہیں کوئی بھی جو ہو میرے دل کا رازدار

٢٣ جن کو ہے انکار اس سے؛ سخت ناداں ہیں وہ لوگ          آدمی کیونکر کہیں؛ جب ان میں ہے حمقِ حمار

۲۴ جاوِدانی زندگی ہے موت کے اندر نہاں — گلشنِ دِلبر کی رَہ ہے وادیٔ غربت کے خار
۲۵ جس نے نفسِ دوں کو ہمت کرکے زیرِ پا کیا — چیز کیا ہیں اس کے آگے؛ رُستم واسفندیار
۲۶ جبکہ کہتے ہیں؛ کہ کاذب پھولتے پھلتے نہیں — پھر مجھے کہتے ہیں کاذب دیکھ کر میرے ثمار
۲۷ جاہلوں میں اس قدر کیوں بدگمانی بڑھ گئی — کچھ بُرے آئے ہیں دن؛ یا پڑ گئی لعنت کی مار
۲۸ جبکہ ہے امکانِ کذب وکج رَوی اخبار میں — پھر حماقت ہے؛ کہ رکھیں سب انہی پر انحصار
۲۹ جب کہ ہم نے نورِحق دیکھا ہے اپنی آنکھ سے — جبکہ خود وحیٔ خدا نے دی خبر یہ باربار
۳۰ جھانکتے تھے نور کو وہ روزنِ دیوار سے — لیک جب دَر کھُل گئے؛ پھر ہوگئے شپّرشعار
۳۱ جن میں آیا ہے مسیحِ وقت؛ وہ منکر ہوئے — مرگئے تھے اس تمنا میں؛ خواصِ ہر دیار
۳۲ جنگِ روحانی ہے اب اس خادم وشیطان کا — دل گھٹا جاتا ہے یارب! سخت ہے یہ کارزار
۳۳ جنگ یہ؛ بڑھ کر ہے جنگِ روسؔ اورجاپانؔ سے — مَیں غریب؛ اور ہے مقابل پر حریفِ نامدار
۳۴ جس قدر نقدِتعارف تھا؛ وہ کھوبیٹھے تمام — آہ! یہ کیا دل میں گذرا؛ ہوں مَیں اس سے دلفگار
۳۵ جس طرف دیکھیں: وہیں اِک دہریت کا جوش ہے — دِیں سے ٹھٹھا؛ اورنمازوں روزوں سے رکھتے ہیں عار
۳۶ جاہ و دولت سے یہ زہریلی ہوا پیدا ہوئی — موجبِ نخوت ہوئی رفعت کہ تھی اِک زہرِ مار

## دُرِّ عدن

۳۷ جاتے ہو میری جان! خدا حافظ و ناصر — اللہ نگہبان؛ خدا حافظ و ناصر
۳۸ جو تیرے عاشقِ صادق ہوں؛ فخرِ آلِ احمد ہوں — الٰہی! نسل سے میری تُو وہ انسان پیدا کر

## کلامِ طاہر

۳۹ جن کو نور کرگیا عطا؛ وہ خدا کا بے رِیا بشر — وہ فقیر؛ جس کی آنکھ میں، نورِ مصطفیٰؐ تھا جلوہ گر
۴۰ جیلوں میں رضائے باری کے جو گہنے پہنے بیٹھے ہیں — اُن راہِ خدا کے اَسیروں کی: اُن معصوموں کی باتیں کر
۴۱ جاتی ہو میری جان! خدا حافظ و ناصر — حافظ رہے سلطانؔ؛ خدا حافظ و ناصر
۴۲ جاتی ہو میری جان! خدا حافظ و ناصر — مولا ہو نگہبان؛ خدا حافظ و ناصر
۴۳ جلد بازار سے لے آتا تھا تازہ مچھلی — گرم بھاپ اُٹھتی تھی مچھلی سے نہایت مزیدار

۴۴ جن کو حاصل تھا تقرب؛ وہ ہیں اَب مَعتُوبِ دَہر
اور ہیں مَسنَد پہ بیٹھے؛ جو ہیں خَرّ اور خَر

۴۵ جب کہ ہر شے مِلک ہے تیری مِرے مولیٰ! تو پھر
جس سے تُو جاتا رہے؛ بتلا کہ وہ جائے کِدھر

۴۶ جو ہے رقیبوں سے تم کو اُلفت؛ تو دل میں پوشیدہ رکھو اس کو
مجھے ہو دیوانہ کیوں بناتے؛ بتابتا کر، جتاجتا کر

۴۷ جو کوئی ہے بِن بُلائے آیا: تو اس کو تم کیوں نکالتے ہو
ہیں ایسے لاکھوں کہ بزم میں ہو اُنھیں بِٹھاتے بُلا بُلا کر

۴۸ جُدائی ہم میں ہے کس نے ڈالی؛ خِضر تمھیں اس کا کچھ پتا ہے؟
وہ کون تھا جو کہ لے گیا دل ہے؛ مجھ سے آنکھیں مِلا مِلا کر

۴۹ جو مارنا ہے تو تیرِ مژگاں سے چھید ڈالو دل و جگر کو
نہ مجھ کو تڑپاؤ اَب زیادہ؛ تم آئے دن یُوں ستا ستا کر

۵۰ جو کوچۂ عشق کی خبر ہو؛ تو سب کریں ایسی بے حیائی
یہ اھلِ ظاہر، جو مجھ سے کہتے ہیں: کچھ تو اے بے حیا! حیا کر

۵۱ جو کوئی بھی ہے؛ وہ مجھ سے بَرسَرِ پَرخاش ہے
ہر کوئی ہوتا ہے آ کر: میری چھاتی پر سوار

۵۲ جس قَدر رَستہ میں روکیں ہیں؛ ہٹا دے وہ اُنھیں
جس قَدر حائل ہیں پَردے؛ اُن کو کر دے تار تار

۵۳ جب نظر میری پڑی ماضی پہ؛ دل خون ہُوا
جان بھی تَن سے مِری نکلی؛ پسینہ ہوکر

۵۴ جو اپنی جان سے بیزار ہو پہلے ہی؛ اے جاناں!
تمھیں کیا فائدہ ہوگا بھلا؛ اُس پر خفا ہوکر

۵۵ جس کی حیات اِک وَرقِ سوز و ساز تھی
جیتی تھی جو غِذائے تمنّائے یار پر

۵۶ جب مَر گئے؛ تو آئے ہمارے مزار پر
پتھر پڑیں صنم! تِرے ایسے پیار پر

# 'چ' سے 'ر'

## ('چ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **9** |
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ چرخ تک پہنچے ہیں؛ میرے نعرہ ہائے روز و شب ۔۔۔ پر نہیں پہنچی دِلوں تک، جاہلوں کے؛ یہ پکار
۲ چھُٹ گئے شیطاں سے جو تھے تیری الفت کے اَسیر ۔۔۔ جو ہوئے تیرے لئے بے برگ و بر پائی بہار
۳ چپ رہو تم دیکھ کر ان کے رسالوں میں سِتم ۔۔۔ دَم نہ مارو گر وہ ماریں؛ اور کر دیں حالِ زار
۴ چھوڑ کر فرقاںؔ کو؛ آثارِ مخالف پر جمے ۔۔۔ سر پہ مسلمؔ اور بخاریؔ کے دیا ناحق کا بار

### ﴿کلامِ محمود﴾

۵ چھوڑے جاتے ہیں مجھے ہوش و حَواس و عَقل کیوں ۔۔۔ کیوں نہیں باقی رہا دل پر مجھے کچھ اختیار
۶ چھوڑ دو رَنج و عَداوَت؛ ترک کر دو بُغض و کِیں ۔۔۔ پیار و اُلفَت کو کرو تم جان و دِل سے اِختیار
۷ چھوڑ دو غِیبت کی عادت بھی؛ کہ یہ اِک زہر ہے ۔۔۔ رُوحِ اِنسانی کو ڈَس جاتی ہے یہ مانندِ مار
۸ چاہیئے کوئی تو تقریب تَرَحُّم کیلئے ۔۔۔ مَیں نے کیا لینا ہے؛ اے دوستو! اچھا ہو کر
۹ چھ مارچ کو لیکھوؔ نے اُٹھایا لَنگَر ۔۔۔ دُنیا سے کیا کُوچ؛ سُوئے نارِ سَقَر

# 'ح' سے 'ر'

## ('ح' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 9 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 5 | دُرِّ ثمین | i |
| 4 | کلامِ محمود | ii |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ حریفوں کو لگے ہر سمت سے تیر — گرفتار آگئے؛ جیسے کہ نخچیر

۲ حد سے کیوں بڑھتے ہو لوگو! کچھ کرو خوفِ خدا — کیا نہیں تم دیکھتے نصرت خدا کی بار بار

۳ حسرتوں سے میرا دل پُر ہے؛ کیوں منکر ہو تم — یہ گھٹا اب جھوم جھوم آتی ہے دل پر بار بار

۴ حِلّت وحرمت کی کچھ پروا نہیں باقی رہی — ٹھونس کر مردار پیٹوں میں؛ نہیں لیتے ڈکار

۵ حشر جس کو کہتے ہیں؛ اِک دَم میں برپا ہو گیا — ہر طرف میں مرگ کی آواز تھی اور اضطرار

### ﴿کلامِ محمود﴾

۶ حقیقت کھول دی اُن پر ہماری — مگر تاریکیٔ دل سے ہیں مجبور

۷ حُسنِ ظاہر پہ نہ تو بھُول؛ کہ سو حسرت وغم — چھوڑ جائے گا؛ بس آخر یہ تماشا ہو کر

۸ حق نے محمودؔ ترا نام ہے رکھا محمودؔ — چاہیے تجھ کو چمکنا؛ یدِ بیضا ہو کر

۹ حاضِر نہ تھا وفات کے وَقت؛ اے مِرے خدا! — بھاری ہے یہ خیال؛ دلِ ریش وزار پر

# 'خ' سے 'ر'

('خ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **13** |
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | کلامِ محمود | 5 |

## دُرِّ ثمین

۱ خدا کا یہ تھا فضل اس مرد پر ہوا اس کی دردوں کا اِک چارہ گر

۲ خدا نے چار لڑکے اور یہ دختر عطاء کی؛ پس یہ احساں ہے سراسر

۳ خیرخواہی میں جہاں کی خوں کیا ہم نے جگر جنگ بھی تھی صلح کی نیت سے اور کیں سے فرار

۴ خیرگی سے بدگمانی اس قدر اچھی نہیں اِن دنوں میں؛ جبکہ ہے شورِ قیامت آشکار

۵ خاکساری کو ہماری دیکھ اے دانائے راز کام تیرا کام ہے؛ ہم ہوگئے اب بے قرار

۶ خون سے مُردوں کے کوہستان کے آبِ رواں سرخ ہوجائیں گے؛ جیسے ہو شرابِ انجبار

۷ خدا سے وہی لوگ کرتے ہیں پیار جو سب کچھ ہی کرتے ہیں اس پر نثار

۸ خوب کھُل جائے گا لوگوں پہ کہ دِیں کِس کا ہے دیں پاک کر دینے کا تِیرتھ کعبہؔ ہے یا ہردوار

## کلامِ محمود

۹ خوف سے تیرے رہے دِل پُرخطر پہنچے اِس کو اھلِ دنیا سے نہ شَر

۱۰ خدا نے ہم کو وہ جلوہ دِکھایا جو موسیٰؑ کو دِکھایا تھا؛ سرِ طور

۱۱ خُدا پہ اِلزامِ بے وَفائی؛ یہ بات محمودؔ پھر نہ کہیو ہُوا تجھے بندۂ خُدا کیا! خُدا خُدا کر؛ خُدا خُدا کر

۱۲ خِضَر بَن جائیں اُن کے واسطے ہم جو ہیں بھُولے ہوئے رَستہ کے رَہ گیِر

۱۳ خُدا شاہِد ہے اس کی راہ میں مَرنے کی خواہش میں مِرا ہر ذرّۂ تَن، جھُک رہا ہے؛ اِلتجا ہوکر

# 'د' سے 'ر'

## ('د' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **49** |
| i | دُرِّ ثمین | 34 |
| ii | کلامِ محمود | 15 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دیکھ سکتا ہی نہیں مَیں؛ ضعفِ دینِ مصطفیٰ
مجھ کو کر؛ اے میرے سلطاں! کامیاب وکامگار

۲ دِیں کے کاموں میں تو ان کے لڑکھڑاتے ہیں قدم
لیک دنیا کے لئے ہیں نوجوان وہوشیار

۳ دل میں جو ارماں تھے؛ وہ دل میں ہمارے رِہ گئے
دشمنِ جاں بَن گئے؛ جن پر نظر تھی باربار

۴ دُوربینِ معرفت سے؛ گند نکلا ہرطرف
اس وَبا نے کھالئے؛ ہرشاخِ ایماں کے ثمار

۵ دوستی بھی ہے عجب؛ جس سے ہوں، آخر دوستی
آ ملی اُلفت سے اُلفت؛ ہو کے دودِل پر سوار

۶ دیکھ لو میل و محبت میں؛ عجب تاثیر ہے
ایک دل کرتا ہے جھک کر؛ دوسرے دل کو شکار

۷ دیکھو اپنے دِیں کو؛ کِس کِس صدق سے دِکھلا گیا
وہ بہادر تھا؛ نہ رکھتا تھا کسی دشمن سے ڈر

۸ دکھائیں گے چولہ تمہیں کھول کر
کہ دو اس کا اُتّر ذرا بول کر

۹ دکھاؤ ذرا آج اس کا اثر
اگر صدق ہے؛ جلد دوڑو ادھر

۱۰ دل ہوا جاتا ہے ہر دَم بے قرار
کِس بیاباں میں نکالوں یہ بخار

۱۱ دن چڑھا ہے دشمنانِ دِیں کا؛ ہم پر رات ہے
اے میرے سورج! نکل باہر؛ کہ مَیں ہوں بےقرار

۱۲ دنیا میں جس قدر ہے مذاہب کا شوروشر
سب قِصّہ گو ہیں؛ نور نہیں ایک ذرّہ بھر

۱۳ دیکھو تو جا کے ان کے مقابر کو اِک نظر
سوچو! کہ اب سلف ہیں تمہارے گئے کدھر

۱۴ دوستی کا دَم جو بھرتے تھے؛ وہ سب دشمن ہوئے
پر نہ چھوڑا ساتھ تُو نے؛ اے میرے حاجت برار

۱۵ دعوتِ ہر ہرزہ گو کچھ خدمتِ آساں نہیں
ہر قدم میں کوہِ ماراں؛ ہر گزر میں دشتِ خار

۱۶ دشمنِ غافل اگر دیکھے وہ بازو وہ سلاح
ہوش ہو جائیں خطا؛ اور بھول جائے سب نقار

۱۷ دیکھ کر لوگوں کے کینے دل میرا خوں ہو گیا
قصد کرتے ہیں؛ کہ ہو پامال دُرِّ شاہوار

۱۸ دشمنو! ہم اس کی رَہ میں مر رہے ہیں ہر گھڑی
کیا کرو گے تم ہماری نیستی کا انتظار

۱۹ دِن بُرے آئے؛ اکٹھے ہو گئے قحط ووَبا
اب تلک توبہ نہیں؛ اب دیکھئے انجام کار

۲۰ دل جو خالی ہو گدازِ عشق سے؛ وہ دل ہے کیا
دل وہ ہے؛ جس کو نہیں بے دلبرِ یکتا قرار

۲۱ دِیں کو دے کر ہاتھ سے دنیا بھی آخر جاتی ہے
کوئی آسودہ نہیں بِن عاشق وشیدائے یار

۲۲ داغِ لعنت ہے؛ طلب کرنا زمیں کا عِزّ وجاہ
جس کا جی چاہے؛ کرے اس داغ سے وہ تَن فگار

۲۳ دیکھتا ہوں اپنے دل کو عرشِ ربّ العالمیں
قُرب اِتنا بڑھ گیا؛ جس سے ہے اُترا مجھ میں یار

۲۴ دیکھ لو! وہ ساری باتیں کیسی پوری ہو گئیں
جن کا ہونا تھا بعید اَز عقل وفہم وافتکار

۲۵ دیکھ کر لوگوں کا جوش وغیظ مت کچھ غم کرو
شدّتِ گرمی کا ہے محتاج بارانِ بہار

۲۶ دوش پر میرے وہ چادر ہے؛ کہ دی اس یار نے
پھر اگر قدرت ہے؛ اے منکر! تو یہ چادر اتار

۲۷ دل نکل جاتا ہے قابو سے؛ یہ مشکل سوچ کر
اے میری جاں کی پناہ! فوجِ ملائک کو اتار

۲۸ دوسرے منگل کے دن آیا تھا ایسا زلزلہ
جس سے اِک محشر کا عالَم تھا بصد شور وپکار

۲۹ دَب گئے نیچے پہاڑوں کے؛ کئی دیہات وشہر
مر گئے لاکھوں بشر؛ اور ہو گئے دنیا سے پار

۳۰ دیکھتے ہرگز نہیں قدرت کو اس ستّار کی
گو سناویں ان کو؛ وہ اپنی بجاتے ہیں ستار

۳۱ دھو دِیئے دل سے وہ سارے دیریں کے رنگ
پھول بَن کر ایک مدت تک ہوئے آخر کو خار

۳۲ دین وتقویٰ گُم ہوا جاتا ہے؛ یارب! رحم کر
بے بسی سے ہم پڑے ہیں؛ کیا کریں، کیا اختیار

۳۳ دعا کی تھی اُس نے؛ کہ اے کِردگار!
بتا مجھ کو رَہ اپنی؛ خود کر کے پیار

۳۴ دِیں تو اِک ناچیز ہے؛ دنیا ہے، جو کچھ چیز ہے
آنکھ میں ان کی؛ جو رکھتے ہیں زَر وعِزّ ووَقار

## کلامِ محمود

۳۵ دل کعبہ کو چلا میرا؛ بُت خانہ چھوڑ کر
زمزم کی ہے تلاش اسے؛ میخانہ چھوڑ کر

٣٦ دوستی کا دَم جو بھرتے تھے؛ وہ سب دُشمن ہوئے — اَب کسی پر تیرے بِن ؛ پڑتی نہیں میری نظر

٣٧ دِلوں کی ظُلمتوں کو دُور کردیں — ہماری بات میں ایسی ہو تاثیر

٣٨ دَشتِ غُربت میں ہوں تنہا رِہ گیا باحالِ زار — چھوڑکر مجھ کو؛ کہاں کو چَل دِیئے اَغیارویار

٣٩ دونوں ہاتھوں سے پکڑلو؛ دامنِ تقویٰ کو تم — ایک ساعت میں کرا دیتا ہے یہ دِیدارِیار

٤٠ دَرد میں لَذّت مِلے گی؛ دُکھ میں پاؤ گے سُرور — بے قراری بھی اگر ہوگی؛ تو آئے گا قرار

٤١ دیتے تھے تم جس کی خبر؛ بندھتی تھی جس سے یاں کمر — مِٹ جائے گا سب شوروشَر؛ موت آئے گی شیطان پر

٤٢ دَرد سے ذِکر ہُوا پیدا؛ ہُوا ذِکر سے جَذب — میری بیماری لگی مجھ کو؛ مسیحا ہوکر

٤٣ دِل کو گھبرا نہ سکے؛ لشکرِ اَفکاروہَموم — بارک اللہ! لڑا خُوب ہی تنہا ہوکر

٤٤ داغِ بَدنامی اُٹھائے گا؛ جو حق کی خاطر — آسماں پر وہی چمکے گا؛ سِتارا ہوکر

٤٥ دِل کی اُمّیدیں؛ دِل ہی میں سب دَفن ہوگئیں — پائے اُمّید ثبت رہا؛ اِنتظار پر

٤٦ دیو داروں کی ہر طرف تھی قطار — یاد کرتا تھا دیکھ کر قدِ یار

٤٧ دُور رہنا اپنے عاشق سے؛ نہیں دیتا ہے زیب — آسماں پر بیٹھ کر؛ تُو یُوں مجھے دیکھا نہ کر

٤٨ دِل دے رہا ہوں آپ کو؛ لیتے تو جائیے! — کیوں جا رہے ہیں آپ؛ یہ نذرانہ چھوڑکر

٤٩ دیکھا؛ تو ہراِک جام میں تھا زہرِ ہلاہل — ہم آئے تھے اِس دُنیا کو مَے خانہ سمجھ کر

# 'ڈ' سے 'ر'

## ('ڈ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ ڈوبنے کو ہے یہ کشتی؛ آ میرے اے ناخدا — آ گیا اس قوم پر وقتِ خزاں اندر بہار

# 'ر' سے 'ر'

## ('ر' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 12 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 3 |

### دُرِّ ثمین

۱ روشنی سے بُغض؛ اور ظلمت پہ وہ قربان ہیں — ایسے بھی شپّر نہ ہوں گے؛ گرچہ تم ڈھونڈو ہزار

۲ روشنی میں مہرِ تاباں کی بھلا کیا فرق ہو — گرچہ نکلے رُومؔ کی سرحد سے؛ یا اَزْ زنگبار

۳ راگ وہ گاتے ہیں؛ جس کو آسماں گاتا نہیں — وہ ارادے ہیں؛ کہ جو ہیں برخلافِ شہریار

۴ رنگِ تقویٰ سے کوئی رنگت نہیں ہے خوب تر — ہے یہی ایماں کا زیور؛ ہے یہی دِیں کا سنگار

۵ روزۂ آدم؛ کہ تھا وہ نامکمل اب تلک — میرے آنے سے؛ ہوا کامل بجملہ برگ و بار

۶ رات جو رکھتے تھے پوشاکیں؛ برنگِ یاسمن — صبح کردے گی انہیں؛ مثلِ درختانِ چنار

### دُرِّ عدن

۷ رکھا آنکھ میں مثلِ نورِنظر پلایا تمہیں اپنا خونِ جگر

۸ روتے ہیں خُلد میں عمؔر و عاصؔ زار زار — خالدؔ کی روح جوش میں آتی ہے بار بار

### کلامِ طاہر

۹ ربِّ جلیل کی؛ ترا دِل، جلوہ گاہ ہے — سینہ تِرا؛ جمالِ الٰہی کا مُستقر

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۰ رِہ گیا سایہ سے محروم؛ ہوا بے برکت سَرو نے کیا لیا؛ احباب سے اونچا ہوکر

۱۱ رحم کرتا ہے ہمیشہ ہی وہ ہم بندوں پر کرسیٔ عدل پہ بیٹھے گا جو روزِ محشر

۱۲ رہا الگ وہ ہمارا یُوسُف؛ یُونہی عَبَث میں گنوائیں آنکھیں ہیں؛ نہ اُس کا دامن بھی چھُو سکے ہم اَشکِ خونیں بہا بہا کر

# 'ز' سے 'ر'

## ('ز' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زہر کے پینے سے کیا انجام؛ بجزموت وفنا بدگمانی زہر ہے؛ اس سے بچو، اے دِیں شعار!

۲ زور سے جھٹکے اگر کھاوے زمیں؛ کچھ غم نہیں پر کسی ڈھب سے تزلزل سے ہو مِلّت رستگار

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ زُباں مَرہَم بنے؛ پیاروں کے حق میں مگر اَعداء کو کاٹے؛ مِثلِ شَمشیر

۴ زرد ہے چہرہ تو آنکھیں گھُس گئیں حلقوں میں ہیں جِسم میرا ہوگیا ہے خُشک ہوکر مِثلِ خار

# 'ذ' سے 'ر'

## ('ذ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ذرّہ ذرّہ میں نظر آتی ہیں؛ اُس کی طاقتیں — ہَر مَکان وہَر زماں ہیں؛ جلوہ گاہِ حُسنِ یار

۲ ذِلّت ونکبَت وخواری ہوئی مُسلم کے نَصیب — دیکھئے اور اَبھی رہتا ہے کیاکیا ہوکر

۳ ذرّہ ذرّہ ہے جہاں کا؛ تابِع فرمانِ حق — تم ترقی چاہتے ہو؛ تو بنو اس کے اَسیر

# 'س' سے 'ر'

## ('س' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 30 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 17 |
| ii | دُرِّعدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 10 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ سر سے میرے پاؤں تک؛ وہ یار مجھ میں ہے نہاں    اے میرے بدخواہ! کرنا ہوش کر کے؛ مجھ پہ وار
۲ سر پہ اِک سورج چمکتا ہے؛ مگر آنکھیں ہیں بند    مرتے ہیں بِن آب وہ؛ اور دَر پہ نہرِ خوشگوار
۳ سایہ بھی ہوجائے ہے؛ اوقاتِ ظلمت میں جدا    پر رہا وہ ہر اَندھیرے میں: رفیق و غمگسار
۴ ساٹھ سے ہیں کچھ برس میرے زیادہ اس گھڑی    سال ہے اب تیئیسواں دعویٰ پہ؛ اَز رُوئے شمار
۵ سارے منصوبے جو تھے میری تباہی کیلئے    کر دِیئے اُس نے تبہ؛ جیسے کہ ہو گرد و غُبار
۶ سوچ کر دیکھو! کہ کیا یہ آدمی کا کام ہے    کوئی بتلائے نظیر اس کی؛ اگر کرنا ہے وار
۷ سر کو پیٹو؛ آسماں سے اب کوئی آتا نہیں    عُمرِ دنیا سے بھی اب ہے آ گیا ہفتم ہزار
۸ سب نشاں بے کاران کے بُغض کے آگے ہوئے    ہو گیا تیرِ تعصّب ان کے دل میں وار پار
۹ سرزمینِ ہند میں ایسی ہے شہرت مجھ کو دی    جیسے ہووے برق کا اِک دَم میں ہر جا اِنتشار
۱۰ سخت جاں ہیں ہم؛ کسی کے بُغض کی پروا نہیں    دل قَوِی رکھتے ہیں ہم؛ دَردوں کی ہے ہمکو سہار
۱۱ سنت اللہ ہے؛ کہ وہ خود فرق کو دِکھلائے ہے    تا عیاں ہو کون پاک؛ اور کون ہے مُردار خوار
۱۲ سوچ لو؛ اے سوچنے والو! کہ اب بھی وقت ہے    راہِ حِرماں چھوڑ دو؛ رحمت کے ہو امّید وار
۱۳ سوچ لو! یہ ہاتھ کس کا تھا؛ کہ میرے ساتھ تھا    کِس کے فرماں سے مَیں مقصد پا گیا؛ اور تم ہو خوار
۱۴ سب پیاسوں سے نِکوتر؛ تیرے منہ کی ہے پیاس    جس کا دل اس سے ہے بریاں؛ پا گیا وہ آبشار
۱۵ سو چڑھے سورج؛ نہیں بِن رُوئے دلبر روشنی    یہ جہاں؛ بے وَصلِ دِلبر ہے شبِ تاریک و تار
۱۶ سخت ماتَم کے وہ دِن ہوں گے؛ مصیبت کی گھڑی    لیک وہ دِن؛ ہوں گے نیکوں کیلئے شیریں ثمار
۱۷ سوچو دُعاء فاتحہ کو پڑھ کے باربار    کرتی ہے یہ تمام حقیقت کو آشکار

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۸ سرپاک ہو اغیار سے؛ دل پاک، نظر پاک    اے بندۂ سبحان؛ خدا حافظ و ناصر
۱۹ سلام اس پہ؛ جس شاخ کا ہوں ثمر    بڑا حق ہے جس کا میری ذات پر

### ﴾کلامِ طاہر﴿

۲۰ سلطاںؐ کی ملکہ بنو؛ سلطاںؐ تمہارا    سرتاج ہو ہر آن؛ خدا حافظ و ناصر

### ﴾کلامِ محمود﴿

۲۱ سب جو آپس میں ہیں؛ یوں ہو رہے شِیر وشَکّر    اِس لئے ہے؛ کہ نظر سب پہ ہے اُن کی یکسَر

۲۲ سوچتا رہتا ہوں کیا دِل میں مجھے کیا فِکر ہے    جُستجو میں کِس کی چِلّاتا ہوں مَیں دیوانہ وار

۲۳ سَرنِگوں ہوں مَیں؛ مِثالِ سایۂ دیوار کیوں    پُشت کیوں خَم ہے؛ ہوا ہوں اِس قدر کیوں زیرِبار

۲۴ سَرو بھی ہیں سَرو قد رہتے اُسی کے سامنے    قُمریاں بھی ہیں محبت میں اُسی کی؛ بے قَرار

۲۵ سب حسینانِ جہاں؛ اُس کے مُقابل ہیچ ہیں    ساری دُنیا سے نِرالا ہے؛ وہ میرا شہریار

۲۶ ساری دُنیا میں کرو تم مُشتہِر اُس کی کتاب    تا کہ ہوں بیدار وہ بندے؛ جو ہیں غفلت شِعار

۲۷ سَنگ باری سے بھی ان کو کچھ نہ ہوگا اِجتناب    بے جھجک دِکھلائیں گے وہ؛ تم کو تیغِ آب دار

۲۸ سَرنِگوں ہوجائیں گے؛ دُشمن تمہارے سامنے    مُلتجی ہوں گے برائے عَفو وہ؛ باحالِ زار

۲۹ سچ ہے؛ کہ فَرق دوزخ وجنّت میں ہے خَفیف    پائی نَجات دام سے؛ اِک دانہ چھوڑکر

۳۰ سایۂ کُفّار سے رکھیو مجھے باہر ہمیش    اے مِرے قُدّوس! اے میرے مَلیکِ بحروبَر

# 'ش' سے 'ر'

## ('ش' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ شرط تقویٰ تھی؛ کہ وہ کرتے نظر اُس وقت پر — شرط یہ بھی تھی؛ کہ کرتے صبر کچھ دن اور قرار
۲ شُکر لِلّٰــــــــہ میری بھی آہیں نہیں خالی گئیں — کچھ بنیں طاعوں کی صورت کچھ زلازل کے بخار

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ شوق ہو دِل میں اگر کوئی؛ تو اُس کی دِید کا — کان میں کوئی صَدا آئے نہ؛ جز گفتارِ یار

# 'ص' سے 'ر'

## ('ص' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **10** |
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ صد حیف! اس زمانہ میں قِصّوں پہ ہے مدار — قِصّوں پہ سارادِیں کی سچائی کا انحصار
۲ صدق سے میری طرف آؤ! اِسی میں خیر ہے — ہیں درندے ہر طرف؛ مَیں عافیت کا ہوں حصار
۳ صد ہزاراں آفتیں نازل ہوئیں اسلام پر — ہوگئے شیطاں کے چیلے؛ گردنِ دِیں پر سوار
۴ صاف دل کو کثرتِ اعجاز کی حاجت نہیں — اِک نشاں کافی ہے؛ گر دل میں ہے خوفِ کردگار
۵ صدق کو جب پایا اصحابِؓ رسول اللہؐ نے — اس پہ مال وجان وتَن بڑھ بڑھ کے کرتے تھے نثار
۶ صیدِ طاعوں مَت بنو؛ پورے بنو تُم متّقی — یہ جو ایماں ہے زباں کا؛ کچھ نہیں آتا بکار
۷ صوفیا! اب ہیچ ہے تیری طرح تیری تراہ — آسماں سے آگئی میری شہادت بار بار

﴾کلامِ محمود﴿

۸ صبح اپنی دانہ چیں ہے؛ شام اپنی ملک گیر ہاں بڑھائے جا قدم؛ سُستی نہ کر؛ اے ہم صفیر!

۹ صحبتِ عیش وطَرَب اس کونہیں ہوتی نصیب دَردوغم، رَنج واَلم؛ یاس وقلَق سے ہے دوچار

۱۰ صفحۂ دِل سے مٹایا؛ کیوں مجھے احباب نے کیوں مرے دُشمن ہوئے کیوں مجھ سے ہے کِین ونقار

# 'ط' سے 'ر'

## ('ط' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ طُرفہ کیفیت ہے ان لوگوں کی؛ جومنکر ہوئے یوں تو ہردَم مشغلہ ہے گالیاں لیل ونہار

﴾کلامِ محمود﴿

۲ طالبِ دُنیا نہیں ہوں؛ طالبِ دِیدار ہوں تب جگر ٹھنڈا ہو؛ جب دیکھوں رُخِ تابانِ یار

# 'ظ' سے 'ر'

## ('ظ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ طاھر | 1 |

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۱ ظالم بَد بخت کا نام نہ لے بس مظلوموں کی باتیں کر — حاکم کا ذکر نہ چھیڑ؛ آزُردہ محکوموں کی باتیں کر

# 'ع' سے 'ر'

## ('ع' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 9 |
|---|---|---|
| i | دُرّ ثمین | 4 |
| ii | کلام محمود | 5 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ عزت و ذلّت؛ یہ تیرے حکم پر موقوف ہے — تیرے فرماں سے خزاں آتی ہے اور بادِ بہار

۲ عقل پر پردے پڑے سو سو نشاں کو دیکھ کر — نور سے ہو کر الگ چاہا کہ ہوویں اھلِ نار

۳ عاشقی کی ہے علامت گریہ و دامانِ دشت — کیا مبارک آنکھ جو تیرے لئے ہو اَشکبار

۴ عشق ہے جس سے ہوں طے یہ سارے جنگل پُرخطر — عشق ہے جو سر جھُکا دے زیرِ تیغِ آبدار

## ﴾کلامِ محمود﴿

۵ عِلمِ کامِل کا وہ مالِک؛ اور مَیں محرومِ عِلم — وہ سراسرنُور ہے؛ لیکن ہُوں مَیں تاریک وتار

۶ عِزّت اَفزائی ہے میری؛ گر کوئی اِرشاد ہو — فخر ہے میرا؛ جو پاؤں رُتبۂ خِدمت گزار

۷ عشق میں اس کے؛ نہ ہو کوئی مِلَونی جھُوٹ کی — جو زباں پر ہو؛ وہی اَعمال سے ہو آشکار

۸ علاجِ عاشِقِ مُضطَر نہیں ہے کوئی دنیا میں — اُسے ہوگی اگر راحت مُیَسَّر؛ تو فَنا ہو کر

۹ عکس تیرا چاند میں گر دیکھ لُوں؛ کیا عَیب ہے — اِس طرح تُو چاند سے؛ اے میری جاں! پردہ نہ کر

# 'غ' سے 'ر'

## ('غ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **9** |
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ غرض جوشِ اُلفت سے مجذوب وار — یہ نانک نے چولہ بنایا شِعار

۲ غریقوں کو کرے اِک دَم میں تُو پار — جو ہو نومید تجھ سے؛ ہے وہ مُردار

۳ غرض پَند و نصیحت ہے نہ کچھ اور — خدا کے واسطے! تم خود کرو غور

۴ غیر کیا جانے؛ کہ دِلبر سے ہمیں کیا جوڑ ہے — وہ ہمارا ہوگیا؛ اُس کے ہوئے ہم جانثار

۵ غُل مچاتے ہیں؛ کہ یہ کافر ہے، اور دجّال ہے — مَیں تو خود رکھتا ہوں؛ ان کے دِیں سے اور ایماں سے عار

۶ غُل مچاتے ہیں؛ کہ یہ کافر ہے، اور دجّال ہے — پاک کو ناپاک سمجھے؛ ہوگئے مُردارخوار

۷ غیر ہوکر، غیر پر مرنا؛ کسی کو کیا غرض — کون دیوانہ بنے اس راہ میں لیل ونہار

### ﴿کلامِ محمود﴾

۸ غیرتِ دِینی ہو اِس میں اِس قدر — واسطے دِیں کے ہو یہ سینہ سِپر

۹ غیر ممکن ہے؛ کہ تُو مائِدۂ سُلطاں پر — کھاسکے خوانِ ہدایت؛ سگِ دُنیا ہوکر

# 'ف' سے 'ر'

## ('ف' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **6** |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ فانیوں کی جاہ وحشمت پر بلا آوے ہزار
سلطنت تیری ہے؛ جو رہتی ہے دائم برقرار

۲ فاسقوں اور فاجروں پر وہ گھڑی دُشوار ہے
جس سے قیمہ بن کے پھر دیکھیں گے قیمہ کا بگھار

۳ فضل کے ہاتھوں سے اب اس وقت کر میری مدد
کشتیٔ اسلام تا ہو جائے اس طوفاں سے پار

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴ فضلِ خُدا سے ہم کو مِلی ہے یہ سلطنت
جو نفع دینے والی ہے؛ اور ہے بھی بے ضَرَر

۵ فراقِ جاناں نے دِل کو دوزخ بنا دِیا ہے جلا جلا کر
یہ آگ بُجھتی نہیں ہے مجھ سے؛ مَیں تھک گیا ہوں بُجھا بُجھا کر

۶ فراقِ جاناں میں ساتھ چھوڑا؛ ہر ایک چھوٹے بڑے نے میرا
تھی دِل پہ اُمید، سو اُسے بھی؛ وہ لے گیا ہے لُبھا لُبھا کر

# 'ق' سے 'ر'

(' ق ' سے شروع ہوکر ' ر ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 11 |
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

## دُرِّ ثمین

۱ قتل کی ٹھانی شریروں نے چلائے تیرِ مکر     بن گئے شیطاں کے چیلے؛ اور نسلِ ہونہار

۲ قوم کی بدقسمتی اس سرکشی سے کھُل گئی     پر وہی ہوتا ہے؛ جو تقدیر سے پایا قرار

۳ قوم میں ایسے بھی پاتا ہوں؛ جو ہیں دنیا کے کِرم     مقصد ان کی زیست کا ہے شہوت و خمر و قمار

۴ قدرتِ رحمان ومکرِ آدمی میں فرق ہے     جو نہ سمجھے وہ غبی ازفرق تا پا ہے حمار

۵ قدرتِ حق ہے؛ کہ تم بھی میرے دشمن ہوگئے     یا محبت کے وہ دِن تھے یا ہوا ایسا نقار

۶ قبضۂ تقدیر میں دل ہیں اگر چاہے خدا     پھیر دے میری طرف آجائیں پھر بے اختیار

۷ قوم میں فسق وفجورومعصیت کا زور ہے     چھا رہا ہے ابرِ یاس اور رات ہے تاریک وتار

۸ قوم کے لوگو! ادھر آؤ؛ کہ نکلا آفتاب     وادیٔ ظلمت میں کیا بیٹھے ہو تم لیل ونہار

## کلامِ طاہر

۹ قبلہ بھی تو ہے؛ قبلہ نما بھی تیرا وجود     شانِ خدا ہے، تیری اداؤں میں جلوہ گر

## کلامِ محمود

۱۰ قومِ انگلش! تیری ہر فِرقے پہ ہے ایک نظر     اس لئے تجھ پہ ہمیں ناز ہے سب سے بڑھ کر

۱۱ قلبِ عاصی جو بدل جائے؛ تو کیوں پاک نہ ہو     مَے اگر طیّب وصافی بنے سِرکہ ہوکر

# 'ک' سے 'ر'

## ('ک' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 86 | تعداد کُل اشعار | |
| 59 | دُرِّ ثمین | i |
| 1 | دُرِّ عدن | ii |
| 26 | کلامِ محمود | iii |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ کیوں بھولتے ہو تم یضع الحرب کی خبر ۔ کیا یہ نہیں بخاری میں؛ دیکھو تو کھول کر

٢ کبھی باپ کی جب کہ پڑتی نظر ۔ وہ کہتا: اے میرے پیارے پِسر

٣ کہاں ہیں؛ جو ہوتے ہیں اُس پر نثار ۔ جھکاتے ہیں سر اپنے کو؛ کرکے پیار

٤ کلام اللہ کو پڑھتی ہے فرفر ۔ خدا کا فضل اور رحمت سراسر

٥ کریما! دُور کر تُو ان سے ہر شر ۔ رحیما! نیک کر اور پھر معمّر

٦ کام جو کرتے ہیں تیری رَہ میں پاتے ہیں جزا ۔ مجھ سے کیا دیکھا؛ کہ یہ لُطف وکرم ہے بار بار

٧ کِرمِ خاکی ہوں میرے پیارے! نہ آدم زاد ہوں ۔ ہوں بشر کی جائے نفرت؛ اور انسانوں کی عار

٨ کیا وہ سارے مرحلے طے کرچکے تھے علم کے ۔ کیا نہ تھی آنکھوں کے آگے کوئی رَہ تاریک وتار

٩ کس کے آگے ہم کہیں اس دَردِ دِل کا ماجرا ۔ اُن کو ہے مِلنے سے نفرت؛ بات سننا درکِنار

١٠ کیا کروں کیونکر کروں مَیں اپنی جاں زیروزبر ۔ کس طرح میری طرف دیکھیں؛ جو رکھتے ہیں نقار

١١ کچھ خبر لے؛ تیرے کوچہ میں یہ کس کا شور ہے ۔ خاک میں ہوگا یہ سر؛ گر تُو نہ آیا بَن کے یار

١٢ کیا سُلائے گا مجھے تُو خاک میں قبل اَز مُراد ۔ یہ تو تیرے پر نہیں اُمّید؛ اے میرے حِصار

۱۳ کس طرح نپٹیں؛ کوئی تدبیر کچھ بنتی نہیں — بے طرح پھیلی ہیں یہ آفات ہرسُو ہرکنار
۱۴ کیا کہوں دنیا کے لوگوں کی؛ کہ کیسے سو گئے — کس قدر ہے حق سے نفرت؛ اور ناحق سے پیار
۱۵ کیا خدا نے اتقیاء کی عون ونصرت چھوڑ دی — ایک فاسق اور کافر سے وہ کیوں کرتا ہے پیار
۱۶ کیا بدلتا ہے وہ اب اس سنت و قانون کو — جس کا تھا پابند وہ؛ اَزابتدائے روزگار
۱۷ کیا خدا بھولا رہا؛ تم کو حقیقت مِل گئی — کیا رہا وہ بیخبر؛ اور تم نے دیکھا حالِ زار
۱۸ کانٹے اپنی راہ میں بوتے ہیں ایسے بدگُماں — جن کی عادت میں نہیں شرم وشکیب واصطبار
۱۹ کہتے ہیں تثلیث کو اب اہلِ دانش الوداع — پھر ہوئے ہیں چشمۂ توحید پر اَزجاں نثار
۲۰ کون روتا ہے؛ کہ جس سے آسماں بھی رو پڑا — مہرومہہ کی آنکھ غم سے ہوگئی تاریک وتار
۲۱ کیا کروں تعریف حُسنِ یار کی اور کیا لکھوں — اِک ادا سے ہوگیا میں سیلِ نفسِ دُوں سے پار
۲۲ کیا تماشا ہے؛ کہ مَیں کافر ہوں، تم مومن ہوئے — پھر بھی اس کافر کا حامی ہے وہ مقبولوں کا یار
۲۳ کیا اچنبھی بات ہے کافر کی کرتا ہے مدد — وہ خدا؛ جو چاہیئے تھا مومنوں کا دوستدار
۲۴ کیوں نہیں تم سوچتے کیسے ہیں یہ پردے پڑے — دل میں اُٹھتا ہے میرے رِہ رِہ کے اب سوسو بخار
۲۵ کچھ نہ تھی حاجت تمہاری؛ نے تمہارے مکر کی — خود مجھے نابود کرتا؛ وہ جہاں کا شہریار
۲۶ کیا قسم کھائی ہے یا کچھ پیچ قسمت میں پڑا — روزِروشن چھوڑکر ہیں عاشقِ شبہائے تار
۲۷ کیا بگاڑا اپنے مکروں سے ہمارا آج تک — اژدھا بَن بَن کے آئے؛ ہوگئے پھر سُو سمار
۲۸ کیا مجھے تم چھوڑتے ہو؛ جاہِ دنیا کیلئے — جاہِ دنیا کب تلک؛ دنیا ہے خودناپائیدار
۲۹ کون دَرپردہ مجھے دیتا ہے ہرمیداں میں فتح — کون ہے جو تم کو ہردَم کر رہا ہے شرمسار
۳۰ کوئی بھی واقف نہ تھا مجھ سے؛ نہ میرا مُعتقد — لیکن اب دیکھو! کہ چرچا کس قدر ہے ہرکنار
۳۱ کھول کر دیکھو براہیںؔ؛ جو کہ ہے میری کتاب — اس میں ہے یہ پیشگوئی؛ پڑھ لو اس کو ایک بار
۳۲ کون تھا جس کی تمنا یہ نہ تھی اِک جوش سے — کون تھا جس کو نہ تھا اُس آنیوالے سے پیار
۳۳ کون ہے جس کے عمل ہوں پاک بے انوارِ عشق — کون کرتا ہے وفا؛ بن اُس کے جس کا دل فگار
۳۴ کون چھوڑے خوابِ شیریں کون چھوڑے اکل وشرب — کون لے خارِمغیلاں چھوڑکر پھولوں کے ہار

۳۵ کام کیا عزت سے ہم کو شہرتوں سے کیا غرض
گر وہ ذلّت سے ہو راضی؛ اُس پہ سو عزت نثار

۳۶ کوئی رَہ نزدیک تر راہِ محبت سے نہیں
طے کریں اس راہ سے سالک ہزاروں دشتِ خار

۳۷ کیا یہی اسلام کا ہے دوسرے دِینوں پہ فخر
کردیا قِصّوں پہ سارا ختم دِیں کا کاروبار

۳۸ کس طرح کے تم بشر ہو؛ دیکھتے ہو صد نشاں
پھر وہی ضِدّ و تعصّب اور وہی کِین و نقار

۳۹ کام دِکھلائے جو تُو نے میری نصرت کیلئے
پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے ہر زماں وہ کاروبار

۴۰ کس طرح تُو نے سچائی کو میری ثابت کیا
مَیں تیرے قرباں میری جاں تیرے کاموں پر نثار

۴۱ کہتے ہیں یورپ کے ناداں؛ یہ نبی کامل نہیں
وحشیوں میں دِیں کو پھیلانا؛ یہ کیا مشکل تھا کار

۴۲ کیا تمہاری آنکھ سب کچھ دیکھ کر اندھی ہوئی
کچھ تو اس دن سے ڈرو یارو! کہ ہے روزِ شمار

۴۳ کچھ تو سمجھیں بات کو یہ؛ دل میں ارماں ہی رہا
واہ رے شیطاں! عجب ان کو کیا اپنا شکار

۴۴ کام جو دکھلائے اس خلاّق نے میرے لئے
کیا وہ کر سکتا ہے جو ہو مفتری شیطاں کا یار

۴۵ کشتیٔ اسلام بے لُطفِ خدا اب غرق ہے
اے جنوں! کچھ کام کر؛ بیکار ہیں عقلوں کے وار

۴۶ کیسے ہی وہ سخت دل ہوں؛ ہم نہیں ہیں نااُمّید
آیت لَا تَيْـئَسُوا رکھتی ہے دل کو استوار

۴۷ کچھ تو سوچو ہوش کر کے؛ کیا یہ معمولی ہے بات
جس کا چرچا کر رہا ہے ہر بشر اور ہر دیار

۴۸ کیسے پتھر پڑ گئے ہے ہے تمہاری عقل پر
دِیں ہے منہ میں گرگ کے تم گرگ کے خود پاسدار

۴۹ کون سی آنکھیں؛ جو اس کو دیکھ کر روتی نہیں
کون سے دل ہیں؛ جو اس غم سے نہیں ہیں بیقرار

۵۰ کھا رہا ہے دِیں طمانچے ہاتھ سے قوموں کے آج
اِک تزلزل میں پڑا اسلام کا عالی منار

۵۱ کیوں کریں گے وہ مدد؛ ان کو مدد سے کیا غرض
ہم تو کافر ہو چکے؛ ان کی نظر میں بار بار

۵۲ کہتے ہیں لوگوں کو ہم بھی زبدۃ الابرار ہیں
پڑتی ہے ہم پر بھی کچھ کچھ وحیٔ رحماں کی پھُوہار

۵۳ کچھ ہی ہو؛ پر وہ نہیں رکھتا زمانہ میں نظیر
فوقِ عادت ہے؛ کہ سمجھا جائے گا روزِ شمار

۵۴ کب یہ ہوگا؟ یہ خدا کو علم ہے؛ پر اس قدر
دی خبر مجھ کو؛ کہ وہ دِن ہوں گے ایّامِ بہار

۵۵ کیوں نہیں ڈرتے خدا سے؛ کیسے دل اَندھے ہوئے
بے خدا ہرگز نہیں بدقسمتو! کوئی سہار

۵۶ کہا کہ آئی ہے نیند مجھ کو؛ یہی تھا آخر کا قول لیکن
کچھ ایسے سوئے، کہ پھر نہ جاگے؛
تھکے بھی ہم پھر جگا جگا کر

۵۷ کیوں بڑھ گئے زمیں پہ بُرے کام اِس قدر
کیوں ہوگئے عزیزو! یہ سب لوگ کوروکرّ

۵۸ کس طرح تیرا کروں؛ اے ذوالمنن! شکروسپاس
وہ زباں لاؤں کہاں سے؛ جس سے ہو یہ کاروبار

۵۹ کیوں عجب کرتے ہو؛ گر مَیں آ گیا ہوکر مسیح
خود مسیحائی کا دَم بھرتی ہے؛ یہ بادِ بہار

## دُرِّ عدن

۶۰ کفر کے ہاتھوں سے پا سکتے نہیں جائے مفر
نرغۂ بدباطناں سے بڑھ رہا ہے شوروشر
کیوں نہ ہو ہراہلِ دل کا دیکھ کر زخمی جگر

## کلامِ محمود

۶۱ کام دیتی ہے عصا کا آیتِ لَاتَقْنَطُوْا
وَرنہ عِصیاں نے تو میری توڑ ڈالی ہے کمر

۶۲ کوئی وہ دِن تھا؛ کہ پاس اپنے وہ تھے بٹھاتے بُلا بُلا کر
نکالتے ہیں مگر وہاں سے دھتا مجھے اب بتا بتا کر

۶۳ کبھی جو تعریف کیجئے تو؛ وہ کہتے ہیں یوں بگڑ بگڑ کر
مِزاج میرا بِگاڑتے ہیں؛ بنابنا کر، بنابنا کر

۶۴ کیا سبب مَیں ہوگیا ہوں اس طرح زارونزار
کِس مصیبت نے بنایا ہے مجھے نَقشِ جِدار

۶۵ کیوں پھٹا جاتا ہے سینہ جَیبِ عاشِق کی مِثال
روز وشَب صبح ومَسا رہتا ہوں مَیں کیوں دِلفگار

۶۶ کیوں تسلی اِس دِلِ بے تاب کو ہوتی نہیں
کیا سبب اِس کا؛ کہ رہتا ہے یہ ہردَم بےقرار

۶۷ کیا سبب جو خون ہوکر بہہ گیا میرا جگر
بھید کیا ہے میری آنکھیں جو رَواں ہیں سَیل وار

۶۸ کون ہے صَیّاد میرا؛ کِس کے پھندے میں ہوں مَیں
کس کی اُفسونی نِگاہ نے کرلیا مجھ کو شکار

۶۹ کیوں مَیں میدانِ تفکّر میں بَرہنہ پا ہوا
کیوں چلے آتے ہیں دوڑے میری پابوسی کو خار

۷۰ کچھ خبر بھی ہے تمھیں؛ مجھ سے یہ سب کچھ کیوں ہوا
کیوں ہوئے اتنے مصائب مجھ سے آکر ہمکِنار

۷۱ کیا قصور ایسا ہوا؛ جس سے ہوا مَعتوب مَیں
کیا کیا جس پر ہوئے چاروں طرف سے مجھ پہ وار

۷۲ کِس کی فُرقت میں ہُوا ہوں رَنج وغم سے ہمکِنار
ہِجر میں کِس کی تڑپتا رہتا ہوں لیل ونہار

۷۳ کِس کے لَعلِ لَب نے چھینا سب شکیب واِصطِبار
کِس کی دُزدِیدہ نگاہ نے لے لیا میرا قرار

۷۴ کِس کے نازوں نے بنایا ہے مجھے اپنا شکار
کس کے غمزہ نے کیا ہے مِثلِ باراں اَشکبار

۷۵ کہتے ہیں بہرِ خریدِ یُوسفِ فرخندہ فال
ایک بڑھیا آئی تھی باحالتِ زارونزار

۷۶ کور ہیں آنکھیں جنھوں نے شکل وہ دیکھی نہیں
گوش کر ہیں؛ جو نہیں سُنتے کبھی گُفتارِ یار

۷۷ کیوں چل دِیا ہے شمع کو پروانہ چھوڑکر
جاتا ہے کوئی یُوں کبھی کاشانہ چھوڑکر

۷۸ کثرتِ آثام سے ہے خَم ہوئی میری کَمر
اب یہی اس کا مداوا ہے؛ کہ کریں دَرگُذر

۷۹ کھول کر قرآں؛ پڑھو اس کے کلامِ پاک کو
دل کے آئینہ پہ تم اِک کھینچ لو تصویرِ یار

۸۰ کِبر کی عادت بھُلاؤ؛ اِنکساری سیکھ لو
جہل کی عادت کو چھوڑو؛ عِلم کرلو اختیار

۸۱ کہتے ہیں پیاروں کو جو کچھ ہو؛ وہ آتا ہے پسند
اِس لیے جو کوئی اُس کا ہو؛ کروتم اُس سے پیار

۸۲ کیوں غلامی کروں شیطاں کی؛ خُدا کا ہوکر
اپنے ہاتھوں سے بُرا کیوں بنوں؛ اچھا ہوکر

۸۳ کہاں ہیں مانؔی وبہزادؔ؛ دیکھیں فَنِ احمد کو
دِکھایا کیسی خوبی سے مثیلِ مصطفٰیؐ ہوکر

۸۴ کر رحم اے رحیم! مِرے حالِ زار پر
زخمِ جگر پہ؛ دَردِدِلِ بے قرار پر

۸۵ کیا لَبِ دریا مِری بے تابیاں کافی نہیں
تُو جگر کو چاک کرکے اپنے؛ یُوں تڑپا نہ کر

۸۶ کہتے رہے ہم اُن سے دِلِ زار کی حالت
سُنتے رہے وہ غیر کا افسانہ سمجھ کر

# 'گ' سے 'ر'

## ('گ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **18** |
| i | دُرِّ ثمین | 15 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ گالیاں سُن کر، دُعا دو، پا کے دکھ، آرام دو     کبر کی عادت جو دیکھو؛ تم دِکھاؤ انکسار
۲ گر کرو توبہ؛ تو اب بھی خیر ہے، کچھ غم نہیں     تم تو خود بنتے ہو قہرِ ذوالمِنَن کے خواستگار
۳ گرّو نے یہ چولہ بنایا شعار     دِکھایا کہ اِس رَہ پہ ہوں مَیں نثار
۴ گر کرے معجز نمائی ایک دَم میں نرم ہو     وہ دلِ سنگیں؛ جو ہووے مثلِ سنگِ کوہسار
۵ گر نہ ہوتی بَدگُمانی؛ کُفر بھی ہوتا فَنا     اس کا ہووے ستیاناس؛ اِس سے بگڑے ہوشیار
۶ گُلشنِ احمد بنا ہے مسکنِ بادِ صبا     جس کی تحریکوں سے سُنتا ہے بشر گُفتارِ یار
۷ گر حیا ہو؛ سوچ کر دیکھیں، کہ یہ کیا راز ہے     وہ میری ذِلّت کو چاہیں؛ پا رہا ہوں مَیں وَقار
۸ گر یہی دِیں ہے؛ جو ہے ان کی خصائل سے عیاں     مَیں تو اِک کوڑی کو بھی لیتا نہیں ہوں زینہار
۹ گوہرِ وَحی خدا کیوں توڑتا ہے ہوش کر     اِک یہی دِیں کیلئے ہے جائے عِزّ و افتخار
۱۰ گر نہ ہو تیری عنایت؛ سب عبادت ہیچ ہے     فضل پر تیرے ہے سب جُہد و عمل کا انحصار
۱۱ گر یہی اسلام ہے؛ بس ہوگئی اُمّت ہلاک     کس طرح رَہ مِل سکے؛ جب دِیں ہی ہو تاریک و تار
۱۲ گردنوں پر ان کی ہے سب عام لوگوں کو گُنہ     جن کے وعظوں سے جہاں کے آ گیا دل میں غبار
۱۳ گر گُماں صحت کا ہو؛ پھر قابلِ تاویل ہیں     کیا حدیثوں کیلئے فُرقاں پہ کرسکتے ہو وار
۱۴ گو وہ کافر کہہ کے؛ ہم سے دُور تر ہیں جا پڑے     ان کے غم میں؛ ہم تو پھر بھی ہیں حزین و دِلفگار
۱۵ گر کہے کوئی؛ کہ یہ منصب تھا شایانِ قریش     وہ خدا سے پوچھ لے؛ میرا نہیں یہ کاروبار

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۶ گلشنِ حضرتِ احمدؑ میں چلی بادِ بہار     ابرِ رحمت سے برسنے لگے پیہم اَنوار

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۷ گناہوں سے بچالے ہم کو یارب!     نہ ہونے پائے کوئی ہم سے تقصیر
۱۸ گالیاں دیں گے تمھیں؛ کافر بتائیں گے تمھیں     جس طرح ہوگا؛ کریں گے وہ تمھیں رُسوا و خوار

# 'ل' سے 'ر'

## ('ل' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 12 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ لقب عزت کا پاوے؛ وہ مقرر — یہی روزِ اَزَل سے ہے مقدر
۲ لاف وزہد وراستی اور پاپ دل میں ہے بھرا — ہے زباں میں سب شرف؛ اور پیچ دل جیسے چمار
۳ لشکرِ شیطاں کے نرغے میں جہاں ہے گِھر گیا — بات مشکل ہوگئی؛ قدرت دِکھا اے میرے یار!
۴ لوگ کہتے ہیں؛ کہ نالائق نہیں ہوتا قبول — میں تو نالائق بھی ہو کر؛ پاگیا درگہ میں بار
۵ لوگ سو بک بک کریں؛ پَر تیرے مقصد اور ہیں — تیری باتوں کے فرشتے بھی نہیں ہیں رازدار
۶ لوگ کچھ باتیں کریں؛ میری تو باتیں اور ہیں — مَیں فِدائے یار ہوں؛ گو تیغ کھینچے صد ہزار
۷ لیک اِن چاروں سے مَیں محروم تھا اور بے نصیب — ایک انساں تھا؛ کہ خارج اَزحساب واَزشمار

### ﴿کلامِ محمود﴾

۸ لڑتے بھِڑتے رہیں؛ آپس میں اُمیر اور وزیر — کیوں پسیں گھُن کی طرح ساتھ غریب اور فقیر
۹ لوگ دل کر رہے تھے ان پہ نثار — جان سے ہو رہا تھا مَیں بیزار
۱۰ لَب پہ ان کے قہقہے ہیں؛ ان کی آنکھوں میں بہار — روحِ انسانی ہے پَر خاموش بیٹھی سوگوار
۱۱ لاکھ حملہ کُن ہو مجھ پر فِتنۂ زندیقیت — بیچ میں آجائیو! بن جائیو میری سِپَر
۱۲ لٹکی ہے ہراِک گوشہ میں تصویر کسی کی — دل کو نہ مِرے چھوڑیئے ویرانہ سمجھ کر

# 'م' سے 'ر'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 80 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 47 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 28 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مَیں کبھی آدمؑ ، کبھی موسیٰؑ ؛ کبھی یعقوبؑ ہوں — نیز ابراہیمؑ ہوں؛ نسلیں ہیں میری بے شمار

۲ مَیں وہ پانی ہوں؛ کہ آیا آسماں سے وقت پر — مَیں وہ ہوں نورِ خدا؛ جس سے ہوا دِن آشکار

۳ مجھ کو کیا ملکوں سے؛ میرا مُلک ہے سب سے جدا — مجھ کو کیا تاجوں سے؛ میرا تاج ہے رضوانِ یار

۴ مگر وہ تو اِک دَم نہ کرتا قرار — ادا کردِیا عِشق کا کاروبار

۵ ملّتِ احمدؐ کی؛ مالک نے جو ڈالی تھی بِنا — آج پوری ہو رہی ہے؛ اے عزیزانِ دیار!

۶ میرے زخموں پر لگا مرہم؛ کہ مَیں رنجور ہوں — میری فریادوں کو سُن؛ مَیں ہوگیا زارونزار

۷ مرہمِ عیسیٰؑ نے دی تھی محض عیسیٰؑ کو شِفا — میری مرہم سے شِفا پائے گا ہر مُلک اور دیار

۸ مَیں تھا غریب وبیکس وگُم نام وبے ہُنر — کوئی نہ جانتا تھا؛ کہ ہے قادیاں کدھر

۹ مَیں تو مَر کر خاک ہوتا؛ گر نہ ہوتا تیرا لُطف — پھر خدا جانے؛ کہاں یہ پھینک دی جاتی غُبار

۱۰ مَیں بھی ہوں تیرے نشانوں سے؛ جہاں میں اِک نشاں — جس کو تُو نے کر دِیا ہے قوم ودِیں کا افتخار

۱۱ میرے جیسے کو جہاں میں تُو نے روشن کر دِیا — کون جانے اے میرے مالک! ترے بھیدوں کی سار

۱۲ میرے سقم وعیب سے اب کیجئے قطع نظر — تا نہ خوش ہو دشمنِ دِیں؛ جس پہ ہے لعنت کی مار

۱۳ مجھ کو پردے میں نظر آتا ہے اِک میرا مُعین — تیغ کو کھینچے ہوئے اُس پر جو کرتا ہے وہ وار

۱۴ مُفتری کہتے ہوئے اُن کو حیا آتی نہیں — کیسے عالم ہیں؛ کہ اس عالم سے ہیں یہ برکنار

۱۵ مُردہ ہو جاتے ہیں اس کا کچھ نہیں دیتے جواب — زرد ہو جاتا ہے منہ؛ جیسے کوئی ہو سوگوار

۱۶ میری نسبت جو کہیں کِیں سے؛ وہ سب پر آتا ہے — چھوڑ دیں گے کیا وہ سب کو کفر کر کے اختیار

۱۷ مجھ کو کافر کہہ کے؛ اپنے کفر پر کرتے ہیں مُہر — یہ تو ہے سب شکل ان کی؛ ہم تو ہیں آئینہ دار

۱۸ مَیں تو آیا اِس جہاں میں ابنِ مریم کی طرح — مَیں نہیں مامور از بہرِ جہادو کارزار

۱۹ موت سے گر خود ہو بے ڈر کچھ کرو بچوں پہ رحم — اَمن کی رَہ پر چلو؛ بَن کو کرو مت اختیار

۲۰ مَیں تو تیرے حکم سے آیا؛ مگر افسوس ہے — چل رہی ہے وہ ہوا؛ جو رخنہ اندازِ بہار

۲۱ منبروں پر اُن کے سارا گالیوں کا وعظ ہے — مجلسوں میں ان کی ہر دَم سبّ وغیبت کاروبار

۲۲ مُلک سے مجھ کو نہیں مطلب؛ نہ جنگوں سے ہے کام — کام میرا ہے دلوں کو فتح کرنا نے دیار

۲۳ مُلکِ روحانی کی شاہی کی نہیں کوئی نظیر — گو بہت دنیا میں گزرے ہیں امیرو تاجدار

۲۴ مغزِ فرقانِ مطہّر؛ کیا یہی ہے زُھدِ خشک — کیا یہی چوہا ہے نکلا؛ کھود کر یہ کوہسار

۲۵ مُنہ کو اپنے کیوں بگاڑا نااُمیدوں کی طرح — فیض کے دَر کھُل رہے ہیں اپنے دامن کو پسار

۲۶ مکرِ انساں کو مٹا دیتا ہے انسانِ دگر — پر خدا کا کام کب بگڑے کسی سے زینہار

۲۷ مُفتری ہوتا ہے آخر اس جہاں میں رُوسیہ — جلدتر ہوتا ہے برہم افتراء کا کاروبار

۲۸ مکر کے بَل چل رہی ہے ان کی گاڑی روز وشب — نفس وشیطاں نے اٹھایا ہے انھیں جیسے کہار

۲۹ مجھ کو کافر کہتے ہیں؛ مَیں بھی انہیں مومن کہوں — گر نہ ہو پرہیز کرنا جھوٹ سے؛ دِیں کا شعار

۳۰ مجھ پہ اے واعظ! نظر کی یار نے، تجھ پر نہ کی — حیف اس ایماں پہ؛ جس سے کفر بہتر لاکھ بار

۳۱ مجھ کو خود اس نے دیا ہے چشمۂ توحیدِ پاک — تا لگا دے اَز سرِ نو باغِ دِیں میں لالہ زار

۳۲ مَیں اگر کاذب ہوں؛ کذّابوں کی دیکھوں گا سزا — پر اگر صادق ہوں؛ پھر کیا عُذر ہے روزِ شمار

۳۳ مَیں نے روتے روتے دامن کر دِیا تَر درد سے
اب تلک تم میں وہی خشکی رہی باحالِ زار

۳۴ موتِ عیسیٰؑ کی شہادت دی خدا نے صاف صاف
پھر احادیثِ مخالف رکھتی ہیں کیا اعتبار

۳۵ مجھ کو دے اِک فوقِ عادت اے خدا! جوش وتپش
جس سے ہو جاؤں مَیں غم میں دِیں کے اِک دیوانہ وار

۳۶ مَیں نہیں کہتا؛ کہ میری جاں ہے سب سے پاک تَر
مَیں نہیں کہتا؛ کہ یہ میرے عمل کے ہیں ثمار

۳۷ مَیں نہیں رکھتا تھا اس دعویٰ سے اِک ذرّہ خبر
کھول کر دیکھو براہیںؔ کو؛ کہ تا ہو اعتبار

۳۸ مجھ کو ہے بس وہ خدا؛ عہدوں کی کچھ پروا نہیں
ہو سکے؛ تو خود بنو مہدی بحکمِ کردگار

۳۹ مُفت میں مُلزم خدا کے مت بنو؛ اے منکرو!
یہ خدا کا ہے؛ نہ ہے یہ مُفتری کا کاروبار

۴۰ مِٹ گئے حیلے تمہارے؛ ہوگئی حُجّت تمام
اب کہو؛ کس پر ہوئی اے منکرو! لعنت کی مار

۴۱ مت کرو بک بک بہت اس کی دلوں پر ہے نظر
دیکھتا ہے پاکیٔ دل کو؛ نہ باتوں کی سنوار

۴۲ مضمحل ہو جائیں گے اس خوف سے سب جِنّ واِنس
زارؔ بھی ہوگا؛ تو ہوگا اُس گھڑی باحالِ زار

۴۳ مگر وہ تو پھرتا تھا دیوانہ وار
نہ جی کو تھا چین؛ اور نہ دِل کو قرار

۴۴ مَیں نے روتے روتے سجدہ گاہ بھی تَر کر دِیا
پر نہیں ان خشک دل لوگوں کو خوفِ کردگار

۴۵ میرے آنسو اس غمِ دل سوز سے تھمتے نہیں
دِیں کا گھر ویراں ہے؛ اور دنیا کے ہیں عالی منار

۴۶ مِلا تب خدا سے اُسے ایک پِیر
کہ چشتی طریقہ میں تھا دستگیر

۴۷ مگر یہ بھی ممکن ہے؛ اے پُختہ کار
کہ خود غیب سے ہو یہ سب کاروبار

## دُرِّ عدن

۴۸ میرے مولا کٹھن ہے راستہ اس زندگانی کا
مِرے ہر ہر قدم پر خود رَہِ آسان پیدا کر

۴۹ مژدۂ وصل لئے؛ صبحِ مسرت آئی
فضلِ مولا سے؛ ہوئی دُور اداسی یک بار

۵۰ محبوبِ حقیقی کی اَمانت سے خبردار
اے حافظِ قرآن! خدا حافظ و ناصر

۵۱ میرے مولا! میرے وَلی و نصیر!
مِرے آقا! مِرے عزیز و قدیر!

## کلامِ طاھر

۵۲ مجھ سے عِناد وبُغض وعداوت ہے اُن کا دِیں
اُن سے مجھے کلام نہیں؛ لیکن اِس قدر

# کلامِ محمود

۵۳ مہربانی کی تُو اس پہ رکھ نظر — کر عنایت اس پہ تُو شام و سحر

۵۴ مجھے سمجھتے ہو کیا قُلی تم؛ کہ نِت نئے بوجھ لا دتے ہو — بس اب تو جانے دو، تھک گیا ہوں؛ غم و مصیبت اُٹھا اُٹھا کر

۵۵ ملایا خاک میں سب دشمنوں کو — کیا ہر مرحلہ میں ہم کو منصور

۵۶ مِلے ہم کو وہ اُستاد و خلیفہ — کہ سارے کہہ اُٹھے: نورٌ علیٰ نور

۵۷ مُرغِ دل میرا پھنسا ہے کس کے دامِ عشق میں — کس کے نقشِ پا کے پیچھے اُڑ گیا میرا غُبار

۵۸ مَیں جو ہنستا ہوں؛ تو ہے میری ہنسی بھی برق وَش — جس کے پیچھے پھر مجھے پڑتا ہے رونا بار بار

۵۹ مَات کرتا ہے مِرا دن بھی اندھیری رات کو — میری شب کو دیکھ کر؛ زُلفِ حسیناں شرمسار

۶۰ میری ساری آرزوئیں دل ہی دل میں مَر گئیں — میرا سینہ کیا ہے: لاکھوں حسرتوں کا ہے مزار

۶۱ منبعِ ہر خوبی و ہر حسن و ہر نیکی ہے وہ — مَیں ہوں اپنے نفس کے ہاتھوں سے مغلوب اور خوار

۶۲ مُدّعا تو ہے وہی؛ جو رہے پُورا ہوکر — اِلتجا ہے وہی؛ جو لَوٹے پذیرا ہوکر

۶۳ مدّعا ان کا تو لڑنے سے ہے؛ بس تاج وسریر — ہاتھ میں یاروں کے رِہ جائے گی؛ خالی کفگیر

۶۴ مِری حالت پہ جاناں رحم آئے گا نہ کیا تم کو — اکیلا چھوڑ دو گے مجھ کو کیا تم باوَفا ہوکر

۶۵ مِرا دِل ہو گیا خوشیوں سے معمور — ہوئے ہیں آج سب رنج و اَلَم دُور

۶۶ مِرا ناصؔر؛ مِرا فرزندِ اکبر — مِلا ہے جس کو حق سے تاج و اَفسر

۶۷ مجھ پر کہ ہوں عزیزوں کے حلقہ میں مِثلِ غیر — اِس بے کَس ونحیف وغَریبُ الدّیار پر

۶۸ مقصود جس کا عِلم وتُقیٰ کا حُصُول تھا — رکھتی تھی جو نِگہ؛ نِگہِ لُطفِ یار پر

۶۹ میری طرف سے اُس کو جزاہائے نیک دے — کر رحم اے رحیم! دِلِ سوگوار پر

۷۰ منجدھار میں ہے کشتی ڈبوئی خِرَد نے آہ! — کیا پایا مَیں نے خَصلَتِ رِندانہ چھوڑ کر

۷۱ مُلک وبِلاد سونپ دِیے دُشمنوں کو سب — بیٹھے ہو گھر میں؛ خَصلَتِ مَردانہ چھوڑ کر

۷۲ مال سے ہے جیب خالی؛ عِلم سے خالی ہے سَر — یادِ خالق سے ہے غفلت؛ رہتی ہے فِکرِ دِگر

۷۳ مالِ خُود، برباد و وِیراں؛ مالِ دیگر پر نظر — منزلِ آخر سے غافِل؛ پھر رہے ہیں دَربَدَر
۷۴ میرے آقا! پیش ہے یہ حاصِلِ شام وسحر — سینۂ صافی کی آہیں؛ آنکھ کے لعل وگہر
۷۵ مَیں نے سمجھا تھا؛ جوانی میں گزر جاؤں گا پار — اَب جو دیکھا سامنے؛ ہیں پھر وہی خوف وخطر
۷۶ مومنِ کامِل کا گھر ہے؛ جنّتِ اعراف میں — اور دوزخ کا مکیں ہے؛ جو بنا ہے مَن کُفَر
۷۷ میرے ہاتھوں میں نہیں ہے؛ نیک ہو یا بَد ہو وہ — مِلک میں تیری ہے یا رَبّ! خیر ہو وہ یا کہ شَر
۷۸ مَیں تُم سے ہوں تم مجھ سے ہو؛ تَن ایک ہے جاں ایک — کیوں چھوڑتے ہو تم مجھے بیگانہ سمجھ کر
۷۹ میرے تیرے پیار کا ہو — رازداں کوئی نہ اور
۸۰ مذہب میں ہرطرح ہمیں آزاد کردِیا — چلتا نہیں سروں پہ کوئی جبر کا تَبَر

# 'ن' سے 'ر'

## ('ن' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 19 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 15 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

### دُرِّ ثمین

۱ نیک ظن کرنا؛ طریقِ صالحانِ قوم ہے — لیک سو پردے میں ہوں؛ ان سے نہیں ہوں آشکار
۲ نفس کو مارو؛ کہ اس جیسا کوئی دُشمن نہیں — چپکے چپکے کرتا ہے؛ پیدا وہ سامانِ دیمار
۳ نعرہَ اِنَّـــا ظَـلَـمْـنَـا؛ سنتِ ابرار ہے — زہر منہ کی مت دِکھاؤ؛ تم نہیں ہو نسلِ مار

۴ نور لائے آسماں سے؛ خود بھی وہ اِک نور تھے ۔۔۔ قومِ وَحشی میں اگر پیدا ہوئے؛ کیا جائے عار

۵ نورِدِل جاتا رہا؛ اور عقل موٹی ہوگئی ۔۔۔ اپنی کجرائی پہ ہردِل؛ کر رہا ہے اعتبار

۶ نام بھی کذّاب اُسکا دفتروں میں رِہ گیا ۔۔۔ اب مِٹا سکتا نہیں یہ نام تاروزِشمار

۷ نسلِ انساں میں نہیں دیکھی وَفا؛ جو تجھ میں ہے ۔۔۔ تیرے بِن دیکھا نہیں کوئی بھی یارِغمگسار

۸ نہیں تجھ کو اس رَہ کی کچھ بھی خبر ۔۔۔ تو واقف نہیں اِس سے اے بے ہُنر

۹ نہ ہوگا کوئی ایسا مَت زمیں پر ۔۔۔ کہ یہ باتیں کہے جاں آفریں پر

۱۰ نورِدِل جاتا رہا؛ اِک رسم دِیں کی رِہ گئی ۔۔۔ پھر بھی کہتے ہیں؛ کہ کوئی مُصلحِ دِیں کیا بکار

۱۱ نعمتیں وہ دیں میرے مولیٰ نے اپنے فضل سے ۔۔۔ جن سے ہیں معنیٰ اَتـمَـمـتُ عَـلَـیکُـم آشکار

۱۲ ناز مَت کر اپنے ایماں پر؛ کہ یہ ایماں نہیں ۔۔۔ اس کو ہیرا مَت گُماں کر؛ ہے یہ سنگِ کوہسار

۱۳ نوعِ انساں میں بَدی کا تُخم بونا ظلم ہے ۔۔۔ وہ بَدی آتی ہے اُس پر؛ جو ہو اُسکا کاشتکار

۱۴ نقل کی تھی اِک خطا کاری مسیحا کی حیات ۔۔۔ جس سے دِیں نصرانیت کا ہوگیا خدمت گذار

۱۵ نسلِ انساں سے مدد اب مانگنا بیکار ہے ۔۔۔ اب ہماری ہے تیری درگاہ میں یارب پُکار

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۱۶ نور و بشر کا فرق مٹاتی ہے؛ تیری ذات ۔۔۔ بعد اَز خدا، بزرگ توئی؛ قصّہ مختصر

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۷ نُور اس کا جلوہ گر ہے؛ ہر دَر و دِیوار میں ۔۔۔ ہے جہاں کے آئنہ میں منعکس تصویرِ یار

۱۸ نہ مِلے تو بھی دھڑکتا ہے؛ نہ مِلیں تو بھی اے دِل! ۔۔۔ تجھ کو کیا بیٹھنا آتا نہیں نچلّا ہوکر

۱۹ نہیں ممکن، کہ مَیں زندہ رہوں؛ تم سے جدا ہوکر ۔۔۔ رہوں گا تیرے قدموں میں؛ ہمیشہ خاکِ پا ہوکر

# 'و' سے 'ر'

## ('و' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **38** |
| i | دُرِّ ثمین | 22 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 13 |

### دُرِّ ثمین

۱ وہ جو تھے اونچے محل؛ اور وہ جو تھے قصرِ بریں
پست ہو جائیں گے؛ جیسے پست ہو اِک زیرِ غار

۲ وہ خدا؛ جس نے نبی کو تھا زرِ خالص دیا
زیورِ دِیں کو بناتا ہے وہ اب مثلِ سنار

۳ وہ خدا؛ جس نے بنایا آدمی اور دِیں دیا
وہ نہیں راضی؛ کہ بے دِینی ہو ان کا کاروبار

۴ وہ خدا؛ اب بھی بناتا ہے جسے چاہے کلیم
اب بھی اس سے بولتا ہے جس سے وہ کرتا ہے پیار

۵ وہ تو چمکا ہے نیّرِ اکبر
اس سے انکار ہو سکے کیونکر

۶ وہ ویدوںؔ کا ایشرؔ ہے؛ یا اِک حجر
کہ بولے نہیں؛ جیسے اِک گنگ و کر

۷ وہ ہے مہرباں و کریم و قدیر
قسم اُس کی؛ اُس کی نہیں ہے نظیر

۸ واہ رے زورِ صداقت! خوب دِکھلایا اثر
ہو گیا نانکؔ نثارِ دینِ احمد سَربَسَر

۹ ورنہ وہ ملّت، وہ رَہ، وہ رسم، وہ دِیں چیز کیا
سایہ افگن جس پہ نورِ حق نہیں خورشید وار

۱۰ واہ رے جوشِ جہالت! خوب دِکھلائے ہیں رنگ
جھوٹ کی تائید میں حملے کریں دیوانہ وار

۱۱ واہ رے باغِ محبت! موت جس کی رَہ گُذر
وصلِ یار اُس کا ثمر؛ پَر اردگرد اس کے ہیں خار

۱۲ وہ کتابِ پاک و برتر جس کا فرقاںؔ نام ہے — وہ یہی دیتی ہے طالب کو بشارت بار بار

۱۳ وہ دِکھاتا ہے؛ کہ دِیں میں کچھ نہیں اِکراہ و جبر — دِیں تو خود کھینچے ہے دِل؛ مِثلِ بُتِ سیمیں عذار

۱۴ وہ خدا؛ جس نے نشانوں سے مجھے تمغہ دیا — اب بھی وہ تائیدِ فُرقاں کر رہا ہے بار بار

۱۵ وہ لگادے آگ میرے دل میں ملّت کیلئے — شعلے پہنچیں جس کے ہردَم آسماں تک بیشمار

۱۶ وہ جو کہلاتے تھے صوفی؛ کِیں میں سب سے بڑھ گئے — کیا یہی عادت تھی شیخِ غزنوی کی یادگار

۱۷ وحیِ حق کی بات ہے؛ ہو کر رہے گی بے خطا — کچھ دِنوں کر صبر؛ ہوکر متقی اور بُردبار

۱۸ وحیِ حق کے ظاہری لفظوں میں ہے وہ زلزلہ — لیک ممکن ہے؛ کہ ہو کچھ اور ہی قسموں کی مار

۱۹ وہ تباہی آئے گی شہروں پہ اور دیہات پر — جس کی دنیا میں نہیں ہے مِثل کوئی زینہار

۲۰ وہ خدا؛ حِلم و تفضّل میں نہیں رکھتا نظیر — کیوں پھرے جاتے ہو اُس کے حکم سے دیوانہ وار

۲۱ وہ عاشق ہے؛ کہ جس کو حسبِ تقدیر — محبت کی کماں سے آلگا تیر

۲۲ وہ خزائن؛ جو ہزاروں سال سے مَدفُون تھے — اَب مَیں دیتا ہوں؛ اگر کوئی مِلے اُمّید وار

## دُرِّ عدن

۲۳ والی بنو امصار علومِ دو جہاں کے — اے یُوسفِ کنعان؛ خدا حافظ و ناصر

## کلامِ طاہر

۲۴ وہ جن سے لِلّٰہ بَیر ہوئے؛
جو اپنے وَطن میں غیر ہوئے — ان تختۂ مَشقِ ستم مجبوروں، محروموں کی باتیں کر

۲۵ وہ کئے رکھتا تھا پہلے سے ہی سب کچھ تیار — کئی کھانوں کی لگا رکھتا تھا میزوں پہ قطار

## کلامِ محمود

۲۶ وہ ہم میں قُوّتِ قُدسی ہو پیدا — جِسے چھُوویں؛ وہی ہوجائے اِکسیر

۲۷ وہ جذبہ ہم میں پیدا ہو اِلٰہی! — جو دُشمن ہیں؛ کریں اُن کی بھی تسخیر

۲۸ وہی بولیں؛ جو دِل میں ہو ہمارے — خِلافِ فِعل ہو اپنی نہ تقریر

۲۹ وہ مِری آنکھوں کی ٹھنڈک؛ میرے دِل کا نُور ہے — ہے فِدا اُس شُعلہ رُو پر میری جاں پَروانہ وار

۳۰ وہ اگر خالق ہے؛ مَیں ناچیز سی مخلوق ہوں
ہرگھڑی مُحتاج ہوں اُس کا؛ وہ ہے پَروَردِگار

۳۱ وہ ہے آقا، مَیں ہوں خادم؛ وہ ہے مالِک، مَیں غُلام
مَیں ہوں اِک اَدنیٰ رِعایا؛ اور وہ ہے تاجدار

۳۲ وہ تو کچھ رکھتی بھی تھی؛ پَر مَیں تو خالی ہاتھ ہوں
بےعَمَل ہوتے ہوئے ہے؛ جُستجوئے دَستِ یار

۳۳ وہ غنی ہے؛ پہ نہیں اُس کو یہ ہرگز بھی پسند
غیر سے تیرا تعلق رہے؛ اُس کا ہوکر

۳۴ وہ میری ناصرہ؛ وہ نیک اختر
عقیلہ باسَعادت؛ پاک جَوہَر

۳۵ وہ ہے ایک؛ اُس کا نہیں کوئی ہمسر
وہ مالک ہے سب کا؛ وہ حاکم ہے سب پر

۳۶ وہ بھی اوجھل ہے مِری آنکھوں سے جو ہے سامنے
ہے ترے عِلمِ اَزَل میں؛ جو ہے غائب مُستَتَر

۳۷ وَقف ہے جاں بہرِ مال و سیم و زَر
مال دینے والے سے ہے بے خبر

۳۸ وہ چہرہ ہر روز ہیں دِکھاتے؛ رقیب کو تو چھپا چھپا کر
وہ ہم ہی آفت زدہ ہیں؛ جن سے چھپاتے ہیں منہ دکھا دکھا کر

# 'ہ' سے 'ر'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **75** |
| i | دُرِّ ثمین | 38 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 29 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہراِک کہتا تھا دیکھ کر اِک نظر — کہ ہے اُس کی آنکھوں میں کچھ جلوہ گر

۲ ہو شکر تیرا کیونکر؛ اے میرے بندہ پَرور — تُو نے مجھے دیئے ہیں یہ تین تیرے چاکر

۳ ہوا اِک خواب میں یہ مجھ پہ اظہر — کہ اس کو بھی مِلے گا بختِ برتر

۴ ہوا آخر وہی؛ جو تیری تقدیر — بھلا چلتی ہے تیرے آگے تدبیر!

۵ ہے بُلندی شانِ ایزد گر بشر ہووے بُلند — فخر کی کچھ جا نہیں؛ وہ ہے متاعِ مُستعار

۶ ہردَم نشانِ تازہ کا محتاج ہے بشر — قِصّوں کے معجزات کا ہوتا ہے کب اثر

۷ ہوتا ہے کردگار اِسی رَہ سے دستگیر — کیا جانے قدر اس کا جو قِصّوں میں ہے اَسیر

۸ ہوگئے بے کار سب حیلے جب آئی وہ بلا — ساری تدبیروں کا خاکہ اُڑگیا مِثلِ غُبار

۹ ہاتھ میں تیرے ہے ہرخسران ونفع عُسرویُسر — تُو ہی کرتا ہے کسی کو بے نوا یا بختیار

۱۰ ہائے! میری قوم نے تکذیب کرکے کیا لیا — زلزلوں سے ہوگئے صدہامساکن مِثلِ غار

۱۱ ہے سرِرَہ پر مِرے وہ خود کھڑا مولیٰ کریم — پس نہ بیٹھو میری رَہ میں؛ اے شریرانِ دیار

۱۲ ہم تو ہردَم چڑھ رہے ہیں اِک بُلندی کی طرف — وہ بُلاتے ہیں؛ کہ ہوجائیں نہاں ہم زیرِغار

۱۳ ہائے! مارِآستیں وہ بَن گئے دِیں کیلئے — وہ تو فربہ ہوگئے پر دِیں ہوا زَارونزار

۱۴ ہم نِگہ میں ان کی دجّال اور بے ایماں ہوئے — آتشِ تکفیر کے اُڑتے رہے پیہم شرار

۱۵ ہے کوئی کاذب جہاں میں؛ لاؤ لوگو! کچھ نظیر — میرے جیسی جس کی تائیدیں ہوئی ہوں باربار

۱۶ ہرقدم میں میرے مولیٰ نے دیئے مجھ کو نشاں — ہرعدُو پر حجّتِ حق کی پڑی ہے ذوالفقار

۱۷ ہے یہ گھر گِرنے پہ؛ اے مغرور لے جلدی خبر — تا نہ دَب جائیں ترے اہل وعیال ورشتہ دار

۱۸ ہوش میں آتے نہیں؛ سوسوطرح کوشش ہوئی — ایسے کچھ سوئے؛ کہ پھر ہوتے نہیں ہیں ہوشیار

۱۹ ہے غضب کہتے ہیں اب وحیٔ خدا مفقود ہے — اب قیامت تک ہے اس اُمّت کا قِصّوں پر مَدار

۲۰ ہے خدادانی کا آلہ بھی یہی اسلام میں — محض قِصّوں سے نہ ہو کوئی بشرطوفاں سے پار

۲۱ ہے یہی وحیٔ خدا عرفانِ مولیٰ کا نشاں — جس کو یہ کامل ملے؛ اُس کو ملے وہ دوستدار

۲۲ ہرطرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج — جس کی فطرت نیک ہے؛ وہ آئے گا انجام کار

۲۳ ہے یقیں یہ آگ کچھ مدّت تلک جاتی نہیں — ہاں! مگر توبہ کریں باصدنیازوانکسار

۲۴ ہرزماں شکوہ زباں پر ہے اگر ناکام ہیں — دِیں کی کچھ پروا نہیں؛ دنیا کے غم میں سوگوار

۲۵ ہم تو بستے ہیں فلک پر؛ اس زمیں کو کیا کریں — آسماں کے رہنے والوں کو زمیں سے کیا نِقار

۲۶ ہم اسی کے ہوگئے ہیں؛ جو ہمارا ہوگیا — چھوڑکر دنیائے دُوں کو؛ ہم نے پایا وہ نِگار

۲۷ ہوگئے ہم درد سے زیر و زبر — مَرگئے ہم؛ پر نہیں تم کو خبر

۲۸ ہوگیا دِیں کفر کے حملوں سے چُور — چُپ رہے کب تک خداوندِ غیور

۲۹ ہے یہی اِک آگ؛ تا تم کو بچاوے آگ سے — ہے یہی پانی؛ کہ نکلیں جس سے صدہا آبشار

۳۰ ہے عجب اِک خاصیت تیرے جمال وحسن میں — جس نے اِک چمکار سے مجھ کو کیا دیوانہ وار

۳۱ ہائے! وہ تقویٰ جو کہتے تھے کہاں مخفی ہوئی — ساربانِ نفسِ دُوں نے کِس طرف پھیری مہار

۳۲ ہائے! یہ کیا ہوگیا عقلوں پہ کیا پتھر پڑے — ہوگیا آنکھوں کے آگے اُن کے دن تاریک وتار

۳۳ ہم نے یہ مانا؛ کہ ان کے دل ہیں پتھر ہوگئے — پھر بھی پتھر سے نکل سکتی ہے دینداری کی نار

۳۴ ہرطرف سے پڑ رہے ہیں دِینِ احمد پر تبَر — کیا نہیں تم دیکھتے قوموں کو؛ اور ان کے وہ وار

۳۵ ہر نبیٔ وَقت نے اِس جنگ کی دی تھی خبر — کرگئے وہ سب دعائیں بادوچشمِ اشکبار

۳۶ ہوش اُڑ جائیں گے انساں کے؛ پرندوں کے حواس — بھولیں گے نغموں کو اپنے سب کبوتر اور ہزار

۳۷ ہرمسافر پر وہ ساعت؛ سخت ہے اور وہ گھڑی — راہ کو بھولیں گے؛ ہوکر مَست وبیخود راہوار

۳۸ ہاں! نہ کر جلدی سے انکار؛ اے سفینۂ ناشناس — اِس پہ ہے میری سچائی کا سبھی دارومدار

## دُرِّعدن

۳۹ ہر گام پہ ہمراہ رہے نصرتِ باری — ہر لحہ و ہر آن؛ خدا حافظ و ناصر

۴۰ ہر علم سے حاصل کرو عرفانِ الٰہی — بڑھتا رہے ایمان؛ خدا حافظ و ناصر

۴۱ ہر بحر کے خواص بنو؛ لیک بایں شرط — بھیگے نہیں دامان؛ خدا حافظ و ناصر

۴۲ ہر وَقت عافیت رہے؛ ہر کام ہو بخیر — آغاز بھی بخیر ہو؛ انجام بھی بخیر

۴۳ ہاں ہاں! یہ کیا؛ کہ بیٹھ رہا جی کو چھوڑ کر — بھائی! خدا کے واسطے؛ ایسا غضب نہ کر

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴۴ ہر لحظہ میرے دَرپئے آزار ہیں وہ لوگ — جو تجھ سے میرے قُرب کی رکھتے نہیں خبر
۴۵ ہوتی رہی رُسوا کہیں دُختر کہیں مادَر — دیکھے ہیں تِری آنکھ نے وہ ظلم؛ کہ جن پر
۴۶ ہمیں بٹھلا کے؛ بڑی تیزی سے پھر جاتا تھا — اپنے بچوں کو لئے ساتھ؛ وہ سوئے بازار

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴۷ ہِندوستاں سے اُٹھ گیا تھا عِلم اور ہُنر — یاں آتا تھا نہ عالِم و فاضل کوئی نظر
۴۸ ہاتھ جوڑوں، یا پڑوں پاؤں؛ بتاؤ کیا کروں — دِل میں بیٹھا ہے؛ مگر آتا نہیں مجھ کو نظر
۴۹ ہے مارا اِک کو رُلا رُلا کر؛ تو دُوسرے کو ہنسا ہنسا کر — جِگر کے ٹکڑے کئے ہیں کس نے؛ یہ دِل کی حالت دُکھا دُکھا کر
۵۰ ہیں چاندنی راتیں لاکھوں گُذریں؛ کھِلی نہ دِل کی کَلی کبھی بھی — وہ عہد جو مجھ سے کر چکا ہے؛ کبھی تو اے بے وَفا! وَفا کر
۵۱ ہزار کوشش کرے کوئی؛ پر وہ مجھ سے عہدہ برآ نہ ہوگا — جسے ہو کچھ زُعم آزمالے؛ ہوں کہتا ڈَنکا بجا بجا کر
۵۲ ہمارے گھر میں اُس نے بھر دِیا نُور — ہر اِک ظُلمت کو ہم سے کر دِیا دُور
۵۳ ہماری فتح و نُصرت دیکھ کر وہ — غم و رَنج و مُصیبت سے ہوئے چُور
۵۴ ہماری رات بھی ہے نُور اَفشاں — ہماری صُبح خُوش ہے؛ شام مسرور
۵۵ ہماری اے خُدا! کردے وہ تقدیر — کہ جس کو دیکھ کر حیراں ہو تدبیر
۵۶ ہے بہارِ باغ و گل مِثلِ خزاں اَفسُردہ کُن — ہے جہاں میری نظر میں مِثلِ شَبِ تاریک وتار
۵۷ ہوگیا میری تمناؤں کا پودا خُشک کیوں — کیا بَلا اس پر پڑی؛ جس سے ہوا بے برگ وبار
۵۸ ہر حسیں کو حُسن بخشا ہے اُسی دِلدار نے — ہر گُل و گُلزار نے پائی اُسی سے ہے بہار
۵۹ ہر نگاہِ فتنہ گر نے اُس سے پائی ہے جِلا — وَرنہ ہوتی بختِ عاشِق کی طرح تاریک وتار
۶۰ ہائے! پر اُس کے مُقابِل میں نہیں مَیں کوئی چیز — وہ سراپا نُور ہے؛ مَیں مُضغۂ تاریک و تار

٦١ ہوں غُلامی میں؛ مگر ہے عِشق کا دعویٰ مجھے | چاکروں میں ہوں؛ مگر ہے خواہشِ قُرب وجوار

٦٢ ہو کے بے پردہ؛ وہ میرے سامنے آئے نِکل | میرے دِل سے دُور کردے ہجر وفُرقت کا غُبار

٦٣ ہررَگ وریشہ میں ہو اس کی محبت جاگُزیں | ہرکہیں آئے نظر نقشہ وہی منصُوروار

٦٤ ہائے! وہ شخص؛ کہ جو کام بھی کرنا چاہے | دِل میں رِہ جائے وہی اُس کے تمنا ہوکر

٦٥ ہمیشہ نَفسِ اَمّارہ کی باگیں تھام کر رکھیو | گِرا دے گا یہ سَرکَش وَرنہ تم کو سیخ پا ہوکر

٦٦ ہے خواہش میری اُلفت کی؛ تو اپنی نِگاہیں اُونچی کر | تدبیر کے جالوں میں مَت پھنس کر قبضہ جا کے مُقدّر پر

٦٧ ہوں بحرِ مَعرِفت کے یہ شَناوَر | سَمائے عِلم کے ہوں مِہرِ اَنور

٦٨ ہاں! اے مُغیث! سُن لے مِری اِلتجا کو آج | کر رحم اس وُجودِ محبت شِعار پر

٦٩ ہاں! اُس شہیدِعلم کی تُربت پہ کر نُزول | خُوشیوں کا باب کھول؛ غموں کی شِکار پر

٧٠ ہے محبت ایک پاکیزہ اَمانت؛ اے عزیز! | عِشق کی عِزّت ہے واجِب؛ عِشق سے کھیلا نہ کر

٧١ ہے عَمَل میں کامیابی؛ موت میں ہے زندگی | جا لِپَٹ جا لہر سے؛ دریا کی کچھ پروا نہ کر

٧٢ ہے لذّتِ سَماع بھی؛ لُطفِ نِگاہ بھی | کیوں جا رہے ہو صُحبتِ جانانہ چھوڑکر

٧٣ ہے گنجِ عَرش ہاتھ میں؛ قرآن طاق پر | مِینا کے ہو رہے ہیں؛ وہ مَیخانہ چھوڑکر

٧٤ ہیں تِرے بندے مگر ہاتھوں کی طاقت سَلب ہے | کُفر کا خیمہ لگا ہے؛ قَریہ قَریہ، گھر بہ گھر

٧٥ ہے بھاگتی دنیا مجھے دیوانہ سمجھ کر | ہے شمع قریب آرہی پروانہ سمجھ کر

# 'ی' سے 'ر'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ر' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **38** |
| i | دُرِّ ثمین | 30 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ یہ سراسر فضل و احساں ہے؛ کہ مَیں آیا پسند — ورنہ درگہ میں تری؛ کچھ کم نہ تھے خدمت گذار

۲ یہ نشانِ آخری ہے؛ کام کرجائے مگر — ورنہ اب باقی نہیں ہے؛ تم میں اُمّیدِ سدھار

۳ یہ عجب بدقسمتی ہے؛ کِس قدر دعوت ہوئی — پر اُترتا ہی نہیں ہے جامِ غفلت کا خمار

۴ یہ نشانِ زلزلہ؛ جو ہوچکا منگل کے دن — وہ تو اِک لقمہ تھا؛ جو تم کو کھلایا ہے نہار

۵ یاالٰہی! فضل کر اسلام پر اور خود بچا — اس شکستہ ناؤ کے بندوں کی اَب سُن لے پکار

۶ یاد کر فرقاںؔ سے لفظ زلزِلت زلزالھا — ایک دن ہوگا وہی؛ جو غیب سے پایا قرار

۷ یاالٰہی! اِک نشاں؛ اپنے کرم سے پھر دِکھا — گردنیں جھک جائیں جس سے؛ اور مکذّب ہوں خوار

۸ یک بیک؛ اِک زلزلہ سے سخت جنبش کھائیں گے — کیا بَشَر اور کیا شجر اور کیا حَجَر اور کیا بحار

۹ یاد وہ دِن؛ جب کہ کہتے تھے یہ سب ارکانِ دِیں — مہدیٔ موعودِ حق؛ اب جلد ہوگا آشکار

۱۰ یہ کرم مجھ پر ہے کیوں؛ کوئی تو اس میں بات ہے — بے سبب ہرگز نہیں یہ کاروبارِ کردگار

۱۱ یا کسی مخفی گُنہ سے شامتِ اعمال ہے　　جس سے عقلیں ہوگئیں بیکار اور اِک مُردہ وار

۱۲ یہ فتوحاتِ نمایاں؛ یہ تواتر سے نشاں　　کیا یہ ممکن ہیں بشر سے؛ کیا یہ مکّاروں کا کار

۱۳ یہ جو طاعوں مُلک میں ہے؛ اس کو کچھ نسبت نہیں　　اس بَلا سے؛ وہ تو ہے اِک حشر کا نقش ونگار

۱۴ یہ خوشی کی بات ہے؛ سب کام اس کے ہاتھ ہے　　وہ جو ہے دِھیما غضب میں؛ اور ہے آمرزگار

۱۵ یہ غلط کاری بشر کی؛ بدنصیبی کی ہے جڑ　　پر مُقدّر کو بدل دینا ہے کس کے اختیار

۱۶ یہ اگر انساں کا ہوتا کاروبار؛ اے ناقِصاں!　　ایسے کاذب کے لئے؛ کافی تھا وہ پروردگار

۱۷ یہ کہاں سے سُن لیا تم نے؛ کہ تم آزاد ہو　　کچھ نہیں تم پر عقوبت؛ گو کرو عِصیاں ہزار

۱۸ یہ بھی کچھ ایماں ہے یارو! ہم کو سمجھائے کوئی　　جس کا ہر میداں میں پھل حرماں ہے اور ذلّت کی مار

۱۹ یہ عقیدہ بَرخلافِ گُفتۂ دادار ہے　　پر اُتارے کون برسوں کا گلے سے اپنے ہار

۲۰ یہ وہ گُل ہے؛ جس کا ثانی باغ میں کوئی نہیں　　یہ وہ خوشبو ہے؛ کہ قُرباں اس پہ ہو مُشکِ تتار

۲۱ یہ وہ ہے مِفتاح؛ جس سے آسماں کے دَر کھُلیں　　یہ وہ آئینہ ہے؛ جس سے دیکھ لیں رُوئے نگار

۲۲ یہ نہیں اِک اتفاقی امر تا ہوتا علاج　　ہے خدا کے حُکم سے یہ سب تباہی اور تبار

۲۳ یہ عجب آنکھیں ہیں؛ سورج بھی نظر آتا نہیں　　کچھ نہیں چھوڑا حَسَد نے؛ عقل اور سوچ اور بچار

۲۴ یہ مصیبت کیا نہیں پہنچی خدا کے عرش تک　　کیا یہ شمسؔ الدّیں نہاں ہوجائیگا اب زیرِ غار

۲۵ یا تو وہ عالی مکاں تھے زینت وزیبِ جلوس　　یا ہوئے اِک ڈھیر اینٹوں کے پُراَزگردوغبار

۲۶ یقیں ہے؛ کہ نانکؔ تھا مُلہم ضرور　　نہ کر ویدؔ کا پاس؛ اے پُرغرور

۲۷ یہ چولہؔ تھا اُس کی دعا کا اثر　　یہ قدرت کے ہاتھوں کا تھا سربسر

۲۸ یہ تینوں تیرے چاکر ہوویں جہاں کے رہبر　　یہ ہادیٔ جہاں ہوں؛ یہ ہوویں نوریکسر

۲۹ یہ کیا احساں تیرا ہے بندہ پرور　　کروں کِس منہ سے شکر؛ اے میرے داور

۳۰ یہ گُماں مت کر؛ کہ یہ سب بَدگُمانی ہے معاف　　قرض ہے؛ واپس مِلے گا تجھ کو یہ سارا اُدھار

## دُرِّ عدن

۳۱ یارب! یہی دعا ہے؛ کہ ہر کام ہو بخیر　　اکرام لازوال ہو؛ انعام ہو بخیر

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۳۲ یہ پُراَسرار دھُندلکوں میں سمویا ہوا غَم — چھا گیا روح پہ؛ اِک جذبۂ مُبہم بَن کر

۳۳ یہ فضاؤں میں سِسکتا ہوا؛ اِحساسِ اَلَم — دیدۂ شب سے ڈھلکنے لگا؛ شبنم بَن کر

## ﴾کلامِ محمود﴿

۳۴ یہ چھُپ کے کیوں چٹکیاں ہے لیتا؛ — جو شوق ہو دِل کو چھیڑنے کا؛
تجھے بھلا کس کا ڈَر پڑا ہے — تو شوق سے بَر مَلا مِلا کر

۳۵ یہی ہے دِن رات میری خواہش؛ — مِٹاؤں پھر بیقراریٔ دِل؛ گلے سے اُس کو لگا لگا کر
کہ کاش مِل جائے وہ پَری رُو

۳۶ یہ چمن، یہ باغ، یہ بُستاں، یہ گُل، یہ پھول؛ سب — کرتے ہیں اُس ماہ رُو کی قُدرتوں کو آشکار

۳۷ یُوں اندھیری رات میں اے چاند! تُو چمکا نہ کر — حشر اِک سیمیں بدن کی یاد میں برپا نہ کر

۳۸ یک قلم ملک سے موقوف ہوئے شورش وشر — نہ تو رہزن کا رہا کھٹکا؛ نہ چوروں کا ڈر

# ڑ

('ڑ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |

# 'الف' سے 'ڑ'

('پ' سے شروع ہوکر 'ڑ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا اکیلا وہ بھاگا ہنودوں کو چھوڑ — چلا مکّہ کو؛ ہند سے مُنہ کو موڑ

# 'پ' سے 'ڑ'

('پ' سے شروع ہوکر 'ڑ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا پھر آخر کو نکلا وہ دیوانہ وار — نہ دیکھے بیاباں؛ نہ دیکھا پہاڑ

# ز

('ز' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 23 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلام طاہر | 15 |
| iv | کلام محمود | 2 |

# 'الف' سے 'ز'

('الف' سے شروع ہوکر 'ز' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

## دُرِّ ثمین

۱ ان کو خدا نے غیروں سے بخشا ہے امتیاز ان کیلئے نشاں کو دکھاتا ہے کارساز

## کلامِ طاہر

۲ اُسی کا فیض تھا؛ ورنہ میری دعا کیا تھی کہے سے اُس کے دکھاتا تھا میرا غم اعجاز

۳ اسی کی ہوگئیں تم اس کے امر ہی سے تمہیں اَمَر بنانے کا دِکھلا گئی عدم اعجاز

﴾کلامِ محمود﴿

۴ آ کہ پھر ظاہر کریں؛ اُلفت کے راز یار میں ہوجائیں گُم؛ عُمرَت دراز

# 'ب' سے 'ز'

## ('ب' سے شروع ہوکر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴾کلامِ طاہر﴿

۱ بچشمِ نَم تمھیں سمجھایا بس خدا کیلئے دکھاؤ نا؛ سرِتسلیم کرکے خَم اعجاز

# 'ت' سے 'ز'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | کلامِ طاہر | 3 |

﴾کلامِ طاہر﴿

۱ تِری بقا کا سفر تھا قدم قدم اعجاز بدن سے سانس کا ہر رِشتہ دَم بہ دَم اعجاز

۲ تِرا فنا کے اُفق سے پلٹ پلٹ آنا دُعا کے دوش پہ نبضوں کا زیر و بَم اعجاز

۳ تھا اِک کرشمۂ پیہم تِرا دلِ بیمار دِکھایا ہوگا کسی دِل نے ایسا کم اعجاز

# 'ج' سے 'ز'

('ج' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا جب اُس کا اِذن نہ آیا؛ خطا گئی فریاد رہی نہ آہ کرشمہ؛ نہ چشمِ نَم اعجاز

# 'غ' سے 'ز'

('غ' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا غنا نے اُس کی جو عرفانِ بندگی بخشا نہیں تھا وہ؛ کسی جُود و عطا سے کم اعجاز

# 'ک' سے 'ز'

## ('ک' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ کبھی تو آ کے ملیں گے؛ چلو خدا کے سپرد کبھی تو دیکھیں گے اِحیائے نَو کا ہم اعجاز

# 'م' سے 'ز'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مجھے پوچھو اور میرے دِل سے یہ راز مگر کون پوچھے بجز عِشق باز

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ مجھے کبھی بھی تم اتنی نہیں لگیں پیاری وہ حُسن تھا مَلکوتی؛ وہ ضبطِ غم اعجاز

﴿کلامِ محمود﴾

۳ میرے پیچھے پیچھے چلتا آ؛ کہ مَیں بندۂ محمود ہوں؛ اور تُو ایاز

# 'ن' سے 'ز'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ نہاں دل میں تھا دَرد و سوز و نیاز شریروں سے چھُپ چھُپ کے پڑھتا نماز

﴿کلامِ طاہر﴾

۲ نحیف جان بہت بوجھ اُٹھا کے چلتی رہی ہر ایک نقشِ قدم پر تھا؛ مُرتَسم اعجاز

۳ نحیف ہونٹوں سے اُٹھی نِدائے اِستِغفار نوائے توبہ تھی؛ اللہ کی قسم اعجاز

# 'و' سے 'ز'

## ('و' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وہی وحدہٗ لاشریک اور عزیز نہیں اُس کی مانند کوئی بھی چیز

﴿کلامِ طاہر﴾

۲ وہیں تمہاری اَنا کا سفر تمام ہوا حیات و موت؛ وہیں بَن گئے بہم اعجاز

# 'ہ' سے 'ز'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'ز' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ ہے قابلِ طلب کوئی دنیا میں اور چیز؟ تم جانتے تم سے سوا کون ہے عزیز

﴿کلامِ طاہر﴾

۲ ہوموت اُس کی رضا پر؛ یہی کرامت ہے خوشی سے اُس کے کہے میں جوکھائیں سَم اعجاز

# 'ی' سے 'ز'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ز' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلام طاہر | 1 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ یہ نانکؔ کو خِلّعت مِلا سرفراز خدا سے جو تھا؛ درد کا چارہ ساز

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ یونہی شماتتِ اعدا سے مت ڈرو بی بی! ہمارے حق میں دکھائیں گے یہ ستم اعجاز

# س

('س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 12 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | کلامِ طاہر | 4 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

# 'الف' سے 'س'

('الف' سے شروع ہو کر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

## دُرِّ ثمین

۱ آریوں پر ہے صد ہزار افسوس — دل میں آتا ہے بار بار افسوس

## کلامِ طاہر

۲ اب اسے ڈھونڈنے جائے تو کہاں اُردو کلاس — اسے اب دیکھے گی دل ہی میں نہاں اُردو کلاس

﴾کلامِ محمود﴿

۳ ان غریبوں کو، امیروں نے ڈبویا؛ افسوس! بات جو بیت چکی؛ اس پہ کریں کیا افسوس

# 'ت' سے 'س'

## ('ت' سے شروع ہو کر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ تاہم وہ دوسرے بھی نشاں ہیں ہمارے پاس لکھتے ہیں اب خدا کی عنایت سے بے ہراس

# 'ح' سے 'س'

## ('ح' سے شروع ہو کر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴾کلامِ طاہر﴿

۱ حمد و ثناء کے نغمے گاؤ گل برساؤ اُردو کلاس

# 'س'سے'س'

('س'سے شروع ہو کر'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا سو لو عکس جلدی؛ کہ اب ہے ہراس مگر اس کی تصویر رِہ جائے پاس

# 'غ'سے'س'

('غ'سے شروع ہو کر'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا غرض اس نے پہنا وہ فرّخ لباس نہ رکھتا تھا مخلوق سے کچھ ہراس

# 'ط' سے 'س'

('ط' سے شروع ہوکر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا طلب میں چلا بے خود و بے حواس خدا کی عنایات کی کر کے آس

# 'م' سے 'س'

('م' سے شروع ہوکر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا ماں اور باپ ہیں دونوں خوش؛ تہنیت کرتی ہے پیش جھک کر سب کو؛ اُردو کلاس
خوش ہیں منصورہ کی ساس

# 'و' سے 'س'

('و' سے شروع ہو کر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 2 | تعداد کُل اشعار | |
| 2 | دُرِّ ثمین | i |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وہ رہتا تھا اس غم میں ہر دَم اداس — زباں بند تھی دل میں سو سو ہراس

۲ وہ خدا میرا؛ جو ہے جوہر شناس — اِک جہاں کو لا رہا ہے میرے پاس

# 'ی' سے 'س'

('ی' سے شروع ہو کر 'س' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلام طاہر | i |

﴿کلامِ طاہر﴾

۱ یاد رکھے گی، وہ اِک پھول سدا؛ اُردو کلاس — دل سے اٹھلاتی ہوئی اُٹھے گی اس کی بُو باس

# ش

('ش' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 25 |
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 20 |

# 'الف' سے 'ش'

('الف' سے شروع ہوکر 'ش' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 4 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ اسی سے تو آنکھیں کھُلیں اور گوش — اسی سے تو عارف ہوئے بادہ نوش

﴿کلامِ طاہر﴾

۲ اُس کے پَر چھُونے لگے تیرے قدم کی محراب — کوئی باقی نہ رہی پھر کسی معبد کی تلاش

﴾کلامِ محمود﴾

۳ آسمانی مَیں، عدُو میرا زمینی؛ اِسلئے　　مَیں فلک پر اُڑ رہا ہوں؛ اُس کو ہے بِل کی تلاش

۴ اُس رُخِ روشن سے مِٹ جاتی ہیں سب تاریکیاں　　عاشقِ سِفلی کو ہے کیوں اُس میں اِک تِل کی تلاش

# 'ب' سے 'ش'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴾

۱ بُتِ مغرب ہے ناز پر مائل　　اپنے بندوں کو بے نِیازی بخش

# 'پ' سے 'ش'

## ('پ' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ پھر آخر کو مارا صداقت نے جوش تعشّق سے جاتے رہے اس کے ہوش

﴿کلامِ محمود﴾

۲ پانی کردے علومِ قرآں کو گاؤں گاؤں میں؛ ایک رازی بخش

۳ پائے اَقدس کو چُوم لُوں بڑھ کر مجھ کو تُو ایسی پاک بازی بخش

# 'ج' سے 'ش'

## ('ج' سے شروع ہوکر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ جِیت لُوں؛ تیرے واسطے سب دِل وہ اَداہائے جاں نَوازی بخش

# 'د' سے 'ش'

## ('د' سے شروع ہوکر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ دَستِ کوتاہ کو پھر درازی بخش　　خاکساروں کو سرفرازی بخش

# 'ڈ' سے 'ش'

('ڈ' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ ڈھونڈتی پھرتی تھی شمعِ نُور کو محفِل کبھی　　اَب تو ہے خُود شمع کو دُنیا میں محفِل کی تلاش

# 'ر' سے 'ش'

('ر' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ رُوح فاقوں سے ہو رہی ہے نڈھال　　ہم کو پھر نعمتِ حجازی بخش

۲ رُوحِ اِقدام و دُوربین نِگاہ　　قلبِ شیر و نِگاہِ بازی بخش

# 'س' سے 'ش'

('س' سے شروع ہوکر 'ش' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **3** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 3 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ سَرگرانی میں عُمر گزری ہے — سَروَری بخش؛ سَرفرازی بخش
۲ سَیِّدُالاَنبیاءَ کی اُمّت کو — جو ہوں غازی بھی؛ وہ نمازی بخش
۳ سعیٔ پیہم اور کُنجِ عافیت کا جوڑ کیا — مجھ کو ہے منزل سے نفرت؛ تجھ کو منزل کی تلاش

# 'ک' سے 'ش'

('ک' سے شروع ہوکر 'ش' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **1** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ کُفر کی چیرہ دستیوں کو مٹا — دَستِ اِسلام کو درازی بخش

# 'گ' سے 'ش'

## ('گ' سے شروع ہوکر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ گُلشنِ عالَم کی رونق ہے فقط اِنسان سے — گل بنانے ہوں اگر تُو نے تو کر گِل کی تلاش

# 'م' سے 'ش'

## ('م' سے شروع ہوکر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ محبت کی تھی سینہ میں اِک خلش — لئے پھرتی تھی اُس کو دل کی تپش

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ میرے محمودؔ! بَن مِرا محمود — مجھ کو تُو سیرتِ ایازؔی بخش

۳ مَیں وہ مجنوں ہوں کہ جس کے دِل میں ہے گھر یار کا — اور ہوگا وہ کوئی؛ جس کو ہے محمل کی تلاش

# 'ن' سے 'ش'

## ('ن' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ نہ شہوت ہے، نہ ہے کچھ نفس کا جوش ہوا اُلفت کے پیمانوں سے مدہوش

# 'ہ' سے 'ش'

## ('ہ' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ہوں جہاں گرد ہم میں پھر پیدا سِند بآد اور پھر جہازی بخش

۲ ہم نشیں تجھ کو ہے اِک پُر اَمن منزل کی تلاش مُجھ کو اِک آتش فشاں پُر وَلوَلہ دِل کی تلاش

# 'ی' سے 'ش'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ یا تو سرگردان تھا دِل جُستجُوئے یار میں — یا ہے اُس یارِ اَزل کو خُود مِرے دِل کی تلاش

# غ

('غ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

# 'ب' سے 'غ'

('ی' سے شروع ہو کر 'ش' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ بناتے ہیں باتیں سراسر دروغ نہیں بات میں ان کی؛ کچھ بھی فروغ

# ف

('ف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 5 | تعداد کُل اشعار | |
| 5 | دُرِّ ثمین | i |

# 'الف' سے 'ف'

('الف' سے شروع ہو کر 'ف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |

## دُرِّ ثمین

۱ اٹھو! جلد تر لاؤ فوٹو گراف ذرا کھینچو تصویر؛ چوٓلے کی صاف

# 'ب' سے 'ف'

('ب' سے شروع ہو کر 'ف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ بھلا تم خود کہو! انصاف سے صاف کہ ایشر کے یہی لائق ہیں اوصاف

# 'ج' سے 'ف'

('ج' سے شروع ہوکر 'ف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ جتنے گواہ تھے؛ وہ تھے میرے برخلاف اِک مولوی بھی تھا؛ جو یہی مارتا تھا لاف

# 'گ' سے 'ف'

('گ' سے شروع ہوکر 'ف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ گیا خانہ کعبہ کا کرنے طواف مسلماں بنا؛ پاک دل بے خلاف

# 'ی' سے 'ف'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ف' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ یہ اللہ نے خود لکھ دِیا صاف صاف     کہ ہے وہ کلامِ خدا؛ بے گزاف

# ق

('ق' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ طاہر | 2 |

# 'ب' سے 'ق'

('ب' سے شروع ہو کر 'ق' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا بحرِ عالَم میں اِک بَپا کردو پیار کا غُلغُلہ تلاطُمِ عِشق

# 'غ' سے 'ق'

('غ' سے شروع ہو کر 'ق' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا غمِ دنیا کی ہے دَوا؛ غمِ عشق دَمِ عیسیٰ نہیں؛ سِوا دَمِ عشق

# ک

('ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 36 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 26 |

# 'الف' سے 'ک'

('الف' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ اگر مان لو گے گرو کا یہ واک تو راضی کرو گے اسے؛ ہو کے پاک

### ﴾کلامِ طاھر﴿

۲ اس کے دامن سے ہے وابستہ کل عالَم کی نجات — بے سہاروں کا ہے اب ملجاو ماویٰ؛ وہی ایک

### ﴾کلامِ محمود﴿

۳ اَحیَیْتَ نَفسِی بِا بْتِسَامٍ وَنَظْرَةٍ — غَطَّتْ وَجُودِی کُلَّهٗ نُعْمَاکَ

۴ آمد کا تیری پیارے! ہو اِنتِظار کب تک — ترسے گا تیرے مُنہ کو؛ یہ دل فِگار کب تک

۵ اِن وادیوں کی رَونَق؛ کب تک رہے گی قائم — یہ اَبرو بادو باراں؛ یہ سبزہ زار کب تک

# 'ب' سے 'ک'

## ('ب' سے شروع ہوکر 'ک' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ بعضوں کی بددُعا میں بھی تھا ایک انہاک — اتنی دعا؛ کہ گِھس گئی سجدے میں ان کی ناک

### ﴾کلامِ محمود﴿

۲ بیٹھیں گے اِبنِ آدمؑ؛ کب کُنجِ عافیت میں — شوروشَغَب یہ کب تک؛ یہ خَرخشار کب تک

# 'پ' سے 'ک'

('پ' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا پھر تم تو بدگمانی سے اپنی ہوئے ہلاک  خودسر پہ اپنے لے لیا خشمِ خدائے پاک

# 'ت' سے 'ک'

('ت' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

ا تجھ میں؛ جمالِ یار کی پاتا ہوں مَیں جھلک  اُٹھتی ہے جس کو دیکھ کے دل میں مِرے کَسک

# 'ج' سے 'ک'

('ج' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴾

۱ جو آپؐ کی خاطِر ہے بَنا؛ آپ کی شَے ہے میرا تو نہیں کچھ بھی؛ یہ ہیں آپؐ کے اَملاک

# 'د' سے 'ک'

## ('د' سے شروع ہوکر 'ک' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴾

۱ دَردمندوں کی ہے دَوا ہی ایک ہم نے دیکھا ہے دل ربا؛ وہی ایک

# 'ر' سے 'ک'

## ('ر' سے شروع ہوکر 'ک' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴾کلامِ محمود﴾

۱ رسائی کب تھی ہم کو آسماں تک جو اُڑتے بھی؛ تو ہم اُڑتے کہاں تک

۲ رہے حسرتوں کا پیارے! میری جاں شکار کب تک ترے دیکھنے کو ترسے؛ دِلِ بیقرار کب تک

# 'س' سے 'ک'

('س' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

ا سب جہانوں کیلئے بَن کے جو رحمت آیا ہر زمانے کے دُکھوں کا ہے مَداوا؛ وہی ایک

# 'ش' سے 'ک'

('ش' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

ا شَبِ ہجر ختم ہوگی؛ کہ نہ ہوگی یا اِلٰہی! مجھے اِتنا تو بتا دے؛ کروں اِنتِظار کب تک؟

# 'ع' سے 'ک'

('ع' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ عَطِشَتْ قُلُوبُ العَاشِقِینَ لِرَاحِکَ فَأَدِرْ کُؤُسِکِ وَاسْقِ مِن سُقیَاکَ

# 'ک' سے 'ک'

('ک' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | کلامِ محمود | 4 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ کُنْتَ تَنَحِّی عَنْهُ کُلَّ تَنْحِی یَا قَلبِیَ المَجْرُوحَ کَیفَ رَمَاکَ

۲ کرتا رہے گا وعدے؛ اے گلعذار کب تک چُبھتا رہے گا دل میں حسرت کا خار کب تک

۳ کھولے گا مجھ پہ کب تک یہ رازِ خَلق و خالق دیکھوں گا تیری جانب آئینہ وار کب تک

۴ کبھی پوچھو گے بھی آ کر؛ کہ بتا تُو حال کیا ہے یُوں ہی خُوں بہائے جائے دِلِ داغدار کب تک

# 'ل' سے 'ک'

('ل' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

ا لَمَّا یَئِسْتُ وَ قُلْتُ اَیْنَ نَجَاتِیْ　　قَالَتْ عَنَایَتُہٗ ھِنَاکَ ھِنَاکَ

# 'م' سے 'ک'

('م' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 5 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |
| 1 | دُرِّ عدن | ii |
| 3 | کلامِ محمود | iii |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا مَیں تیرا ہوں؛ اے میرے کرتارِ پاک　　نہیں تیری راہوں میں خوفِ ہلاک

﴿دُرِّ عدن﴾

۲ مِرے پیارے بھائی کے پیارے مبارک　　رہیں کام سارے تمہارے مبارک

﴿کلامِ محمود﴾

۳ مَن یُّخجِلُ الوَردَ الطَّرِیَّ بِلَونِہٖ | عَیْنَای دَامِیَتَانِ اَو خَدَّاکَ
۴ مِنْکَ السُّکُونُ وَکُلَّ رَوحٍ وَّرَوَاحَةٍ | مَن ذَا الَّذِی لاَ یَبْتَغِی لُقیَاکَ
۵ مَیں آپ سے کہتا ہوں؛ کہ اے حضرتِ لولاک | ہوتے نہ اگر آپ؛ تو بنتے نہ یہ افلاک

# 'ن' سے 'ک'

('ن' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ نَشْکُوْاَمَامَ النَّاسِ غَصَّ جَفَاکَ | وَالْحَقُّ لَیْسَ وَفَاءُ نَا کَوَفَاکَ

# 'و' سے 'ک'

('و' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وہ کیا ہے؛ یہی ہے کہ اللہ ہے ایک — محمدؐ نبی اس کا پاک اور نیک

﴿دُرِّ عدن﴾

۲ وہ جس کے قلب و روح و تن مبارک — مبارک آمدن؛ رفتن مبارک

# 'ہ' سے 'ک'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ ہر چیز اس جہاں کی ڈھلتا ہوا ہے سایہ — روزِ شباب کب تک؛ لُطفِ بہار کب تک

# 'ی' سے 'ک'

## ('ی' سے شروع ہوکر 'ک' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 6 | تعداد کُل اشعار | |
| 6 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ یہی لے جاتی ہے مولیٰ کے دَر تک — یہی پہنچاتی ہے مومن کو گھر تک

۲ یَا هَادِیَ الاَرْواحِ کَاشِفِ هَمِّهَا    جِئْنَابِبَابِکَ طَالِبِینَ هُدَاکَ

۳ یَا رَازِقَ الثَّقَلَینِ ایَنَ جَنَاکَ    جِئنَاکَ رَا جِینَ لِبَعضِ نَدَاکَ

۴ یَا اَیُّهَا المَنَّانُ مُنُّ بِرَحمَةِ    وَا رزُق قُلُوبَ عِبَادِکَ تَقوَاکَ

۵ یَا مَن تَخَافُ عَدُوَّکَ مُتَزَحزِهاً    عِندَ المَلِیکِ المُقتَدِرِ مَثوَاکَ

٦ یہ خدّ وخال کب تک؛ یہ چال ڈھال کب تک    اس حُسنِ عارضی میں؛ آخر نِکھار کب تک

# گ

## ('گ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **16** |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | کلامِ محمود | 13 |

# 'الف' سے 'گ'

## ('الف' سے شروع ہوکر 'گ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ابنِ آدم کو لگ گیا کیا روگ — آگ ہے دل میں؛ اور سَر میں آگ

۲ اُن کو جنت سے واسطہ ہی کیا — ہولگی جن کے بام و دَر میں آگ

۳ اَبرِ رحمت؛ خدا ہی برسائے — ہے بھڑک اُٹھی؛ بحروبَر میں آگ

# 'ب' سے 'گ'

('ب' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **2** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 2 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ بھائی؛ بھائی کی جان کا بَیری    لَب پہ ہے صُلح؛ اور بَر میں آگ
۲ بَن نہ بَدخواہ؛ تُو کسی کا بھی    خیر میں ثَلج ہے؛ تو شَر میں آگ

# 'ت' سے 'گ'

('ت' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| **2** | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |
| 1 | کلامِ محمود | ii |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تم دیکھتے ہو کیسے دلوں پر ہیں ان کے زنگ    دنیا ہی ہوگئی ہے غرض؛ دِیں سے آئے تنگ

﴿کلامِ محمود﴾

۲ تازہ کرتے تھے یاد اُس کی؛ پھُول    یاد آتا تھا؛ گُلعذار کا رَنگ

# 'خ' سے 'گ'

('خ' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ خُون رُلاتا تھا؛ لالہ زار کا رَنگ مجلسِ یار کی بہار کا رَنگ

# 'د' سے 'گ'

('د' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ دُشمنی کی چلی ہوئی ہے رَو بات میٹھی ہے؛ پَر نظر میں آگ

# 'ز' سے 'گ'

## ('ز' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زمانہ تعصّب سے رکھتا ہے رنگ — کریں حق کی تکذیب سب بے درنگ

# 'ک' سے 'گ'

## ('ک' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ کِس پہ اِنساں اعتبار کرے — زور میں آگ ہے؛ تو زَر میں آگ

۲ کیسے نکلی ہے نور سے یہ نار — باپ میں نور تھا؛ پِسر میں آگ

۳ کھا رہی ہے جحیم دُنیا کو — شہر میں آگ ہے؛ نگر میں آگ

# 'ل' سے 'گ'

('ل' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

ا لگ رہی ہے جہان بھر میں آگ گھر میں ہے آگ؛ رَہ گُذر میں آگ

# 'م' سے 'گ'

('م' سے شروع ہوکر 'گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

ا مِٹّی پانی کا ایک پُتلا تھا بھرگئی کیسے پھِر بَشَر میں آگ

# 'ہ' سے 'گ'

('ہ' سے شروع ہو کر' گ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

ا ہوا پھر تو حق کے چھپانے سے تنگ محبت نے بڑھ بڑھ کے دِکھلائے رنگ

# ل

('ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 46 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 19 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 7 |
| iv | کلامِ محمود | 17 |

# 'الف' سے 'ل'

('الف' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 10 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 3 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ اگر ہاتھ سے وقت جاوے نکل — تو پھر ہاتھ مَل مَل کے رونا ہے کل
۲ اس خرابہ میں کیوں لگاؤ دل — ہاتھ سے اپنے کیوں جلاؤ دل
۳ ابھی عمر سے تھوڑے گزرے تھے سال — کہ دل میں پڑا اس کے دِیں کا خیال
۴ اب چھوڑدو جہاد کا؛ اے دوستو! خیال — دِیں کیلئے حرام ہے؛ اَب جنگ اور قتال

## ﴾دُرِّ عدن﴿

۵ اپنی رحمت سے الٰہی! جلددے نعم البدل — یہ دلِ فرقت زدہ بے چین پھر پا جائیں گل

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۶ اس کے فیضِ نگاہ سے وحشی بَن گئے حِلم سکھانے والے — مُعطی بَن گئے شہرہ عالَم اس عالی دربار کے سائل
۷ اِرَم نے بھی تو دیکھی تھی خواب میں منصورہ کی لال — پیاری لمبی اورلم ڈھینگی؛ کرتی تھی جو دل کونہال

## ﴾کلامِ محمود﴿

۸ اے مسیحا! کبھی پُوچھوگے بھی بیمار کا حال — کون ہے؛ جس سے کہے جا کے دِلِ زار کا حال
۹ آنکھ کا کام؛ نکل سکتا ہے کب کانوں سے — دل کے اندھوں سے کہوں کیا؛ ترے دیدار کا حال
۱۰ ان کو ذلیل کرنے کا جس نے کیا خیال — ایسا ہوا ذلیل؛ کہ جینا ہوا محال

# 'ب' سے 'ل'

## ('ب' سے شروع ہوکر 'ل' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 4 |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ بچانا ان کو ہر غم سے بہرحال — نہ ہوں وہ دکھ میں اور رنجوں میں پامال

۲ بِن دیکھے دل کو دوستو! پڑتی نہیں ہے کَل — قصوں سے کیسے پاک ہو یہ نفسِ پُرخلل

۳ بِن دیکھے کِس طرح کسی مہ رخ پہ آئے دل — کیونکر کوئی خیالی صنم سے لگائے دل

## ﴾کلامِ محمود﴿

۴ بنیں ابلیسِ نافرماں کے قاتِل — لِوائے احمدیت کے ہوں حامِل

# 'پ' سے 'ل'

## ('پ' سے شروع ہوکر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ محمود | i |

## ﴾کلامِ محمود﴿

۱ پَر مُسلماں راستہ پر؛ محوِ حیرت ہے کھڑا — کہہ رہا ہے اُس کو مُلّا اِک قدم آگے نہ چَل

# 'ت' سے 'ل'

## ('ت' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تلخی کی زندگی کو کرو صدق سے قبول — تا تم پہ ہو ملائکۂ عرش کا نزول

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ توڑ دیتیں ڈالیاں؛ آتا نہ کچھ ان کو خیال — آپ تو داڑھی منڈا کر بچ گئے ہیں بال بال

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ تِرا اِلہام بھی ہو اِن پہ نازل — تِرا اِکرام بھی ہو اِن کے شامل

# 'ج' سے 'ل'

('ج' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جو ہوں دل سے قربانِ ربِّ جَلیل　　نہ نقصاں اُٹھاویں؛ نہ ہوویں ذلیل

۲ جب آپ لوگ اس سے ملے تھے بدیں خیال　　تا آپ کی مدد سے اسے سہل ہو جدال

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ جو اس کی سرکار میں پہنچا؛ اُس کی یوں پلٹا دی کایا　　جیسے کبھی بھی خام نہیں تھا؛ ماں نے جنا تھا گویا کامل

# 'چ' سے 'ل'

('چ' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ چمکیں گے واقِف کبھی مانندِ بَدر　　آج دنیا کی نظر میں ہیں ہِلال

# 'د' سے 'ل'

## ('د' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

ا دِھیرے دِھیرے ہوتا ہے کسبِ کمال بوبکرؓ کو بننا پڑتا ہے بلالؓ

# 'ر' سے 'ل'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

ا روزِ روشن میں لُٹا کرتے تھے؛ لوگوں کے مال دل میں اللہ کا تھا خوف؛ نہ حاکم کا خیال

# 'س' سے 'ل'

## ('س' سے شروع ہوکر 'ل' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ سنو مجھ سے؛ اے لوگو! نانکؔ کا حال　　　سنو قصۂ قدرتِ ذوالجلال

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ سبزۂ گیاہ کا کہوں کیا حال　　　چپّہ چپّہ پہ ڈالتا تھا جال

# 'ش' سے 'ل'

## ('ش' سے شروع ہوکر 'ل' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | کلامِ طاہر | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ شیریں بول اَنفاس مطہّر؛ نیک خصائل، پاک شمائل　　　حاملِ فرقاں عالم وعامِل علم وعَمل دونوں میں کامل

﴿کلامِ محمود﴾

۲ شَمس؛ پہلے دِن سے کہلاتا ہے شَمس بَدر ہوتا ہے مگر؛ پہلے ہِلال

# 'ص' سے 'ل'

('ص' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | دُرِّعدن | 1 |

﴿دُرِّعدن﴾

۱ صبر ہر رنگ میں اچھا ہے؛ پر اے مردِ عقیل! غلط الزام پہ ہو صبر؛ تو ہے صبرِ جمیل

# 'ع' سے 'ل'

('ع' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ عیاں کر ان کی پیشانی پہ اقبال نہ آوے ان کے گھر تک رُعبِ دجّال

# 'ف' سے 'ل'

## ('ف' سے شروع ہوکر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ فکرِ اِنسانی فلک پر اُڑ رہا ہے آجکل فلسفہ دِکھلا رہا ہے خُوب اپنا زور و بَل

# 'ک' سے 'ل'

## ('ک' سے شروع ہوکر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **8** |
| i | دُرِّثمین | 5 |
| ii | دُرِّعدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّثمین﴾

۱ کیوں نہیں لوگو! تمہیں حق کا خیال دل میں آتا ہے میرے؛ سو سو ابال

۲ کیوں نہیں لوگو! تمہیں حق کا خیال دل میں اُٹھتا ہے میرے؛ سو سو ابال

۳ کیوں نہیں تم کو دِینِ حق کا خیال ہائے! سوسو اُٹھے ہے دل میں اُبال

۴ کوئی یار سے جب لگاتا ہے دل تو باتوں سے لذت اُٹھاتا ہے دل

۵ کیونکر مِلے فسانوں سے؛ وہ دِلبَرِ اَزَل گر اِک نشاں ہو؛ مِلتا ہے سب زندگی کا پھل

﴿دُرِّعدن﴾

۶ کہا میرے بندو! نہ ہونا ملول دعائیں کرو؛ مَیں کروں گا قبول

﴿کلامِ طاہر﴾

۷ گُوڑے چار دِناں دے میلے اِکّو گل اِی سچّ اے لَا اِلٰــہَ اِلَّاالــلّٰــہ تے الــلّٰھُــمّ صــلّ

﴿کلامِ محمود﴾

۸ کلام اللہ پر ہوں سب وہ عامل نگاہوں میں تری ہوں نفسِ کامل

# 'گ' سے 'ل'

## ('گ' سے شروع ہوکر 'ل' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | دُرِّثمین | 1 |

﴿دُرِّثمین﴾

۱ گرنتھوں میں ہے شک کا اِک اِحتمال کہ انساں کے ہاتھوں سے ہیں دست مال

# 'م' سے 'ل'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مجھے سچ بتا؛ کھول کر اپنا حال — کہ کیوں غم میں رہتا ہے؛ اے میرے لال؟

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ مَستِ نظّارۂ جمال تھے سب — آنکھیں دنیا کی؛ ہو رہی تھیں لال

# 'ن' سے 'ل'

## ('ن' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلامِ طاہر | 1 |

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ نبیوں کا سرتاج؛ ابنائے آدم کا معراج محمدؐ — ایک ہی جست میں طے کر ڈالے؛ وَصلِ خدا کے ہَفت مراحل

# 'و' سے 'ل'

## ('و' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ وَقف کرنا جاں کا؛ ہے کسبِ کمال　　جو ہو صادِق وَقف میں؛ ہے بے مِثال

# 'ہ' سے 'ل'

## ('ہ' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ہراِک چیز پر اُس کو قُدرت ہے حاصل　　ہراِک کام کی اُس کو طاقت ہے حاصل

# 'ی' سے 'ل'

## ('ہ' سے شروع ہو کر 'ل' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

ا یاد ایّام؛ کہ تھے ہِند پہ اندھیر کے سال     ہرگلی کوچہ پہ؛ ہرشہر پہ آیا تھا وبال

# م

## ('م' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 177 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 24 | دُرِّ ثمین | i |
| 12 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 21 | کلامِ طاہر | iii |
| 120 | کلامِ محمود | iv |

# 'الف' سے 'م'

## ('الف' سے شروع ہوکر 'م' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 29 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 6 | دُرِّثمین | i |
| 1 | دُرِّعدن | ii |
| 7 | کلامِ طاہر | iii |
| 15 | کلامِ محمود | iv |

## دُرِّ ثمین

۱ اِبنِ مریم مرگیا حق کی قسم
داخلِ جنّت ہوا وہ محترم

۲ الزام مجھ پہ قتل کا تھا؛ سخت تھا یہ کام
تھا ایک پادری کی طرف سے یہ اتّہام

۳ اے ہوش وعقل والو! یہ عبرت کا ہے مقام
چالاکیاں تو ہیچ ہیں؛ تقویٰ سے ہوویں کام

۴ اے غافلاں وفا نکند ایں سرائے خام
دنیائے دوں نماند و نماند بہ کس مدام

۵ اسی جستجو میں وہ رہتا مدام
کہ کِس راہ سے سچ کو پاوے تمام

۶ اسی سے مِلے ان کو نازک علوم
اسی سے تو ان کی ہوئی جگ میں دھوم

## دُرِّ عدن

۷ اے وَدود و رؤف ربِّ رحیم
اے غفور! اے میرے عفووحلیم

## کلامِ طاہر

۸ از باغباں بتَرس کہ من شاخِ مثمرم
بعد از خدا بعشقِ محمد مخمرم
گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

۹ آزاد تیرا فیض زمانے کی قید سے
برسے ہے شرق وغرب پہ یکساں تِرا کرم

۱۰ اے کاش! مجھ میں قوتِ پرواز ہو؛ تو مَیں
اُڑتا ہوا بڑھوں تِری جانب سوئے حرم

۱۱ آپ کے جلوۂ حسن کے آگے شرم سے نُوروں والے بھاگے
مہرو ماہ نے توڑ دیا دَم صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۱۲ اِک جلوے میں آناً فاناً بھر دِیا عالَم کر دِیئے روشن
اُتر دکھن، پورب پچھّم صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۱۳ اوّل و آخر؛ شارع و خاتَم
صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۱۴ اِک برسات کرم کی پیہم
صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

## کلامِ محمود

۱۵ ایسے لوگوں سے تھا؛ اِنصاف کا پانا معلوم
خیال اِنصاف کا؛ تھا جن کے دِلوں سے معدوم

۱۶ اَلغرض چین کلیجے کو؛ نہ دل کو آرام
رات کا فکر لگا رہتا تھا؛ سب کو سَرِ شام

۱۷ اپنی کم علمی کا بھی علم ہے کامل اُن کو
ڈالتے ہیں انھیں دھوکے میں؛ مگر دام و دِرَم

۱۸ ایسی حالت میں بھی؛ نازل نہ ہو گر فضلِ خدا
کفر کے جب کہ ہوں اِسلام پہ حملے پیہم

۱۹ اپنے وعدے کے مطابق؛ تجھے بھیجا اُس نے
اُمّتِ خیرِ رُسُل پر ہے کیا اُس نے کرم

۲۰ **اَلْغَمُّ کَالضِّرْغَامِ یَأْکُلُ لَحْمَنَا**
**لَا تَجْعَلْنِیْ لُقْمَةَ الضِّرْغَامِ**

۲۱ آؤ تمھیں بتائیں محبت کے راز ہم
چھیڑیں تمھاری روح کے خوابیدہ ساز ہم

۲۲ اُسے تو موت کے سایہ میں؛ مِل چکی ہے حیات
شَہیدِ عشق کو؛ عیشِ دَوام سے کیا کام

۲۳ ایسی وَفا مِلے گی ہمیں؛ اور کِس جگہ
آئیں گے اُن کے عشق سے؛ ہرگز نہ باز ہم

۲۴ اِک ذرّۂ حقیر کی قیمت ہی کیا بھلا
کرتے ہیں اُن کے لُطف کے بَل پر ہی ناز ہم

۲۵ اُن سے مِلنا ہے گر؛ تو ہم سے مِل
وَصل کی وادیوں کے موڑ ہیں ہم

۲۶ اُٹھ کر رہے گا پَردہ کسی دن تو دیکھنا
باندھیں کھڑے ہیں سامنے اُس کے؛ قطار ہم

۲۷ آج دنیا میں؛ ہر اِک سو ہے شرارت پھیلی
پھنس گئی پنجۂ شیطان میں ہے؛ نسلِ آدم

۲۸ اب ہنسی کرتے ہیں احکامِ الٰہی سے لوگ
نہ تو اللہ ہی کا ڈر ہے؛ نہ عُقبیٰ کا غم

۲۹ التجا ہے میری آخر میں یہ؛ اے پیارے مسیح!
حشر کے روز؛ تو محمؔود کا بنیو ہمدم

# 'ب' سے 'م'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 7 |
|---|---|---|
| i | دُرِّثمین | 1 |
| ii | دُرِّعدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 5 |

## ﴾دُرِّثمین﴿

۱ بحرِ حکمت ہے وہ کلام تمام — عشقِ حق کا پِلا رہا ہے جام

## ﴾دُرِّعدن﴿

۲ بند کر کے نہ آنکھ منہ کھولے — کاش! سوچے ذرا عدُوِ لئیم

## ﴾کلامِ محمود﴿

۳ بِھنبھِناہٹ جو اُنھوں نے یہ لگا رکھّی ہے — چیز کیا ہیں؛ یہ مخالف تو ہیں پشہّ سے بھی کَم

۴ بات یہ ہے؛ کہ یہ شیطاں کے فسوں خوردہ ہیں — ان کے دل میں نہیں کچھ خوفِ خدائے عالَم

۵ بغل میں بیٹھے ہوئے؛ دستکوں کی کیا حاجت — ہوں پُختہ کار؛ تو پھر عشق سے کیا کام

۶ بچھے ہیں دام؛ تو ان کیلئے، جو اُڑتے ہیں — اَسیرِ عشق ہُوں مَیں؛ مجھ کو دام سے کیا کام

۷ بَطحا سے نکلے وہ؛ کبھی سینا سے آئے وہ — جِدَّت طراز وہ ہیں؛ کہ جِدَّت طراز ہم

# 'پ' سے 'م'

## ('پ' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | کلامِ محمود | 4 |

## ﴾کلامِ محمود﴿

۱ پَر تِری پُشت پہ وہ ہے؛ جسے کہتے ہیں خُدا — جس کے آگے ہے ملائک کا بھی ہوتا سَر خم

۲ پَر وہ غیورخُدا؛ کب اسے کرتا ہے پسند — دِینِ احمد ہو تباہ؛ اور ہو دشمن خرّم

۳ پڑے ہیں پیچھے جو فلسفے کے؛ مگر ہیں ہم رَہرَوِ طَرِیقت؛
انہیں خبر کیا ہے، کہ عشق کیا ہے ثمارِ اُلفت ہی کھائیں گے ہم
۴ پَر یقیں مَفقُود ہے؛ ایمان ہے بالکل ہی خام عِلم وعِرفاں کی غذا؛ اُن پرہے قَطعاً ہی حَرام

# 'ت' سے 'م'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 18 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 11 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تو انکار کو جانتے جائے شرم یہ کیا؛ کہ دِیا وؔیدؔ نے ہائے شرم

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ تیری تعریف؛ اور مَیں ناچیز گنگ ہوتی ہے یاں؛ زبانِ کلیم
۳ تیرا رُتبہ ہے؛ فہم سے بالا سرنِگوں ہو رہی ہے؛ عقلِ سلیم

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۴ تُو مشرقی نہ مغربی؛ اے نورِشَش جِہات تیرا وَطن عربؔ ہے؛ نہ تیرا وَطن عجم

۵ تُو نے مجھے خرید لیا؛ اِک نگہ کے ساتھ — اب تُو ہی تُو ہے؛ تیرے سِوا مَیں ہوں کالعدم

۶ تیرا ہی فیض ہے؛ کوئی میری عطا نہیں — "ایں چشمۂ رواں کہ بخلق خدا دِہم"

۷ تحفۂ خلوص لایا ہوں؛ تجھ پہ بھیجتا ہوا سلام — نفرتوں کا مَیں نہیں نقیب؛ صلح وآشتی کا ہوں پیام

## کلامِ محمود

۸ تاجِ اِقبال کا سَر پر ہے مزیّن تیرے — نُصرت وفتح کا اُڑتا ہے؛ ہَوا میں پرچم

۹ تیرے ہاتھوں سے ہی دجّال کی ٹُوٹے گی کمر — شِرک کے ہاتھ ترے ہاتھ سے ہی ہوویں گے قلم

۱۰ تب اُنہیں ہوگی خبر؛ اور کہیں گے ہَیہات — ہم تو کرتے رہے ہیں اپنی ہی جانوں پہ سِتم

۱۱ تیری سچّائی کا دنیا میں بجے گا ڈَنکا — بادشاہوں کے ترے سامنے ہوں گے سَرخَم

۱۲ تیرے اَعداء جو ہیں دوزخ میں جگہ پائیں گے — پر جگہ تیرے مُریدوں کی تو ہے باغِ ارم

۱۳ ترِی محبت کے جرم میں ہاں؛
جو پیس بھی ڈالے جائیں گے ہم — تواس کو جانیں گے عین راحت؛
نہ دل میں کچھ خیال لائینگے ہم

۱۴ تم نظر آتے ہو ذرّہ میں؛ غائب بھی ہو تم — سب خطاؤں سے بھی ہو تم پاک تائب بھی ہو تم

۱۵ تم ہی آقا ہو مِرے؛ تم ہی مِرے مالِک ہو — میرے ساعاتِ غم ورَنج میں نائب بھی ہو تم

۱۶ تم میں، ہم میں؛ مُناسبَت کیسی؟ — تم مَفاصِل ہو؛ اور جوڑ ہیں ہم

۱۷ تَدبیر ایک پَردہ ہے؛ تقدیر اَصل ہے — ہوں گے بس اس کے فضل سے ہی؛ کامگار ہم

۱۸ ترِی محبت میں میرے پیارے!
ہر اِک مصیبت اُٹھائیں گے ہم — مگر نہ چھوڑیں گے تجھ کو ہرگز؛
نہ تیرے دَر پر سے جائیں گے ہم

# 'ج' سے 'م'

## ('ج' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **13** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 10 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ جن کا یہ دِیں نہیں ہے؛ نہیں اُن میں کچھ بھی دَم — دنیا سے آگے ایک بھی چلتا نہیں قدم

٢ جس دل میں رَچ گیا ہے محبت سے اس کا نام — وہ خود نشاں ہے؛ نیز نشاں سارے اس کے کام

### ﴿کلامِ طاہر﴾

٣ جس کی دعا؛ ہر زخم کا مرہم — صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

### ﴿کلامِ محمود﴾

٤ جان ہے سارے جہاں کی؛ وہ شہِ والا جاہ — مَنبَعِ جُود و سَخا ہے وہ مِرا ابرِ کَرَم

٥ جب کیا تجھ پہ کوئی حملہ؛ تو کھائی ہے شِکَست — مار وہ اُن کو پڑی ہے؛ کہ نہیں باقی دَم

٦ جس کا جِی چاہے؛ مُقابل پہ ترے آ دیکھے — دیکھنا چاہتا ہے کوئی اگر؛ مُلکِ عَدَم

٧ جس طرف دیکھیئے؛ دُشمن ہی نظر آتے ہیں — کوئی مُونِس نہیں دنیا میں؛ نہ کوئی ہَمدَم

٨ جو کہ ہیں تابِعِ شیطاں؛ نہیں اُن کی پَروا — ایک ہی حملے میں مِٹ جائے گا سب اُن کا بھرم

٩ جب کہ وہ زلزلہ؛ جس کا کہ ہوا ہے وعدہ — ڈال دے گا تیرے اَعداء کے گھروں میں ماتَم

۱۰ جو کوئی ٹھوکر بھی مار لے گا؛ کہیں گے اپنی سزا یہی تھی؛
تو اُس کو سہہ لیں گے ہم خوشی سے زباں پہ شِکوہ نہ لائیں گے ہم

۱۱ جو اُس کی ذات میں کھو بیٹھے؛ اپنی ہَستی کو اُسے ہو اپنے پَرایوں کے نام سے کیا کام

۱۲ جو ہولی کھیلتے رہتے ہیں خونِ مُسلم سے اُنہیں وَفا و وِفاق و نِظام سے کیا کام

۱۳ جو بھی کچھ ہے، غیر کا ہے؛ ان کی حالت ہے تو یہ دولتِ عقبیٰ سے خالی؛ نِعمتِ دُنیا حرام

# 'چ' سے 'م'

## ('چ' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ چرخِ نیلی کی کمر بھی؛ ترے آگے ہے خم فِیل کیا چیز ہیں؛ اور کِس کو ہیں کہتے ضیغم

# 'ح' سے 'م'

## ('ح' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ حق پرستی کا مٹاجاتا ہے نام　　اِک نشاں دِکھلا؛ کہ ہو حجّت تمام

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ حضرتِ سیّدِ ولدِ آدم　　صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳ حیف ہے قوم! ترے فِعلوں پر اور عَقلوں پر　　دوست ہیں جو کہ ترے؛ اُن پہ تُو کرتی ہے سِتَم
۴ حَریمِ قُدس کے سا کِن کو؛ نام سے کیا کام　　ہَوا و حِرص کے بندہ کو؛ کام سے کیا کام

# 'خ' سے 'م'

## ('خ' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ خُدا نے ہے خِضرِ رَہ بنایا ہمیں طریقِ محمدیؐ کا　　جو بھُولے بھٹکے ہوئے ہیں ان کو صَنَم سے لا کر مِلائیں گے ہم
۲ خبر بھی ہے کچھ تجھے او ناداں کہ مَردُمِ چَشمِ یار ہیں ہم　　اگر ہمیں کج نظر سے دیکھا تو تجھ پہ بجلی گرائیں گے ہم

# 'د' سے 'م'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **8** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 7 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دیکھو وہ بھیں کا شخص؛ کرمِ دِیں ہے جس کا نام — لڑنے میں جس نے نیند بھی اپنے پہ کی حرام

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ دیکھ کر تیرے نِشانات کو؛ اے مہدیٔ وَقت! — آج اَنگُشت بَدَندان ہے؛ سارا عالَم
۳ دِینِ اِسلام کی ہر بات کو جھُٹلائیں غَوی — احمدِ پاک کے حق میں بھی کریں سَبّ و شَتَم
۴ دَجل کا نام و نِشاں؛ دہر سے مِٹ جائے گا — ظِلِّ اِسلام میں آجائے گا؛ سارا عالَم
۵ دُولہا ہمارا زِندۂ جاوید ہے جناب! — کیا بے وُقوف ہیں؛ کہ بنیں سوگوار ہم
۶ دَر اُس کا آج گر نہ کھُلا؛ خیر کل سَہی — جائیں گے اس کے دَر پہ؛ یُونہی باربار ہم
۷ دُنیا کی مِنّتوں سے تو؛ کوئی بنا نہ کام — روئیں گے اُس کے سامنے؛ اَب زارزار ہم
۸ دُشمن ہے خُوش؛ کہ نعمتِ دُنیا مِلی اُسے — لُوٹیں گے اس کی گود میں جاکر؛ بہار ہم

# 'ر' سے 'م'

## ('ر' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

### دُرِّ عدن

١ روؤ خدا کے سامنے آنسو بہاؤ تم — یہ آگ جس طرح سے بجھے؛ اب بجھاؤ تم

### کلامِ طاہر

٢ ربِّ عظیم کا؛ بندۂ اعظم — صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

### کلامِ محمود

٣ رہے وفا و صداقت پہ؛ میرا پاؤں مدام — ہو میرے سر پہ مری جان! تیری چھاؤں مدام

٤ رہینِ عشق کو کیفِ مدام سے کیا کام — پلایئے مجھے آنکھوں سے؛ جام سے کیا کام

# 'س' سے 'م'

## ('س' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 7 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 4 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ ساری دنیا کے حق میں رحمت ہے — سب پہ جاری ہے تیرا فیضِ عمیم

۲ ستم کش ام زدست خویش یارب — قلم کش از کرم بر ہر گناہم

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ سب نبیوں میں افضل و اکرم — صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴ سُنیں گے ہرگز نہ غیر کی ہم؛ — بس ایک تیرے حُضُور میں ہی؛
نہ اس کے دھوکے میں آئیں گے ہم — سَرِ اِطاعت جھُکائیں گے ہم

۵ سمجھتے کیا ہوکہ عشق کیا ہے؛ — جو اس کی فُرقت میں ہم پہ گزری؛
یہ عشق پیارو کٹھن بلا ہے — کبھی وہ قِصہّ سُنائیں گے ہم

۶ سُبُوئے دِل کو ڈبوتا ہوں؛ جُوئے رحمت میں — مجھے ہے ساغر و مینا و جام سے کیا کام

۷ سَمَندِ عَزم پہ جو ہوگیا سوار؛ تو پھر — اُسے رِکاب سے مَطلب؛ لگام سے کیا کام

# 'ش' سے 'م'

## ('ش' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ شان تیری؛ گمان سے بڑھ کر حسن و احسان میں؛ نظیرعدیم

۲ شافی و کافی و حفیظ و سلام مالک و ذوالجلال و الاکرام

﴿کلامِ محمود﴾

۳ شان وشوکت کو تیری؛ دیکھ کے حسّادوشریر خونِ دل پیتے ہیں؛ اور کھاتے ہیں وہ غصّہ وغم

# 'ص' سے 'م'

## ('ص' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ صُبح کو خوف؛ کہ ہو آج کا کیسا انجام رات دِن کاٹتے اِس طرح سے تھے وہ ناکام

# 'ع' سے 'م'

## ('ع' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ عاشقِ احمدؐ و دِلدادۂ مولائے کریم — حسرت ویاس سے مَرجائیں بہ چشمِ پُرنَم

۲ عِشقِ صَنَم سے؛ عِشقِ خُدا، غیرچیز ہے — اس رَہ کے جانتے ہیں نَشیب وفَراز ہم

# 'غ' سے 'م'

## ('غ' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ غَرق ہیں بحرِ مَعاصی میں ہم اے پیارے مسیح! — پار ہوجائیں؛ اگر تُو کرے کچھ ہم پہ کَرَم

۲ غیر کی نُصرت و تائید سے ہو مُستَغنی — اور پھر صاحبِ اَجنادوکتائِب بھی ہو تم

# 'ف' سے 'م'

## ('ف' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴾کلامِ محمود﴿

۱ فیض پہنچانے کا ہے تُو نے اُٹھایا بیڑا — لوگ بھولے ہیں ترے وقت میں نامِ حاتَم

۲ فہم سے بالا بھی ہو؛ فہمِ مجسم بھی ہو تم — عام سے عام بھی ہو؛ سرِّغرائب بھی ہو تم

# 'ق' سے 'م'

## ('ق' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴿

۱ قسمت نے کیسا جوڑ مِلایا ہے دیکھنا — وہ خالقِ جہاں ہے؛ تو مُشتِ غبار ہم

# 'ک' سے 'م'

('ک' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 14 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 9 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کہاں ہیں؛ جو بھرتے ہیں اُلفت کا دَم — اطاعت سے سر کو بناکر قدم

۲ کہا کیسے ہو؛ یہ خدا کا کلام — ضلالت کی تعلیم؛ ناپاک کام

۳ کہ قدرت کے ہاتھوں کے تھے وہ رقم — خدا ہی نے لکھا بہ فضل و کرم

۴ کرتا نہیں ہے اُن کی مدد وقتِ انتظام — تا مُفتری کے قتل سے قِصّہ ہی ہو تمام

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۵ کتنا خوش نصیب ہوں کہ مَیں؛ تجھ سے ہو رہا ہوں ہَم کلام — اِک غلام؛ خیرالانبیاء کا غلام دَرغلام دَرغلام

## ﴿کلامِ محمود﴾

۶ کبھی آتا نہ کوئی دوست کسی دوست کے کام — دل سے تھا محو ہوا؛ مہرومحبت کا نام

۷ کھولتا ہوں مَیں زُباں وَصف میں اُس کے یارو — جس کے اَوصافِ حمیدہ نہیں ہوسکتے رَقم

۸ کون سا مولوی ہے؛ جو نہیں دُشمن تیرا — کون ہے؛ جو کہ یہودی عُلما سے ہے کَم

۹ کون سا چھوڑا ہے حِیلہ: تیری رُسوائی کا — ہرجگہ کرتے ہیں یہ حق میں ترے سَبّ وشَتَم

۱۰ کرنہیں سکتے یہ کچھ بھی تِرا؛ اے شاہِ جہاں! ہَفت خواں بھی جو یہ بَن جائیں؛ تو تُو ہے رُستم
۱۱ کوئی اتنا تو بتائے؛ یہ اکڑتے کیوں ہیں بات کیا ہے؛ کہ یہ پھرتے ہیں نہایت خُرّم
۱۲ کُفر نے کردِیا اِسلام کو پامال؛ غضب! شِرک نے گھیرلی توحید کی جا؛ وائے سِتم
۱۳ کُفر کی طاقتوں کا توڑ ہیں ہم رُوحِ اِسلام کا نچوڑ ہیں ہم
۱۴ کوئی عمل بھی کر نہ سکے اُس کی راہ میں رہتے ہیں اِس خیال سے ہی شرمسار ہم

# 'گ' سے 'م'

## ('گ' سے شروع ہوکر 'م' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 3 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 1 | کلامِ طاہر | i |
| 2 | کلامِ محمود | ii |

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ گاڑ دِیا توحید کا پرچم صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ گاتے ہیں جب فرشتے؛ کوئی نغمۂ جدید ہاتھوں میں تھام لیتے ہیں؛ فوراً ہی ساز ہم
۳ گِنتیوں سے مقام بالا ہے ایک بھی ہوں؛ اگر کروڑ ہیں ہم

# 'ل' سے 'م'

## ('ل' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ لعنت ہے ایسے دِیں پہ؛ کہ اس کفر سے ہے کم سوشُکر ہے؛ کہ ہوگئے غالب کے یار ہم

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ لاکھوں انساں ہوئے دِین سے بے دِیں ہَیہات آج اِسلام کا گھر گھر میں پڑا ہے ماتم

# 'م' سے 'م'

## ('م' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **17** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 11 |

## دُرِّ ثمین

۱ مَیں کہتا ہوں اِک بات؛ اے نیک نام! ذرا غور سے اُس کو سُنیو تمام
۲ مَیں کیونکر گِن سکوں؛ تیرے یہ انعام کہاں ممکن؛ تیرے فضلوں کا ارقام

## دُرِّ عدن

۳ میرے آقا! میرے نبیؐ کریم بانیٔ پاک باز دِینِ قویم
۴ مدح تیری ہے؛ زندگی تیری تیری تعریف ہے؛ تیری تعلیم
۵ **مدد کن ھادیا! گم کردہ راھم گنھگارم غفورا! عفو خواھم**

## کلامِ طاہر

۶ میری ہرایک راہ؛ تِری سَمت ہے رواں تیرے سوا کسی طرف اُٹھتا نہیں قدم

## کلامِ محمود

۷ میدانِ عِشق میں ہیں رہے پیش پیش وہ محمؔود بَن گئے وہ؛ بنے جب ایؔاز ہم
۸ مَیں وہ کامل ہوں؛ کہ سُن لے میرے اشعار کو گر پھینک دے جام کو؛ اور چُومے میرے پاؤں کو جم
۹ مَیں کسی بحر میں دِکھلاؤں جو اپنی تیزی عُرفی وذوق کے دَست وزُباں ہوویں قلم
۱۰ مِٹ گیا تیری عداوت کے سبب سے؛ پیارے! کوئی لیتا نہیں اب دہر میں نامِ آتھم
۱۱ مال کیا چیز ہے؛ اور جاں کی حقیقت کیا ہے آبرو تجھ پہ فِدا کرنے کو تیار ہیں ہم
۱۲ مِٹا کے نَقش و نگارِ دیں کو؛ جو پھر کبھی بھی نہ مِٹ سکے گا؛
یونہی ہے خوش دُشمنِ حقیقت اب ایسا نقشہ بنائیں گے ہم
۱۳ مِٹا کے کُفر و ضلال و بِدعَت؛ خُدا نے چاہا، تو کوئی دِن میں؛
کریں گے آثارِ دِیں کو تازہ ظفر کے پرچم اُڑائیں گے ہم
۱۴ مجھے پِلانی ہو ساقی؛ تو اَبرِ رحمت بھیج بغیر اَبر کے صہباوجام سے کیا کام
۱۵ مِرا حبیب تو بَستا ہے میری آنکھوں میں مجھے حسینوں کے دَر اور بام سے کیا کام
۱۶ مجھے خُدا نے سِکھایا ہے؛ عِلمِ رَبّانی مجھے ہے فلسفہ مَنطِق کلام سے کیا کام

۱۷ منبعِ خَلق تم ہی ہو؛ میرے خالقِ باری	صُلب بھی تم ہو مِری جان! ترَائِب بھی ہوتم

# 'ن' سے 'م'

## ('ن' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ نظر سے اس کے ہوں مجحوب و مکتوم	نہ ہو تعداد تک بھی اس کو معلوم

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ نام محمدؐ کام مکرم	صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ نام تک اس کا؛ مِٹا دینے میں ہے تُو کوشاں	اُس کا ہر بار مگر؛ آگے ہی پڑتا ہے قدم

# 'و' سے 'م'

## ('و' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **7** |
| i | کلامِ محمود | 7 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ وہ نصیبا ہے تِرا؛ اے میرے پیارے عیسیٰ — فخر سمجھیں تِری تقلید کو؛ اِبنِ مریم

۲ وہ شہر جو کُفر کا ہے مرکز؛ — خُدائے واحد کے نام پر اِک؛
ہے جِس پہ دِینِ مسیح نازاں — اَب اُس میں مسجد بنائیں گے ہم

۳ وَلٰکِنَّ فَضلَ اللّٰہِ جَآءَ لِنَجدَتِی — وَانقَذَنِی مِن زَلَّۃِ الاَقدَامِ

۴ وہ آئے؛ اور عِشق کا اِظہار کردِیا — پڑھتے رہے اندھیرے میں چھُپ کر نماز ہم

۵ وہ دِل کو جوڑتا ہے؛ تو ہیں دِل فِگار ہم — وہ جان بخشتا ہے؛ تو ہیں جاں نثار ہم

۶ وِرثۂ نبوی کے ڈَر سے؛ مَولوی کا احترام — اُلفتِ پِدری کی خاطِر؛ سَیّدوں کے ہیں غُلام

۷ وہ قصیدہ مَیں کروں؛ وَصفِ مسیحا میں رَقَم — فخر سمجھیں، جسے لکھنا بھی؛ میرے دَست وقلم

# 'ہ' سے 'م'

## ('ہ' سے شروع ہو کر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 17 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 2 | دُرِّ ثمین | i |
| 2 | کلامِ طاہر | ii |
| 13 | کلامِ محمود | iii |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہوا پھر تو یہ دیکھ کر سخت غم — مگر دل میں رکھتا وہ رَنج و اَلَم

۲ ہر اِک نعمت سے تُو نے بھر دِیا جام — ہر اِک دشمن کیا مَردُود و ناکام

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ ہادئ کامل؛ رہبرِ اعظم — صلّی اللّٰہ علیہ وسلم

۴ ہرلحظہ بڑھ رہا ہے مِرا تجھ سے پیار؛ دیکھ! — سانسوں میں بَس رہا ہے ترا عشق دَم بَدَم

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵ ہو یہ سرشار اُلفتِ دِیں میں مُدام — رکھ اسے کونین میں تُو شادکام

۶ ہائے! اُس شخص سے تُو بُغض و عداوَت رکھے — رات دِن جس کو لگا رہتا ہے تیرا ہی غم

۷ ہاں ہاں! اُسی حبیب سے پھر دِل لگاؤ تم — پھر مُنعمین لوگوں کے اِنعام پاؤ تم

۸ ہمارے حالِ خراب پر گو ہنسی اُنھیں آج آ رہی ہے — مگر کسی دِن تمام دنیا کو ساتھ اپنے رُلائیں گے ہم

۹ ہوا ہے سارا زمانہ دُشمن؛ — جو تُو نے بھی ہم سے بے رُخی کی؛
ہیں اپنے بیگانے خُوں کے پیاسے — تو پھر تو بَس مَر ہی جائیں گے ہم

۱۰ ہمیں نہیں عِطر کی ضرورت؛ — بُوئے محبت سے اس کی؛
کہ اس کی خُوشبو ہے چند روزہ — اپنے دِماغ و دِل کو بسائیں گے ہم

۱۱ ہمیں بھی ہے نِسبَتِ تَلَمُّذ کسی مسیحا نَفَس سے حاصل — ہوا ہے بے جان گو کہ مُسلم مگر اب اس کو جِلائیں گے ہم

۱۲ ہماری اِن خاکساریوں پر؛ — جو دِیں کو ترچھی نظر سے دیکھا؛
نہ کھائیں دھوکا ہمارے دُشمن — تو خاک اُن کی اُڑائیں گے ہم

۱۳ ہراِک شَے کو روزی وہ دیتا ہے ہَردَم — خزانے کبھی اس کے ہوتے نہیں کَم

۱۴ ہو لاَمَکان؛ تو قَصرِ رُخام سے کیا کام — جو ہرجگہ ہو؛ اُسے اِک مَقام سے کیا کام

۱۵ ہرایک حال میں ہے لَب پہ میرے نامِ خُدا — خُدا پرست ہوں مَیں؛ رام رام سے کیا کام

۱۶ ہے میرے دِل میں محمدؐ؛ تو اُس کے دِل میں مَیں — مجھے پیامبروں کے پیام سے کیا کام

۱۷ ہم اُمّیدوں سے پُر ہیں؛ تم مایُوس — رونی صُورت ہو تم؛ ہنسوڑ ہیں ہم

# 'ی' سے 'م'

## ('ی' سے شروع ہوکر 'م' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 6 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلام محمود | 4 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ یہی فکر کھاتا اسے صبح وشام | نہ تھا کوئی ہمراز؛ نہ ہم کلام

۲ یہی راہ ہے جس کو بھولے ہو تم | اُٹھو یارو! اب مَت کرو راہ گُم

## ﴾کلامِ محمود﴿

۳ یاں تو اِسلام کی قوموں کا ہے یہ حالِ ضعیف | اور واں کُفر کا لہراتا ہے اونچا پرچم

۴ یقیں دلاتے رہے ہیں دنیا کو؛ | جو آج تُو نے نہ کی رَفاقت؛
تیری اُلفت کا مُدّتوں سے | کسی کو کیا مُنہ دِکھائیں گے ہم

۵ یَـا رَبِّ اَنـعِـمهَـا بِـقُـربِ مُـحَـمَّـدٍ | ذِی الـمَـجـدِ وَالاِحسَـانِ وَالاِکـرَامِ

۶ یاد ہیں قرآں کے الفاظ تو ان کو تمام | اور پوچھیں؛ تو ہیں کہتے، یہ ہے اللہ کا کلام

# ن

('ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1063 | تعداد کُل اشعار | |
| 204 | دُرِّ ثمین | i |
| 118 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 74 | کلامِ طاہر | iii |
| 668 | کلامِ محمود | iv |

# 'الف' سے 'ن'

('الف' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 135 | تعداد کُل اشعار | |
| 26 | دُرِّ ثمین | i |
| 16 | دُرِّعدن | ii |
| 16 | کلامِ طاہر | iii |
| 77 | کلامِ محمود | iv |

# دُرِّ ثمین

۱ القصہ؛ یہ مسیح کے آنے کا ہے نشاں — کردے گا ختم آکے وہ؛ دِیں کی لڑائیاں

۲ اے آریہ سماج! پھنسو مت عذاب میں — کیوں مبتلا ہو یارو! خیالِ خراب میں

۳ **اگر بِشنَوی قصّۂ صادقاں — مَجُنباں سرِ خود چو مستہزیاں**

۴ اہلِ وقار ہوویں؛ فخرِ دیار ہوویں — حق پر نثار ہوویں؛ مولیٰ کے یار ہوویں

۵ اے قوم! تم پہ یار کی اب وہ نظر نہیں — روتے رہو دعاؤں میں بھی وہ اثر نہیں

۶ اے غافلو! یہ باتیں سراسر دروغ ہیں — بہتاں ہیں، بے ثبوت ہیں؛ اور بے فروغ ہیں

۷ اب عذر کیا ہے کچھ بھی بتاؤ گے یا نہیں — مخفی جو دل میں ہے؛ وہ سناؤ گے یا نہیں

۸ آخر خدا کے پاس بھی جاؤ گے یا نہیں — اس وقت اس کو منہ بھی دِکھاؤ گے یا نہیں

۹ اے قومِ آریہ! تیرے دِل کو یہ کیا ہوا — تُو جاگتی ہے؛ یا تیری باتیں ہیں خواب میں

۱۰ اگر بھولے رہے اس سے کوئی جاں — تو پھر ہوجاوے اس کا ملک ویراں

۱۱ اے میرے پیارے یہی میری دعا ہے روز وشب — گود میں تیری ہوں ہم اس خونِ دل کھانے کے دن

۱۲ اِک نشاں دِکھلا؛ کہ اب دِیں ہوگیا ہے بے نشاں — دل چلا ہے ہاتھ سے؛ لا جلد ٹھہرانے کے دن

۱۳ اِک بڑی مدت سے دِیں کو کفر تھا کھاتا رہا — اب یقیں سمجھو؛ کہ آئے کفر کو کھانے کے دن

۱۴ الٰہی! خطا کردے میری معاف — کہ تجھ بِن تو ربّ البرایا نہیں

۱۵ اے حبِّ جاہ والو! یہ رہنے کی جا نہیں — اس میں تو پہلے لوگوں سے کوئی رہا نہیں

۱۶ ان سے خدا کے کام سبھی معجزانہ ہیں — یہ اس لئے؛ کہ عاشقِ یارِ یگانہ ہیں

۱۷ اِک بات کہہ کے؛ اپنے عمل سارے کھوتے ہیں — پھر شوخیوں کا بیج؛ ہر اِک وقت بوتے ہیں

۱۸ ان کیلئے تو بس ہے خدا کا یہی نشاں — یعنی وہ فضل اس کے؛ جو مجھ پر ہیں ہر زماں

۱۹ اِک اِتّفاق کرکے وہ باتیں بناتے ہیں — سو جھوٹ اور فریب کی تہمت لگاتے ہیں

۲۰ اے قوم کے سرآمدہ! اے حامیانِ دِیں — سوچو! کہ کیوں خدا تمہیں دیتا مدد نہیں

۲۱ اس جائے پُرعذاب سے کیوں دل لگاتے ہو — دوزخ ہے یہ مقام؛ یہ بستاں سرا نہیں

۲۲ اے عزیزو! سنو کہ بے قرآں — حق کو ملتا نہیں کبھی انساں
۲۳ اس کے اوصاف کیا کروں مَیں بیاں — وہ تو دیتا ہے جاں کو اور اِک جاں
۲۴ اس کے منکر جو بات کہتے ہیں — یوں یہ اِک واہیات کہتے ہیں
۲۵ اگر عشّاق کا ہو پاک دامن — یقیں سمجھو؛ کہ ہے تریاق دامن
۲۶ اے لوگو! عیشِ دنیا کو ہرگز وَفا نہیں — کیا تم کو خوفِ مرگ و خیالِ فنا نہیں

## دُرِّ عدن

۲۷ آپ چل کر تُو نے دِکھلادی رَہِ وصلِ حبیب — تُو نے بتلایا؛ کہ یوں ملتا ہے یارِ بے نشاں
۲۸ السّلام! اے ہادیٔ راہِ ہُدیٰ جانِ جہاں — والصّلوٰۃ! اے خیرِ مطلق؛ اے شہِ کون ومکاں
۲۹ السّلام! اے نبی والاشان — والصّلوٰۃ! اے موسّسِ ایمان
۳۰ ابرِ رحمت ہرطرف چھائے؛ چلے بادِکرم — بارشِ اَنوار سے پُرہو؛ فضائے قادیاں
۳۱ آج ہرایک ہے مشتاق؛ لقائے شیدی — گھر میں بیٹھا کوئی رِہ جائے؛ یہ ممکن ہی نہیں
۳۲ ایک پر ایک گِرا پڑتا ہے اللہ رے شوق — خوف ہے؛ اوروں سے پیچھے نہ رِہ جاؤں کہیں
۳۳ آئیں منصورومظفر؛ کامیاب و کامراں — قصرِ تثلیثی پہ گاڑآئیں؛ لوائے قادیاں
۳۴ اس گلِ رعنا کو جب گلزار میں پاتی نہیں — ڈھونڈنے جاتی ہے تب؛ بادِصبائے قادیاں
۳۵ اِک جوانِ منحنی اُٹھا بعزمِ استوار — اشکبارآنکھیں؛ لبوں پر عہدِراسخ دل نشیں
۳۶ ایسی باتیں جن سے پھٹ جاتا ہے پتھر کا جگر — صبر سے سنتا رہا؛ ماتھے پہ بل آیا نہیں
۳۷ ارضِ ربوہ جس کی شاہد ہے؛ وہ معمولی نہ تھا — خونِ فخر المرسلیں تھا؛ شیرِ اُمّ المومنیں
۳۸ آج فرزندِ مسیحائے زماں بیمار ہے — دعویٰ دارانِ محبت سورہے جاکر کہیں
۳۹ اوروں سے ہوا تھا وہ ہم سے ہوا نہیں — ہم سوگئے؛ تو ہم کو جگایا گیا نہیں
۴۰ آقا جو بے رُخی تیری جانب سے پاتے ہیں — ہنستے ہیں غیر اب ہمیں دشمن بناتے ہیں
۴۱ اب تاب صبر کی ہمیں بالکل رہی نہیں — آفت وہ کونسی ہے؛ جو ہم نے سہی نہیں
۴۲ ایک ہی زینہ ہے اب بامِ مرادِوَصل کا — بے مِلے تیرے؛ مِلے ممکن نہیں وہ دل ستاں

## کلامِ طاہر

۴۳ اور اُن کی جان کے دشمن ہیں؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
جو دیوانے ہیں جانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۴۴ اِن مجبوروں کا حال بھلا؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
کیا جانیں تَن آسانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۴۵ اور گھر کے مالک ہی بَن بیٹھے؛
اے دیس سے آنے والے بتا!
با وَردی دَربانِ وطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۴۶ آنکھ ہے میری؛ کہ اَشکوں کی ہے اِک راہگذار
دِل ہے؛ یا ہے کوئی مہمان سرائے غم و حزن

۴۷ اُس رحمتِ عالَم ابرِ کرم کے یہ کیسے متوالے ہیں
وہ آگ بجھانے آیا تھا؛ یہ آگ لگانے والے ہیں

۴۸ اب کس کو بھیج بلائیں گے؛ کیسے سینے سے لگائیں گے
مَر کر بھی کوئی لوٹا ہے؛ سائے بھی کبھی ہاتھ آئے ہیں

۴۹ اب آپ کی باری ہے تڑپیں؛
سوتے میں ہنسیں، روتے جاگیں؛
اب آپ ہمیں آوازیں دیں
کہ خواب مِلن کے آئے ہیں

۵۰ اب کبھی ہم سے مِلو گے بھی؛ تو بس خوابوں میں
یہ کنول اب نہ کھِلیں گے کہیں تالابوں میں

۵۱ اُن کو سمجھائیں ان سے بھی زیادہ ہیں؛
اپنوں کے ہاتھ مرنے والوں پر؛
ستم دِیدہ لوگ دنیا میں
روز ہوتے ہیں سوگ دنیا میں

۵۲ اس سے کہنے لگی؛ کہ کیوں ابّا!
سب کو غمگین کر دِیا ہے جو؛
آپ اتنے اداس بیٹھے ہیں
آپ کے آس پاس بیٹھے ہیں

۵۳ آپ کی بیٹیاں ہیں اور بھی؛
اپنے ماں باپ سے بھی چھُپ چھُپ کر؛
جو اپنوں غیروں کے ظلم سہتی ہیں
رازِ دل آپ ہی سے کہتی ہیں

۵۴ اِتنا نشہ ہے تیرے پیار کے گیتوں میں؛ کہ مَیں
دوست کہہ دیتا ہوں تجھ کو؛ اِسی مَدہوشی میں

۵۵ آپ کی داڑھی کا برگد دیکھ پاتیں وہ اگر
اِس پہ پینگیں ڈالتیں؛ گاتیں، بجاتیں تالیاں

۵۶ اور پھر تم سے مَیں مِل جاؤں گا جلدی یا بدیر
اس جگہ مِل کے جُدا پھر نہیں ہوتے ہیں جہاں

۵۷ اُس سے کہا؛ مَیں تھک گیا ہوں آنے جانے میں — بھائی ہیں میرے منتظر اندر زنانے میں

۵۸ آ بیٹھ مسافر پاس ذرا؛ مجھے قصۂ اہلِ دَرد سُنا — اُن اہلِ وَفا کی بات بتا؛ ہیں جن سے خفا سکانِ وطن

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵۹ اِک قیامت کا سماں ہوگا؛ کہ جب آئیں گے وہ — مال کی ویرانی کے؛ اور جان کے کھانے کے دن

۶۰ اس چمن پر جب کہ تھا دَورِ خزاں؛ وہ دِن گئے — اب تو ہیں اسلام پر یارو! بہار آنے کے دن

۶۱ ان دنوں کیا ایسی ہی بارش ہوا کرتی تھی یاں — سچ کہو! کیا تھے یہ سردی سے ٹھٹھر جانے کے دن

۶۲ ان بے کسوں کی ہمّتیں؛ کیوں ہوگئیں بُلند — جن کا کہ کُل جہاں میں نہ تھا کوئی پاسباں

۶۳ اِحسان اس کے ہم پہ ہیں؛ بے حَدّ و بیکراں — جو گِن سکے اُنھیں؛ نہیں ایسی کوئی زُباں

۶۴ اِس سلطنت کی؛ تُم کو بتاؤں وہ خُوبیاں — جن سے کہ اُس کی مِہر و عنایات ہوں عَیاں

۶۵ اِمامِ وَقت کا؛ لوگو! کرو نہ تم انکار! — جو جھُوٹے ہوتے ہیں؛ وہ پاتے اِقتِدار نہیں

۶۶ اس کی دُوری کو بھی؛ پاتا ہوں مُقامِ قُرب میں — خواب میں جیسے کوئی سمجھے؛ کہ مَیں بیدار ہوں

۶۷ اب تو جو کچھ تھا؛ حوالے کرچکا دِلدار کے — وہ گئے دِن؛ جبکہ کہتا تھا؛ کہ مَیں دِلدار ہوں

۶۸ ایشیاء و یورپ و امریکہ و افریقہ سب — دیکھ ڈالے؛ پر کہاں، وہ رنگ ہائے قادیاں

۶۹ اِک عرصہ ہوگیا ہے؛ کہ مَیں سوگوار ہوں — بیداد ہائے دہر سے زار و نزار ہوں

۷۰ افسوس ہے؛ کہ اس کو ذرا بھی خبر نہیں — جس سنگ دل کے واسطے یاں مَر مِٹا ہوں مَیں

۷۱ آؤ محمود! ذرا حال پریشاں کردیں — اور اس پردے میں دُشمن کو پشیماں کردیں

۷۲ ایک ہی وَقت میں چھُپتے نہیں سُورج اور چاند — یا تو رُخسار کو؛ یا ابرُو کو عُریاں کردیں

۷۳ آج بے طرح چڑھی آتی ہے؛ لعل لب پر — ان کو کہہ دو! کہ وہ زُلفوں کو پریشاں کردیں

۷۴ آدمی ہوکے تڑپتا ہوں؛ چکوروں کی طرح — کبھی بے پردہ اگر وہ رُخِ تاباں کردیں

۷۵ اِک دفعہ دیکھ چکے موسیٰؑ؛ تو پَردہ کیسا — ان سے کہہ دو! کہ وہ اب چہرہ کو عُریاں کردیں

۷۶ ایک دن تھا؛ کہ محبت کے تھے مجھ سے اِقرار — مجھ کو تو یاد ہیں سب؛ آپ کو کیا یاد نہیں

۷۷ اے مسیحا! تیرے سودائی جو ہیں — ہوش میں؛ بتلا کہ ان کو لائے کون

۷۸ اے مسیحا! ہم سے گو تُو چھُٹ گیا
دل سے پر اُلفت تِری؛ چھُڑوائے کون

۷۹ اُسے ہے قوم کا غم؛ اور مَیں دنیا سے بچتا ہوں
میں اب اس دل کے ہاتھوں سے بہت مجبور رہتا ہوں

۸۰ اُسی کے جلوہ ہائے مختلف پر مَرتے ہیں عاشق
وُہی گُل میں، وُہی مُل میں؛ وُہی شمعِ محفل میں

۸۱ اس میں ہوتی ہے مجھے دیدِ رُخِ جاناں نصیب
میری بیداری سے بڑھ کر ہو نہ میرا خواب کیوں

۸۲ اُمّتِ احمدؐ نے چھوڑی ہے صراطِ مُستقیم
کیوں نہ گھبراؤں نہ کھاؤں دل میں پیچ وتاب کیوں

۸۳ اِسی میں مُردہ دِل کی زندگی ہے
یہی کرتا ہے ہر مُشکل کو آساں

۸۴ اکٹھے ہو رہے ہیں آج احباب
منائیں تاکہ مِل کر روزِ آمیں

۸۵ الٰہی! نُور تیرا جاگزیں ہو
زباں میں، سینہ میں؛ دِل میں، دَہاں میں

۸۶ اہلِ دنیا کی نظر میں؛ خوابِ غفلت میں ہوں مَیں
اہلِ دل پر جانتے ہیں؛ یہ کہ بیداروں میں ہوں

۸۷ اے بُتو! اب جُستجُو اُس کی ہے اُمّیدِ مُحال
لے چکا ہے دل مِرا تو؛ دلرُبائے قادیاں

۸۸ آہ! کیسی خوش گھڑی ہوگی کہ بانَیلِ مَرام
باندھیں گے رَختِ سفر کو ہم؛ برائے قادیاں

۸۹ الفاظ تو پڑھ لیے ہیں سارے
اب باقی ہے؛ مطلب اور عِرفاں

۹۰ اللہ سے یہ مِری دُعا ہے
ان کو بھی کرے وہ؛ اس پہ آساں ۔ آمین

۹۱ آنکھوں میں حیا چمک رہی ہو
مُنہ حِکمت و عِلم سے؛ دُرِّ اَفشاں ۔ آمین

۹۲ اٰمین کہیں میری دُعا پر
بیٹھے ہیں تمام لوگ جو یاں ۔ آمین

۹۳ آنکھیں پُرنَم ہیں؛ جگر ٹکڑے ہے، سینہ ہے چاک
یاد میں تیری؛ تڑپتا دلِ مُضطَر ہی نہیں

۹۴ اَزبَس کہ اِنفعال سے دل آب آب تھا
آنکھوں سے بہہ گیا؛ مِرا نُورِ نَظر کہاں

۹۵ اے دل! اُسی کے دَر پہ بَس اب جا کے بیٹھ جا
مارا پھِروں گا ساتھ تِرے؛ دَربَدَر کہاں

۹۶ الٰہی! دُور ہوں ان کی بَلائیں
پڑیں دشمن پہ ہی اس کی جفائیں

۹۷ الٰہی! تیز ہوں ان کی نگاہیں
نظر آئیں سبھی تقویٰ کی راہیں

۹۸ اُن کی رَفتار کی دِلا کر یاد
دل مِرا چٹکیوں میں مَلتی تھیں

۹۹ اے دوست! تیرا عشق ہی کچھ خام ہو؛ تو ہو
یہ تو نہیں؛ کہ یار تِرا مہرباں نہیں

۱۰۰ ایمان؛ جس کے ساتھ نہ ہو قوّتِ عمل — کشتی ہے؛ جس کے ساتھ کوئی بادباں نہیں

۱۰۱ اس مہرِ نیم روز کو دیکھیں: تو کِس طرح — آنکھوں میں ظالموں کے اگر نُور ہی نہیں

۱۰۲ اے میری جاں ہم بندے ہیں اِک آقا کے آزاد نہیں — اور سچے بندے؛ مالک کے ہر حُکم پہ قرباں جاتے ہیں

۱۰۳ اے مِرے یارِ یگانہ! اے مِری جاں کی پناہ — کر وہ دن؛ اپنے کرم سے دِیں کے پھیلانے کے دن

۱۰۴ اسلام پہ آفت آئی ہے؛ لیکن تُو غافل بیٹھا ہے — میدان میں آکر ثابت کر؛ تو زندہ ہے، مردار نہیں

۱۰۵ آ آکے؛ تیری راہ میں ہم آنکھیں بچھائیں — آ آکے؛ تجھے سینے سے ہم اپنے لگائیں

۱۰۶ آپ آکے؛ محمدؐ کی عمارت کو بنائیں — ہم کُفر کے آثار کو؛ دنیا سے مٹائیں

۱۰۷ اے بے یاروں کے یار! نِگاہِ لُطف غریب مسلماں پر — اس بے چارے کا ہندوستاں میں؛ اب کوئی بھی یار نہیں

۱۰۸ اے ہِند کے مُسلم! صبر بھی کر ہمّت بھی کر شِکوہ بھی کر — فریادیں، گو الفاظ ہی ہیں؛ پَر پھر بھی وہ بے کار نہیں

۱۰۹ آ گِر جائیں ہم سجدہ میں؛ اور سجادوں کو تَر کر دیں — اللہ کے دَر پر سَر پٹکیں؛ جس سا کوئی دَربار نہیں

۱۱۰ اس یار کے دَر پر جانا؛ کچھ مشکل نہیں کچھ دُشوار نہیں — اُس طرف جو راہیں جاتی ہیں؛ وہ ہر گِز ناہموار نہیں

۱۱۱ اِرادے غیر کے؛ ناگُفتنی ہیں — نِگاہیں؛ زھر میں ڈوبی ہوئی ہیں

۱۱۲ اُمیدوں کو نہ مار؛ اے دُشمنِ جاں! — اُمیدیں ہی تو؛ مَغزِ زندگی ہیں

۱۱۳ ان سے اسے نِسبت ہی کیا؛ وہ نُور ہیں، یہ نار ہیں — گر وہ مِلائے، تو مِلیں؛ ان کے قدَم میری جَبیں

۱۱۴ آنے کو وہ تیّار تھے؛ مَیں خود ہی کچھ شَرما گیا — ان کو بِٹھاؤں مَیں کہاں؛ دل میں صفائی تک نہیں

۱۱۵ اَبدال کیا، اَقطاب کیا؛ جبریؔل کیا، میکاؔل کیا — جب تُو خدا کا ہوگیا؛ سب ہوگئے زیرِ نگیں

۱۱۶ اس پر ہوئے ظاہر محمد مصطفیٰؐ حِبُّ الورٰی — بالا ہے نہُ اَفلاک سے؛ کرّوبیو! میری زمیں

۱۱۷ آ دوست دامن تھام لیں ہم؛ مصطفیٰؐ کا زور سے — ہے اِک یہی بچنے کی رَہ؛ ہے اِک یہی حَبلُ المَتِیں

۱۱۸ اس کی آواز پہ پھر کیوں نہیں کہتے لَبَّیک — طَوق گردن میں نہیں؛ پاؤں میں زَنجیر نہیں

۱۱۹ ان کی جادُو بھری باتوں پہ مَرا جاتا ہوں — قَتل کرتے ہیں؛ مگر ہاتھ میں شَمشیر نہیں

۱۲۰ ان کے سینوں میں اُٹھا کرتے ہیں طُوفاں رات دن — وہ زمانہ بھر میں دیوانے تِرے مَشہور ہیں

۱۲۱ آج مُسلم کو جو ملتی ہے وِلایت وَاللہ — سب تِرے حصہ میں آئی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۱۲۲ اے خدا! دل کو مِرے مَزرَعِ تقویٰ کردیں
ہُوں اگر بَد بھی؛ تو تو بھی مجھے اچھا کردیں

۱۲۳ احمدی لوگ ہیں دنیا کی نِگاہوں میں ذَلیل
اُن کی عزت کو بڑھائیں؛ اُنہیں اُونچا کردیں

۱۲۴ اپنے ہاتھوں سے ہوئی ہے مِری صحّت برباد
میری بیماری کا اَب آپ مُداوا کردیں

۱۲۵ ایسی راتوں کو یاد کرتا ہوں
دل مکاں ہے؛ تو ہیں مَکیں راتیں

۱۲۶ اُس کی چشمِ نیم وا کے مَیں بھی سرشاروں میں ہوں
درمیاں میں ہوں نہ سوتوں میں نہ بیداروں میں ہوں

۱۲۷ اِرادَت کی راہیں؛ دِکھادے ہمیں
محبت کی گھاتیں؛ سِکھادے ہمیں

۱۲۸ اے محمدؐ! اے حبیبِ کِردگار!
مَیں تِرا عاشق؛ تِرا دِل دادہ ہوں

۱۲۹ اے مِرے پیارے! سہارا دو مجھے
بے کَس و بے بَس ہوں؛ خاک اُفتادہ ہوں

۱۳۰ اپنالیا عَدُو نے؛ ہراِیک غیرقوم کو
تقسیم ہوکے رِہ گئے ہو تُم شُعُوب میں

۱۳۱ اے عزیزِ دہلوی! سُن رکھ؛ یہ گوشِ ہوش سے
پھر بہار آئی؛ تو آئے زلزلہ آنے کے دن

۱۳۲ اتنا نہ دُور کر؛ کہ کٹے رشتۂ وداد
سینے سے اپنے؛ غیر لگانا پڑے ہمیں

۱۳۳ اس زندگی سے؛ موت ہی بہتر ہے اے خدا!
جس میں کہ تیرا نام؛ چھپانا پڑے ہمیں

۱۳۴ اِک جہاں مانے گا اُس دن؛ مِلّتِ خیرالرسلؐ
اب تو تھوڑے رِہ گئے؛ اس دِیں کے جھٹلانے کے دن

۱۳۵ ایسی چھوٹی عمر میں ختمِ قرآن
کَم نظیریں ایسی مِلتی ہیں یہاں

# 'ب' سے 'ن'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **43** |
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 30 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ بہار آئی ہے؛ اس وقتِ خزاں میں — لگے ہیں پھول؛ میرے بوستاں میں
۲ بَدتَر بنو ہر ایک سے؛ اپنے خیال میں — شاید اِسی سے دَخل ہو دارُالوِصال میں
۳ بِن دیکھے؛ کیسے پاک ہو انساں گناہ سے — اِس چاہ سے نکلتے ہیں لوگ اس کی چاہ میں
۴ بخلوں سے یارو! باز بھی آؤ گے یا نہیں — خُو اپنی پاک صاف بناؤ گے یا نہیں
۵ بغیر اس کے؛ دل کی صفائی نہیں — بجَز اس کے؛ غم سے رہائی نہیں
۶ بتایا گیا اُس کو الہام میں — کہ پائے گا تُو مجھ کو اسلام میں
۷ بات جب ہو؛ کہ میرے پاس آویں — میرے منہ پر وہ بات کہہ جاویں
۸ باطل سے میل دل کی ہٹاؤ گے یا نہیں — حق کی طرف رجوع بھی لاؤ گے یا نہیں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۹ بیافتم بہ طفیلِ حبیب جنتِ من — زگوش ہوش بکن گوش ہر شہادتِ من

## کلامِ طاہر

۱۰ بَرکھا بَرکھا یادیں اُمڈیں؛ طوفاں طوفاں جذبے اُٹھے
سینے پہ بَلائیں بَرسانے؛ لپکے بادوبارانِ وَطن

۱۱ بُلبُل کو دیس نکالا ہے اور زاغ وزَغن سے یارانے
ہر سَمت چمن کی مُنڈیروں پر کاگ اذانیں دیتے ہیں

بے کَس بے بَس کیا دیکھ رہی ہے؛
اے دیس سے آنے والے بتا!

۱۲ اب چشمِ حیرانِ وَطن
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۱۳ بادۂ عشق ہے درمان اگر ہے کوئی
مت ہمیں چھوڑ کے جا ساقی؛ کہ غم باقی ہیں

## کلامِ محمود

۱۴ بَس نہیں چلتا؛ تو پھر مَیں کیا کروں، لاچار ہوں
ہر مصیبت کے اُٹھانے کیلئے تیّار ہوں

۱۵ بیمارِ رُوح کیلئے خاکِ شِفا ہُوں مَیں
ہاں! کیوں نہ ہو کہ خاکِ دَرِ مُصطفےٰؐ ہوں مَیں

۱۶ برکت ہے سب کی سب اسی جانِ جہان کی
وَرنہ مِری بِساط ہے کیا؛ اور کیا ہوں مَیں؟

۱۷ بے حِسابی نے گناہوں کی؛ مجھے پاک کیا
میں سراپا ہُوں خَطا؛ مجھ کو خَطا یاد نہیں

۱۸ بے وَفائی کا لگاتے ہیں وہ کِس پر اِلزام
مَیں تو وہ ہُوں؛ کہ مجھے لفظِ دَغا یاد نہیں

۱۹ بڑے چھوٹے سبھی کعبہ کو بیتُ اللہ کہتے ہیں
تو پھر تشریف کیوں لاتے نہیں وہ کعبۂ دِل میں

۲۰ بُلاتے ہیں مجھے وہ، پَر جو مَیں اُٹھوں؛ تو کہتے ہیں
کِدھر جاتا ہے او غافِل! مَیں بیٹھا ہوں ترے دِل میں

۲۱ بنیں ہم بُلبُلِ بُستانِ احمد
رہے برکت ہمارے آشیاں میں

۲۲ بنیں ہم سب کے سب؛ خُدّامِ احمد
کلامُ اللہ پھیلائیں جہاں میں

۲۳ بڑھ رہی ہے خارِشِ زَخمِ نِہاں
کِس طرح کھُجلاؤں؛ کھُجلاؤں کہاں

۲۴ بَن کے سُورج ہے چمکتا؛ آسماں پر روز وشَب
کیا عجب مُعجِز نُما ہے؛ رہنمائے قادیاں

۲۵ بیٹھنے کا تو ذِکر کیا؛ بھاگنے کو جگہ نہیں
ہو کے فراخ اس قدر تنگ ہوا جہان کیوں

۲۶ بیٹھ جاؤ ذرا پہلو میں مِرے آکے؛ کہ آج
سب اِرادے مِرے؛ اَرمان ہوئے جاتے ہیں

۲۷ بِنائے جِسم میں سچ ہے؛ کہ بابِ عِلم وحِکمت ہیں
مِثالِ خِضر ہمراہِ طَلَب گارِزِیارت ہیں

۲۸ بھلا وہ کیا کریں مَیں کو
جو اُن کی یاد سے اُتریں

۲۹ بس اَب تو رحم فرمائیں
چلے آئیں؛ چلے آئیں

۳۰ بُرائی دُشمنوں کی بھی نہ چاہیں
ہمیشہ خیر ہی دیکھیں نِگاہیں

۳۱ بِنائے شِرک کو جَڑ سے ہِلا دیں
نِشانِ کُفر وبِدعَت کو مِٹادیں

۳۲ بڑھیں؛ اور ساتھ دنیا کو بڑھائیں
پڑھیں؛ اور ایک عالَم کو پڑھائیں

۳۳ بحرِفنا میں غوطہ لگانے کی دیر ہے
مَنزِل قریب تَر ہے؛ وہ کچھ دُور ہی نہیں

۳۴ بگاڑلے کوئی اُن کیلئے؛ جو دنیا سے
وہ سات پُشت کو اُس کی سنوار دیتے ہیں

۳۵ بٹھا نہ مَسنَد پہ پاس اپنے؛
یہ میرا دِل تو مِرا ہی دل ہے؛
نہ دے جگہ اپنی اَنجُمن میں
اسے تو رہنے دو میرے تَن میں

۳۶ بڑھاکے نیکیاں میری؛ خطائیں کرکے معاف
وہ اس ظُہورِکَرَم کو حِساب کہتے ہیں

۳۷ بتاؤں تمھیں کیا؛ کہ کیا چاہتا ہوں
ہُوں بندہ؛ مگر مَیں خُدا چاہتا ہوں

۳۸ بادۂ عِرفاں سے تیری؛ ان کے سَرمَخمُور ہیں
جذبۂ اُلفت سے تیرے؛ ان کے دِل مَعمُور ہیں

۳۹ بارآور ہو جو ایسا؛ کہ جہاں بھر کھائے
دل میں میرے وہ شَجَر خیر کا؛ پیدا کردیں

۴۰ بِٹھاکر مائِدہ پر؛ لاکھ وہ خاطِر کریں میری
گدا پھر بھی گدا ہے اور سُلطاں پھر بھی ہے سُلطاں

۴۱ باغِ کُفّار سے ہم نِت نئے پھل کھاتے ہیں
دل ہی دل میں وہ جسے دیکھ کے؛ جَل جاتے ہیں

۴۲ بھلا مومِن کو قاتِل ڈھونڈنے کی کیا ضرورت ہے
نِگاہیں اُس کی بجلی ہیں؛ تو آہیں اُس کی شمشیریں

۴۳ بِشارت دینے؛ سب خوردوکلاں کو
اُچھلتی کُودتی؛ وہ آرہی ہیں

# 'پ' سے 'ن'

## ('پ' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 38 | **تعداد کُل اشعار** | |
| 15 | دُرِّ ثمین | i |
| 5 | دُرِّ عدن | ii |
| 2 | کلامِ طاہر | iii |
| 16 | کلامِ محمود | iv |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ پر ان کو اس سجن کی طرف کچھ نظر نہیں ۔ آنکھیں نہیں ہیں، کان نہیں؛ دل میں ڈر نہیں

۲ پرندے بھی آرام کرلیتے ہیں ۔ مجانیں بھی یہ کام کرلیتے ہیں

۳ پڑھتے ہو پَنج وقت اِسی کو نماز میں ۔ جاتے ہو اِس کی رَہ سے دَرِ بے نیاز میں

۴ پھولوں کو جاکے دیکھو؛ اُسی سے وہ آب ہے ۔ چمکے اسی کا نور مہ و آفتاب میں

۵ پھر چلے آتے ہیں یارو! زلزلہ آنے کے دن ۔ زلزلہ کیا؛ اس جہاں سے کوچ کر جانے کے دن

۶ پھر بہارِ دِیں کو دِکھلا؛ اے میرے پیارے قدیر ۔ کب تلک دیکھیں گے ہم؛ لوگوں کے بہکانے کے دن

۷ پر اَپنے دِیں کا کچھ بھی دِکھاتے نہیں نشاں ۔ گویا وہ ربِّ اَرض وسما اب ہے ناتواں

۸ پابند ایسے دِینوں کے؛ دنیاپرست ہیں ۔ غافل ہیں ذوقِ یار سے؛ دنیا میں مست ہیں

۹ پر نقدمعجزات کا کچھ بھی نشاں نہیں ۔ پس یہ خدائے قِصّہ؛ خدائے جہاں نہیں

۱۰ پر وہ سعید؛ جو کہ نشانوں کو پاتے ہیں ۔ وہ اس سے مِل کے دل کو، اسی سے مِلاتے ہیں

۱۱ پر جس خدا کے ہونے کا کچھ بھی نہیں نشاں ۔ کیونکر نثار ایسے پہ ہوجائے کوئی جاں

۱۲ پر وہ؛ جو مجھ کو کاذب ومکّار کہتے ہیں — اور مفتری وکافروبدکار کہتے ہیں

۱۳ پھر یہ عجیب تر ہے؛ کہ جب حامیانِ دِیں — ایسے کے قتل کرنے کو فاعل ہوں یا معیں

۱۴ پھر بھی وہ نامراد مقاصد میں رہے ہیں — جاتا ہے بے اثر وہ؛ جو سوبار کہتے ہیں

۱۵ پر ایسے کفر پر تو فِدا ہے ہماری جاں — جس سے مِلے خدائے جہان و جہانیاں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۶ پیشوائی کیلئے نکلیں گھروں سے؛ مردوزَن — یہ خبر سُن کر؛ کہ آئے پیشوائے قادیاںؔ

۱۷ پاک اسمائے انبیاء کردی — **ھمہ بود ند زیر صد بہتان**

۱۸ پر شاہِ دوعالَم کے پیرو؛ کونین کے وارث بنتے ہیں — موجود ہے جومقصود ہے جودونوں ہی حاصل ہوتے ہیں

۱۹ پر یہ خیال رکھ تیرے گھر کا دِیا بھی ہیں — بھاری تو ہے قصور؛ پر کچھ بے خطا بھی ہیں

۲۰ پہلوں سے جو سلوک تھا؛ ہم سے کیا نہیں — بھٹکے ہوؤں کو راہ بتائی تھی یا نہیں

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۲۱ پُورب سے چلی پُرنَم پُرنَم ؛ بادِرَوح وریحانِ وطن — اُڑتے اُڑتے پہنچے پچھّم ؛ سُندرسُندرمُرغانِ وطن

۲۲ پٹھان مُلاّ کو ہیں اپنے گھر ہی لے جاتے — اور اسکا چٹکیوں میں دِل مسل کے دیکھتے ہیں

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲۳ پھربھی کوئی نہ مانے جو احساں؛ تو کیا کریں — ایسے کو بے خِرد کہیں؛ یا بے حیا کہیں

۲۴ پھربھی مُژدہ ہے اُنہیں؛ جو دِین کے غمخوار ہیں — کیونکہ وہ دن ہیں یقیناً؛ دِیں کے پھیلانے کے دن

۲۵ پیشگوئی ہوگئی پوری مسیحِ وَقت کی — پھر بہار آئی؛ تو آئے ثَلج کے آنے کے دن

۲۶ پھر کیوں نہ مجھ کو مذہبِ اسلام کا ہو فکر — جب جان ودِل سے مُعتَقَدِمیرزا ہوں مَیں

۲۷ پہلے ان آرزوؤں کا کوئی ساماں کردیں — دِل میں پھر اس شہِ خُوبان کو مہماں کردیں

۲۸ پُوچھتا ہے مجھ سے وہ؛ کیونکر تِرا آنا ہوا — کیا کہوں اُس سے؛ کہ مَیں تیرے طَلَبگاروں میں ہوں

۲۹ پھیلائیں گے صداقتِ اسلام؛ کچھ بھی ہو — جائیں گے ہم؛ جہاں بھی کہ جاناپڑے ہمیں

۳۰ پَروا نہیں؛ جو ہاتھ سے اپنے ہی، اپناآپ — حرفِ غَلَط کی طرح؛ مِٹاناپڑے ہمیں

۳۱ پہلی اِینٹوں پر ہی رکھتے ہیں؛ نئی اِینٹیں ہمیش  ہے تبھی چرخِ چہارُم پر بِنائے قادیاں
۳۲ پھیرلو جتنی جماعت ہے مِری بَیعت میں  باندھ لو ساروں کو تم؛ مکروں کی زَنجیروں میں
۳۳ پہنچائیں دَر پہ یار کے؛ وہ بال و پَر کہاں  دیکھے جمالِ یار جو؛ ایسی نظر کہاں
۳۴ پتّے پتّے کے پاس جاکر مَیں  سُونگھتا تھا بُوئے مَہِ کِنعاں
۳۵ پھر ناف میں دنیا کی؛ تِرا گاڑدیں نیزہ  پھر پرچمِ اِسلام کو عالَم میں اُڑائیں
۳۶ پھینکتے رہتے ہیں اَعداء مِرے کپڑوں پر گند  تُو نے دی مجھ کو وہ نِکہت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں
۳۷ پائی جاتی ہے وَفا جو اُس میں؛ مجھ میں وہ کہاں  مَیں کہوں کِس مُنہ سے اس کو مَیں وَفاداروں میں ہوں
۳۸ پڑے سورہے ہیں؛ جگادے ہمیں  مَرے جارہے ہیں؛ جِلادے ہمیں

# 'ت' سے 'ن'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 49 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عدن | 6 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 34 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تِرے کوچے میں کِن راہوں سے آؤں  وہ خدمت کیا ہے؛ جس سے تجھ کو پاؤں
۲ توریؔت میں بھی؛ نیز کلامِ مجیؔد میں  لکھا گیا ہے رنگِ وعیدِ شدید میں

۳ تیرے ہاتھوں سے میرے پیارے! اگر کچھ ہو؛ تو ہو — ورنہ دِیں میّت ہے؛ اور یہ دِن ہیں دفنانے کے دن
۴ تم تو ہو آرام میں؛ پر اپنا قِصّہ کیا کہیں — پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے سخت گھبرانے کے دن
۵ تو نے سکھایا فرقاں؛ جو ہے مدارِ ایماں — جس سے مِلے ہے عرفاں؛ اور دُور ہووے شیطاں
۶ تھوڑے نہیں نشاں؛ جو دِکھائے گئے تمہیں — کیا پاک راز تھے؛ جو بتائے گئے تمہیں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۷ تو مدینہ ہے علمِ اکمل کا — تیرا سینہ ہے مہبطِ قرآں
۸ تیرے ملنے سے؛ مِلا ہم کو وہ مقصودِ حیات — تجھ کو پا کر؛ ہم نے پایا کامِ دل آرامِ جاں
۹ تشنہ روحیں ہوگئیں سیراب؛ تیرے فیض سے — عِلم و عرفانِ خداوندی کے بحرِ بیکراں
۱۰ تُو وہ آئینہ ہے؛ جس نے مُنہ دِکھایا یار کا — جسمِ خاکی کو عطا کی روح؛ اے جانِ جہاں
۱۱ تاقیامت جو رہے تازہ؛ تری تعلیم ہے — تُو ہے روحانی مریضوں کا طبیبِ جاوداں
۱۲ **تیر بر معصوم می بارد خبیثِ بَد گھر — آسماں را حق بود گر سنگ بارد بَر زمین**

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۳ تُو تو مالک ہے، خداوند ہے؛ خالق ہے مِرا — مجھ سے ناراض نہ ہونا؛ مَیں ترا چاکر ہوں
۱۴ تب آیا اِک منادی؛ اور ہرطرف صدا دی — آؤ! کہ ان کی زَد سے اسلام کو بچائیں
۱۵ تیرا سر ہے تاجدارِ حُسن؛ خاکِ پا ہے سبزہ زارِ حُسن — ہر حسین کوہسار سے؛ پھوٹتی ہے آبشارِ حُسن

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۶ تاریکی و جہالت و ظلمت کِدھر گئی — دنیا سے آج ان کا ہوا کیوں ہے گُم نشاں
۱۷ تڑپ رہی ہے مِری رُوح جسمِ خاکی میں — ترے سِوا مجھے اِک دَم بھی اب قرار نہیں
۱۸ تُو تو ہنستا ہے؛ مگر روتا ہوں مَیں اس فکر میں — وہ ہیں اس دنیا سے اِک دنیا کے اُٹھ جانے کے دن
۱۹ تسکین دِہ مِرے لیے؛ بس اِک وجود تھا — تم جانتے ہو؛ اس سے بھی اَب تو جُدا ہُوں مَیں
۲۰ تیرے یُوسُفؑ کا مجھے خُوب پتا ہے؛ اے دِل! — کوئی دِن اور کنوئیں تجھ کو جھنکالوں تو کہوں
۲۱ تُو تو واں جنّت میں خوش اور شاد ہے — اِن غریبوں کی خبر کو آئے کون

۲۲ تُجھ سے تھی ہم کو تسلّی ہرگھڑی
تیرے مرنے پر ہمیں بہلائے کون

۲۳ تڑپ ہے دِین کی مجھ کو؛ اُسے دنیا کی لالچ ہے
مُخالِف پر ہمیشہ مَیں تبھی منصور رہتا ہوں

۲۴ تیرے آگے ہاتھ پھیلاؤں نہ گر
کس کے آگے؛ اور پھیلاؤں کہاں

۲۵ تیری زمیں ہے رِہن کیوں؛ ہاتھ میں گَبرِ سَخت کے
تیری تجارتوں میں ہے؛ صُبح ومَسا زِیان کیوں

۲۶ تجھ کو اگر خبر نہیں، اس کے سبب کی؛ مجھ سے سُن!
تجھ کو بتاؤں مَیں؛ کہ برگشتہ ہُوا جہان کیوں

۲۷ توفیق مِلے اُسے عمل کی
کامِل ہو ہراِک جہت سے ایماں ۔ آمین

۲۸ تیری تعلیم میں؛ کیا جادُو بھرا ہے، مِرزاؔ!
جس سے حیوان بھی؛ اِنسان ہوئے جاتے ہیں

۲۹ تُو وہ قادِر ہے؛ کہ تیرا کوئی ہَمسَر ہی نہیں
مَیں وہ بےبَس ہوں کہ بےدَر بھی ہوں بےپَر ہی نہیں

۳۰ تیری نگاہِ لُطف اُتارے گی مجھ کو پار
کٹتے ہیں مجھ سے عِشق کے یہ بحر و بَر کہاں

۳۱ تھے طَرَب سے دَرخت بھی رَقصاں
گویا قِسمت پہ اپنی تھے نازاں

۳۲ تجھے اس جہان کے آئنہ میں جَمالِ یار کی جُستجُو
مجھے سو جہان دکھائی دیتا ہے؛ چَشمِ آئنہ ساز میں

۳۳ تِرے جام کو مِرے خُون سے ہی؛
ہے یہ اِضطِراب، یہ زیر و بَم؛
مِلا ہے رنگ یہ دِلفَریب
مِرے سوز سے تِرے ساز میں

۳۴ تِری محبت ہے میرے دل میں؛
زُبان میری، تِرے تَصَرُّف میں؛
مِری محبت ہے تیرے دل میں
بات تیری، مِرے دَہَن میں

۳۵ تُو آئے؛ تو ہم تجھ کو سَر آنکھوں پہ بِٹھائیں
جاں نَذر میں دیں تجھ کو؛ تجھے دل میں بَسائیں

۳۶ تُو ہندوستاںؔ میں روتا ہے؛
ہے میرا دِل بھی زار؛
مَیں پاکستاںؔ میں کُڑھتا ہوں
فقط تیرا ہی حالِ زار نہیں

۳۷ تُم انسانوں کے چیلے ہو؛
مَیں عالِم ہوں مَیں فاضِل ہوں؛
مَیں اس کے دَر کا ریزہ ہوں
پَر سَر پہ مِرے دَستار نہیں

۳۸ تُو اس کے پیارے ہاتھوں کو اپنی گردن کا طَوق بنا
کیا تُو نے گلے میں ڈالا ہے ذُوالنّار ہے یہ زُنّار نہیں

۳۹ تم نے سو بار مجھے نیچا دِکھانا چاہا
پَر مِرے دل کی مُرَوَّت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۴۰ تم کو مجھ سے ہے عَدَاوت؛ تو مجھے تم سے ہے پیار — میری یہ کیسی محبت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۴۱ توبہ بھی ہوگئی مَقبول؛ حُضُوری بھی ہوئی — پَر مِرے دل کی نَدامت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۴۲ تیرے بندے؛ اے خُدا! — دُنیا میں کچھ ایسے بھی ہیں

۴۳ تیرے بندے؛ اے خُدا! — سچ ہے؛ کہ کچھ ایسے بھی ہیں

۴۴ تم سے مِلنے کی خُدا کو بھی ہے خواہش؛ یہ خبر — مصطفیٰؐ! تُو نے سُنائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۴۵ تُو نے اِنسان کو؛ اِنسان بنایا پھر سے — وَرنہ شیطاں کی بَن آئی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۴۶ تجھے غیر کے غم میں مَرنے کی عادت — مَہارت ہے غیروں کو جَوروجَفا میں

۴۷ تِری تدبیر جب تقدیر سے لڑتی ہے؛ اے ناداں! — تو اِک نُقصان کے بدلے؛ تِرے ہوتے ہیں سو نُقصاں

۴۸ تم غیر کو دِکھا کے؛ ہمیں قَتل کیوں کرو — ہم کب زُباں پہ شِکوہ سَرِعام لائے ہیں

۴۹ تِری تقصیریں خود ہی تجھ کو لے ڈوبیں گی؛ اے ظالم! — لِپٹ جائیں گی تیرے پاؤں میں وہ؛ بَن کے زَنجیریں

# 'ٹ' سے 'ن'

## ('ٹ' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ٹیڑھے رَستہ پہ چلے جاتے ہیں تیرے بندے — پھیر لائیں اُنھیں؛ اور راہ کو سیدھا کر دیں

# 'ث' سے 'ن'

('ث' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ثُریّا سے یہ پھر ایمان لائیں　　یہ پھر واپس ترا قُرآں لائیں

# 'ج' سے 'ن'

('ج' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 82 |
| i | دُرِّ ثمین | 18 |
| ii | دُرِّ عدن | 9 |
| iii | کلامِ طاہر | 8 |
| iv | کلامِ محمود | 46 |
| v | کلام حضرت خلیفة المسیح الثالثؒ | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جو عشّاق اس ذات کے ہوتے ہیں　　وہ ایسے ہی ڈرڈر کے جاں کھوتے ہیں

۲ جو اس کیلئے کھوتے ہیں؛ پاتے ہیں　　جو مرتے ہیں؛ وہ زندہ ہوجاتے ہیں

۳ جن کو اس نور کی خبر ہی نہیں ‏ ‏ ان پہ اس یار کی نظر ہی نہیں

۴ جب اپنے دِلبروں کو نہ جلدی سے پاتے ہیں ‏ ‏ کیا کیا نہ ان کے ہجر میں آنسو بہاتے ہیں

۵ جس سوز میں ہیں اس کیلئے عاشقوں کے دل ‏ ‏ اتنا تو ہم نے سوز نہ دیکھا کباب میں

۶ جامِ وِصال دیتا ہے اس کو جو مرچکا ‏ ‏ کچھ بھی نہیں ہے فرق یہاں شیخ وشاب میں

۷ جن مورکھوں کو کاموں پہ اس کے یقیں نہیں ‏ ‏ پانی کو ڈھونڈتے ہیں عبث وہ سراب میں

۸ جب سے میرے ہوش؛ ‏ ‏ طور دنیا کے بھی بدلے؛
غم سے دِیں کے، ہیں جاتے رہے ‏ ‏ ایسے دیوانے کے دن

۹ جو لوگ شک کی سردیوں سے تھرتھراتے ہیں ‏ ‏ اس آفتاب سے وہ عجب دھوپ پاتے ہیں

۱۰ جو معجزات سنتے ہو؛ قِصّوں کے رنگ میں ‏ ‏ ان کو تو پیش کرتے ہیں سب بحث وجنگ میں

۱۱ جب سے کہ قِصّے ہوگئے مقصود راہ میں ‏ ‏ آگے قدم ہے قوم کا ہردَم گناہ میں

۱۲ جس کو خدائے عزّ وجل پر یقیں نہیں ‏ ‏ اس بدنصیب شخص کا کوئی بھی دِیں نہیں

۱۳ جس مئے کو پی لیا ہے؛ وہ اس مئے سے مَست ہیں ‏ ‏ سب دشمن ان کے؛ انکے مقابل میں پست ہیں

۱۴ جب دشمنوں کے ہاتھ سے وہ تنگ آتے ہیں ‏ ‏ جب بدشعارلوگ انہیں کچھ ستاتے ہیں

۱۵ جب ان کے مارنے کیلئے چال چلتے ہیں ‏ ‏ جب ان سے جنگ کرنے کو باہر نکلتے ہیں

۱۶ جب تک خدائے زندہ کی تم کو خبر نہیں ‏ ‏ بے قید اور دلیر ہو؛ کچھ دِل میں ڈر نہیں

۱۷ جولوگ بدگمانی کو شیوہ بناتے ہیں ‏ ‏ تقویٰ کی راہ سے؛ وہ بہت دُور جاتے ہیں

۱۸ جب دشمن اس کو پیچ میں کوشش سے لاتے ہیں ‏ ‏ کوشش بھی اس قدر؛ کہ وہ بس مرہی جاتے ہیں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۹ جان پڑجاتی تھی جن سے؛ وہ قدم ملتے نہیں ‏ ‏ قالب بے روح سے ہیں؛ کوچہ ہائے قادیاں

۲۰ جب زمانہ میں دورِ ظُلمت تھا ‏ ‏ حق و باطل میں کچھ نہ تھی پہچان

۲۱ جدا از یار عزیزم مدان عزتِ من ‏ ‏ رسیدہ نور ز آں آفتاب طلعتِ من

۲۲ جب دنیا میں بیداری والے؛
دِین سے غافل سوتے ہیں
جب اس کے پیچھے پڑتے ہیں؛
تو اس کو بالکل کھوتے ہیں

۲۳ جاری سب کاروبارِ جہاں؛
پر دل میں خیالِ یارنہاں
دِن کاموں میں کٹ جاتا ہے؛
راتوں کو اُٹھ کر روتے ہیں

۲۴ جسمِ اطہر کے قریں مرغانِ بسمل کی تڑپ
ہو رہی تھی روحِ اقدس داخلِ خُلدِ بریں

۲۵ جس طرف دیکھا؛ یہی حالت تھی ہرشیدائی کی
سربہ سینہ چشمِ باراں؛ پشت خم اندوہ گیں

۲۶ جو مجھے چاہتے تھے؛ چاہ کو پہچانتے تھے
ان کی فرقت کی وہ تنویر کہاں سے لاؤں؟

۲۷ جاتا ہے وقت ہاتھ سے؛ دن گزرے جاتے ہیں
عیسیٰؑ نہ آج آتے ہیں؛ نہ کل ہی آتے ہیں

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۲۸ جس سے وادیوں میں ہرطرف؛
بَہ رہی ہے رُودبارِ حُسن
ہرگھڑی ہوں تجھ پہ گُل نثار؛
سبز پوش اے نگارِ حُسن

۲۹ جب دہریت کے دَم سے؛ مسموم تھیں فضائیں
پھوٹی تھیں جابجا جب الحاد کی وبائیں

۳۰ جیتیں گے ملائک؛
خائب و خاسر ہوگا ہر شیطانِ وطن
اے دیس سے آنے والے بتا!
کس حال میں ہیں یارانِ وطن

۳۱ جائیں جائیں ہم رُوٹھ گئے؛
اب آکر پیار جتائے ہیں
جب ہم خوابوں کی باتیں ہیں؛
جب ہم یادوں کے سائے ہیں

۳۲ جو آنکھیں مُند گئیں رو رو کر؛
اور گُھل گُھل کے جو چراغ بجھے
اب اُن کی پچھلی یادوں میں؛
کیا بیٹھے نِیر بہائے ہیں

۳۳ جو صبح کا رستہ تکتے تکتے؛
اندھیاروں میں خواب ہوئے
اب اُن کے بعد آپ اُن کیلئے؛
کیا خاک سویرے لائے ہیں

۳۴ جسم اُس کا ہے؛ سب انداز مگر غیر کے ہیں
آنکھ اس کی ہے؛ پر اطوارِنظر غیر کے ہیں

۳۵ جو غیراحمدی سندھی ہیں؛ ملاؤں کے ڈر سے
وہ چھپ کے احمدی گوٹھوں میں چل کے دیکھتے ہیں

# ﴾کلامِ محمود﴿

۳۶ جنّتِ فِردَوس سے آیا ہوں مَیں — تِشنہ لب آئیں؛ کہ جامِ بادہ ہوں
۳۷ جس کی سچائی کا ہے یہ اِک نشاں — جانتا ہے بات یہ سارا جہاں
۳۸ جس لیے یہ نام پایا تھا؛ نہیں باقی وہ کام — اَب تو اپنے حال پر ہیں؛ خود ہی شرمانے کے دن
۳۹ جلد کر توبہ؛ کہ پچھتانا بھی پھر ہوگا فُضُول — ہاتھ سے جاتے رہیں گے؛ جبکہ پچھتانے کے دن
۴۰ جاہ وحَشمت کا زمانہ آنے کو ہے عَنقریب — رِہ گئے تھوڑے سے ہیں اب گالیاں کھانے کے دن
۴۱ جو اُن سے لڑنے آئے؛ وہ دنیا سے اُٹھ گئے — باقی کوئی بچا بھی؛ تو ہے اَب وہ نیم جاں
۴۲ جو سُنتا ہے؛ پکڑلیتا ہے دل کو — تڑپ ایسی ہے؛ میری داستاں میں
۴۳ جو دل میں آئے سو کہہ لو کہ اس میں بھی ہے لُطف — خُدا کے عِلم میں گر ہم؛ ذلیل وخوار نہیں
۴۴ جگا رہے ہیں مسیحا کبھی سے دنیا کو — مگر غضب ہے؛ کہ ہوتی وہ ہوشیار نہیں
۴۵ جان جائے گی؛ پہ چھُوٹے گا نہ دامن تیرا — پتّے تُلسی کے؛ مَیں دوچار چَبالُوں تو کہوں
۴۶ جب سے دیکھا ہے اُسے اُس کا ہی رہتا ہے خیال — اور کچھ بھی مجھے؛ اب اس کے سِوا یاد نہیں
۴۷ جانتا ہوں؛ صَبر کرنا ہے ثواب — اِس دِلِ نادان کو سمجھائے کون
۴۸ جگہ دیتے ہیں جب ہم ان کو؛ اپنے سینہ ودِل میں — ہمیں وہ بیٹھنے دیتے نہیں کیوں؛ اپنی محفِل میں
۴۹ جب کلیدِ مَعرِفت ہاتھوں میں میرے آگئی — تیرے اِنعاموں کا؛ مجھ پر بند ہے پھر باب کیوں
۵۰ جب کہ وہ یارِیگانہ؛ ہرگھڑی مجھ کو بُلائے — پھر بتاؤ تو؛ کہ آئے میرے دل کو تاب کیوں
۵۱ جب کہ رونا ہے؛ تو پھر دل کھول کر روئیں گے ہم — نہر چل سکتی ہو؛ تو بنوائیں ہم تالاب کیوں
۵۲ جسے اِس نُور سے حِصّہ نہیں ہے — نہیں زِندوں میں؛ ہے وہ جسم بے جاں
۵۳ جانتا ہے کس پہ تیرا وار پڑتا ہے عَدُو — کیا تجھے معلوم ہے، کِس کے جگر پاروں میں ہُوں؟
۵۴ جاں تو تیرے دَر پہ قُربان ہوگئی — سَر کو پھر مَیں؛ اور ٹکراؤں کہاں
۵۵ جب کبھی تم کو ملے موقع؛ دُعائے خاص کا — یاد کرلینا ہمیں؛ اہلِ وَفائے قادیاںؔ
۵۶ جوشِ گریہ سے پھٹا جاتا ہے دل پھر محمودؔ — اَشک پھر قطرہ سے طوفان ہوئے جاتے ہیں

۵۷ جب نَقدِ جان سونپ دیا؛ تجھ کو جانِ مَن! پاس آسکے بھلا مِرے خَوف وخَطَر کہاں
۵۸ جو بیکَس ہوں؛ یہ ان کے یار ہوجائیں سَرِ ظالم پہ اِک تلوار ہوجائیں
۵۹ جلوے اُس کے نُمایاں ہرشَے میں سِرُ اُسی کی تھی پیدا؛ ہرلَے میں
۶۰ جلوہ ہے ذرّہ ذرّہ میں دِلبر کے حُسن کا سارے مَکاں اُسی کے ہیں؛ وہ لامَکاں نہیں
۶۱ جو اَدب کے حُسن کی بجلیاں؛ تو نِگاہِ حُسن کو کچھ نہ پھر؛
ہوں چمک رہی کفِ ناز میں نظر آئے رُوئے نیاز میں
۶۲ جو اُن کے واسطے؛ اَدنیٰ سا کام کرتا ہے وہ دِین ودنیا کو اُس کی؛ سُدھار دیتے ہیں
۶۳ جو دِن میں آہ بھرے؛ اُن کی یاد میں اِک بار وہ رات پہلو میں اُس کے؛ گزار دیتے ہیں
۶۴ جو تیرے عشق میں دل کو لگے ہیں زخم؛ اے جاں! اِدھر تو دیکھ! وہ کیسی بہار دیتے ہیں
۶۵ جو دل سَلامت رہے تو عالَم کا ذرّہ ذرّہ ہے مُسکراتا ہزار اَنجُم نظر ہیں آتے؛ ہزار پَیوَند پیرَہَن میں
۶۶ جسے نوازے خُدا کی رحمت؛ غَزال لاکھوں ہیں اور بھی تو؛
اُسی میں سب خوبیاں ہوں پیدا ہے بات کیا آہُوئے خُتن میں
۶۷ جو چاہے تُو؛ تو وہی غیرفانی بَن جائے وہ زندگی؛ کہ جسے سب حُباب کہتے ہیں
۶۸ جس شان سے آپ آئے تھے مکّہ میں مِری جاں! اِک بار اسی شان سے رَبوہ میں بھی آئیں
۶۹ جو پھر سے ہَرا کردے؛ ہرخُشک پَودا چَمَن کیلئے؛ وہ صَبا چاہتا ہوں
۷۰ جادُو ہے میری نظروں میں تاثیر ہے میری باتوں میں مَیں سب دنیا کا فاتح ہوں؛ ہاتھوں میں مگر تلوار نہیں
۷۱ جن مَعنوں میں وہ کہتا ہے؛ قہّار بھی ہے، جبّار بھی ہے جن مَعنوں میں تم کہتے ہو؛ قہّار نہیں، جبّار نہیں
۷۲ جاں میری گھٹتی جاتی ہے؛ دِل پارہ پارہ ہوتا ہے تم بیٹھے ہو چُپ چاپ جو یُوں؛ کیا تم میرے دِلدار نہیں
۷۳ جس کی تھی چیز؛ اُسی کے ہی حوالے کردی دے کے دِل خوش ہوں مَیں؛ اس بات پہ دِلگیر نہیں
۷۴ جس پہ عاشِق ہُوا ہوں مَیں؛ وہ اِسی قابِل تھا خود ہی تم دیکھ لو؛ اس میں میری تقصیر نہیں
۷۵ جس نے وِیرانوں کو، دنیا کے؛ کیا ہے آباد بستی وہ تُو نے بسائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں
۷۶ جس کی گرمی سے مِری رُوح ہوئی ہے پُختہ تُو نے وہ آگ جَلائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

۷۷ جب آئے، دل میں آؤ! اور جو چاہو کہو اس سے ۔۔۔ یہ وہ دَر ہے کہ جس کا کوئی حاجب ہے نہ ہے دَرباں
۷۸ جن میں ہوتا ہے وَصلِ یار نَصِیب ۔۔۔ ایسی بھی ہوتی ہیں کہیں راتیں
۷۹ جن کو ہوتا ہے یار کا دِیدار ۔۔۔ ہیں اِنہیں کیلئے بنی راتیں
۸۰ جن میں مَوقع مِلے تہجّد کا ۔۔۔ ہوتی ہیں بَس وہ؛ بہتریں راتیں
۸۱ جو پیاروں کے کانوں میں کہتے ہیں لوگ ۔۔۔ وہ میٹھی سی باتیں سُنادے ہمیں

## کلامِ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

۸۲ جو کچھ کہوں زباں سے، ناصر مَیں کر دِکھاؤں ۔۔۔ ہو رحم اے خدایا، تا تیرے فضل پاؤں

# 'چ' سے 'ن'

## ('چ' سے شروع ہوکر 'ن' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 12 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلام طاہر | 2 |
| iv | کلام محمود | 5 |

## دُرِّ ثمین

۱ چہرہ دِکھلا کر مجھے کردیجئے غم سے رہا ۔۔۔ کب تلک لمبے چلے جائیں گے ترسانے کے دن
۲ چاند اور سورج نے دِکھلائے ہیں دوداغِ کسوف ۔۔۔ پھر زمیں بھی ہوگئی بے تاب؛ تھرّانے کے دن
۳ چھوڑ دو وہ راگ؛ اب تو ہیں اے دل کے اندھو! ۔۔۔ جس کو آسماں گاتا نہیں دِیں کے گُن گانے کے دن

## دُرِّ عدن

۴ چشمِ ظاہر بیں سے پنہاں ہے ابھی اس کی چمک ۔۔۔ تیری قسمت کا ستارا بَن چکا ماہِ مُبیں

۵ چیر کر سینے پہاڑوں کے؛ بڑھے اس کے قدم — سینہ کوبی پر ہوئے مجبور اعدائے لعیں

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۶ چاند تھا میری نگاہوں کا؛ مگر دیکھو تو — بام و دَر جن کے اجالے ہیں؛ وہ گھر غیر کے ہیں

۷ چھیمی نے سوچا؛ کیوں نہ اکیلا ہی کھاؤں میں — باورچی خانہ چوری چھپے کیوں نہ جاؤں میں

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸ چھوڑ دو سب عیش یارو! اور فکرِ دیں کرو — آجکل ہرگز نہیں ہیں؛ پاؤں پھیلانے کے دِن

۹ چہرہ پہ اس مریض کے کیوں رونق آ گئی — جو کل تلک تھا سخت ضعیف اور ناتواں

۱۰ چڑھے ہیں سینکڑوں ہی سُولیوں پہ ہم منصور — ہمارے عِشق کا اِک دار پر مَدار نہیں

۱۱ چہرہ دِکھلا دے مجھے صدقے مَیں اُن آنکھوں کے — دامَن اُن کا کبھی آنکھوں سے لگاؤں تو کہوں

۱۲ چھوڑ دو، جانے بھی دو؛ سُنتا ہوں یہ بھی ہے عِلاج — ڈالتے ہو میرے زخمِ دِل پہ تم تیزاب کیوں

# 'ح' سے 'ن'

('ح' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 10 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 8 |

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ حضرتِ ذوالجلال کے محبوب — جس کی خاطر ہوئی بِنائے جہان

۲ حسرتیں نظروں میں لے کر صورتیں سب کی سوال — اب کہاں تسکین ڈھونڈیں؛ بے سہارے دل حزیں

## کلامِ محمود

۳ حالِ دل کہنے نہیں دیتی؛ یہ بے تابیٔ دِل
آؤ! سینہ سے تمھیں اپنے لگالُوں تو کہوں

۴ حال یوں اُن سے کہوں؛ جس سے وہ بیخود ہو جائیں
کوئی چُبھتی ہوئی مَیں بات بنالُوں تو کہوں

۵ حفیظہؔ؛ جو مِری چھوٹی بہن ہے
نہ اَب تک وہ ہوئی تھی اس میں رَنگیں

۶ حملہ کرتا ہے اگر دُشمن؛ تو کرنے دو اُسے
وہ ہے اَغیاروں میں مَیں اُس یار کے یاروں میں ہوں

۷ حلقہ میں ملائکہ کے کھیلے
ہردَم رہے دُور اس سے شیطاں ۔ آمین

۸ حُسن ہے دادطلَب؛ عِشق تماشائی کا
لاکھ پَردے میں وہ عریان ہوئے جاتے ہیں

۹ حیران ہوں؛ کہ دن کسے کہتے ہیں، اے دوستو!
سُورج ہی جب طُلوع نہ ہو؛ تو سَحر کہاں

۱۰ حَقارت کی نِگاہیں؛ ہیں سُکڑتی
محبت کی نِگاہیں؛ پھیلتی ہیں

# 'خ' سے 'ن'

## ('خ' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **27** |
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عدن | 6 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 15 |

## دُرِّ ثمین

۱ خدا کے جو ہیں؛ وہ یہی کرتے ہیں
وہ لعنت سے لوگوں کی؛ کب ڈرتے ہیں

۲ خدا کیلئے چھوڑ اب بغض و کیں ذرا سوچو باتوں کو ہو کر اَمیں

۳ خوبوں کے حسن میں بھی؛ اسی کا وہ نور ہے کیا چیز حسن ہے؛ وہی چمکا حجاب میں

۴ خدمتِ دِیں کا تو کھو بیٹھے ہو بغض و کِیں سے وقت اب نہ جائیں ہاتھ سے لوگو! یہ پچھتانے کے دن

## ﴿دُرِّ عدن﴾

خالق مٹی سے گھڑتا ہے؛ یہ خاک ہی کرتی پاک بھی ہے؛

۵ مٹی میں رہنا پڑتا ہے مَل مَل کے یہیں دل دھوتے ہیں

۶ خالقِ ہردوجہاں کی رحمتیں ہوں آپ پر والسلام اے شاہِ دِیں؛ اے رہنمائے قادیاں

۷ خیریت سے آپ کو؛ اور ساتھ سب احباب کو جامع المتفرقین؛ جلدی سے لائے قادیاں

۸ خُلق اس معصوم کا؛ اس کی ادائیں دل نشین بھولنا چاہیں بھی گر؛ تو بھولنا ممکن نہیں

۹ خوبیاں بھردی تھیں مولیٰ نے دلِ داوٗد میں خادمِ محمود پہنچا خدمتِ محمود میں

۱۰ خدا نے کہا یہ قرآں میں رہو اپنی ماؤں کے فرمان میں

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۱ خانۂ دل میں اُتر کر یہ فقیروں کے سے غم نالۂ شب سے نصیب اپنا جگا لیتے ہیں

۱۲ خدا کے فضلوں پر ہوتا ہے اپنا دل ٹھنڈا تو مولوی ہمیں کیوں اِتنا جَل کے دیکھتے ہیں

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۳ خدا تو عرش سے اُترا ہے مُنہ دِکھانے کو پر آدمی ہیں؛ کہ بس مُنہ بنائے پھرتے ہیں

۱۴ خُدایا! دردِدِل سے ہے یہ خواہش مِرا تُو ساتھ دے دونوں جہاں میں

۱۵ خنجرِ ناز پہ ہم جان کو قُرباں کردیں اور لوگوں کیلئے راستہ آساں کردیں

۱۶ خالقِ اسباب ہی جب ہو کسی پر خشمگیں پھر بھلا اس آدمی کا ساتھ دیں اَسباب کیوں

۱۷ خُدا کا اِس قدر ہے ہم پہ اِحساں کہ جس کو دیکھ کر ہُوں سخت حیراں

۱۸ خُدا نے فضل سے اپنے ہمیں بھی کِھلائے اِس کے ہیں اَثمارِ شیریں

۱۹ خیال رہتا ہے ہمیشہ اُس مقامِ پاک کا سوتے سوتے بھی یہ کہہ اُٹھتا ہوں؛ ہائے قادیاں!

۲۰ خُلق تِرے کِدھر گئے؛ خَلق کو جن پہ ناز تھا — دِل تیرا کیوں بدل گیا؛ بگڑی تِری زبان کیوں
۲۱ خوف اگر ہے؛ تو یہ ہے تجھ کو نہ پاؤں ناراض — جان جانے کا تو؛ اے جانِ جہاں! ڈَر ہی نہیں
۲۲ خواہشِ وَصل کروں بھی؛ تو کروں کیونکر مَیں — کیا کہوں اُن سے؛ کہ مجھ میں کوئی جوہَر ہی نہیں
۲۳ خُدا کا نُور چمکے ہرنظر میں — مَلَک آئیں نظر؛ چشمِ بشَر میں
۲۴ خُدا کی بات کوئی؛ بے سَبَب نہیں ہوتی — نہیں ہے ساقی؛ تو اَبر و بہار کیسے ہیں
۲۵ خُدا کی نظر میں رہے تُو ہمیشہ — ہو مشغُول دِل تیرا؛ ذِکرِ خُدا میں
۲۶ خود پِلائی ہے مجھے اُس نے مئے عِرفانِ خاص — مُعتَرِض! نازاں ہُوں مَیں اِس پر؛ کہ مے خواروں میں ہوں
۲۷ خُدا کا رحم ہونے کو ہے محمؔود — تغَیُّر ہو رہا ہے آسماں میں

# 'د' سے 'ن'

## ('د' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 49 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | دُرِّ عدن | 6 |
| iii | کلام طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 34 |

### ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ دل میں نہیں؛ کہ دیکھیں وہ اس پاک ذات کو — ڈرتے ہیں قوم سے؛ کہ نہ پکڑیں عتاب میں

۲ دِیں کی نصرت کے لئے؛ اِک آسماں پر شور ہے
اب گیا وقتِ خزاں؛ آئے ہیں پھل لانے کے دن

۳ دن چڑھا ہے دشمنانِ دِیں کا؛ ہم پر رات ہے
اے میرے سورج! دِکھا اِس دِیں کے چمکانے کے دن

۴ دل گھٹا جاتا ہے ہردَم؛ جان بھی ہے زیروزبر
اِک نظر فرما؛ کہ جلد آئیں تیرے آنے کے دن

۵ دوستو! اس یار نے دِیں کی مصیبت دیکھ لی
آئیں گے اس باغ کے اب جلد لہرانے کے دن

۶ دن بہت ہیں سخت؛ اور خوف وخطر درپیش ہے
پر یہی ہے دوستو! اس یار کے پانے کے دن

۷ دیا اُس کو کَرتار نے وہ گیان
کہ ویدوں میں اُس کا نہیں کچھ نشاں

## دُرِّ عدن

۸ دلِ پژمردہ میں باقی نہ رہی زندہ دِلی
اب مَیں وہ شوخیٔ تحریر کہاں سے لاؤں؟

۹ دیکھنے نہ پائے جی بھرکر؛ کہ رخصت ہوگیا
مشعلِ ایماں جلاکر نورِدورِآخریں

۱۰ دونوں ہاتھوں سے لٹائے گا خزانے کون اب؟
تشنہ روحیں کِس سے لیں گی آبِ فیضانِ معیں

۱۱ دنیا سے الگ دنیا کے مکیں؛ ملتے ہیں مگر کُھلتے یہ نہیں
دنیا تو ان کی ہوتی ہے؛ یہ آپ خدا کے ہوتے ہیں

۱۲ درد میں ڈوبی ہوئی تقریر سُن سُن کر جسے
لوگ روتے تھے؛ ملائک کہہ رہے تھے آفریں

۱۳ دشمنوں کے وار؛ چھاتی پر لئے مردانہ وار
پُشت پر ڈستے رہے ہروَقت مارِآستیں

## کلامِ طاہر

۱۴ دل جلے جاتا ہے؛ جیسے کسی راہب کا چراغ
ٹمٹماتا ہو کہیں دُور بیابانوں میں

۱۵ دل کو اِک شرف عطا کرکے چلے جاتے ہیں
اَجنبی غم مِرے محسن مِرا کیا لیتے ہیں

## کلامِ محمود

۱۶ دانۂ تسبیح اور اَشکوں کا مطلب ہے اگر
آب ودانہ کیلئے؛ سب پارسائی چھوڑ دُوں

۱۷ دوستو! ہرگز نہیں؛ یہ ناچ اور گانے کے دن
مشرق ومغرب میں ہیں یہ؛ دِیں کے پھیلانے کے دن

۱۸ دِینِ احمد پر اگر آیا زمانہ ضُعف کا
آچکے تب تو مسیحِ وَقت کے آنے کے دِن

۱۹ دوستو! اب بھی کرو توبہ؛ اگر کچھ عَقل ہے
وَرنہ خود سمجھائے گا وہ یار؛ سمجھانے کے دِن

۲۰ دَردودُکھ سے آگئی تھی تنگ؛ اے محمود! قوم
اب مگر جاتے رہے ہیں؛ رَنج وغَم کھانے کے دِن

۲۱ دِل وجگر کے پَرخچے اُڑے ہوئے ہیں یاں — اگرچہ دیکھنے میں اپنا حال زار نہیں
۲۲ دِل اور جگر میں گھاؤ ہوئے جاتے ہیں؛ کہ جب — چاروں طرف فَساد پڑے دیکھتا ہُوں مَیں
۲۳ دِل میرا ٹکڑے ٹکڑے ہُوا ہے؛ خُدا گواہ — غَم دُور کرنے کیلئے؛ گو ہَنس رہا ہُوں مَیں
۲۴ دِل نہیں ہے؛ یہ تو لَعلِ دَہَنِ اَفعی ہے — دِل کو اس زُلفِ سیہ سے چھُڑاؤں تو کہوں
۲۵ دِل میں آتا ہے؛ کہ دِل بیچ دیں دِلدار کے ہاتھ — اور پھر جان کو؛ ہم ہَدیۂ جاناں کردیں
۲۶ دَردِ دِل، سوزِ جگر اَشکِ رواں تھے مِرے دوست — یار سے مِل کے کوئی بھی تو رہا یاد نہیں
۲۷ دِل پھٹا جاتا ہے؛ مِثلِ ماہیٔ بے آب کیوں — ہو رہا ہوں کِس کے پیچھے اِس قدر بے تاب کیوں
۲۸ دِل ہی تھا؛ سو وہ بھی تجھ کو دے دیا — اَب مَیں اُمّیدوں کو دَفناؤں کہاں
۲۹ دعوٰیٔ طاعَت بھی ہوگا؛ اِدّعائے پیار بھی — تم نہ دیکھو گے کہیں؛ لیکن وَفائے قادیاں
۳۰ دُشمن آدم کے؛ جو نادان ہوئے جاتے ہیں — ہائے! انسان سے شیطان ہوئے جاتے ہیں
۳۱ دِل کے بہہ جانے کی نالے بھی خبر دیتے ہیں — شاہد اس بات پہ نوکِ مِژۂ تَر نہیں
۳۲ دِل سے ہے وُسعتِ تَرحیبِ محبت مَفقود — ساقی اِستادہ ہے؛ مینا لیے ساغر ہی نہیں
۳۳ دِلِ مایوس سینہ میں؛ اندھیرا چاروں جانب میں — نہ آنکھیں ہیں کہ رَہ پائیں نہ پَر ہیں جن سے اُڑ جائیں
۳۴ دَرد آشنائیٔ غَمِ ہجراں میں؛ مَیں کہاں — فُرقت نصیب مادَر و فاقِد پِدر کہاں
۳۵ دیکھو! کہ دل نے ڈالی ہے جاکر کہاں کمند — کُودا تو ہے یہ بحرِ محبت میں؛ پَر کہاں
۳۶ دُوری کو اپنی دیکھ کے؛ مَیں شرمسار ہوں — عاشق تو ہوں؛ پہ حِرص وہَوا کا شکار ہوں
۳۷ دِل دے چکے؛ تو ختم ہُوا قِصّۂ حِساب — معشوق سے حِساب کا دَستُور ہی نہیں
۳۸ دُشمن کی چیرہ دَستیوں پر؛ اے خُدا گواہ — ہیں زَخمِ دل بھی سینے کے ناسُور ہی نہیں
۳۹ دے ہم کو یہ تَوفیق؛ کہ ہم جان لڑا کے — اِسلام کے سَر پر سے کریں دُور بلائیں
۴۰ دِکھائے جو ہردَم؛ تِرا حُسن مجھ کو — مِری جاں! مَیں وہ آئنہ چاہتا ہوں
۴۱ دوزخ میں جلنا سخت بُرا؛ پر یہ بھی کوئی بات نہ تھی — سَو عَیب کا اس میں عَیب ہے؛ یہ گُفتار نہیں، دِیدار نہیں
۴۲ دِل میں بیٹھے؛ کہ سمائے میری آنکھوں میں تُو — میری تعظیم ہے اس میں؛ تِری تحقیر نہیں

۴۳ دِل رُبا کیسا ہے؛ جو دِل نہ لُبھائے میرا — سینے کے پار نہ ہوجائے؛ تو وہ تیر نہیں

۴۴ دُنیاوالوں نے اُنھیں بے گھر کیا؛ بے دَر کیا — پھر بھی ان کے قلب حُبِّ خَلق سے مَعمُور ہیں

۴۵ دُنیاوالوں کی نظر میں؛ پھر بھی ٹھہرے ہیں حَقِیر — ہیں گُنہ لازِم؛ مگر سب نیکیاں برباد ہیں

۴۶ دِید کی راہ بتائی تھی؛ ہے تیرااِحساں — اس کی تدبیر سُجھائی تھی؛ ہے تیرااِحساں

۴۷ دانۂ سُبحہ پراگندہ ہیں چاروں جانب — ہاتھ پر میرے؛ اُنھیں آپ اِکٹھا کردیں

۴۸ دِن کی تاریکیاں ہیں کرتی دُور — مہ نُما ہیں؛ یہ مہ جَبیں راتیں

۴۹ دُنیا میں اس کے عشق کا چرچا ہے چارسُو — تحفہ کے طور پر؛ دِلِ بَدنام لائے ہیں

# 'ڈ' سے 'ن'

## ('ڈ' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ڈوبنے کو ہے یہ کشتی؛ آ میرے اے ناخدا! — آگئے اس باغ پر؛ اے یار! مرجھانے کے دن

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ ڈھونڈتی ہے جلوۂ جاناں کو آنکھ — چاندساچہرہ ہمیں دِکھلائے کون

۳ ڈھونڈتے ہیں تجھی کو کیوں سارے جہاں کے اِبتلا — پیستی ہے تجھی کو ہاں گردِشِ آسمان کیوں

۴ ڈَر کا اَثَر ہو ان پہ؛ نہ لالچ کا ہو اَثَر — ہوش آئیں جن کو ایسے؛ یہ مخمور ہی نہیں

# 'ر' سے 'ن'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 16 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 3 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 12 |

### دُرِّ عدن

۱ راہِ حق میں؛ جب قدم آگے بڑھا دے، ایک بار — سر بھی کٹ جائے؛ نہ پھر پیچھے ہٹائے، قادیاںؔ

۲ روح بھی پاتی نہیں کچھ چین؛ قالب کے بغیر — ان کے مُنہ سے بھی نکل جاتا ہے؛ ہائے قادیاںؔ!

۳ رکھ تسلی؛ دلِ بیمار ابھی آتے ہیں — دردِ مزمن کی دوا؛ باعثِ راح و تسکیں

### کلامِ طاہر

۴ رات سجدوں میں اپنے رب کے حضور؛ — جن کے ماں باپ اور کوئی نہ ہوں؛
ان کے غم میں بھی آپ روتے ہیں — ان کے ماں باپ؛ آپ ہوتے ہیں

### کلامِ محمود

۵ رحمت کی طرف؛ اپنی نِگہ کیجئے آقا! — جانے بھی دیں، کیا چیز ہیں؛ یہ میری خطائیں

۶ رہتی ہیں بے ثمار کیوں؛ تیری تمام محنتیں — تیری تمام کوششیں؛ جاتی ہیں رائیگاں کیوں

۷ رنجِ فراقِ گل؛ نہ کبھی ہو سکے بیاں — میرے مقابلے میں؛ ہزاروں ہزار ہوں

۸ روتے روتے ہی؛ کٹ گئیں راتیں — ذکر میں ہی؛ بسر ہوئیں راتیں

۹ رازداں؛ اُس کی شکایت ہو اُسی کے آگے — اُس کی تصویر کو آنکھوں سے ہٹاؤں تو کہوں

۱۰ رنگ اُسی کا چھلک رہا تھا؛ آہ! کَفِ ساقی میں؛ ساغرِ مَے میں
۱۱ رَنج ہو، غم ہو؛ کوئی حال ہو، خوش رہتا ہوں دِل میں کچھ ایسی طراوَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں
۱۲ رُوحِ اِنسانی کو جو بخشے جِلا؛ ہے اِکسیر مِس کو چھُوکر جو طِلاء کردے؛ وہ اِکسیر نہیں
۱۳ راہ گیروں کو بچانے کیلیۓ؛ ظُلمت میں شمع اِک تُو نے جلائی تھی؛ ہے تِرا اِحساں
۱۴ رقیبوں کو آرام و راحت کی خواہش مگر مَیں تو کرب و بَلا چاہتا ہوں
۱۵ ربوہ کو تِرا مرکزِ توحید بناکر اِک نعرۂ تکبیر؛ فلک بوس لگائیں
۱۶ ربوہ رہے؛ کعبہ کی بڑائی کا دعاگو کعبہ کو پہنچتی رہیں؛ ربوہ کی دعائیں

# 'ز' سے 'ن'

## ('ز' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زندہ وہی ہیں؛ جو کہ خدا کے قریب ہیں مقبول بَن کے؛ اس کے عزیزوحبیب ہیں
۲ زَر سے پیار کرتے ہیں؛ اور دل لگاتے ہیں ہوتے ہیں زَر کے ایسے؛ کہ بس مرہی جاتے ہیں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ زندگی میری کٹے گی خدمتِ اسلام میں وقف کردوں گا خدا کے نام پر جانِ حزیں

﴾کلامِ محمود﴿

۴ زباں نے اس کو پڑھ کر؛ پائی برکت ہوئیں آنکھیں بھی اس سے؛ نُورآگیں

۵ زمیں کا بوجھ؛ وہ سر پر اُٹھائے پھرتے ہیں اِک آگ سینہ میں؛ اپنے دَبائے پھرتے ہیں

# 'ذ' سے 'ن'

## ('ذ' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ ذرا جنم ساکھی کو پڑھ اے جواں کہ انگدؔ نے لکھا ہے اس میں عیاں

﴾دُرِّ عدن﴿

۲ ذاتِ باری کی رضا؛ ہردَم رہی پیشِ نظر خلق کی پروا نہ کی؛ خدمت سے مُنہ موڑا نہیں

﴾کلامِ محمود﴿

۳ ذرّہ ذرّہ مجھے عالَم کا یہ کہتا ہے؛ کہ دیکھ! مَیں بھی ہوں آئنہ اس کا؛ مہ واَختر ہی نہیں

# 'س' سے 'ن'

('س' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعدادکُل اشعار | 36 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عدن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 23 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ سارے حکموں پر ہمیں ایمان ہے
جان ودِل؛ اس راہ پر قربان ہیں

۲ سچ سچ کہو؛ اگر نہ بنا تم سے کچھ جواب
پھر بھی یہ مُنہ جہاں کو دِکھاؤ گے یا نہیں

۳ سورج پہ غور کرکے؛ نہ پائی وہ روشنی
جب چاند کو بھی دیکھا؛ تو اس یار سا نہیں

۴ سب خیر ہے اسی میں؛ کہ اس سے لگاؤ دل
ڈھونڈو اسی کو یارو! بُتوں میں وَفا نہیں

۵ سچ سچ کہو؛ کہ تم میں امانت ہے اب کہاں
وہ صدق اور وہ دِین ودیانت ہے اب کہاں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۶ سیدا! ہے آپ کو شوقِ لقائے قادیاں
ہجر میں خوں بار ہیں؛ یاں چشمہ ہائے قادیاں

۷ سب تڑپتے ہیں، کہاں ہے؛ زینتِ دارالاماں
رونقِ بستانِ احمدؑ؛ دِلربائے قادیاں

۸ سر اُٹھانے کی نہ بستر سے جو ہمّت پائے
کیا کرے آہ! وہ مجبور وہ زارو غمگیں

۹ سارے جھگڑے چُکادیئے تُو نے
اے شہ عدل؛ صاحبِ فُرقاں

سامانِ معیشت بھی کرنا؛
حق نفس کا بھی کرتے ہیں ادا؛

۱۰ پھر جیتے جی اس پر مرنا
بیج الفت کے بھی بوتے ہیں

۱۱ سر پہ اِک بارِ گراں لینے کو آگے ہوگیا ‌‌ ناز کا پالا ہوا؛ ماں باپ کا طفلِ حسیں

۱۲ سونپا ہے تمھیں خالق و مالک کی اَمان میں ‌‌ ہر خیر بخش دے تمھیں دونوں جہان میں

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۳ سنا ہے؛ پیار وہ کرتا ہے غم کے ماروں سے ‌‌ تو ہم بھی دَرد کے قالب میں ڈھل کے دیکھتے ہیں

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۴ سلطنت میں بھی تزلزل کے نمایاں تھے نشاں ‌‌ صاف ظاہر تھا؛ کہ ہے چند دِنوں کی مہماں

۱۵ سینکڑوں عیب نظر آتے تھے جن کو اس میں ‌‌ وہ بھی اب عاشقِ قرآں ہوئے جاتے ہیں

۱۶ سخت ڈرتا ہوں مَیں اِظہارِ محبت کرتے ‌‌ پہلے اس شوخ سے مَیں عہدِ وَفا لُوں تو کہوں

۱۷ سَرد مہری سے جہاں کی؛ دِل ہے سَرد ‌‌ گرمیٔ تاثیر سے؛ گرمائے کون

۱۸ سختیوں سے ہی؛ جو جاگے گی، تو جاگے گی یہ قوم ‌‌ اے غبی! ہرگز نہیں یہ تلوے سہلانے کے دن

۱۹ سب دُشمنانِ دِیں کو؛ اُنھوں نے کیا ذلیل ‌‌ بخشی ہے رَبِّ عَزّ وجل نے؛ وہ عِزّ وشاں

۲۰ سَر میں ہے جوشِ جُنوں؛ دِل میں بھرا ہے نُورِ علم ‌‌ مَیں نہ دیوانوں میں شامِل ہوں نہ ہُشیاروں میں ہوں

۲۱ ساری دُنیا چھوڑ دے؛ پَر مَیں نہ چھوڑوں گا تجھے ‌‌ دَرد کہتا ہے؛ کہ مَیں تیرے وَفاداروں میں ہوں

۲۲ سُن مُدّعی! نہ بات بڑھا؛ تا نہ ہو یہ بات ‌‌ کُوچہ میں اس کے شور مچانا پڑے ہمیں

۲۳ سارے جہاں کے ظُلم کیوں ٹُوٹتے ہیں تجھی پہ آج ‌‌ بڑھ گیا حَدِّ صبر سے عرصۂ اِمتحان کیوں

۲۴ سَر وَقفِ خیالِ یارِ اَزَلی ‌‌ دِل نورِ وَفا سے مِہرِ تاباں ۔ آمین

۲۵ سب عُمر؛ بسَر ہو اِتّقا میں ‌‌ ہر لحظہ رہے یہ زیرِ فرماں ۔ آمین

۲۶ سَجۂ اَشک پروئی ہے؛ وہ تُو نے واللہ ‌‌ گبر بھی اَب تو؛ مُسلمان ہوئے جاتے ہیں

۲۷ سِوا اس کے؛ کہ اَب خود آپ ہی ‌‌ کچھ لُطف فرمائیں

۲۸ سَجدہ کا اِذن دے کے مجھے تاج وَر کیا ‌‌ پاؤں ترے کہاں؛ مِرا ناچیز سَر کہاں

۲۹ سُرورِ رُوح جو چاہے؛ تو دِل کی سُن آواز ‌‌ کہ تارِ دِل ہی کو چنگ و رُباب کہتے ہیں

۳۰ سَر پہ حاوی وہ حماقت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں ‌‌ کُفر وبدعت سے، وہ رغبت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۳۱ سوبار توبہ توڑکر جھکتی نہیں میری نظر — جھکتی ہے ناکردہ گُنہ ان کی نِگاہِ شرمگیں
۳۲ سب ہی ہوجائیں مُسلماں؛ تری تقدیر نہیں — یا دُعاؤں میں ہی میری؛ کوئی تاثیر نہیں
۳۳ سَبَق آزادی کا دیتے ہیں دِلِ عاشِق کو — اُن کی زُلفوں میں کوئی زُلفِ گرہ گیر نہیں
۳۴ ساری دنیا کے پیاسوں کو کروں مَیں سیراب — چشمۂ شور بھی ہوں؛ گر مجھے میٹھا کردیں
۳۵ سمندر سے ہوائیں آرہی ہیں — مِرے دِل کو بہت گرما رہی ہیں
۳۶ سالِک! تجھے نَویدِخوشی دینے کیلئے — پھِرتا ہوں شَرق وغَرب وشِمال وجُنوب میں

# 'ش' سے 'ن'

## ('ش' سے شروع ہوکر 'ن' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلام محمود | 5 |

### دُرِّ ثمین

۱ شرک اور بدعت سے ہم بیزار ہیں — خاکِ راہِ احمدِ مختار ہیں

### دُرِّ عدن

۲ شمسِ ملّت؛ جلد فارغ دورۂ مغرب سے ہو — مطلعِ مشرق سے پھیلائے؛ ضیائے قادیاں
۳ شوکتِ الفاظ بھرّائی ہوئی آواز میں — کَرب وغم میں بھی نمایاں عزم وایمان ویقیں

### کلامِ محمود

۴ شیطاں سے جنگ کرنے میں؛ جاں تک لڑاؤنگا — یہ عہد ذاتِ باری سے؛ اَب کرچکا ہوں مَیں

۵ شرم آتی ہے، یہ کہتے: کہ نہیں ملتا تُو — تیری تصویر کو مَیں دل سے مِٹاؤں تو کہوں
۶ شاہدوں کی کیاضرورت ہے؛ کِسے اِنکار ہے — مَیں تو خُود کہتا ہوں مَولیٰ! مَیں گنہگاروں میں ہوں
۷ شمشیرِ زُباں سے گھر بیٹھے؛ دُشمن کو مارے جاتے ہوں — میدانِ عَمل کا نام بھی لو؛ تو جھینپتے ہوں، گھبراتے ہوں
۸ شمع پَروانوں کو نصیب ہو جب — دِن کہو ان کو؛ وہ نہیں راتیں

# 'ص' سے 'ن'

## ('ص' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 7 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ صبر کی طاقت جوتھی مجھ میں؛ وہ پیارے! اب نہیں — میرے دِلبر! اب دِکھا اس دل کے بہلانے کے دن

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ صرف کرڈالیں خدا کی راہ میں سب طاقتیں — جان کی بازی لگادی؛ قول پر ہارا نہیں

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ صدیوں سے لُوٹ رہا ہے تیری دولت دَجّال — دِلبرا! تیری وہ ثَروَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں
۴ صاف ہوجائے دِلِ کافرومنکر جس سے — تیری تقدیر میں ایسی کوئی تدبیر نہیں
۵ صبروتمکیں تو الگ؛ دِل تک نہیں باقی رہا — راہِ اُلفت میں لُٹا ایسا؛ کہ اب نادار ہوں

۶ صبر کر اے ناقۂ راہِ ھُدیٰ! ہمت نہ ہار     دُور کردے گی اندھیروں کو ضِیائے قادیاں
۷ صَید و شِکارِ غم ہے تُو مُسلم خستہ جان کیوں     اُٹھ گئی سب جہان سے تیرے لیے اَمان کیوں

# 'ط' سے 'ن'

## ('ط' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ طالبو! تم کو مبارک ہو؛ کہ اب نزدیک ہیں     اس مِرے محبوب کے چہرہ کے دِکھلانے کے دن

# 'ظ' سے 'ن'

## ('ظ' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 8 | تعداد کُل اشعار | |
| 2 | دُرِّ ثمین | i |
| 1 | دُرِّ عدن | ii |
| 1 | کلامِ طاھر | iii |
| 4 | کلامِ محمود | iv |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ ظاہر ہیں خود نشاں؛ کہ زماں، وہ زماں نہیں — اب قوم میں ہماری؛ وہ تاب و تواں نہیں

۲ ظاہر ہے یہ؛ کہ قِصّوں میں ان کا اثر نہیں — افسانہ گو کو راہِ خدا کی خبر نہیں

## ﴾دُرِّ عدن﴿

۳ ظلموں کی تیری قوم کا؛ کچھ انتہاء نہیں — ضرب **'غلام اھانت مولا'** سنتا نہیں

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۴ ظالم ہوں گے رُسوائے جہاں؛ — اے دیس سے آنے والے بتا!
مظلوم بنیں گے آنِ وطن — کس حال میں ہیں یارانِ وطن

## ﴾کلامِ محمود﴿

۵ ظُلمتیں آپ کو سجتی نہیں؛ میرے پیارے! — پردے سب چاک کریں؛ چہرہ کو ننگا کردیں

۶ ظاہر میں سب اَبرار ہیں باطن میں سب اَشرار ہیں — مُصلح ہیں، پَر بدکار ہیں؛ ہیں ڈاکٹر، پَر زار ہیں

۷ ظُلمتیں کافُور ہوجائیں گی اِک دِن؛ دیکھنا! — مَیں بھی اِک نورانی چہرہ کے پَرستاروں میں ہوں

۸ ظلمت وتاریکی و ضِدّ وتعصّب مِٹ چکے — آگئے ہیں اب خُدا کے چہرہ دِکھلانے کے دِن

# 'ع' سے 'ن'

## ('ع' سے شروع ہوکر 'ن' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 22 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلام طاہر | 2 |
| iv | کلام محمود | 15 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ عاشق جو ہیں؛ وہ یار کو مَر مَر کے پاتے ہیں — جب مرگئے؛ تو اس کی طرف کھینچے جاتے ہیں

۲ عہد شد از کِردِگارِ بے چگوں — غور کُن در اَنَّھُم لَایَرجِعُون

۳ عدُو جب بڑھ گیا شوروفغاں میں — نہاں ہم ہوگئے یارِنہاں میں

۴ عزیزو! کچھ نہیں اس بات میں جاں — اگر کچھ ہے؛ تو دِکھلاؤ بمیداں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۵ علم وتوفیقِ بلاغِ دِین؛ ہو ان کو عطاء — قادیاںؔ والوں کا ہو ناصر؛ خدائے قادیاںؔ

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۶ عجب مزا ہے؛ جب اُردوکلاس ہوتی ہے — تو چھوٹے لڑکے بھی بلیوں اچھل کے دیکھتے ہیں

۷ عروج اپنامقدر ہے؛ اور ان کا زوال — یہ وہ اُبال ہے؛ جس میں اُبل کے دیکھتے ہیں

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸ عِشق میں اِک گُلِ نازُک کے ہوا ہوں مجنوں — دھجیّاں جامۂ تَن کی مَیں اُڑاؤں تو کہوں

۹ عطاکر عُمروصحت ہم کو یارب! — ہمیں مَت ڈال پیارے! امتحاں میں

۱۰ عِشق میں کھوئے گئے ہوش وحواس وفِکر وعَقل — اَب سوالِ دِید جائز ہے؛ کہ ناداروں میں ہوں

۱۱ عِشق بھی کھیل ہے ان کا؛ کہ جو دِل رکھتے ہیں — ہو جو سَودا، تو کہاں ہو؛ کہ یہاں سَر ہی نہیں

۱۲ عاشِق کے آنسوؤں کی ذرا آب دیکھ لیں — ہیرے کہاں ہیں، لعل کہاں ہیں؛ گُہر کہاں

۱۳ عُلومِ آسمانی اُن کو مِل جائیں — دِلوں کی اُن کے کلیاں؛ خوب کِھل جائیں

۱۴ عُمر گزرے گی مِری؛ کیا یُونہی اُن کی یاد میں — کیا نہ رکھیں گے قدم وہ اِس دِلِ ناشاد میں

۱۵ عطاوبَخشِش واِنعام کی کوئی حَد ہے — جِسے بھی دیتے ہیں؛ وہ بے شُمار دیتے ہیں

۱۶ عُقبیٰ کو بھُلایا ہے تُو نے؛ تُو احمق ہے، ہُشیار نہیں — یہ تیری ساری لَسّانی، بے کار ہے؛ گر کِردار نہیں

۱۷ عَرش سے کھینچ کے لے آئی خُدا کو؛ جو چیز — تیری بَروَقت دوہائی تھی؛ ہے تیرااِحساں

۱۸ عاشِقوں کیلئے ہیں اِک رحمت — نازبَردار نازنیں راتیں

۱۹ عِشقِ خُدا کی مَے سے بھرا جام لائے ہیں ہم مصطفیٰؐ کے ہاتھ پہ اِسلام لائے ہیں

۲۰ عاشِق بھی گھر سے نکلے ہیں؛ جاں دینے کیلئے تشریف آج وہ بھی سَرِ بام لائے ہیں

۲۱ عَبَث ہیں باغِ احمدؐ کی تباہی کی یہ تدبیریں چھُپی بیٹھی ہیں تیری راہ میں؛ مولیٰ کی تقدیریں

۲۲ عربؔ؛ جو ہے مِرے دِلبر کا مَسکَن بُوئے خوش اس کی لے کر آرہی ہیں

# 'غ' سے 'ن'

## ('غ' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 9 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلام طاہر | 1 |
| iii | کلام محمود | 7 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ غیر کیا جانے؛ کہ غیرت اُس کی کیا دِکھلائے گی خود بتائے گا اُنھیں؛ وہ یار بتلانے کے دن

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ غریب تھَل کے دوکانوں میں ٹیلی ویژن کی بڑی لگن، بڑی چاہت سے کھُل کے دیکھتے ہیں

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ غَم ورَنج ومصیبت سے بچا کر ہمیشہ رکھ ہمیں اپنی اَماں میں

۴ غَم اپنے دوستوں کا بھی کھاناپڑے ہمیں اَغیار کا بھی بوجھ اُٹھاناپڑے ہمیں

۵ غَضَب ہے شاہ بُلائے؛ غُلام مُنہ موڑے سِتم ہے چُپ رہے یہ؛ وہ کہے مُجیب ہوں مَیں

۶ غیر کا اَفسون اس پہ چل نہیں سکتا کبھی — لے اُڑی ہو، جس کا دِل؛ زُلفِ دوتائے قادیاں

۷ غیب سے فضل کے سامان ہوئے جاتے ہیں — مرحلے سارے ہی آسان ہوئے جاتے ہیں

۸ غرض جس طرح بَن آیا مَطالِب اُن سے منوائے — مِرے ہَمراز! پَر وہ پُر شِکستہ کیا کریں جن کے ہوا میں اُڑ گئے نالے، گئیں بے کار فریادیں

۹ غیر بھی بیٹھے ہیں؛ اپنے بھی ہیں گھیرا ڈالے — مجھ میں اور تجھ میں وہ خلوَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

# 'ف' سے 'ن'

## ('ف' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **9** |
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 8 |

### دُرِّ عدن

۱ فرقتِ مہ میں؛ ستارے ماند کیسے پڑ گئے — ہے نرالا رنگ میں اپنے؛ سماءِ قادیاں

### کلامِ محمود

۲ فراق میں جو مِری آنکھ سے بہے تھے اَشک — انہی سے حُسن نے پائی ہے آب کہتے ہیں

۳ فرشتوں سے مِل کر اُڑو تم ہوا میں — مہک جائے خوشبوئے ایماں فضا میں

۴ فقیہی سے اِس سوال کا حَل ہو نہیں سکا — ہیں تجھ میں ہی قلوب؛ کہ تُو ہے قلوب میں

۵ فکرِ خُود سے فِکرِ دُنیا کیلئے آزاد ہیں — شاد کرتے ہیں زمانہ بھر کو؛ خُود ناشاد ہیں

۶ فخر ہے مجھ کو؛ کہ ہوں مَیں خدمتِ سرکار میں — ناز مجھ کو؛ کہ اس کے نازبرداروں میں ہوں

۷ فکروں سے خُدا اُسے بچائے — پیدا کرے خُرّمی کے ساماں ۔ آمین

۸ فُرقت میں تیری ہرجگہ ویرانہ بَن گئی | اب زندگی کے دن یہ؛ کروں میں بَسَر کہاں
۹ فُرقت میں تیری حالِ دِلِ زار کیا کہیں | وہ آگ لگ رہی ہے؛ کہ جس میں دھُواں نہیں

# 'ق' سے 'ن'

## ('ق' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 14 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلام طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 9 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ قرآں کتابِ رحماں؛ سکھلائے راہِ عرفاں | جو اس کو پڑھنے والے؛ اُن پر خدا کے فیضاں
۲ قدرت سے، اس قدیر کی؛ انکار کرتے ہیں | بکتے ہیں؛ جیسے غرق ہو کوئی شراب میں
۳ قوم کے خوف سے وہ مرتے ہیں | سو نشاں دیکھیں کب وہ ڈرتے ہیں

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ قومِ احمد! جاگ تُو بھی؛ جاگ اس کے واسطے | اَن گِنت راتیں جو تیرے درد میں سویا نہیں

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۵ قافلے درد کے پاجاتے ہیں منزل کا سُراغ | اِک لرزتی ہوئی لَو دیکھ کے وِیرانوں میں

## ﴿کلامِ محمود﴾

٦ قاضی و مُفتی بھی کھو بیٹھے تھے اپنا ایماں — رحم و اِنصاف کے وہ نام سے بھی تھے اَنجان

٧ قیامت ہے کہ وَصلِ یار میں بھی رَنجِ فُرقت ہے — مَیں اُس کے پاس رِہ کر بھی؛ ہمیشہ دُور رہتا ہوں

٨ قِصۂ ہجر؛ ذرا ہوش میں آلُوں تو کہوں — بات لمبی ہے یہ؛ سَر پیر جو پالُوں تو کہوں

٩ قربان کر کے جان؛ دُوئی کا مِٹاؤں نام — وہ خواب میں ہی آ کے؛ جو مجھ سے دوچار ہوں

١٠ قُربِ دِلدار کی راہیں تو کھُلی ہیں؛ لیکن — کیا کروں مَیں؛ جِسے اسباب میسّر ہی نہیں

١١ قرآں سے ہم نے سیکھی ہے تدبیرِ بے خطا — صیدِ ہُما کے واسطے اِک دام لائے ہیں

١٢ قرباں ہوں زخمِ دل یہ؛ کہ سب حال کہہ دیا — شکوہ کا حرف کوئی مگر درمیاں نہیں

١٣ قدم بڑھا؛ کہ ہے دِیدارِ یار کی ساعت — اُلٹنے والا ہے مُنہ سے نقاب کہتے ہیں

١٤ قیدِ شیطاں سے چھُڑانے کیلئے عاصی کو — کِس نے تکلیف اُٹھائی تھی؛ ہے تیرا اِحساں

# 'ک' سے 'ن'

## ('ک' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 99 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 25 |
| ii | دُرِّ عدن | 8 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 62 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ کہا رو کے؛ حق کا طلب گار ہوں — نثارِ رَہِ پاکِ کرتار ہوں

۲ کبھی شرق میں؛ اور کبھی غرب میں | رہا گھومتا؛ قلق اور کرب میں

۳ کب تک رہو گے ضِدّ وتعصّب میں ڈوبتے؟ | آخر قدم بَصِدق اُٹھاؤ گے یا نہیں

۴ کیونکر کرو گے رَدّ جو محقق ہے ایک بات؟ | کچھ ہوش کرکے عُذر سناؤ گے یا نہیں؟

۵ کوئی مُردوں سے کبھی آیا نہیں | یہ تو فرقاںؔ نے بھی بتلایا نہیں

۶ کیا بشر میں ہے خدائی کا نشاں؟ | الاماں؛ ایسے گماں سے الاماں

۷ کہ پردے میں قادر کے اسرار ہیں | کہ عقلیں وہاں ہیچ وبے کار ہیں

۸ کہاں ہیں؛ جو اُس کیلئے مرتے ہیں | جو ہے واک اُس کا؛ وہی کرتے ہیں

۹ کہاں ہیں؛ کہ جب اُس سے کچھ پاتے ہیں | تعشّق سے قرباں ہوئے جاتے ہیں

۱۰ کہاں ہیں؛ جو اُلفت سے سرشار ہیں | جو مرنے کو بھی دل سے تیار ہیں

۱۱ کہاں ہیں؛ جو وہ بُخل سے دُور ہیں | محبت سے نانکؔ کی معمور ہیں

۱۲ کہاں ہیں؛ جو اِس رَہ میں پُرجوش ہیں | گُرو کے تعشّق میں مَدہوش ہیں

۱۳ کہاں ہیں؛ وہ نانکؔ کے عاشق کہاں | کہ آیا ہے نزدیک اب امتحاں

۱۴ کہ اسلام ہم اپنادِیں رکھتے ہیں | محمدؐ کی رَہ پر یقیں رکھتے ہیں

۱۵ کیوں غضب بھڑکا خدا کا؛ مجھ سے پوچھو غافلو! | ہوگئے ہیں اس کا موجب میرے جھٹلانے کے دن

۱۶ کِرمِ خاکی ہوں میرے پیارے! نہ آدم زاد ہوں | فضل کا پانی پلا؛ اس آگ برسانے کے دن

۱۷ کچھ خبر لے؛ تیرے کوچہ میں یہ کِس کا شور ہے | کیا میرے دِلدار! تُو آئے گا مَرجانے کے دن

۱۸ کون روتا ہے؛ کہ جس سے آسماں بھی رو پڑا | لَرزہ آیا اِس زمیں پر؛ اُس کے چِلّانے کے دن

۱۹ کچھ کم نہیں یہودیوں میں یہ کہانیاں | پر دیکھو کیسے ہوگئے شیطاں سے ہم عناں

۲۰ کوئی بتائے ہم کو؛ کہ غیروں میں یہ کہاں | قِصّوں کی چاشنی میں؛ حلاوت کا کیانشاں

۲۱ کیوں اب تمہارے دل میں وہ صدق وصفا نہیں | کیوں اِس قدر ہے فِسق؛ کہ خوف وحیا نہیں

۲۲ کچھ ایسے سوگئے ہیں؛ ہمارے یہ ہم وَطن | اُٹھتے نہیں ہیں؛ ہم نے تو سوسو کئے جتن

۲۳ کیونکر ہو وہ نظر؛ کہ تمہارے وہ دِل نہیں | شیطاں کے ہیں؛ خدا کے پیارے وہ دِل نہیں

۲۴ کیا وہ خدا جو ہے تِری جاں کا خدا نہیں — ایماں کی بُو نہیں؛ تیرے ایسے جواب میں

۲۵ کہ جس دَم پاگئی مُکتی ہراِک جاں — تو پھر کیا رِہ گیا ایشؔر کا ساماں

## دُرِّ عدن

۲۶ کیوں نہ تڑپادے وہ سب دنیا کو اپنے سوز سے — دَرد میں ڈوبی؛ نکلتی ہے صدائے قادیاںؔ

۲۷ کوئی راہ؛ نزدیک تَر راہِ محبت سے نہیں — خوب فرمایا یہ نکتہ؛ مہدیٔ آخرزماں

۲۸ کشتیٔ دِینِ محمدؐ؛ جس نے کی تیرے سپرد — ہو تیری کشتی کا حافظ؛ وہ خدائے قادیاںؔ

۲۹ کون دِکھلائے گا ہم کو آسمانی روشنی؟ — چودھویں کا چاند چھُپ جائے گا اب زیرِ زمیں

۳۰ کر نہیں سکتا کوئی انکار؛ عالَم ہے گواہ — جو کہا تھا اُس نے؛ آخر کر دِکھایا بالیقیں

۳۱ کوئی پوچھے کِس گُنہ کی اس کو ملتی تھی سزا؟ — کِس خطا پر تیر برسائے؟ گروہِ ظالمیں!

۳۲ کیا اِلتجا کروں؛ کہ مجسّم دُعا ہوں مَیں — سرتا بہ پا سوال ہوں؛ سائل نہیں ہوں مَیں

۳۳ کاغذی عکس بھی ہیں دل پہ مِرے نقش؛ مگر — بولتی ہنستی وہ تصویر کہاں سے لاؤں؟

## کلامِ طاہر

۳۴ کیا ظلم و ستم رِہ جائیں گے؛ اے دیس سے آنے والے بتا!
اب دنیا میں پہچانِ وطن — کِس حال میں ہیں یارانِ وطن

۳۵ کیا اب بھی عوام وہاں؛ سیلاب تھپیڑے ماریں؛
جب بگڑیں بھاگ، اذانیں دیتے ہیں — تو سب جاگ اذانیں دیتے ہیں

۳۶ کیا اب بھی سفید مناروں سے؛ دھرتی کے نصیب اجڑتے ہیں؛
نفرت کی منادی ہوتی ہے — جب ناگ اذانیں دیتے ہیں

۳۷ کیا قبروں پر رو رو کر ہی؛ کیا یوں بھی کسی نے؛
نینوں کی پیاس بجھا لیں گے — رُوٹھے یار منا کر بھاگ جگائے ہیں

## کلامِ محمود

۳۸ کچھ صلاحیت جو رکھتے ہو؛ تو حق کو مان لو — یاد رکھو دوستو! یہ پھر نہیں آنے کے دن

۳۹ کِبر ونخوت سے خُدارا! باز آؤ تم؛ کہ اَب / جلد آنے والے ہیں؛ وہ آگ بھڑکانے کے دن

۴۰ کِس لیے خوش ہے؛ یہ تجھ کو بات ہاتھ آئی ہے کیا / یہ نہ خوش ہونے کے دن ہیں؛ بلکہ تھرّانے کے دن

۴۱ کچھ بھی گر عقل وخرد سے کام تُو لیتا؛ تو یہ / دِیں میں جو ہیں بَل پڑے؛ ہیں اُن کو سُلجھانے کے دن

۴۲ کیوں ہو رہا ہے خُرّم وخوش آج کُل جہاں / کیوں ہردیاروشہر ہُوا رَشکِ بوستاں

۴۳ کریں کیونکر نہ تیراشُکر؛ یارب! / کہ تُو نے لے لیا ہم کو اَماں میں

۴۴ کہاں ہے لالہ وگُل میں وہ مِلتی / جو خُوبی ہے؛ مِرے اِس دِلستاں میں

۴۵ کلامِ پاک بھی موجود ہے؛ اِسے پڑھ لے / ہمارا تجھ کو جو؛ اے قوم! اعتبار نہیں

۴۶ کبھی تو دل پہ بھی جاکر اثر کرے گی بات / سُنائے جائیں گے ہم؛ تم کہو ہزار نہیں

۴۷ کروڑ جاں ہو؛ تو کردُوں فِدا محمدؐ پر / کہ اس کے لُطف و عنایات کا شمار نہیں

۴۸ کِرمِ خاکی ہوں؛ نہیں رکھتا کوئی پروامیری / دشمنوں پر مَیں گِراں ہوں؛ دوستوں پر بار ہوں

۴۹ کچھ نہیں حالِ کلیساوصَنَم خانہ کا عِلم / نشۂ جامِ مئے وَحدت میں؛ مَیں سرشار ہوں

۵۰ کیا کروں جا کر حَرَم میں؛ مجھ کو ہے تیری تلاش / دار کا طالِب نہیں ہوں؛ طالِبِ دِیدار ہوں

۵۱ کوشاں حصولِ مطلبِ دِل میں ہوں اس قدر / کہتا ہوں تم کو سچ؛ ہمہ تن اِلتجا ہوں مَیں

۵۲ کچھ اپنے تَن کا فِکر ہے مجھ کو؛ نہ جان کا / دِینِ مُحمّدیؐ کیلئے مَر رہا ہوں مَیں

۵۳ کہتا ہوں سچ؛ کہ فِکر میں تیری ہی غرق ہوں / اے قوم سُن! کہ تیرے لیے مَر رہا ہوں مَیں

۵۴ کھینچ کر پردہ رُخِ یار کو عُریاں کردیں / وہ ہمیں کرتے ہیں؛ ہم ان کو پریشاں کردیں

۵۵ کُوچۂ یار سے ہے مجھ کو نکلنا دُوبھر / کیا تجھے وَعدہ تِرا لَغزِشِ پا یاد نہیں

۵۶ کون دے دِل کو تسلّی؛ ہرگھڑی / اَب اَڑے وَقتوں میں؛ آڑے آئے کون

۵۷ کون دِکھلائے ہمیں راہِ ھُدیٰ / حضرتِ باری سے اَب مِلوائے کون

۵۸ کون دنیا سے کرے ظُلمت کو دُور / راہ پر بھُولے ہوؤں کو لائے کون

۵۹ کون میرے واسطے زاری کرے / دَرگہِ رَبی میں؛ میرا جائے کون

۶۰ کَل نہیں پڑتی اِسے؛ اُس کے سِوا / اِس دِلِ غمگیں کو اب سمجھائے کون

٦١ کِس کی تقریروں سے اَب دِل شاد ہو
اپنی تحریروں سے اب پھڑکائے کون

٦٢ کِس کے کہنے پر مِلے دِل کو غِذا
ہم کو آبِ زندگی پِلوائے کون

٦٣ کون دے دِل کو مِرے صبروقرار
اَشکِ خُونیں آنکھ سے پُنچھوائے کون

٦٤ کرے گا نعرۂ اللہ اکبر کوئے قاتل میں
ابھی تک کچھ نہ کچھ باقی ہے دَم اِس مُرغِ بِسمل میں

٦٥ کلامُ اللہ سب اس کو پڑھایا
بنایا گُلشنِ قرآں کا گُل چیں

٦٦ کبھی جس کو رِشیوں نے مُنہ سے لگایا
وہی جام اب مَیں پِیا چاہتا ہوں

کچھ اس میں کشش ہی ایسی ہے؛
وَرنہ مَیں اپنی جان سے؛

٦٧ دل ہاتھ سے نکلا جاتا ہے
کچھ ایسا بھی بیزار نہیں

کیااس سے بڑھ کر راحت ہے؛
تُو جان کا لینے والا بَن؛

٦٨ جاں نکلے تیرے ہاتھوں میں
مجھ کو تو کوئی انکار نہیں

٦٩ کبھی سے خانۂ خمّار کا کھُلا ہے دَر
جو چُپکے بیٹھے ہیں؛ وہ بادہ خوار کیسے ہیں

٧٠ کوئی مِلتا نہیں دنیا کو رہبر
نگاہیں آکے مجھ پر ہی ٹِکی ہیں

٧١ کیا ہوا؛ ہاتھ سے اسلام کے نکلی جو زمیں
دل پہ وہ اُس کی حکومت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

٧٢ کُفر نے تیرے گِرانے کے؛ کئے لاکھ جتن
تیری وہ شان، وہ شوکت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

٧٣ کبھی نعروں پہ تُو قرباں؛ کبھی گُفتار پر قُرباں
مِرے بھُولے صَنم مَیں اِس تِرے کِردار پر قُرباں

٧٤ کھولا ہے کِس تدبیر سے بابِ لِقائے دِلرُبا
آئے ہیں کِس اَنداز سے اوڑھے رِداء المرسلیں

٧٥ کیا فکر ہے تجھ کو؛ اگر شیطاں ہے بازی لے گیا
دنیا خُدا کی مِلک ہے؛ تیری نہیں، میری نہیں

٧٦ کوئی دشمن اسے کرسکتا نہیں مجھ سے جُدا
ہے تصوّرترا دل میں؛ کوئی تصویر نہیں

٧٧ کرو جان قربان راہِ خُدا میں
بڑھاؤقدم تم طریقِ وَفا میں

٧٨ کہنے کو سب تیار ہیں؛ چالاک ہیں، ہُشیار ہیں
مُنہ سے تو سواِقرار ہیں؛ پَر کام سے بیزار ہیں

٧٩ کون غمخواری کرے؛ تیرے سِوا
بارِفکروحزن لے جاؤں کہاں

٨٠ کثرتِ عِصیاں سے دامن تَر ہوا
اَبرِاَشکِ توبہ برساؤں کہاں

۸۱ کرے گا فاصلہ کیا؛ جب کہ دل اکٹھے ہوں — ہزار دُور رَہوں اس سے؛ پھر قریب ہوں مَیں

۸۲ کر اپنے فضل سے تُو میرے ہَم سفر پیدا — کہ اس دیار میں؛ اے جانِ مَن! غریب ہوں مَیں

۸۳ کیوں بنیں پہلی رات کا خواب تیری بڑائیاں — قِصّہٴ ماضیٰ ہوئی؛ تیری وہ آن بان کیوں

۸۴ کسبِ معاش کی رہیں تیری ہر اِک گھڑی ہے جب — تیرے عزیز پھر بھی ہیں فاقوں سے نیم جان کیوں

۸۵ کیوں ہیں یہ تیرے قلب پر کُفر کی چیرہ دستیاں — دل سے ہوئی ہے تیرے محو خصلتِ امتنان کیوں

۸۶ کردے رسا دُعا کو مِری؛ وہ اثر کہاں — دھودے جو سب گُنہ مِرے؛ وہ چشمِ تر کہاں

۸۷ کچھ بھی خبر نہیں؛ کہ کہاں ہوں، کہاں نہیں — جب جان کی خبر نہیں؛ تَن کی خبر کہاں

۸۸ کیا تیرے ساتھ لگا کر دل مَیں خود بھی کمینہ بَن جاؤں — ہوں جنت کا مینار؛ مگر دوزخ کا زینہ بَن جاؤں

۸۹ کُجا ہم؛ اور کُجا مولیٰ کی باتیں — کُجا دِن؛ اور کُجا تاریک راتیں

۹۰ کریں تیرے فرشتے اُن سے باتیں — معارف کی بہیں سینوں میں نہریں

۹۱ کیسی ٹھنڈی ہوائیں چلتی تھیں — نازورعنائی سے مچلتی تھیں

۹۲ کیوں چھوڑتا ہے دل مجھے اس کی تلاش میں — آوارگی سے فائدہ کیا؛ وہ کہاں نہیں

۹۳ کھویا گیا خود آپ کسی کی تلاش میں — کچھ بھی خبر نہیں؛ کہ کہاں ہوں، کہاں نہیں

۹۴ کیوں جرمِ نقضِ عہد کے ہوں مُرتکب جناب — جب آپ عہد کرنے پہ مجبور ہی نہیں

۹۵ کبھی حضور میں اپنے جو باردیتے ہیں — ہَواوحرص کی دنیا کو ماردیتے ہیں

۹۶ کسی کا قرض نہیں رکھتے اپنے سَر پر وہ — جو ایک دے اُنہیں؛ اُس کو ہزار دیتے ہیں

۹۷ کھُلے جو آنکھ؛ تو لوگ اُس کو خواب کہتے ہیں — ہو عقل اَندھی؛ تو اُس کو شباب کہتے ہیں

۹۸ کسی کے حُسن کی ہے اس میں آب کہتے ہیں — بنی ہے طِین اسی سے تراب کہتے ہیں

۹۹ کہتا ہے زاھد؛ کہ مَیں فرمانروائی چھوڑ دُوں — گر خدا مجھ کو ملے؛ ساری خُدائی چھوڑ دُوں

# 'گ' سے 'ن'

## ('گ' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **21** |
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 15 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ گُرو نے تو کر کے دِکھایا تمہیں ۔۔۔ وہ رَستہ چلو؛ جو بتایا تمہیں

۲ گر عاشقوں کی رُوح نہیں اس کے ہاتھ سے ۔۔۔ پھر غیر کیلئے ہیں وہ کیوں اضطراب میں

۳ گر وہ الگ ہے ایسا؛ کہ چھُو بھی نہیں گیا ۔۔۔ پھر کِس نے لکھ دیا ہے؛ وہ دل کی کتاب میں

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ گلشنِ احمد میں آجائے بہار؛ اندر بہار ۔۔۔ دل لبھائے؛ عندلیبِ خوشنمائے قادیاں

۵ گریۂ یعقوبؑ نصفِ شب خدا کے سامنے ۔۔۔ صبرِ ایوبی برائے خلق باخندہ جبیں

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۶ گو جدائی ہے کٹھن؛ دُور بہت ہے منزل ۔۔۔ پر مِرا آقا بُلالے گا مجھے بھی؛ اے ماں!

### ﴿کلامِ محمود﴾

۷ گرمیٔ اُلفت سے ہے یہ زخمِ دِل ۔۔۔ مرہمِ کافور سے کُل پائے کون

۸ گلوں پر پڑگئی کیا اوس دیدِ رُوئے جاناں سے ۔۔۔ کوئی دیکھو تو کیسا شور برپا ہے عَنادِل میں

۹ گُفتگوئے عاشقاں سُن سُن کے آخر یہ کہا
بات تو چھوٹی سی تھی؛ اِتنا کِیا اِطناب کیوں

۱۰ گالیاں کھائیں، پٹے؛ خُوب ہی رُسوا بھی ہوئے
عشق کی ایسی حلاوت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۱۱ گو بارہا دیکھا انہیں؛ لیکن وہ لذّت اور تھی
دل سے کوئی پوچھے ذرا؛ لُطفِ نگاہِ اَوّلیں

۱۲ گِرد اس کے گھومتا ہوں روز وشَب دیوانہ وار
لوگ گر سمجھیں تو بس اِک مَیں ہی ہُشیاروں میں ہوں

۱۳ گو ہیں قالب دو؛ مگر ہے جان ایک
کیوں نہ ہو ایسا؛ کہ خادم زادہ ہوں

۱۴ گو مِرا دِل مخزنِ تیرِ نگاہِ یار ہے
پر یہ کیا کم ہے؛ کہ اس کے تیر برداروں میں ہوں

۱۵ گر نہیں عرشِ مُعلیٰ سے یہ ٹکراتی تو پھر
سب جہاں میں گونجتی ہے کیوں صدائے قادیاں

۱۶ گلشنِ احمد کے پھولوں کی اُڑالائی جو بُو
زخم تازہ کرگئی بادِصبائے قادیاں

۱۷ گیسوئے یار پریشان ہوئے جاتے ہیں
اب تو واعظ بھی پشیمان ہوئے جاتے ہیں

۱۸ گورے کالے کی اُٹھی جاتی ہے دنیا سے تمیز
سب تِرے تابعِ فرمان ہوئے جاتے ہیں

۱۹ گھونسلے چڑیوں کے ہیں ماندیں ہیں شیروں کیلئے
پر مِرے واسطے؛ دنیا میں کوئی گھر ہی نہیں

۲۰ گر تیری ہمت چھوٹی ہے گر تیرے ارادے مُردہ ہیں
گر تیری اُمنگیں کوتہ ہیں؛ گر تیرے خیال افسُردہ ہیں

۲۱ گو کہ اس دن پھیل جائے گی؛ تباہی چارسُو
جبکہ پھر آئیں گے یارو! زلزلہ آنے کے دن

# 'ل' سے 'ن'

## ('ل' سے شروع ہوکر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 6 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ لوگو سُنو! کہ زندہ خدا؛ وہ خدا نہیں — جس میں ہمیشہ عادتِ قدرت نُما نہیں
۲ لعنت ہے مُفتری پہ؛ خدا کی کتاب میں — عزت نہیں ہے ذرّہ بھی؛ اُس کی جناب میں

## ﴾کلامِ محمود﴿

۳ لوگوں کو غفلت کی تو ترغیب دیتا ہے؛ مگر — بھُول جائیگا یہ سب کچھ؛ تُو سزا پانے کے دن
۴ لیا کیوں وِرثۂِ پدری؛ وَفاداری نہ کیوں چھوڑی — نگاہِ دوستاں میں مَیں تبھی مقہُور رہتا ہوں
۵ لذّتِ جہل سے محروم کیا عِلم نے؛ آہ! — خواہش اُڑنے کی تو رکھتا ہوں؛ مگر پَر ہی نہیں
۶ لڑائی اور جھگڑے دُور کردیں — دِلوں کو پیار سے معمور کردیں
۷ لوگ بیتاب ہیں بیحد؛ کہ نمونہ دیکھیں — سالکِ رَہ کیلئے؛ مجھ کو نمونہ کردیں
۸ لاکھ دن ان کے نام پر قرباں — نگہتیں راتیں؛ عنبریں راتیں

# 'م' سے 'ن'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 117 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 22 |
| ii | دُرِّ عدن | 18 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 74 |

۱ میرے دل کی آگ نے؛ آخر دِکھایا کچھ اثر — آگئے ہیں اب زمیں پر؛ آگ بھڑکانے کے دن
۲ مجھ پر ہر اِک نے وار کیا اپنے رنگ میں — آخر ذلیل ہوگئے انجامِ جنگ میں
۳ مَیں مُفتری ہوں؛ اُن کی نگاہ وخیال میں — دنیا کی خیر ہے؛ مِری موت وزوال میں
۴ مومن ہی فتح پاتے ہیں؛ انجام کار میں — ایسا ہی پاؤ گے سُخنِ کردگار میں
۵ محبت میں صادق وہی ہوتے ہیں — کہ اس چولہؔ کو دیکھ کر روتے ہیں
۶ مگر مشکل یہی ہے درمیاں میں — کہ گُل بے خار کم ہیں بوستاں میں
۷ مَیں عاجز ہوں؛ کچھ بھی نہیں، خاک ہوں — مگر بندۂ درگہِ پاک ہوں
۸ مجھے بخش؛ اے خالق العالمین — تُو سبّوح؛ وَاِنّی مِنَ الظّٰلِمِین
۹ مگر اِس سے راضی ہو وہ دِلستاں — کہ اُس بِن نہیں دل کو تاب وتواں
۱۰ مگر کوئی معشوق ایسا نہیں — کہ عاشق سے رکھتا ہو یہ بُغض و کِیں
۱۱ مَیں چولےؔ کا کرتا ہوں پھر کچھ بیاں — کہ ہے یہ پیارا مجھے؛ جیسے جاں
۱۲ مگر جس کے دل میں محبت نہیں — اُسے ایسی باتوں سے رغبت نہیں
۱۳ مذہب بھی ایک کھیل ہے؛ جب تک یقیں نہیں — جو نور سے تہی ہے؛ خدا سے وہ دِیں نہیں
۱۴ ملاحت ہے عجب اس دِلستاں میں — ہوئے بدنام ہم اس سے؛ جہاں میں
۱۵ محبت ہے؛ کہ جس سے کھینچا جاؤں — خدائی ہے؛ خودی جس سے جلاؤں
۱۶ محبت چیز کیا؛ کس کو بتاؤں — وفا کیا راز ہے؛ کس کو سُناؤں
۱۷ مَیں اس آندھی کو اب کیونکر چھپاؤں — یہی بہتر؛ کہ خاک اپنی اُڑاؤں
۱۸ ملتا ہے وہ اسی کو؛ جو ہو خاک میں مِلا — ظاہر کی قِیل و قال؛ بھلا کِس حساب میں
۱۹ مگر ملتی نہیں کوئی بھی بُرہاں — بھلا سچ کِس طرح ہوجائے بہتاں
۲۰ مبارکؔ کو مَیں نے ستایا نہیں — کبھی میرے دل میں یہ آیا نہیں
۲۱ مَیں بھائی کو کیونکر ستاسکتی ہوں — وہ کیا میری امّاں کا جایا نہیں

۲۲ مُردہ پرست ہیں وہ؛ جو قِصّہ پرست ہیں — بس اسلئے وہ موردِ ذِلّ وشکست ہیں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲۳ مانگتے ہیں سب دعا؛ ہوکر سراپا آرزو — جلد شاہِ قادیاںؔ؛ تشریف لائے قادیاںؔ

۲۴ مانگتے ہیں ہم دعائیں؛ آپ بھی مانگیں دعا — حق سنے اپنے کرم سے؛ التجائے قادیاںؔ

۲۵ مجھے دیکھ طالبِ منتظر؛ مجھے دیکھ شکلِ مجاز میں — جو خلوصِ دل کی رَمَق بھی ہے؛ ترے اِدّعائے نیاز میں

۲۶ مجھے دیکھ طالبِ منتظر؛ مجھے دیکھ شکلِ مجاز میں — کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں تری جبینِ نیاز میں

۲۷ منتظر ہیں آئیں گے کب؛ حضرتِ فضلِ عمر — سوئے رَہ نگراں ہیں؛ ہردَم دِیدہ ہائے قادیاںؔ

۲۸ معرفت کے گل کِھلیں؛ تازہ بہ تازہ نَو بہ نَو — جن کی خوشبو سے مہک اُٹھے؛ ہوائے قادیاںؔ

۲۹ مَیں کروں گا عمربھر تکمیل تیرے کام کی — مَیں تری تبلیغ پھیلاؤں گا بَرُوئے زمیں

۳۰ منہزم ہوچکی تھی جب توحید — غالب آیا تھا لشکرِ شیطاں

۳۱ مجھے دیکھ رفعتِ کوہ میں؛ مجھے دیکھ پستیٔ کاہ میں — مجھے دیکھ عجزِ فقیر میں، مجھے دیکھ شوکتِ شاہ میں؛
نہ دِکھائی دُوں، تو یہ فکر کر، کہیں فرق ہو نہ نگاہ میں

۳۲ مجھے ڈھونڈ دل کی تڑپ میں تُو؛ مجھے دیکھ روئے نگار میں — کبھی بلبلوں کی صدا میں سُن کبھی دیکھ گُل کے نکھار میں؛
میری ایک شان خزاں میں ہے میری ایک شان بہار میں

۳۳ میرا نُور شکلِ ہلال میں؛ میرا حُسن بدرِکمال میں — کبھی دیکھ طرزِ جمال میں، کبھی دیکھ شانِ جلال میں؛
رگِ جان سے ہوں میں قریب تر؛ ترا دل ہے کس کے خیال میں

۳۴ میری خطائیں سب ترے غفراں نے ڈھانپ لیں — اب بھی نگاہِ لطف کے قابل نہیں ہوں مَیں؟

۳۵ میرا کوئی نہیں ہے ٹھکانہ؛ ترے سِوا — تیرے سوا کسی کے بھی قابل نہیں ہوں مَیں

۳۶ مٹتی ہوئی خودی نے پکارا؛ کہ اے خدا! — آجا کہ تیری راہ میں حائل نہیں ہوں مَیں

۳۷ مایوس وغم زدہ کوئی اس کے سوا نہیں — قبضے میں جس کے قبضۂ سیفِ خدا نہیں

۳۸ مبارک ملیں؛ ان کی کھیتی سے فصلیں — چلیں ان سے یارب! بہت پاک نسلیں

۳۹ مانا؛ کہ ہم تیرے بھی ہیں، اور بدنما بھی ہیں — ظالم بھی ہیں، شریر بھی ہیں؛ پر ریا بھی ہیں

۴۰ منجدھار میں کشتیٔ دیں پار اتارے کون؟ — بگڑیں؛ تو تیرے بِن ہمیں بتلا سنوارے کون

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴۱ محرومِ اذاں گر ہیں؛ — اے دیس سے آنے والے بتا!
تو فقط مُرغانِ خوش الحانِ وَطن — کِس حال میں ہیں یارانِ وطن

۴۲ میرے بھائی! آپ کی ہیں سخت چنچل سالیاں — شعلۂ جوّالہ ہیں؛ آفت کی ہیں پَرکالیاں

۴۳ منتظر مَیں تیرے آنے کا رہا ہوں برسوں — یہ لگن تھی، تجھے دیکھوں؛ تجھے چاہوں برسوں

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴۴ مِثل ہوش اُڑ جائیں گے؛ اس زلزلہ آنے کے دن — باغِ احمد پر جو آئے ہیں؛ یہ مُرجھانے کے دن

۴۵ مہدیٔ آخرزماں کا ہوچکا ہے اب ظہور — ہیں بہت جلد آنے والے؛ دِیں کے پھیلانے کے دن

۴۶ مہدیٔ آخرزماں کا کِس طرح ہوگا ظہور — جب نہ آئیں گے کبھی اس دِیں کے اُٹھ جانے کے دن

۴۷ مجھ سے سُنو؛ کہ اِتنا تغیّر ہے کیوں ہوا — جو بات کل نہاں تھی؛ ہوئی آج کیوں عیاں

۴۸ مزا جو یار پر مَرنے میں ہے؛ وہ — نہیں لذت حیاتِ جاوِداں میں

۴۹ مثالِ آئینہ ہے دِل؛ کہ یار کا گھر ہے — مجھے کسی سے بھی اس دہر میں غبار نہیں

۵۰ مقابلہ میں مسیحِ زماں کے جو آئے — وہ لوگ، وہ ہیں؛ جنھیں حق سے کچھ بھی پیار نہیں

۵۱ مُدّت سے پارہ ہائے جگر کھا رہا ہوں مَیں — رَنج و مِحَن کے قبضہ میں آیا ہوا ہوں مَیں

۵۲ میری کمر کو قوم کے غم نے دیا ہے توڑ — کِس اِبتلا میں ہائے! ہوا مُبتلا ہوں مَیں

۵۳ مَیں رو رہا ہوں قوم کے مُرجھائے پھول پر — بُلبُل تو کیا ہے؛ اس سے کہیں خُوشنوا ہوں مَیں

۵۴ مَرگِ پِسَر پہ پیٹتی ہے جیسے ماں کوئی — حالت پہ اپنی قوم کی؛ یُوں پیٹتا ہوں مَیں

۵۵ مَیں کیوں پھروں؛ کہ خالی نہیں آج تک پھرا — جو تیرے فَضل و رحم کا امیدوار ہوں

۵۶ مَیں وہ بیخود ہوں؛ — مجھ کو خود وہ نِگہِ ہوش رُبا یاد نہیں
کہ تھے جس نے اُڑائے مِرے ہوش

۵۷ مئے عشقِ خُدا میں سخت ہی مخمور رہتا ہوں — یہ ایسا نشہ ہے؛ جس میں کہ ہردَم چُور رہتا ہوں

۵۸ مجھے اُس کی نہیں پروا؛ کوئی ناراض ہو بیشک — مَیں غدّاری کی سرحد سے بہت ہی دُور رہتا ہوں

۵۹ مجھے فکرِ معاش وپوشش وخور کا اَلَم کیوں ہو — مَیں عشقِ حضرتِ یزداں میں جب مخمور رہتا ہوں
۶۰ مَیں سمجھا تھا؛ کہ اس کو دیکھ کر پڑ جائے گی ٹھنڈک — خبر کیا تھی؛ کہ پھُنک جاؤں گا جا کر اس کی محفل میں
۶۱ مصیبت راہِ اُلفت کی کٹے گی کِس طرح یاربّ! — مِرے پاؤں تو بالکل رِہ گئے ہیں پہلی منزل میں
۶۲ مجھ کو یہ سمجھیں؛ کہ ہوں اُلفت میں مَرفُوعُ القَلَم — میرے پیچھے پڑ رہے ہیں سب مِرے احباب کیوں
۶۳ ملاتا ہے یہی اس دِلرُبا سے — یہی کرتا ہے زائل دَردِ ہِجراں
۶۴ مِلّتِ احمد کے ہمدردوں میں؛ غمخواروں میں ہوں — بے وَفاؤں میں نہیں ہوں؛ مَیں وَفاداروں میں ہوں
۶۵ مَیں نے مانا؛ تُو نے لاکھوں نعمتیں کی ہیں عطا — پر مَیں اُن کو کیا کروں؛ تیرے طَلَبگاروں میں ہوں
۶۶ مُدَّتوں سے مَر چُکا ہوتا غم و اندوہ سے — گر نہ یہ معلوم ہوتا؛ مَیں تِرے پیاروں میں ہوں
۶۷ مِنبر پہ چڑھ کے؛ غیر کہے اپنا مُدّعا — سینہ میں اپنا جوش دَبانا پڑے ہمیں
۶۸ محمود کر کے چھوڑیں گے ہم حق کو آشکار — رُوئے زمیں کو خواہ ہِلانا پڑے ہمیں
۶۹ مَیں تِرا دَر چھوڑ کر جاؤں کہاں — چینِ دِل، آرامِ جاں؛ پاؤں کہاں
۷۰ مَلَک بھی رَشک ہیں کرتے وہ خوش نصیب ہوں مَیں — وہ آپ مجھ سے ہے کہتا؛ نہ ڈَر، قریب ہوں مَیں
۷۱ مقابلہ پہ عَدُو کے نہ گالیاں دُوں گا — کہ وہ تو ہے وہی، جو کچھ کہ ہے؛ نجیب ہوں مَیں
۷۲ مِرے پکڑنے پہ قُدرت کہاں تجھے صیّاد! — کہ باغِ حُسنِ محمدؐ کی عندلیب ہوں مَیں
۷۳ مِری طرف چلے آئیں مریضِ رُوحانی — کہ ان کے دَردوں، دُکھوں کیلئے؛ طبیب ہوں مَیں
۷۴ میرے پیارے دوستو! تم دَم نہ لینا؛ جب تلک — ساری دنیا میں نہ لہرائے لِوائے قادیاںؔ
۷۵ مُنہ سے جو کچھ چاہے بَن جائے کوئی؛ پر حق یہ ہے — ہے بہاءُ اللہ فقط؛ حُسن و بہائے قادیاںؔ
۷۶ منبعِ اَمن کو جو تُو چھوڑ کے دُور چل دِیا — تیرے لیے جہان میں؛ اَمن ہو کیوں، اَمان کیوں
۷۷ مریمؔ نے کیا ہے ختم قُرآںؔ — اللہ کا ہے یہ اس پہ احساں
۷۸ مولیٰ کی عنایت و کرم کا — سایہ رہے اس کے سر پہ ہر آں ۔ آمین
۷۹ مرضی ہو خُدا کی؛ اُس کی مرضی — مولیٰ کی رضا کی ہو یہ جویاں ۔ آمین
۸۰ مولیٰ سے دُعا ہے پیارو! بہنو! — تم کو بھی دِکھائے وہ یہ خوشیاں ۔ آمین

۸۱ مَردوزَن عشق میں تیرے ہیں برابر سرشار
ہرادا پر تیری قُربان ہوئے جاتے ہیں

۸۲ مگر ہم کیا کریں؛ جن کے
کہ دن بھی ہوگئے راتیں

۸۳ مِرے ہمراز! آنکھیں بھی خُدا کی ایک نعمت ہیں
ہزاروں دولتیں قُربان ہوں جس پر؛ وہ دولت ہیں

۸۴ مگر وہ مُنہ نہ دِکھلائیں
تو پھر ہم کیا کریں آنکھیں

۸۵ میری طرح ہراِک ہے یہاں مُبتلائے عِشق
حیران ہوں؛ کہ ڈھونڈوں مَیں اب نامہ بَر کہاں

۸۶ ممکن کہاں؛ کہ غیر کرے مجھ سے ہَمسَری
وہ دِل کہاں، وہ گُردے کہاں؛ وہ جِگر کہاں

۸۷ میری نہیں زبان؛ جو اُس کی زباں نہیں
میرا نہیں وہ دِل؛ کہ جو اس کا مَکاں نہیں

۸۸ مَطلوب ہے فقط مجھے خوشنودیٔ مزاج
اُمیدِ حُور و خواہشِ باغِ جَناں نہیں

۸۹ مُشتاق ہے جہاں؛ کہ سُنے معرِفت کی بات
لیکن حیاوشرم سے چلتی زباں نہیں

۹۰ موت اس کی رَہ میں گَر تمھیں منظور ہی نہیں
کہہ دو؛ کہ عشق کا ہمیں مَقدور ہی نہیں

۹۱ مومِن تو جانتے ہی نہیں بُزدِلی ہے کیا
اس قوم میں فرار کا دَستور ہی نہیں

۹۲ مِرا عِشق دامنِ یار سے ہے کبھی کا جاکے لِپٹ رہا
ترِی عقل ہے؛ کہ بھٹک رہی ہے ابھی نشیب وفراز میں

۹۳ مَیں اُن کے پاؤں چھُوتا ہوں؛
اور دامن چوم کے کہتا ہوں
دل آپ کا ہے،جان آپ کی ہے؛
پھر آپ یہ کیا فرماتے ہیں

۹۴ مقابلہ دِینِ مُصطفٰےؐ کا یہ دیگر اَدیان کیا کریں گے
ہیں مُردہ نبیوں کے مُردہ مذہب؛
لپیٹ رکھو اِنہیں کفن میں

۹۵ مَیں جانتا ہوں آپ کے اندازِ تَلَطُّف
مانوں گا نہ؛ جب تک کہ مِری مان نہ جائیں

۹۶ مَیں اپنے سیاہ خانۂ دِل کی خاطر
وَفاؤں کے خالق! وَفا چاہتا ہوں

۹۷ مجھے بیر ہرگز نہیں ہے کسی سے
مَیں دُنیا میں سب کا بھلا چاہتا ہوں

۹۸ مِرے بال وپَر میں وہ ہِمّت ہے پیدا
کہ لے کر قَفَس کو اُڑا چاہتا ہوں

۹۹ مَیں اس کا ہاتھ پکڑ کر نہ اَفلاک سے اُونچا اُڑتا ہوں
پَر میرے دُشمن کا؛ کوئی دَربار نہیں، سَرکار نہیں

۱۰۰ مَیں تیز قدم ہوں؛ مَیں مظلوموں کی ڈھارَس ہوں؛
کاموں میں بجلی ہے مِری رفتار نہیں مَرہم ہے مِری گُفتار نہیں

۱۰۱ مَیں تیرے فَن کا شاہِد ہوں؛ تُو میری کمزوری کا گواہ تجھ سا بھی طبیب نہیں کوئی؛ مجھ سا بھی کوئی بیمار نہیں

۱۰۲ مَیں ہر صُورت سے اچھا ہوں؛ اِک دِل میں سوزِش رہتی ہے گر عِشق کوئی آزار نہیں؛ مجھ کو بھی کوئی آزار نہیں

۱۰۳ مصیبتوں میں تعاوُن نہیں؛ تو کچھ بھی نہیں جو غم شریک نہیں؛ غم گُسار کیسے ہیں

۱۰۴ محبت سے تجھے ہے روکتا کون محبت کی شرائط؛ پر کَڑی ہیں

۱۰۵ مَیں تِری راہ میں مَرمَر کے جیا ہوں سوبار موت سے مجھ کو وہ رَغبت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۱۰۶ مَیں نے مانا؛ مِرے دِلبر! تِری تصویر نہیں تیرے دِیدار کی کیا کوئی بھی تدبیر نہیں

۱۰۷ مجھ سے وَحشی کو کیا ایک اِشارے میں رام کیا یہ جادو نہیں؛ کیا رُوح کی تسخیر نہیں

۱۰۸ محبت رہے زِندہ؛ تیرے ہی دَم سے تُو مشہورِعالَم ہو؛ مِہرووَفا میں

۱۰۹ مُساواتِ اِسلام قائم کرو تم رہے فرق باقی نہ شاہ و گدا میں

۱۱۰ میری آنکھیں نہ ہٹیں آپ کے چہرہ سے کبھی دِل کو وارَفتہ کریں؛ محوِتماشا کردیں

۱۱۱ مَیں بھی اُس سَیِّدِبطحا کا غُلامِ دَر ہوں دَم سے روشن مِرے بھی وادیٔ بطحا کردیں

۱۱۲ منتظر بیٹھے ہیں دَروازہ پہ عاشق؛ اے رَبّ! تھُوک دیں غُصّہ کو؛ دَروازہ کو پھر وا کردیں

۱۱۳ میرے قدموں پہ کھڑے ہو کے تجھے دیکھیں لوگ رَبِّ اِبرام! مجھے اس کا مُصَلّٰی کردیں

۱۱۴ مجھ سے کھویا ہوا ایمان؛ مسلماں پالیں ہوں تو سِفلی؛ پہ مجھے آپ ثُرَیّا کردیں

۱۱۵ مقصدِخَلق بَرآئے گا؛ یہی تو ہوگا اَندھی دُنیا کو اگر فضل سے بِینا کردیں

۱۱۶ مَیں تہی دَست ہوں؛ رکھتا نہیں کچھ راسِ عمل جو نہیں پاس مِرے؛ آپ مہیّا کردیں

۱۱۷ میری اُلفت بڑھ کے ہراُلفت سے ہے تیری رَہ میں مَرنے پر آمادہ ہوں

# 'ن' سے 'ن'

## ('ن' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **28** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 27 |

### کلامِ طاہر

۱ نیلگوں بحرِ محبت پہ تھی محوِ پرواز — اپنی ہی موجِ طرب میں تھی فضا پر رقصاں

### کلامِ محمود

۲ نام لکھوا کر مسلمانوں میں؛ تو خوش ہے، عزیز! — پر مَیں سچ کہتا ہوں: یہ ہیں خونِ دل کھانے کے دن
۳ نہ کچھ قوت رہی ہے؛ جسم وجاں میں — نہ باقی ہے اثر؛ میری زباں میں
۴ نشان ساتھ ہیں اتنے؛ کہ کچھ شمار نہیں — ہمارے دِین کا؛ قصوں پہ ہی مدار نہیں
۵ نہیں معلوم؛ کیا خدمت ہوئی تھی — کہ سِکھلایا کلامِ پاکِ یزداں
۶ نہ سلطنت کی تمنّا؛ نہ خواہشِ اِکرام — یہی ہے کافی؛ کہ مولیٰ کا اِک نقیب ہوں مَیں
۷ نظر آئیں تمنّاؤں کی — چاروں سمت میں قبریں
۸ نہ اِحساسِ انانیت؛ کہ اس کے زور سے پہنچیں — مِرے دِلدار! ہم پر بند ہیں سب وَصل کی راہیں
۹ ندیاں ہر طرف کو بہتی تھیں — قلبِ صافی کا حال کہتی تھیں
۱۰ نہیں کوئی بھی تو مُناسِبَت رَہِ شیخ وطرزِ اَیاز میں — اُسے ایک آہ میں مِل گیا؛ نہ مِلا جو اُس کو نماز میں
۱۱ نظر آ رہا ہے وہ جلوہ حُسنِ اَزَل کا شمعِ حجاز میں — کہ کوئی بھی اب تو مزا نہیں رہا قیسِ عشقِ مجاز میں
۱۲ نہ ہو مُیسّر جو حُرِیّت؛ تو ہے بے وَطَن آدمی وَطَن میں — قَفَس قَفَس ہی رہے گا پھر بھی؛ ہزار رَکھو اُسے چمن میں

۱۳ نظر بظاہر ہے عاشقوں اور مالداروں کا حال یکساں
وہ مَست رہتے ہیں اپنی دُھن میں؛
یہ مَست رہتے ہیں اپنے دَھن میں

۱۴ نِگاہِ یار سے ہوتے ہیں سب طَبَق رَوشَن
رُمُوزِ عِشق کی اس کو کِتاب کہتے ہیں

۱۵ نِکالا مجھے؛ جس نے میرے چمن سے
مَیں اُس کا بھی دِل سے بھلاچاہتا ہوں

۱۶ نکل گئے جو تیرے دِل سے خار کیسے ہیں
جو تجھ کو چھوڑ گئے؛ وہ نِگار کیسے ہیں

۱۷ نہ آرزُوئے ترقی؛ نہ صدمۂ ذِلّت
خُدا بچائے؛ یہ لَیل و نہار کیسے ہیں

۱۸ نہ حُسنِ خُلق ہے تجھ میں؛ نہ حُسنِ سیرت ہے
تُو ہی بتا؛ کہ یہ نَقش و نِگار کیسے ہیں

۱۹ نہ غم سے غم؛ نہ خوشی سے مِری تجھے ہے خُوشی
خُدا کی مار؛ یہ قُرب و جوار کیسے ہیں

۲۰ نہ دِل کو چین؛ نہ سَر پر ہے سایۂ رحمت
سِتَم ظَرِیف! یہ باغ و بہار کیسے ہیں

۲۱ نہ وَصل کی کوئی کوشش؛ نہ دِید کی تدبِیر
خبر نہیں؛ کہ وہ پھر بے قرار کیسے ہیں

۲۲ نہ خُدا سے ہے محبت؛ نہ محمدؐ سے ہے پیار
تم کو وہ دِیں سے عداوت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۲۳ نام اِسلام کا ہے؛ کُفر کے ہیں کام تمام
اس پہ پھر ایسی رَعُونَت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۲۴ نظر آرہی چمک وہ حُسنِ اَزَل کی شمعِ حِجاز میں
کہ کوئی بھی اب تو مزا نہیں رہا قیسؔ عِشقِ مجاز میں

۲۵ نہیں چھُٹتی نظر آتی میری جاں
پھنسا ہوں اِس طرح قیدِ گراں میں

۲۶ نظر میں کامِلوں کی؛ ہے وہ کامِل
اُترتا ہے جو پورا اِمتحاں میں

۲۷ نِدائے دوست آئی کان میں کیا
کہ پھر جاں آگئی اِک نیم جاں میں

۲۸ نہ طعنہ ظن ہو میری بے خودی پہ؛ اے ناصح!
مَیں کیا کہوں؛ کہ میرا اِس میں اختیار نہیں

# 'و' سے 'ن'

## ('و' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **71** |
| i | دُرِّ ثمین | 20 |
| ii | دُرِّ عدن | 6 |
| iii | کلامِ طاہر | 5 |
| iv | کلامِ محمود | 40 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ وہ روشنی جو پاتے ہیں؛ ہم اس کتاب میں ہوگی نہیں کبھی وہ؛ ہزار آفتاب میں

۲ وہ اُس یار کو صِدق دِکھلاتے ہیں اِسی غم میں دیوانہ بَن جاتے ہیں

۳ وہ جاں اس کی رَہ میں فِدا کرتے ہیں وہ ہر لحظہ سَو سَو طرح مرتے ہیں

۴ وہ جاں دینے سے بھی نہ گھبراتے ہیں کہ سب کچھ وہ کھوکر؛ اُسے پاتے ہیں

۵ وہ دِلبر کی آواز بَن جاتے ہیں وہ اُس جاں کے ہم راز بَن جاتے ہیں

۶ وہ آنکھیں نہیں؛ جو کہ گِریاں نہیں وہ خود دِل نہیں؛ جو کہ بریاں نہیں

۷ وفادار عاشق کا ہے یہ نشاں کہ دِلبر کا خط دیکھ کر ناگہاں

۸ وہ احمق ہیں؛ جو حق کی رَہ کھوتے ہیں عبث ننگ و ناموس کو روتے ہیں

۹ وہ لوگ؛ جو کہ معرفتِ حق میں خام ہیں بُت ترک کر کے؛ پھر بھی بُتوں کے غلام ہیں

۱۰ وہ چمک دِکھلائے گا اپنے نشاں کی پنج بار یہ خدا کا قول ہے؛ سمجھو گے سمجھانے کے دن

۱۱ وہ دِیں ہی چیز کیا ہے؛ کہ جو رہنما نہیں ایسا خدا ہے اس کا؛ کہ گویا خدا نہیں

١٢ وہ لغو دِیں ہے؛ جس میں فقط قِصّہ جات ہیں / اُن سے رہیں الگ جو سعید الصّفات ہیں

١٣ وہ تازہ قدرتیں؛ جو خدا پر دلیل ہیں / وہ زندہ طاقتیں؛ جو یقیں کی سبیل ہیں

١٤ وہ اس کے ہوگئے ہیں؛ اُسی سے وہ جیتے ہیں / ہر دَم اسی کے ہاتھ سے اِک جام پیتے ہیں

١٥ وہ دُور ہیں خدا سے؛ جو تقویٰ سے دُور ہیں / ہَر دَم اَسیرِ نخوت و کِبر و غرور ہیں

١٦ وہی خدا اسی رَہِ فرّخ سے پاتے ہیں / دِلبر کا بانکپن بھی؛ اِسی سے دکھاتے ہیں

١٧ وہ دیکھتا ہے؛ غیروں سے کیوں دِل لگاتے ہو / جو کچھ بُتوں میں پاتے ہو؛ اُس میں وہ کیا نہیں

١٨ وہ گھڑی آتی ہے؛ جب عیسیٰؑ پکاریں گے مجھے / اَب تو تھوڑے رِہ گئے؛ دجّال کہلانے کے دِن

١٩ واحد ہے، لاشریک ہے؛ اور لازوال ہے / سب موت کا شکار ہیں؛ اُس کو فنا نہیں

٢٠ وہ نشاں؛ جس کی روشنی سے جہاں / ہو کے بیدار؛ ہوگیا لرزاں

## دُرِّ عدن

٢١ وہ لب جاں بخش کہہ کر قُم باذنی چپ ہوئے / ہجر کے ماروں کو اب کوئی جلائے گا نہیں؟

٢٢ وحشت مری نہیں ابھی ہم پایۂ جنوں / اہلِ خرد پہ بار ہوں؛ عاقل نہیں ہوں مَیں

٢٣ وہ کرم کر؛ کہ عدُو کی بھی نگاہیں کھُل جائیں / خیر ہی خیر رہے؛ خیر کی راہیں کھُل جائیں

٢٤ وہی یاد وعدہ ترا کر رہی ہوں / بڑی آس لے کر دعا کر رہی ہوں

٢٥ وہ کہاں پیار وہ آپس میں دِلوں کی باتیں / آہ! اس خواب کی تعبیر کہاں سے لاؤں؟

٢٦ وصل کے عادی سے گھڑیاں ہجر کی کٹتی نہیں / بارِ فرقت آپ کا؛ کیونکر اُٹھائے قادیاں

## کلامِ طاہر

٢٧ وہ جن کی جبینوں کے اَنوار سے؛ روشن ہیں زِندانِ وطن / اے دیس سے آنے والے بتا! کس حال میں ہیں یارانِ وطن

٢٨ وہ والی تھا مسکینوں کا؛ بیواؤں اور یتیموں کا / یہ ماؤں بہنوں کے سَر کی؛ چادر کو جلانے والے ہیں

٢٩ وہ جُود و سَخا کا شہزادہ تھا؛ بھوک مٹانے آیا تھا / یہ بھوکوں کے ہاتھوں کی روٹی؛ چھین کے کھانے والے ہیں

۳۰ وہ روز آتا ہے گھر پر ہمارے؛ ٹی وی پر — تو ہم بھی اب اسے انگلینڈ چل کے دیکھتے ہیں

۳۱ وہ جس کی بچے بھی کرتے ہیں پیشوائی روز — وہ اُس کو شوق سے سنتے ہیں؛ بلکہ دیکھتے ہیں

## کلامِ محمود

۳۲ وہ دِل نہیں؛ جو جُدائی میں بے قرار نہیں — نہیں وہ آنکھ؛ جو فُرقت میں اَشکبار نہیں

۳۳ وہ ہم؛ کہ فِکر میں دِیں کے، ہمیں قرار نہیں — وہ تم؛ کہ دِینِ محمدؐ سے کچھ بھی پیار نہیں

۳۴ وہ لوگ؛ دَرگہِ عالی میں جن کو بار نہیں — اُنھیں فریب و دَغا مکر سے بھی عار نہیں

۳۵ وہ ہم؛ کہ عشق میں پاتے ہیں لُطفِ یکتائی — ہمارادوست نہیں کوئی؛ غمگسار نہیں

۳۶ وہ مزا ہے غمِ دِلبر میں؛ کہ مَیں کہتا ہوں — رَنجِ فُرقت کوئی دن اور اُٹھاؤں تو کہوں

۳۷ وہ خفا ہیں؛ کہ بِلا پوچھے چلاآیا کیوں — یاں یہ ہے فِکر؛ کوئی بات بناؤں تو کہوں

۳۸ وہ کہیں ہم؛ کہ گداگر کو سلیماں کردیں — وہ کریں کام؛ کہ شیطاں کو مُسلماں کردیں

۳۹ وہ کریں دَم؛ کہ مسیحا کو بھی حیرت ہوجائے — شیرِ قالیں کو بھی ہم شیرِنَیستاں کردیں

۴۰ وہ جو رہتا ہے ہراِک وقت مِری آنکھوں میں — ہائے کم بختی! مجھے اس کا پتہ یاد نہیں

۴۱ وہ نکاتِ معرفت بتلائے کون — جامِ وَصلِ دِلرُبا پلوائے کون

۴۲ وہ گُلِ رعنا ہی جب مُرجھا گیا — پھر بہارِ جانفزا دِکھلائے کون

۴۳ وہ ہے مجھ میں نہاں؛ غیروں سے پردہ ہے اُسے لازم — تبھی تو چشمِ بَد بیناں سے مَیں مَستُور رہتا ہوں

۴۴ وہی ہے طرزِ دِلداری وہی رنگِ ستم گاری — تجسّس کیوں کروں اس کا؛ کہ ہے یہ کون محمل میں

۴۵ وہ دِل سے مانتے ہیں اُس کی خُوبی — وہ پاتے ہیں اِسی میں دِل کی تسکیں

۴۶ وہ بوجھ؛ اُٹھا نہ سکے جِس کو آسمان وزمیں — اُسے اُٹھانے کو آیا ہوں؛ کیا عجیب ہوں مَیں

۴۷ وہ ہے خُوش اَموال پر؛ یہ طالبِ دِیدار ہے — بادشاہوں سے بھی اَفضل ہے؛ گدائے قادیاں

۴۸ واسطہ جہل سے پڑا؛ وہم ہوا رَفیقِ دہر — عِلم کِدھر کو چل دیا؛ جاتارہا بَیان کیوں

۴۹ وہ میرے دِل کو؛ چٹکیوں میں مَل مَل کر یُوں فرماتے ہیں — کیا عاشِق بھی معشوق کا شِکوہ؛ اپنی زُباں پر لاتے ہیں

۵۰ وہ عاشِقوں کیلئے بیقرار ہیں خود بھی — وہ بیقرارِدِلوں کو قرار دیتے ہیں

۵۱ وہ جیتنے پہ ہوں مائل؛ تو عاشِقِ صادِق — خوشی سے جان کی بازی بھی ہاردیتے ہیں

۵۲ وہی فلَک پہ چمکتے ہیں بَن کے شَمس و قَمر — جو دَر پہ یار کے عُمریں گُزاردیتے ہیں

۵۳ وہ ایک آہ سے بے تاب ہوکے آتے ہیں — ہم اِک نِگاہ پہ؛ سوجان ہاردیتے ہیں

۵۴ وہ عُمر؛ جِس میں کہ پاتی ہے عَقل نُوروجِلا — تم اس کو شَیب کہو؛ ہم شَباب کہتے ہیں

۵۵ وہ سَلسَبِیل کا چشمہ؛ کہ جس سے ہو سَیراب — حَسَد سے اس کو عَدُو کیوں سَراب کہتے ہیں

۵۶ وہی خاک؛ جس سے بنا میراپُتلا — مَیں اُس خاک کو دیکھنا چاہتا ہوں

۵۷ وہ خاک سے پیدا کرتا ہے؛ وہ مُردے زِندہ کرتا ہے — جو اُس کی راہ میں مَرتا ہے؛ وہ زِندہ ہے، مُردار نہیں

۵۸ وہ جو کچھ مجھ سے کہتا ہے؛ پھر مَیں جو اُس سے کہتا ہوں — اِک رازِمحبت ہے؛ جس کا اعلان نہیں، اِظہار نہیں

۵۹ وہی ہے چال، وہی راہ ہے؛ وہی ہے رَوِش — سِتَم وہی ہیں؛ تو پھر شرمسار کیسے ہیں

۶۰ وہ لالہ رُخ ہی یہاں پر نظر نہیں آتا — تو اس جہان کے یہ لالہ زار کیسے ہیں

۶۱ وہ حسرتیں ہیں؛ جو پوری نہ ہوسکیں، افسوس! — بتاؤں کیا؛ مِرے دِل میں مَزار کیسے ہیں

۶۲ وہ جس نے ہم کو کِیا بَرسَرِ جہاں رُسوا — اُسی کی یاد کو دِل میں چھُپائے پھِرتے ہیں

۶۳ وہ پھول ہونٹوں سے اُن کے جھڑتے تھے؛ جو اِک بار — اُنہی کو سینہ سے اپنے لگائے پھِرتے ہیں

۶۴ وہ دیکھ لے؛ تو ہراِک ذرّہ پھول بَن جائے — وہ موڑے مُنہ؛ تو سب اپنے پَرائے پھِرتے ہیں

۶۵ وَسوَسے غیر نے ڈالے؛ کئے اپنوں نے فَساد — میری تیری وہ رَفاقت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۶۶ وہ بھی ہیں کچھ؛ جو کہ تیرے عِشق سے مخمور ہیں — دُنیَوی آلائشوں سے پاک ہیں؛ اور دُور ہیں

۶۷ وہ خُود دیتے ہیں جب مجھ کو؛ بھلا اِنکار ممکن ہے — مَیں کیوں فاقے رہوں؛ جب شاہ کے گھر میں ہوا مہماں

۶۸ وہ کثرت پہ اپنی ہیں رکھتے گھُمنڈ — تُو اپنے کرم سے بڑھادے ہمیں

۶۹ وہ چھوٹی چھوٹی چیزوں پر؛ اُمید لگائے بیٹھے ہوں — وہ ادنیٰ ادنیٰ خواہش کو مقصود بنائے بیٹھے ہوں

۷۰ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر شیروں کی طرح غرّاتے ہوں — ادنیٰ سا قصور اگر دیکھیں؛ تو مُنہ میں کَف بھرلاتے ہوں

۱۷ وہ لوگ؛ جو کہ راہ سے بے راہ تھے ہوئے — کیوں ان کے چہروں پر ہے؛ خوشی کا اثر عیاں

# 'ہ' سے 'ن'

## ('ہ' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 87 |
| i | دُرِّ ثمین | 10 |
| ii | دُرِّ عدن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 10 |
| iv | کلامِ محمود | 60 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہوا غیب سے ایک چولہ عیاں — خدا کا کلام اُس پہ تھا بے گُماں

۲ ہے آج ختمِ قرآں؛ نکلے ہیں دل کے اَرماں — تو نے دِکھایا یہ دن؛ مَیں تیرے مُنہ کے قرباں

۳ ہے دِیں وہی؛ کہ جس کا خدا آپ ہو عیاں — خود اپنی قدرتوں سے دِکھاوے؛ کہ ہے کہاں

۴ ہم مُفتری بھی بَن گئے؛ ان کی نگاہ میں — بے دِیں ہوئے؛ فساد کیا، حق کی راہ میں

۵ ہوتا ہے وہ اُسی کا؛ جو اُس کا ہی ہوگیا — ہے اس کی گود میں جو گِرا؛ اس جناب میں

۶ ہر چشمِ مست دیکھو! اسی کو دکھاتی ہے — ہر دِل اسی کے عشق سے ہے التہاب میں

۷ ہم کو تو اے عزیز! دِکھا اپنا وہ جمال — کب تک وہ مُنہ رہے گا حجاب و نقاب میں

۸ ہے شکرِ ربِّ عزّوجل خارج اَز بیاں — جس کے کلام سے؛ ہمیں اس کا مِلا نشاں

۹ ہے دِیں وہی؛ کہ صرف وہ اِک قِصّہ گو نہیں — زندہ نشانوں سے ہے دِکھاتا رَہِ یقیں

۱۰ ہوگئے حق کے سخت نافرماں — کردِیا دِیں کو قوم پر قرباں

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۱ ہے کشادہ آپ کا بابِ سخا؛ سب کیلئے — زیرِاحساں کیوں نہ ہوں پھر مَرد وزَن، پیر وجواں
۱۲ ہے یہی ماہِ مبیں؛ جس پر زوال آتا نہیں — ہے یہی گلشن؛ جسے چھوتی نہیں بادِ خزاں
۱۳ ہاتھ مَلتے رِہ گئے سب عاشقانِ جاں نثار — لے گیا جانِ جہاں کو گود میں جاں آفریں
۱۴ ہو دعائے دردِ دِل؛ سالم رہے، قائم رہے — یہ دعائے احمدِ ثانی نویدِ اوّلیں
۱۵ هر طرف کفر است جوشاں؛ همچو افواج یزید — دین حق بیمار و بے کس؛ همچو زین العابدین
۱۶ ہاں! کچھ بھی شک نہیں ہے؛ کہ ہمارے قصور ہیں — مانگو دعائیں؛ گِر کے خدا کے حضور میں
۱۷ ہو وفا کو ناز جس پر؛ جب مِلے ایسا مطاع — کیوں نہ ہو مشہورِ عالَم پھر وَفائے قادیاں

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۸ ہم جن راہوں پر مارے گئے؛ وہ سچ کی روشن راہیں تھیں — ظالم نے اپنے ظلم سے؛ خود اپنے ہی اُفق دھُندلائے ہیں
۱۹ ہم آبھی بَسے ہیں؛ اپنے خوابوں کی سَرمَد تعبیروں میں — آپ اب تک فانی دنیا میں؛ سَپنوں سے دل بہلائے ہیں
۲۰ ہر خوشبو اور ہر رنگ کے لاکھوں پھول؛ کھِلے ہیں آنگن میں — پھر چند گُلوں کی یادیں؛ کیوں کانٹوں کی طرح تڑپائے ہیں
۲۱ ہم سَر اَفراز ہوئے رخصت؛ ہے آپ سے بھی اُمید بہت — یہ یاد رہے کِس باپ کے بیٹے ہیں؛ کِس ماں کے جائے ہیں
۲۲ ہے یہ سینہ؛ کہ جواں مرگ اُمنگوں کا فرار — اِک زیارت گہِ صد قافلہ ہائے غم و حُزن
۲۳ ہم نہ ہوں گے؛ تو اُجڑ جائے گا مَے خانۂ غم — درد کے جام لُنڈھا ساقی! کہ ہم باقی ہیں
۲۴ ہے ایم ٹی اے بڑا مقبول؛ اس کو پنجابی — لگا کے اپنے گھروں پر دَبَل کے دیکھتے ہیں

۲۵ ہمارے حال کے جب آئینے میں جھانکتے ہیں — تو اس میں اپنے زبوں حال؛ کل کے دیکھتے ہیں

۲۶ ہوشیار بننے والوں کو بُدّھو بناؤں مَیں — جب مجھ کو کھانے دوڑیں؛ کہیں بھاگ جاؤں مَیں

۲۷ ہم نے تو آپ کو اپنا اپنا کہہ کر لاکھ بُلا بھیجا — اِس پر بھی آپ نہیں آئے آپ اپنے ہیں کہ پرائے ہیں

## کلامِ محمود

۲۸ ہوکر غُلام احمدِ مُرسل کے؛ آئے ہیں — قُربان جِن کے نام پہ ہوتے ہیں اِنس وجاں

۲۹ ہے تیّاری سفر کی کارواں میں — مِرا دِل ہے ابھی خوابِ گراں میں

۳۰ ہراک عارف کے دِل پہ ہے وہ ظاہر — خُدا مخفی نہیں ہے آسماں میں

۳۱ ہراِک رَنج وبَلا سے ہم ہیں محفوظ — مُصیبت پڑ رہی ہے گو جہاں میں

۳۲ ہراِک جا نُور سے تیرے منوّر — تِرا ہی جلوہ ہے؛ کون و مکاں میں

۳۳ ہے اِک مخلوق رَبِّ ذُوالمِنَن کی — بھَلا طاقت ہی کیا ہے آسماں میں

۳۴ ہے خوف مجھ کو بہت اس کی طبعِ نازک سے — نہیں ہے یہ؛ کہ مجھے آرزوئے یار نہیں

۳۵ ہوا وہ پاک؛ جو قدّوس کا ہوا شیدا — پلید ہے؛ جسے حاصل یہ اِفتخار نہیں

۳۶ ہوگئی ہیں انتظارِ یار میں آنکھیں سپید — اِک بُتِ سیمیں بدن کا طالبِ دِیدار ہوں

۳۷ ہائے! وہ دِل؛ کہ جِسے طَرزِ وَفا یاد نہیں — وائے! وہ رُوح؛ جِسے قَولِ بلیٰ یاد نہیں

۳۸ ہائے! بَدبختیٔ قسمت؛ کہ لگا ہے مجھ کو — وہ مرض؛ جس کی مسیحا کو دَوا یاد نہیں

۳۹ ہم وہ ہیں پیار کا بدلہ؛ جنھیں ملتا ہے پیار — بھُولے ہیں روزِ جزا؛ اور جزا یاد نہیں

۴۰ ہزاروں دامنوں پر خُون کے دھبّے چمکتے ہیں — مِرے آنے پہ کیا ہولی ہوئی ہے کُوئے قاتِل میں

۴۱ ہزاروں ہیں؛ کہ ہیں محروم اس سے — نظر سے جِن کی ہے وہ نُور پنہاں

۴۲ ہیں اس دُنیا میں جتنے لوگ حَق بیں — سچائی سے جنہیں کوئی نہیں کِیں

۴۳ ہوئی جب ہَفت سالہ؛ تو خُدا نے — یہ پہنایا اُسے بھی تاجِ زَرّیں

۴۴ ہوئے چھوٹے بڑے ہیں آج شاداں — نظر آتا نہیں کوئی بھی غمگیں

۴۵ ہمارا گھر ہو مِثلِ باغِ جنّت — ہو آبادی ہمیشہ اِس مکاں میں

۴۶ ہماری بات میں برکت ہو ایسی
کہ ڈالے رُوح مُردہ اُستخواں میں

۴۷ ہماری نسل کو یارب! بڑھا دے
ہمیں آباد کر کون و مکاں میں

۴۸ ہر دِل میں پُر ہے بُغض و کِیں ہر نفس شیطاں کا رہیں
جو ہو فدائے نُورِ دِیں؛ کوئی نہیں، کوئی نہیں

۴۹ ہر ایک کے ہے سَر میں کِیں؛ ہے کِبر کا دیوِ لَعیں
اِک دَم کو یاد آتی نہیں؛ دَرگاہِ رَبُّ العالَمیں

۵۰ ہوں تو دیوانہ؛ مگر بُہتوں سے عاقِل تر ہوں مَیں
ہوں تو بیماروں میں؛ مگر تیرے بیماروں میں ہوں

۵۱ ہو رہا ہوں مَست دِیدِ چشمِ مَستِ یار میں
لوگ یہ سمجھے ہوئے بیٹھے ہیں مَے خواروں میں ہوں

۵۲ ہے گالیوں کے سِوا اس کے پاس کیا رکھا
غریب کیا کرے مُخطی ہے وہ؛ مُصیب ہوں مَیں

۵۳ ہے عقل نفس سے کہتی؛ کہ ہوش کر ناداں!
مِرا رَقیب ہے تُو؛ اور تری رَقیب ہوں مَیں

۵۴ ہے رضائے ذاتِ باری؛ اَب رضائے قادیاں
مُدّعائے حق تعالےٰ؛ مُدّعائے قادیاں

۵۵ ہاتھ میں کیوں نہیں وہ زور؛ بات میں کیوں نہیں اثر؟
چھینی گئی ہے سیف کیوں؛ کاٹی گئی زبان کیوں؟

۵۶ ہو کے غُلام؛ تُو نے جب رَسمِ وِداد قطع کی
اُس کے غُلامِ دَر جو ہیں؛ تجھ پہ ہوں مہربان کیوں

۵۷ ہو فضلِ خُدا کی اس پہ بارِش
پھیلا رہے خُوب اس کا داماں ۔ آمین

۵۸ ہو مَرہمِ زخمِ دِلِ شِکستہ
ہو عادَتِ مِہر و لُطف و احساں ۔ آمین

۵۹ ہو عرصۂ فِکر رَشکِ گُلشن
میدانِ خیال صد گلستاں ۔ آمین

۶۰ ہو دونوں جہان میں مُعزّز
ہوں چھوٹے بڑے سبھی ثناخواں ۔ آمین

۶۱ ہم اُنھیں دیکھ کے حیران ہوئے جاتے ہیں
خود بخود چاک گریبان ہوئے جاتے ہیں

۶۲ ہے ترقّی پہ مِرا جوشِ جُنُوں ہر ساعت
تنگ سب دشت و بیابان ہوئے جاتے ہیں

۶۳ ہے غمِ نفس اِدھر؛ فِکر اُدھر عالَم کا
چین ممکن ہی نہیں؛ اَمن مُقدّر ہی نہیں

۶۴ ہوا میں اُڑ گئے نالے
گئیں بے کار فریادیں

۶۵ ہر شب اِسی اُمّید میں سوتا ہوں دوستو!
شاید ہو وَصلِ یار مُیسّر؛ مگر کہاں!

۶۶ ہر لحظہ اِنتظار ہے؛ ہر وَقت جُستجُو
رہتا ہے اب تو مُنہ پہ مِرے؛ بس کِدھر، کہاں

۶۷ ہچکولے کھا رہی ہے مِری ناؤ دیر سے
دیکھوں؛ کہ پھینکتی ہے قضا و قدر کہاں

۶۸ ہے دِل میں عِشق؛ پر مِرے مُنہ میں زُباں نہیں
نالے نہیں ہیں، آہیں نہیں ہیں؛ فُغاں نہیں

۶۹ ہے حُکم تمھیں گھر جانے کا؛ اور ہم کو ابھی کچھ ٹھہرنے کا
تم ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ؛ ہم پیچھے پیچھے آتے ہیں

۷۰ ہوا جو مکّہ میں نُور پیدا؛ اُسی کو مکّہ نے دُور پھینکا
کبھی مِلی ہے نبی کو عزّت بتا تو اے مُعترض! وَطن میں

۷۱ ہیں رنگ رَلیاں منا رہے لوگ؛
ساغرِ مَے چھلک رہے ہیں
وہ لُطف اُن کو کہاں مُیَسّر؛ مِلا جو مجھ کو تِری لگن میں

۷۲ ہزاروں کلیاں چٹک رہی ہیں؛
ہزاروں غُنچے مہک رہے ہیں
نسیم رَحمت کی چَل رہی ہے؛
چمن چمن میں، چمن چمن میں

۷۳ ہمیں بھی تجھ سے ہے نسبت؛ او رِندِ بادہ نوش
نِگاہِ یار کو ہم بھی شَراب کہتے ہیں

۷۴ ہیں مغرب ومشرق کے تو معشوق ہزاروں
بھاتی ہیں مگر آپ کی ہی مجھ کو اَدائیں

۷۵ ہے چیز تو چھوٹی سی؛ مگر کام کی ہے چیز
دِل کو بھی مِرے اپنی اَداؤں سے لُبھائیں

۷۶ ہر ظُلم بھی سہہ، ہر بات بھی سُن؛
پَر دِین کا دامن تھامے رِہ
غدّار نہ بَن، بُزدل بھی نہ بَن؛
یہ موٴمن کا کِردار نہیں

۷۷ ہوں صدر کہ شاہ کوئی بھی ہوں؛
مَیں ان سے دَب کر کیوں بیٹھوں
سَرکار مِری ہے مدینہ میں؛ یہ لوگ مِری سَرکار نہیں

۷۸ ہماری جان تو ہاتھوں میں اُس کے ہے لٹّو
جِدھر بھی، جب بھی؛ وہ اس کو پھرائے پِھرتے ہیں

۷۹ ہر مصیبت میں دیا ساتھ تمہارا؛ لیکن
تم کو کچھ ایسی شکایت ہے؛ کہ جاتی ہی نہیں

۸۰ ہے قِیادت سے بھی پُرلُطف اِطاعت مجھ کو
ہوں تو مَیں پیر؛ مگر شُکر ہے بے پِیر نہیں

۸۱ ہَفت اَقلیم کو جو راکھ کیئے دیتی تھی
تُو نے وہ آگ بُجھائی تھی؛ ہے ترا اِحساں

۸۲ ہوا کیا؛ کہ دُشمن ہے اِبلیس پیارو!
خُدا نے نوازا ہے ہر دوسَرا میں

۸۳ ہے قرآن میں جو سُرور اور لَذّت
نہ ہے مثنوی میں؛ نہ بانگِ درا میں

۸۴ ہم سفر سَنبھلے ہوئے آنا؛ کہ رَستہ ہے خراب
پر قدم ڈھیلا نہ ہو؛ مَیں تیز رَفتاروں میں ہوں

۸۵ ہیں رو رو کے آنکھیں بھی جاتی رہیں
مِری جان! اَب تو ہنسا دے ہمیں

۸۶ ہم اپنے دل کا خُون اُنھیں پیش کرتے ہیں　　گُل رُو کے واسطے مئے گُل فام لائے ہیں
۸۷ ہے بہت افسوس! اب بھی گر نہ ایماں لائیں لوگ　　جبکہ ہر مُلک ووَطن پر ہیں عذاب آنے کے دِن

# 'ی' سے 'ن'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ن' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 44 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 13 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 23 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ یہ تو رہنے کا نہیں پیارو! مکاں　　چل بسے سب انبیاء و راستاں
۲ یہ اس بھگت کا رہ گیا اِک نشاں　　نصیحت کی باتیں؛ حقیقت کی جاں
۳ یا بدزباں دِکھاتے ہیں یا ہیں وہ بدگماں　　باقی خبر نہیں ہے؛ کہ اسلام ہے کہاں
۴ یا کم سے کم یہ ہو؛ کہ مَیں زنداں میں جا پڑوں　　یا یہ؛ کہ ذِلّتوں سے مَیں ہوجاؤں سَرنگوں
۵ یہ دیوانگی؛ عشق کا ہے نشاں　　نہ سمجھے کوئی اِس کو؛ جُز عاشقاں
۶ یہ تحریر چولہ کی ہے اِک زباں　　سنو وہ زباں سے کرے کیا بیاں
۷ یہی پاک چولہ رہا اِک نشاں　　گُرو سے؛ کہ تھا خلق پر مہرباں
۸ یہی ملک ودولت کا تھا اِک ستوں　　عمل بد کیئے؛ ہوگئے سَرنگوں

۹ یہ تین جو پِسر ہیں؛ تجھ سے ہی یہ ثمر ہیں — یہ میرے باروبَر ہیں؛ تیرے غلامِ دَر ہیں
۱۰ یارو! خودی سے باز بھی آؤ گے یا نہیں — خو اپنی پاک صاف؛ بناؤ گے یا نہیں
۱۱ یہ سچ ہے؛ کہ جو پاک ہوجاتے ہیں — خدا سے؛ خدا کی خبر لاتے ہیں
۱۲ یارب! ہے تیرااِحساں؛ مَیں تیرے دَر پہ قرباں — تُو نے دیا ہے ایماں؛ تُو ہرزماں نگہباں
۱۳ یہ نانکؔ سے کیوں رِہ گیا اِک نشاں — بھلا اس میں حکمت تھی کیا دَرنہاں

## دُرِّ عدن

۱۴ یاد جو ہردَم رہے؛ اس کو دعائے خاص میں — کِس طرح دیں گے بھلا؛ اہلِ وَفائے قادیاںؔ
۱۵ یہ دعا ہے؛ میرادِل ہو، اور تیراپیار ہو — میرااَسر ہو؛ اور تیراپاک سنگِ آستاں
۱۶ یاد ہے؛ چھبیس مے سن آٹھ حزب المومنیں — وہ غروبِ شمس وقتِ صبح محشر آفریں
۱۷ یہ ارادے؛ اور اتنی شانِ ہمت دیکھ کر — اس گھڑی بھی ہو رہے تھے محوِ حیرت سامعیں
۱۸ یہ راگ، دل کا راز ہے؛ سُن دَردآشنا — کچھ ہمنوائے شورِعنادل نہیں ہوں مَیں

## کلامِ طاہر

۱۹ یہ زَر کے پُجاری بیچنے والے ہیں دِین وایمانِ وطن — اے دیس سے آنے والے بتا!
کِس حال میں ہیں یارانِ وطن
۲۰ یا تِرے دِھیان کی جوگن ہمہ رَنج وآزار — خود چلی آئی ہے پہلو میں بجائے غم و حُزن
۲۱ یہ سوچ کے چلاگیا؛ باوَرچی خانے میں — باوَرچی تھا مگن وہاں؛ حَلوَہ پکانے میں

## کلامِ محمود

۲۲ یہ شرارت، سب دھَری رِہ جائے گی؛ جب وہ خُدا — ہوش میں لائے گاتُم کو؛ ہوش میں لانے کے دِن
۲۳ یاس ونومیدی نے گھیرا ہے مجھے — اس کے پنجہ سے؛ مجھے چھُڑوائے کون
۲۴ یہ ہے دنیا میں کرتا رہنمائی — یہ عُقبیٰ میں کرے گا شادوفرحاں
۲۵ یہی ہرکامیابی کا ہے باعث — یہی کرتا ہے ہرمشکل کو آساں
۲۶ یہ نعمت ہم کو بے خِدمت مِلی ہے — سکھایا ہے ہمیں مولیٰ نے قرآںؔ

۲۷ یہ ہوں میری دعائیں ساری مقبول — مِلے عزّت ہمیں دونوں جہاں میں
۲۸ یا تو ہم پھرتے تھے ان میں؛ یا ہوا یہ اِنقلاب — پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے؛ کُوچہ ہائے قادیاں
۲۹ یہ سارے ختم قرآں کر چکے ہیں — دِلوں کو نُورِ حق سے بھر چکے ہیں
۳۰ یہ میدانِ وَغا میں جب کبھی آئیں — تو دِل اَعداء کے سینوں میں دہَل جائیں
۳۱ یہ قصرِ احمدی کے پاسباں ہوں — یہ ہر میداں کے یاربّ! پہلواں ہوں
۳۲ یارب تِری مدد ہو؛ تو اِصلاحِ خَلق ہو — اُٹھنے کا وَرنہ مجھ سے یہ بارِگراں نہیں
۳۳ یہ فخر کم نہیں مجھ کو؛ کہ دِلِ مَسکَن کے مِرا — وہ پیار سے مجھے خانہ خراب کہتے ہیں
۳۴ یہ نہ سمجھ؛ کہ وہ بِن کھائے پیئے جیتے ہیں — وہ بھی کھاتے ہیں؛ مگر نیزوں کے پھَل کھاتے ہیں
۳۵ یوں نہیں ہیں جھوٹی باتوں پر؛ یہ اترانے کے دن — ہوش کر غافل! کہ یہ دن تو ہیں گھبرانے کے دن
۳۶ یا مسیح الخلق عدوانا پکار اٹھیں گے لوگ — خود ہی منوائے گا سب سے؛ یار منوانے کے دن
۳۷ یہ دریا؛ جو چاروں طرف بہہ رہے ہیں — اسی نے تو قدرت سے پیدا کئے ہیں
۳۸ یااِلٰہی! رحم کر اپنا؛ کہ مَیں بیمار ہوں — دل سے تنگ آیا ہوں؛ اپنی جان سے بیزار ہوں
۳۹ یااِلٰہی! تیری اُلفت میں ہوا ہوں مجنوں — خواب میں ہی کبھی؛ مَیں تجھ کو جو پا لوں تو کہوں
۴۰ یہ کیسا عدل ہے؛ کہ کہیں اور ہم بھریں — اغیار کا بھی قضیہ؛ چکانا پڑے ہمیں
۴۱ یاں نہ گر روؤں؛ تو مَیں روؤں کہاں؟ — یاں نہ چِلاّؤں؛ تو چِلاّؤں کہاں؟
۴۲ یہ وقت؛ وقتِ حضرتِ عیسیٰؑ ہے دوستو! — جو نائبِ خدا ہیں؛ جو ہیں مہدیٔ زماں
۴۳ یہی جی ہے؛ کہ پہنچے یار کے پاس — ہے مرغِ دل تڑپتا؛ آشیاں میں
۴۴ یونہی کہو نہ ہمیں لوگو! کافر و مرتد — ہمارے دِل کی خبر؛ تم پہ آشکار نہیں

# و

## ('و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **439** |
| i | دُرِّ ثمین | 36 |
| ii | دُرِّ عَدَن | 44 |
| iii | کلامِ طاہر | 57 |
| iv | کلامِ محمود | 302 |

# 'الف' سے 'و'

## ('الف' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **49** |
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | دُرِّ عدن | 6 |
| iii | کلامِ طاہر | 5 |
| iv | کلامِ محمود | 31 |

### دُرِّ ثمین

۱ آؤ عیسائیو! ادھر آؤ! نورِ حق دیکھو! راہِ حق پاؤ!

۲ ایسے خدا کے خوف سے؛ دل کیسے پاک ہو سینہ میں اس کے عشق سے؛ کیونکر تپاک ہو
۳ اس بے ثبات گھر کی محبت کو چھوڑ دو اس یار کیلئے رَہِ عشرت کو چھوڑ دو
۴ اے کرمِ خاک! چھوڑ دے کِبر و غرور کو زیبا ہے کِبر؛ حضرتِ ربِّ غیور کو
۵ اے دوستو پیارو! عقبیٰ کو مَت بسارو کچھ زادِراہ لے لو؛ کچھ کام میں گزارو
۶ اے دوستو! جو پڑھتے ہو اُمُّ الکتاب کو اب دیکھو میری آنکھوں سے اِس آفتاب کو
۷ اگر ہر ذرّہ اُس بِن خودعیاں ہو تو ہر ذرّے کا وہ مالک کہاں ہو

## دُرِّ عدن

۸ افضل ہمارے حکم کو تم جانتی رہیں دنیا و دِیں میں تم کو فضیلت نصیب ہو
۹ اِک نورِ خاص مِرے دل و جاں کو بخش دو مِرے گُناہِ ظاہر و پنہاں کو بخش دو
۱۰ اقبال تاجِ سَر ہو؛ ترے سَر کے تاج کا اس کو خدا و خَلق کی خدمت نصیب ہو
۱۱ ایسی تمہارے گھر کے چراغوں کی ہو ضیاء عالَم کو جن سے نورِ ہدایت نصیب ہو
۱۲ اپنی ستاری کا صدقہ؛ میرے ستارالعیوب حوضِ کوثر میں ڈبو دے نامۂ اعمال کو
۱۳ احسن سمجھ رہے ہیں ہر امرِ قبیح کو وقت آچکا ہے دیر سے؛ بھیجو مسیح کو

## کلامِ طاہر

۱۴ آہوں کا تھا بُلاوا؛ پھولوں کی انجمن کو اور کھینچ لائے نالے مُرغانِ خوش لحن کو
۱۵ اگر ہے ضِد؛ کہ نہ مانو گے، پَر نہ مانو گے تو ہوسکے جو کرو؛ باربار کر دیکھو
۱۶ اُتر رہی ہیں فلک سے گواہیاں؛ روکو وہ غُل غَپاڑہ کرو؛ حال زار کر دیکھو
۱۷ اسے ڈبو کے کوئی اور اُچھال کام کا چاند تُو یہ کرے؛ تو کبھی تجھ پہ پھر زوال نہ ہو
۱۸ آگے بڑھ کر؛ قدم تو لو دیکھو! عہدِ نَو ہے تمہارے نام؛ چلو

## کلامِ محمود

۱۹ اُٹھ کے دشمن کے مقابل پہ کھڑا ہوجا تُو اپنے احباب سے ہی دَست وگریباں مت ہو
۲۰ اپنے بیگانوں نے؛ جب چھوڑ دیا ساتھ میرا وہ میرے ساتھ رہا؛ اس کی وَفا دیکھو تو

۲۱ اپنا چہرہ کہیں دِکھلائے؛ وہ رَبُّ العِزّت          مُدّتوں سے ہے؛ یہی دل میں تمنّا ہم کو
۲۲ ایک تَسمہ کی بھی حاجت ہو؛ تو مانگو مجھ سے          ہے ہمیشہ سے یہ اُس یار کا اِیما ہم کو
۲۳ ایک دَم کیلئے بھی یاد سے کیوں تُو اُترے          اور محبوب کہاں تجھ سا مِلے گا ہم کو
۲۴ آدمی کیا ہے؛ تَواضُع کی نہ عادت ہو جسے          سخت لگتا ہے بُرا؛ کِبر کا پُتلا ہم کو
۲۵ اَمرِ مَعروف کو تَعوِیذ بناؤ جاں کا          بے کَسوں کیلئے؛ تم عُقدہ کُشا ہوجاؤ
۲۶ الٰہی! تُو ہمارا پاسباں ہو          ہمیں ہر وَقت تُو راحت رَساں ہو
۲۷ آنکھوں میں رہی نہ جب بَصارت          دیدارِ رُخِ نِگار کیوں ہو
۲۸ اِسلام گِھرا ہے دشمنوں میں          مُسلم کا نہ دل فِگار کیوں ہو
۲۹ اَمن کے ساتھ رہو؛ فتنوں میں حصہ مَت لو          باعثِ فِکر و پریشانیٔ حُکّام نہ ہو
۳۰ اپنی اِس عمر کو اِک نعمتِ عُظمٰی سمجھو          بعد میں تاکہ تمھیں شکوۂ اَیّام نہ ہو
۳۱ اپنے الہام پہ نازاں نہ ہو؛ اے طِفلِ سُلوک!          تیرے بہکانے کو آیا کہیں شیطان نہ ہو
۳۲ اس میں جو بھول گیا؛ دونوں جہانوں سے گیا          کوچۂ عشق میں؛ داخل کوئی اَنجان نہ ہو
۳۳ اے عدُو! مَکر ترے کیوں نہ ضرر پہنچائیں          ہاں! اگر سَر پہ مِرے سایۂ رحمان نہ ہو
۳۴ اُس کا دَر چھوڑ کے کیوں جاؤں؛ کہاں جاؤں مَیں          اور دنیا میں کوئی اس کی سی سَرکار بھی ہو
۳۵ اپنی حالت پہ یُونہی خرّم و شادان نہ ہو          یہ سکوں؛ پیش رَوِآمدِطوفان نہ ہو
۳۶ اپنے اعمال پہ غرّا؛ اَرے نادان! نہ ہو          تُو بھلا چیز ہے کیا! اُس کا جو اِحسان نہ ہو
۳۷ اِبنِ آدم ہے، نہ کچھ اور؛ تجھے خیال رہے          حَدِّ نِسیان سے بڑھ کر کہیں عِصیان نہ ہو
۳۸ اپنے ہاتھوں سے ہی خود اپنی عمارت نہ گِرا          مُخرِبِ دِین نہ بَن؛ دُشمنِ ایمان نہ ہو
۳۹ اپنے اَوقات کو؛ اے نفسِ حریص وطامِع          شکرِ مِنَّت میں لگا؛ طالِبِ اِحسان نہ ہو
۴۰ آگ ہوگی؛ تو دُھواں اُس سے اُٹھے گا محمودؔ          غیر ممکن ہے؛ کہ ہو عشق، پہ اعلان نہ ہو
۴۱ اِک طرف عقل کے شیطاں ہے؛ تو اِک جانب نَفس          ایک دانا کو ہیں گھیرے ہوئے؛ دیوانے دو
۴۲ اِرتِباطِ عاشق و معشوق کے سامان کر          پھر مِری بگڑی بنادے؛ ہاں بنادے آج تُو

۴۳ اُسی نے ہے پیدا کیا اِس جہاں کو ستاروں کو، سورج کو؛ اور آسماں کو

۴۴ اَب تیرِ نظر کو پھینک کے تم اِک خنجرِ آہَن ہاتھ میں لو یہ فولادی پنجوں کے ہیں دن؛ اب دستِ حنا کو رہنے دو

۴۵ ایّامِ طَرَب میں ساتھ رہے؛ جب غم آیا تم بھاگ اُٹھے ہے دیکھی ہوئی اپنی یہ وَفا؛ تُم اپنی وَفا کو رہنے دو

۴۶ اگر چاہے؛ تو بندے کو خدا سے بھی بڑھادے تُو اگر چاہے؛ تو کرّوبی کو دوزخ میں گرادے تُو

۴۷ اے میرے مِہربان خدا! اِک نِگاہِ مِہر کانٹا جو میرے دل میں چُبھا ہے؛ نِکال تُو

۴۸ اس لالہ رُخ کے عشق میں؛ مَیں مَستِ حال ہوں آنکھیں دِکھا رہا ہے مجھے؛ لال لال تُو

۴۹ اِنہیں اَضداد میں گر زندگی میری گزرنی تھی نہ کیوں اِک عقل ودانائی سے خالی کر دِیا مجھ کو

# 'ب' سے 'و'

## ('ب' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 18 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 3 | دُرِّ عدن | i |
| 3 | کلامِ طاہر | ii |
| 12 | کلامِ محمود | iii |

### ﴾دُرِّ عدن﴿

۱ بارِ گنہ بَلا ہے؛ مِرے سر سے ٹال دو جس رَہ سے تم ملو؛ مجھے اس رَہ پہ ڈال دو

۲ بس ایک دَرد ہو؛ کہ رہو جس سے آشنا محبوب جاوِداں کی محبت نصیب ہو

۳ بڑھتے چلو؛ کہ نصرتِ حق ہے تمہارے ساتھ اپنے خدا کا ہاتھ دِکھادو خدائی کو

### ﴾کلامِ طاہر﴿

۴ بہار آئی ہے؛ دل وقفِ یار کر دیکھو خِرد کو نذرِ جنونِ بہار کر دیکھو

۵ بس اب نہ دُور رکھو اپنے دل سے اہلِ وَطن — ہے تم سے پیار ہمیں؛ اعتبار کر دیکھو

۶ بدل سکو؛ تو بدل دو نظامِ شمس و قمر — خِلافِ گردشِ لیل و نہار کر دیکھو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۷ بادۂ عِرفاں پِلادے؛ ہاں پِلادے آج تُو — چہرۂ زیبا دِکھادے؛ ہاں دِکھادے آج تُو

۸ بہت بھایا ہے اے محمود! یہ مصرعہ مِرے دل کو — مبارک ہو یہ شادی؛ خانہ آبادی مُبارک ہو

۹ بتلاؤ کِس جگہ پہ اُسے جاکے ڈھونڈیں ہم — جس کی تمام اَرض وسَما میں پُکار ہو

۱۰ بتاؤں کیا؛ کہ مسیحا نے کیا دیا مجھ کو — مَیں کِرمِ خاکی تھا؛ انساں بنادِیا مجھ کو

۱۱ بادشاہی کی تمنّا نہ کرو ہرگز تم — کوچۂ یارِیگانہ کے گدا ہوجاؤ

۱۲ بحرِ عِرفان میں تم غوطے لگاؤ ہردَم — بانیٔ کعبہ کی تم کاش! دُعا ہوجاؤ

۱۳ بھولیو مَت: کہ نزاکت ہے، نصیبِ نِسواں — مَرد وہ ہے؛ جو جَفاکش ہو، گُل اَندام نہ ہو

۱۴ بات کیسے ہو مُؤثّر؛ جو نہ ہو دِل میں سوز — روشنی کیسے ہو؛ دِل مَہبَطِ اَنوار بھی ہو

۱۵ بادہ نوشی میں کوئی لُطف نہیں ہے؛ جب تک — صحبتِ یار نہ ہو؛ مجلسِ رِندان نہ ہو

۱۶ بُلبُلِ زار تو مَرجائے تڑپ کر فوراً — گَر گُلِ تازہ نہ ہو؛ بُوئے گُلستان نہ ہو

۱۷ بخش دو، رحم کرو؛ شِکوے گِلے جانے دو — مَر گیا ہجر میں مَیں؛ پاس مجھے آنے دو

۱۸ بس اِک تیری ہی ان کے دِل میں جا ہو — نہ دیکھیں غیر کو؛ کوئی ہو، کیا ہو

# 'پ' سے 'و'

## ('پ' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 19 |
|---|---|---|
| i | کلام طاھر | 4 |
| ii | کلام محمود | 15 |

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۱ پھر باغِ مصطفیٰ کا دھیان آیا ذوالمنن کو — سینچا پھر آنسوؤں سے؛ احمد نے اس چمن کو

۲ پیشوائی کرو؛ تمہاری طرف — آرہا ہے نیا نظام؛ چلو

۳ پلٹ سکو؛ تو پلٹ دو خِرامِ شام وسحر — حسابِ چرخ کو بے اعتبار کر دیکھو

۴ پہلے تو مِری موجودگی میں تم اُکتائے سے رہتے تھے — اب میرے بعد تمہارا دِل گھبرائے گا؛ گھبرانے دو

## ﴾کلامِ محمود﴿

۵ پھر آزماؤ اپنے ارادوں کی پختگی — پھر تم دِلوں کی طاقتوں کا اِمتحاں کرو

۶ پھر ریزہ ریزہ کردو بُتِ شِرک وکُفر کو — کُفّارومُشرکین کو پھر نیم جاں کرو

۷ پہنچا کے چھوڑو جھوٹوں کو پھر اُن کے گھر تلک — ہاں! پھر سَمَندِطَبع کی جَولانیاں کرو

۸ پھر تم اُٹھاؤ رَنج وتَعَب؛ دِیں کے واسطے — قُربان راہِ دِینِ محمدؐ میں جاں کرو

۹ پھر اپنے ساتھ اور خلائق کو لو مِلا — نامہربان جو ہیں؛ اُنھیں مہرباں کرو

۱۰ پھر دُشمنوں کو حلقۂ اُلفت میں باندھ لو — جو تم سے لَڑ رہے ہیں؛ انہیں ہم زباں کرو

۱۱ پھر اس پہ اپنے حال زَبوں کو عیاں کرو — پھر اُس کے آگے نالہ وآہ وفُغاں کرو

۱۲ پھر راتیں کاٹو جاگ کے؛ یادِحبیب میں — پھر آنسوؤں کا آنکھ سے دریا رَواں کرو

۱۳ پھر اُس کی میٹھی میٹھی صداؤں کو تم سُنو — پھر اپنے دِل کو وَصل سے؛ تم شادماں کرو

۱۴ پَنبۂ مَرہَمِ کافُور ہو تم زخموں پر — دلِ بیمار کے دَرمان و دَوا ہوجاؤ

۱۵ پاس ہو مال؛ تو دو اُس سے زکوٰۃ و صَدقہ — فکرِمِسکیں رہے تم کو؛ غَمِ ایّام نہ ہو

۱۶ پڑگئی جس پہ نظر؛ ہوگیا مَدہوش وہی — میرے دِلدار کی آنکھیں ہیں؛ کہ خُم خانے دو

۱۷ پَس اے میرے عزیزو! میرے بچّو! — دِل و جاں سے؛ اسے محبوب رکھو

۱۸ پھر مِری خوش قِسمتی سے جمع ہیں اَبروبہار — جام اِک بھرکر پِلادے؛ ہاں پِلادے آج تُو

۱۹ پھر عَقل کا دامن چھٹتا ہے؛ پھر وَحشت جوش میں آتی ہے — جب کہتے ہیں وہ دنیا سے چھیڑو نہ مِرے دیوانے کو

# 'ت' سے 'و'

## ('ت' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 25 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 18 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تا اس کے دل پہ نورِ یقیں کا نزول ہو     تا وہ جنابِ عزّوجل میں قبول ہو

۲ تقویٰ یہی ہے یارو! کہ نخوت کو چھوڑ دو     کبر و غرور و بخل کی عادت کو چھوڑ دو

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ تسخیرِ خَلق، خُلق و محبت سے تم کرو     ہر ایک سے خلوص و محبت نصیب ہو

۴ تمہیں سلام و دُعا ہے نصیب صبح و مسا     جوارِ مرقدِ شاہِ زماں میں رہتے ہو

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۵ تم اُٹھے ہو؛ تو لاکھ اُجالے اُٹھے     تم چلے ہو؛ تو بَرق گام چلو

۶ تمہارا چہرہ بُرا تو نہیں؛ نہا دھو کر     کبھی تو حُسنِ شرافت نکھار کر دیکھو

۷ تم سے وابستہ ہے جہانِ نَو     تمہیں سونپی گئی زِمام؛ چلو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۸ تجھ پہ ہم کیوں نہ مَریں اے مرے پیارے کہ ہے تُو     دولت و آبرُو و جان سے پیارا ہم کو

۹ تقویٰ کی جڑ یہی ہے؛ کہ خالق سے پیار ہو
گو ہاتھ کام میں ہوں؛ مگر دِل میں یار ہو

۱۰ تِرے بِن زندگی کا کچھ نہیں لُطف
ہمارے ساتھ پیارے! ہرزَماں ہو

۱۱ تجھے جِس راہ سے لوگوں نے پایا
وہ رازِ مَعرِفت ہم پر عیاں ہو

۱۲ تُم مُدَبِّر ہو، کہ جَرنیل ہو؛ یا عالِم ہو
ہم نہ خوش ہوں گے کبھی؛ تم میں گر اِسلام نہ ہو

۱۳ تم نے دنیا بھی جو کی فتح؛ تو کچھ بھی نہ کیا
نَفسِ وَحشی و جَفا کیش؛ اگر رام نہ ہو

۱۴ تم نے مُنہ پھیر لیا؛ اُن کے اُلٹتے ہی نِقاب
کیا یہ مُمکن ہے؛ کہ دِلبر کی بھی پہچان نہ ہو

۱۵ تیری خِدمت میں یہ ہے عَرض؛ بَصَد عجز و نیاز
قبضۂ غیر میں؛ اے جان! مِری جان نہ ہو

۱۶ تُو ہے مَقبُولِ اِلٰہی بھی؛ تو یہ بات نہ بھُول
سامنے تیرے کوئی موسیٰؑ عمران نہ ہو

۱۷ تجھ میں ہِمَّت ہے؛ تو کچھ کر کے دِکھا دُنیا کو
اپنے اَجداد کے اَعمال پر نازان نہ ہو

۱۸ تمھیں تِریاق مُبارَک ہو؛ مجھے زہر کے گھُونٹ
غم ہی اچھا ہے مجھے؛ تم مجھے غم کھانے دو

۱۹ تَن سے کیا جان جُدا رہتی ہے؛ یا جان سے تَن
راستہ چھوڑ دو دَربانو! مجھے جانے دو

۲۰ تُو ایک ہو ساری دنیا میں کوئی ساجھی اور شَریک نہ ہو
تُو سب دنیا کو دے لیکن خود تیرے ہاتھ میں بھیک نہ ہو

۲۱ تم دیکھو گے کہ اِنھی میں سے قَطراتِ محبت ٹپکیں گے
بادَل آفات و مصائب کے چھاتے ہیں اگر تو چھانے دو

۲۲ تم یاد آ رہی ہو؛ دل کو سَتا رہی ہو
مَیں کیا کروں، کہ ہردَم؛ تم دُور جا رہی ہو

۲۳ تیرا جہان وَہم ہے؛ میرا جہاں عَمَل
مَیں مَستِ حال ہُوں؛ تو ہے مَستِ خیال تُو

۲۴ تقَدُّس کی تڑپ دل میں؛ تو آنکھوں میں حیا رکھی
مگر اِن خواہشوں کے ساتھ دامن تَر دیا مجھ کو

۲۵ تجھ پہ رحمت ہو خدا کی؛ کہ مسیحا تُو نے
رِشتۂ اُلفت و وَحدت میں ہے باندھا ہم کو

# 'ج' سے 'و'

('ج' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 25 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 19 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جس قدر خُوبیاں ہیں فُرقاںؔ میں کہیں انجیلؔ میں تو دِکھلاؤ

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ جنت کے دَر کھُلے ہیں؛ شہیدوں کے واسطے رحمت خدا کی آئے گی؛ خود پیشوائی کو

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ جو کرسکے تھے کیا؛ غیر ہمیں بنا نہ سکے ہم اب بھی اپنے ہیں؛ اپنا شمار کر دیکھو

۴ جو اُس کے ساتھ اُسی کی دعا سے اُترا ہے یہ مائدہ ہے؛ ڈِشوں میں اُتار کر دیکھو

۵ جو ہوسکے تو سِتاروں کے راستے کاٹو کوئی تو چارہ کرو؛ کچھ تو کار کر دیکھو

۶ جلن بہت ہے تو ہوتی پھرے؛ نہ نکلے گی بھڑاس سینے کی؛ بگ بگ ہزار کر دیکھو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۷ جوشِ اُلفت میں یہ لکھی ہے غزل؛ اے محمودؔ کچھ سِتائش کی تمنا نہیں اَصلا ہم کو

۸ جاں چاہتی ہے تجھ پہ نکلنا؛ اے میری جاں!
دل کی یہ آرزو ہے؛ کہ تجھ پہ نثار ہو

۹ جفائے اہلِ جہاں کا ہُوا جو مَیں شاکی
تھپک کے گود میں اپنی سُلادِیا مجھ کو

۱۰ جہاں حَسَد کا گزر ہے؛ نہ دَخلِ بَدبِیں ہے
ہے ایسے مُلک کا وارِث بنادِیا مجھ کو

۱۱ جو ہیں خالِق سے خفا؛ اُن سے خفا ہوجاؤ
جو ہیں اِس دَر سے جُدا؛ اُن سے جُدا ہوجاؤ

۱۲ جب تک نہ ہو کوئی باعثِ دَرد
بے وَجہ پھر اِضطِرار کیوں ہو

۱۳ جس شخص کا لُٹ رہا ہو گھربار
خوشیوں سے بھلا دوچار کیوں ہو

۱۴ جب گزرجائیں گے ہم؛ تم پہ پڑے گا سب بار
سُستیاں تَرک کرو؛ طالبِ آرام نہ ہو

۱۵ جو صداقت بھی ہو؛ تم شوق سے مانو اُس کو
عِلم کے نام سے پر؛ تابِعِ اَوہام نہ ہو

۱۶ جہانِ فلسفہ کی عِلّتوں کا چارہ گر ہے تُو
مگر جو آنکھ کے آگے ہے؛ اس سے بےخبر ہے تُو

۱۷ جلوۂ یار ہے؛ کچھ کھیل نہیں ہے لوگو!
احمدیّت کا بھلا؛ نَقش مِٹا دیکھو تو

۱۸ جُودواِحسانِ شہنشہ پہ نظر رکھ اپنی
جَورِاغیار پہ اَفسُردہ ونالاں نہ ہو

۱۹ جب سونا آگ میں پڑتا ہے؛ تو کُندن بَن کے نکلتا ہے
پھر گالیوں سے کیوں ڈَرتے ہو؛ دِل جلتے ہیں، جَل جانے دو

۲۰ جو سچے مومِن بَن جاتے ہیں؛ موت بھی اُن سے ڈرتی ہے
تم سچے مومِن بَن جاؤ؛ اورخَوف کو پاس نہ آنے دو

۲۱ جِس کے پڑھ لینے سے کھُل جاتا ہے رازِ کائنات
وہ سبق مجھ کو پڑھادے؛ ہاں پڑھادے آج تُو

۲۲ جس سے جَل جائیں خیالاتِ مَن و مائی تمام
آگ وہ دل میں لگادے؛ ہاں لگادے آج تُو

۲۳ جس سے سب چھوٹے بڑے؛ شاداب ہوں، سیراب ہوں
دل سے وہ چشمہ بہادے؛ ہاں بہادے آج تُو

۲۴ جواس کے پیچھے چلتے ہیں؛ ہر قِسم کی عِزّت پاتے ہیں
لگ جاؤ اسی کی طاعَت میں؛ اورچُون وچَرا کو رہنے دو

۲۵ جس سَر پہ بھُوت عشقِ صَنَم کا سوار ہو
قِسمت یہی ہے اُس کی؛ کہ دنیا میں خوار ہو

# 'چ' سے 'و'

## ('الف' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **6** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 5 |

### ﴾کلامِ طاہر﴿

۱ چمن میں وہ گلِ رعنا جو خاک سے اٹھے — اکھاڑنے میں اسے تم کو کچھ ملال نہ ہو

### ﴾کلامِ محمود﴿

۲ چونکہ توحید پہ ہے زور دیا ہم نے آج — اپنے بیگانے نے چھوڑا ہے اکیلا ہم کو

۳ چیونٹی پہ بوجھ اُونٹ کا ہے کون لادتا — اس جاں پہ اور یہ سِتَمِ روزگار ہو

۴ چاہتا ہوں؛ کہ کروں چند نصائح تم کو — تا کہ پھر بعد میں مجھ پر کوئی اِلزام نہ ہو

۵ چھوڑ دو حِرص؛ کرو زُہد و قناعَت پیدا — زَر نہ محبُوب بنے؛ سِیمِ دِل آرام نہ ہو

۶ چاروں اَطراف میں مجنوں ہی نظر آتے ہیں — نہ ہُوا ہو، وہ کہیں جلوہ نُما؛ دیکھو تو

# 'ح' سے 'و'

## ('ح' سے شروع ہوکر 'و' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 7 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ حافظ خدا رہا؛ مَیں رہی آج تک اَمیں جس کی تھی؛ اب اسے یہ امانت نصیب ہو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ حق کو کڑوا ہی بتاتے چلے آئے ہیں لوگ یہ نئی بات ہے؛ لگتا ہے وہ میٹھا ہم کو

۳ حالات پر زمانے کے؛ کچھ تو دھیاں کرو بے فائدہ نہ عمر کو یوں رائیگاں کرو

۴ حق کے پیاسوں کیلئے؛ آبِ بقا ہوجاؤ خُشک کھیتوں کیلئے؛ کالی گھٹا ہوجاؤ

۵ حُسن اس کا نہیں کھُلتا؛ تمہیں یہ یاد رہے دوشِ مُسلم پہ اگر چادَرِاِحرام نہ ہو

۶ حُسن ہررنگ میں اچھا ہے؛ مگر خیال رہے دانہ سمجھے ہو جِسے تم؛ وہ کہیں دام نہ ہو

۷ حَشر کے روز نہ کرنا؛ ہمیں رُسواوخراب پیاروآموختۂ درسِ وَفا خام نہ ہو

۸ حَیف اس سَر پہ؛ کہ جو تابعِ فَرمان نہ ہو تُف ہے اس دل پہ؛ کہ جو بندۂ احسان نہ ہو

# 'خ' سے 'و'

## ('خ' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 12 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 4 |
| iii | کلامِ محمود | 6 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ خوشا نصیب؛ کہ تم قادیاں میں رہتے ہو　　دیارِ مہدئ آخرزماں میں رہتے ہو

۲ خدا نے بخشی ہے الدّار کی نگہبانی　　اسی کے حفظ، اسی کی اماں میں رہتے ہو

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ خزانے تم پہ لُٹائے گا لا جَـــــرَم؛ لیکن　　بَس ایک نذرِ عقیدت گذار کر دیکھو

۴ خدا کی بات ٹلے گی نہیں؛ تم ہو کیا چیز!　　اٹل چٹان ہے؛ سَر مار مار کر دیکھو

۵ خدا کرے؛ کہ مِرے اِک بھی ہم وطن کیلئے　　حیات جُرم نہ ہو؛ زندگی وَبال نہ ہو

۶ خوش ہو کے کرو رخصت دیکھو؛ تم ناحق اپنی پلکوں پر　　جو اَشک سجائے بیٹھے ہو؛ ان اَشکوں کو ڈھل جانے دو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۷ خدمتِ دِین کو؛ اِک فضلِ الٰہی جانو　　اس کے بدلے میں؛ کبھی طالبِ انعام نہ ہو

۸ خِضر و مسیحؑ بھی نہ بچے جبکہ موت سے　　پھر زندگی کا اور کِسے اِعتبار ہو

۹ خیر اَندیشئ احباب رہے مدِّنظر　　عیب چینی نہ کرو؛ مُفسِد و نمّام نہ ہو

۱۰ خانۂ دِل کبھی آباد نہ ہوگا؛ جب تک　　میزباں مَیں نہ بنوں؛ اور وہ مہمان نہ ہو

۱۱ خوابِ غفلت میں پڑا سویا کروں گا کب تلک داورِ محشر جگادے؛ ہاں جگادے آج تُو
۱۲ خود کام کو چوپٹ کر کے تم؛ اللہ کے سَر منڈھ دیتے ہو تم اپنے کاموں کو دیکھو؛ اور اس کی قضا کو رہنے دو

# 'د' سے 'و'

## ('د' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 30 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 3 |
| iv | کلامِ محمود | 23 |

### دُرِّ ثمین

۱ دعا کرتے رہو ہر دَم پیارو! ہدایت کیلئے؛ حق کو پکارو

### دُرِّ عدن

۲ دو جہاں میں تجھ کو حاصل گوہرِ مقصود ہو اے مِرے مسعود! تیری عاقبت محمود ہو
۳ دلِ غمزدہ تُو ہراساں نہ ہو دعا کر خدا سے؛ پریشاں نہ ہو
۴ دونوں جہاں میں مایۂ راحت تمہیں تو ہو جو تم سے مانگتا ہوں؛ وہ دولت تمہیں تو ہو

### کلامِ طاہر

۵ دیکھتا ہوں مَیں ترا حُسن تو چشمِ غم سے میرے بہتے ہوئے اَشکوں میں جھلکتا ہے تُو
۶ دل سے اُٹھے جو نعرۂ تکبیر ہو ثُریّا سے ہمکلام؛ چلو

۷ دکھ اِتنے دیئے، مَیں سہہ نہ سکا؛ اب اپنے کئے پر، ظالم دل؛
یوں زیست کا رشتہ ٹوٹ گیا پچھتاتا ہے، پچھتانے دو

## ﴾کلامِ محمود﴿

۸ دل میں ہو سوز؛ تو آنکھوں سے رواں ہوں آنسو    تم میں اسلام کا ہو مغز؛ فقط نام نہ ہو
۹ دَردِ اُلفت میں؛ مزہ آتا ہے ایسا ہم کو    کہ شِفایابی کی خواہش؛ نہیں اَصلا ہم کو
۱۰ دُشمنِ دِین دَرِندوں سے ہیں بڑھ کر خُونخوار    چھوڑیو مَت؛ مِرے مَولیٰ! کبھی تنہا ہم کو
۱۱ دیکھ کر حالتِ دِیں؛ خُونِ جگر کھاتے ہیں    مَر ہی جائیں؛ جو نہ ہو تیرا سہارا ہم کو
۱۲ دِل میں آ آ کے تِری یاد نے؛ اے رَبِّ وَدُود!    بارہا پہروں تلک؛ خُون رُلایا ہم کو
۱۳ دِکھلاؤ پھر صحابہؓ سا جوش و خروش تم    دُنیا پہ اپنی قُوّتِ بازو عیاں کرو
۱۴ دِل پھر مُخالِفانِ مُحمّدؐ کے توڑ دو    پھر دُشمنانِ دِین کو؛ تُم بے زُباں کرو
۱۵ دِل چاہتا ہے؛ طُور کا وہ لالہ زار ہو    اور آسماں پہ جلوہ کُناں؛ میرا یار ہو
۱۶ دُنیا کے عیش؛ اس پہ سَراسَر ہیں پھر حَرام    پہلُو میں جس کے؛ ایک دِلِ بے قرار ہو
۱۷ دَمِ عیسیٰؑ سے بھی بڑھ کر ہو دُعاؤں میں اَثر    یَدِ بیضا بنو؛ مُوسیٰؑ کا عَصا ہو جاؤ
۱۸ دِل ہی نہ رہا ہو جس کے بَس میں    وہ صبر سے شرمسار کیوں ہو
۱۹ دُولہا نہ رہا ہو جب دُلہن کا    بیچاری کا پھر سِنگار کیوں ہو
۲۰ دُشمنی ہو نہ مُحبّانِ مُحمّدؐ سے تمہیں    جو مُعانِد ہیں؛ تمھیں اُن سے کوئی کام نہ ہو
۲۱ دَرد کا میرے تو؛ اے جان! فَقَط تم ہو علاج    چارۂ کار بھی ہو؛ مَحرَمِ اَسرار بھی ہو
۲۲ دِل میں اِک دَرد ہے پر کِس سے کہوں مَیں جا کر    کوئی دُنیا میں مِرا مُونِس و غم خوار بھی ہو
۲۳ دوستو! رحم کرو؛ کھول دو زَنجیروں کو    جا کے جنگل میں مجھے دِل ذرا بہلانے دو
۲۴ دوستو! سمجھو تو ہے زندگی اس موت کا نام    یار کی راہ میں؛ اَب تم مجھے مَر جانے دو
۲۵ دِل کی دِل جانے؛ مجھے کام نہیں کچھ اس سے    اپنی ڈالی ہوئی گُتھی؛ اُسے سُلجھانے دو
۲۶ دُشمن کو ظُلم کی بَرچھی سے؛ تم سینہ و دِل بَرمانے دو    یہ دَرد رہے گا بَن کے دَوا؛ تم صبر کرو، وَقت آنے دو

۲۷ دَستِ کوتا ھَم کُجا اَثمارِ فردَوسی کُجا شاخِ طُوبیٰ کو ہِلا دے؛ ہاں ہِلا دے آج تُو
۲۸ دَرسِ اُلفت ہی نہ گر پایا؛ تو کیا پایا بتا گُر محبت کے سِکھا دے؛ ہاں سِکھا دے آج تُو
۲۹ دُنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا ہُوا ہے گند ہر ہر قدم پہ؛ ہوش سے دامَن سنبھال تُو
۳۰ دِل مَت چھوڑو پیارو! اپنا سَر لہروں میں اُٹھاتے جاؤ

# 'ڈ' سے 'و'

('ڈ' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ڈھونڈو وہ راہ؛ جس سے دل وسینہ پاک ہو ہیں چھُپاتے رہتے وہ؛ دُنیا جہاں کے عَیب کو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲ ڈھانپتے رہتے ہیں ہر دَم دوسروں کے عَیب کو نفسِ دَنی خدا کی اطاعت میں خاک ہو

# 'ر' سے 'و'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 11 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلام طاہر | 1 |
| iii | کلام محمود | 8 |

### دُرِّ عدن

۱ راضی ہوں تم سے مَیں؛ مِرا اللہ بھی رہے — اس کی رضا کی تم کو مسرّت نصیب ہو

۲ راحت ہی مَیں نے تم سے بہرطور پائی ہے — تم کو بھی دوجہان کی راحت نصیب ہو

### کلامِ طاہر

۳ رات جاگو مہ و نجوم کے ساتھ — دن کو سورج سے؛ ہم خرام چلو

### کلامِ محمود

۴ راہِ مولیٰ میں جو مرتے ہیں؛ وہی جیتے ہیں — موت کے آنے سے پہلے ہی فنا ہوجاؤ

۵ رغبتِ دل سے ہو؛ پابندِ نماز و روزہ — نظرانداز؛ کوئی حِصّہٗ احکام نہ ہو

۶ ربِّ افواج؛ خود آتا ہے تیری نصرت کو — باندھ لے اپنی کمر؛ بندۂ حرمان نہ ہو

۷ رنگ بھی، روپ بھی ہو، حسن بھی ہو؛ لیکن پھر — فائدہ کیا ہے؛ اگر سیرتِ انسان نہ ہو

۸ رُعبِ حسنِ شہِ خوباں کو ذرا؛ دیکھو تو — ہاتھ باندھے ہیں کھڑے، شاہ و گدا؛ دیکھو تو

۹ رِندِ مجلس نظر آئیں؛ نہ کبھی یُوں مخمور — جامِ اِسلام میں گر بادۂ عِرفان نہ ہو

۱۰ رَسمِ مخفی بھی رہے؛ اُلفتِ ظاہر بھی رہے — ایک ہی وَقت میں؛ اِخفا بھی ہو، اِظہار بھی ہو

۱۱ رَنجِ فراقِ گل، نہ کبھی ہو سکے بیاں — میرے مقابلہ میں، ہزاروں ہزار ہو

# 'ز' سے 'و'

## ('ز' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 3 |
| i | کلامِ طاہر | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۱ زندگی اِس طرح تمام نہ ہو کام رہ جائیں نا تمام؛ چلو!

۲ زیر و بَم میں دِلوں کی دھڑکن کے مَوجزن ہو خدا کا نام؛ چلو!

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ زَخمِ دِل، زَخمِ جگر؛ ہنستے ہیں کِھل کِھل کر کیوں حالتِ قوم پہ آتا ہے؛ جو رونا ہم کو

# 'ذ' سے 'و'

## ('ذ' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴾دُرِّ ثمین﴾

۱ ذرا دیکھو انگدؔ کی تحریر کو کہ لکھتا ہے اس ساری تقریر کو

﴾کلامِ محمود﴾

۲ ذلیل و خوار و رُسوا ہو جہاں میں جو حاسِد ہو، عدُو ہو؛ بَدگُماں ہو

# 'س' سے 'و'

## ('س' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 17 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 3 |
| iii | کلامِ محمود | 13 |

﴾دُرِّ ثمین﴾

۱ سر پہ خالق ہے؛ اس کو یاد کرو یونہی مخلوق کو نہ بہکاؤ

﴾کلامِ طاہر﴾

۲ ساتھیو! میرے ساتھ ساتھ رہو قُربتوں کا لئے پَیام؛ چلو

۳ سوار لاؤ، پیادے بڑھاؤ؛ چڑھ دوڑو جو بَن سکے؛ وہ پئے کارزار کر دیکھو

۴ سوائے اس کے؛ کہ وہ شخص احمدؔی کہلائے تو سانس لینے کی بھی اس کو یاں مجال نہ ہو

﴾کلامِ محمود﴾

۵ سینہ سے اپنے پھر اُسی مہَ رُو کو لو لگا پھر دل میں اپنے؛ یادِخُدا میہماں کرو

٦ ساقی ہو، مَے ہو، جام ہو؛ اَبرِ بہار ہو
اتنی پیوں؛ کہ حَشر کے دِن بھی خُمار ہو

٧ سُنتے ہیں؛ بعدِمَرگ ہی مِلتا ہے وہ صَنَم
مَرنے کے بعد ہو جو ہمارا سنگار ہو

٨ سُرخُرو؛ رُوبَرُوئے داورِمحشر ہوجاؤ
کاش! تم حشر کے دن؛ عہدہ برآ ہوجاؤ

٩ سب جس کی اُمّیدیں مَرچکی ہوں
زِندوں میں وہ پھر شُمار کیوں ہو

١٠ سَر میں نَخوَت نہ ہوآنکھوں میں نہ ہوبَرقِ غَضَب
دِل میں کینہ نہ ہو؛ لَب پہ کبھی دُشنام نہ ہو

١١ سیلف رِسپکٹ کا بھی خیال رکھو تم بیشک
یہ نہ ہو پَر؛ کہ کسی شخص کا اِکرام نہ ہو

١٢ ساغرِحُسن تو پُر ہے؛ کوئی مَے خوار بھی ہو
ہے وہ بے پَردہ؛ کوئی طالِبِ دِیدار بھی ہو

١٣ سالکِ راہ یہی ایک ہے؛ مِنہاجِ وُصُول
عِشقِ دِلدار بھی ہو؛ صُحبتِ اَبرار بھی ہو

١٤ سَر ہے، پر فِکرنہیں؛ دِل ہے، پَر اُمّید نہیں
اَب ہیں بس شہر کے باقی یہی ویرانے دو

١٥ ساکِنانِ جنّتِ فِردَوس بھی ہوجائیں مَست
دِل میں وہ خوشبو بسادے؛ ہاں بسادے آج تُو

١٦ سایہ ہے تیرے سَر پہ خُدائے جَلیل کا
دُشمن کے جَوروظُلم سے ہے کیوں نِڈھال تُو

١٧ سینہ میں جوشِ غیرت؛ اور آنکھ میں حَیا ہو
لَب پر ہو ذِکرتیرا؛ دِل میں تِری وَفا ہو

# 'ش' سے 'و'

## ('ش' سے شروع ہوکر 'و' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 4 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ شیطاں سے دُور رکھیو؛ اپنے حضور رکھیو　　جاں پُرزنور رکھیو؛ دل پُرسرور رکھیو

۲ شاید تمہاری فہم کا ہی کچھ قصور ہو　　شاید وہ آزمائشِ ربِّ غفور ہو

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ شبیں جہاں کی شبِ قدر اور دن عیدیں　　جو ہم سے چھوٹ گیا؛ اس جہاں میں رہتے ہو

۴ شعلہ جو دل میں بھڑکتا ہے؛ دَبادو اس کو　　جھوٹ پر آگ جو لگتی ہے؛ بُجھادو اس کو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵ شیطاں ہے ایک عرصہ سے دنیا پہ حکمران　　اُٹھو! اور اُٹھ کے خاک میں اس کو نہاں کرو

۶ شکلِ مَے دیکھ کے؛ گِرنا نہ مگس کی مانند　　دیکھ لینا؛ کہ کہیں دُرد تہِ جام نہ ہو

۷ شاہ و گدا کی آنکھ میں؛ سُرمہ کا کام دے　　وہ جان؛ جو کہ راہِ خدا میں غبار ہو

۸ شیطان کی حکومت؛ مِٹ جائے اس جہاں سے　　حاکم تمام دنیا پہ؛ میرا مصطفیٰ ہو

# 'ص' سے 'و'

## ('ص' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ صد مبارک؛ مہدیٔ مسعُود کو　　کیوں خوشی سب سے نہ بڑھ کر اس کو ہو

۲ صادق ہے اگر تو صِدق دِکھا؛ قُربانی کر ہر خواہش کی　　ہیں جنسِ وَفا کے ماپنے کے؛ دُنیا میں یہی اَفسانے دو

# 'ض' سے 'و'

(ض' سے شروع ہوکر'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | کلامِ طاہر | 1 |

﴿کلامِ طاہر﴾

۱ ضرور مہدیؑ دوراں کا ہوچکا ہے ظہور ذرا سا نورِ فِراست نِکھار کر دیکھو

# 'ط' سے 'و'

(ط' سے شروع ہوکر'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ طعنے دیتا ہے مجھے؛ بات تو تب ہے واعِظ! اس کو تُو دیکھ کے؛ اَنگُشت بدَندان نہ ہو

۲ طُور پہ جلوہ کُناں ہے وہ؛ ذرا دیکھو تو حُسن کا باب کھُلا ہے؛ بخدا دیکھو تو

# 'ظ' سے 'و'

('ظ' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 1 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 1 | کلامِ محمود | i |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ ظُلمتِ رَنج و غم و دَرد سے محفوظ رہو مِہرِ اَنوار دَرخشندہ رہے؛ شام نہ ہو

# 'ع' سے 'و'

('ع' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| 15 | تعداد کُل اشعار | |
|---|---|---|
| 1 | دُرِّ ثمین | i |
| 1 | دُرِّ عدن | ii |
| 13 | کلامِ محمود | iii |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ عیشِ دنیا سدا نہیں پیارو! اس جہاں کو بقا نہیں پیارو!

﴿دُرِّ عدن﴾

۲ علم و عمل نصیب ہو؛ عرفان ہو نصیب ذوقِ دُعا و حسنِ عبادت نصیب ہو

## کلامِ محمود

۳ عہد شِکنی نہ کرو؛ اہلِ وَفا ہوجاؤ — اہلِ شیطاں نہ بنو؛ اہلِ خُدا ہوجاؤ

۴ عِبادت میں کٹیں دِن رات اپنے — ہمارا سَر ہو؛ تیرا آستاں ہو

۵ عادتِ ذِکر بھی ڈالو؛ کہ یہ ممکن ہی نہیں — دِل میں ہو عِشقِ صَنَم؛ لَب پہ مگر نام نہ ہو

۶ عقل کو دِین پہ حاکِم نہ بناؤ ہرگز — یہ تو خود اَندھی ہے؛ گر نَیّرِ اِلہام نہ ہو

۷ عُسر ہو، یُسر ہو؛ تنگی ہو، کہ آسائش ہو — کچھ بھی ہو؛ بند مگر دعوتِ اِسلام نہ ہو

۸ عِشق وہ ہے؛ کہ جو تَن مَن کو جَلا کر رکھ دے — دَردِ فُرقت وہ ہے؛ جس کا کوئی دَرمان نہ ہو

۹ عِشق کا لُطف ہی جاتا رہے؛ اے اَبلہ طبیب! — دَرد گر دِل میں نہ ہو؛ دَرد بھی پِنہان نہ ہو

۱۰ عِشق کی راہ میں دیکھے گا وہی رُوئے فَلاح — جو کہ دیوانہ بھی ہو؛ عاقِل و ہُشیار بھی ہو

۱۱ عاقِلو! عَقل پہ اپنی، نہ ابھی نازاں ہو — پہلے تم وہ نِگہِ ہوش رُبا دیکھو تو

۱۲ عاشِقو! دیکھ چکے عِشقِ مجازی کے کمال — اَب مِرے یار سے بھی دِل کو لگا دیکھو تو

۱۳ عِشق کا دعویٰ ہے؛ تو عِشق کے آثار دِکھا — دعویٰ باطِل ہے وہ؛ جس دعویٰ پر بُرہان نہ ہو

۱۴ عاقِل کا یہاں پر کام نہیں وہ لاکھوں بھی بے فائدہ ہیں — مَقصود مِرا پورا ہو؛ اگر مِل جائیں مجھے دیوانے دو

۱۵ عِرفان کے رازوں سے جاہِل؛ — جو آپ بھٹکتے پھرتے ہیں؛
تسلیم کی راہوں سے غافِل — آئے ہیں مِرے سمجھانے کو

# 'غ' سے 'و'

('غ' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 6 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ غرض یہ تھی؛ تا یار خُورسَند ہو — خَطا دُور ہو؛ پُختہ پیوند ہو
۲ غیر کو غیر کی خبر کیا ہو — نظرِ دُور؛ کارگر کیا ہو

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ غضب کیا ہے؛ جو کانٹوں سے پیار کر دیکھا — اب آؤ! پھولوں کو بھی ہمکنار کر دیکھو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۴ غَمِ جماعتِ احمدؑ؛ نہیں سہاجاتا — یہ آگ وہ ہے؛ کہ جس نے جَلادِیا مجھ کو
۵ غنچۂ دِیں کیلئے؛ بادِ صبا ہوجاؤ — کُفر وبِدعَت کیلئے؛ دَستِ قَضا ہوجاؤ
۶ غیرممکن کو؛ یہ ممکن میں بدل دیتی ہے — اے مِرے فلسفیو! زورِ دُعا دیکھو تو

# 'ف' سے 'و'

## ('ف' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 3 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### دُرِّ عدن

۱ فرشتے ناز کریں؛ جس کی پہرہ داری پر — ہم اس سے دُور ہیں؛ تم اس مکاں میں رہتے ہو

۲ فضا ہے جس کی مُعطّر نفوسِ عیسیٰ سے — اسی مقامِ فلک آستاں میں رہتے ہو

### کلامِ محمود

۳ فِکر پہ فِکر؛ تو غم پر ہے غموں کی بوچھاڑ — سانس تو لینے دو؛ تھوڑا سا تو ستانے دو

# 'ق' سے 'و'

## ('ق' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ قدمِ مسیح کے؛ جس کو بنا چکے ہیں حرم　　تم اس زمینِ کرامت نشاں میں رہتے ہو

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ قفس کے شیروں سے کرتے ہو روز دو دو ہاتھ　　دو آنکھیں بَن کے بَبَّر سے بھی چار کر دیکھو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ قُطب کا کام دو تم؛ ظُلمت و تاریکی میں　　بھُولے بھٹکوں کیلئے؛ راہنُما ہوجاؤ

۴ قدموں میں اپنے آپ کو مولا کے ڈال تُو　　خوف وہراس غیر کا؛ دل سے نکال تُو

۵ قومِ انگلش نے دیا؛ آ کے سہارا ہم کو　　بحرِ اَفکار کے ہے پار اُتارا ہم کو

# 'ک' سے 'و'

## ('ک' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 37 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 27 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کبھی نصرت نہیں ملتی؛ دَرِ مولیٰ سے گندوں کو　　کبھی ضائع نہیں کرتا؛ وہ اپنے نیک بندوں کو

۲ کیوں چھوڑتے ہو لوگو! نبیؐ کی حدیث کو　　جو چھوڑتا ہے؛ چھوڑ دو تم اس خبیث کو

۳ کب تلک جھوٹ سے کرو گے پیار | کچھ تو سچ کو بھی کام فرماؤ
۴ کچھ تو خوفِ خدا کرو لوگو! | کچھ تو لوگو! خدا سے شرماؤ
۵ کرے کوئی کیا ایسے طُومار کو | بلا کر دِکھاوے نہ جو یار کو
۶ کیا یہ عجب نہیں ہے؛ کہ جب تم ہی یاد ہو | پھر میرے فائدے کا ہی سب کاروبار ہو

## دُرِّ عدن

۷ کھٹکا نہ کوئی فعل تمہارا مجھے؛ تمہیں | آرامِ قلب و جان و سکینت نصیب ہو
۸ کچھ ایسے گُل ہیں؛ جو پژمردہ ہیں جدا ہوکر | انہیں بھی یاد رکھو؛ گلستاں میں رہتے ہو

## کلامِ طاہر

۹ کہہ رہا ہے خِرامِ بادِ صبا | جب تلک دَم چلے؛ مُدام چلو
۱۰ کبھی ٹھہرو؛ تو مثلِ اَبرِ بہار | جب بَرَس جائے فیضِ عام؛ چلو

## کلامِ محمود

۱۱ کَل تلک تو یہ نہ چھوڑے گا کہیں کا ہم کو | آج ہی سے جو لگا ہے غمِ فَردا ہم کو
۱۲ کچھ نہیں فِکر؛ لگائی ہے خُدا سے جب لَو | گو سمجھتا ہے بُرا؛ اپنا پَرایا ہم کو
۱۳ کہیں موسیٰ کی طرح حشر میں بیہوش نہ ہوں | لگ رہا ہے اِسی عالَم میں یہ دھڑکا ہم کو
۱۴ کتنی ہی پُل صِراط کی گو تیزدھار ہو | یاربّ! مِرا وہاں بھی قدم اُستوار ہو
۱۵ کیسافقیر ہے وہ؛ جو دِل کا نہ ہو غنی | وہ زار کیا؛ جو رَنج و مصیبت سے زار ہو
۱۶ کسی کی موت نے سب کچھ بھُلا دِیا مجھ کو | اس ایک چوٹ نے ہی سٹپٹا دِیا مجھ کو
۱۷ کسی نے ثانیٔ شیطاں بنا دِیا مجھ کو | کسی نے لے کے؛ فرشتہ بنا دِیا مجھ کو
۱۸ کبھی جو طالِبِ دِیدِ رُخِ نِگار ہوا | تو آئینہ میں میرا مُنہ دِکھا دِیا مجھ کو
۱۹ کرے اس کی اگر تُو آب پاشی | تو پھر ممکن نہیں بیمِ خزاں ہو
۲۰ کبھی اللہ کی قُدرت کا بھی انکار ہے تجھ کو | کبھی انسان کی رِفعت پہ بھی اِصرار ہے تجھ کو
۲۱ کِس بات سے تم کو پہنچی تکلیف | کیا صدمہ ہے؛ دِل فگار کیوں ہو

۲۲ کاٹے گئے جب تمام پودے
گلشن میں مِرے؛ بہار کیوں ہو

۲۳ کیا نفع اُٹھایا؛ ترکِ دِیں سے؟
دُنیا پہ ہی جاں نثار کیوں ہو

۲۴ کام مشکل ہے بہت؛ منزلِ مقصود ہے دُور
اے میرے اہلِ وَفا! سُست کبھی گام نہ ہو

۲۵ کیا یہ ممکن ہے؛ کہ نازل ہو کلامِ قادر
ظاہر اس سے مگر اللہ کی کچھ شان نہ ہو

۲۶ کِس طرح جانیں؛ کہ ہے عشقِ حقیقی تم کو
جیب پارہ نہ ہو؛ گر چاک گریبان نہ ہو

۲۷ کِس طرح مانوں؛ کہ سب کچھ ہے خزانہ میں ترے
پر ترے پاس مِرے دَرد کا دَرمان نہ ہو

۲۸ کام وہ ہے؛ کہ ہو جس کام کا انجام اچھا
بات وہ ہے؛ کہ جسے کہہ کے پشیمان نہ ہو

۲۹ کِس نے اپنے رُخِ زیبا پہ سے اُلٹی ہے نقاب
جس سے عالَم میں ہے یہ حشر بپا؛ دیکھو تو

۳۰ کیا ہوا تم سے جو ناراض ہے دنیا محمود
کِس قدر تم پہ ہیں اَلطافِ خُدا؛ دیکھو تو

۳۱ کونسا دِل ہے جو شرمندۂ احسان نہ ہو
کونسی رُوح ہے؛ جو خائف وترسان نہ ہو

۳۲ کبھی غیرت کے بھی دِکھلانے کا موقع ہوگا
یا یونہی کہتے چلے جاؤ گے؛ تم جانے دو

۳۳ کٹ گئی عُمر رگڑتے ہوئے ماتھا دَر پر
کاش! تم کہتے کبھی تو؛ کہ اسے آنے دو

۳۴ کب تلک رِستا رہے گا جانِ مَن! ناسُورِ دِل
زخم پر مرہم لگادے؛ ہاں لگادے آج تُو

۳۵ کب تلک پہنا کروں اَوراقِ جنّت کا لباس
چادرِتقویٰ اوڑھادے؛ ہاں اوڑھادے آج تُو

۳۶ کچھ لوگ وہ ہیں، جو ڈھونڈتے ہیں؛
آرام کو ٹھنڈے سایوں میں
پر ملتی ہے تسکینِ دل؛
جلنے میں ترے پروانے کو

۳۷ کیا جنگوں سے مومِن کو ہے ڈَر؛
وہ موت سے کھیلا کرتا ہے
تم اس کے سَر کرنے کیلئے؛ میدانِ وَغا کو رہنے دو

# 'گ' سے 'و'

## ('گ' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **7** |
| i | دُرِّ عدن | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 5 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ گھر تھا صدف تو تم دُرِّخوش آب و بے بہا — اس سے بھی بڑھ کے؛ دولتِ عصمت نصیب ہو

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ گواہ دو ہیں؛ دوہاتھوں سے چھاتیاں پیٹو — خسوفِ شمس و قمر؛ ہار ہار کر دیکھو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ گِرتے پڑتے دَرِمولیٰ پہ رَسا ہوجاؤ — اور پروانے کی مانند؛ فِدا ہوجاؤ

۴ گو بحرِ گُنہ میں بے بس ہوکر — پَیہَم غوطے کھاتے جاؤ

۵ گناہوں سے بھری دنیا میں پیدا کر دِیا مجھ کو — مِرے خالق! مِرے مالک! یہ کیسا گھر دیا مجھ کو

۶ گامزن ہوگے رَہِ صِدق و صَفا پر گر تم — کوئی مشکل نہ رہے گی جو سرانجام نہ ہو

۷ گالیاں دشمنِ دِیں ہم کو جو دیتے ہیں؛ تو دیں — کام لیں صبروتحمل سے؛ ہے زیبا ہم کو

# 'ل' سے 'و'

('ل' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 6 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ لعنت کی ہے یہ راہ؛ سو لعنت کو چھوڑ دو    ورنہ خیالِ حضرتِ عزّت کو چھوڑ دو

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ لطف کر بخش دے خطاؤں کو    ٹال دے دُور کر بلاؤں کو

۳ لوجاؤ؛ تم کو سایۂ رحمت نصیب ہو    بڑھتی ہوئی خدا کی عنایت نصیب ہو

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴ لگا رکھی ہیں جو چہروں پہ مولوی آنکھیں    نظر کی برچھی ان آنکھوں سے پار کر دیکھو

۵ لگاؤ سیڑھی؛ اُتارو دلوں کے آنگن میں    نثار جاؤ؛ نظر واروار کر دیکھو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۶ لعل وگہر کے عشق میں دنیا ہے پھنس رہی    تو اس سے آنکھ موڑ؛ ہے مولا کا لال تُو

# 'م' سے 'و'

## ('م' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 44 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 8 |
| iv | کلامِ محمود | 33 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مگر عاشق کو ھرگز بد نہ کہیو! وہاں بدظنّیوں سے بچ کے رہیو!

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ محمودعاقبت ہو؛ رہے زیست بامُراد خوشیاں نصیب، عزت و دولت نصیب ہو

۳ مجمعِ اغیار میں یہ راز کی باتیں نہ کھول میرے اپنے تک ہی رہنے دے مِرے احوال کو

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴ منزلیں دے رہی ہیں آوازیں صبح محوِسفر ہوں شام چلو

۵ میرے پیارو! خدا کے پیاروں پر دائماً بھیجتے سلام چلو

۶ مسیح اُترا ہے عِندَ المَنَارَۃِ البَیضآء اُٹھو! کہ جائے اَدب ہے؛ سنوارکر دیکھو

۷ محبتوں کے سمندر سے دُوریاں کیسی لپٹ کے موجوں سے بوس وکنار کر دیکھو

۸ مِری سُنو! تو پہاڑوں سے سَر نہ ٹکراؤ جو میری مانو؛ تو عجز اِختیار کر دیکھو

۹ مگر سب اہلِ وَطن یہ بھی سوچ لیں؛ کہ کہیں لباسِ تقویٰ میں لپٹی یہ کوئی چال نہ ہو
۱۰ مَیں تمہیں مچھلی کھلاؤں گا تروتازہ؛ چلو ہے ابھی تک کھُلا فِش شاپ کا دروازہ؛ چلو
۱۱ مَر کر بھی مِرا یہ بھیگی آنکھیں چین اُڑا دیں گی؛ تو کیا یہ بجھے چراغ سجاؤ گے مِرے مَرقد کے سرہانے دو

## کلامِ محمود

۱۲ مولوی صاحب! مُبارک آپ کو اور عبدالحیؔ کے اُستاد کو
۱۳ میاں اسحٰقؔ کی شادی ہوئی ہے آج اے لوگو! ہر اِک مُنہ سے یہی آواز آتی ہے؛ مُبارک ہو
۱۴ مَیں اگلے شعر پر کرتا ہوں ختم اس نظم کو یارو! اب اِن کے واسطے تم بھی خدا سے کچھ مدد مانگو
۱۵ مجھ سا نہ اِس جہاں میں کوئی دِلفگار ہو جس کا نہ یار ہو؛ نہ کوئی غمگُسار ہو
۱۶ مُوسیٰؑ سے تُو نے طُور پر جو کچھ کیا سلوک مجھ سے بھی اب وہی مِرے پروردگار ہو
۱۷ معشوق گر نہیں ہوں؛ تو عاشق ہی جان لو اِن میں نہیں؛ تو اُن میں ہمارا شُمار ہو
۱۸ مِرے تو دِل میں تھا؛ کہ بڑھ کر نِثار ہو جاؤں پر اُس کے تیرِ نِگہ نے ڈرا دِیا مجھ کو
۱۹ مِرا قدم تھا کبھی عرش پر نظر آتا الٰھی! خاک میں کِس نے مِلا دِیا مجھ کو
۲۰ مَوردِ فضل و کرم؛ وارِثِ ایمان و ہُدیٰ عاشقِ احمد و محبوبِ خُدا ہو جاؤ
۲۱ مصیبت میں ہمارا ہو مددگار ہمارے دَردِ دِل کا رازداں ہو
۲۲ محمود بحالِ زار کیوں ہو کیا رَنج ہے؛ بے قرار کیوں ہو
۲۳ مَیں باعثِ رَنج کیا بتاؤں کیا کہتے ہو؛ بے قرار کیوں ہو
۲۴ ماضی نے کیا ہے جب پریشاں آئندہ کا اِعتبار کیوں ہو
۲۵ مَن واِحسان سے اعمال کو کرنا نہ خراب رِشتۂ وَصل کہیں قطع سرِ بام نہ ہو
۲۶ میری تو حق میں تمھارے؛ یہ دُعا ہے پیارو! سَر پہ اللہ کا سایہ رہے؛ ناکام نہ ہو
۲۷ مُسلم سوختہ دل! یُونہی پریشان نہ ہو تجھ پہ اللہ کا سایہ ہے؛ ہراسان نہ ہو
۲۸ مَیں تو بھوکا ہوں فقط دِیدِ رُخِ جاناں کا باغِ فردَوس نہ ہو؛ روضۂ رِضوان نہ ہو
۲۹ میرے ہاتھوں سے جُدا یار کا دامان نہ ہو میری آنکھوں سے وہ اوجھل کبھی اِک آن نہ ہو

۳۰ مُضغۂ گوشت ہے وہ؛ دِل میں جو ایمان نہ ہو
خاک سی خاک ہے وہ؛ جسم میں گر جان نہ ہو

۳۱ مُبتلائے غم وآلام پہ خندان نہ ہو
یہ کہیں تیری تباہی کا ہی سامان نہ ہو

۳۲ مرحبا! وَحشتِ دِل تیرے سبب سے یہ سُنا
مَیں ترے پاس ہوں سَرگشتہ و حیران نہ ہو

۳۳ مجھ سے ہے اور تو غیروں سے ہے کچھ اور سلوک
دِلبرا! آپ بھی کیا رکھتے ہیں پیمانے دو

۳۴ میخانہ وہی، ساقی بھی وہی؛
پھر اس میں کہاں غیرت کا مَحَل
ہے دشمن خود بھینگا؛ جس کو آتے ہیں نظر خُم خانے دو

۳۵ محمود اگر منزل ہے کٹھن؛ تو راہ نُما بھی کامِل ہے
تم اُس پہ توکّل کر کے چلو؛ آفات کا خیال ہی جانے دو

۳۶ مجھ کو سینہ سے لگالے؛ ہاں لگالے پھر مجھے
حسرتیں دِل کی مِٹا دے؛ ہاں مِٹا دے آج تُو

۳۷ میرے تیرے درمیاں؛ حائل ہوا ہے اِک عدُو
خاک میں اُس کو مِلا دے؛ ہاں مِلا دے آج تُو

۳۸ مُطرِبِ عِشق و محبت گوش بَرآواز ہوں
نغمۂ شیریں سُنا دے؛ ہاں سُنا دے آج تُو

۳۹ مَردوں کی طرح باہر نکلو؛ اور ناز واَدا کو رہنے دو
سِل رکھ لو اپنے سینوں پر؛ اور آہ وبُکا کو رہنے دو

۴۰ مُسلم جو خُدا کا بندہ تھا اَفسوس کہ اَب یُوں کہتا ہے
اَسباب کرو کوئی پیدا؛ جبریل و خُدا کو رہنے دو

۴۱ مایوس نہ ہو؛ تم جتنا ڈوبو
اُتنی اُمید بڑھاتے جاؤ

۴۲ مِٹ جاؤں مَیں؛ تو اِس کی پَروا نہیں ہے کچھ بھی
میری فنا سے حاصل گر دِین کو بَقا ہو

۴۳ محمود عُمر میری کٹ جائے کاش یونہی
ہو رُوح میری سجدہ میں؛ سامنے خُدا ہو

۴۴ مگر یہ کیا؛ کہ میرے ہاتھ پاؤں باندھ کر تُو نے
لگادی آگ؛ اور وَقفِ تمنا کردِیا مجھ کو

# 'ن' سے 'و'

## ('ن' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **13** |
| i | دُرِّ عدن | 3 |
| ii | کلامِ طاہر | 3 |
| iii | کلامِ محمود | 7 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ نہ کیوں دِلوں کو سکون و سرور ہو حاصل — کہ قربِ خطۂِ رشکِ جناں میں رہتے ہو
۲ نور و جمیل انور دل و جاں میں بخش دے — اس کے کرم سے چاندسی طلعت نصیب ہو
۳ نکلیں تمہاری گود سے پَل کر وہ حق پرست — ہاتھوں سے جن کے دِین کو نصرت نصیب ہو

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۴ نحوستوں کا قلندر ہے پیرِ تسمہ پا — کسی دن اِس کو گلے سے اُتار کر دیکھو
۵ نِقاب اوڑھ رکھا ہے؛ جو مَولوِیَّت کا — اُتار پھینکو؛ اِسے تار تار کر دیکھو
۶ نیند آئی ہے تھک ہار چکا ہوں چھوڑو بھی پچھلی باتیں — مَیں رات بہت جاگا ہوں اب تو صبح تلک سُستانے دو

### ﴿کلامِ محمود﴾

۷ نہ اِس کے بُغض نے پیچھے ہٹا دِیا مجھ کو — نہ اُس کے پیار نے آگے بڑھا دِیا مجھ کو
۸ نہ تو ہے زاد، نہ ہمت؛ نہ ہی طاقت، نہ رفیق — میرے جیسا بھی کوئی بے سروسامان نہ ہو
۹ نہ ٹلیں گے، نہ ٹلیں گے؛ نہ ٹلیں گے ہم کبھی — جب تلک سَر؛ بدع و کُفر کا میدان نہ ہو
۱۰ نہ سہی جُود؛ پہ وہ کام تو کر تُو، جس میں — غیر کا نفع ہو؛ تیرا کوئی نقصان نہ ہو

۱۱ نااُمیدی اور مایوسی کے بادل پھاڑدے حوصلہ میرا بڑھادے؛ ہاں بڑھادے آج تُو

۱۲ نفس پر بوجھ ہی ڈالو گے؛ تو ہوگی اصلاح اونٹ لدتے ہیں؛ یونہی چیخنے چلانے دو

۱۳ نونہالانِ جماعت مجھے کچھ کہنا ہے پر ہے یہ شرط؛ کہ ضائع میراپیغام نہ ہو

# 'و' سے 'و'

## ('و' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 17 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | کلامِ طاہر | 4 |
| iii | کلامِ محمود | 9 |

### دُرِّ ثمین

۱ وہی اس کے مُقَرَّب ہیں؛ جواپنا آپ کھوتے ہیں نہیں راہ اس کی عالی بارگاہ تک؛ خودپسندوں کو

۲ وہ طاقت؛ کہ ملتی ہے ابرار کو وہ دے مجھ کو دِکھلاکے اسرار کو

۳ وہ دِیں ہی کیا ہے؛ جس میں خدا سے نشاں نہ ہو تائیدِحق نہ ہو؛ مددِ آسماں نہ ہو

۴ وگر تم خالق اُس کو مانتے ہو تو پھر اب ناتواں کیوں جانتے ہو

### کلامِ طاہر

۵ وقت کم ہے، بہت ہیں کام؛ چلو ملگجی ہورہی ہے شام؛ چلو

۶ وہ سبزہ زاروں میں ہوسب سے سبزتَر؛ پھر بھی رگیدا جائے اگرچہ؛ وہ پائمال نہ ہو

۷ وہ پھول ہو کے بھی؛ آنکھوں میں خارسا کھٹکے تو ایسازخم لگاؤ؛ کہ اِندِمال نہ ہو

۸ وہ لاکھ علم وعمل کا ہو ایک اَوجِ کمال فقط وہ غازئ گفتاروقیل وقال نہ ہو

## کلامِ محمود

۹ وَرنہ صدموں نے تو تھا؛ جان سے مارا ہم کو — آگے مُشکل تھا بہت؛ کرنا گُزارا ہم کو

۱۰ وہ لُطف ہے خلش میں؛ کہ آرام میں نہیں — تیرِ نگاہ کیوں مِرے سینہ کے پار ہو

۱۱ وَصلِ مَولیٰ کے جو بھوکے ہیں؛ اُنہیں سیر کرو — وہ کرو کام؛ کہ تُم خوانِ ہُدیٰ ہوجاؤ

۱۲ وَقتِ حَسرت نہیں یہ؛ ہِمّت وکوشش کا ہے وَقت — عقل ودانائی سے کچھ کام لے؛ نادان نہ ہو

۱۳ وہ بھی کچھ یار ہے؛ جو یار سے یک جاں نہ کرے — وہ بھی کیا یار ہے؛ جو خُوبیوں کی کان نہ ہو

۱۴ وَصل کا لُطف تبھی ہے؛ کہ رہیں ہوش بَجا — دِل بھی قبضہ میں رہے؛ پہلو میں دِلدار بھی ہو

۱۵ وہ اپنا سَر ہی پھوڑے گا؛ وہ اپنا خُون ہی پیئے گا — دُشمن حق کے پہاڑ سے گر ٹکراتا ہے؛ ٹکرانے دو

۱۶ وہ تم کو حُسینؑ بناتے ہیں؛ اور آپ یزیدیؔ بنتے ہیں — یہ کیا ہی سَستا سودا ہے؛ دُشمن کو تیر چلانے دو

۱۷ وہ اُس کی تیکھی چِتوَن میں جنّت کا نظارہ دیکھتا ہے — اس جَور وجفا کے واسطے تم پابندِ وَفا کو رہنے دو

# 'ہ' سے 'و'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 26 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 16 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہاں! آپ تم نے چھوڑ دِیا دِیں کی راہ کو — عادت میں اپنی کرلیا فِسق و گناہ کو

۲ ہمیں کچھ کِیں نہیں؛ تم سے پیارو! — نہ کِیں کی بات ہے؛ تم خود بچارو!

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ ہر ایک دُکھ سے تم کو بچائے مِرا خدا — ہر ہر قدم پہ اس کی اعانت نصیب ہو

۴ ہر ایک زندگی کی حلاوت نصیب ہو — ہر ایک دوجہاں کی نعمت نصیب ہو

۵ ہو رشکِ آفتاب؛ ستارہ نصیب ہو — آپ اپنی ہو مثال؛ وہ قسمت نصیب ہو

۶ ہر وَقت دل میں پیار سے یادِ خدا رہے — یہ لذّت و سرور؛ یہ جنت نصیب ہو

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۷ ہو تمہی کل کے قافلہ سالار — آج بھی ہو تمہی اِمام؛ چلو

۸ ہمیں کبھی تو تم اپنی نگاہ سے دیکھو — تعَصُّبات کی عینک اُتار کر دیکھو

۹ ہیں آسمان کے تارے گواہ؛ سورج چاند — پڑے ہیں ماند؛ ذرا کُچھ بچار کر دیکھو

۱۰ ہر ایک شہری ہو آسودہ؛ ہر کوئی ہو نہال — کوئی ملول نہ ہو؛ کوئی خستہ حال نہ ہو

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۱ ہراِک دشمن کے شَر سے تُو بچانا؛ اے خدا! ان کو — ہمیشہ کیلئے رحمت کا تیری ان پہ سایہ ہو

۱۲ ہے خُدا کی ہی عنایت پہ بھروسہ ہم کو — نہ عبادت کا؛ نہ ہے زُھد کا دعوٰی ہم کو

۱۳ ہاں! پھر یَلانِ فوجِ لَعیں کو پچھاڑ دو — میدانِ کارزار میں پھر گرمیاں کرو

۱۴ ہاں! پھر اُسی صَنَم سے تعلق بڑھاؤ تم — پھر کاروانِ دِل کو اُدھر ہی رَواں کرو

۱۵ ہمیں اپنے لیے مخصوص کرلے — ہمارے دِل میں آکر؛ میہماں ہو

۱۶ ہماری موت ہے فُرقت میں تیری — ہمیشہ ہم پہ تُو جلوہ کُناں ہو

۱۷ ہمارا حافِظ و ناصر ہو ہر دَم — ہمارے باغ کا تُو باغباں ہو

۱۸ ہاں! سُوکھ گیا ہے کونسا کھیت — کچھ بولو تو؛ اَشکبار کیوں ہو

۱۹ ہم تو جس طرح بنے؛ کام کیے جاتے ہیں — آپ کے وَقت میں؛ یہ سِلسِلہ بدنام نہ ہو
۲۰ ہجر کے دَرد کا دَرماں نہیں مُمکن جب تک — برگِ اَعمال نہ ہوں؛ شَربتِ ایمان نہ ہو
۲۱ ہے یہ آئینِ سَماوِی کے مَنافی محمود — عِشق ہو وَصل کا؛ لیکن کوئی سامان نہ ہو
۲۲ ہَمسَری مجھ سے تجھے کِس طرح حاصل ہو عدُو — حال پر تیرے؛ او ناداں! نظرِ یار بھی ہو
۲۳ ہیں تو معشوق؛ مگر ناز اُٹھاتے ہیں مِرے — جمع ہیں ایک ہی جا، حُسن و وَفا؛ دیکھو تو
۲۴ ہے کبھی رویَتِ دِلدار؛ کبھی وَصلِ حبیب — کیسی عُشّاق کی ہے صُبح ومَسا؛ دیکھو تو
۲۵ ہے کہیں جنگ، کہیں زلزلہ؛ طاعون کہیں — لے رِگرپ کا ہے کہیں شور پڑا؛ دیکھو تو
۲۶ ہو فضل تیرا یارب! یا کوئی اِبتلا ہو — راضی ہیں ہم اسی میں؛ جس میں تِری رضا ہو

# 'ی' سے 'و'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'و' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 19 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 3 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 15 |

## دُرِّ ثمین

۱ یہ تو رہنے کی جا نہیں؛ پیارو! — کوئی اس میں رہا نہیں؛ پیارو!
۲ یہ ایسی بات مُنہ سے مَت نکالو — خطا کرتے ہو؛ ہوش اپنے سنبھالو
۳ یہی تدبیر ہے پیارو! کہ مانگو اس سے قُربت کو — اُسی کے ہاتھ کو ڈھونڈو؛ جلاؤ سب کمندوں کو

## کلامِ طاہر

۴ یہ دو آنکھیں ہیں شعلہ زا؛ یا جلتے ہیں پروانے دو
یہ اَشکِ ندامت پھوٹ پڑے؛ یا ٹوٹ گئے پیمانے دو

## کلامِ محمود

۵ یُوں الگ گوشۂ ویراں میں جو چھوڑا ہم کو
نہیں معلوم؛ کہ کیا قوم نے سمجھا ہم کو

۶ یہیں سے اگلا جہاں بھی دِکھادِیا مجھ کو
ہے ساغرِ مَئے اُلفت پلادِیا مجھ کو

۷ یہ دونوں میری حقیقت سے دُور ہیں محمود
خُدا نے جو تھا بنانا؛ بنادِیا مجھ کو

۸ یاد رکھ لیک؛ کہ غلبہ نہ ملے گا؛ جب تک
دِل میں ایمان نہ ہو؛ ہاتھ میں قرآن نہ ہو

۹ یونہی بے فائدہ سَر مارتے ہیں ویدوطبیب
اُن کے ہاتھوں سے جو اچھا ہو؛ وہ آزار بھی ہو

۱۰ یہ عِشق ووَفا کے کھیت؛ کبھی خُوں سینچے بغیر نہ پنپیں گے
اِس راہ میں جاں کی کیا پروا؛ جاتی ہے اگر، تو جانے دو

۱۱ یا مِرے پہلو میں آکر بیٹھ جا؛ پھر بیٹھ جا
یا مِری خواہش مِٹادے؛ ہاں مِٹادے آج تُو

۱۲ یا محمدؐ دِلبرم؛ از عاشِقانِ رُوئے تُست
مجھ کو بھی اُس سے مِلا دے؛ ہاں مِلا دے آج تُو

۱۳ یا بزمِ طرَب کے خواب نہ تُو دِکھلا اپنے دیوانے کو
یا جام کو حرکت دے لیلیٰ! اور چکّر دے پیمانے کو

۱۴ یہ میری حیات کی اُلجھن تو ہر روز ہی بڑھتی جاتی ہے
وہ نازک ہاتھ ہی چاہیئے ہیں؛ اِس گُتھّی کے سُلجھانے کو

۱۵ یاد جس دل میں ہو اس کی؛ وہ پریشان نہ ہو
ذکر جس گھر میں ہو اس کا؛ کبھی ویران نہ ہو

۱۶ یہ نور کے شعلے اُٹھتے ہیں؛ میرا ہی دل گرمانے کو
جو بجلی اُفق میں چمکی ہے؛ چمکی ہے میرے تڑپانے کو

۱۷ یہ زخم تمہارے سینوں کے؛ بَن جائینگے رشکِ چمن اس دن
ہے قادرِ مطلق یار میرا؛ تم میرے یار کو آنے دو

۱۸ یا صدقِ محمدؐ عربی ہے؛ یا احمدِ ہندی کی ہے وَفا
باقی تو پرانے قصے ہیں؛ زندہ ہیں یہی افسانے دو

۱۹ یہ جو معشوق لئے پھرتی ہے اندھی دنیا
میرے محبوب سی ہی ان میں کہیں آن نہ ہو

# ہ

('ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 89 | تعداد کُل اشعار | |
| 15 | دُرِّ ثمین | i |
| 3 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 8 | کلامِ طاہر | iii |
| 63 | کلامِ محمود | iv |

# 'الف' سے 'ہ'

('الف' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 14 | تعداد کُل اشعار | |
| 3 | دُرِّ ثمین | i |
| 1 | دُرِّ عدن | ii |
| 3 | کلامِ طاہر | iii |
| 7 | کلامِ محمود | iv |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ اسی عجز میں تھا تذلّل کے ساتھ — کہ پکڑا خدا کی عنایت نے ہاتھ

۲ اے واحدویگانہ! اے خالقِ زمانہ — میری دعائیں سُن لے؛ اور عرضِ چاکرانہ

۳ اَزبس؛ کہ یہ مغفرت کی بتلاتی ہے راہ — تاریخ بھی یــــا غــفــور نکلی وہ؛ واہ!

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۴ اپنے نامِ کریم کا صدقہ — اپنے فضلِ عظیم کا صدقہ

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۵ اِک روز تمہارے سینوں پر بھی وَقت چلائے گا آرا — ٹوٹیں گے مان تکبر کے؛ بکھریں گے بدن پارہ پارہ

۶ او محوِ سیرِ دل کُشتیٔ گُل نظر اُٹھا — گلشن میں حالِ زار و نزارِ ہزار دیکھ

۷ اُٹھی بس اِن سے ایک نوائے جگرخراش — ٹوٹے پڑے ہیں بَربَطِ ہستی کے تار دیکھ

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸ اَب نِکلوں تو کِس طرح اِن آفات سے نِکلوں — یہ ایسا سمندر ہے؛ نہیں جس کا کِنارہ

۹ اے صیدِ مصائب نِگہِ یار کے کُشتے — جس نے تجھے مارا ہے؛ وہی ہے ترا چارہ

۱۰ اپنے دل تک سے ہے انساں بے خبر — پھر یہ دعوائے ہمہ دانی تو دیکھ

۱۱ اَبرِ رحمت پر تعجب کِس لئے — کُفر کی دنیا میں طُغیانی تو دیکھ

۱۲ آسماں سے کیوں نہ اُتریں اب مَلَک — کُفر کی اَفواجِ طُوفانی تو دیکھ

۱۳ اب نہ باندھیں گے؛ تو کب باندھیں گے بند — کُفر کا بڑھتا ہوا پانی تو دیکھ

۱۴ ان کا شیوہ؛ نیک ظَنّی، نیک خواہی ہے سَدا — آنے دیتے ہی نہیں دل میں کبھی رَیب وہ

# 'ب' سے 'ہ'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 4 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | کلامِ طاہر | i |
| 3 | کلامِ محمود | ii |

### ﴾کلامِ طاہر﴿

۱ بندِ شکیب توڑ کر؛ آنسو برس پڑے — اَپنوں پہ بھی نہیں ہے مجھے اختیار دیکھ

### ﴾کلامِ محمود﴿

۲ بَروزِ حَشر سبھی تیرا ساتھ چھوڑیں گے — کرے گا ایک وَفا؛ لا اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰــہ

۳ بڑھ رہا ہے حدّ سے کیوں تقریر میں — ہوش کر کچھ؛ اُن کی پیشانی تو دیکھ

۴ بند کر کے آنکھ دنیا کی طرف سے؛ آج وہ — رَکھ رہے ہیں تیرے دِیں کی سب جہاں میں لاج وہ

# 'پ' سے 'ہ'

## ('پ' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعداد کُل اشعار | |
| 1 | دُرِّ ثمین | i |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ پرتم نے ان سے کچھ بھی اٹھایا نہ فائدہ — منہ پھیر کر؛ ہٹا دِیا تم نے یہ مائدہ

# 'ت' سے 'ہ'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 11 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 7 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ تو خود راخردمند فہمیدۂ — مقاماتِ مَرداں کجا دیدۂ

۲ تھے چاہتے؛ کہ مجھ کو دکھائیں عدم کی راہ — یا حاکموں سے پھانسی دِلاکر کریں تباہ

﴿کلامِ طاہر﴾

۳ تیرے لئے ہے آنکھ کوئی اشکبار؛ دیکھ — نظریں اُٹھا خداکیلئے! ایک بار دیکھ

۴ تُو مجھ سے آج وعدۂ ضبطِ اَلَم نہ لے — اِن آنسوؤں کا کوئی نہیں اعتبار؛ دیکھ

﴿کلامِ محمود﴾

۵ تِرا تو دِل ہے صَنَم خانہ؛ پھر تجھے کیا نفع — اگر زباں سے کہا؛ لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰــــہ

۶ تکلیف میں؛ ہوتا نہیں کوئی بھی، کسی کا — احباب بھی کرجاتے ہیں؛ اُس وَقت کِنارہ

۷ تِری رحمت کی دیواروں کے اَندر — کلامُ اللہ کا؛ مِل جائے سایہ

۸ تِری نصیحتیں بے کار؛ تیرے مکر فُضول — یہ چھیڑ، جا کے کسی اور جا پہ اَفسانہ
۹ تِرا خیال کِدھر ہے؛ یہ سوچ اے ناداں! — رہا ہے دُور کبھی شمع سے بھی پَروانہ
۱۰ تجھ میں اُن میں غیرِیَّت کوئی نظر آتی نہیں — ہیں اگر وہ مال تیرا؛ تُو بھی ان کا ہے صِلہ
۱۱ تیری خاطِر سِہہ رہے ہیں؛ ہرطرح کی ذِلّتیں — پَر اَدا کرتے نہیں؛ شیطاں کو ہرگز باج وہ

# 'ج' سے 'ہ'

## ('ج' سے شروع ہوکر 'ہ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **4** |
| i | کلامِ محمود | 4 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ جس نے محنت کی شب وروز؛ اُس کے ساتھ — اور پڑھایا اس کو قرآں؛ ہاتھوں ہاتھ
۲ جو پھُونکا جائے گا کانوں میں دل کے مُردوں کے — کرے گا حشر بَپا؛ لا اِلٰـــہَ اِلّا اللّٰـــہ
۳ جو گھنٹوں محبت سے کیا کرتے تھے باتیں — اب سامنے آنے سے بھی کرتے ہیں کِنارہ
۴ جو کوئی روک تھی؛ اس کو یہاں پہ آنے کی — بُلالیا نہ وہیں کیوں نہ؛ اپنا دیوانہ

# 'چ' سے 'ہ'

## ('چ' سے شروع ہوکر 'ہ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | کلامِ محمود | 3 |

## ﴾کلامِ محمود﴿

۱ چھُپی نہیں کبھی رِہ سکتی وہ نِگہ؛ جس نے ہے مجھ کو قتل کیا؛ لا اِلٰـــہَ اِلّا الــلّٰــــہ

۲ چھلک رہا ہے مِرے غم کا آج پیمانہ کسی کی یاد میں؛ مَیں ہو رہا ہوں دیوانہ

۳ چھُڑائے گا بھلا کیا؛ دل سے میرے، یاد اُس کی تُو اور مجھ کو بناتا ہے اس کا دیوانہ

# 'ح' سے 'ہ'

## ('ح' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | کلامِ محمود | 2 |

## ﴾کلامِ محمود﴿

۱ حضورِ حضرتِ دیّاں شَفاعتِ نادِم کرے گا روزِ جزا؛ لا اِلٰـــہَ اِلّا الــلّٰــــہ

۲ حدیثِ مَدرسہ و خانقاہ مگو بَخُدا فَتاد بَر سَرِ حافِظ ھَوائے میخانہ

# 'خ' سے 'ہ'

## ('خ' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 1 |
|---|---|---|
| iv | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ خوردہ گیری آسماں کی چھوڑ بھی　　ابنِ آدم! اپنی عُریانی تو دیکھ

# 'د' سے 'ہ'

## ('د' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ دعا کرتا ہوں؛ اے میرے یگانہ!　　نہ آوے ان پہ رنجوں کا زمانہ

﴿کلامِ محمود﴾

۲ دامنِ رحمت وہ پھیلائے نہ کیوں　　مومنوں کی تنگ دامانی تو دیکھ

# 'ز' سے 'ہ'

## ('ز' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | کلامِ محمود | 2 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ زمیں سے ظُلمتِ شِرک ایک دَم میں ہوگی دُور — ہُوا جو جلوہ نُما؛ لا اِلٰـــہَ اِلَّا الـــلّٰـــہ

۲ زمانہ گزرا؛ کہ دیکھیں نہیں وہ مَست آنکھیں — کہ جن کو دیکھ کے؛ مَیں ہوگیا تھا مَستانہ

# 'ش' سے 'ہ'

## ('ش' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ شِکوۂ قِسمت کے چکّر میں نہ پھنس — اپنی غَفلت؛ اور نادانی تو دیکھ

# 'ص' سے 'ہ'

## ('ص' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴿کلامِ محمود﴾

۱ صدیوں اس نے ہے تِرا پہرہ دیا — اِس نگہباں کی نِگہبانی تو دیکھ

# 'ط' سے 'ہ'

(' ط' سے شروع ہو کر ' ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 2 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 1 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ طلب گار ہوجائیں اس کے تباہ وہ مَر جائیں؛ دیکھیں اگر بندراہ

﴿کلامِ محمود﴾

۲ طَعنِ پاکاں؛ شُغلِ صبح و شام ہے مولوی صاحب کی لَسّانی تو دیکھ

# 'ع' سے 'ہ'

(' ع' سے شروع ہو کر ' ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 4 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 2 |

﴾کلامِ محمود﴾

۱ عجب ناداں ہے وہ مغرورو گُمراہ — کہ اپنے نفس کو چھوڑا ہے بے راہ

﴾دُرِّ عدن﴾

۲ عیسیٰ مسیح آؤ! پیمبر کا واسطہ — صورت دِکھاؤ؛ اُس رُخِ انور کا واسطہ

﴾کلامِ محمود﴾

۳ عَقیدۂ ثَنویّت ہو؛ یا کہ ہو تَثلیث — ہے کِذب بحث وخطا؛ لا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ

۴ عاشِقوں کا شوقِ قُربانی تو دیکھ — خُون کی اِس رَہ میں اَرزانی تو دیکھ

# 'ف' سے 'ہ'

## ('ف' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴾

۱ فرش سے جاکر لیا دَم عرش پر — مصطفٰےؐ کی سیرِ رُوحانی تو دیکھ

# 'ق' سے 'ہ'

## ('ق' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

﴾کلامِ محمود﴾

۱ قریب تھا؛ کہ مَیں گِر جاؤں بارِ عصیاں میں — بنا ہے لیک عصا؛ لا اِلٰـــہَ اِلَّا الـلّٰـــہ

# 'ک' سے 'ہ'

## (' ک' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 6 |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | کلام طاہر | 1 |
| iii | کلام محمود | 3 |

﴾دُرِّ ثمین﴾

۱ کہا یہ تو مجھ سے ہوا اِک گناہ — کہ پوشیدہ رکھی سچائی کی راہ

۲ کیا خوب ہے یہ کتاب سُبحَـــان الـلّٰـــہ — اِک دَم میں کرے ہے دِیـنِ حق سے آگاہ

﴾کلامِ طاہر﴾

۳ کانٹوں میں ہائے! کیوں میری ہستی اُلجھ گئی — وہ مجھ پہ کِھل کِھلا اُٹھا ہے؛ لالہ زار دیکھ

﴾کلامِ محمود﴾

۴ کُفر کے چشمے سے کیا نسبت اسے — میرے چشمہ کا ذرا پانی تو دیکھ

۵ کسی کی چشمِ فسوں ساز نے کیا جادُو — تو دِل سے نکلی صدا؛ لا اِلٰـــہَ اِلَّا الـلّٰـــہ

۶ کہاں ہے وہ کہ مَلوں آنکھیں اس کے تلووں سے — کہاں ہے وہ ؛ کہ گِروں اس پہ مِثلِ پَروانہ

# 'گ' سے 'ہ'

## ('گ' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ گر اُس سے رِہ گیا تھا؛ کہ وہ خود دِکھائے ہاتھ — اتنا تو سہل تھا؛ کہ تمہارا بٹائے ہاتھ

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ گِرہ نہیں رہی باقی کوئی مِرے دل کی — ہوا ہے عُقدہ کُشا؛ لا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ

# 'ل' سے 'ہ'

## ('ل' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ عدن | 1 |

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۱ لو دل ہمارے ہاتھ میں؛ دِلبر کا واسطہ — ہم کو بچاؤ ساقی؛ کوثر کا واسطہ

# 'م' سے 'ہ'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 3 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ملتی نہیں عزیزو! فقط قِصّوں سے یہ راہ — وہ روشنی؛ نشانوں سے آتی ہے گاہ گاہ

### ﴿کلامِ طاہر﴾

۲ مظلوموں کی آہوں کا دھواں ظالم کے اُفق کجلا دے گا — نمرود جلائے جائیں گے؛ دیکھے گا فلک یہ نظارہ

### ﴿کلامِ محمود﴾

۳ مَرنا ہے، تو اس دَر پہ ہی مَر؛ جی، تو وہیں جی — ہوگا تو وہیں ہوگا؛ ترے دَرد کا چارہ

۴ مِرے ہمراز! بیشک دل محبت کا ہے پیمانہ — ہے اس کا حال رِندانہ؛ تو اس کی چال مَستانہ

۵ مَئے جان بخش بٹتی ہے جہاں؛ ہے یہ وہ میخانہ — مگر وہ کیا کرے؛ جس کا کہ دِل ہوجائے ویرانہ

# 'ن' سے 'ہ'

('ن' سے شروع ہوکر 'ہ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **3** |
| i | کلامِ محمود | 3 |

﴿کلامِ محمود﴾

١ نہ دھوکا کھائیو ناداں! کہ شَشْ جہات میں بَس — وہی ہے چہرہ نُما؛ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ

٢ نہ چھیڑ، دُشمنِ ناداں؛ نہ چھیڑ، کہتا ہوں — چھلک رہا ہے مِرے غم کا آج پیمانہ

٣ نہ تیرے ظُلم سے ٹُوٹے گا رِشتۂ اُلفت — نہ حِرص مجھ کو بنائے گی اُس سے بیگانہ

# 'و' سے 'ہ'

('و' سے شروع ہوکر 'ہ' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **7** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 6 |

﴿دُرِّ ثمین﴾

١ وہ پھرتا تھا کوچوں میں چولہ کے ساتھ — دکھاتا تھا لوگوں کو قدرت کے ہاتھ

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ ویسی ہی سلطنت؛ تمھیں اللہ نے ہے دی — تا اپنی قِسمتوں کا نہ تم کو رہے گِلہ
۳ وہ شمع رُو؛ کہ جِسے دیکھ کر ہزاروں شمع — بھڑک اُٹھی تھیں بسوزِ ہزار پروانہ
۴ وہ جس کے چہرہ سے ظاہر تھا نُورِ ربّانی — مَلَک کو بھی جو بناتا تھا اپنا دیوانہ
۵ وہ صحبتیں؛ کہ نئی زندگی دِلاتی تھیں — وہ آج میرے لیے کیوں بنی ہیں اَفسانہ
۶ وہ یار؛ جس کی محبت پہ ناز تھا مجھ کو — کوئی بتاؤ؛ کہ کیوں ہورہا ہے بیگانہ
۷ وَعظِ قُرآں پر کبھی تو کان دھر — عِلم کی اس میں فراوانی تو دیکھ

# 'ہ' سے 'ہ'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **9** |
| i | کلامِ محمود | 9 |

### ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ہے دَستِ قِبلہ نُما؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ — ہے دَردِ دِل کی دَوا؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
۲ ہے گاتی نغمۂ توحید نَے نَیستاں میں — ہے کہتی بادِ صبا؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
۳ ہزاروں ہوں گے حسیں؛ لیک قابلِ اُلفت — وہی ہے میرا پیا؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
۴ ہزاروں؛ بلکہ ہیں لاکھوں علاج رُوحانی — مگر ہے رُوحِ شِفا؛ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
۵ ہوتا تھا کبھی مَیں بھی کسی آنکھ کا تارا — بتلاتے تھے اِک قیمتی دِل کا مجھے پارہ
۶ ہو جاتی تھی موجود ہر اِک نعمتِ دنیا — بس چاہیئے ہوتا تھا مِرا اِیک اِشارہ
۷ ہے صبر جو جاں سوز؛ تو فریاد حیا سوز — بے تاب خموشی ہے؛ نہ گویائی کا چارہ

۸ ہے تیری سعی دلیلِ حماقتِ مُطلق ہے تیری جِدّ وجُہد ایک فِعلِ طِفلانہ
۹ ہے اکیلا کُفر سے زور آزما احمدؐی کی رُوحِ ایمانی تو دیکھ

# 'ی' سے 'ہ'

## ('ی' سے شروع ہو کر 'ہ' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **2** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ یہی تھی؛ کہ اسلام کا ہو گواہ بتادے وہ پچھلوں کو؛ نانکؐ کی راہ

### ﴿کلامِ محمود﴾

۲ یارب! تُو رحم کر کے؛ ہم کو سکھادے قرآںؐ ہر دُکھ کی یہ دَوا ہو؛ ہر دَرد کا ہو چارہ

# ی

('ی' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 2182 | تعداد کُل اشعار | |
| 587 | دُرِّ ثمین | i |
| 221 | دُرِّ عَدَن | ii |
| 381 | کلامِ طاہر | iii |
| 993 | کلامِ محمود | iv |

# 'الف' سے 'ی'

('الف' سے شروع ہوکر 'ی' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| 305 | تعداد کُل اشعار | |
| 97 | دُرِّ ثمین | i |
| 24 | دُرِّ عدن | ii |
| 68 | کلامِ طاہر | iii |
| 116 | کلامِ محمود | iv |

# ﴾دُرِّ ثمین﴾

۱ اسلام کی سچائی؛ ثابت ہے، جیسے سورج — پر دیکھتے نہیں ہیں؛ دشمن بَلا یہی ہے

۲ آنکھ کے پانی سے یارو! کچھ کرو اس کا علاج — آسماں؛ اے غافلو! اب آگ برسانے کو ہے

۳ ان سے دوچار ہونا؛ عزّت ہے اپنی کھونا — ان سے ملاپ کرنا؛ راہِ ریا یہی ہے

۴ اِک نہ اِک دِن پیش ہوگا؛ تُو فنا کے سامنے — چل نہیں سکتی کسی کی کچھ؛ قضا کے سامنے

۵ اسلام سے نہ بھاگو؛ راہِ ہدیٰ یہی ہے — اے سونے والو! جاگو؛ شمس الضحیٰ یہی ہے

۶ افسردگی جو سینوں میں تھی؛ دُور ہوگئی — ظلمت تھی جو دِلوں میں؛ وہ سب نور ہوگئی

۷ اس نور پر فدا ہوں؛ اس کا ہی مَیں ہوا ہوں — وہ ہے، مَیں چیز کیا ہوں؛ بس فیصلہ یہی ہے

۸ اے میرے ربِّ رحماں تیرے ہی ہیں یہ اِحساں — مشکل ہو تجھ سے آساں؛ ہردَم رِجا یہی ہے

۹ اس دِیں کی شان وشوکت؛ یارب! مجھے دِکھادے — سب جھوٹے دِیں مٹادے؛ میری دعا یہی ہے

۱۰ احباب سارے آئے؛ تُو نے یہ دن دکھائے — تیرے کرم نے پیارے! یہ مہرباں بُلائے

۱۱ آؤلوگو! کہ یہیں نورِخدا پاؤگے — لو تمھیں طور تسلی کا؛ بتایا ہم نے

۱۲ اگر وہ نہ بولے؛ تو کیونکر کوئی — یقیں کرکے جانے؛ کہ ہے مختفی

۱۳ اگر یہ نہیں؛ پھر تو وہ مرگئے — کہ بے سود جاں کو فِدا کرگئے

۱۴ اس بِن نہیں گزارا؛ غیر اس کے، جھوٹ سارا — یہ روزکرمبارک سبحان من یرانی

۱۵ اے میرے ربِّ محسن! کیونکر ہو شکرِ اِحساں — یہ روزکرمبارک سبحان من یرانی

۱۶ ان پر مَیں تیرے قرباں؛ رحمت ضرور رکھیو — یہ روزکرمبارک سبحان من یرانی

۱۷ اے میرے دل کے پیارے اے مہرباں ہمارے — کر ان کے نام روشن؛ جیسے کہ ہیں ستارے

۱۸ اے میری جاں کے جانی! اے شاہِ دوجہانی! — کر ایسی مہربانی؛ ان کا نہ ہووے ثانی

۱۹ اپنی پنہ میں رکھیو؛ سُن کر یہ میری زاری — یہ روزکرمبارک سبحان من یرانی

۲۰ اس دل میں تیرا گھر ہے؛ تیری طرف نظر ہے — تجھ سے مَیں ہوں منور؛ میرا تو، تُو قمر ہے

۲۱ ان پر خدا کی رحمت؛ جو اس پہ لائے ایماں — یہ روزکرمبارک سبحان من یرانی

۲۲ اکسیر ہے پیارے! صدق و سداد رکھنا
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۲۳ اس کی قَسَم؛ کہ جس نے یہ سورۃ اتاری ہے
اس پاک دل پہ؛ جس کی وہ صورت پیاری ہے

۲۴ آواز آرہی ہے؛ یہ فونوگراف سے
ڈھونڈو خدا کو دِل سے؛ نہ لاف وگزاف سے

۲۵ نہیں ماتَم؛ ہمارے گھر میں شادی
فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۲۶ اگر اندھوں کو اِنکارواِباء ہے
وہ کیا جانیں؛ کہ اس سینہ میں کیا ہے

۲۷ ابنِ مریم کے ذکر کو چھوڑو
اس سے بہتر؛ غلامِ احمدؐ ہے

۲۸ اب آگیا مسیح؛ جو دِیں کا اِمام ہے
دِیں کی تمام جنگوں کا اب اِختتام ہے

۲۹ اب آسماں سے نورِخدا کا نزول ہے
اب جنگ اور جہاد کا فتویٰ فضول ہے

۳۰ اِک معجزہ کے طور سے؛ یہ پیشگوئی ہے
کافی ہے سوچنے کو؛ اگر اہل کوئی ہے

۳۱ اب تم میں خود وہ قوت وطاقت نہیں رہی
وہ سلطنت، وہ رعب؛ وہ شوکت نہیں رہی

۳۲ اب تم میں خود وہ سیف کی طاقت نہیں رہی
بھید اس میں ہے یہی؛ کہ وہ حاجت نہیں رہی

۳۳ اب کوئی تم پہ جَبر نہیں غیرقوم سے
کرتی نہیں ہے منع صلوٰۃ اورصوم سے

۳۴ اب زندگی تمہاری تو سب فاسِقانہ ہے
مومن نہیں ہو تم؛ کہ قدم کافرانہ ہے

۳۵ اب تم تو خود ہی موردِخشمِ خدا ہوئے
اس یار سے بشامتِ عِصیاں جدا ہوئے

۳۶ اب غیروں سے لڑائی کے معنے ہی کیا ہوئے
تم خود ہی غیر بَن کے؛ محلِّ سزا ہوئے

۳۷ اب سال سترہ بھی صدی سے گذرگئے
تم میں سے ہائے! سوچنے والے کِدھرگئے

۳۸ آنکھ تَر ہے؛ دل میں میرے، درد ہے
کیوں دِلوں پر اس قدر یہ گرد ہے

۳۹ آسماں پر غافِلو! اِک جوش ہے
کچھ تو دیکھو! گر تمہیں کچھ ہوش ہے

۴۰ اِس صدی کا بیسواں اب سال ہے
شِرک و بِدّعت سے جہاں پامال ہے

۴۱ ایک دنیا ہے مرچکی اب تک
پھر بھی توبہ نہیں؛ یہ حالت ہے

۴۲ اس کی طرف ہے ہاتھ ہراِک تارِزلف کا
ہجراں سے اس کے رہتی ہے وہ پیچ وتاب سے

۴۳ اس لئے اب غیرت اس کی کچھ تمہیں دِکھلائے گی
ہرطرف یہ آفتِ جاں؛ ہاتھ پھیلانے کو ہے

۴۴ اِن نِشانوں سے ہیں یہ اِنکاری — پر کہاں تک چلے گی طرّاری

۴۵ ان کے باطِن میں اِک اندھیرا ہے — کِین و نخوَت نے آکے گھیرا ہے

۴۶ اَفسوس! آریوںؔ پر؛ جو ہوگئے ہیں شپّر — وہ دیکھ کر ہیں منکر؛ ظلم وجفا یہی ہے

۴۷ اِک ہیں جو پاک بندے اِک ہیں دِلوں کے گندے — جیتیں گے صادِق آخر؛ حق کا مزا یہی ہے

۴۸ اِن آریوںؔ کا پیشہ؛ ہردَم ہے بَدزبانی — ویدوںؔ میں آریوںؔ نے شاید پڑھا یہی ہے

۴۹ اَفسوس! سبّ وتو ہیں؛ سب کا ہوا ہے پیشہ — کِس کو کہوں؛ کہ اِن میں ہرزہ درا یہی ہے

۵۰ آخر یہ آدمی تھے؛ پھر کیوں ہوئے درندے — کیا جون ان کی بگڑی؛ یا خود قضا یہی ہے

۵۱ اپنے کئے کا ثمرہ؛ لیکھوؔ نے کیسا پایا — آخر خدا کے گھر میں؛ بَد کی سزا یہی ہے

۵۲ اَحوال کیا کہوں مَیں؛ اِس غم سے اپنے دِل کا — گویا؛ کہ ان غموں کا مہماں سرا یہی ہے

۵۳ اِک ویدؔ ہے جو سَچّا؛ باقی کتابیں ساری — جھوٹی ہیں اور جعلی؛ اِک راہنما یہی ہے

۵۴ ایشرؔ کے گُن عجب ہیں؛ ویدوںؔ میں اے عزیزو! — اس میں نہیں مروّت؛ ہم نے سنا یہی ہے

۵۵ ایشرؔ بَنا ہے منہ سے؛ خالق نہیں کسی کا — روحیں ہیں سب اَنادی؛ پھر کیوں خدا یہی ہے

۵۶ ان کا ہی منہ ہے تکتا؛ ہرکام میں جو چاہے — گویا وہ بادشہ ہیں؛ ان کا گدا یہی ہے

۵۷ اَلقِصّہ؛ آریوںؔ کے ویدوںؔ کا یہ خدا ہے — ان کا ہے جس پہ تکیہ؛ وہ بے نَوا یہی ہے

۵۸ اے آریوؔ! کہو اب، ایشرؔ کے ہیں یہی گُن — جس پر ہو ناز کرتے؛ بولو وہ کیا یہی ہے

۵۹ اسی نے بَلا سے بچایا اسے — ہراِک بَدگہر سے چھڑایا اسے

۶۰ اس نے خدا ملایا؛ وہ یار اس سے پایا — راتیں تھیں جتنی گذریں؛ اب دِن چڑھا یہی ہے

۶۱ اس نے نشاں دکھائے؛ طالب سبھی بلائے — سوتے ہوئے جگائے؛ بس حق نما یہی ہے

۶۲ اسلام کے محاسن؛ کیونکر بیاں کروں مَیں — سب خشک باغ دیکھے؛ پھولا پھلا یہی ہے

۶۳ آنکھ اس کی دُوربیں ہے؛ دِل یار سے قریں ہے — ہاتھوں میں شمعِ دِیں ہے؛ عین الضیاء یہی ہے

۶۴ ادھر آئیں دیکھیں؛ یہ تصویر ہے — یہی پاک چولہؔ جہانگیر ہے

۶۵ اے میرے یارِ جانی! خود کر تُو مہربانی — ورنہ بَلائے دنیا؛ اِک اژدھا یہی ہے

٦٦ اِس عشق میں؛ مصائب سوسو ہیں ہرقدم میں — پر کیا کروں؛ کہ اس نے مجھ کو دیا یہی ہے

٦٧ اِس رَہ میں اپنے قِصّے؛ تم کو مَیں کیا سناؤں — دکھ دَرد کے ہیں جھگڑے؛ سب ماجرا یہی ہے

٦٨ اے میرے یارِجانی! کر خودہی مہربانی — مت کہہ کہ لَن ترانی تجھ سے رِجا یہی ہے

٦٩ اے میرے دِل کے درماں! ہجراں ہے تیرا سوزاں — کہتے ہیں جس کو دوزخ؛ وہ جاں گزا یہی ہے

٧٠ اِک دِیں کی آفتوں کا غم؛ کھا گیا ہے مجھ کو — سینے پہ دشمنوں کے؛ پتھر پڑا یہی ہے

٧١ ایسا زمانہ آیا؛ جس نے غضب ہے ڈھایا — جو پیستی ہے دِیں کو؛ وہ آسیا یہی ہے

٧٢ آنکھیں ہرایک دِیں کی؛ بے نور ہم نے پائیں — سرمہ سے معرفت کے؛ اِک سرمہ سا یہی ہے

٧٣ انکار کرکے اس سے؛ پچھتاؤ گے بہت تم — بنتا ہے جس سے سونا؛ وہ کیمیا یہی ہے

٧٤ اے آریو! یہ کیا ہے؛ کیوں دِل بگڑ گیا ہے — ان شوخیوں کو چھوڑو؛ راہِ حیا یہی ہے

٧٥ اچھا نہیں ستانا؛ پاکوں کا دِل دُکھانا — گستاخ ہوتے جانا؛ اس کی جزا یہی ہے

٧٦ اگر دل میں تمہارے شَر نہیں ہے — تو پھر کیوں ظنِّ بد سے ڈر نہیں ہے

٧٧ اگر سب شئے نہیں اس نے بنائی — تو بس پھر ہوچکی اس سے خدائی

٧٨ اگر اس نخل کو طالب لگائے — تو اِک دن ہو رہے برتھا نہ جائے

٧٩ اگر تیرا بھی کچھ دِیں ہے؛ بدل دے جو مَیں کہتا ہوں — کہ عزّت مجھ کو؛ اور تجھ پر ملامت آنے والی ہے

٨٠ ایسا گماں خطا ہے؛ کہ وہ ذات پاک ہے — ایسے گماں کی نوبتِ آخر ہلاک ہے

٨١ اے سونے والو جاگو! کہ وقتِ بہار ہے — اب دیکھو آکے دَر پہ ہمارے؛ وہ یار ہے

٨٢ اِک دن وہی مقام؛ تمہارا مقام ہے — اِک دن یہ صبح زندگی کی؛ تم پہ شام ہے

٨٣ اِک دن؛ تمہارا لوگ جنازہ اُٹھائیں گے — پھر دفن کرکے؛ گھر میں تاسف سے آئیں گے

٨٤ اس بے نشاں کی چہرہ نمائی؛ نشاں سے ہے — سچ ہے؛ کہ سب ثبوتِ خدائی نشاں سے ہے

٨٥ اِک سَیل چل رہا ہے گناہوں کا زور سے — سنتے نہیں ہیں کچھ بھی؛ معاصی کے شور سے

٨٦ اس کا سبب یہی ہے؛ کہ غفلت ہی چھاگئی — دنیائے دوں کی؛ دل میں محبت سماگئی

٨٧ اس ذاتِ پاک سے؛ جو کوئی دل لگاتا ہے — آخر وہ اس کے رحم کو ایسا ہی پاتا ہے

۸۸ آخر کو وہ خدا؛ جو کریم وقدیر ہے — جو عالم القلوب و علیم وخبیر ہے
۸۹ آخر یہ بات کیا ہے؛ کہ ایک مفتری — کرتا ہے ہرمقام میں؛ اس کو خدا بَری
۹۰ اِن میں سے ایسے تھے؛ کہ جو بڑھ بڑھ کے آتے تھے — اپنابیاں لکھانے میں؛ کرتب دِکھاتے تھے
۹۱ ان کے گماں میں؛ ہم بَدوبَدحال ہوگئے — ان کی نظر میں؛ کافِرودَجّال ہوگئے
۹۲ اک کرشمہ اپنی قدرت کا دِکھا — تجھ کو سب قدرت ہے؛ اے ربّ الوریٰ
۹۳ اور دِینوں کو جو دیکھا؛ تو کہیں نور نہ تھا — کوئی دِکھلائے؛ اگر حق کو چھپایا ہم نے
۹۴ آزمائش کیلئے؛ کوئی نہ آیا ہرچند — ہرمخالف کو مقابل پہ بلایا ہم نے
۹۵ آج ان نوروں کا اِک زور ہے؛ اس عاجز میں — دل کو ان نوروں کا ہررَنگ دِلایا ہم نے
۹۶ اس سے بہتر؛ نظر آیا نہ کوئی عالَم میں — لاجَرم غیروں سے دل اپنا چھڑایا ہم نے
۹۷ آدمی زاد تو کیاچیز؛ فرشتے بھی تمام — مدح میں تیری، وہ گاتے ہیں؛ جو گایا ہم نے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۹۸ اسلام پر یہ سخت مصیبت کا وقت ہے — کچھ اس میں شک نہیں؛ کہ قیامت کا وقت ہے
۹۹ آفت میں گِھرا ہے؛ یہ آفت کا وقت ہے — مسلم قدم بڑھا؛ کہ یہ ہِمّت کا وقت ہے
۱۰۰ آیا ہے کون کفر کی تردید کیلئے — بھیجا ہے کِس کو دِین کی تجدید کیلئے
۱۰۱ آدمی میں نہ آدمیت تھی — اس کو انساں بنادِیا تُو نے
۱۰۲ اوروں کے واسطے تیری سنت ہی اور تھی — ان پر نظر ہی اور تھی؛ شفقت ہی اور تھی
۱۰۳ الٰہی! فضل سے دل شاد کردے — بِنائے رنج وغم برباد کردے
۱۰۴ الٰہی! کِس دُلہن کی پالکی ہے — ملائک جس کو آئے ہیں اُٹھانے
۱۰۵ اُڑکر کہاں کہاں نہ گیا طائرِخیال — شاعر کو اپنے زورِطبیعت پہ ناز ہے
۱۰۶ آج ہرذرّہ؛ سرِطور نظرآتا ہے — جس طرف دیکھو؛ وہی نور نظر آتا ہے
۱۰۷ اے محسن ومحبوب خدا؛ اے میرے پیارے! — اے قوتِ جاں؛ اے دلِ محزوں کے سہارے
۱۰۸ اے شاہِ جہاں؛ نورِزماں، خالق وباری! — ہرنعمتِ کونین؛ ترے نام پہ واری

۱۰۹ اِک روٹھنے والی کی امانت تھی میرے پاس    اب لختِ دل خستہ جگر تیرے حوالے
۱۱۰ اس گھر میں پلی؛ بڑھ کے جواں ہو کے چلی مَیں    پیارے! تیرے محبوب کا گھر تیرے حوالے
۱۱۱ اسی زباں سے اسی وقت گند بَک بَک کر    خدا کا نام نہ لو ظالمو! خدا کیلئے
۱۱۲ اتنا نہ کھینچ؛ کہ رشتۂ امید ٹوٹ جائے    بگڑے نہ جس سے بات؛ وہی بات چاہیئے
۱۱۳ آگیا آخر؛ خدا کے فضل سے    دن گِنا کرتے تھے جس دن کیلئے
۱۱۴ آج جو تلخ ہے؛ بے شک وہی کل شیریں ہے    سچ کسی نے ہے کہا؛ صبر کا پھل شیریں ہے
۱۱۵ آگاہ ہو تم پہلے اسلام کی سُنّت سے    دیتی ہوں دعا خالد؛ پھر صدق ومحبت سے
۱۱۶ اللہ پہ بھروسہ ہو؛ اور پاک ارادے ہوں    اعمال کی پرسش ہے؛ انسان کی نیت سے
۱۱۷ اور کرشمہ قادرِ باری! قدرت کا دِکھلادے    بنے بَنائے ٹوٹ چکے؛ اب ٹوٹے کام بنادے
۱۱۸ الٰہی! مشکلیں آسان کردے    الٰہی! فضل کے سامان کردے
۱۱۹ الٰہی! ہمیں رنج وغم سے چھڑادے    خوشی کی خبر ہم کو جلدی سنادے
۱۲۰ اندھیرا مِٹے؛ روشنی پھیل جائے    اب اِک اورعالَم کو پھیرا دِکھادے
۱۲۱ اب تو بیٹھے ہیں گوش بَرآواز    چاہے جس وقت یار بُلوائے

## «کلامِ طاہر»

۱۲۲ اے کہ تُو تحفۂ دردوہَم وغم لایا ہے    دیر کے بعد بڑی دُور سے آنے والے
۱۲۳ اِک پیسہ پیسہ جوڑ کر؛ بھائیوں نے شوق سے    سوچا تھا یہ؛ کہ سُوجی کا حلوہ بنائیں گے
۱۲۴ اے مجھے ہجر میں دیوانہ بنانے والے    غمِ فُرقت میں شب وروز ستانے والے
۱۲۵ اس کی مہمان نوازی ہمیں یادآئے گی    بے غرض اس کی محبت؛ ہمیں تڑپائے گی
۱۲۶ اِک ساعتِ نورانی؛ خورشید سے روشن تَر    پہلو میں لئے جلوے بے حدّوشمار آئی
۱۲۷ آیا وہ غنی؛ جس کو جو اپنی دعا پہنچی    ہم دَر کے فقیروں کے بھی بخت سنوار آئی
۱۲۸ اے چشمِ خزاں دیدہ! کھُل کھُل؛ کہ سماں بدلا    اے فطرتِ خوابیدہ! اُٹھ اُٹھ؛ کہ بہارآئی
۱۲۹ اللہ کے آئینہ خانے سے شریعت کی    نکلی وہ دُلہن کرکے؛ جو سولہ سنگار آئی

۱۳۰ اُترا وہ خدا کوہِ فارانِ محمدؐ پر — موسیٰؑ کو نہ تھی جس کے دیدار کی یارائی

۱۳۱ اُٹھو! کہ ساعت آئی؛ اور وقت جارہا ہے — پسرِ مسیح دیکھو؛ کب سے جگارہا ہے

۱۳۲ اِک باغباں کی یاد میں؛ سَروسَمن اُداس — اہلِ چمن فسُردہ ہیں؛ گلشن اُداس ہے

۱۳۳ آزُردہ گل بہت ہیں؛ کہ کانٹے ہیں شادکام — بَرقِ تپاں نہال؛ کہ خرمن اُداس ہے

۱۳۴ آنکھوں سے جو لگی ہے جھڑی؛ تھم نہیں رہی — آکر ٹھہر گیا ہے جو ساوَن اُداس ہے

۱۳۵ اے مجھے اپنا پرستار بنانے والے — جوت اِک پریت کی ہردے میں جگانے والے

۱۳۶ اے محبت کے اَمَر دِیپ جلانے والے — پیار کرنے کی مجھے رِیت سکھانے والے

۱۳۷ اِس طرف بھی ہو کبھی کاشفِ اَسرار نگاہ — ہم بھی ہیں ایک تمنّا کے چھُپانے والے

۱۳۸ اے مِرے درد کو سینے میں بَسانے والے — اپنی پلکوں پہ مِرے اَشک سَجانے والے

۱۳۹ آہیں تھیں؛ کہ تھیں ذِکر کی گھنگھور گھٹائیں — نالے تھے؛ کہ تھے سیلِ رواں حمدوثنا کے

۱۴۰ اُکسانے کی خاطر تیری غیرت تیرے بندے — کیا تجھ سے دُعا مانگیں سِتم گر کو سُنا کے

۱۴۱ اِتنا تو کریں؛ اُن کو بھی جا کر کبھی دیکھیں — ایک ایک کو اپنا کہیں؛ سینے سے لگا کے

۱۴۲ آداب محبت کے غلاموں کو سِکھا کے — کیا چھوڑ دِیا کرتے ہیں دِیوانہ بنا کے؟

۱۴۳ اِس بار جب آپ آئیں؛ تو پھر جا کے تو دیکھیں — کر گزروں گا کچھ؛ اب کے ذرا دیکھیں تو جا کے

۱۴۴ اُن کی چاہت میرا مدّعا بن گیا؛ — با لیقیں اُنکا ساتھی خدا بن گیا؛
میرا پیار اُن کی خاطر دعا بن گیا — وہ بنائے گئے آسماں کیلئے

۱۴۵ آخر شیرِ خدا نے بپھر کر؛ ہر بَن باسی کو للکارا — کوئی مُبارز ہو، تو نکلے؛ ہے، تو کوئی مُباہل آئے

۱۴۶ اے آڑے وقتوں کے سہارے سبحان اللہ یہ نظارے — اِک دشمن کو زندہ کر کے مار دیئے ہیں دشمن سارے

۱۴۷ آنکھوں میں رقم شِکووں کی کتھا؛ — کیا میرے نام یہی ہیں بتا؛
آہوں میں بُجھے نالوں کی صدا — جو تُو سَندیسے لایا ہے؟

۱۴۸ اِک ہم ہی نہیں چھٹتے چھٹتے؛ — رفتہ رفتہ، آزادی سے؛
جن کے سب حق معدوم ہوئے — سب اہلِ وطن محروم ہوئے

۱۴۹ آزاد کہاں وہ مُلک جہاں قابض ہو سیاست پر مُلّا
جو شاہ بنے، بے تاج بنے؛ جو حاکم تھے، محکوم ہوئے

۱۵۰ اُترے گا خدا جب تِری تقدیر بنانے
مِٹ جائیں گے؛ نکلے جو تِرا نام مِٹانے

۱۵۱ آوَ سجنو! مِل بیٔے؛ تے گل اُس یار دی چلّے
ٹُر دے جیدے دانے مُک گئے گل پَرسوں دی گل اے

۱۵۲ اُتلے یار نے جَد صَد ماری؛ پَن سُتّی دنیا دی یاری
عَرشاں تائیں لائی تاری؛ مار اُڈاری گلّے

۱۵۳ ایم۔ٹی۔اے دی خاطر گبھرو چار چفیرے پَو نیا
مخلص مُنڈے کُڑیاں لبھ کے چونویں چونویں وَتّے

۱۵۴ اونوں کیوِیں دَسّاں کہ مَیں تیتھوں رَج سُکھ پائیا
شاوا سوہنے یار مبشر! واہ واہ بلّے بلّے

۱۵۵ اُسے ڈھونڈتی ہیں گلی گلی؛ میری خلوتوں کی اُداسیاں
وہ ملے تو بس یہ کہوں؛ کہ آمِرا مولیٰ تیرا بھلا کرے

۱۵۶ اذانیں دے کے؛ دُکھاوٴ نہ دل خدا کیلئے
درود پڑھ کے؛ ستاوٴ نہ مصطفیٰ کیلئے

۱۵۷ اس نام کے جپنے سے قرآں کا ہوتا ہے اِدراک مجھے
یہ سُندر نام ہونٹوں سے دل تک کر دیتا ہے پاک مجھے؛
اللہ کے بہت پیارے، مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۱۵۸ اس نام کے دِیپ جلاتا ہوں تو چاند ستارے دیکھتا ہوں
سینے سے عرش تک اُٹھتے ہوئے نوروں کے دھارے دیکھتا ہوں
مِرے نورِ مجسم، صلّی اللہ، مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۱۵۹ اس نام کے پَلّو پکڑے پکڑے اس دنیا تک جاوٴں گا
اس کے قدموں کی خاک تلے مَیں اپنی جنت پاوٴں گا
ہر دَم، نذرالاسلام، مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۱۶۰ اے قوم تیرا حافظ ہو خدا؛ ٹالے سر سے ہر ایک بَلا
تا حَدِّ نظر سیلِ عصیاں؛ ہر سمت کنارے ڈوب گئے

۱۶۱ اِک آنسووٴں کو چرنوں پہ گرنے کا اِذن ہو
آنکھوں میں جو رہے ہیں مچل؛ آپ کیلئے

۱۶۲ آ جایئے؛ کہ سَکھیاں یہ مِل مِل کے گائیں گیت
موسم گئے ہیں کتنے بدل؛ آپ کیلئے

۱۶۳ اب حسرتیں بسی ہیں وہاں؛ آرزووٴں نے
خوابوں میں جو بنائے محل؛ آپ کیلئے

۱۶۴ اُحُد اور مکّہ اور طائف؛ انہی راہوں پہ ملتے ہیں
انہی پر شِعبِ بُو طالب بے آب ودانہ آتا ہے

۱۶۵ اُسے عشق ووَفا کے جرم میں سنگسار کرتے ہیں
تو ہر پتھر دمِ تسبیح دانہ دانہ آتا ہے

۱۶۶ اُسے رُک رُک کے بھی تسکینِ جسم وجاں نہیں ملتی
ہمیں مثلِ صبا چلتے ہوئے ستانا آتا ہے

۱۶۷ آنکھ میں پھانس کی طرح ہجر کی شب اٹک گئی
اے مِرے آفتاب آ؛ رات ٹلے، تو گل پڑے

۱۶۸ اے دشمنِ دیں! ترا رزق؛ — شیطاں نے تجھے صحراؤں میں؛
فقط تکذیب کے تھوہر کا پھل ہے — اِک باغِ سبز دکھایا ہے

۱۶۹ آجاتے ہو؛ کرتے ہو مُلاقات شب وروز — یہ سلسلۂ ربطِ بہم صبح و مسا ہے

۱۷۰ اے تنگیٔ زنداں کے ستائے ہوئے مہماں — واچشم ہے، دل باز؛ دَرِسینہ کھُلا ہے

۱۷۱ اَمَر ہوئی ہے وہ تجھ سے محمدِ عربی — ندائے عشق جو قولِ بلیٰ سے اُٹھی ہے

۱۷۲ آکے دیکھو تو سہی؛ بزمِ جہاں میں کَل تک — جو تمہارے ہُوا کرتے تھے؛ تمہارے ہیں وہی

۱۷۳ اِک شعلہ سا لرزاں ہے؛ سرِ گورِ تمنّا — اِک غم جیۓ جاتا ہے؛ مزاروں کے سہارے

۱۷۴ آ بیٹھ مِرے پاس؛ مرادَستِ تہی تھام — مَت چھوڑ کے جا درد کے ماروں کے سہارے

۱۷۵ اُن کی سَرمدی قبور سے؛ آج بھی یہی ندا اُٹھے — کاش! تیری مٹی سے مدام؛ جو اُٹھے وہ پارسا اُٹھے

۱۷۶ اپنے دل میں بسا کے میرا غم؛ — میرے دکھ کو لگا کے سینے سے؛
کب تلک میرا درد پالیں گے — کیا مِرا ہر ستم اُٹھا لیں گے

۱۷۷ آپ نے زندگی گزارنی ہے؛ — آپ سے مانگتے ہیں مرہمِ دل؛
ساری دنیا کے بوجھ اُٹھائے ہوئے — سب کے ہاتھوں سے زخم کھائے ہوئے

۱۷۸ اتنا تو یاد ہے؛ کہ جہاں تھے، اداس تھے — یہ کس کو ہوش ہے؛ کہ کہاں تھے، کہاں رہے

۱۷۹ آنکھوں نے رازِ سوزِ دَرُوں کہہ دیا؛ مگر — بزمِ طرب میں ہونٹ تبسّم کناں رہے

۱۸۰ اپنی تو عمر روتے کٹی ہے؛ پر اِس سے کیا — جا میری جان! تیرا خدا پاسباں رہے

۱۸۱ احساسِ نامرادیٔ دل شُعلہ سا اُٹھا — ہم جاں بلَب پڑے رہے آتش بجاں رہے

۱۸۲ آخرسا کھلے؛ تو دیکھے چھَٹ بھی گئے اندھیارے — مَن مندر میں سورج بیٹھا؛ آس کا دِیپ جلائے

۱۸۳ اس کے پاؤں دھو کے پیئیں ساگر کی موجیں؛ جب وہ — جھینپا جھینپا، اس میں اُترے؛ شرمائے شرمائے

۱۸۴ آمیری موجوں سے لپٹ جا؛ ساگر تان اُڑائے — یہ بھی تو سنسار کی رِیت ہے؛ جو کھوئے، سو پائے

۱۸۵ اب کسے ڈھونڈوں؛ تصوّر میں بسانے کیلئے — چاند کوئی نہ رہا؛ اپنا بنانے کیلئے

۱۸۶ اِک رات مفاسد کی وہ تیرہ وتار آئی — جو نور کی ہر مشعل؛ ظلمات پہ وار آئی

۱۸۷ اِذنِ نغمہ تُو دے؛ تو مَیں کیوں نہ گاؤں
تیرے اِس لُطف وکرم سے تو مِرے کون ومکاں؛
دَمَک اُٹھے ہیں، مِری دھرتی چمک اُٹھی ہے

۱۸۸ آئے وہ دِن، کہ ہم جن کی چاہت میں؛
گِنتے تھے دِن، اپنی تسکینِ جاں کیلئے
پھر وہ چہرے ہویدا ہوئے، جن کی یادیں؛
قیامت تھیں قلبِ تپاں کیلئے

۱۸۹ ایسے طائر بھی ہیں؛ جو کہ خود
اپنے ہی آشیانے کے تِنکوں میں محصور ہیں
اُن کی بگڑی بنا، میرے مُشکل کشا!
چارہ کر کچھ غمِ بے کساں کیلئے

## کلامِ محمود

۱۹۰ اُلفت نہ اُس کی کَم ہو؛ رِشتہ نہ اُس کا ٹُوٹے
چھُٹ جائے خواہ کوئی؛ دامن نہ اُس کا چھُوٹے

۱۹۱ اُنہیں صُبح ومَسَا؛ دِیں اور دنیا میں ترقی دے
نہ ان کو کوئی چھوٹا سا بھی آزار اور دُکھ پہنچے

۱۹۲ اِک طرف مَرہٹوں کی فوج ہے لڑنے کو کھڑی
دُوسری جا پہ ہے سِکھّوں نے بھی شورش کردی

۱۹۳ ایک ہی جا پہ ہیں سب رہتے بُرے اور بھلے
کیا مجال؛ اُن سے کسی کو بھی جو صدمہ پہنچے

۱۹۴ اب رَہبرِ راہِ کوئے دِلبَر
واللہ غلامِ مصطفٰیؐ ہے

۱۹۵ اب اور کا انتظار چھوڑو
آنا تھا جسے؛ وہ تو آچکا ہے

۱۹۶ اے قوم! خدا کے واسطے تُو
بتلا! کہ جو تیرا مُدّعا ہے

۱۹۷ اللہ سے چاہو عَفوِ تقصیر
دیتا ہے اُسے؛ جو مانگتا ہے

۱۹۸ اُس شخص کو شاد رکھے ہردَم
جو دِینِ قویم پر فِدا ہے

۱۹۹ اور اس کو نکالے ظُلمتوں سے
جو شِرک میں کُفر میں پھنسا ہے

۲۰۰ اگر رہنما اب بھی کوئی نہ آئے
تو سمجھو؛ کہ وقت آخری آگیا ہے

۲۰۱ اُٹھو! اس کی اِمداد کے واسطے تم
حمیّت کا یارو! یہی مقتضا ہے

۲۰۲ اُٹھو دیکھو! اسلام کے دن پھِرے ہیں
کہ نائب محمدؐ کا پیدا ہوا ہے

۲۰۳ اُسی کی شمشیرِ خُونچکاں نے کیا قصُوریؔ کو ٹکڑے ٹکڑے
یہ زلزلہ بار بار آکے؛ اُسی کی تصدیق کر رہا ہے

۲۰۴ اس کے سبب سے ہِندؔ میں اَمن واَمان ہے
نَے شور وشَر کہیں ہے؛ نہ آہ و فُغان ہے

۲۰۵ اگر پُوچھے کوئی؛ عیسیٰؑ کہاں ہے؟ تو کہہ دو؛ اُس کا مسکن قادیاں ہے
۲۰۶ اُسی کے عِشق میں نکلے مِری جاں کہ یادِ یار میں بھی؛ اِک مزا ہے
۲۰۷ اسی سے؛ میرادِل پاتا ہے تسکیں وہی؛ آرام میری رُوح کا ہے
۲۰۸ ابھی طاعُون نے چھوڑا نہیں مُلک نئی اور آنے والی؛ اِک وَبا ہے
۲۰۹ اُف! گناہوں کا بڑا اَنبار ہے اور میری جاں؛ نَحِیف و زار ہے
۲۱۰ اپنی شوکت کا وہاں اِظہار ہے اپنی کمزوری کا یاں اِقرار ہے
۲۱۱ اُسی کو پاکے؛ سب کچھ ہم نے پایا کھُلا ہے ہم پہ یہ رازِ نہانی
۲۱۲ الٰہی! جیسی یہ دولت عطا کی ہمیں توفیق دے؛ صِدق و صفا کی
۲۱۳ اے مُقتدا، اے پیشوا! اے میرزا، اے رہنما! اے مجتبیٰ، اے مُصطفےٰؐ! اے نائبِ رَبُّ الوَریٰ!
۲۱۴ اَنانِیَّت پرے ہٹ جا! مجھے مت مُنہ دِکھا اپنا مَیں اپنے حال سے واقِف ہوں تُو کِس کو بناتی ہے
۲۱۵ آریوںؔ کو میری جانِب سے سُنائے کوئی ہو جو ہِمَّت؛ تو میرے سامنے آئے کوئی
۲۱۶ آسمانی جو شہادت ہو؛ اُسے پیش کرے یُونہی بے ہُودہ نہ بے پَر کی اُڑائے کوئی
۲۱۷ ایسی ویسی جو کوئی بات نہ ہو ویدوںؔ میں ان کو اس طرح سے کیوں گھر میں چھپائے کوئی
۲۱۸ اگرتم دامنِ رحمت میں اپنے مجھ کو لے لیتے تمھارا کچھ نہ جاتا؛ لیک میری آبرُو ہوتی
۲۱۹ اپنے کوچے میں تو کُتّے بھی ہیں بَن جاتے شیر بات تب ہے؛ کہ مِرے سامنے آئے کوئی
۲۲۰ اھلِ پیغام! یہ معلوم ہوا ہے مجھ کو بعض احبابِ وَفاکیش کی تحریروں سے
۲۲۱ آزمائش کیلئے تم نے چُنا ہے مجھ کو پُشت پر ٹوٹ پڑے ہو مِری؛ شَمشیروں سے
۲۲۲ ایک تنکے سے بھی بَدتَر تھی؛ حقیقت میری فضل نے اُس کے بنایا مجھے شہتیروں سے
۲۲۳ اس کی شب کا نہ پوچھ تُو؛ جس کا دن بھی تاریک و تار رہتا ہے
۲۲۴ اَلْمَدَد! ورنہ لوگ سمجھیں گے تیرابندہ بھی خوار رہتا ہے
۲۲۵ اس کو بھی پھینک دیجئے گا کہیں ایک مُٹھی غُبار رہتا ہے
۲۲۶ آئے بھی؛ اور آکے چلے بھی گئے وہ آہ! اَیّامِ سَعد اُن کے بسُرعَت گزرگئے

۲۲۷ آمد تھی اُن کی؛ یا کہ خدا کا نزول تھا — صدیوں کا کام؛ تھوڑے سے عرصہ میں کر گئے

۲۲۸ اے شمع رُو! بتا ترے پروانے کیا ہوئے — جَل جَل کے مَر رہے تھے؛ جو دیوانے کیا ہوئے

۲۲۹ اَبوابِ بُغض و غدر و شقاوَت ہیں کھُل رہے — عِشق و وَفا و مِہر کے اَفسانے کیا ہوئے

۲۳۰ اُمّیدِ وَصل؛ حَسرت و غم سے بدل گئی — نَقشِ قدومِ یار؛ خدا جانے کیا ہوئے

۲۳۱ ان کو اِظہارِ محبت سے ہے نفرت محمود — آہ میری؛ یونہی بَدنام ہوئی جاتی ہے

۲۳۲ اِحتیاج اِک نَقص ہے؛ جَلوہ گری ہے اِک کمال — مقتضائے حُسن سِرِّ شاہد و مشہود ہے

۲۳۳ اِک عمر گزر گئی ہے؛ روتے روتے — دامانِ عَمَل کا داغ؛ دھوتے دھوتے

۲۳۴ آتا ہے؛ تو اب گنہ میں لُطف آتا ہے — نَوبَت یہ پہنچ گئی ہے؛ ہوتے ہوتے

۲۳۵ اے میری اُلفت کے طالب یہ میرے دل کا نقشہ ہے — اب اپنے نفس کو دیکھ لے تُو؛ وہ ان باتوں میں کیسا ہے

۲۳۶ اَبر آتے تھے؛ اور جاتے تھے — دل کو ہر اِک کے؛ خُوب بھاتے تھے

۲۳۷ آ اِک شعاع نُور کی مجھ پر بھی ڈال دے — تاریکیٔ گناہ سے باہر نکال دے

۲۳۸ اے میری پیاری بیٹی! — میرے جگر کا ٹکڑا؛ میری کمر کی پٹّی

۲۳۹ آخر وہ ہوئے ثابت؛ پیغام ہلاکت کا — جو غمزے مرے دل کو؛ بے حَد ترے بھائے تھے

۲۴۰ اِکسیر کا دیتے ہیں؛ اَب کام وہ دنیا میں — خونِ دلِ عاشق میں؛ جو تیر بُجھائے تھے

۲۴۱ اس مرہمِ فردَوسی میں حق ہے ہمارا بھی — کچھ زخم تری خاطر؛ ہم نے بھی تو کھائے تھے

۲۴۲ اِک دِن جو آہ دل سے ہمارے نکل گئی — غیرت کی اور عشق کی آپس میں چَل گئی

۲۴۳ آئینۂ خیال میں صُورت دِکھا گئے — یُوں گرتے گرتے میری طبیعت سنبھل گئی

۲۴۴ اَحوالِ عِشق پُوچھتے ہو، مجھ سے کیا؛ ندیم — طَبعِ بشر پھِسلنے پہ آئی؛ پھسل گئی

۲۴۵ ایمان مجھ کو دے دے؛ عِرفان مجھ کو دے دے — قُربان جاؤں تیرے؛ قرآن مجھ کو دے دے

۲۴۶ اَبکِی عَلَیکِ کُلَّ یَومٍ وَّ لَیلَۃٍ — اَرثِیکِ یَا زَوجِی بِقَلبٍ دَامِی

۲۴۷ اِک پاک صاف دل مجھے پَروردِگار دے — اور اس میں عَکسِ حُسنِ اَزَل کا اُتار دے

۲۴۸ اَفسُردگی سے دل مِرا مُرجھا رہا ہے آج — اے چشمۂ فُیوض! نئی اِک بہار دے

۲۴۹ اے حُسن کے جادو! مجھے دیوانہ بنادے
اے شمعِ رُخ! اپنا مجھے پَروانہ بنادے

۲۵۰ اُس اُلفتِ ناقِص کی تمنّا نہیں مجھ کو
جو دِل کو مِرے؛ گوھرِ یکتا نہ بنادے

۲۵۱ اِنصاف کی کیا؛ اس سے اُمّید کرے کوئی
بے داد کو جو ظالم آئینِ وَفا سمجھے

۲۵۲ اُسی کے دَر پہ؛ اَب دُھونی رَمادُوں
کِیا ہے فیصلہ یہ؛ میرے جی نے

۲۵۳ اُسی کا فضل ڈھانپے گا مِراسَتر
نہ کام آئیں گے پشمینے مَرِینے

۲۵۴ اُنھیں ٹُوٹا ہی سمجھو ہرگھڑی تُم
وہ دل جو بَن رہے ہیں آبگینے

۲۵۵ آنکھوں میں نُور بَن کے؛ سَمایا کرے کوئی
میرے دل و دماغ پہ چھایاکرے کوئی

۲۵۶ اُلجھ اُلجھ کے؛ مَیں گِرتا ہوں دامنِ تَر سے
مِری اُمّیدوں کی بستی؛ یُونہی اُجڑتی ہے

۲۵۷ آنکھوں میں وہ ہماری رہے؛ اِبتدا یہ ہے
ہم اس کے دل میں بسنے لگیں؛ اِنتہا یہ ہے

۲۵۸ اس کی وَفاومِہر میں کوئی کمی نہیں
تم اُس کو چھوڑ بیٹھے ہو؛ ظُلم و جَفا یہ ہے

۲۵۹ اپنے کرم سے بخش دے؛ میرے خدا! مجھے
بیمارِعشق ہوں تیرا؛ دے تُو شِفا مجھے

۲۶۰ اللہ کے پیاروں کو؛ تم کیسے بُرا سمجھے
خاک ایسی سمجھ پر ہے؛ سمجھے بھی، تو کیا سمجھے

۲۶۱ اسلام کو ہے نور مِلا؛ نورِخدا سے
ہے ایسی یہ تنویر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی

۲۶۲ اُمّیدِ کامیابی و شُغلِ سُرُودورَقص
یہ بیل چڑھ سکے گی نہ ہرگز مَنڈھے تِری

۲۶۳ اُن کو فُرصَت ہی صُلح کی؛ کَب ہے؟
وَقفِ جنگ و جِدال ہیں ایسے

۲۶۴ اب تک ہے؛ مِرے قلب کے ہرگوشہ میں موجود
اُن لَفظوں کی تاثیر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

۲۶۵ انسان کی تدبیر پہ؛ غالِب ہے ہمیشہ
اللہ کی تدبیر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

۲۶۶ آنکھ گر مُشتاق ہے؛ جلوہ بھی تو بیتاب ہے
دل دھڑکتا ہے مِرا؛ آنکھ اُن کی بھی پُرآب ہے

۲۶۷ اسلام؛ کھانے، پینے، پہننے کے حق میں ہے
پَر یہ نہ ہو؛ کہ نَفس کو آوارہ چھوڑدے

۲۶۸ اِبلیس کا سر؛ پاؤں سے تُو اپنے مَسَل دے
ایسا نہ ہو؛ پھر کعبہ کو بُت خانہ بَنادے

۲۶۹ اُس کی رَعنائی؛ مِرے قلبِ حَزِیں سے پوچھئے
حُوروغِلماں کی خبر؛ خُلدِبریں سے پُوچھئے

۲۷۰ اِستجابت کے مزے؛ عرشِ بریں سے پُوچھئے
سجدہ کی کیفیّتیں؛ میری جبیں سے پُوچھئے

۲۷۱ آسمانی بادشاہت کی خبر: احمدؐ کو ہے
کِس کی مِلکِیّت ہے خَاتَم: یہ نگیں سے پُوچھئے

۲۷۲ اِبتدائے عشق سے دل کھوچکا ہے عقل و ہوش
سِرِّ اُلفت: اُس نگاہِ شرمگیں سے پُوچھئے

۲۷۳ آسماں کی رازجُوئی: عَقل سے ممکن نہیں
رازِخانہ پُوچھنا ہو: تو مَکیں سے پُوچھئے

۲۷۴ اِسلام کے شیدائی ہیں: خُوں ریزی پہ مائل
ہاتھوں میں جو خَنجر ہیں: تو پہلو میں کٹارے

۲۷۵ اُلفت اُلفت کہتے ہیں: پَر دل اُلفت سے خالی ہے
ہے دل میں کچھ اور منہ پر کچھ: دنیا کی رِیت نِرالی ہے

۲۷۶ اندھیاری راتوں میں سجدے کرنا: تو پہلی باتیں تھیں
اَب دن اِک مجلس عیش کی ہے: اور رات جو ہے دیوالی ہے

۲۷۷ اَب صوفے، کوچیں گِرجا میں: اِک شان سے رکھے رہتے ہیں
مَسجِد میں چٹائی ہوتی تھی: سو ظالم نے سَرکا لی ہے

۲۷۸ ارے مُسلم! طبیعت تیری کیسی لااُبالی ہے
تِرے اَعمال دنیا سے جُدا: فِطرت نِرالی ہے

۲۷۹ اِس سِیہ رُوئی پہ شوقِ ملاقات ہے عَبَث
اس ماہرُو کا رنگ چڑھانا ہی چاہیئے

۲۸۰ اِدھر ہم بَضِد ہیں: اُدھر دِل بَضِد ہے
ہم اُس سے ہیں: اور وہ ہے مجبور ہم سے

۲۸۱ ایک بیماری سے گھائل: ایک فکروں کا شِکار
دیکھئے! دُنیا میں باقی یہ رہے: یا وہ رہے

۲۸۲ احسان ولُطف عام رہے: سب جہان پر
کرتے رہو ہراِک سے مُرَوَّت: خداکرے

۲۸۳ اِخلاص کا درخت بڑھے آسمان تک
بڑھتی رہے تمھاری اِرادت: خداکرے

۲۸۴ اُٹھتا رہے ترقی کی جانب قدم ہمیش
ٹوٹے کبھی تمھاری نہ ہمّت: خداکرے

۲۸۵ الٰہی! تُو بچالے سب مسلمانوں کو ذِلّت سے
کہ جوکچھ کررہے ہیں: کررہے ہیں وہ جہالت سے

۲۸۶ اگر رہنا ہو راحت سے: تو رِہ کامِل قناعت سے
کبھی بھی تَر نہ ہو تیری زُباں: حَرفِ شِکایت سے

۲۸۷ اِدھر بھی دیکھو اُدھر بھی دیکھو: زَمیں کو دیکھو فلک کو دیکھو
تو راز کُھل جائے گا یہ تم پر: کہ بندہ بندہ، خُدا خُدا ہے

۲۸۸ اِس عِشق میں گلاب بھی: اب خار ہوگئے
دل کے پھپھولے جَل اُٹھے: اَنگار ہوگئے

۲۸۹ اُن کو سزا بھی دی: تو بڑائی ہے اس میں کیا
جو خود ہی اپنے نَفس سے بیزار ہوگئے

۲۹۰ اللہ کے فَرِشتوں کی طاقت تو دیکھ تُو
جو ہم کو مارتے تھے: گِرفتار ہوگئے

۲۹۱ اُچھل چکا ہے بہت نام لاتؔ وعُزّیٰ کا — اَب اپنا نام جہاں میں اُچھال دے پیارے!

۲۹۲ اِک نِگہ میں زالِ دُنیا چھین کر دل لے گئی — رِہ گئی بے کار ہو کر؛ دِل رُبائی آپ کی

۲۹۳ اس کا ہر ہر قول حُجّت ہے زمانہ بھر پہ آج — میرزؔا میں جلوہ گر ہے؛ میرزائی آپ کی

۲۹۴ ایک بے کَس، نیم جاں کو؛ آزمانا چھوڑ دے — نارِ فُرقت سے؛ مِرے دل کو جلانا چھوڑ دے

۲۹۵ اِس پہ یہ فَضل، یہ کَرم؛ یہ رحم — کیا طبیعت ہے؛ بادشاہوں کی

۲۹۶ اُٹھی آواز جب؛ اَذاں کی اللہ کے گھر سے — تو گونج اُٹھے گا لندنؔ؛ نَعرۂ اَللّٰہُ اَکبَر سے

۲۹۷ اُڑے گا پرچمِ توحید پھر سَقفِ مُعلّٰی پر — مِلیں گے دھکّے دیوِ شِرک کو گھر گھر سے دَر دَر سے

۲۹۸ اس زمانہ میں اِماموں کی بڑی کثرت ہے — مُقتَدی مِلتے نہیں؛ اِن کی بڑی قِلّت ہے

۲۹۹ اس پہ یہ اور ہے آفت؛ کہ ہیں باغی پَیرو — اور لیڈر کو جو دیکھو؛ تو وہ کَم ہِمّت ہے

۳۰۰ اپنے مُحسن پہ سِتَم؛ اس سے بڑا کیا ہوگا — قَرض لے کر، جو نہ دے؛ سَخت ہی بَد فِطرَت ہے

۳۰۱ اسی کے دَم سے مرا تھا آتھمؔ؛ اسی نے لیکھوؔ کا سر کیا خم — اسی کا دنیا میں آج پرچم؛ ہُما کے بازو پہ اُڑ رہا ہے

۳۰۲ احساں نہ تیرا بھولوں گا تازِیست؛ اے مسیحؑ — پہنچا دے گر تُو یار کے دَر پر ذرا مجھے

۳۰۳ اِک وقت آئے گا؛ کہ کہیں گے تمام لوگ — مِلّت کے اس فدائی پہ؛ رحمت خدا کرے

۳۰۴ ایک دل؛ شیشہ کی مانند ہوا کرتا ہے — ٹھیس لگ جائے ذراسی؛ تو صدا کرتا ہے☆

۳۰۵ ایک دل؛ شیشہ کی مانند ہوا کرتا ہے — ٹھیس لگ جائے ذراسی؛ تو صدا کرتا ہے

---

☆ یہ شعر، دراصل حضرت مصلحِ موعود رضی اللہ عنہ کی ایک پُرانی نظم کا مطلع ہے جو کہ غالباً 1924ء کی ہے۔ آپؓ کو صرف اِس کا مطلع یاد رِہ گیا تھا۔ پھر 1946ء میں اِسی مطلع پر ایک نئی نظم کہی۔ اِسی لئے، کلامِ محمود میں یہ شعر دو مختلف جگہوں پر ہے۔ چنانچہ اِس کتاب میں بھی یہ شعر دو بار شامل کیا گیا ہے۔ اور اشعار کے شمار میں بھی اِس کو دو بار شامل کیا گیا ہے۔

# 'ب' سے 'ی'

## ('ب' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **96** |
| i | دُرِّ ثمین | 27 |
| ii | دُرِّ عدن | 12 |
| iii | کلامِ طاہر | 19 |
| iv | کلامِ محمود | 38 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ بنا سکتا نہیں؛ اِک پاؤں کیڑے کا بشر ہرگز
تو پھر کیونکر بنانا نورِ حق کا؛ اس پہ آساں ہے

۲ بدی پر غیر کی ہردَم نظر ہے
مگر اپنی بدی سے بے خبر ہے

۳ برباد جائیں گے ہم؛ گر وہ نہ پائیں گے
رونے سے لائینگے ہم؛ دل میں رچا یہی ہے

۴ بہارِ جاوِداں پیدا ہے؛ اس کی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے؛ نہ اُس سا کوئی بستاں ہے

۵ بارگاہِ ایزدی سے؛ تُو نہ یوں مایوس ہو
مشکلیں کیا چیز ہیں؛ مشکل کشا کے سامنے

۶ بے احتیاط؛ ان کی زباں وار کرتی ہے
اِک دَم میں اس علیم کو؛ بے زار کرتی ہے

۷ بات جب اس کی یاد آتی ہے
یاد سے ساری خَلق جاتی ہے

۸ بَرخلافِ نصّ یہ کیا جوش ہے
سوچ کر دیکھو؛ اگر کچھ ہوش ہے

۹ بَخدا دل سے میرے مِٹ گئے سب غیروں کے نقش
جب سے دل میں یہ تیرا نقش جمایا ہم نے

۱۰ بچا آگ سے؛ اور بچا آب سے
اسی کے اثر سے؛ نہ اسباب سے

۱۱ بِلا ریب تُو حیّی و قدّوس ہے
تیرے بِن؛ ہر اِک راہ سالوس ہے

۱۲ باقی وہی ہمیشہ؛ غیر اس کے سب ہیں فانی    غیروں سے دل لگانا؛ جھوٹی ہے سب کہانی

۱۳ بہتر ہے اس کی طاعت؛ طاعت میں ہے سعادت    یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۱۴ بابرگ وبار ہوویں؛ اِک سے ہزار ہوویں    یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۱۵ باہر نہیں اگر دل؛ مردہ غلاف سے    حاصل ہی کیا ہے جنگ وجِدال وخِلاف سے

۱۶ بشارت کیا ہے؛ اِک دل کی غذا دی    **فسبحان الّذی اخزی الا عادی**

۱۷ بدی کا پھل بدی؛ اور نامرادی    **فسبحان الّذی اخزی الا عادی**

۱۸ بیاں اس کا کروں؛ طاقت کہاں ہے    محبت کا تو اِک دریا رَواں ہے

۱۹ بسر کرتے ہو غفلت میں جوانی    مگر دل میں یہی تم نے ہے ٹھانی

۲۰ باغِ احمدؐ سے ہم نے پھل کھایا    میرا بستاں؛ کلامِ احمدؐ ہے

۲۱ بَدگماں کیوں ہو خدا کچھ یاد ہے    اِفترا کی کب تلک بنیاد ہے

۲۲ باطن سِیہ ہیں جن کے؛ اِس دِیں سے ہیں وہ منکر    پر اے اندھیرے والو! دل کا دِیا یہی ہے

۲۳ بس اے میرے پیارو! عقبیٰ کو مت بسارو    اس دِیں کو پاؤ یارو! بدرالدّجےٰ یہی ہے

۲۴ بَدتر ہرایک بَد سے، وہ ہے؛ جو بَدزباں ہے    جس دل میں یہ نجاست؛ بیت الخلا یہی ہے

۲۵ بہت بڑھ بڑھ کے باتیں کی ہیں تُو نے؛ اور چھپایا حق    مگر یہ یاد رَکھ؛ اِک دن نِدامت آنے والی ہے

۲۶ بے خدا کوئی بھی ساتھی نہیں تکلیف کے وقت    اپنا سایہ بھی اندھیرے میں جدا ہوتا ہے

۲۷ بَرتَر گمان و وہم سے؛ احمدؐ کی شان ہے    اس کا غلام دیکھو! مسیح الزّمان ہے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲۸ بس اِک نظر سے عقدۂ دل کھول جایئے    دل لیجئے مِرا؛ مجھے اپنا بنایئے

۲۹ بصد تکریم جاتے ہیں جلو میں    فرشتے چادرِ اَنوار تانے

۳۰ بڑا بدبخت ہے؛ ظالم ہے بندہ    جو اس سے عہد کر کے توڑتا ہے

۳۱ بروئے کار ہے شیطاں نقاب برانداز    بدی کو، خوب ہے؛ ہم کیوں کہیں، ریا کیلئے

۳۲ بلا قریب؛ کہ یہ خاک پاک ہوجائے    نہ کر یہاں مِری مٹی خراب جانے دے

۳۳ بَن جاؤ خدا کے تم؛ آجائے گی خود دنیا — جوڑے ہوئے ہاتھوں کو؛ تَر عرق ندامت سے

۳۴ بھولے بھالے منہ سے وہ باتیں نرالی آن سے — ننھے منے پاؤں سے چلنا وہ اس کا شان سے

۳۵ بڑا اس نے احسان ہم پر کیا ہے — طریقہ تسلی کا بتلا دِیا ہے

۳۶ بشارت دی مسیحا کو خدا نے — تمہیں پہنچے گی رحمت کی نشانی

۳۷ بادِ رحمت سے اُڑ کے ہر غم وفکر — ایک بھولا سا خواب ہوجائے

۳۸ بڑے پیار سے جس نے پالا مجھے — سمجھی ہے گھر کا اجالا مجھے

۳۹ بیمار کو ہے ناز؛ کہ نازک مزاج ہوں — جو تندرست ہیں؛ انہیں صحت پہ ناز ہے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴۰ بَن کے تسکین، خود ان کے پہلو میں آ؛ — دُور کر بَد بَلا، یا بتا کتنے دن؛
لاڈ کر، دے انہیں لوریاں، دل بڑھا — اور ہیں، صبر کے امتحان کیلئے

۴۱ بَس نامہَ بَر اَب اِتنا تو جی نہ دُکھا؛ کہ آج — پہلے ہی دل کی ایک اِک دھڑکن اُداس ہے

۴۲ بَن باسیوں کی یاد میں کیا ہوں گے گھر اُداس — جتنا کہ بَن کے باسیوں کا مَن اُداس ہے

۴۳ بَس یادِدوست اور نہ کر فرشِ دل پہ رَقص — سُن کتنی تیرے پاؤں کی جھانجن اُداس ہے

۴۴ بھیڑوں کی کھالوں میں لپٹے کتنے گُرگ مِلے رَستے میں — مقتولوں کے بھیس میں دیکھو؛ کیسے کیسے قاتل آئے

۴۵ بگولے بَن کے اُڑجانا رَوِشِ غولِ بیاباں کی — ہمیں آبِ بقا پی کر اَمَر ہوجانا آتا ہے

۴۶ بے آسراؤں کیلئے کوئی تو اَشکبار ہو — پیاس بجھے غریب کی تِشنہ لَبوں کو گُل پڑے

۴۷ بادِسموم سے چمن دَردوں دُکھوں سے لَد گیا — آہِ فقیر سے مِرے اَشک اُبل اُبل پڑے

۴۸ بَن گئی بزمِ شَش جِہات میکدۂ تجلّیات — دَیروحرم کو چھوڑکر رِند نِکل نِکل پڑے

۴۹ بنا ہے مَہبَطِ اَنوار قادیاںؔ؛ دیکھو — وہی صدا ہے سُنو! جو سَدا سے اُٹھی ہے

۵۰ بھیگی ہوئی بُجھتی ہوئی مِٹتی ہوئی آواز — اظہارِ تمنا وہ اِشاروں کے سہارے

۵۱ بَن کے اَپنا ہی لِپٹ جاتا ہے روتے روتے — غیر کا دُکھ بھی جو سینے سے لگایا ہم نے

۵۲ بہنوں کی اُمنگوں کے دفینوں کی قسم ہے — ماؤں کے سُلگتے ہوئے سینوں کی قسم ہے

بڑھے اُس کا غم تو قرار کھو دے؛ اُٹھیں ہاتھ اپنے لئے؛

٥٣ وہ میرے غم کے خیال سے تو پھر بھی مِرے لئے ہی دعا کرے

٥٤ بڑا شور ہے مِرے شہر میں کسی اجنبی کے نزول کا وہ میری ہی جان نہ ہو کہیں؛ کوئی جا کے کچھ تو پتہ کرے

٥٥ بھلا کیسے اپنے ہی عکس کو مَیں رفیقِ جان بنا سکوں کوئی اور ہو تو بتا تو دے کوئی ہے کہیں تو صدا کرے

٥٦ باپ کی ایک غمزدہ بیٹی؛ دیر کے بعد مسکرائی ہے آنکھ نمناک ہے مگر پھر بھی مسکراہٹ لبوں پر آئی ہے

٥٧ بذل حق محمود سے میری کہانی کھوگئی بذل حق سے رُوٹھ کر وہ واصلِ حق ہوگئی

٥٨ بڑھے چلو براہِ دِیں خوشا نصیب؛ کہ تمہیں خلیفۃ المسیح سے اَمیرِ کارواں ملے

## کلامِ محمود

٥٩ بے کَس نوازذات ہے تیری ہی؛ اے خدا! آتا نظر نہیں کوئی؛ تیرے سِوا مجھے

٦٠ بھنور میں پھنس رہی ہے کشتیٔ دِیں تلاطم بحرِ ہستی میں بپا ہے

٦١ باز آؤ شرارتوں سے اپنی کچھ تم میں اگر بُوئے وَفا ہے

٦٢ بجالاؤ احکامِ احمد خدارا ذراسی بھی گر تم میں بُوئے وَفا ہے

٦٣ بپا کیوں ہوا ہے یہ طُوفاں یکایک بتاؤ تو اس بات کی وجہ کیا ہے

٦٤ بھٹکتے پھرتے ہیں راہ سے جو؛ انہیں ہے یہ یار سے ملاتا جواں کے واسطے خضرِ رَہ ہے؛ تو پِیر کے واسطے عصا ہے

٦٥ بادشاہوں کو غرض پَردہ سے کیا ہم نے کھینچی آپ ہی دیوار ہے

٦٦ بچاتا ہے ہر اِک آفت سے ان کو ٹلاتا ہے؛ بَلائے ناگہانی

٦٧ بنائیں دِل کو گلزارِ حقیقت لگائیں شاخ زُھد و اِتّقا کی

٦٨ بے چین ہے جانِ حزیں حالت ہماری زار ہے

٦٩ بلائے ناگہاں! بیٹھے ہیں ہم آغوشِ دِلبر میں خبر بھی ہے تجھے کچھ تُو کِنھیں آنکھیں دکھاتی ہے

٧٠ بیٹھ کر شیش مَحَل میں نہ کرے نادانی سا کِنِ قلعہ پہ پتّھر نہ چلائے کوئی

٧١ بابِ رحمت نہ بند کیجئے گا ایک اُمّید وار رہتا ہے

٧٢ برکتیں دینا؛ گالیاں سُننا اب یہی کاروبار رہتا ہے

۷۳ بھنور میں پھنس رہی ہے؛ گو نہیں ہے خوف ناؤ کو
بچایا جس نے نوحؑ کو تھا؛ ناخُدا وہی تو ہے

۷۴ بے ہُنر کو پوچھتا ہی کون ہے دنیا میں آج
ہے کوئی تو تجھ میں جوہر تو اگر مَحسُود ہے

۷۵ باپ کی سُنّت کو چھوڑا؛ ہوگیا صَیدِ ہَوا
اِبنِ آدم بارگہ سے اس لیے مَطرُود ہے

۷۶ بجلیوں کی چمک میں مجھ کو نظر
جلوے اس کی ہنسی کے آتے تھے

۷۷ بھڑک اُٹھتی ہے پھر؛ شمعِ جہاں کی روشنی یک دَم
عَدَم سے سوئے ہستی جب کوئی پَروانہ آتا ہے

۷۸ بچھڑے ہوؤں کو جنّتِ فردوس میں مِلا
جَسرِ صِراط سے بہ سہولت گزار دے

۷۹ بدل کے بھیس مُعالج کا؛ خود وہ آتے ہیں
زمانہ کی جو طبیعت؛ کبھی بگڑتی ہے

۸۰ بار مِل جاتا ہے مجلس میں کسی کی دوپہر
دن ہوئے جاتے ہیں رَوشن مرے؛ اَب راتوں سے

۸۱ بُوئے چمن اُڑائے پھرے جو؛ وہ کیا صَبا
لائی ہے بُوئے دوست اُڑا کر؛ صَبا یہ ہے

۸۲ بھٹکتے پھر رہے ہو؛ سب جہاں میں
لِیا کیا تم نے دِلبَر کو بھُلا کے

۸۳ بے حَدّ و بے شُمار میرے گُناہ
کِس طرح دیں گے وہ حساب مجھے

۸۴ بَس کے آنکھوں میں؛ دل میں گھر کر کے
کر گئے یُوں وہ لاجواب مجھے

۸۵ بُرا جَما؛ کہ بھَلا اپنی اپنی قسمت ہے
ہمارے دل پہ ترا نقش کچھ جَما تو سہی

۸۶ بے کار رَکھ کے سینہ میں دل؛ کیا کروں گا مَیں
آخر کسی کے کام تو؛ آنا ہی چاہیئے

۸۷ بے عیب چیز لیتے ہیں؛ تحفہ میں خُوبرُو
داغِ دِلِ اَثیم؛ مِٹانا ہی چاہیئے

۸۸ بڑھتی رہے خدا کی محبت؛ خدا کرے
حاصل ہو تم کو دِید کی لَذّت؛ خدا کرے

۸۹ بڑھتی رہے ہمیشہ ہی طاقت؛ خُدا کرے
جِسموں کو چھُو نہ جائے نَقاہت؛ خُدا کرے

۹۰ بَدیوں سے پہلو اپنا؛ بچاتے رہو مُدام
تقویٰ کی راہیں طَے ہوں بعُجلَت؛ خُدا کرے

۹۱ بَطحا کی وادیوں سے؛ جو نکلا تھا آفتاب
بڑھتا رہے وہ نُورِ نبوت؛ خُدا کرے

۹۲ بَسَر کر عُمر تُو اپنی؛ نہ سو سو کر، نہ غَفلت سے
کہ ملتی ہے ہر اِک عِزّت؛ اِطاعت سے عِبادت سے

۹۳ بیٹھ جاتا ہوں وہیں؛ تھام کے اپنے سَر کو
جب کبھی دل میں مِرے؛ دَرد اُٹھا کرتا ہے

۹۴ بھائی! زمانہ کا یہ تغیر تو دیکھنا
جو صاحبِ جَلال تھے؛ بے کار ہوگئے

۹۵ بُجھا دے آگ مِرے دل کی؛ آبِ رحمت سے — مَصائِب اور مَکارِہ کو؛ ٹال دے پیارے!

۹۶ بڑھ گئے ہم سے صحابہؓ؛ توڑ کر ہر روک کو — ہم سُبک ہوکر؛ گِراں باروں سے پیچھے رِہ گئے

# 'پ' سے 'ی'

## ('پ' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 73 |
| i | دُرِّ ثمین | 19 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 14 |
| iv | کلامِ محمود | 37 |

### ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ پر شکر اے خدایا! جاں کھو کے؛ تجھ کو پایا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۲ پر دل کو پہنچے غم؛ جب یاد آئے وقتِ رخصت — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۳ پھر اپنے کفر کی خبر؛ اے قوم لیجئے — آیت علیکم انفسکم یاد کیجئے

۴ پاکوں کو پاک فطرت دیتے نہیں ہیں گالی — پر ان سِیہ دِلوں کا؛ شیوہ سدا یہی ہے

۵ پر آریوں کے دِیں میں؛ گالی بھی ہے عبادت — کہتے ہیں سب کو جھوٹے؛ کیا اِتّقا یہی ہے

۶ پھر کِس طرح وہ مانیں؛ تعلیمِ پاکِ فرقاں — ان کے تو دل کا رہبر؛ اور مقتدا یہی ہے

۷ پہلے صحیفے سارے؛ لوگوں نے جب بگاڑے — دنیا سے وہ سدھارے؛ نوشہ نیا یہی ہے

۸ پہلوں سے خوب تر ہے؛ خوبی میں اِک قمر ہے — اس پر ہر اِک نظر ہے؛ بدرالدّجیٰ یہی ہے

۹ پہلے تو رَہ میں ہارے؛ پار اُس نے ہیں اتارے — مَیں جاؤں اس کے وارے؛ بس ناخدا یہی ہے

۱۰ پردے جو تھے، ہٹائے؛ اندر کی رَہ دکھائے — دل یار سے ملائے؛ وہ آشنا یہی ہے
۱۱ پیارو! یہ روا ہرگز نہیں ہے — خدا وہ ہے؛ جو ربّ العالمیں ہے
۱۲ پسندآتی ہے اس کو خاکساری — تذلّل ہے رَہِ دَرگاہِ باری
۱۳ پر یہ کلام؛ نورِخدا کو دکھاتا ہے — اس کی طرف؛ نشانوں کے جلوہ سے لاتا ہے
۱۴ پھر اس سے سچی راہ کی عظمت ہی کیا رہی — اور خاص وجہِ صَفوَتِ ملّت ہی کیا رہی
۱۵ پس تم تو ایک بات کے کہنے سے مرگئے — یہ کیسی عقل تھی؛ کہ براہِ خطر گئے
۱۶ پس تم بچاؤ اپنی زباں کو فساد سے — ڈرتے رہو عقوبتِ ربّ العباد سے
۱۷ پر پھربھی جن کی آنکھ تعصّب سے بند ہے — ان کی نظر میں حال مِرا ناپسند ہے
۱۸ پھر یہ عجیب غفلتِ ربِّ قدیر ہے — دیکھے ہے ایک کو؛ کہ وہ ایساشریر ہے
۱۹ پھر کیوں یہ بات میری ہی نسبت پلٹ گئی — یا خود تمہاری چادرِتقویٰ ہی پھٹ گئی

## دُرِّ عدن

۲۰ پایا جنہوں نے حسن؛ وہ اس مئے سے مست ہیں — ہراِک سے بے نیاز ہیں؛ صورت پہ ناز ہے
۲۱ پہنے ہے یہ ایمان کا اخلاق کا زیور — یہ لعل یہ الماس و گہر تیرے حوالے
۲۲ پل مارنے کی دیر ہے حاجت روائی میں — بس التفاتِ قاضی حاجات چاہیئے

## کلامِ طاہر

۲۳ پیغام آرہے ہیں؛ کہ مسکن اُداس ہے — طائر کے بعد؛ اُس کا نشیمن اُداس ہے
پیار کے پھول دل میں سجائے ہوئے؛ — قافلے دُوردیسوں سے آئے ہوئے؛
۲۴ نورِایماں کی شمعیں اٹھائے ہوئے — غم زدہ اِک بدیس آشیاں کیلئے
پھول تم پر فرشتے نچھاورکریں؛ — آرزوئیں میری جو دعائیں کریں؛
۲۵ اور کشادہ ترقی کی راہیں کریں — رنگ لائیں میرے میہماں کیلئے
۲۶ پتھر کی لکیر ہے، یہ تقدیر؛ مٹا دیکھو، گر ہمّت ہے — یاظلم مٹے گا دھرتی سے؛ یادھرتی خودمٹ جائے گی

پھر اُفق تا اُفق ایک قوسِ قُزح؛ اِک حسیں یاد لے جیسے انگڑائیاں؛
۲۷ اُن کے پیکر کا آئینہ بَن کر سجی عالمِ خواب میں خُفتگاں کیلئے

پھر اِک بار گڑھے میں تُو نے؛ کر دیئے پھر اِک بار؛
۲۸ سب دشمن چُن چُن کے اُتارے ہمارے آقا کے اُونچے مینارے

۲۹ پشاوؔر سے انہی راہوں پہ سنگستانِ کابلؔ کو میرا شہزادہ لے کر جان کا نذرانہ آتا ہے

۳۰ پر سوچو! کہ تم میں سے ہے بعضوں میں وہ کیا عیب وہ جو بھی ہوں؛ انسان کے بچے نہیں لگتے

۳۱ پھر بھی چین نہ آئے؛ گھر کی یاد بہت ترسائے جیسے زخمی مچھلی تڑپے؛ تڑپے اور بَل کھائے

۳۲ پچھتائے اور اپنے مَن پر آپ ہی دوش لگائے بلک بلک کر اِک سنیاسن کا یہ دوہا گائے

۳۳ پربت کا کٹنا؛ یا اس کے جی پر آفت ڈھائے اولوں کا پتھراؤ کرے اس پر؛ اور شرم دلائے

۳۴ پیتم یاد میں ڈوبا ڈوبا؛ پریم نگر کو جائے ایک ہی دُھن گُم ہو مَن میں؛ ایک ہی یار بسائے

۳۵ پر احمدؔی وہ ہیں؛ کہ جن کے جب دعا کو ہاتھ اُٹھیں تڑپ تڑپ کے یوں کہیں؛ کہ ہم کو قادیاںؔ ملے

۳۶ پھر بیٹھ کر مزے سے؛ کسی بند کمرے میں اِک دوسرے کو حلوے پہ حلوہ کھلائیں گے

## کلامِ محمود

۳۷ پڑھ لیا قرآںؔ عبدالحیؔ نے خوش بہت ہیں آج سب چھوٹے بڑے

۳۸ پھائے رکھے گئے واں مرہمِ کافوری کے دیے جاتے تھے جہاں زخمِ جگر کے چرکے

۳۹ پھیلایا تار مُلک میں آرام کیلئے یہ سلطنت ہی ہم پہ بہت مہرباں ہے

۴۰ پیتے ہیں ایک گھاٹ پہ شیر اور گوسپند اس سلطنت میں یاں تلک امن واَمان ہے

۴۱ پریشاں کیوں نہ ہوں دشمن؛ مسیحا! ظفر کی؛ تیرے ہاتھوں میں عناں ہے

۴۲ پس اس کی شان میں جو کچھ ہو کہتے ہمارے دل جگر کو چھیدتا ہے

۴۳ پتھر بھی پُکار کر کہیں گے اِن کافروں کی یہی سزا ہے

۴۴ پڑا عجب شور جا بجا ہے؛ جو ہے وہ دنیا پہ ہی فِدا ہے نہ دل میں خوفِ خُدا رہا ہے نہ آنکھ میں ہی رہی حیا ہے

۴۵ پارہ ہائے دِل اُڑے جاتے ہیں کیوں یہ جگر کا زَخم کیوں خونبار ہے

۴۶ پیالہ بھرا ہے لب بلَب — ٹھوکر ہی اِک دَرکار ہے

۴۷ پڑی ہے کیسی مصیبت؛ یہ غُنچۂ دِیں پر — رہی وہ شکل و شباہت؛ نہ رنگ وبُو باقی

۴۸ پیاس میری نہ بُجھی گر؛ تو مجھے کیا اس سے — چشمۂ فیض وعِنایات؛ اگر جاری ہے

۴۹ پیٹھ میدانِ وَغا میں؛ نہ دِکھائے کوئی — مُنہ پہ یا عشق کا پھر نام نہ لائے کوئی

۵۰ پَردۂ زُلفِ دوتا رُخ سے ہٹالے پیارے! — ہجر کی موت سے لِلّٰہ بچالے پیارے!

۵۱ پَردۂ غیب سے امداد کے ساماں کردے — سب کے سب بوجھ مِرے آپ اُٹھالے پیارے!

۵۲ پھر بھی مغلُوب رہو گے؛ مِرے تا یومُ البَعث — ہے یہ تقدیر؛ خداوند کی تقدیروں سے

۵۳ پَل بھر میں میل سینکڑوں بَرسوں کی دُھل گئی — صدیوں کے بگڑے؛ ایک نظر میں سُدھر گئے

۵۴ پُر کرگئے فَلاح سے؛ جھولی مُراد کی — دامانِ آرزو کو؛ سعادت سے بھر گئے

۵۵ پَر تم یونہی پڑے رہے؛ غفلت میں، خواب کی — دیکھا نہ آنکھ کھول کے؛ ساتھی کِدھر گئے

۵۶ پُوچھو جو اُن سے؛ زُلف کے دیوانے کیا ہوئے — فرماتے ہیں؛ کہ میری بَلا جانے کیا ہوئے

۵۷ پھر مِٹے جاتے ہیں؛ ہرقِسم کے دُنیا سے فَساد — عَقل پھر تابعِ اِلہام ہوئی جاتی ہے

۵۸ پڑھ چکے اَحرار؛ بس اپنی کِتابِ زندگی — ہوگیا پھٹ کر ہَوا؛ اُن کا حُبابِ زندگی

۵۹ پڑ رہی ہیں اُنگلیاں اَربابِ حَلّ وعَقد کی — بج رہا ہے اس طرح؛ ان کا رُبابِ زندگی

۶۰ پہاڑوں کو اُس نے ہی اُونچا کیا ہے — سمندر کو اُس نے ہی پانی دیا ہے

۶۱ پھر مِرے سَر میں لگے اُٹھنے خَیالاتِ جُنُوں — فِتنۂ مَحشر مِرے دِل میں بپا ہونے کو ہے

۶۲ پھر مِری شامت کہیں لے جارہی ہے کھینچ کر — کیا کوئی پھر مائلِ جَوروجَفا ہونے کو ہے

۶۳ پھر کسی کی تیغِ اَبرو اُٹھ رہی ہے باربار — پھر مِرا گھر؛ موردِکرب وبَلا ہونے کو ہے

۶۴ پھر بہا جاتا ہے آنکھوں سے مِری اِک سَیلِ اَشک — پھر مِرے سینہ میں اِک طُوفاں بپا ہونے کو ہے

۶۵ پھر چھُٹا جاتا ہے ہاتھوں سے مِرے دامانِ صبر — نالۂ آہ وفُغاں کا باب وا ہونے کو ہے

۶۶ پَرستارانِ زَر! یہ تو بتاؤ — غریبوں کو بھی پُوچھا ہے کسی نے؟

۶۷ پیدائشِ جہاں کی غرض؛ بَس یہی تو ہے — بگڑا کرے کوئی؛ تو بنایا کرے کوئی

۶۸ پڑجائے ایسی نیکی کی عادت؛ خُدا کرے سَرزَد نہ ہو کوئی بھی شرارت؛ خُدا کرے

۶۹ پھیلاؤ سب جہان میں؛ قولِ رسولؐ کو حاصل ہو شرق و غرب میں سَطوَت؛ خُدا کرے

۷۰ پایاب ہو تمھارے لیے بحرِ مَعرِفت کھُل جائے تم پہ رازِ حقیقت؛ خُدا کرے

۷۱ پَرواز ہو تمھاری؛ نہ افلاک سے بُلند پیدا ہو بازوؤں میں وہ قُوَّت؛ خُدا کرے

۷۲ پہلے تو ساحِروں کے عَصا مار ہوگئے لیکن عَصائے موسیٰؑ سے بے کار ہوگئے

۷۳ پلائے تُو اگر مجھ کو؛ تو مَیں اتنی پیوں ساقی رہوں تاحشر قدموں پر ترے؛ مَیں سَرنگوں ساقی

# 'ت' سے 'ی'

## ('ت' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 133 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 37 |
| ii | دُرِّ عدن | 11 |
| iii | کلامِ طاہر | 25 |
| iv | کلامِ محمود | 60 |

### دُرِّ ثمین

۱ تھک گئے ہم تو اِنہیں باتوں کو کہتے کہتے ہرطرف دعوتوں کا تیر چلایا ہم نے

۲ تیرے منہ کی ہی قسم؛ میرے پیارے احمدؐ تیری خاطر سے یہ سب بار اُٹھایا ہم نے

۳ تیری اُلفت سے ہے معمور میرا ہر ذرّہ اپنے سینہ میں یہ اِک شہر بسایا ہم نے

۴ تیرا مئے خانہ؛ جو اِک مرجعِ عالَم دِکھا خُم کا خُم منہ سے بَصَد حِرص لگایا ہم نے

۵ تیرے نام کا مجھ کو اقرار ہے تیرا نام غفّار و ستّار ہے

۶ تیرے دَر پہ جاں میری قربان ہے — محبت تیری؛ خود میری جان ہے

۷ تیرا کرم ہے ہر آں؛ تُو ہے رحیم و رحماں — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۸ تیرا ہوں مَیں سراسر؛ تُو میرا رَبّ اکبر — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۹ تیرا یہ سب کرم ہے؛ تُو رحمتِ اَتم ہے — کیونکر ہو حَمد تیری؛ کب طاقتِ قلم ہے

۱۰ تیرا ہوں مَیں ہمیشہ؛ جب تک کہ دَم میں دَم ہے — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۱ تُو نے ہی میرے جانی! خوشیوں کے دِن دِکھائے — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۲ تُو سچّے وعدوں والا؛ منکر کہاں کدھر ہیں — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۳ تُو ہے ہمارا رہبر؛ تیرا نہیں ہے ہمسر — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۴ تیرے سپرد تینوں؛ دِیں کے قمر بنانا — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۵ تُو ہے جو پالتا ہے؛ ہر دَم سنبھالتا ہے — غم سے نکالتا ہے؛ دَردوں کو ٹالتا ہے

۱۶ تجھ پر میرا توکل؛ دَر پر تیرے یہ سر ہے — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۷ تیرے کرم سے یارب! میرا بَر آیا مطلب — **یہ روز کرمبارک سبحان من یرانی**

۱۸ تیری قدرت کے آگے روک کیا ہے — وہ سب دے ان کو؛ جو مجھ کو دیا ہے

۱۹ تجھے حمد وثناء زیبا ہے پیارے! — کہ تُو نے کام سب میرے سنوارے

۲۰ تیری نصرت سے اب دُشمن تبہ ہے — ہراِک جا میں ہماری تو پنہ ہے

۲۱ تیرے فضلوں سے جاں بستاں سَرا ہے — تیرے نوروں سے دل شمس الضحیٰ ہے

۲۲ تیری نعمت کی کچھ قلّت نہیں ہے — تہی اس سے کوئی ساعت نہیں ہے

۲۳ تو پھر کیونکر ملے وہ یارِ جانی — کہاں غِربال میں رہتا ہے پانی

۲۴ تمہیں کِس نے یہ تعلیمِ خطا دی — **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲۵ تم مرگئے؛ تمہاری وہ عظمت نہیں رہی — صورت بگڑگئی ہے؛ وہ صورت نہیں رہی

۲۶ تقویٰ کے جامے جتنے تھے؛ سب چاک ہوگئے — جتنے خیال دل میں تھے؛ ناپاک ہوگئے

۲۷ تھم جاتے ہیں کچھ آنسو؛ یہ دیکھ کر کہ ہرسُو — اس غم سے صادقوں کا آہ وبکا یہی ہے

۲۸ تیری وَفا ہے پوری؛ ہم میں ہے عیبِ دُوری
طاعت بھی ہے ادھوری؛ ہم پر بَلا یہی ہے

۲۹ تجھ میں وَفا ہے پیارے! سچّے ہیں عہد سارے
ہم جاپڑے کنارے؛ جائے بکا یہی ہے

۳۰ تیرے مکروں سے اے جاہل میرا نقصاں نہیں ہرگز
کہ یہ جاں؛ آگ میں پڑ کر سلامت آنے والی ہے

۳۱ تم دیکھتے ہو؛ قوم میں عِفّت نہیں رہی
وہ صدق، وہ صفا، وہ طہارت نہیں رہی

۳۲ تب وہ خدائے پاک نشاں کو دکھاتا ہے
غیروں پہ اپنا رُعب نشاں سے جماتا ہے

۳۳ تقویٰ کی جڑ؛ خدا کیلئے خاکساری ہے
عِفّت جو شرطِ دِیں ہے؛ وہ تقویٰ میں ساری ہے

۳۴ تم دیکھ کر بھی بد کو؛ بچو بدگمان سے
ڈرتے رہو عِقابِ خدائے جہان سے

۳۵ تم نے تو مجھ کو قتل کرانے کی ٹھانی تھی
یہ بات اپنے دل میں؛ بہت سہل جانی تھی

۳۶ تھے چاہتے صلیب پہ یہ شخص کھینچا جائے
تا تم کو ایک فخر سے یہ بات ہاتھ آئے

۳۷ تم بد بَنا کے؛ پھر بھی گرفتار ہوگئے
یہ بھی تو ہیں نشاں؛ جو نمودار ہوگئے

## دُرِّ عدن

۳۸ تا بہ مقصود جو کہ پہنچائے
وہی رستہ بتادِیا تُو نے

۳۹ تیرے دل میں میرا ظہور ہے تیرا سَر ہی خود سَرِ طُور ہے
ترِی آنکھ میں مِرا نور ہے مجھے کون کہتا ہے دُور ہے
مجھے دیکھتا جو نہیں ہے، تو یہ ترِی نظر کا قصور ہے

۴۰ تمہارے دَم سے ہمارے گھروں کی آبادی
تمہاری قید پہ صدقے ہزار آزادی

۴۱ تجھ کو تیرا ہی واسطہ پیارے!
میرے پیاروں کو دے شِفا پیارے!

۴۲ تُو چاہے اگر خاک کی چٹکی میں شِفا دے
ہر ذرۂ ناچیز کو اکسیر بنادے

۴۳ تسکینِ دل وراحتِ جاں مِل ہی نہ سکتی
آلامِ زمانہ سے اَماں مِل ہی نہ سکتی

۴۴ تقدیر یہی ہے؛ تو یہ تقدیر بدل دے
تُو مالکِ تحریر ہے؛ تحریر بدل دے

۴۵ ترِے سامنے ہاتھ پھیلا رہی ہوں
مِری شرم رکھ؛ میری جھولی بھرادے

۴۶ تڑپا کرے نہ اب کوئی گُلفام کیلئے
رونا ہو جس کو؛ روئے وہ اسلام کیلئے

۴۷ تازہ ستم ہے یہ؛ کہ خلافت نہیں رہی
سب ملک ہم سے چِھن گئے؛ شوکت نہیں رہی

۴۸ تجھے قسم؛ ترِے ستّار نام کی پیارے! بروئے حشر سوال و جواب جانے دے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴۹ تُو خوں میں نہائے ہوئے ٹیلوں کا وَطن ہے گُل رنگ شَفَق؛ قِرمزی جھیلوں کا وَطن ہے

۵۰ توحید کے پرچارک؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے ہے بات یہی بَرحق؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۵۱ تب عرشِ معلّیٰ سے اِک نُور کا تخت اُترا اِک فوج فرشتوں کی؛ ہمراہ سوار آئی

۵۲ تب آئے وہ ساقیٔ کوثر؛ مستِ مَئے عرفان پیمبر پیرِ مُغانِ بادۂ اطہر مَے نوشوں کی عید بنانے

۵۳ تم دعائیں کرو، یہ دعا ہی تو تھی؛
جس نے توڑا تھا سر کبرِ نمرودؔ کا
ہے ازل سے یہ تقدیرِ نمرودیتؔ؛
آپ ہی آگ میں اپنی جل جائیگی

۵۴ تُو تو ایسا نہیں محبوب؛ کوئی اور ہوں گے وہ جو کہلاتے ہیں؛ دل توڑ کے جانے والے

۵۵ تُو تو ہربار سرِرَہ سے پلٹ آتا ہے دل میں ہرسمت سے پَل پَل مِرے آنے والے

۵۶ تم چلے آئے میں نے جو آواز دی؛
تم کو مولیٰ نے توفیقِ پرواز دی
پر کریں پر شکستہ وہ کیا؛
جو پڑے رِہ گئے چشمکِ دُشمناں کیلئے

۵۷ تُو جوروجَفا کی نگری صبر ووَفا کے دیس سے آیا ہے
ہے تجھ پہ عیاں مِرے پیاروں پر؛
غیروں نے سِتم جو ڈھایا ہے

۵۸ تُو میرے دِل کی شَشش جہات بنے اِک نئی میری کائنات بنے

۵۹ تیرے منہ کے سُبُک سہانے بول دِل کے بھاری معاملات بنے

۶۰ تُم دُور دُور کے دیسوں سے؛
جب قافلہ قافلہ آؤ گے
تو میرے دل کے کھیتوں میں؛
پھولیں گی فصلیں سرسوں کی

۶۱ ترِی راہوں میں کیا کیا اِبتلا روزانہ آتا ہے وَفا کا امتحاں لینا؛ تجھے کیا کیا نہ آتا ہے

۶۲ تصور اِن دِنوں جس رَہ سے بھی ربوہؔ پہنچتا ہے تعجب ہے؛ کہ ہراُس راہ پر ننکانہؔ آتا ہے

۶۳ تم نے مِری جَلوت میں نئے رنگ بھرے ہیں تم نے مِری تنہائیوں میں ساتھ دیا ہے

۶۴ تم چاندنی راتوں میں مِرے پاس رہے ہو تُم سے ہی مِری نَقرئی صُبحوں میں ضیا ہے

٦٥ تِری بے حساب بخشش کی گلی گلی نِدا دُوں ۔ یہ نوید تیرے چاکر گنہگار تک تو پہنچے

٦٦ تم وہی ہو؛ تو کرو کچھ تو مُداوا غم کا ۔ جن کے تم چارہ تھے؛ وہ دَرد تو سارے ہیں وہی

٦٧ تم نے جاتے ہوئے پلکوں پہ سَجا رکھے تھے ۔ جو گُہر؛ اب بھی مِری آنکھوں کے تارے ہیں وہی

٦٨ تُو روٹھ کے؛ اُمیدوں کا دل توڑ گیا ہے ۔ اے میری اُمنگوں کے سہاروں کے سہارے

٦٩ تم جن کا وسیلہ تھیں؛ وہ روتی ہیں، کہ تم نے ۔ دَم توڑ کے؛ توڑے ہیں ہزاروں کے سہارے

٧٠ تُو اپنے حسیں خوابوں کی تعبیر بھی دیکھے ۔ اِک تازہ نئی صبح کی تنویر بھی دیکھے

٧١ تیری سرزمیں کی خاک سے مِثلِ آدم اولیاءاُٹھے ۔ پھر انہی کی خاکِ پاک سے؛ بے شمار باخدا اُٹھے

٧٢ تُو میرے دِل کا نُور ہے؛ اے جانِ آرزو ۔ روشن تجھی سے آنکھ ہے؛ اے نیّرِ ہُدیٰ

٧٣ تاریکی پہ تاریکی؛ گُمراہی پہ گُمراہی ۔ اِبلیس نے کی اپنے لشکر کی صف آرائی

## کلامِ محمود

٧٤ ترقی احمدی فِرقہ کی دیکھے ۔ بٹالہ میں جو اِک پیرِ مغاں ہے

٧٥ تم کہتے ہو؛ اَمن میں ہیں ہم، اور ۔ مُنہ کھولے ہوئے کھڑی؛ بَلا ہے

٧٦ تقدیر سے ہوچکا مقدّر ۔ قسمت میں تمھاری زلزلہ ہے

٧٧ تم اب بھی نہ بڑھو؛ تو غضب ہے ۔ کہ دُشمن ہے بے کَس؛ تمھارا خُدا ہے

٧٨ تِری عَقل کو قوم! کیا ہوگیا ہے ۔ اُسی کی ہے بَدخواہ؛ جو رہنما ہے

٧٩ تمام دنیا میں تھا اندھیرا؛ کیا تھا ظلمت نے یاں بَسیرا ۔ ہوا ہے جس سے جہان روشن؛ وہ معرفت کا یہی دِیا ہے

٨٠ تنگ ہوں اِس بے وَفا دنیا سے مَیں ۔ مجھ کو یارب! خواہشِ دِیدار ہے

٨١ تِرے چاکر ہوں ہم پانچوں؛ اِلٰہی! ۔ ہمیں طاقت عطا کر تُو وَفا کی

٨٢ تِری خِدمت میں پائیں جان و دِل کو ۔ گھڑی جب چاہے آجائے قضا کی

٨٣ تَغافُل ہوچکا صاحِب! خبر لیجے؛ نہیں تو پھر ۔ کوئی دَم میں یہ سُن لوگے: فُلاں کی نَعش جاتی ہے

٨٤ تِری رَہ میں بچھائے بیٹھے ہیں دل مُدّتوں سے ہم ۔ سواری؛ دیکھئے اَب دِلرُبا! کب تیری آتی ہے

٨٥ تاک میں لشکرِ محمود ابھی بیٹھا ہے ۔ ہاں! سمجھ کر ذرا ناقُوس بجائے کوئی

۸۶ تَسلّی پا گیا تُو کِس طرح؟ تب لُطف تھا سالِک
کہ آنکھیں چار ہوتیں؛ اور باہَم گُفتگُو ہوتی

۸۷ تِشنہ لَب ہوں بڑی مُدَّت سے؛ خُدا شاہِد ہے
بھردے اِک جام تو؛ کوثر کے لُٹانے والے!

۸۸ تجھ کو تیری ہی قَسَم؛ کیا یہ وَفاداری ہے
دوستی کرکے؛ مجھے دل سے بھُلانے والے!

۸۹ تاقیامت رہے جاری؛ یہ سَخاوَت تیری
او مِرے گنجِ مُعارِف کے لُٹانے والے!

۹۰ تِشنگی میری نہ پیالوں سے بُجھے گی ہرگز
خُم کا خُم لے کے مِرے مُنہ سے لگائے کوئی

۹۱ تُو کہے؛ اور نہ مانے مِرا دِل، نامُمکن
کِس کی طاقت ہے؛ تِرے حُکم کو ٹالے پیارے!

۹۲ تم میں وہ زور، وہ طاقت ہے اگر؛ چاہو تو
چھلنی کرسکتے ہو تم پُشتِ عَدُو؛ تیروں سے

۹۳ تم بھی گر چاہتے ہو کچھ؛ تو جھکو اس کی طرف
فائدہ کیا تمھیں اس قِسَم کی تدبیروں سے

۹۴ تم مِرے قَتل کو نِکلے تو ہو؛ پَر غور کرو!
شیشے کے ٹکڑوں کو، نسبت بھلا کیا؛ ہیروں سے

۹۵ تیرے عاشق کا کیا بتائیں حال
رات دن اَشکبار رہتا ہے

۹۶ تِرے دَر پر ہی؛ میری جان نکلے
خُدایا! یہ مِرا اَرمان نکلے

۹۷ تِرے ہاتھوں سے؛ اے نَفسِ دَنی سُن!
جِنھیں دیکھا؛ وہی نالان نکلے

۹۸ تِری نِسبت سُنے تھے جس قَدر عَیب
وہ سارے جھوٹ اور بُہتان نکلے

۹۹ تیری زمین پاک ہے؛ لَوثِ گُناہ سے
محفوظ خاک ہے تِری؛ ہر رُوسیاہ سے

۱۰۰ تھا غَرقِ گُنہ؛ لیکن پڑتے ہی نِگہ اُن کی
اَشک آنکھوں میں اور ہاتھوں میں عَرش کے پائے تھے

۱۰۱ تُو بارگاہِ حُسن ہے؛ مَیں ہوں گدائے حُسن
مانگوں گا بار بار مَیں؛ تُو بار بار دے

۱۰۲ تنگ آگیا ہوں نَفس کے ہاتھوں سے میری جاں
جلد آ؛ اور آ کے اِس مِرے دُشمن کو مار دے

۱۰۳ تعریف کے قابل ہیں؛ یا رَبّ! تیرے دیوانے
آباد ہوئے جن سے؛ دنیا کے ہیں وِیرانے

۱۰۴ تِری دنیا میں فرزانے بہت سے پائے جاتے ہیں
مجھے تو بَخش دے؛ اپنی محبت کا جُنوں ساقی

۱۰۵ تجھے معلوم ہے؛ جو کچھ مِرے دل کی تمنّا ہے
مِرا ہر ذرّہ، گویا ہے؛ زباں سے کیا کہوں ساقی

۱۰۶ تِرے دَر کی گدائی سے؛ بڑا ہے کون سا دَرجہ
مجھے گر بادشاہت بھی مِلے؛ تو مَیں نہ لُوں ساقی

۱۰۷ تُو مِری جاں کی غِذا ہے؛ مِرے دل کی راحت
پیٹ بھرتا ہی نہیں؛ تیری مُلاقاتوں سے

۱۰۸ تَن پہ کمخواب؛ پیٹ میں حَلوان — جاں پہ اُن کی وَبال ہیں ایسے

۱۰۹ توڑنے کو بھی دل نہیں کرتا — یہ محبت کے جال ہیں ایسے

۱۱۰ تب کہیں جا کر ہُوا حاصِل وِصالِ ذاتِ پاک — مُدّتوں مَیں نے پَرَستِش کی تِری تصویر کی

۱۱۱ توبہ کی بیل چڑھنے لگی ہے منڈھے پہ آج — اے درد! میری آنکھ کا فوّارہ چھوڑ دے

۱۱۲ تقویٰ کا جھنڈا جھُکتا ہے؛ پَر کُفر کی گُڈّی چڑھتی ہے — اس دنیا میں اب نیکوں کا؛ کوئی تو اللہ وَالی ہے

۱۱۳ تُو مَشرِق کی بھی کہتا ہے؛ تُو مَغرِب کی بھی کہتا ہے — مگر رازِ دُرونِ خانہ؛ پوشِیدہ ہی رہتا ہے

۱۱۴ تُو آزادی کا ٹھپّہ کیوں غُلامی پر لگاتا ہے — غلافِ فَوصَویِّت لے کے قرآں پر چڑھاتا ہے

۱۱۵ تِرے باپ دادوں کے مَخزَن مُقفَّل — تِرے دل کو بھائی ہے؛ دولت پرائی

۱۱۶ تُو اِک بار مَجلِس میں مجھ کو بُلا تو — کروں گا نہ تجھ سے کبھی بے وَفائی

۱۱۷ تعمِیرِ کعبہ کیلئے کوئی جگہ تو ہو — پہلے صَنَم کدَہ کو گِرانا ہی چاہیئے

۱۱۸ توحید کی ہو لَب پہ شہادت؛ خُدا کرے — ایمان کی ہو دل میں حَلاوَت؛ خُدا کرے

۱۱۹ تبلیغِ دین و نَشرِ ہِدایت کے کام پر — مائل رہے تمھاری طَبیعَت؛ خُدا کرے

۱۲۰ تم ہو خُدا کے ساتھ؛ خُدا ہو تمھارے ساتھ — ہُوں تم سے ایسے وقت میں رُخصت؛ خُدا کرے

۱۲۱ تعلّق کوئی بھی رکھنا نہ تم؛ بُغض وعَداوَت سے — کہ مومِن کو ترقی ملتی ہے؛ مِہر ومحبت سے

۱۲۲ تِری یہ عاجزی بالا ہے؛ سب دنیا کی عِزّت سے — تجھے کیا کام ہے دُنیا کی رِفعَت اور شوکت سے

۱۲۳ تِرا دُشمن بڑائی چاہتا ہے؛ گر شرارت سے — تو اس کا توڑ دے مُنہ تُو؛ محبت سے، مُرَوَّت سے

۱۲۴ تِرے دَر کے سِوا دیکھوں نہ دَروازہ کسی گھر کا — کبھی مَت کھینچیو ہاتھ اپنا تو میری کَفالَت سے

۱۲۵ تِرے دُشمن تو سَر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جائیں گے — نہ ڈَر اُن سے، کھڑا ہو سامنے تُو اُن کے؛ جُرأت سے

۱۲۶ تم نے بھی آگ بُجھائی نہ؛ کبھی آ کے مِری — میری آنکھوں سے مِرادِل؛ یہ گِلہ کرتا ہے

۱۲۷ تمھارے گھٹتے ہوئے ہیں سائے؛ — ہماری قِسمت میں یہ لِکھا ہے؛
ہمارے بڑھتے ہوئے ہیں سائے — تمھاری قِسمت میں وہ لِکھا ہے

۱۲۸ تیری عِنایتوں نے دِکھایا ہے یہ کَمال — اَعداءِ سخت آج نِگوں سار ہوگئے

۱۲۹ تلاش اس کی عَبَث ہے واعِظ کُجا ترا دِل کُجا وہ دِلبر — وہ تیرے دل سے نکل چکا ہے؛ نِگاہِ مومِن میں بَس رہا ہے

۱۳۰ تِری ہتھیلی پہ مَیں اپنے جان ودِل دھر دُوں — گر اپنا ہاتھ مِری سَمت تُو دراز کرے

۱۳۱ تیری خوشی گِیاہ میں؛ میری خوشی نِگاہ میں — میرا جہان اور ہے؛ تیرا جہان اور ہے

۱۳۲ تیری رضا کا ہوں مَیں طلب گار؛ ہر گھڑی — گر یہ ملے، تو جانوں؛ کہ سب کچھ مِلا مجھے

۱۳۳ تِرے اس حالِ بَد کو دیکھ کر؛ قوم! — جگر ٹکڑے ہے؛ اور دل خوں فشاں ہے

# 'ٹ' سے 'ی'

(' ٹ' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 1 |
| i | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱ ٹَل جائے، جو بھی آئے مُصیبت؛ خُدا کرے — پہنچے نہ تم کو کوئی اَذِیّت؛ خُدا کرے

# 'ث' سے 'ی'

(' ث' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 2 |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | کلامِ محمود | 1 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ثمر ہے دُور کا؛ کب غیر کھاوے چلو اوپر کو؛ وہ نیچے نہ آوے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲ ثمارِ عشق ہیں کیسے؛ کبھی تو چکھ کر دیکھ یہ بیج؛ باغ میں اپنے تُو لگا تو سہی

# 'ج' سے 'ی'

## ('ج' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 134 |
| i | دُرِّ ثمین | 39 |
| ii | دُرِّ عدن | 16 |
| iii | کلامِ طاہر | 24 |
| iv | کلامِ محمود | 55 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ جمال وحسنِ قرآں؛ نورِ جانِ ہر مسلماں ہے قمر ہے چاند اوروں کا؛ ہمارا چاند قرآں ہے

۲ جو دور تھا خزاں کا؛ وہ بدلا بہار سے چلنے لگی نسیم؛ عنایاتِ یار سے

۳ جو رازِ دِیں تھے بھارے؛ اس نے بتائے سارے دولت کا دینے والا؛ فرمانروا یہی ہے

۴ جس کی دعا سے آخر؛ لیکھو مَرا تھا کٹ کر ماتم پڑا تھا گھر گھر؛ وہ میرزا یہی ہے

۵ جو دیکھا؛ کہ یہ ہیں سڑے اور گلے لگا ہونے دل اس کا اوپر تلے

۶ جَل رہے ہیں یہ سبھی بغضوں میں اور کینوں میں باز آتے نہیں ہر چند ہٹایا ہم نے

۷ جب سے یہ نور مِلا؛ نورِ پیمبر سے ہمیں　　ذات سے حق کی؛ وجود اَپنا ملایا ہم نے

۸ جو پیچھے سے لِکھتے لِکھاتے رہے　　خدا جانے؛ کیا کیا بناتے رہے

۹ جو نانکؔ کی مدح و ثناء کرتے تھے　　وہ ہر شخص کو یہ کہا کرتے تھے

۱۰ جب تیرا نور آیا؛ جاتا رہا اندھیرا　　**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۱۱ جی مَت لگاؤ اس سے؛ دل کو چھڑاؤ اس سے　　رغبت ہٹاؤ اس سے؛ بس دُور جاؤ اس سے

۱۲ جب تک عمل نہیں ہے؛ دلِ پاک وصاف سے　　کمتر نہیں یہ مشغلہ؛ بُت کے طواف سے

۱۳ جو دی ہے مجھ کو؛ وہ کِس کو عطا دی　　**فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۴ جو مرتا ہے؛ وہی زندوں میں جاوے　　جو جلتا ہے؛ وہی مردے جِلاوے

۱۵ جس کو دیکھو؛ بدگمانی میں ہی حد سے بڑھ گیا　　گر کوئی پوچھے؛ تو سوسو عیب بتلانے کو ہے

۱۶ جب کھل گئی سچّائی؛ پھر اس کو مان لینا　　نیکوں کی ہے یہ خصلت؛ راہِ حیا یہی ہے

۱۷ جو ہو مفید، لینا؛ جو بد ہو، اس سے بچنا　　عقل وخِرَد یہی ہے؛ فہم وذکا یہی ہے

۱۸ جس آریہؔ کو دیکھیں؛ تہذیب سے ہے عاری　　کِس کِس کا نام لیویں؛ ہرسُو وَبا یہی ہے

۱۹ جاں بھی اگرچہ دیویں؛ ان کو بطورِ احساں　　عادت ہے ان کی کفراں؛ رنج وعنا یہی ہے

۲۰ جاں بھی ہے ان پہ قرباں گر دل سے ہوویں صافی　　پس ایسے بدکنوں کا مجھ کو گِلا یہی ہے

۲۱ جتنے نبی تھے آئے؛ موسیٰؑ ہو یا کہ عیسیٰؑ　　مکّار ہیں وہ سارے؛ اِن کی نِدا یہی ہے

۲۲ جس اِستری کو لڑکا پیدا نہ ہو پیا سے　　ویدوںؔ کی رو سے؛ اس پر واجب ہوا یہی ہے

۲۳ جب ہے یہی اشارہ؛ پھر اس سے کیا ہے چارہ　　جب تک نہ ہوویں گیارہ لڑکے؛ روا یہی ہے

۲۴ جب ہوگئے ہیں ملزِم؛ اُترے ہیں گالیوں پر　　ہاتھوں میں جاہلوں کے؛ سنگِ جَفا یہی ہے

۲۵ جلد آ پیارے ساقی! اب کچھ نہیں ہے باقی　　دے شربتِ تلاقی؛ حرص وہَوا یہی ہے

۲۶ جلد آ میرے سہارے! غم کے ہیں بوجھ بھارے　　منہ مَت چھپا پیارے! میری دَوا یہی ہے

۲۷ جب سے ملا وہ دلبر؛ دشمن ہیں میرے گھر گھر　　دِل ہوگئے ہیں پتھر؛ قدر و قضا یہی ہے

۲۸ جب اس نے ان کی گِنتی بھی نہ جانی　　کہاں من من کا ہو انتر گیانی

۲۹ جاڑے کی رُت ظہور سے اس کے پلٹ گئی عشقِ خدا کی آگ؛ ہراِک دل میں اَٹ گئی

۳۰ جتنے درخت زندہ تھے؛ وہ سب ہوئے ہرے پھل اس قدر پڑا؛ کہ وہ میووں سے لَد گئے

۳۱ جس دِیں کا صرف قِصّوں پہ سارامدار ہے وہ دِیں نہیں ہے؛ ایک فسانہ گذار ہے

۳۲ جتنے ہیں فِرقے؛ سب کا یہی کاروبار ہے قِصّوں میں معجزوں کا بیاں باربار ہے

۳۳ جومفتری ہے؛ اس سے یہ کیوں اتّحاد ہے کس کو نظیر ایسی عنایت کی یاد ہے

۳۴ جس کا رفیق ہوگیا ہرظالم وغَوی جس کی مدد کے واسطے آئے تھے مولوی

۳۵ جو متّقی ہے؛ اس کا خدا خود نصیر ہے انجام فاسقوں کا؛ عذابِ سعیر ہے

۳۶ جس کی تعلیم؛ یہ خیانت ہے ایسے دِیں پر ہزار لعنت ہے

۳۷ جس نے پیدا کیا؛ وہی جانے دوسرا کیونکر اس کو پہچانے

۳۸ جس بات کو کہے؛ کہ کروں گا مَیں یہ ضرور ٹلتی نہیں وہ بات؛ خدائی یہی تو ہے

۳۹ جب سے اے یار! تجھے یار بنایا ہم نے ہر نئے روز نیا نام رکھایا ہم نے

## دُرِّ عدن

۴۰ جن کی بہادری کی بندھی دھاک ہرطرف تن تن کے چل رہے ہیں؛ شجاعت پہ ناز ہے

۴۱ جانِ جہاں! تجھی پہ تو زیبا ہے ناز بھی یہ کیا! کہ چندروز کی حالت پہ ناز ہے

۴۲ جب وقت مصائب کی صورت؛ جب تاریکی چھا جاتی ہے؛
اِک بندے کو دکھلاتا ہے غم کا بادل گِھر آتا ہے

۴۳ جب آنکھیں بھَربھَر آتی ہیں؛ جب یاس کا دریا چڑھتا ہے؛
اُمّیدیں ڈوبی جاتی ہیں دل اُس میں غوطے کھاتا ہے

۴۴ جب ناؤ بھنور میں گِھرتی ہے؛ جب حیلے سب ہو چکتے ہیں؛
جب موت نظر میں پھِرتی ہے انساں بےبس ہو جاتا ہے

۴۵ جب دَم سینے میں گُھٹتا ہے؛ جب جینا کڑوا لگتا ہے؛
جب دل میں ہوکیں اُٹھتی ہیں جب مرنا دل کو بھاتا ہے

۴۶ جب بڑے بڑے جی چھوڑتے ہیں؛ — اس وقت بس ایک مسلماں ہے؛
جاں دینے کو سَر پھوڑتے ہیں — جو صبر کی شان دکھاتا ہے

۴۷ جب باپ کی جھوٹی غیرت کا خوں؛ — جس طرح جنا ہے سانپ کوئی؛
جوش میں آنے لگتا تھا — یوں ماں تیری گھبراتی تھی

۴۸ جو دُور ہیں؛ وہ پاس ہمارے کب آئیں گے — دل جن کو ڈھونڈتا ہے؛ وہ پیارے کب آئیں گے

۴۹ جو سَر کو خم کئے تِری تقدیر کے حضور — تیری رضا کو پا کے سدھارے کب آئیں گے

۵۰ جو ٹوٹ کر گئے ہیں؛ اسی آسمان سے — پھر لوٹ کر ادھر؛ وہ ستارے کب آئیں گے

۵۱ جب مجھ کو نہ پائیں گے؛ تو گھبرائیں گے دونوں — یارب! میری امّی کے پسر تیرے حوالے

۵۲ جو رہن ہوچکی ابلیسؔ کے خزانے میں — وہ روح نذرِ شہنشاہِ انبیاء کیلئے؟

۵۳ جھلسے گئے ہیں سینہ ودِل جاں بلَب ہیں ہم — جھڑیاں کرم کی؛ فضل کی برسات چاہیئے

۵۴ جو اس نے نور بھیجا تھا جہاں میں — ہوا واصل بہ ربِّ جاوِدانی

۵۵ جھنڈا رہا بلند محمدؐ کے دِین کا — ذلّت جو چاہتے تھے؛ سبھی خوار ہوگئے

## کلامِ طاہر

۵۶ جب سے خدا نے اِن عاجز کندھوں پر بارِ اَمانت ڈالا — راہ میں دیکھو کتنے کٹھن اور کتنے مَہیب مِراحل آئے

۵۷ جاؤں ہر دَم تیرے وارے؛ — تُو نے اپنے کرم سے؛
میرے جانی میرے پیارے! — میرے خود ہی کام بنائے سارے

۵۸ جو چاہیں کریں؛ صرف نِگہ ہم سے نہ پھیریں — جو کرنا ہے؛ کر گزریں، مگر اپنا بتا کے

۵۹ جو کھنڈر تھے؛ محل بنائے گئے — کتنے محلوں کے کھنڈرات بنے

۶۰ جہاں اہلِ جفا؛ اہلِ وَفا پر وار کرتے ہیں — سَرِ دار اُن کو ہر منصورؔ کو لٹکانہ آتا ہے

۶۱ جہاں شیطان، مومن پر رَمی کرتے ہیں؛ وہ راہیں — جہاں پتھر سے مردِ حق کو سَر ٹکرانا آتا ہے

۶۲ جہاں پِسرانِ باطل عورتوں پر وار کرتے ہیں — نرِ مرداںؔ کو یہ شیوۂ مردانہ آتا ہے

۶۳ جس رُخ دیکھیں؛ ہر مَن موہن تیرا مکھڑا ہی تکتا ہے — ہر اِک محسن نے تیرے حسن کا ہی اِحسان اُٹھایا ہے

۶۴ جب مالی داغِ جدائی دے مرجھا جاتے ہیں گل بوٹے — دیکھیں فُرقت نے کیسے پھول سے چہروں کو کُملایا ہے

۶۵ جو درد سسکتے ہوئے حرفوں میں ڈھلا ہے — شاید! کہ یہ آغوشِ جُدائی میں پلا ہے

۶۶ جس رَہ میں وہ کھوئے گئے؛ اُس رَہ پہ گدا ایک — کشکول لئے چلتا ہے؛ لَب پہ یہ صدا ہے

۶۷ جو آہ، سجدۂ صبرورَضا سے اُٹھی ہے — زمین بوس تھی؛ اُس کی عطا سے اُٹھی ہے

۶۸ جو دل میں بیٹھ چکی تھی؛ ہوائے عَیش وطَرَب — بڑے جتن سے ہزار اِلتجا سے اُٹھی ہے

۶۹ جو گلاب کے کٹوروں میں شرابِ ناب بھردے — وہ نسیمِ آہ: پھولوں کے نکھار تک تو پہنچے

۷۰ جو نہیں شمار اُن میں؛ تو غُرابِ پَرشِکستہ — ترے پاک صاف بگلوں کی قطار تک تو پہنچے

۷۱ جھُٹپٹوں میں اُنہی یادوں سے وہی کھیلیں گے کھیل — وہی گلیاں ہیں، وہی صحن؛ چوبارے ہیں وہی

۷۲ جانے یہ دکھ ہے تمہارا؛ کہ زمانے کا سِتم — اَجنبی ہے کوئی مہمان چلا آیا ہے

۷۳ جو سینۂ شمشیر کو بھی چیر کے رکھ دے — دنیا ترے ہاتھوں میں وہ شمشیر بھی دیکھے

۷۴ جو کم آکھیا؛ حاضرسائیں کہہ کے چھاتی ڈائی — ہَس دیاں سارے پاپڑ ویلے سارے جھمیلے جھلّے

۷۵ جاؤ سدھاروتم بھی سدھارو؛ روکے تم کو کوئے — اس سنسار کی رِیت یہی ہے؛ جو پائے،سو کھوئے

۷۶ جس کی خاطر وہ ہمیں کرتا تھا پیار؛ اے وائے! — وہ بھی غمگین ہے اس کیلئے بے حَد؛ ہائے!

۷۷ جا کہ اب قُرب سے تیرے مجھے دُکھ ہوتا ہے — اے شبِ غم کے سویرے؛ مجھے دُکھ ہوتا ہے

۷۸ جیو، تو کامراں جیو؛ شہید ہو، تو اِس طرح — کہ دِین کو تمہارے بعد عمرِ جاوِداں ملے

۷۹ جِن کے اِخلاص اور پیار کی ہراَدا؛ — بے صدا جن کی آنکھوں کا کَرب وبَلا؛
بے غرض، بے رِیا، دِل نَشیں، دِلرُبا — کربلا ہے دِلِ عاشقاں کیلئے

## کلامِ محمود

۸۰ جس نے آتے ہی وہ نقشہ ہی بدل ڈالا ہے — جس جگہ خار تھا؛ اب واں پہ گُلِ لالہ ہے

۸۱ جس کو کِیا ہے خدا نے مامُور — اس سے بھلا تم کو کیا گِلہ ہے

۸۲ جدھر دیکھو؛ اَبرِ گُنہ چھا رہا ہے — گناہوں میں چھوٹا بڑا مُبتلا ہے

۸۳ جہاں سے ایمان اُٹھ گیا تھا فریب ومکّاری کا تھا چرچا — فَسادنے تھا جمایا ڈیرا؛ وہ نقشہ اُس نے اُلٹ دیا ہے

۸۴ جمایا طاعُوں نے ایسا ڈیرا؛ سُتون اس کا نہ پھر اُکھیڑا دیا ہے خَلقت کو وہ تریڑا؛ کہ اپنی جاں سے ہوئی خفا ہے
۸۵ جسے کہتی ہے دنیا؛ سنگِ پارَس مسیحا کا وہ سنگِ آستاں ہے
۸۶ جلوۂ جاناں و دِیدِ یار ہے خواب میں جو ہے؛ وہی بیدار ہے
۸۷ جسے اُس پاک سے رِشتہ نہیں ہے زمینی ہے؛ نہیں وہ آسمانی
۸۸ جو اِس کی دِید میں آتی ہے لذّت وہ سب دنیا کی خوشیوں سے سِوا ہے
۸۹ جو ہے اِس سے الگ؛ حق سے الگ ہے جو ہے اس سے جُدا؛ حق سے جُدا ہے
۹۰ جو پُوچھ لو کبھی اِتنا؛ کہ آرزو کیا ہے رہے نہ دِل میں مِرے کوئی آرزو باقی
۹۱ جُدائی دیکھتا ہوں جب؛ تو مجھ کو موت آتی ہے اُمّیدِ وَصل؛ لیکن آ کے پھر، مجھ کو جِلاتی ہے
۹۲ جو ہوں خُدّام دِیں اُن کو خُدا سے نُصرت آتی ہے 'جب آتی ہے؛ تو پھر عالَم کو، اِک عالَم دِکھاتی ہے'
۹۳ جو تم سے کوئی خواہش تھی؛ تو بس اتنی ہی خواہش تھی تمھارا رنگ چڑھ جاتا؛ تمھاری مجھ میں بُو ہوتی
۹۴ جہاں جاتا ہوں؛ اُن کا خیال مجھ کو ڈھونڈ لیتا ہے نہ ہوتا پیار گر مجھ سے؛ تو کیا یُوں جُستُجو ہوتی
۹۵ جلوہ دِکھلا مجھے؛ او چہرہ چھُپانے والے! رحم کر مجھ پہ؛ او مُنہ پھیر کے جانے والے!
۹۶ جُرعۂ بادۂ اُلفت؛ جو کبھی مِل جائے دُختِ رَز کو؛ نہ کبھی مُنہ سے لگائے کوئی
۹۷ جلد آ جلد؛ کہ ہُوں لشکرِ اعداء میں گھِرا پڑ رہے ہیں مجھے اب جان کے لالے؛ پیارے!
۹۸ جن کی تائید میں مَولیٰ ہو؛ اُنھیں کِس کا ڈَر کبھی صَیّاد بھی ڈَر سکتے ہیں؛ نخچیروں سے
۹۹ جن پر ہراِک حقیقتِ مخفی تھی مُنکَشِف وہ واقِفان راز؛ وہ فرزانے کیا ہوئے
۱۰۰ جُرأتِ زُلف تو دیکھو؛ کہ بروزِ روشن دَرپئے قَتل؛ سَرِ بام ہوئی جاتی ہے
۱۰۱ جو پہلے دن سے کہہ چکا ہوں؛ مُدّعا وہی تو ہے میری طَلَب وہی تو ہے؛ میری دُعا وہی تو ہے
۱۰۲ جو غیر پر نِگہ نہ ڈالے؛ آشنا وہی تو ہے جو خیر کے سِوا نہ دیکھے؛ چشمِ وا وہی تو ہے
۱۰۳ جب تلک تدبیر پنجہ کَش نہ ہو تقدیر سے آرزو بے فائدہ ہے؛ اِلتجا بے سود ہے
۱۰۴ جن باتوں کو سمجھے تھے؛ بُنیاد ترقی کی جب غور سے دیکھا؛ تو مِٹتے ہوئے سائے تھے
۱۰۵ جن پر پڑیں فرشتوں کی رَشک سے نِگاہیں اے میرے مُحسِن! ایسے انسان مجھ کو دے دے

۱۰۶ جو ختم نہ ہو؛ ایسا دِکھا جلوۂ تاباں — جو مَر نہ سکے؛ مجھ کو وہ پروانہ بنادے
۱۰۷ جو جاننے کی باتیں تھیں؛ اُن کو بھلایا ہے — جب پُوچھیں سَبَب کیا ہے؛ کہتے ہیں 'خُدا جانے'
۱۰۸ جو چال چلے ٹیڑھی؛ جو بات کہی اُلٹی — بیماری اگر آئی؛ تم اس کو شِفا سمجھے
۱۰۹ جِیوں تو تیری خوشنودی کی خاطِر ہی جِیوں ساقی — مَروں تو تیرے دَروازے کے آگے ہی مَروں ساقی
۱۱۰ جُدائی کا خیال آیا جو دِل میں — لگے آنے پسینوں پر پسینے
۱۱۱ جو میرا تھا؛ اب اُس کا ہوگیا ہے — مِرے دِل سے کِیا یہ کیا کسی نے
۱۱۲ جُدائی میں تِری؛ تَڑپا ہوں بَرسوں — یُونہی گزرے ہیں ہفتے اور مہینے
۱۱۳ جو کام تجھ سے لینا تھا؛ وہ کام لے چکے — پَرواہ رِہ گئی ہے یہاں؛ اَب کسے تِری
۱۱۴ جو پھر نکلو؛ تو جو چاہو، سو کہنا — ذرا دیکھو تو اِس مَحْفِل میں آکے
۱۱۵ جنھوں نے ہوش مَے خانے میں کھوئے — وہ کیا لیں گے بھلا؛ مَسجِد میں جا کے
۱۱۶ جس میں حِصّہ نہ ہو مِرے دِیں کا — کیسے بھائے وہ آب وتاب مجھے
۱۱۷ جن کو عُقبیٰ کا فِکر رہتا ہو — ہیں مگر خال خال ہیں ایسے
۱۱۸ جَل کے رِہ جاتے ہیں تمام اَفکار — دِل کے اَندر اُبال ہیں ایسے
۱۱۹ جو کہ شَرمندۂ جواب نہیں — ان کے دل میں سوال ہیں ایسے
۱۲۰ جو دِل پہ زَخم لگے ہیں مجھے دِکھا تو سہی — ہُوا ہے حال تِرا کیا؛ مجھے سُنا تو سہی
۱۲۱ جو دَشت وکوہ بھی رَقصاں نہ ہوں؛ مجھے کہیو — تُو اس کی سُر سے؛ ذرا اَپنی سُر مِلا تو سہی
۱۲۲ جِسمِ ایماں؛ سعی وکوشِش سے ہی پاتا ہے نُمُو — آرزوئے بےعَمَل؛ کچھ بھی نہیں، اِک خواب ہے
۱۲۳ جن کے سینوں میں نہ دِل ہوں بلکہ پتّھر ہوں دھرے — کیا پہنچ ان تک ہمارے نالۂ دِلگیر کی
۱۲۴ جُستجُوئے خَس نہ کر؛ تُو دوسرے کی آنکھ میں — فِکر کر نادان! اپنی آنکھ کے شہتیر کی
۱۲۵ جنّت میں ایسی جِنس کا جانا حَرام ہے — اپنے ذُنُوب کا یہیں پُشتارہ چھوڑ دے
۱۲۶ جو کچھ بھی دیکھتے ہو؛ فقط اُس کا نُور ہے — وَرنہ جَمالِ ذات تو؛ کوسوں ہی دُور ہے
۱۲۷ جب وہ بیٹھے ہوئے ہوں پاس مِرے — پاس آئے ہی کیوں ہِراس مِرے

۱۲۸ جوراحت ہو؛ تو مُنہ راحت رَساں سے موڑ لیتا ہے
مُصیبت ہو؛ تو اس کے دَر پہ سَر تک پھوڑ لیتا ہے

۱۲۹ جن کو بیماری لگی ہے؛ وہ ہیں غافِل سو رہے
پَر یہ ان کی فِکر میں ہیں: سخت بے کَل ہو رہے

۱۳۰ جن کو سمجھی تھی بُرا دنیا؛ وہی تیرے ہوئے
شیر کی مانند اُٹھے ہیں؛ وہ اب بپھرے ہوئے

۱۳۱ جِنھوں نے پائی ہے اللہ کی کوئی شَرِیعت بھی
اُنھیں تُو ٹھیک کرسکتا نہیں؛ پر حق وحِکمت سے

۱۳۲ جِس ذات سے پالا پڑتا ہے
وہ دِل کو دیکھنے والی ہے

۱۳۳ جان بھی دینی پڑے گر؛ تو نہ ہو اس سے دَریغ
کسی حالت میں نہ جھُوٹی ہو ضَمانت تیری

۱۳۴ جبتک کہ دَم میں دَم ہے؛ اسی دِین پر رہوں
اسلام پر ہی آئے؛ جب آئے قضا مجھے

# 'چ' سے 'ی'

## ('چ' سے شروع ہوکر 'ی' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 30 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 7 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 8 |
| iv | کلامِ محمود | 14 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ چھوڑو غرور وکبر؛ کہ تقویٰ اسی میں ہے
ہوجاؤ خاک: مرضئ مولٰی اسی میں ہے

۲ چاہیئے نفرت بدی سے؛ اور نیکی سے پیار
ایک دن جانا ہے تجھ کو بھی خدا کے سامنے

۳ چاہیئے تجھ کو مٹانا قلب سے نقشِ دوئی
سرجھکا بس مالکِ اَرض وسما کے سامنے

۴ چھوڑنی ہوگی تجھے دنیائے فانی ایک دن
ہرکوئی مجبور ہے؛ حکمِ خدا کے سامنے

۵ چھوڑتے ہیں دِیں کو؛ اور دنیا سے کرتے ہیں پیار
سو کریں وَعظ ونصیحت؛ کون پچھتانے کو ہے

۶ چنگے رہیں ہمیشہ؛ کریو نہ اِن کو مندے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۷ چھو کے دامن تیرا؛ ہردام سے ملتی ہے نجات
لاجَرَم؛ دَر پہ تیرے، سر کو جھکایا ہم نے

## دُرِّ عدن

۸ چار دِن ہنس کھیل کر مشہود رخصت ہوگئے
کِھل گئے گُلہائے مسرّت داغِ حسرت دے گئے

## کلامِ طاہر

۹ چشمِ حزیں میں آتو بَسے ہو مِرے حبیب
کیوں پھر بھی میری دِید کا مسکن اُداس ہے

۱۰ چھین لے اِن سے زمانے کی عناں مالکِ وقت
بنے پھرتے ہیں کم اوقات زمانے والے

۱۱ چشمِ گردُوں نے کبھی پھر نہیں دیکھے وہ لوگ
آئے پہلے بھی تو تھے؛ آکے، نہ جانے والے

۱۲ چھت اُڑگئی سایہ نہ رہا کتنے سَروں پر
اَرمانوں کے دن جاتے رہے پیٹھ دِکھا کے

۱۳ چلتا ہے وہاں اب؛
اور کالے دھَن کی فراوانی سے؛
کاروبار پہ سِکّہ نوکرشاہی کا
سب دھندے مجذوم ہوئے

۱۴ چشمِ حزیں کے یار اُدھر؛ درد نہاں کی جھیل پر
کِھلتے ہیں کیوں کیسے خبر حسرتوں کے کنول پڑے

۱۵ چاندنے پی ہوئی تھی رات؛ ڈھل رہی تھی کائنات
نور کی مے اُتر رہی تھی؛ عرش سے جیسے تل پڑے

۱۶ چھٹ جائیں گے اِک روز مظالم کے اندھیرے
لہرائیں گے ہر آنکھ میں گُلرنگ سویرے

## کلامِ محمود

۱۷ چکھیں گے مزا عذاب کا جب
جانیں گے کہ ہاں! کوئی خدا ہے

۱۸ چیزیں ہزاروں ڈاک میں بھیجو؛ تم آج کل
نقصان اس میں کوئی؛ نہ کوئی زیان ہے

۱۹ چھوٹوں بڑوں کی چین سے ہوتی ہے یاں بَسَر
نے مال کا خطر ہے؛ نہ نقصانِ جان ہے

۲۰ چکھائے گی تمھیں غیرت خدا کی
جو کچھ اس بَدزُبانی کا مزا ہے

۲۱ چھوڑتے ہیں غیر سے مِل کر تجھے
یااِلٰہی! اس میں کیا اَسرار ہے

۲۲ چاک کردیجئے؛ ہیں بیچ میں جتنے یہ حجاب
میری مَنظور اگر آپ کو دِلداری ہے

۲۳ چادرِ فضل وعِنایت میں چھُپالے پیارے!
مجھ گُنہ کار کو؛ اپنا ہی بنالے پیارے!

۲۴ چھاناکئے سب جہاں کو اُن کی خاطر — جب دیکھا؛ تو دیکھا اُن کو سوتے سوتے

۲۵ چہرہ مِرے حبیب کا ہے مِہرِ نیم روز — اس آفتاب کو نہ چھُپایا کرے کوئی

۲۶ چھوڑکر چَل دئے میدان کو؛ دوماتوں سے — مَرد بھی چھوڑتے ہیں دِل کبھی؛ اِن باتوں سے

۲۷ چاند چمکا ہے؛ گال ہیں ایسے — تاج ہو جیسے؛ بال ہیں ایسے

۲۸ چھُوٹے کبھی نہ جامِ سَخاوت؛ خُدا کرے — ٹُوٹے کبھی نہ پائے صَداقت؛ خُدا کرے

۲۹ چلتے کاموں میں مدد دینے کو سب حاضِر ہیں — جب بگڑ جائیں؛ فَقَط ایک خُدا کرتا ہے

۳۰ چھوٹوں کو حق نے کر کے دکھایا ہے سَربُلَند — جو تھے ذلیل؛ قوم کے سَردار ہوگئے

# 'ح' سے 'ی'

('ح' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 24 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلام طاہر | 4 |
| iv | کلام محمود | 13 |

## ﴾دُرِّ ثمین﴿

۱ حاجتیں پوری کریں گے؛ کیا تیری عاجز بشر — کر بیاں سب حاجتیں؛ حاجت رَوا کے سامنے

۲ حرفِ وَفا نہ چھوڑوں؛ اِس عہد کو نہ توڑوں — اِس دلبرِ اَزَل نے مجھ کو کہا یہی ہے

۳ حق سے جو حکم آئے؛ سب اس نے کر دِکھائے — جو راز تھے بتائے؛ نعم العطاء یہی ہے

۴ حُمق آگیا ہے؛ سر میں وہ فِطنت نہیں رہی — کَسل آگیا ہے؛ دل میں جلادَت نہیں رہی

۵ حق کی طرف بلایا؛ مِل کر خدا مِلایا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۶ حمدوثناء اسی کو؛ جو ذات جاوِدانی ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی؛ نہ کوئی ثانی

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۷ حسنِ رقم پہ ناز ہے؛ مضموں نگار کو پھر کاتبوں کو حسنِ کتابت پہ ناز ہے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۸ حَبس کیسا ہے میرے وطن میں؛ ہے فقط ایک رستہ جو آزاد ہے؛
جہاں پا بہ زنجیر ہیں ساری آزادیاں یُورشِ سیلِ اَشکِ رواں کیلئے
۹ حیا سے عاری؛ سِیہَ بخت، نِیش زَن، مَردُود یہ واہ واہ کسی کربلا سے اُٹھی ہے
۱۰ حیاتِ نَو کی تمنا: ہوئی تو ہے بیدار مگر یہ نیند کی ماتی دعا سے اُٹھی ہے
۱۱ حالِ دل خراب تو کوئی نہ پاسکا چینِ جبیں سے اہلِ جہاں بدگماں رہے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۲ حق سے محمود! بس اب اتنی دعا ہے میری جس نے ہم کو کیا خوش؛ رکھے اُسے وہ راضی
۱۳ حیرانی میں ایک دُوسرے سے اُس دن یہ کہے گا؛ ہَیں یہ کیا ہے؟
۱۴ حق نے جسے کردیا مامُور تسلیم میں اُس کی؛ عُذر کیا ہے
۱۵ حیاتِ جاوِداں ملتی ہے اس سے کلامِ پاک ہی؛ آبِ بقا ہے
۱۶ حالات پُراَسرار ہیں دِل مَسکَنِ اَفکار ہے
۱۷ حقیقی عشق گر ہوتا؛ تو سچی جُستُجو ہوتی تلاشِ یار ہر ہر دِہ میں ہوتی؛ کُوبکُو ہوتی
۱۸ حُسنِ فانی سے نہ دل؛ کاش! لگائے کوئی اپنے ہاتھوں سے؛ نہ خاک اپنی اُڑائے کوئی
۱۹ حق تعالےٰ کی حفاظت میں ہوں مَیں؛ یاد رہے وہ بچائے گا مجھے: سارے خطا گیروں سے
۲۰ حق کی جانب سے مِلا ہو؛ جِس کو تقویٰ کا لباس جِسم پر اس کے اگر گاڑھا بھی ہو کمخواب ہے
۲۱ حاکِم رہے دِلوں پہ شرِیعَت؛ خُدا کرے حاصِل ہو مُصطفےٰ کی رَفاقَت؛ خُدا کرے
۲۲ حَیات بَخش وہ؛ جِس پر فنا نہ آئے کبھی نہ ہوسکے جو تبہَ؛ ایسامال دے پیارے!
۲۳ حُسن وِاحساں میں؛ نہیں ہے آپ کا کوئی نَظیر آپ اَندھا ہے؛ جو کرتا ہے بُرائی آپ کی

۲۴ حرام مال پہ تو؛ جان ودِل سے مَرتا ہے      وہ جِس طرح سے بھی ہاتھ آئے؛ گر گزرتا ہے

# 'خ' سے 'ی'

## ('خ' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 70 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 19 |
| ii | دُرِّ عدن | 8 |
| iii | کلام طاہر | 7 |
| iv | کلام محمود | 36 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ خدا کے قول سے؛ قولِ بشر کیونکر برابر ہو      وہاں قدرت، یہاں درماندگی؛ فرقِ نمایاں ہے

۲ خدا پر تو پھر یہ گماں عیب ہے      کہ وہ راحم و عالم الغیب ہے

۳ خدا پر؛ خدا سے یقیں آتا ہے      وہ باتوں سے؛ ذات اپنی سمجھاتا ہے

۴ خدا سے غیر کو ہمتا بنانا؛ سخت کفراں ہے      خدا سے کچھ ڈرو یارو! یہ کیسا کِذب و بہتاں ہے

۵ خود میرے کام کرنا؛ یارب! نہ آزمانا      یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۶ خبر مجھ کو یہ تُو نے بارہا دی      **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۷ خدا نے ان کی عظمت سب اُڑا دی      **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۸ خدا کی ایک بھی تم نے نہ مانی      ذرا سوچو! یہی ہے زندگانی؟

۹ خدا نے اپنی رَہ مجھ کو بتادی      **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۰ خدا عیسیٰ کو کیوں مردوں سے لاوے      وہ خود کیوں مہرِ ختمیت مِٹاوے

۱۱ خدا نے اِک جہاں کو یہ سُنا دی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۱۲ خدا کا ہم پہ بس لطف وکرم ہے — وہ نعمت کون سی باقی؛ جو کم ہے

۱۳ خدا نے روک ظلمت کی اُٹھا دی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۱۴ خوانِ تہی پڑا ہے؛ وہ نعمت نہیں رہی — دِیں بھی ہے ایک قشر؛ حقیقت نہیں رہی

۱۵ خاکساری سے ہم نے لکھا ہے — نہ تو سختی؛ نہ کوئی شدّت ہے

۱۶ خوش خوش عمل ہیں کرتے؛ اوباش سارے اس پر — سارے نیوگیوں کا اِک آسرا یہی ہے

۱۷ خدا رُسوا کرے گا تم کو؛ مَیں اعزاز پاؤں گا — سنو اے منکرو! اب یہ کرامت آنے والی ہے

۱۸ خدا ظاہر کرے گا اِک نشاں؛ پُر رُعب وپُر ہیبت — دلوں میں اس نشاں سے استقامت آنے والی ہے

۱۹ خدا کے پاک بندے؛ دوسروں پر ہوتے ہیں غالب — میری خاطر؛ خدا سے یہ علامت آنے والی ہے

## دُرِّ عدن

۲۰ خالق الخلق ربی الاعلیٰ — حیی و قیوم؛ محی الموتی

۲۱ خوف ہے مجھ کو؛ کہ لگ جائے نہ اشکوں کی جھڑی — آج میرا مطلعِ دل پھر غبارآلود ہے

۲۲ خدایا! مَیں ناچیز بندی ہوں تیری — مَیں جو مانگتی ہوں؛ مجھے وہ دِلادے

۲۳ خضرؔ ہم تو اسی کو جانیں گے — جو ہمیں دِلرُبا سے ملوائے

۲۴ خدا کا فضل ہے؛ اس کی عطا ہے — محمدؐ کے وسیلے سے مِلا ہے

۲۵ خلیفہ خدا نے جو تم کو دیا ہے — عطاءِ الٰہی ہے؛ فضلِ خدا ہے

۲۶ خلیفہ بھی ہے؛ اور موعود بھی — مبارک بھی ہے؛ اور محمود بھی

۲۷ خدا کی گواہی یہ جب سے سُنی ہے — بہت قدر دل میں مِرے بڑھ گئی ہے

## کلامِ طاہر

۲۸ ختم ہوئے جب کُل نبیوں کے دورِ نبوت کے افسانے — بند ہوئے عرفان کے چشمے؛ فیض کے ٹوٹ گئے پیمانے

۲۹ خوں شہیدانِ اُمّت کا، اے کم نظر! — ہر شہادت تیرے دیکھتے دیکھتے؛
رائیگاں کب گیا تھا، کہ اب جائے گا — پھول پھل لائے گی، پھول پھل جائے گی

۳۰ خاک آلودہ، پراگندہ؛ زبوں حالوں کو — کھینچ کر قدموں سے زانو پہ بٹھانے والے

۳۱ خوشابؔ اور ساہیوالؔ اور فیصلؔ آباد اور سرگودھاؔ — بَلائے ناگہاں اِک نت نیا مَولانا آتا ہے

۳۲ خیرات کر اَب اِن کی رہائی؛ مِرے آقا! — کشکول میں بھر دے؛ جو مِرے دل میں بھرا ہے

۳۳ خموشیوں میں کھنکنے لگی کسک دِل کی — اِک ایسی ہُوک دلِ بے نَوا سے اُٹھی ہے

۳۴ خوں بار بلکتے ہوئے جھَرنوں کی زمیں ہے — نَوخیز جواں سال قتیلوں کا وَطن ہے

## کلامِ محمود

۳۵ خدا سے چاہیئے ہے لَو لگانی — کہ سب فانی ہیں؛ پر وہ غیر فانی

۳۶ خدا نے ہم کو دی ہے کامرانی — **فسبحان الذی اوفی الامانی**

۳۷ خدا نے لاکھوں نشاں دکھائے؛ — عذاب کے منتظر ہیں ہائے!
نہ پھر بھی ایمان لوگ لائے — نہیں جو بدبختی یہ؛ تو کیا ہے

۳۸ خدا سے میری یہ کر شفاعت؛ — مجھے بھی اب وہ کرے عنایت؛
کہ علم و نُور و ھُدیٰ کی دولت — یہی مِری اُس سے اِلتجا ہے

۳۹ خُفیہ ہو کوئی بات؛ تو بتلاؤں مَیں تمہیں — طَرزِ حکومت ان کی؛ ہراِک پر عیاں ہے

۴۰ خبر لے اے مسیحا! دردِ دِل کی — تِرے بیمار کا دَم گھُٹ رہا ہے

۴۱ خُدایا! اِک نظر اس تفتہ دِل پر — کہ یہ بھی تیرے دَر کا اِک گدا ہے

۴۲ خزاں آتی نہیں زخمِ زباں پر — یہ رہتا آخری دَم تک ہَرا ہے

۴۳ خُدا کو اس سے مِل کر ہم نے پایا — وہی اِک راہِ دِیں کا رہنما ہے

۴۴ خُدا کا قہر اَب تم پر پڑے گا — کہ ہونا تھا جو کچھ؛ اَب ہوچکا ہے

۴۵ خِدمَتِ اِسلام سے دِل سَرد ہیں — گرم کیا ہی کُفر کا بازار ہے

۴۶ خِضَرؔ اِس کے سِوا کوئی نہیں ہے — یہی بھُولے ہوؤں کا رہنما ہے

۴۷ خُدا کے واسطے مُسلِم! ذرا تو ہوش میں آ — نہیں تو تیری رہے گی نہ آبرُو باقی

۴۸ خُدا کو چھوڑنا؛ اے مُسلِمو! کیا کھیل سمجھے تھے — تمھاری تِیرہ بختی؛ دیکھیئے کیارنگ لاتی ہے

۴۹ خود ہی جب وید کے پڑھنے سے وہ محروم رہے
پھر کسی غیر کو کِس طرح سکھائے کوئی

۵۰ خفگی دو چار دِنوں کی تو ہوئی؛ پَر یہ کیا
سال ہا سال مجھے مُنہ نہ دِکھائے کوئی

۵۱ خَلق و تکوینِ جہاں راست؛ یہ سچ پُوچھو تو
بات تب ہے؛ کہ مِری بگڑی بنائے کوئی

۵۲ خُم خانہ دیکھتے تھے جو؛ آنکھوں میں یار کی
تھے بے پیے کے مَست جو؛ مَستانے کیا ہوئے

۵۳ خُودسَری تیری؛ گر اِسلام ہوئی جاتی ہے
اُن کی رنجش بھی تو؛ اِنعام ہوئی جاتی ہے

۵۴ خُدا کا فضل ان پر ہوگیا ہے
کلامُ اللہ کا خِلعَت مِلا ہے

۵۵ خاموشی سی طاری ہے مجلِس کی فضاؤں پر
فانُوس ہی اَندھا ہے؛ یا اَندھے ہیں پَروانے

۵۶ خُدارا! اِس کو رہنے دیں سَلامَت
یہ دِل مجھ کو دیا تھا؛ آپ ہی نے

۵۷ خُدا ہی نے لگائی پار کشتی
اُٹھائے یُونہی اِحساں؛ ناخُدا کے

۵۸ خاک کردے گی کُفر کا خاشاک
دِل سے نِکلی ہے جو بھڑاس مِرے

۵۹ خُدا کو دیکھ کر بھی تو کبھی خاموش رہتا ہے
کبھی اس زِشت رُو کو دیکھ کر؛ اَے واہ! کہتا ہے

۶۰ خُدا میرا بَدلہ ہے لیتا ہمیشہ
جو گزری مِرے دِل پہ؛ دنیا پہ آئی

۶۱ خُدا جانے؛ ان کو ہے آزادی حاصِل
کہ ہیں وہ بھی معذور و مجبور ہم سے

۶۲ خُدا جانے؛ دونوں میں کیا رَس بھرا ہے
ہم ان سے ہیں؛ اور وہ ہیں مخمور ہم سے

۶۳ خُدا کا قُرب پائے گا نہ راحت سے نہ غَفلت سے
یہ درجہ گر مِلے گا؛ تو فَقَط اِیثار و محنت سے

۶۴ خُدا سے پیار کر، دِل سے؛ اگر رہنا ہو عِزّت سے
کہ اِبراہیم کی عِزّت تھی؛ سب مَولیٰ کی خُلّت سے

۶۵ خُدا سے بڑھ کے تُم کو چاہنے والا؛ نہیں کوئی
کسی کا پیار بڑھ سکتا نہیں ہے؛ اُس کی چاہت سے

۶۶ خُدایا دُور کردے ساری بَدیاں تُو مِرے دِل سے
ہُوا برباد ہے میرا سکوں؛ عُقبیٰ کی دہشَت سے

۶۷ خُدا کی رحمت سے مِہرِ عالَم؛
رَگِ محبت پھڑک رہی ہے؛
اُفق کی جانب سے اُٹھ رہا ہے
دل ایک شُعلہ بنا ہُوا ہے

۶۸ خُدا کرے؛ اُسے دُنیا و آخرت میں تَباہ
جو دُشمنانِ محمدؐ سے ساز باز کرے

۶۹ خُدا کرے؛ مِری سب عُمر یُوں گزر جائے
مَیں اس کے ناز اُٹھاؤں؛ وہ مجھ پہ ناز کرے

٧٠ خَم ہو رہی ہے میری کمر؛ جِسم چُور ہے　　منزل خُدا ہی جانے؛ ابھی کتنی دُور ہے

# 'د' سے 'ی'

## ('د' سے شروع ہوکر 'ی' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 118 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 34 |
| ii | دُرِّ عدن | 15 |
| iii | کلامِ طاہر | 15 |
| iv | کلامِ محمود | 54 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ دل میں یہی ہے ہر دَم؛ تیرا صحیفہ چوموں　　قرآں کے گِرد گھوموں؛ کعبہ مِرا یہی ہے

٢ دل میں ہروَقت نور بھرتا ہے　　سینے کو خوب صاف کرتا ہے

٣ دِلبرا مجھ کو قسم ہے تیری یکتائی کی　　آپ کو تیری محبت میں بھلایا ہم نے

٤ دیکھ کر تجھ کو؛ عجب نور کا جلوہ دیکھا　　نور سے تیرے؛ شیاطیں کو جلایا ہم نے

٥ دن ہوں مرادوں والے؛ پُرنور ہو سویرا　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

٦ دے بخت جاوِدانی اور فیضِ آسمانی　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

٧ دل خوں ہے غم کے مارے؛ کشتی لگا کنارے　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

٨ دنیا بھی اِک سَرا ہے؛ بچھڑے گا، جو مِلا ہے　　گو سو برس رہا ہے؛ آخر کو پھر جدا ہے

٩ دنیا ہے جائے فانی؛ دل سے اسے اُتارو　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

١٠ دیکھو! خدا نے تم کو بتائی دعا یہی　　اس کے حبیب نے بھی پڑھائی دعا یہی

۱۱ دِینِ خدا وہی ہے؛ جو دریائے نور ہے ۔۔۔ جو اس سے دُور ہے؛ وہ خدا سے بھی دُور ہے

۱۲ دوا دی، اور غذا دی؛ اور قُبا دی ۔۔۔ **فسبحان الذی اخزی الاعادی**

۱۳ دل میں تمہارے؛ یار کی اُلفت نہیں رہی ۔۔۔ حالت تمہاری؛ جاذبِ نصرت نہیں رہی

۱۴ دنیاودِیں میں کچھ بھی لیاقت نہیں رہی ۔۔۔ اب تم کو غیرقوموں پہ سبقت نہیں رہی

۱۵ دلِ بیمار کا یہ درماں ہے ۔۔۔ طالبوں کا یہ یارِ خلوت ہے

۱۶ دوستو! جاگو؛ کہ اب پھر زلزلہ آنے کو ہے ۔۔۔ پھر خدا قدرت کو اپنی جَلد دِکھلانے کو ہے

۱۷ دنیا میں اس کا ثانی؛ کوئی نہیں ہے شربت ۔۔۔ پی لو تم اس کو یارو! آبِ بقا یہی ہے

۱۸ دل پھٹ گیا ہمارا؛ تحقیر سنتے سنتے ۔۔۔ غم تو بہت ہیں دل میں؛ پر جاں گزا یہی ہے

۱۹ دنیا میں گرچہ ہوگی سوقسم کی برائی ۔۔۔ پاکوں کی ہتک کرنا؛ سب سے بُرا یہی ہے

۲۰ دلبر کی رَہ پہ دل ڈرتا نہیں کسی سے ۔۔۔ ہشیار ساری دنیا؛ اِک باوَلا یہی ہے

۲۱ دے کر نجات وکتی؛ پھر چھینتا ہے سب سے ۔۔۔ کیسا ہے وہ دیالُو؛ جس کی عطاء یہی ہے

۲۲ دِینِ خدا کے آگے؛ کچھ بَن نہ آئی آخر ۔۔۔ سب گالیوں پہ اُترے؛ دل میں اُٹھا یہی ہے

۲۳ دِیں کے غموں نے مارا؛ اب دل ہے پارہ پارہ ۔۔۔ دِلبر کا ہے سہارا؛ وَرنہ فنا یہی ہے

۲۴ دیکھی ہیں سب کتابیں؛ مجمل ہیں جیسی خوابیں ۔۔۔ خالی ہیں ان کی قابیں؛ خوانِ ھدیٰ یہی ہے

۲۵ دِیں غار میں چھُپا ہے؛ اِک شور کفر کا ہے ۔۔۔ اب تم دعائیں کرلو؛ غارِحِرا یہی ہے

۲۶ دنیا میں عشق تیرا؛ باقی ہے سب اندھیرا ۔۔۔ معشوق ہے تُو میرا؛ عشقِ صفا یہی ہے

۲۷ دِلبر کا درد آیا؛ حرفِ خودی مٹایا ۔۔۔ جب مَیں مَرا، جِلایا؛ جامِ بقا یہی ہے

۲۸ دل کر کے پارہ پارہ؛ چاہوں مَیں اِک نظارہ ۔۔۔ دیوانہ مت کہو تم؛ عقلِ رَسا یہی ہے

۲۹ دعا کرنا؛ عجب نعمت ہے پیارے! ۔۔۔ دعا سے آلگے کشتی کنارے

۳۰ دنیا کی حِرص وآز میں یہ دل ہیں مرگئے ۔۔۔ غفلت میں ساری عمر بسر اپنی کرگئے

۳۱ دیدار گر نہیں ہے؛ تو گُفتار ہی سہی ۔۔۔ حسن و جمالِ یار کے آثار ہی سہی

۳۲ دنیا کی نعمتوں سے کوئی بھی نہیں رہی ۔۔۔ جو اس نے مجھ کو اپنی عنایات سے نہ دی

۳۳ دوستو! اِک نظر خدا کیلئے — سید الخلق مصطفیٰؐ کیلئے
۳۴ دے رُشد اور ہدایت؛ اور عُمر اور عزّت — یہ روزکرمبارک سبحان من یرانی

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳۵ دنیا میں حاکموں کو؛ حکومت پہ ناز ہے — جو ہیں شریف؛ ان کو شرافت پہ ناز ہے
۳۶ دیکھو جسے؛ غرض کہ وہی مست ناز ہے — وحشی بھی ہے اگر؛ اسے وحشت پہ ناز ہے
۳۷ دل کے مالک! پُکار سُن دل کی — ہر دُعا مستجاب ہو جائے
۳۸ دشمن بنے جو تیرے محبوں کی جان کے — وہ خود ہی اپنی جان سے بیزار ہوگئے
۳۹ دیا سخت حکم؛ اور تاکید کی — نہ احسان میں ماں باپ کے ہو کمی
۴۰ دعا کر رہی ہوں؛ کہ مولا مِرے — مجھے ماں کی خدمت کی توفیق دے
۴۱ دل کانپتا ہے ڈر سے؛ زباں لڑکھڑاتی ہے — رحمت تیری مگر ذراہمّت بندھاتی ہے
۴۲ دیتے تھے دُکھ سدا تیرے پیاروں سے لڑتے تھے — ان کیلئے نبی پہ نبی ٹوٹے پڑتے تھے
۴۳ درد کہتا ہے؛ بہادو خونِ دل آنکھوں سے تم — عقل کہتی ہے ؛نہیں آہ وفغاں بے سود ہے
۴۴ دھُلے جاتے ہیں دھبّے دامنوں کے — برابر رحمتیں برسا رہا ہے
۴۵ دلہن؛ دولہا سے رخصت ہورہی ہے — بُلا بھیجا ہے ربّ دوسرا نے
۴۶ دلِ مہجور راضی ہو رضا پر — تِرا چاہا نہیں چاہا خدا نے
۴۷ دل کی حالت کو جاننے والے — اپنے بندوں کی ماننے والے
۴۸ دیکھیں گے کب وہ محفل کـاَلبَدرِ فِی النُّجُومِ — وہ چاند کب ملے گا؛ وہ تارے کب آئیں گے
۴۹ دہان کھلتے ہی اڑتی ہے بوئے طاغوتی — نہیں! یہ لب نہ ہلیں ذکرِ مصطفیٰؐ کیلئے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۵۰ دلِ بے قرار قابو سے نکل چکا ہے یارب! — یہ نگاہ رکھ؛ کہ پاگل، سَرِدار تک تو پہنچے
۵۱ دفن ہوجائے گا گل ساجدہؔ کی قبر کے ساتھ — اے خدا! قُرب یہ دونوں کو بہت بہلائے
۵۲ دکھ کا ایک جَوالامکھی سینے میں پھٹ جائے — پھوٹ کے بادل برسے، گرجے کڑکے؛شور مچائے

۵۳ دیکھا کچھ ؛مغرب کے اُفق سے: بُجھ گئے دِیپ طلسم نظر کے؛
کیسا سچّ کا سُورج نکلا مٹ گئے جھوٹ کے چاند ستارے
۵۴ دن بہت بے قرار گزرا ہے آ مِرے چاند! میری رات بنے
۵۵ دُور ہو گی کُلفت عرصوں کی: ہم گیت مِلَن کے گائیں گے؛
اور پیاس بجھے گی برسوں کی پھولیں گی فصلیں سرسوں کی
۵۶ دِل آپ کا ہے؛ آپ کی جان، آپ کا بدن غم بھی لگا ہے جان گُسَل آپ کیلئے
۵۷ دو گھڑی صبر سے کام لو ساتھیو! آہِ مومن سے ٹکرا کے؛
آفتِ ظلمت و جور ٹل جائیگی طوفان کا رُخ پلٹ جائیگا، رُت بدل جائیگی
۵۸ دیر اگر ہو، تو اندھیر ہرگز نہیں؛ سنت اللّٰہ ہے لا جَرَم بالیقیں ؛
قولِ اُملی لَھُم اِنَّ کَیدِی مَتِین بات ایسی نہیں، جو بدل جائے گی
۵۹ دیکھ کر دل کو نکلتا ہوا ہاتھوں سے کبھی رس بھری لوریاں دے دے کے سُلانے والے
۶۰ دیں مجھ کو اجازت؛ کہ کبھی مَیں بھی تو رُوٹھوں لُطف آپ بھی لیں؛ رُوٹھے غلاموں کو مَنا کے
۶۱ دیوانہ ہوں دیوانہ: بُرا مان نہ جانا صدقے مِری جاں: آپ کی ہرایک اَدا کے
۶۲ دیر کے بعد، اے دُور کی راہ سے: میری ترسی نگاہیں، کہ تھیں منتظر:
آنے والو! تمہارے قدم کیوں نہ لیں! اِک زمانے سے، اِس کارواں کیلئے
۶۳ دشتِ طلب میں جابجا بادلوں کے ہیں دَل پڑے کاش! کسی کے دل سے تو چشمۂ فیض اُبل پڑے
۶۴ دیکھیں تو سہی دِن کیسے کیسے: بدلی نے شَفَق کے چہرے پر:
حسن کے رُوپ میں ڈھلتا ہے کالا گیسُو لہرایا ہے

## کلامِ محمود

۶۵ دَرد تو اَور ہی کرتا ہے تقاضا دِل سے پَر وہ اِظہارِ محبت سے دَبا کرتا ہے
۶۶ دِل دے کے مُشتِ خاک کو؛ دِلدار ہوگئے اپنی عطا کے؛ آپ خریدار ہوگئے
۶۷ دوستی اور وَفاداری ہے سب عیش کے وَقت آڑے وَقتوں میں بھلا کون وَفا کرتا ہے

دعا کرتا ہوں مَیں بھی؛ کہ اپنی خاص رحمت سے؛

۶۸ ہاتھ اُٹھا کر حق تعالیٰ سے وہ اِس شادی میں برکت دے

۶۹ دِینِ اسلام بس اب ان کی سمجھ میں آجائے بات یہ کچھ بھی نہیں؛ رحم اگر وہ فرمائے

۷۰ دجّال کی بڑائی کو؛ خاک میں مِلادُوں قوت مجھے عطاء کر؛ سلطان مجھ کو دے دے

۷۱ دَم و خَم اگر ہو کسی کو؛ تو آئے وہ میداں میں؛ ہر اِک کو للکارتا ہے

۷۲ دورَنگی سے؛ ہمیں ہے سخت نفرت جو دِل میں ہے؛ جَبِیں سے بھی عَیاں ہے

۷۳ دیا ہے رہنما؛ بڑھ کر خِضرؑ سے خُدا بھی ہم پہ کیسا مہرباں ہے

۷۴ دِلِ آفت زدہ کا دیکھ کر حال ہرازخمِ جگر بھی ہنس رہا ہے

۷۵ دَمِ عیسیٰؑ سے مُردے جی اُٹھے ہیں جو اَندھے تھے؛ اُنہیں اَب سُوجھتا ہے

۷۶ دَرد ہے دِل میں مِرے یا خار ہے کیا ہے آخر اس کو کیا آزار ہے

۷۷ دِل کے زَنگوں نے ہی مَحجُوب کیا ہے اس سے شاہد اس بات پہ اِک پَردۂ زَنگاری ہے

۷۸ دُشمنِ دِینِ تِرے حملے؛ تو سب مَیں نے سَہے اَب ذرا ہوش سے رَہیو! کہ مِری باری ہے

۷۹ دَرِمَے خانۂ اُلفت اگر مَیں وا کبھی پاتا تو بس کرتا نہ گھُونٹوں پر؛ صراحی ہی سُبُو ہوتی

۸۰ دَعوِیٰ حُسنِ بَیاں ہیچ ہے؛ مَیں تب جانوں مجھ سے جو بات نہ بَن آئے؛ بنائے کوئی

۸۱ دِیدۂ شوق اُسے ڈھونڈ ہی لے گا آخر لاکھ پَردوں میں بھی گو خود کو چھُپائے کوئی

۸۲ دے دیا دِل؛ تو بھلا شرم رہی کیا باقی ہم تو جائیں گے؛ بُلائے، نہ بُلائے کوئی

۸۳ دَشت وکوہسار میں جب آئے نظر جلوۂ حُسن تیرے دیوانے کو پھر کون سنبھالے؛ پیارے!

۸۴ دِل مِرا بے قرار رہتا ہے سینہ میرا فِگار رہتا ہے

۸۵ دِل مِرا توڑتے ہو کیوں جانی! آپ کا اِس میں پیار رہتا ہے

۸۶ دِل کی حالت پر؛ کسی بندے کو ہو کیا اِطّلاع بس وہی محمود ہے؛ جو اس کے ہاں محمود ہے

۸۷ دیکھا نا نگاہِ یار پا لی ہم نے فُرقَت میں حَواس و ہوش کھوتے کھوتے

۸۸ دِلوں کو؛ نُور سے ہوں بھرنے والے ہوں تیری رَہ میں؛ ہَر دَم مرنے والے

۸۹ دیکھئے! کب وہ مُنہ دِکھاتا ہے　　پَردہ چہرہ سے کب اُٹھاتا ہے

۹۰ دیکھ لینا! اُن کی اُمّیدیں؛ بنیں گی حَسرتیں　　اِک پریشاں خواب نِکلے گا؛ یہ خوابِ زندگی

۹۱ دِلبرا! اِلزام تو دیتے ہیں چھُپنے کا تجھے　　اوڑھے بیٹھے ہیں مگر ہم خود؛ نِقابِ زندگی

۹۲ دَستِ عِزرائیؔل میں مخفی ہے سب رازِ حیات　　موت کے پیالوں میں؛ بٹتی ہے شرابِ زندگی

۹۳ دِلوں کی چھُپی بات بھی جانتا ہے　　بَدوں اور نیکوں کو پہچانتا ہے

۹۴ دِل پاک کردے میرا؛ دُنیا کی چاہتوں سے　　سُبّوحِیَّت سے حِصّہ؛ سُبحان مجھ کو دے دے

۹۵ دِل جَل رہا ہے میرا؛ فُرقَت سے تیری ہردَم　　جامِ وِصال اپنا؛ اے جان! مجھ کو دے دے

۹۶ دُنیائے کُفروبِدعَت کو؛ اس میں غَرق کردُوں　　طُوفانِ نُوحؑ سا اِک؛ طُوفان مجھ کو دے دے

۹۷ دھُل جائیں دِل بَدی سے؛ سینے ہوں نُور سے پُر　　اَمراضِ رُوح کا؛ وہ دَرمان مجھ کو دے دے

۹۸ دُنیا کا غم اِدھر ہے؛ اُدھر آخرت کا خوف　　یہ بوجھ میرے دِل سے؛ الٰہی! اُتاردے

۹۹ دن بھی اسی کے، راتیں بھی اس کی جو خوش نصیب　　آقا کے دَر پہ عُمر کو اپنی گزاردے

۱۰۰ دِل چاہتا ہے؛ جان ہو اِسلام پر نِثار　　توفیق اس کی؛ اے مِرے پَروَردِگار دے!

۱۰۱ دِل میں مِرے کوئی نہ بَسے؛ تیرے سِوا اَور　　گر تُو نہیں بَستا؛ اسے ویرانہ بنادے

۱۰۲ دُشمن کو بھی جو مومِن؛ کہتا نہیں وہ باتیں　　تم اپنے کَرَم فرما کے حق میں رَوا سمجھے

۱۰۳ دِن ہی چڑھتا نہیں قِسمت کا مِری؛ اے اَفسوس!　　مُنتظر ہوں تِری آمد کا؛ کئی راتوں سے

۱۰۴ دِل مانگ، جان مانگ؛ کِسے عُذر ہے یہاں　　مَنظُور ہے ہمیشہ سے خاطِر مجھے تِری

۱۰۵ دَرِمَے خانہ پاکر بند؛ اے شَیخ!　　چلے ہیں آپ بھی؛ گھر کو خُدا کے

۱۰۶ داروئے ہرمَرَض؛ شِفائے جہاں　　حق نے بَخشی ہے وہ کِتاب مجھے

۱۰۷ دُشمنوں سے تو رَکھ مِرا پَردہ　　اس طرح کر نہ بے حِجاب مجھے

۱۰۸ دِل میں بیداریاں ہیں پھر پیدا　　پھر دِکھا؛ چَشمِ نیم خواب مجھے

۱۰۹ دِین ودُنیا کی سُدھ نہیں اُن کو　　محوِ حُسن و جَمال ہیں ایسے

۱۱۰ دیکھا نہ تُو نے آئینہ خانہ میں بھی جَمال　　تیری تو عَقل میں کوئی آیا فُتُور ہے

۱۱۱ دُوسروں کی خُوبیاں؛ اس کی نظر میں عَیب ہیں تجھ کو اپنی بھی خبر ہے؛ نُکتہ چیں سے پُوچھئے
۱۱۲ دے گئے تھے جواب تاب و تَواں کام آئی ہے ایک آس مِرے
۱۱۳ دُنیا میں یہ کیا فِتنہ اُٹھا ہے مِرے پیارے! ہرآنکھ کے اندر سے نِکلتے ہیں شَرارے
۱۱۴ دِلبر کے دَر پہ؛ جیسے ہو، جانا ہی چاہیئے گر ہوسکے؛ تو حال سُنانا ہی چاہیئے
۱۱۵ دِل ہے شِکارِحرص وہواوہَوس ہُوا پَنجہ سے ان کے؛ اس کو چھُڑانا ہی چاہیئے
۱۱۶ دِلِ دوستاں کو نہ توڑیں گے ہرِگز نہ ٹُوٹے گا ہرگِز؛ یہ بِلّور ہم سے
۱۱۷ دھرا ہم پہ بارِشَرِیعَت؛ تو پھر کیوں فِرِشتوں پہ ظاہر ہو مَستُور ہم سے
۱۱۸ دَجّال کے بچھائے ہوئے جال؛ توڑدو حاصِل ہو تم کو ایسی ذِہانت؛ خُدا کرے

# 'ڈ' سے 'ی'

('ڈ' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **7** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 5 |

## دُرِّ ثمین

۱ ڈرو یارو! کہ وہ بیناخدا ہے اگر سوچو؛ یہیں دارالجزاء ہے

## دُرِّ عدن

۲ ڈھونڈتی ہے جنہیں نظرمیری سب تو آئے؛ وہی نہیں آئے

## کلامِ محمود

۳ ڈَرتی نہیں کچھ بھی تو خُدا سے اے قوم! یہ تجھ کو کیا ہُوا ہے

۴ ڈالتا جا نظرِ مہر بھی اس غمگیں پر | نظرِ قہر سے؛ مٹی میں مِلانے والے!
۵ ڈھونڈتی ہیں؛ مگر آنکھیں نہیں پاتیں اُن کو | ہیں کہاں وہ؛ مجھے روتے کو، ہنسانے والے!
۶ ڈلہوزؔی و شِملہ کی تو ہے یاد ہوئی مَحو | ہے خواہشِ کشمیؔر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی
۷ ڈوبا ہوں بحرِعشقِ الٰہی میں شاؔد میں | کیا دے گا خاک فائدہ آبِ بقا مجھے

# 'ر' سے 'ی'

## ('ر' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 38 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | دُرِّ عدن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 7 |
| iv | کلامِ محمود | 18 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ راستی کے سامنے؛ کب جھوٹ پھلتا ہے بھلا | قدر کیا؛ پتھر کی لعلِ بے بہا کے سامنے
۲ ربط ہے جانِ محمدؐ سے مِری جاں کو مدام | دل کو وہ جام؛ لبالب ہے پلایا ہم نے
۳ رَہ تِعلیم؛ اِک تُو نے بتادی | **فسبحان الذی اخزی الاعادی**
۴ روحیں اگر نہ ہوتیں؛ ایشؔر سے کچھ نہ بنتا | اس کی حکومتوں کی؛ ساری بِنا یہی ہے
۵ رُکتے نہیں ہیں ظالم؛ گالی سے ایک دَم بھی | ان کا تو شغل و پیشہ؛ صبح و مسا یہی ہے
۶ رہیں خوشحال؛ اور فرخندگی سے | بچانا اے خدا؛ بدزندگی سے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۷ رفیقِ جاں مِرے! یارِ وَفا شعار مِرے! | یہ آج پردہ دری کیسی؛ پردہ دار مِرے

۸ رحمت کا رہے سایہ؛ بڑھتا ہی رہے پایا ہروَقت خدا رکھے؛ آسائش و صحت سے

۹ راضی ہو خدا تم سے؛ شیطاں ہو جدا تم سے لبریز رہے سینہ؛ ایمان کی دولت سے

۱۰ ربِّ ودود اپنی محبت عطا کرے آپس میں اتفاق ومودّت عطا کرے

۱۱ رہی نصرت خدا کی شاملِ حال گزاری زندگی باکامرانی

۱۲ راہبر یہ بتا کہاں ہیں وہ دلِ مضطر انہیں کہاں پائے

۱۳ رکھ پیشِ نظر وہ وقت بہن جب زندہ گاڑی جاتی تھی گھر کی دیواریں روتی تھیں جب دنیا میں تُو آتی تھی

## کلامِ طاہر

۱۴ راہ گیروں کے بسیروں میں ٹھکانہ کرکے بے ٹھکانوں کو بناڈالا؛ ٹھکانے والے

۱۵ رُوٹھ کے پانی ساگر سے؛ جب بادل بَن اُڑ جائے ساگر پاگل سا ہوکر؛ سر ساحل سے ٹکرائے

۱۶ روٹھا روٹھا غم کا مارا؛ وہ بادل آوارہ دیس سے ہو کے بدیس؛ کسی انجانے دیس کو جائے

۱۷ رسائی دیکھو! کہ باتیں خدا سے کرتی ہے دعا؛ جو قلب کے تحت الثّریٰ سے اُٹھی ہے

۱۸ راہِ خدا میں؛ منزلِ مرگ پہ سب مچل گئے ہم بھی رُکے رُکے سے تھے؛ اِذن ہوا، تو چل پڑے

۱۹ رَکھ لاج کچھ اِن کی؛ مِرے ستّار! کہ یہ زخم جو دل میں چھپا رکھے ہیں؛ پُتلے ہیں حیا کے

۲۰ راہ میں پربت پاؤں پڑے بہلائے اور پھسلائے یار کسی کا اپنانے کو؛ حیلے لاکھ بنائے

## کلامِ محمود

۲۱ راتیں تو ہوا کرتی ہیں؛ راتیں ہی ہمیشہ پر ہم کو نظر آتے ہیں؛ اب دن کو بھی تارے

۲۲ رہی ہے نہ تیری؛ نہ شیطان کی وہ کچھ ایسی ہے بگڑی؛ خدایا! خدائی

۲۳ روزہ، نماز میں کبھی؛ کٹتی تھی زندگی اب تم خدا کو بھول گئے؛ انتہا یہ ہے

۲۴ راتوں کو آکے دیتا ہے؛ مجھ کو تسلیاں مردہ خدا کو کیا کروں؛ میرا خدا یہ ہے

۲۵ رقیبوں سے بھی چھیڑ جاری رہے گی تعلق رہے گا؛ بدستور ہم سے

۲۶ رِہ گئے منہ ہی تِرا دیکھتے؛ وقتِ رحلت ہم پسینہ کی جگہ؛ خون بہانے والے

۲۷ رونق مکاں کی ہوتی ہے؛ اس کے مکین سے اس دِلرُبا کو؛ دل میں بسانا ہی چاہیئے

۲۸ راضی رہو؛ خدا کی قضا پر ہمیش تم — لب پر نہ آئے حرفِ شکایت؛ خداکرے
۲۹ روک مجھ میں، اور تجھ میں؛ پھر نہ کچھ باقی رہے — ایک مَیں ہوں پینے والا؛ ایک تُو ساقی رہے
۳۰ رسول اللہ؛ ہمارے پیشوا ہوں — ملے توفیق؛ ان کی اقتداء کی
۳۱ رَہِ خدا میں ہی جاں فدا ہو دل عشقِ احمدؐ میں مبتلا ہو — اسی پہ ہی میرا خاتمہ ہو؛ یہی میرے دل کا مدّعا ہے
۳۲ رنگ آجاتا ہے اُلفت کا؛ نگاہوں میں تری — وَرنہ کیا کام؛ ترے رِندوں کا برساتوں سے
۳۳ رَہ سے شیطان کو؛ جب تک نہ ہٹائے کوئی — اس کے ملنے کیلئے؛ کِس طرح آئے کوئی
۳۴ رہیں ہم دُور ہر بَدکیش وبَد سے — رہے صُحبت ہمیں اہلِ وَفا کی
۳۵ رحمت کے چھینٹے دینے پہ؛ صَد شُکر واِمتنان — دِل کیلئے بھی؛ پَر کوئی اَنگارہ چھوڑ دے
۳۶ رَنگِ وَفا دِکھاتے ہیں اَدنیٰ وُحُوش بھی — غم دوستوں کا؛ کچھ تمھیں کھانا ہی چاہیئے
۳۷ روح؛ جس کیلئے تڑپتی تھی — اس کا جلوہ؛ دِکھا دِیا تُو نے
۳۸ رِہ چکے پاؤں؛ نہیں جسم میں باقی طاقت — رحم کر؛ گود میں اب مجھ کو اُٹھالے پیارے!

# 'ز' سے 'ی'

## ('ز' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **17** |
| i | دُرّ ثمین | 4 |
| ii | دُرّ عدن | 2 |
| iii | کلام طاہر | 1 |
| iv | کلام محمود | 10 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ زندگی بخش؛ جامِ احمدؐ ہے کیا پیارا؛ یہ نامِ احمدؐ ہے

۲ زلزلہ سے دیکھتا ہوں؛ مَیں زمیں زیروزبر وقت اب نزدیک ہے؛ آیاکھڑا سیلاب ہے

۳ زمینِ قادیاں؛ اب محترم ہے ہجومِ خَلق سے؛ ارضِ حرم ہے

۴ زعم میں ان کے؛ مسیحائی کا دعویٰ میرا افترا ہے؛ جسے اَز خود ہی بنایا ہم نے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۵ زخمِ جگر کو مرہمِ وَصلت ملے گا کب ٹوٹے ہوئے دلوں کے سہارے کب آئیں گے

۶ زندگی ہو جسے عزیز بہت وہ نہ مرنے کی دل میں ٹھہرائے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۷ زندگی میں نہ کثافت رہی کوئی، نہ جمود؛ ایسی موسیقی، جو اِک آبی پرندے کی طرح؛
ساری بے رَبطگی، موسیقی میں تحلیل ہوئی اپنے پَر وُسعتِ افلاک میں پھیلائے ہوئے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۸ زمیں سے جھگڑا ،فلک پہ قضیہ؛ نہیں ہے اِک دَم بھی چین آتا؛
یہاں ہے شور اور وہاں شرابہ خبر نہیں، ان کو کیا ہوا ہے

۹ زمین و آسماں ہیں؛ اس پہ شاہد جہاں میں ہر طرف پھیلی وَبا ہے

۱۰ زمین و آسماں کی بادشاہت عطاء کی مجھ کو؛ تیری بندگی نے

۱۱ زندگی اس کی ہے؛ دن اس کے ہیں راتیں اس کی وہ؛ جو محبوب کی صحبت میں رہا کرتا ہے

۱۲ زمانہ کو حاصل ہو نورِ نبوت جو سیکھے قوانین و دَستور ہم سے

۱۳ زخمِ دل؛ جو ہوچکا تھا مدّتوں سے مندمل پھر ہرا ہونے کو ہے؛ وہ پھر ہرا ہونے کو ہے

۱۴ زُباں میری تو رہتی ہے؛ اُن کے آگے گُنگ نِگاہ میری؛ نِگاہوں سے اُن کی لڑتی ہے

۱۵ زِشت رُو مَیں ہوں؛ آپ مالکِ حُسن چھوڑیئے؛ دیجئے نِقاب مجھے

۱۶ زمانہ دُشمنِ جاں ہے؛ نہ اِس کی جانب پھر تُو اُس کو اپنی مدد کیلئے بُلا تو سہی

۱۷ زِندہ رہیں عُلوم تمھارے؛ جہان میں پائندہ ہو تمھاری لِیاقت؛ خُدا کرے

# 'ذ' سے 'ی'

## ('ذ' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 8 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ذرا سوچو سِکھّو! یہ کیا چیز ہے یہ اس مرد کے تَن کا تعویذ ہے

۲ ذرا سوچو یارو! گر انصاف ہے یہ سب کشمکش اس گھڑی صاف ہے

۳ ذرا سوچو! کہ وہ کیسا خدا ہے کہ جس سے جُگت روحوں کا جدا ہے

۴ ذلّت ہیں چاہتے؛ یہاں اکرام ہوتا ہے کیا مفتری کا ایساہی انجام ہوتا ہے

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۵ ذرا آگے بڑھے؛ اور ہم نے دیکھا وہ خود ملنے کو بڑھتا آرہا ہے

۶ ذریعہ بنے گی یہ اس کی رضا کی اطاعت ہے ماں کی؛ اطاعت خدا کی

### ﴿کلامِ محمود﴾

۷ ذرا آنکھیں تو کھولو؛ سونے والو! تمھارے سَر پہ سُورج آگیا ہے

۸ ذرا دِل تھام لو اپنا؛ کہ اِک دیوانہ آتا ہے شَرارِ حُسن کا جلتا ہُوا پروانہ آتا ہے

# 'س' سے 'ی'

## ('س' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 84 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 22 |
| ii | دُرِّ عدن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 19 |
| iv | کلامِ محمود | 36 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ سینہ میں نقشِ حق جماتی ہے — دل سے غیرِ خدا؛ اٹھاتی ہے

۲ سب غیر ہیں؛ وہی ہے، اِک دل کا یارِجانی — دل میں میرے یہی ہے **سبحان من یرانی**

۳ سب پاک ہیں پیمبر؛ اِک دوسرے سے بہتر — لیک اَز خدائے برتر؛ خیرالوریٰ یہی ہے

۴ سو سو نشاں دِکھا کر لاتا ہے وہ بُلا کر — مجھ کو جو اُس نے بھیجا؛ بس مدّعا یہی ہے

۵ سب مُشرکوں کے سر پر یہ دِیں ہے ایک خنجر — یہ شِرک سے چھُڑاوے؛ ان کو اَذیٰ یہی ہے

۶ سچ پوچھیئے؛ تو قِصّوں کا کیا اعتبار ہے — قِصّوں میں جھُوٹ اور خطا بے شمار ہے

۷ سچ ہے یہی؛ کہ ایسے مذاہب ہی مرگئے — اب ان میں کچھ نہیں ہے؛ کہ جاں سے گذر گئے

۸ سوچو! کہ باپ دادے تمہارے کِدھر گئے — کِس نے بُلالیا؛ وہ سبھی کیوں گزر گئے

۹ سو روگ کی دَوا؛ یہی وصلِ الٰہی ہے — اس قید میں ہر ایک گُنہ سے رہائی ہے

۱۰ سب عُضو سُست ہوگئے؛ غفلت ہی چھاگئی — قوت تمام نوکِ زباں میں ہی آگئی

۱۱ سب جِدّ وجُہد و سَعی اکارت چلی گئی — کوشش تھی جس قدر؛ وہ بغارت چلی گئی

۱۲ سب دِیں ہیں اِک فسانہ؛ شِرکوں کا آشیانہ
اُس کا ہے جو یگانہ؛ چہرہ نما یہی ہے

۱۳ سب خشک ہوگئے ہیں؛ جتنے تھے باغ پہلے
ہرطرف مَیں نے دیکھا؛ بُستاں ہَرا یہی ہے

۱۴ سونے والو! جلد جاگو؛ یہ نہ وقتِ خواب ہے
جو خبر دی وحیِ حق نے؛ اس سے دل بیتاب ہے

۱۵ سخت دل کیسے ہوگئے ہیں لوگ
سَر پہ طاعُوں ہے؛ پھر بھی غفلت ہے

۱۶ سب پر یہ اِک بَلا ہے؛ کہ وَحدت نہیں رہی
اِک پھُوٹ پڑ رہی ہے؛ موَدّت نہیں رہی

۱۷ سوسو ہے گند دل میں؛ طہارت نہیں رہی
نیکی کے کام کرنے کی رغبت نہیں رہی

۱۸ سب کام تُو بنائے؛ لڑکے بھی تجھ سے پائے
سب کچھ تیری عطا ہے؛ گھر سے تو کچھ نہ لائے

۱۹ سُن میرے پیارے باری! میری دعائیں ساری
رحمت سے ان کو رکھنا؛ مَیں تیرے منہ کے واری

۲۰ سُنو! ہے حاصلِ اسلام تقویٰ
خدا کا عشق، مَے؛ اور جام، تقویٰ

۲۱ سیاہی چاند کی مُنہ نے دِکھا دی
**فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲۲ سُنو! اب وقتِ توحیدِ اَتَم ہے
سِتم اب مائلِ مُلکِ عدم ہے

## دُرِّ عدن

۲۳ سنا ہے؛ کہ چاہو جو جنت ملے
تو پاؤگے ماؤں کے قدموں تلے

۲۴ سخت گردابِ گُمرہی میں تھے
پار ہم کو لگا دیا تُو نے

۲۵ سنّت تیرے مرسل کی ادا کرتا ہوں؛ پیارے!
دلبند کو سینہ سے جدا کرتا ہوں؛ پیارے!

۲۶ سب چھٹتے ہیں؛ ماں باپ، بہن بھائی، بھتیجے
یہ باغ، یہ بوٹے، یہ ثمر؛ تیرے حوالے

۲۷ سوال مجھ سے نہ کر؛ اے مِرے سمیع وبصیر
جواب مانگ نہ؛ اے لاجواب؛ جانے دے

۲۸ سب فضل خدا ہوگا؛ اُمید رکھو قائم
گھبرا نہ کہیں جانا؛ افکار کی شدت سے

۲۹ سینچا بھی کرو اس کو پانی سے دعاؤں کے
پھل کھانے ہیں گرتم نے کچھ نخلِ ریاضت کے

## کلامِ طاہر

۳۰ سوندھی سوندھی باس وطن کی مٹی میں سے اٹھے
تب سب نوحے بھول کے وہ بس راگ ملن کے گائے

۳۱ سَو بسم اللہ جو کُوئے دار سے چل کر سُوئے یار آئے
سَر آنکھوں پر ہر راہِ خدا کا مُسافر؛ سَو سَو بار آئے

۳۲ سب یادوں میں بہتر ہے وہ یاد؛ کہ کچھ لمحے
جو اُس کے تصور کے قدموں میں گزار آئی

۳۳ سینے پہ غم کا طور لئے پھر رہا ہے کیا
موسیٰ پلٹ! کہ وادیٔ ایمن اُداس ہے

۳۴ سَرمَدی پریم کی آشاؤں کو دھیرے دھیرے
مَدھ بھرے سُر میں مَدُھر گیت سنانے والے

۳۵ سُن رہا ہوں قدمِ مالکِ تقدیر کی چاپ
آ رہے ہیں مِری بگڑی کے بنانے والے

۳۶ سکھلا دِیئے اسلوب بہت صبر و رَضا کے
اب اور نہ لمبے کریں دِن کرب و بلا کے

۳۷ سُنیئے تو سہی! پگلا ہے دل؛ پگلے کی باتیں
ناراض بھی ہوتا ہے کوئی دِل کو لگا کے

۳۸ سورج ہی نہیں ڈوبا؛
بحرِ ظُلمات کی طُغیانی میں؛
اِک شب سب چاند ستارے ڈوب گئے
نور کے دھارے ڈوب گئے

۳۹ سب جو تیرا ہے؛ لاکھ ہو میرا
تُو جو میرا بنے؛ تو بات بنے

۴۰ سادہ باتوں کا بھی؛ مِلا نہ جواب
سب سوالات؛ مُظلِمات بنے

۴۱ سُود و زِیاں سُرور و غم؛ رَوشنیوں کے زیر و بَم
آس بُجھے تو یاس کے دِیپ کی لَو اُچھل پڑے

۴۲ سچے ساتھی بانٹ کے دُکھ مِرا تَن مَن دھَن اپنا بیٹھے
سُکھ کے ساتھی تھے ہی پرائے؛ کون گیا، کون آیا ہے

۴۳ سینے سے لگا لینے کی حسرت نہیں مٹتی
پہلو میں بٹھانے کی تڑپ؛ حَد سے سوا ہے

۴۴ سدا کی رَسم ہے؛ اِبلیسیّت کی بانگِ زَبوں
اَنا کی گود میں پَل کر اِباء سے اُٹھی ہے

۴۵ سُکھ بانٹتے پھرتے تھے؛ مگر کتنے دُکھی تھے
بے چارگیٔ غم میں بچاروں کے سہارے

۴۶ سینوں پہ رَقَم ہیں تِری عظمت کے فسانے
گاتی ہیں زبانیں تِری سَطوَت کے ترانے

۴۷ سلام کر کے دعائیں نہ دو ہمیں؛ ہم لوگ
وہ لوگ ہیں؛ کہ ترستے ہیں بَددُعا کیلئے

۴۸ سوچا بھی کبھی تم نے؛ کہ کیا بھید ہے ملّاں
کیوں تم سے گھِن آتی ہے؛ اچھے نہیں لگتے

## کلامِ محمود

۴۹ سُستی نے خُون قوم کا چُوسا ہے اس طرح
جو سَربراہِ کار تھے؛ بے کار ہوگئے

۵۰ سجدہ کُناں ہوں دَر پہ تِرے؛ اے مِرے خدا!
اُٹھوں گا؛ جب اُٹھائے گی، یاں سے قضا مجھے

۵۱ سلطنت کچھ تو انہی باتوں سے بے جان ہوئی
کچھ لُٹیروں نے غضب کردِیا؛ آفت ڈھائی

52 ساتھ لائے یہ ہزاروں نئی ایجادیں بھی جو نہ کانوں تھیں سُنی؛ اور نہ آنکھوں دیکھی

53 سلسلے ہرجگہ تعلیم کے جاری ہیں کیے شہروں اور گاؤں میں اسکول بکثرت کھولے

54 سنو؛ اے دشمنانِ دینِ احمدؐ! نتیجہ بدزبانی کا؛ برا ہے

سو ساری باتیں ہوئی ہیں پوری؛ دِلوں میں اَب بھی رہے جو دُوری؛

55 نہیں کوئی بھی رہی ادھوری تو اس میں اپنا قصور کیا ہے

56 سِپَر بنتا ہے وہ؛ ہر ناتَواں کی وہی کرتا ہے؛ اس کی پاسبانی

57 سچامذہب بھی ہے؛ پَر ساتھ دَلائل ہی نہیں ایسی باتیں؛ کسی اَحمق کو سُنائے کوئی

58 ساتھ ہی چھوڑدِیا سب نے شَبِ ظُلمت میں ایک آنسو ہیں؛ لگی دِل کی بُجھانے والے

59 سُونگھی نہ بُوئے خوش؛ نہ ہوئی دِیدِگُل نصیب اَفسوس! دِن بہار کے یُونہی گزرگئے

60 سب لوگ کیا سبب ہے؛ کہ بےکَیف ہوگئے ساقی کِدھر کو چل دیئے؛ میخانے کیا ہوئے

61 سعیِ پَیہَم میری؛ ناکام ہوئی جاتی ہے صُبح آئی ہی نہیں؛ شام ہوئی جاتی ہے

62 سزائے عشق ہجر ہے؛ جزائے صبر وَصل ہے میری سزا وہی تو ہے؛ میری جزا وہی تو ہے

63 سمجھتا تھا اِرادے ساتھ دیں گے مگر وہ بھی یُونہی مہمان نکلے

64 سمجھتا تھا؛ کہ ہوں صیدِ مَصائب مگر سوچا؛ تو سب اِحسان نکلے

65 سوچتا کوئی نہیں فِردَوس کیوں مَقصود ہے آرزو باقی ہے؛ لیکن مُدّعا مَفقود ہے

66 سمندر کی مچھلی؛ ہَوا کے پرِندے گھریلوچرِندے؛ بنوں کے دَرِندے

67 سبھی کو وہی رِزق پہنچا رہا ہے ہراِک اپنے مَطلب کی شَے کھارہا ہے

68 سَرمَستی سے خالی ہے؛ دِل عشق سے عاری ہے بیکارگئے اُن کے سب ساغرو پیمانے

69 سِوااِک تیرے میخانے کے؛ سب مَے خانے خالی ہیں پِلائے گر نہ تُو مجھ کو؛ تو پھر مَیں کیا کروں ساقی

70 سالوں تک اپنا مُنہ نہ دکھایا کرے کوئی یُوں تو نہ اپنے دل سے بھُلایا کرے کوئی

71 سُنانے والے اَفسانے ہُما کے کبھی دیکھے بھی ہیں؛ بندے خُدا کے

72 سجدۂ بارگہ بھی بوجھل ہے کیا کریں؛ وہ نِڈھال ہیں ایسے

۷۳ ساری دُنیا میں مُشک پھینکیں گے — میرے بھی کچھ غزال ہیں ایسے

۷۴ سب اور تصوّر تو مِرے دِل سے مِٹے ہیں — ہے اِک تِری تصویر؛ جو مِٹتے نہیں مِٹتی

۷۵ سَر میں ہیں اَفکار؛ یا اِک بادلوں کا ہے ہجُوم — دِل مِرا، سینہ میں ہے؛ یا قطرۂ سیماب ہے

۷۶ ساعتِ وَصل آرہی ہے قریب — ہو رہے ہیں بجا حَواس مِرے

۷۷ سچ بیٹھا ہے اِک کونے میں مُنہ اپنا جھُکا کر — اور جھُوٹ کے اُڑتے ہیں؛ فضاؤں میں غُبارے

۷۸ سُرودوسازورَقص و جامِ انگوری و مَے خواری — پھراس کے ساتھ تکبیریں بھی ہیں کیسی ہے خودداری؟

۷۹ سُنا کرتے ہیں دِل کی حالت ہمیشہ — کبھی آپ نے بھی ہے اپنی سُنائی

۸۰ ساتھی بڑھیں گے تب؛ کہ بڑھاؤ گے دوستی — دِل غیر کا بھی؛ تم کو لُبھانا ہی چاہیئے

۸۱ سُن لے نِدائے حق کو، یہ اُمّت؛ خُدا کرے — پکڑے بزور دامنِ مِلّت؛ خُداکرے

۸۲ سُننے لگے وہ بات تمھاری بَذَوق وشَوق — دُنیا کے دِل سے دُور ہو نفرت؛ خُداکرے

۸۳ سایہ فِگَن رہے وہ تمھارے وجُود پر — شامِل رہے خُدا کی عِنایَت؛ خُداکرے

۸۴ سَوسَو حِجاب میں بھی نظرآئے اُس کی شان — تم کو عطا ہو ایسی بَصیرت؛ خُداکرے

# 'ش' سے 'ی'

## ('ش' سے شروع ہوکر 'ی' پرختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 23 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 8 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 13 |

## دُرِّ ثمین

۱ شانِ حق؛ تیرے شمائل میں نظر آتی ہے
تیرے پانے سے ہی؛ اس ذات کو پایا ہم نے

۲ شکوہ کی کچھ نہیں جا؛ یہ گھر ہی بے بقا ہے
یہ روز کر مبارک **سبحان من یرانی**

۳ شریروں پر پڑے اُن کے شرارے
نہ اُن سے رُک سکے مقصد ہمارے

۴ شمارِ فضل اور رحمت نہیں ہے
مجھے اب شکر کی طاقت نہیں ہے

۵ شرم وحیا نہیں ہے؛ آنکھوں میں اُن کے ہرگز
وہ بڑھ چکے ہیں حد سے؛ اب انتہا یہی ہے

۶ شُکرِ خدائے رحماں جس نے دیا ہے قرآں
غنچے تھے سارے پہلے؛ اَب گُل کِھلا یہی ہے

۷ شادابی و لَطافت اس دِیں کی کیا کہوں میں
سب خُشک ہو گئے ہیں؛ پھُولا پھَلا یہی ہے

۸ شوخی و کِبر دیوِ لعیں کا شعار ہے
آدم کی نسل وہ ہے؛ جو وہ خاکسار ہے

## دُرِّ عدن

۹ شکر کرنے کی بھی طاقت نہیں پاتا جس دَم
کیا ہی نادم؛ دلِ مجبور نظر آتا ہے

## کلامِ طاہر

۱۰ شامِ غم دل پہ شَفَق رنگ دُکھی زخموں کے
تم نے جو پھول کِھلائے؛ مجھے پیارے ہیں وہی

## کلامِ محمود

۱۱ شِفا پا جاتے ہیں وہ رَفتہ رفتہ
کہ آخر ہَر مَرَض کی؛ اِک دَوا ہے

۱۲ شَرارت اور بَدی سے باز آؤ
دِلوں میں کچھ بھی گر خوفِ خُدا ہے

۱۳ شِفا ہوں ہر مریضِ رُوح کی ہم
دَوا بَن جائیں؛ دَردِ لا دَوا کی

۱۴ شکائتیں تھیں ہزاروں بھری پڑی دل میں
رہی نہ ایک بھی پَر؛ اُن کے رُوبرُو باقی

۱۵ شاید اس کے دل میں آیا؛ میری جانب سے غُبار
آسماں چاروں طرف سے؛ کیوں غُبار آلود ہے

۱۶ شَہِ لَولاک یہ نعمت نہ پاتے
تو اِس دُنیا سے ہم اَندھے ہی جاتے

۱۷ شاخِ گُل پر ہَزار بیٹھی تھی
کانپتی؛ بے قَرار بیٹھی تھی

۱۸ شاید! کہ پھر اُمّید کی پیدا ہوئی جھلک
نتھنوں تک آ کے، رُوح ہماری؛ مچل گئی

١٩ شَرّ و فسادِ دَہر؛ بڑھتا جا رہا ہے آج　　اس کے مِٹانے کو کوئی دانا ہی چاہیئے
٢٠ شیروبکری بھی ہیں؛ اِک گھاٹ پہ پانی پیتے　　نہیں ممکن؛ کہ کوئی ترچھی نظر سے دیکھے
٢١ شاگرد نے جو پایا؛ اُستاد کی دولت ہے　　احمدؑ کو محمدؐ سے؛ تم کیسے جُدا سمجھے
٢٢ شجر کفر کا؛ کاٹنا ہے مصیبت　　ہے دمڑی کی بڑھیا؛ ٹکاسرمنڈائی
٢٣ شیاطیں کا قبضہ ہے؛ مسلم کے دل پر　　خدا کی دہائی؛ خدا کی دہائی

# 'ص' سے 'ی'

## ('الف' سے شروع ہوکر 'ی' پرختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 18 |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلامِ طاہر | 4 |
| iv | کلامِ محمود | 7 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

١ صد شکر ہے خدایا! صد شکر ہے خدایا　　یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
٢ صفِ دشمن کو کیا ہم نے بحجت پامال　　سیف کا کام؛ قلم سے ہی دِکھایا ہم نے

### ﴿دُرِّ عدن﴾

٣ صحنِ چمن سے گُل جو گئے مثلِ بوئے گُل　　رحمت کی بارشوں سے نکھارے کب آئیں گے
٤ صنعت پہ اپنی ناز ہے صناع کو اگر　　موجد کو اپنی طبع کی جودت پہ ناز ہے

۵ صبر کر صبر؛ کہ اللہ کی نصرت آئے تیری کچلی ہوئی غیرت پہ وہ غیرت کھائے
۶ صحت بھی ہو، عزت بھی ہو؛ دِین بھی، دولت بھی سیرت ہے بہت اچھی؛ ظاہر ہو یہ صورت بھی
۷ صَد مبارک! آرہے ہیں آج وہ روزوشب بے چین تھے جن کیلئے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۸ صحنِ گلشن میں وہی پھول کِھلا کرتے ہیں چاندراتیں ہیں وہی؛ چاندستارے ہیں وہی
۹ صبر کی کرتا ہے تلقین وہ، اَوروں کو؛ مگر کاش! اُس کو بھی تو اِس غم سے قرار آجائے
۱۰ صُبحوں کے اُجالوں سے لکھیں گے تِرے نغمے سر پر تِرے باندھیں گے فتوحات کے سہرے
۱۱ صبر کا درس ہو چکا؛ اب ذرا حالِ دل سُنا کہتے ہیں تجھ کو ناصحا؛ چین نہ ایک پَل پڑے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۲ صیغۂ ڈاک کو اُنھوں نے ہی ترقی دی ہے مُلک میں چاروں طرف تار بھی پھیلائی ہے
۱۳ صداقت کو اَب بھی نہ جانا؛ تو پھر کب کہ موجود اِک ہم میں؛ مردِخُدا ہے
۱۴ صبا تِرا گر وہاں گذر ہو؛ تو اتنا پیغام میرا دیجو اگرچہ تکلیف ہوگی تجھ کو؛ پہ کام یہ بھی ثواب کا ہے
۱۵ صِرتُ کَصَیْدٍصِیْدَفِیْ الصُّبحِ غِیلَۃً قَدغَابَ عَنِّی مَقصَدِی وَ مَرامِی
۱۶ صَیدِزخمی کی تڑپ میں تم نے پایا ہے مزہ ہے مِرادِل جانتا؛ لَذّت تمہارے تِیر کی
۱۷ صدمۂ دَرد وغم و ہَم سے بچائے کوئی اس گرفتارِمصیبت کو چھُڑوائے کوئی
۱۸ صَدحیف! ایسے وَقت کو ہاتھوں سے کھودِیا واحَسرتا! کہ جیتے ہی جی؛ تُم تو مَر گئے

# 'ض' سے 'ی'

## ('ض' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **1** |
| i | دُرِّ عدن | 1 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ ضبط کی شان؛ کچھ اس طرح نمایاں ہو جائے — آپ سے آپ ہی دشمن بھی ہراساں ہو جائے

# 'ط' سے 'ی'

## ('ط' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 5 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ عدن | 2 |
| ii | کلامِ طاہر | 1 |
| iii | کلامِ محمود | 2 |

﴿دُرِّ عدن﴾

۱ طریق شرع نہیں اسوۂ رسولؐ نہیں — مقام شرم ہے یہ غولِ اتقیا کیلئے

۲ طالب "نصرٌ مّن اللہ" سائلِ "فَتحٌ قَرِیب" — روز و شب رہتا تھا سالارِ سپاہِ مصطفیٰ

﴿کلامِ طاہر﴾

۳ طوفانِ مَفاسِد میں غرق ہوگئے بحر و بَر — ایرانؔی و فارانؔی؛ رومؔی و بخاراؔئی

﴿کلامِ محمود﴾

۴ طریقِ عِشق میں؛ اے دِل! سِیادت کیا، غُلامی کیا — محبت خادم و آقا کو اِک حلقہ میں لاتی ہے

۵ طوفان کے بعد اُٹھتے چلے آتے ہیں طوفاں — لگنے نہیں آتی ہے؛ مِری کشتی کِنارے

# 'ظ' سے 'ی'

('ظ' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **8** |
| i | دُرِّ ثمین | 1 |
| ii | دُرِّ عدن | 1 |
| iii | کلامِ طاہر | 2 |
| iv | کلامِ محمود | 4 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ظہورِ عَون و نُصرت دَمبدَم ہے — حسد سے؛ دشمنوں کی پُشت خم ہے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۲ ظاہر میں اسے غیر کو مَیں سونپ رہا ہوں — کرتا ہوں حقیقت میں مگر تیرے حوالے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۳ ظالم مت بھولیں: بالآخر مظلوم کی باری آئے گی — مکّاروں پر مکر کی ہر بازی اُلٹائی جائے گی

۴ ظاہر ہوا وہ جلوہ؛ جب اُس سے نِگہ پلٹی — خود حُسنِ نظر اپنا سوچَند نِکھار آئی

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵ ظُلم و سِتم و جور بڑھے جاتے ہیں حدّ سے — ان لوگوں کو اب تُو ہی سنوارے، تو سنوارے

۶ ظاہری دُکھ ہو؛ تو لاکھوں ہیں فِدائی موجود — دِل کے کانٹوں کو مگر کون نکالے؛ پیارے!

۷ ظلمتوں نے گھیر رَکھا ہے مجھے؛ پَر غم نہیں — دُور اُفُق میں جگمگاتا چہرۂ مہتاب ہے

۸ ظہورِ مہدئی آخر زماں ہے — سنبھل جاؤ؛ کہ وقتِ امتحاں ہے

# 'ع' سے 'ی'

## ('ع' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **25** |
| i | دُرِّ ثمین | 2 |
| ii | دُرِّ عدن | 2 |
| iii | کلامِ طاہر | 7 |
| iv | کلامِ محمود | 14 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ عجب محسن ہے تُو؛ بحر الایادی　　فسبحان الذی اخزی الاعادی

۲ عجب گوہر ہے؛ جس کا نام تقویٰ　　مبارک وہ ہے؛ جس کا کام تقویٰ

### ﴿دُرِّ عدن﴾

۳ عابد کو؛ اپنے زہد و عبادت پہ ناز ہے　　اور عالموں کو؛ عِلم کی دولت پہ ناز ہے

۴ عورت ہونا تھی سخت خطا؛ تھے تجھ پر سارے جبر رَوا　　یہ جرم نہ بخشا جاتا تھا؛ تامرگ سزائیں پاتی تھی

### ﴿کلامِ طاہر﴾

عصرِ بیمار کا ہے مرض لادَوا؛　　اے غلامِ مسیح الزّماں ہاتھ اٹھا؛

۵ کوئی چارہ نہیں اب دعا کے سوا　　موت بھی آگئی ہو تو ٹل جائیگی

۶ عُشّاق ترے جن کا قدم تھا قدمِ صِدق　　جاں دے دی؛ نبھاتے ہوئے پیمان وَفا کے

۷ عجب مستی ہے یادِیار؛ مَے بَن کر برستی ہے　　سرائے دل میں ہر محبوب دِل رِندانہ آتا ہے

۸ عالَمِ رنگ و بُو کے گُل بوٹے خواب ٹھہرے؛ توَہّمات بنے
۹ عالَمِ حیرتی کے مَندِر میں کبھی بُت مظہرِ صِفات بنے
۱۰ عالَمِ بے ثبات میں شب و روز آج کی جیت؛ کَل کی مات بنے
۱۱ عَیّاری و جلّادی و سفّاکی میں پکّے تم قلب وذہن دونوں کی ناپاکی میں پکّے

## کلامِ محمود

۱۲ عطاکر جاہ و عِزّت دوجہاں میں مِلے عَظمت زمین و آسماں کی
۱۳ عشق کہتا ہے کہ محمودؔ! لپٹ جا اُٹھ کر رُعب کہتا ہے؛ پَرے ہَٹ، بڑی لاچاری ہے
۱۴ عِلاجِ رَنج وغَم ہائے دِلِ رَنجور ہوتی ہے طبیعت کتنی ہی اَفسردہ ہو؛ مَسرور ہوتی ہے
۱۵ عِشق ہے جلوہ فگن فِطرتِ وَحشی پہ مِری دیکھ لینا؛ کہ ابھی رام ہوئی جاتی ہے
۱۶ عِشق و بے کاری؛ اکٹھے ہو نہیں سکتے کبھی عرصۂ سعیٔ مُحِبّاں تااَبَد ممدُود ہے
۱۷ عَلامت کُفر کی ہے تنگیٔ نفس مگر اِسلام سے کھُلتے ہیں سینے
۱۸ عِشق و وَفا کی راہ دِکھایا کرے کوئی رازِوِصالِ یار؛ بتایا کرے کوئی
۱۹ عِشق نے کردِیا خراب مجھے وَرنہ کہتے تھے لاجواب مجھے
۲۰ عَزم بھی اُن کا؛ ہاتھ بھی اُن کے وہ کریں کام؛ دیں ثواب مجھے
۲۱ عِشقِ صادِق میں تِرا رونا؛ ہے اِک آبِ حیات بے غرض رونا تِرا؛ اِک بے پَنہَ سیلاب ہے
۲۲ عزیزو! دل رہیں آباد؛ بس اس کی محبت سے بنو زاہِد؛ کرو اُلفت نہ ہرگز مال و دولت سے
۲۳ عِشقِ خُدا نے خول چڑھایا تھا اس کے گِرد اَنگار بھی؛ خلیلؑ پہ گُلزار ہوگئے
۲۴ عابِد کو عِبادت میں مزا آتا ہے قاری کو تِلاوت میں مزا آتا ہے
۲۵ عاشق تو وہ ہے؛ جو کہ کہے اور سنے تیری دنیا سے آنکھ موڑ کے؛ مرضی کرے تیری

# 'غ' سے 'ی'

## ('غ' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **20** |
| i | دُرِّ ثمین | 6 |
| ii | کلامِ طاہر | 4 |
| iii | کلامِ محمود | 10 |

## دُرِّ ثمین

۱ غرض رُکتے نہیں ہرگز خدا کے کام، بندوں سے — بھلا خالق کے آگے، خَلق کی کچھ پیش جاتی ہے!

۲ غیروں سے کرنا اُلفت؛ کب چاہے اُس کی غیرت — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۳ غیروں سے دل غنی ہے؛ جب سے ہے تجھ کو جانا — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

۴ غموں کا ایک دن؛ اور چار شادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی

۵ غور کر کے اسے پڑھو؛ پیارو! — یہ خدا کیلئے نصیحت ہے

۶ غفلت پہ غافلوں کی روتے رہیں ہیں مُرسل — پَر اِس زماں میں لوگو! نوحہ نیا یہی ہے

## کلامِ طاہر

۷ غمِ فرقت میں کبھی اِتنا رُلانے والے — کبھی دِلداری کے جھُولوں میں جھُلانے والے

۸ غضب ہوا؛ کہ مُشرکوں نے بُت کدے بنادِیئے — خدا کے گھر؛ کہ درسِ وَحدتِ خدا، جہاں ملے

۹ غم دے کے؛ کسے فکرِ مریضِ شبِ غم ہے — یہ کون ہے؛ جو دَرد میں رَس گھول رہا ہے

۱۰ غفلت میں عمر کی رات کٹی دل مَیلا، بال سفید ہوئے — اُٹھ چلنے کی تیاری کر؛ سورج سَر پر چڑھ آیا ہے

## کلامِ محمود

۱۱ غُصّہ میں بھرا ہوا خُدا ہے
جاگو! اَبھی فُرصَتِ دُعا ہے

۱۲ غَضَب ہے؛ کہ یُوں شِرک دنیا میں پھیلے
مِرا سینہ جلتا ہے؛ دِل پھُنک رہا ہے

۱۳ غَمِ اِسلام میں؛ مَیں جاں بلَب ہوں
کلیجہ میرا؛ مُنہ کو آرہا ہے

۱۴ غَمِ دِل؛ لوگ کہتے ہیں، نہایت تلخ ہوتا ہے
مگر مَیں کیا کروں اس کو؛ غِذا یہ مجھ کو بھاتی ہے

۱۵ غیر کو سونپ نہ دیجو؛ کہ کوئی خادِمِ دَر
کرگیا تھا ہمیں تیرے ہی حوالے؛ پیارے!

۱۶ غَضَب کا ہے تِرا یہ حُسنِ مخفی
جنھیں دیکھا؛ تِرے خواہاں نکلے

۱۷ غفلتِ خوابِ حیاتِ عارضی کو دُور کر
ہے تجھے گر خواہشِ تعبیرِ خوابِ زندگی

۱۸ غفلت تِری؛ اے مُسلم! کب تک چلی جائے گی
یا فرض کو تُو سمجھے؛ یا تجھ سے خُدا سمجھے

۱۹ غُلامی رُوسؔ کی ہو؛ یا غُلامی مَغرِبیَّت کی
کوئی بھی نام رکھ لے تُو؛ وہ ہے زَنجیر لعنت کی

۲۰ غَضَب خُدا کا؛ کہ مالِ حرام کھاتا ہے
نہیں ہے حِرص کی حَد؛ صُبح وشام کھاتا ہے

# 'ف' سے 'ی'

## ('ف' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 25 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 4 |
| ii | دُرِّ عدن | 5 |
| iii | کلام طاہر | 2 |
| iv | کلام محمود | 14 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ فرقت بھی کیا بنی ہے؛ ہردَم میں جاں کنی ہے — عاشق جہاں پہ مرتے؛ وہ کربلا یہی ہے
۲ فکروں میں دل حزیں ہے جاں درد سے قریں ہے — جو صبر کی تھی طاقت؛ اب مجھ میں وہ نہیں ہے
۳ فطرت ہر اِک بشر کی؛ کرتی ہے اس سے نفرت — پھر آریوں کے دل میں؛ کیوں کر بسا یہی ہے
۴ فطرت کے ہیں درندے؛ مردار ہیں نہ زندے — ہردَم زباں کے گندے؛ قہرِ خدا یہی ہے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۵ فانی تمام ناز ہیں؛ باقی ہے اس کا ناز — جس کو بقا پہ ناز ہے؛ وحدت پہ ناز ہے
۶ فضلوں کی لگیں جھڑیاں خوشیوں سے کٹے گھڑیاں — انعام کی بارش ہو؛ خالق کی عنایت سے
۷ فرش سے عرش پہ پہنچی ہیں صدائیں میری — میرے اللہ نے سُن لی ہیں دعائیں میری
۸ فریاد سب کیا کریں آقا کے سامنے — تڑپا کریں نماز میں مولا کے سامنے
۹ فضلِ خدا کا سایہ؛ ہم پر رہے ہمیشہ — ہر دِن چڑھے مبارک؛ ہر شب بخیر گذرے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۰ فطرت میں نہیں تیری؛ غلامی کے سِوا کُچھ — نوکر ہیں اَزَل سے؛ تیرے چاکر ہیں سَدا کے
۱۱ فاتحہ کیلئے ہم جائیں؛ تو یہ نہ ہو کہیں — ہم سے شکوہ کریں؛ وہ قبریں، کہ اب کیوں آئے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۲ فتح وُنصرت کی اِنہیں روز نئی پہنچے خوشی — دُور ہو؛ دِین میں ہے، ان کی جو یہ گُمراہی
۱۳ فِدا تجھ پہ مسیحا! میری جاں ہے — کہ تُو ہم بے کسوں کا پاسباں ہے
۱۴ فلک سے تا مَنارہ آئیں عیسےٰؑ — مگر آگے تلاشِ نَردباں ہے
۱۵ فِکرِ دِیں میں گُھل گیا ہے میرا جسم — دِل مِرا اِک کوہِ آتِش بار ہے
۱۶ فرزانوں نے دنیا کے شہروں کو اُجاڑا ہے — آباد کریں گے اب دیوانے یہ ویرانے
۱۷ فِدا ہوتے ہیں پَروانے اگر شمعِ منوّر پر — تو تیرے رُوئے روشن پر نہ مَیں کیوں جان دُوں ساقی
۱۸ فریب خوردہٴ اُلفت فریب خوردہ ہے — مگر تُو سامنے اس کو کبھی بُلا تو سہی

۱۹ فقر نے بخشا ہے لاکھوں کو شہنشاہی کا تاج — کیا ہوا ہے سحر یہ نانِ جویں سے پوچھیئے

۲۰ فرائڈ کا ہے ذکر ہراِک زباں پر — ہیں بھولے ہوئے اب بخاری نسائی

۲۱ فاقوں مَر جائے؛ پہ جائے نہ دیانت تیری — دورونزدیک ہو مشہور اَمانت تیری

۲۲ فضل سے تیرے جماعت تو ہوئی ہے تیار — حزبِ شیطاں کہیں رخنہ نہ ڈالے؛ پیارے!

۲۳ فکر میں جس کی گُھل رہے ہیں ہم — اُن کو ہم سے نقار رہتا ہے

۲۴ فربہ تَن کِس طرح سے ہو محمود — رَنج و غم کا شکار رہتا ہے

۲۵ فِتنہ وافساد و سبّ وشتم و ہزل وابتذال — اِس جماعت کا ہے یہ لُبِّ لُبابِ زندگی

# 'ق' سے 'ی'

## ('ق' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 28 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 11 |
| ii | دُرِّ عدن | 3 |
| iii | کلامِ طاہر | 1 |
| iv | کلامِ محمود | 13 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ قوم کے ظلم سے تنگ آکے؛ میرے پیارے! آج — شورِ محشر؛ تیرے کُوچہ میں مچایا ہم نے

۲ قدرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے حق ثبوت — اس بے نشاں کی چہرہ نمائی؛ یہی تو ہے

۳ قادر کے کاروبار نمودار ہوگئے — کافر جو کہتے تھے؛ وہ گرفتار ہوگئے

۴ قادر ہے وہ بارگاہ؛ ٹوٹا کام بناوے — بنا بنایا توڑ دے؛ کوئی اُس کا بھید نہ پاوے

۵ قرباں ہیں تجھ پہ سارے؛ جو ہیں میرے پیارے — احساں ہیں تیرے بھارے؛ گِن گِن کے ہم تو ہارے

۶ قوم سے مت ڈرو؛ خدا سے ڈرو — آخر اس کی طرف ہی رِحلت ہے

۷ قدرت نہیں ہے جس میں؛ وہ خاک کا ہے ایشؔر — کیا دِینِ حق کے آگے زور آزما یہی ہے

۸ قرآںؔ خدانما ہے؛ خدا کا کلام ہے — بے اِس کے معرفت کا چمن ناتمام ہے

۹ قِصّوں کا یہ اثر ہے؛ کہ دل پُر فساد ہے — ایماں زباں پہ؛ سینہ میں حق سے عناد ہے

۱۰ قِصّوں سے پاک ہونا کبھی کیا مجال ہے — سچ جانو؛ یہ طریق سراسر محال ہے

۱۱ قِصّوں سے کب نجات ملے ہے گُناہ سے — ممکن نہیں وصالِ خدا ایسی راہ سے

## دُرِّ عدن

۱۲ قبضے میں اپنے کوئی حکومت نہیں رہی — ہم لُٹ گئے؛ ہماری وہ عزت نہیں رہی

۱۳ قرار و سکوں دل کو آتا نہیں ہے — کسی طور یہ چین پاتا نہیں ہے

۱۴ قربِ رحمت مآب حاصل ہو — وصلِ عالی جناب ہوجائے

## کلامِ طاہر

۱۵ قبروں میں پڑے عرش نشینوں کی قسم ہے — رولے ہوئے مٹی میں نگینوں کی قسم ہے

## کلامِ محمود

۱۶ قیصرؔ روم کے محکوم تھے؛ اِک دو صُوبے — تاجِ انگلشیہ پہ ممکن نہیں؛ سُورج ڈُوبے

۱۷ قدم اُس کے ہیں؛ شِرک کے سَر کے اُوپر — عَلَم ہر طرف اُس کا لہرا رہا ہے

۱۸ قسمت یونہی بدنام ہے؛ دل خود اَسیرِ دام ہے — اب کِس جگہ اسلام ہے؛ باقی فقط اِک نام ہے

۱۹ قرونِ اُولیٰ کے مُسلم کا نام باقی ہے — نہ اُس کے کام ہیں باقی؛ نہ اُس کی خُو باقی

۲۰ قُرب اُس کا نہیں پاتا؛ نہیں پاتا محمود — نفس کو خاک میں جب تک نہ مِلائے کوئی

۲۱ قوم کے دل پہ کوئی بات نہیں کرتی اثر — تُو ہی کھولے گا؛ تو کھولے گا یہ تالے؛ پیارے!

۲۲ قرآنِ پاک میں بھی تِرا نام نُور ہے — کیفِ وصال سے تِرا دِل پُرسُرور ہے

۲۳ قرض سے دُور رہو؛ قرض بڑی آفت ہے — قرض لے کر، جو اکڑتا ہے؛ وہ بے غیرت ہے

۲۴ قوم کے مال پھر خیانت سے — کون چھوڑے؛ یہ مال ہیں ایسے

۲۵ قید کافی ہے فقط اس حُسنِ عالمگیر کی — تیرے عاشق کو بھلا حاجت ہی کیا زنجیر کی

۲۶ قلبِ مومن پہ ہے اَنوارِسَماوی کا نزول — روشن اِس جَگ کو یہ اللہ کا دِیا کرتا ہے

۲۷ قرآنِ پاک ہاتھ میں ہو؛ دل میں نور ہو — مِل جائے مومنوں کی فراست؛ خُدا کرے

۲۸ قائم ہو پھر سے حُکمِ محمدؐ جہان میں — ضائع نہ ہو تمہاری یہ محنت؛ خُدا کرے

# 'ک' سے 'ی'

## ('ک' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 168 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 54 |
| ii | دُرِّ عدن | 16 |
| iii | کلامِ طاھر | 29 |
| iv | کلامِ محمود | 69 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ کہتے ہیں حسنِ یوسفؑ، دِلکش بہت تھا؛ لیکن — خوبی و دِلبری میں؛ سب سے سوا یہی ہے

۲ کوئی اس پاک سے؛ جو دل لگاوے — کرے پاک آپ کو؛ تب اس کو پاوے

۳ کیوں ہوگئے ہیں اس کے دشمن؛ یہ سارے گمراہ — وہ رہنما ہے؛ رازِچون وچرا یہی ہے

۴ کافرو ملحدو دجّال ہمیں کہتے ہیں — نام کیا کیا غمِ ملّت میں رکھایا ہم نے

۵ کبھی وہ خاک ہو کر؛ دشمنوں کے سر پہ پڑتی ہے
کبھی ہو کر وہ پانی؛ اُن پہ اِک طُوفان لاتی ہے

۶ کلامِ پاکِ یزداں کا کوئی ثانی نہیں ہرگز
اگر لؤلوئے عمّاں ہے وگر لعلِ بدخشاں ہے

۷ کوئے دِلبر میں کھینچ لاتا ہے
پھر تو کیا کیا نشاں دکھاتا ہے

۸ کیوں تمھیں انکار پر اصرار ہے
ہے یہ دِیں؛ یا سیرتِ کفّار ہے

۹ کچھ نمونہ اپنی قدرت کا دِکھا
تجھ کو سب قدرت ہے؛ اے ربّ الوریٰ!

۱۰ کوئی مذہب نہیں ایسا؛ کہ نشاں دِکھلاوے
یہ ثمر باغِ محمدؐ سے ہی کھایا ہم نے

۱۱ کوئی دیکھتا جب اسے دُور سے
تو ملتی خبر اُس کو اُس نور سے

۱۲ کہا دُور ہو جاؤ تم ہار کے
یہ خِلعت ہے ہاتھوں سے کرتار کے

۱۳ کہ دِینِ خدا؛ دِینِ اسلام ہے
جو ہو منکِر؛ اس کا بَدانجام ہے

۱۴ کہ بے شک یہ چولہ پُر اَز نُور ہے
تمرّد وفا سے بہت دُور ہے

۱۵ کوئی دن کے مہماں ہیں ہم سب سبھی
خبر کیا؛ کہ پیغام آوے ابھی

۱۶ کر فضل سب پہ یکسر؛ رحمت سے کر مُعطّر
**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۱۷ کرتا ہے پاک دل کو؛ حق دل میں ڈالتا ہے
**یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۱۸ کرو کوشش؛ اگر صدق وصفا ہے
کہ یہ حاصل ہو؛ جو شرطِ لِقا ہے

۱۹ کروں کیونکر ادا میں شکرِ باری
فِدا ہو اُس کی رَہ میں عمر ساری

۲۰ کہ تیرا نام ہے غفّار و ہادی
**فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲۱ کہیں جو کچھ کہیں؛ سَر پر خدا ہے
پھر آخر ایک دن روزِ جزا ہے

۲۲ کہاں ہم؛ اور کہاں دنیائے مادی
**فسبحان الّذی اخزی ا لاعادی**

۲۳ کافر جو کہتے تھے؛ وہ نگوں سار ہو گئے
جتنے تھے؛ سب کے سب ہی گرفتار ہو گئے

۲۴ کہاں تک حِرص و شوقِ مالِ فانی
اُٹھو! ڈھونڈو؛ متاعِ آسمانی

۲۵ کہاں تک جوشِ آمال و اَمانی
یہ سوسو چھید ہیں تم میں نہانی

۲۶ کرو کچھ فکرِ ملکِ جاودانی
یہ مُلک ومال؛ جھوٹی ہے کہانی

۲۷ کیا کیا نہ ہم نے نام رکھائے زمانہ سے
مَردوں سے نیز فرقۂ ناداں زنانہ سے

۲۸ کوئی جو مُردوں کے عالَم میں جاوے
وہ خود ہو مُردہ؛ تب وہ راہ پاوے

۲۹ کہو زندوں کا مُردوں سے ہے کیا جوڑ
یہ کیونکر ہو؛ کوئی ہم کو بتاوے

۳۰ کھُل گئی ساری حقیقت سیف کی
کم کرو اب ناز اس مُردار سے

۳۱ کیوں زندگی کی چال سبھی فاسقانہ ہے
کچھ اِک نظر کرو؛ کہ یہ کیسا زمانہ ہے

۳۲ کچھ ایسے مَست ہیں وہ رُخِ خُوبِ یار سے
ڈرتے کبھی نہیں ہیں وہ دشمن کے وار سے

۳۳ کہتا ہے یہ تو بندۂ عالی جناب ہے
مجھ سے لڑو؛ اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے

۳۴ کھینچے گئے کچھ ایسے؛ کہ دنیا سے سوگئے
کچھ ایسا نور دیکھا؛ کہ اس کے ہی ہوگئے

۳۵ کوشش بھی وہ ہوئی؛ کہ جہاں میں نہ ہو کبھی
پھر اتفاق وہ؛ کہ زماں میں نہ ہو کبھی

۳۶ کوئی مُردوں سے کیونکر راہ پاوے
مَرے تب بے گماں مُردوں میں جاوے

۳۷ کہاں آیا کوئی؛ تا وہ بھی آوے
کوئی اِک نام ہی ہم کو بتاوے

۳۸ کچھ کچھ جو نیک مرد تھے؛ وہ خاک ہوگئے
باقی جو تھے؛ وہ ظالم وسفّاک ہوگئے

۳۹ کفر کے زہر کو یہ ہے تریاق
ہر وَرق اس کا جامِ صحّت ہے

۴۰ کوئی کشتی اب بچا سکتی نہیں اِس سَیل سے
حِیلے سب جاتے رہے؛ اِک حضرتِ توّاب ہے

۴۱ کیوں نہ آویں زلزلے؛ تقویٰ کی رَہ گُم ہوگئی
اِک مُسلماں بھی مُسلماں صرف کہلانے کو ہے

۴۲ کِس نے مانا مجھ کو ڈر کر کس نے چھوڑا بُغض و کِیں
زندگی اپنی تو اُن سے گالیاں کھانے کو ہے

۴۳ کافر و دجّال اور فاسق ہمیں سب کہتے ہیں
کون ایماں صدق اور اخلاص سے لانے کو ہے

۴۴ کرتا ہے معجزوں سے وہ یار دِیں کو تازہ
اسلام کے چمن کی بادِصبا یہی ہے

۴۵ کِس کام کا وہ دِیں ہے؛ جس میں نشاں نہیں ہے
دِیں کی میرے پیارو! ذرّیں قبا یہی ہے

۴۶ کیڑا جو دَب رہا ہے؛ گوبر کی تہ کے نیچے
اُس کے گُماں میں اُس کا اَرض وسما یہی ہے

۴۷ کچھ کم نہیں بُتوں سے؛ یہ ہندوؤں کا ایشر
سچ پوچھیئے تو واللہ! بُت دوسرا یہی ہے

۴۸ کہنے کو وید والے؛ پَر دِل ہیں سب کے کالے
پردہ اُٹھا کے دیکھو؛ اِن میں بھرا یہی ہے

۴۹ کیا وَصف اُس کے کہنا؛ ہر حَرف اُس کا گہنا / دِلبر بہت ہیں دیکھے؛ دل لے گیا یہی ہے

۵۰ کہتے ہیں جوشِ اُلفت یکساں نہیں ہے رہتا / دل پر میرے پیارے! ہر دَم گھٹا یہی ہے

۵۱ کیونکر تبہ وہ ہووے؛ کیونکر فنا وہ ہووے / ظالم جو حق کا دشمن؛ وہ سوچتا یہی ہے

۵۲ کِس دِیں پہ ناز اُن کو؛ جو ویدؔ کے ہیں حامی / مذہب جو پھل سے خالی؛ وہ کھوکھلا یہی ہے

۵۳ کیوں کوئی خلق کے طعنوں کی ہمیں دے دھمکی / یہ تو سب نقش؛ دل اپنے سے، مٹایا ہم نے

۵۴ کچھ شعر و شاعری سے اپنا نہیں تعلق / اِس ڈھب سے کوئی سمجھے،بس مدّعا یہی ہے

## دُرِّ عدن

۵۵ کون جی میرا آج بہلائے / کِس کو دل داغ اپنے دکھلائے

۵۶ کہو سننے والو! میرے ساتھ آمین / خدا تم کو بہتر سے بہتر جزا دے

۵۷ کب تک ہوائیں چرخِ چہارم کی کھاؤ گے / اے ابنِ مریم! اب بھی تشریف لاؤ گے

۵۸ کیا کہیں ہم؛ کہ کیا دِیا تُو نے / ہر بَلا سے چھُڑا دِیا تُو نے

۵۹ کِس کے محبوب کی آمد ہے؛ کہ ہر خورد و کلاں / نشۂ عشق میں؛ مخمور نظر آتا ہے

۶۰ کیونکر کہوں؛ کہ ناز سے خالی ہے میرا دِل / پیارے! مجھے بھی تیری محبت پہ ناز ہے

۶۱ کرم سے انہیں تندرستی عطا کر / بلائیں ٹلیں اور خوشیاں دِکھا دے

۶۲ کیا تیری قدر و قیمت تھی! کچھ سوچ تیری کیا عزت تھی / تھا موت سے بدتر وہ جینا؛ قسمت سے اگر بچ جاتی تھی

۶۳ کیا یہ بہتر نہیں؛ مولا ترا ناصر ہو جائے / نامرادیٔ عدو خَلق پہ ظاہر ہو جائے

۶۴ کشتیٔ عمرِ رواں یکدَم کدھر کو مُڑ گئی / اِک ہوا ایسی چلی؛ کہ گھر کی رونق اُڑ گئی

۶۵ کوئی ہمسر نہیں جس کا نہ ثانی / پتہ اس یار کا اس نے دیا ہے

۶۶ کوئی اس کو نہ جب تک آپ چھوڑے / کسی کو خود نہیں وہ چھوڑتا ہے

۶۷ کب راہ ان کی تیرے فرشتے کریں گے صاف / کب ہوں گے واپسی کے اشارے؟ کب آئیں گے

۶۸ کب پھر منارِ شرق پہ چمکے گا آفتاب / شب کب کٹے گی دن کے نظارے کب آئیں گے

۶۹ کہتا ہے رو کے دل شبِ تاریکِ ہجر میں / وہ مہر و ماہتاب تمہارے کب آئیں گے؟

۷۰ کرنا ہے جس کو پار؛ وہ سرحد قریب ہے — ہمت کرو؛ زمینِ اَب و جَد قریب ہے

## «کلامِ طاہر»

۷۱ کانٹوں نے بہت یاد کیا اُن کو خزاں میں — جو گل کبھی زندہ تھے؛ بہاروں کے سہارے

۷۲ کیا ان کا بھروسہ ہے؛ جو دیتے تھے بھروسے — لو مَر گئے؛ جیتے تھے جو پیاروں کے سہارے

۷۳ کوئی قشقہ ہے دکھوں کا؛ نہ عمامہ، نہ صلیب — کوئی ہندو ہے، نہ مسلم ہے؛ نہ عیسائی ہے

کبھی طے کرے یونہی سوچ سوچ میں؛ — مِرے پیچھے آکے دَبے دَبے؛

۷۴ وہ فراق کے فاصلے — مِری آنکھیں مُوند، ہنسا کرے

۷۵ کبھی مخلوق ہوگئی رُوست — آتِش و آب عین ذات بنے

۷۶ کتنے منصور؛ چڑھ گئے سَرِ دار — کتنے نعرے؛ تعلّیات بنے

۷۷ کتنے عُزّیٰ بنے؟ مِٹے کے بار؟ — کتنے لات اُجڑے؛ کتنے لات بنے

۷۸ کتنے محمود آئے؛ کتنی بار — سومنات اُجڑے؛ سومنات بنے

۷۹ کل آنے کا جو وعدہ تھا؛ آکر تو دیکھتے — تڑپا تھا کوئی کِس طرح؛ کل آپ کیلئے

۸۰ کنارِ آبِ جُو تِشنہ لبوں کی آزمائش کو — کہیں کَرب و بَلا کا اِک کڑا وِیرانہ آتا ہے

۸۱ کبھی ذکرِ قتیلِ حیدرآباد اِن پہ مِلتا ہے — کہیں نوابشاہ کا دُکھ بھرا افسانہ آتا ہے

۸۲ کہیں ہے کوئٹہ کی داستانِ ظلم و سفّاکی — کہیں اوکاڑہ اور لاہور اور بچیانہ آتا ہے

۸۳ کہیں ہے ماجرائے گُجرانوالہ کی لہوپاشی — کہیں اِک سانحہ ٹوپی کا سفّاکانہ آتا ہے

۸۴ کبھی یادوں کی اِک بارات یوں دل میں اُترتی ہے — کہ گویا رِندِ تشنہ لَب کے گھر مَے خانہ آتا ہے

۸۵ کافور ہوا باطِل؛ سب ظلم ہوئے زائل — اُس شمس نے دِکھلائی؛ جب شانِ خودآرائی

۸۶ کی سیراب بلندی پستی؛ زندہ ہوگئی بستی بستی — بادہ کشوں پر چھاگئی مستی اِک اِک ظرف بھرا بَرکھا نے

۸۷ کیا ادا ہے مِرے خالق؛ مِرے مالک مِرے گھر — چھُپ کے چوروں کی طرح رات کو آنے والے

۸۸ کرو تیاری؛ بس اب آئی تمہاری باری — یوں ہی ایّام پھرا کرتے ہیں باری باری

۸۹ کیا موج تھی؛ جب دل نے جَپے نام خدا کے — اِک ذکر کی دھونی مِرے سینے میں رَما کے

۹۰ کون رَہِ فِراق سے لَوٹ کے پھر نہ آسکا
کِس کے نقوشِ منتظر؛ رِہ گئے بے محل پڑے

کیا جلتا ہے، کہ چمنیوں سے؛
اِک درد بہ داماں سُرمئی رُت نے؛
۹۱ اُٹھتا ہے دھواں آہوں کی طرح
سارا اُفق کجلایا ہے

۹۲ کوئی احمدیوں کے اِمام سے بڑھ کر کیا دنیا میں غنی ہوگا
ہیں سچے دل اِس کی کی دولت اخلاص اس کا سرمایہ ہے

۹۳ کیا تم کو خبر ہے؛ رَہِ مولا کے اَسیرو!
تم سے مجھے اِک رشتۂ جاں سب سے سِوا ہے

۹۴ کِس دن مجھے تم یاد نہیں آئے؛ مگر آج
کیا روزِ قیامت ہے؛ کہ اِک حشر بَپا ہے

۹۵ کنارے گونج اُٹھے ہیں زمیں کے؛ جاگ اُٹھو
کہ اِک کروڑ صدا؛ اِک صدا سے اُٹھی ہے

۹۶ کبھی اِذن ہو؛ تو عاشق، دَرِیار تک تو پہنچے
یہ ذراسی اِک نگارش ہے؛ نِگار تک تو پہنچے

۹۷ کچھ عجب نہیں کہ کانٹوں کو بھی پھول پھل عطا ہوں
مِری چاہ کی حلاوت؛ رَگِ خار تک تو پہنچے

۹۸ کسے فکرِ عاقبت ہے؛ انہیں بس یہی بہت ہے
کہ رہینِ مرگ؛ داتا کے مزار تک تو پہنچے

۹۹ کوئی مذہب ہے سِسکتی ہوئی روحوں کا نہ رنگ
ہر ستم دیدہ کو انسان ہی پایا ہم نے

## کلامِ محمود

۱۰۰ کھڑکی جمالِ یار کی ہیں عجز وانکسار
سب سے بڑا حجاب سَرِ پُرغرور ہے

۱۰۱ کاش! تُو پہلو میں میرے خود ہی آکر بیٹھ جائے
عشق سے مخمور ہوکر وَصل کا ساغر پلائے

۱۰۲ کیوں کانپتا ہے دشمنِ جاں تیرے پیار سے
جو دوست تھے؛ وہ طالبِ آزار ہوگئے

۱۰۳ کبھی وہ گھڑی بھی ہوگی؛ کہ کہوں گا یاالٰہی!
مِری عرض تُو نے سُن لی؛ وہ مجھے اُگل رہی ہے

۱۰۴ کلامِ پاک کی اُلفت کا اِن کے دل میں گھر کردے
نبیؐ سے ہو محبت؛ اور تعشّق ان کو ہو تجھ سے

۱۰۵ کالجوں کے بھی ہی شہروں میں کھُلے دروازے
ہرجگہ ہوتے ہیں اب علم وہنر کے چرچے

۱۰۶ کِس راہ سے اِبنِ مریم آئے
مُدّت ہوئی؛ وہ تو مَر چکا ہے

۱۰۷ کیوں بھُولے ہو دوستو! اِدھر آؤ!
اِک مَردِ خُدا پُکارتا ہے

کرے گا قدرت سے اپنی پیدا وہ شخص؛
مسیحِ دوراں، مثیلِ عیسیٰؑ؛
۱۰۸ جس کا کیا ہے وعدہ
جو میری اُمّت کا رہنما ہے

۱۰۹ کہ اے مثیلِ مسیح و عیسیٰؑ ہوں سخت محتاج مَیں دُعا کا — خُدا اثری ہے قبول کرتا؛ کہ تُو اِس اُمّت کا ناخُدا ہے

۱۱۰ کرے قرآں پر چشمک حسَد سے — کہاں دشمن میں یہ تاب وتواں ہے

۱۱۱ کسی کو بھی نہیں مذہب کی پروا — ہراِک دنیا کا ہی شَیدا ہوا ہے

۱۱۲ کِساں کو اِک نظر دیکھو خُدارا — جو بوتا ہے؛ اُسی کو کاٹتا ہے

۱۱۳ کیا جانے تُو؛ کہ کیسا مجھے اِضطِراب ہے — کیسا تپاں ہے سینہ؛ کہ دِل تک کباب ہے

۱۱۴ کوئی خوش ہے، شاد ہے؛ سَرشار ہے — کوئی اپنی جان سے بیزار ہے

۱۱۵ کیا ڈراتے ہیں مجھے خنجر سے وہ — جِن کے سَر پر کھِنچ رہی تلوار ہے

۱۱۶ کلامُ اللہ میں سب کچھ بھرا ہے — یہ سب بیماریوں کی اِک دَوا ہے

۱۱۷ کچھ اُمنگیں تھیں؛ کچھ اُمیدیں تھیں — یادآتے ہیں اب وہ خواب مجھے

۱۱۸ کِس زور سے کعبہ میں کہی تم نے مِری جاں — اِک گونجتی تکبیر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی

۱۱۹ کُن کہہ کے؛ نیا باب بَلاغت کا ہے کھولا — ہے چھوٹی سی تقریر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی

۱۲۰ کوچۂ دِلبر کے رستہ سے ہے دنیا بے خبر — پُوچھنا ہو آپ نے گر؛ تو ہمیں سے پوچھیئے

۱۲۱ کِس قدر تو بائیں توڑی ہیں؛ یہ ہے دل کو خبر — کِس قدر پونچھے ہیں آنسو؛ آستیں سے پوچھیئے

۱۲۲ کِس قدر صدمے اُٹھائے ہیں؛ ہمارے واسطے — قلبِ پاکِ رحمۃللعالمیں سے پوچھیئے

۱۲۳ کہتے ہیں، آؤ دنیا کو دیکھیں اس میں کیسے نظارے — مَیں کہتا ہوں بس چُپ رہو یہ میری دیکھی بھالی ہے
کافر کے ہاتھ میں بندوقیں؛ — کافر کے ہاتھ خزانوں پر؛

۱۲۴ مومن کے ہاتھ سلاسِل میں — مومن کی پیالی خالی ہے

۱۲۵ کبھی اس چشمۂ صافی کے ہمسائے میں بستا ہے — کبھی اِک قطرۂ آبِ مقطّر کو ترستا ہے

۱۲۶ کبھی خروار غلّے کے اُٹھاکر پھینک دیتا ہے — کبھی چیونٹی کے ہاتھوں سے بھی دانہ چھین لیتا ہے

۱۲۷ کبھی کہتا ہے تُو اللہ کو کِس نے بنایا ہے؟ — کبھی کہتا ہے رازِخَلقِ دنیا کِس نے پایا ہے؟

۱۲۸ کمالِ ذاتِ اِنسانی پہ سوسوناز کرتا ہے — کبھی شانِ خُداوَندی پہ سوسوحَرف دھرتا ہے

۱۲۹ کلیم اللہ کے پیرو بنے ہیں؛ پیروِشیطاں — دکھایا سامری نے کیا تماشہ اپنی لُعبت سے

۱۳۰ کچھ یاد تو کیجے ذرا — ہم سے کوئی اِقرار ہے

۱۳۱ کیا آپ پر اِلزام ہے؛ یہ خود ہماراکام ہے — غفلت کا یہ انجام ہے؛ سُستی کا یہ انعام ہے

۱۳۲ کہاں وہ مجلسِ عیش وطرب؛ وہ رازونیاز — بس اَب تو رِہ گئی ہے ایک گُفتگو باقی

۱۳۳ کہاں یہ خانۂ ویراں؛ کہاں وہ حضرتِ ذی شاں — کشش لیکن ہمارے دل کی؛ ان کو کھینچ لاتی ہے

۱۳۴ کبھی جوروتے روتے؛ یاد میں،مَیں اس کی سوجاؤں — شبیہِ یار آکر مجھ کو سینے سے لگاتی ہے

۱۳۵ کبھی کا ہوچکاہوتا شکارِیاس ونومیدی — مگر یہ بات اے محمود! میرادِل بڑھاتی ہے

۱۳۶ کِس طرح مانیں: کہ مولیٰ کی ہدایت ہے وہ — ویؔد کو جب نہ پڑھے؛ اور نہ پڑھائے کوئی

۱۳۷ کبھی تو جلوۂ بے پردہ سے ٹھنڈک پہنچا — سینہ ودِل میں مِرے آگ لگانے والے!

۱۳۸ کیانہیں آنکھوں میں اب کچھ بھی مروّت باقی — مجھ مصیبت زدہ کو آنکھیں دکھانے والے!

۱۳۹ کون کہتا ہے لگی دل کی بُجھائے کوئی — عشق کی آگ مِرے دل میں لگائے کوئی

۱۴۰ کیوں کروں فرق یُونہی دونوں مجھے یکساں ہیں — سب ترے بندے ہیں گورے ہوں کہ کالے پیارے

۱۴۱ کرتوکل جس قدر چاہے؛ کہ اِک نعمت ہے یہ — یہ بتادے باندھ رکھا اونٹ کا گھٹنا بھی ہے

۱۴۲ کیانرالی یہ رسم ہے عاشق — دے کے دل؛ بے قرار رہتا ہے

۱۴۳ کیاسبب ہے؛ کہ تجھے دے کے دل اے چشمۂ فیض — میری جاں مَعرضِ اِلزام ہوئی جاتی ہے

۱۴۴ کبھی نکلے نہ دل سے یادتری — کبھی سَر سے نہ تیرادھیان نکلے

۱۴۵ کیوں نہ پاؤں اُس کی دَرگہ سے جزائے بےحساب — ہے مِری نیت تو بے حد؛ گو عمل محدود ہے

۱۴۶ کیا کعبؔہ کو جاؤگے تبھی تم؛ جس وقت — تھک جاؤگے کِشتِ ظُلم بوتے بوتے

۱۴۷ کب مِرے غم کو دُورکرتا ہے — پاس اپنے مجھے بُلاتا ہے

۱۴۸ کیاخبر ان کو ہے کیاجامِ شہادت کا مزا — دیکھ کر خوش ہورہے ہیں جو سرابِ زندگی

۱۴۹ کمالِ جُرأتِ انسانیت عاشق دکھاتا ہے — کہ میدانِ بَلا میں بس وہی مَردانہ آتا ہے

۱۵۰ کوئی شے نظر سے نہیں اس کے مخفی — بڑی سے بڑی ہو؛ کہ چھوٹی سے چھوٹی

۱۵۱ کردے جو حق وباطل میں اِمتیازِکامل — اے میرے پیارے! ایسافُرقان مجھ کو دے دے

۱۵۲ کیسے اُٹھے وہ بوجھ؛ جو لاکھوں پہ بار ہو — جب غم دیا ہے؛ ساتھ کوئی غمگُسار دے

۱۵۳ کردے مجھے اَسرارِ محبت سے شناسا — دیوانہ بناکر مجھے فرزانہ بنادے

۱۵۴ کب پیٹ کے دھندوں سے مسلم کو بھلا فرصت — ہے دِین کی کیاحالت؛ یہ اس کی بَلا جانے

۱۵۵ کیوں قعرِ مذلّت میں گِرتے نہ چلے جاتے — تم بُوم کے سائے کو؛ جب ظِلِّ ہُما سمجھے

۱۵۶ کنارہ آ ہی جائے گا کبھی تو — چلائے جارہے ہیں ہم سفینے

۱۵۷ کنوئیں جھانکا کیا ہوں عُمر بھر مَیں — ڈبویا مجھ کو دل کی دوستی نے

۱۵۸ کبھی جو ناخنِ تدبیر مَیں ہِلاتا ہوں — مجھے شکنجہ میں قسمت مِری جکڑتی ہے

۱۵۹ کامیابی کی تمنا ہے؛ تو کر کوہ کنی — یہ پَری شیشے میں اُتری ہے کہیں باتوں سے

۱۶۰ کبھی گِریہ ہے؛ کبھی آہ وفُغاں ہے؛ اے دل! — تنگ آیا ہوں بہت مَیں تِری اِن باتوں سے

۱۶۱ کیاحَرج ہے؛ جو ہم کو پہنچ جائے کوئی شرّ — پہنچے کسی کو ہم سے اگر شرّ: بُرا یہ ہے

۱۶۲ کیا کرتے ہیں ہم سَیرِ دوعالَم — کسی کو اپنے پہلو میں بِٹھاکے

۱۶۳ کسی دن لے کے چھوڑیں گے وہ یہ مال — بھلا رکھوگے کب تک دل چھُپاکے

۱۶۴ کرو دجّال کا تم سَرنگوں اَطرافِ عالَم میں — کہ ہے لبریز دل اُس کا؛ محمدؐ کی عداوت سے

۱۶۵ کبھی مغرب کی باتوں میں نہ آنا اے مِرے پیارو — نہیں کوئی ثقافت بڑھ کے اسلامی ثقافت سے

۱۶۶ کہا تھاطُور پرموسیٰؑ کواُس نےلَــن تَــرَانِـی ؛ پر — محمدؐ پر ہوا جلوہ تَـــدَلّـــٰی کا عنایت سے

۱۶۷ کیابتاؤں تجھے کیا باعثِ خاموشی ہے — میرے سینہ میں یُونہی دَردہواکرتا ہے

کلامِ یزداں پہ آج مُلّا نے؛ — کبھی جو تھا زندگی کا چشمہ؛

۱۶۸ ڈھیروں کپڑے چڑھا رکھے ہیں — وہ آج جوہڑ بنا ہوا ہے

# 'گ' سے 'ی'

## ('گ' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | **تعداد کُل اشعار** | **39** |
| i | دُرِّ ثمین | 5 |
| ii | دُرِّ عدن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 10 |
| iv | کلامِ محمود | 17 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ گالیاں سُن کے؛ دُعا دیتا ہوں ان لوگوں کو — رحم ہے جوش میں؛ اور غیظ گھٹایا ہم نے

۲ گڑھے میں تُو نے سب دشمن اُتارے — ہمارے کر دِیئے اونچے منارے

۳ گو ہیں بہت دَرِندے انساں کی پوستیں میں — پاکوں کا خوں جو پیوے؛ وہ بھیڑیا یہی ہے

۴ گویا اب اس میں طاقت وقدرت نہیں رہی — وہ سلطنت، وہ زور؛ وہ شوکت نہیں رہی

۵ گر ایسے تم دلیریوں میں بے حیا ہوئے — پھر اتّقا کے، سوچو! کہ معنے ہی کیا ہوئے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۶ گوشہ نشیں کو ناز ہے یہ؛ بے رِیا ہوں مَیں — جو ناموَر ہوئے؛ انہیں شہرت پہ ناز ہے

۷ گویا تُو کنکر پتھر تھی؛ احساس نہ تھا، جذبات نہ تھے — توہین وہ اپنی یاد تو کر؛ ترکہ میں بانٹی جاتی تھی

۸ گرفتارِ بَلا ہوں اپنے ہاتھوں — بڑھا دستِ کرم؛ آزاد کردے

۹ گنہگاروں پہ وہ پیاروں کی خاطر — کرم کیا کیا نہیں فرما رہا ہے

۱۰ گھر والے تو یاد آئیں گے؛ یاد آئے گا گھر بھی — یہ صحن، یہ دیوار، یہ دَر؛ تیرے حوالے

۱۱ گھِرے ہیں جو بادل؛ یہ پھَٹ جائیں سارے ہوائیں تُو رحمت کی اپنی چلادے
۱۲ گُل کھِلے ہیں؛ بہار آئی ہے کاش! ایسے میں وہ بھی آجائے

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۱۳ گھِر آئیں گھنگھور گھٹائیں جھوم اٹھیں مخمور ہوائیں جھُک گیا اَبرِ رحمتِ باری؛ آبِ حیاتِ نَو برسانے
۱۴ گھبرا کے دَردِ ہجر سے اے میہمانِ عشق جس مَن میں آ کے اُترے ہو؛ وہ مَن اداس ہے
۱۵ گلشن میں پھول، باغوں میں پھل؛ آپ کیلئے جھیلوں پہ کھِل رہے ہیں کنول؛ آپ کیلئے
۱۶ گو آ رہی ہے میرے ہی گیتوں کی بازگشت نغمہ سَرا ہیں دَشت و جَبَل آپ کیلئے
۱۷ گِرہیں تمام کھُل گئیں جُز آرزوئے وَصل رکھ چھوڑا ہے اِس عُقدے کا حَل؛ آپ کیلئے
۱۸ گل بوٹوں کلیوں پتوں سے کانٹوں سے خوشبو آنے لگی اِک عَنبر بارتصور نے یادوں کا چمن مہکایا ہے
۱۹ گل رنگ شَفَق کے پیراہن میں؛ اِک یاد کو جھولے دے دے کر؛
قوسِ قُزح کی پینگوں پر پگلے نے دل بہلایا ہے
۲۰ گُم گشتہ اَسیرانِ رَہِ مولا کی خاطر مدّت سے فقیر ایک دعا مانگ رہا ہے
۲۱ گھٹا کرم کی؛ ہجومِ بَلا سے اُٹھی ہے کرامت اِک دلِ دردآشنا سے اُٹھی ہے
۲۲ گو قول کے کچے ہو؛ ہمیشہ سے مگر اِن اوصافِ حمیدہ میں تو کچے نہیں لگتے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۲۳ گُمراہ ہوئے ہو؛ باز آؤ کیا عقل تمہاری کو ہُوا ہے
۲۴ گناہ گاروں کے دَردِ دِل کی؛ یہی ہے خِضرِ رَہِ طریقت؛
بس اِک قرآن ہی دَوا ہے یہی ہے ساغر، جو حَق نُما ہے
۲۵ گیا اِسلام سے وقتِ خزاں ہے ہوئی پیدا بہارِ جاوِداں ہے
۲۶ گریبانوں میں اپنے مُنہ تو ڈالو ذرا سوچو! اگر کچھ بھی حیا ہے
۲۷ گو مجھے مُدّت سے یہ اِصرار ہے منہ دِکھانے سے اُنھیں اِنکار ہے
۲۸ گالیاں تکیۂ کلام اُن کا یہ عدو؛ خوش خصال ہیں ایسے

۲۹ گئی ابلیسؔ کی تدبیر ضائع سب بہ فضل اللہ — ملی ہے آدم وحوّا کو جنت؛ حق کی رحمت سے

۳۰ گُل ہیں؛ پَر اُن میں پہلی سی اب بُو نہیں رہی — صوفی تو مِل ہی جاتے ہیں؛ پَر ھو نہیں رہی

۳۱ گہوارۂ علوم تمھارے بنیں قلوب — پھٹکے نہ پاس تک بھی جہالت؛ خُدا کرے

۳۲ گیا ہوں سُوکھ غمِ مِلّتِ محمدؐ میں — رہا نہیں ہے مِرے جسم میں لہُو باقی

۳۳ گھِرا ہوں حلقۂ احباب میں گو مَیں؛ مگر تجھ بِن — مِرے یارِ اَزَل تنہائی پھر بھی کاٹے کھاتی ہے

۳۴ گُرز ومُگدر کے اُٹھانے سے بھلا کیا حاصل — خاک آلودہ برادر کو اُٹھائے کوئی

۳۵ گر نہ دِیدار میسّر ہو؛ نہ گُفتار نصیب — کوچۂ عشق میں جا کر کوئی کیا لے؛ پیارے!

۳۶ گنوادی قِشر کی خواہش میں سب عُمر — دریغا! ہم بہت نادان نکلے

گیدڑ کی طرح وہ تاک میں ہوں؛ — اور بیٹھے خوابیں دیکھتے ہوں؛

۳۷ شیروں کے شکار پہ جانے کی — وہ ان کا جوٹھا کھانے کی

۳۸ گُم گشتہ راہ کیلئے تُو خِضرِ راہ ہے — تیری ضیاء رفیقِ اَزَل کی نگاہ ہے

۳۹ گذری ہے عُمر ساری گناہوں میں؛ اے خدا — کیا پیشکش حضور میں یہ شرمسار دے

# 'ل' سے 'ی'

## ('ل' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 36 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 11 |
| ii | دُرِّ عدن | 4 |
| iii | کلامِ طاہر | 6 |
| iv | کلامِ محمود | 15 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ لعلِ یمن بھی دیکھے؛ دُرِّعدن بھی دیکھے — سب جوہروں کو دیکھا؛ دل میں جچا یہی ہے
۲ لیکھو کی بدزبانی؛ کارَد ہوئی تھی اس پر — پھر بھی نہیں سمجھے؛ حمق وخطا یہی ہے
۳ لوگوں کی اِس طرف کو؛ ذرا بھی نظر نہ تھی — میرے وجود کی بھی؛ کسی کو خبر نہ تھی
۴ لڑ رہے ہیں؛ خدائے یکتا سے — بازآتے نہیں ہیں؛ غوغا سے
۵ لاکھ ہوں انبیاء؛ مگر بخدا — سب سے بڑھ کر؛ مقامِ احمدؐ ہے
۶ لعنتی ہوتا ہے؛ مردِمفتری — لعنتی کو کب ملے؛ یہ سروری
۷ لگاتے ہیں دل اپنا اس پاک سے — وہی پاک جاتے ہیں اِس خاک سے
۸ لگی سینہ میں اس کے آگ غم کی — نہیں اس کو خبر کچھ پیچ وخم کی
۹ لوگوں کے بُغضوں سے اور کینوں سے کیا ہوتا ہے — جس کا کوئی بھی نہیں؛ اس کا خدا ہوتا ہے
۱۰ لیتے ہی جنم اپنا دشمن ہوُا یہ فِرقہ — آخر کی کیا اُمّیدیں؛ جب ابتدا یہی ہے
۱۱ لوگوں کو یہ بتائے؛ کہ وقتِ مسیح ہے — اب جنگ اور جہاد حرام اور قبیح ہے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۱۲ لے کے آبِ حیات تُو آیا — مر رہے تھے؛ جِلادِیا تُو نے
۱۳ لاثانی اُسوہ احمد کا؛ یہ سیدھی راہ دکھاتا ہے — بے دنیا چھوڑے مسلم کو دنیا میں خدامِل جاتا ہے
۱۴ لَب پر دعا ہے تیرے کرم پر نگاہ ہے — عاشق ترِے حبیب ہمارے کب آئیں گے
۱۵ لب خاموش کی خاطر ہی وہ لب کھولتا ہے — جب نہیں بولتا بندہ؛ تو خدا بولتا ہے

## ﴿کلامِ طاھر﴾

۱۶ لیکن یہ سب کے نصیب کہاں؛ کہ پیار کی پیاس بجھانے کو؛
ہر ایک میں کب یہ طاقت ہے وہ سات سمندر پار آئے
۱۷ لاکھوں مِرے پیارے تیری راہوں کے مسافر — پھرتے ہیں ترِے پیار کو سینوں میں بسا کے
۱۸ لیکن مجھے زیبا نہیں شکوے میرے مالک! — یہ مجھ سے خطا ہوگئی؛ اوقات بھُلا کے

۱۹ لاکھ ہِردے پر جبر کرے؛ لیکن جب صبر نہ آئے
بے چارہ دکھیا نینوں سے چھم چھم نِیر بہائے

۲۰ لوحِ جہاں پہ حرفِ نمایاں نہ بَن سکے
ہم جس جگہ بھی جا کے رہے؛ بے نشاں رہے

۲۱ لو نغمہ ہائے دردِنہاں تم بھی کچھ سُنو
دیکھو نا، میرے دل کی بھی راگن اُداس ہے

## کلامِ محمود

۲۲ لُطفِ خلوت جو اُٹھانا ہو؛ اُٹھالو یارو!
دعوتِ پیرِمُغاں عام ہوئی جاتی ہے

۲۳ لذّتِ عیش جہاں دیکھ کے بھُولا مسلم
دانہ سمجھا تھا جسے؛ دام ہوئی جاتی ہے

۲۴ لُٹادُوں جان ومال وآبرو سب
جو میرے گھر کبھی تُو آن نکلے

۲۵ لُوٹنے نکلے تھے وہ اَمن وسکونِ بیکساں
خود انہی کے لُٹ گئے حُسن وشبابِ زندگی

۲۶ لے ہی چلی تھی خُلد سے میری خطا مجھے
ان کی نگاہِ مہر سے تقدیر ٹَل گئی

۲۷ لَوْ لَمْ یَکُنْ تَائِیْدُ رَبِّی مُسَاعِدِیْ
لَاَصْبَحْتُ مَیْتاً عُرْضَةً لِسِھَامِیْ

۲۸ لیں جائزۂ عشق؛ مِرے عشق سے عاشق
دل کو مِرے عُشّاق کا پیمانہ بنادے

۲۹ لعنت کو پکڑ بیٹھے؛ انعام سمجھ کر تم
حق نے جو رِدا بھیجی؛ تم اس کو رَدِی سمجھے

۳۰ لاکھوں خطائیں کر کے؛ جو جھکتا ہوں اس طرف
پھیلا کے ہاتھ ملتے ہیں؛ مجھ سے وَفا یہ ہے

۳۱ لُوٹنے سے اُنھیں کہاں فُرصت
وہ پریشان حال ہیں ایسے

۳۲ لیڈرِ قوم بھی ہیں؛ ڈاکو بھی
اُن کے اندر کمال ہیں ایسے

۳۳ لگاؤں سینہ سے دل میں بٹھاؤں مَیں تجھ کو
نہ دُور بھاگ؛ یونہی میرے پاس آتو سہی

۳۴ لعنت خُدا کے بندوں پہ؛ حاشا! کبھی نہیں
بچنا ہے گر؛ تو لعنتِ کفّارہ چھوڑدے

۳۵ لاکھ دوزخ سے بھی بَدتر ہے جدائی آپ کی
بادشاہی سے ہے بڑھ کر؛ آشنائی آپ کی

۳۶ لڑیں گے آپس میں بھائی باہم؛ نہ ہوگا کوئی کسی کا ہمدم
مِرا پیارا رسولِ اکرم یہ بات پہلے سے کہہ گیا ہے

# 'م' سے 'ی'

## ('م' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 234 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 43 |
| ii | دُرِّ عدن | 23 |
| iii | کلامِ طاہر | 33 |
| iv | کلامِ محمود | 135 |

### ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ مجھ کو ہلاک کرنے کو؛ سب ایک ہوگئے　　سمجھا گیا مَیں بد؛ پہ وہ سب نیک ہوگئے
۲ مومن کے جو نشاں ہیں؛ وہ حالت نہیں رہی　　اُس یارِ بے نشاں کی محبت نہیں رہی
۳ مستقل رہنا ہے لازم؛ اے بشر! تجھ کو سَدا　　رَنج وغم، یاس واَلم؛ فکروبَلا کے سامنے
۴ مرگیا بَدبخت؛ اپنے وار سے　　کٹ گیا سر؛ اپنی ہی تلوار سے
۵ مَیں حیراں ہوں تیرا یہ کیاحال ہے　　وہ غم کیا ہے؛ جس سے تُو پامال ہے؟
۶ مگر مردِعارف فلاں مرد ہے　　وہ اسلام کے راہ میں فرد ہے
۷ مگر وؔید کو اس سے انکار ہے　　اِسی سے تو بے خیروبے کار ہے
۸ محمدؐ وہ نبیوں کا سردار ہے　　کہ جس کا عدو مِثلِ مُردار ہے
۹ میری دعائیں ساری کریو قبول باری　　مَیں جاؤں تیرے واری؛ کر تُو مددہماری
۱۰ میرے مسیح ہونے پہ یہ اِک دلیل ہے　　میرے لئے یہ شاہدِ رَبِّ جلیل ہے
۱۱ میرے مولیٰ! میری یہ اِک دعا ہے　　تِری درگاہ میں عجزوبُکا ہے

۱۲ میری اولاد؛ جو تیری عطا ہے     ہراک کو دیکھ لوں وہ پارسا ہے

۱۳ مجھے تقویٰ سے اُس نے یہ جزا دی     **فسبحان الّذی اخزی ا لاعادی**

۱۴ مسلمانو! بناؤ تام تقویٰ     کہاں ایماں؛ اگر ہے خام تقویٰ

۱۵ میری اولاد؛ سب تیری عطا ہے     ہراک تیری بشارت سے ہوا ہے

۱۶ میری ہربات کو تُو نے جِلادی     میری ہرروک بھی تُو نے اُٹھادی

۱۷ میری ہرپیش گوئی خود بنادی     **تریٰ نَسلاً بَعِیداً** بھی دِکھا دی

۱۸ میرے سر پر ہے منّت اسکی بھاری     چلی اس ہاتھ سے کشتی ہماری

۱۹ میری بگڑی ہوئی اُس نے بنادی     **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲۰ مقابل میں میرے یہ لوگ ہارے     کہاں مرتے تھے؛ پر تُو نے ہی مارے

۲۱ میری اس نے ہراِک عزّت بنادی     مخالف کی ہراِک شیخی مٹادی

۲۲ مجھے ہرقسم سے اس نے عطادی     سعادت دی، ارادت دی؛ وَفا دی

۲۳ محبت غیر کی؛ دل سے ہٹادی     خداجانے؛ کہ کیا دِل کو سُنادی

۲۴ مُراد آئی، گئی سب نامُرادی     **فسبحان الّذی اخزی ا لاعادی**

۲۵ مجھے اس یار سے پیوندِ جاں ہے     وہی جنت؛ وہی دارالاماں ہے

۲۶ مجھے تُو نے یہ دولت اے خدا دی     **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲۷ مجھے یہ بات مولیٰ نے بتادی     **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۲۸ مولیٰ سے اپنے کچھ بھی محبت نہیں رہی     دل مرگئے ہیں؛ نیکی کی قدرت نہیں رہی

۲۹ موت کی رَہ سے مِلے گی اب تو دِیں کو کچھ مدد     ورنہ دِیں اے دوستو! اِک روز مرجانے کو ہے

۳۰ موتِ لیکھو؛ بڑی کرامت ہے     پر سمجھتے نہیں؛ یہ شامت ہے

۳۱ مجھ کو قسم خدا کی؛ جس نے ہمیں بنایا     اب آسماں کے نیچے؛ دِینِ خدا یہی ہے

۳۲ ملتی ہے بادشاہی؛ اس دِیں سے آسمانی     اے طالبانِ دولت! ظِلِّ ہُما یہی ہے

۳۳ معلوم کرکے سب کچھ محروم ہوگئے ہیں     کیا اِک نیوگیوں کا ذہنِ رسا یہی ہے

۳۴ میٹھے بھی ہو کے آخر نِشتر ہی ہیں چلاتے ... اِن تیِرہ باطنوں کے دل میں دَغا یہی ہے
۳۵ مَیں ہوں سِتم رسیدہ؛ ان سے جو ہیں رمیدہ ... شاہد ہے آب دیدہ؛ واقف بڑا یہی ہے
۳۶ مَیں دل کی کیا سُناؤں؛ کِس کو یہ غم بتاؤں ... دُکھ دَرد کے ہیں جھگڑے؛ مجھ پر بَلا یہی ہے
۳۷ مُشتِ غُبار اپنا؛ تیرے لئے اُڑایا ... جب سے سُن؛ کہ شرطِ مِہروَفا یہی ہے
۳۸ مجھ کو ہیں وہ ڈراتے؛ پھرپھر کے دَر پہ آتے ... تیغ وتَبر دِکھاتے؛ ہرسُو ہَوا یہی ہے
۳۹ مجھ کو ہو کیوں ستاتے؛ سواِفترا بناتے ... بہتر تھا بازآتے؛ دُوراَزبَلا یہی ہے
۴۰ معاذاللہ یہ سب باطل گماں ہے ... وہ خود ایشؔر نہیں؛ جو ناتواں ہے
۴۱ موجوں سے اس کی؛ پردے وَساوَس کے پھٹ گئے ... جو کفر اور فِسق کے ٹیلے تھے؛ کَٹ گئے
۴۲ مقصود اِن کا جینے سے؛ دنیاکمانا ہے ... مومن نہیں ہیں وہ؛ کہ قدم فاسقانہ ہے
۴۳ مُردہ سے کب اُمّید؛ کہ وہ زندہ کرسکے ... اُس سے تو خود محال؛ کہ رَہ بھی گزرسکے

## دُرِّ عدن

۴۴ مانا؛ کہ انکسار بھی داخل ہے خُلق میں ... پر کچھ نہ کچھ خلیق کو سیرت پہ ناز ہے
۴۵ ماہر ہے سرجری میں؛ تو ہے ڈاکٹر کو ناز ... حاذِق ہے گر طبیب؛ طبابت پہ ناز ہے
۴۶ ماہر کو ہے یہ ناز؛ کہ حاصل ہے تجربہ ... عاقل کو اپنے فہم وفراست پہ ناز ہے
۴۷ مولا مِرے، قدیر مِرے؛ کبریا مِرے! ... پیارے مِرے، حبیب مِرے؛ دلرُبا مِرے!
۴۸ محبت تھی مجسم میری مریم ... چلی ہے پیار خالق سے بڑھانے
۴۹ منعم کو ہے یہ ناز؛ کہ قبضہ میں مال ہے ... عزّت خدا نے دی ہے؛ تو عزّت پہ ناز ہے
۵۰ مایوس کبھی تیرے سوالی نہیں پھرتے ... بندے تِری درگاہ سے خالی نہیں پھرتے
۵۱ مالک ہے جو تو چاہے؛ تو مُردوں کو جِلا دے ... اے قادرِمطلق! مِرے پیاروں کو شِفادے
۵۲ مولا سمومِ غم کے تھپیڑے پنہ! پنہ ... اب انتظامِ دفعِ بلیّات چاہیئے
۵۳ مانا؛ کہ بے عمل ہیں نہیں قابلِ نظر ... ہیں خانہ زاد؛ پھربھی مراعات چاہیئے
۵۴ مجھے تو دامنِ رحمت میں ڈھانپ لے یونہی ... حساب مجھ سے نہ لے؛ بے حساب جانے دے

۵۵ میرے گناہ؛ تیری بخشش سے بڑھ نہیں سکتے    ترے نثار؛ حساب وکتاب جانے دے
۵۶ مقبول دعائیں ہوں سب دُور بلائیں ہوں    لے آئے خدا تم کو اب خیر سے، عزّت سے
۵۷ مخلوق پہ شفقت ہو؛ ہراِک سے مروّت ہو    معمور ہو دل ہردَم خالق کی محبت سے
۵۸ مخدوم وہی ہوگا؛ جو دِین کا خادم ہو    سب شان ہے مسلم کی؛ اسلام کی شوکت سے
۵۹ محنت ہو اگر سچی؛ ضائع وہ نہیں ہوتی    تم کام کئے جاؤ؛ اخلاص سے، ہمت سے
۶۰ مبارک یہ جوڑا ہو فضلِ خدا سے    قدم ان کے بھٹکیں نہ راہِ وَفا سے
۶۱ مومن قدم بڑھاکے ہٹاتے نہیں کبھی    ان کو قضا کے تیر ڈراتے نہیں کبھی
۶۲ مردانہ وار بڑھتے ہیں سینہ سپر کئے    غازی عدو کو پیٹھ دکھاتے نہیں کبھی
۶۳ ملے گا ایک فرزندِگرامی    عطا ہوگی دلوں کو شادمانی
۶۴ مٹاکر اپنی ہستی راہِ حق میں    جہاں کو اس نے بخشی زندگانی
۶۵ مغفرت بے حساب ہوجائے    مرحمت لاجواب ہوجائے
۶۶ میری پیاری اُمی؛ میری سب سے پیاری    رہوں گی دل وجاں سے تابع تمہاری

## ﴾کلامِ طاہر﴿

۶۷ میرا سورج بھی ہے تُو؛ چاندستارے بھی تُو    اپنے جیون پہ میرا فخر ترے دَم سے ہے
۶۸ مجھ کو جو دکھ دیئے ہیں؛ نہیں تجھ سے کچھ گِلہ    میری دُعا یہی ہے؛ کہ تُو شادماں رہے
مِرے محبوبوں پر صبح و مَسا؛    مِری رُوح پہ برسوں بیت گئے؛
۶۹ پڑتی ہے کیسی کیسی بَلا    اِن اندیشوں کا سایہ ہے
۷۰ محبوبی ورَعنائی کرتی ہیں طواف اُس کا    قدموں پہ نثار اُس کے جمشیدی ودارائی
۷۱ مجنوں کا دشت اُداس ہے؛ صحنِ چمن اُداس    صحرا کی گود؛ لیلیٰ کا آنگن اُداس ہے
۷۲ مجھ سے بڑھ کر مِری بخشش کے بہانوں کی تلاش    کِس نے دیکھے تھے کبھی ایسے بہانے والے
۷۳ مجھ سے بھی تو کبھی کہہ؛ راضیۃً مرضیہ    روح بیتاب ہے؛ رُوحوں کو بُلانے والے
۷۴ مَیں کہاں! اور کہاں حرفِ شکایت آقا!    ہاں! یونہی ہَول اُٹھتے ہیں ستانے والے

۷۵ مَیں اُن سے جُدا ہوں؛ مجھے کیوں آئے کہیں چین    دِل منتظر اُس دن کا؛ کہ ناچ اُنہیں پا کے
میرے آنسو تمہیں دیں رَمِ زندگی؛    میہماں کو ملے جو دَمِ زندگی؛
۷۶ دُور تم سے کریں ہرغمِ زندگی    وہی اَمرت بنے، میزباں کیلئے
مِرے بھولے بھالے حبیب؛    کیا ایک اُنہی کو دُکھ دیتی ہے؛
۷۷ مجھے لکھ کر کیا سمجھاتے ہیں    جدائی لمبے عرصوں کی؟
میری ایسی بھی ہے ایک رُودادِ غم؛    دل میں وہ بھی ہے اِک گوشۂ محترم؛
۷۸ دل کے پردے پہ ہے خون سے جو رَقم    وقف ہے جو غمِ دوستاں کیلئے
۷۹ میری بھی آرزو ہے؛ اجازت مِلے تو، مَیں    اَشکوں سے اِک پروؤں غزل؛ آپ کیلئے
۸۰ مِژگاں بنیں حِکایت دل کیلئے قلم    ہو رَوشنائی آنکھوں کا جَل؛ آپ کیلئے
۸۱ مَیں آپ ہی کا ہوں؛ وہ مِری زندگی نہیں    جس زندگی کے آج نہ کل؛ آپ کیلئے
۸۲ مَعابِد سے مِٹا کر کلمۂ توحید؛ آئے دِن    شریروں کو عِبادُاللہ کا دل بَرمانا آتا ہے
۸۳ مِرے دل کے اُفق پر؛    جو ڈوب چکے ہیں؛
لاکھوں چاند ستارے روشن ہیں، لیکن    اُن کی یادوں نے منظر دھندلایا ہے
۸۴ مَیں ہفت اَفلاک کا پنچھی ہوں مِرا نورِنظر آکاشی ہے    تُو اوندھے منہ چلنے والا؛ اِک بے مُرشد چوپایہ ہے
۸۵ مَیں تجھ سے نہ مانگوں؛ تو نہ مانگوں گا کسی سے    مَیں تیرا ہوں؛ تُو میراخدا، میراخدا ہے
۸۶ مسیح بَن کے وہی آسماں سے اُتری ہے    جو التجا دلِ ناکتخدا سے اٹھی ہے
۸۷ مجھے تیری ہی قسم ہے؛ کہ دوبارہ جی اُٹھوں گا    تِرانفخِ روح؛ میرے دلِ زار تک تو پہنچے
۸۸ مَے برستی ہے؛ بُلا بھیجو کہاں ہے ساقی    بھری برسات میں موسم کے اشارے ہیں وہی
۸۹ میرے آنگن سے قضا لے گئی چُن چُن کے جو پھول    جو خدا کو ہوئے پیارے؛ میرے پیارے ہیں وہی
۹۰ منتظر کوئی نہیں ہے؛ لبِ ساحل وَرنہ    وہی طوفان ہیں؛ وہی ناؤ، کنارے ہیں وہی
۹۱ مرتے ہیں جب اللہ کے بندوں کے نگہبان    رہتے نہیں کیا اُن کے دُلاروں کے سہارے
۹۲ میرا ساتھ نبھاوَن تائیں؛ کوئی راہ نہ چھڈّی    جیہڑے رَستیاں توں مَیں لنگیا؛ اوہی رستے مَلّے

۹۳ میرے دَرد کی جو دَوا کرے؛ کوئی ایسا شخص ہوا کرے — وہ جو بے پناہ اُداس ہو؛ مگر ہجر کا نہ گِلہ کرے

میری چاہتیں، میری قُربتیں؛ — تو وہ سب سے چھپ کے؛

۹۴ جسے یادآئیں قدم قدم — لباسِ شب میں لپٹ کے آہ وبقا کرے

۹۵ مَیں اُس کا فقیر ہوں آقا؛ تُو جو میرے لئے بھلا سمجھے — مجھے اے کاش! ہر کوئی تیرا اور فقط تیرا ہی گدا سمجھے

میری جھولی میں کچھ نہیں مولا! — زندگی کا سفر نبھانے کو؛

۹۶ پیٹ خالی ہے، ہاتھ خالی ہے — مَیں اکیلا ہوں، ساتھ خالی ہے

۹۷ میرے اِس دنیا میں لاکھوں ہیں؛ مگر کوئی نہیں — میرا تنہائیوں میں ساتھ نبھانے کیلئے

۹۸ منصورؔہ لے کر آئی ہے اپنی بھولی بھالی بچی — معجزہ ہے جو اِک اللہ کا؛ اونچی قسمت والی بچی

۹۹ مَیں اب سمجھا ہوں وہ کیفیت کیا ہوتی ہے جب دل کو — ہر دُور اُفتادہ اُوَیس پہ لختِ جگر سے بڑھ کر پیار آئے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۱۰۰ محمدؐ؛ جو ہمارا پیشوا ہے — محمدؐ؛ جو کہ محبوبِ خدا ہے

۱۰۱ مجھے اس بات پر ہے فخر؛ محمود! — میرا معشوق؛ محبوبِ خُدا ہے

۱۰۲ مامورِ خُدا سے دشمنی ہے — کیا اس کا ہی نامِ اِتّقا ہے

۱۰۳ موسیٰؑ کے غُلام تھے مسیحا — ہاں! ان سے ہمارا کام کیا ہے

۱۰۴ محمود خُدائے لَم یزل سے — ہروَقت یہی مِری دُعا ہے

۱۰۵ مِرے دوستو! شِرک کو چھوڑدو تم — کہ یہ سب بلاؤں سے بڑھ کر بَلا ہے

۱۰۶ محبت سے کہتا ہے وہ تم کو ہردَم — اُٹھو سونے والو! کہ وقت آگیا ہے

۱۰۷ مقابل میں اس کے اگر کوئی آئے — نہ آگے بچے گا؛ نہ اب تک بچا ہے

۱۰۸ مسیحا و مہدیٔ دورانِ آخر — وہ جس کے تھے تم منتظر؛ آگیا ہے

۱۰۹ مصیبتوں سے نکالتا ہے؛ بلاؤں کو سَر سے ٹالتا ہے — گلے کا تعویذ اسے بناؤ؛ ہمیں یہی حکمِ مصطفیٰؐ ہے

مگر مسلمانوں پر ہے حیرت؛ — دِلوں پہ چھائی ہے پھر بھی غفلت؛

۱۱۰ جنھوں نے پائی ہے ایسی نعمت — نہ یادِ عُقبیٰ ہے، نے خُدا ہے

۱۱۱ مگر خُدائے رحیم ورحماں جو اپنے بندوں کا ہے نگہباں — جو ہے شہنشاہِ جنّ واِنساں؛ جو ذرّہ ذرّہ کو دیکھتا ہے

۱۱۲ مسیحِ دوراں، مثیلِ عیسیٰؑ؛ بجا ہے دنیا میں جس کا ڈنکا — خُدا سے ہے پا کے حکم آیا مِلا اُسے منصبِ ھُدیٰ ہے

۱۱۳ مقابلہ میں جو تیرے آیا؛ نہ خالی بچ کر کبھی بھی لوٹا — یہ دَبدَبہ دیکھ کر مسیحا؛ جو کوئی حاسد ہے، جَل رہا ہے

۱۱۴ مقدّر اپنے حق میں عِزّ وشاں ہے — جو ذِلّت ہے؛ نصیبِ دُشمناں ہے

۱۱۵ مسیحائے زماں کا یاں مکاں ہے — زمینِ قادیاں؛ دارالاماں ہے

۱۱۶ مسیحا سے کوئی کہہ دو یہ جا کر — مریضِ عشق تیرا نیم جاں ہے

۱۱۷ مخالف اپنے ہیں گو زور پر آج — مگر ان سے قوی تَر پاسباں ہے

۱۱۸ مَرا ڈوئی؛ دَمِ مُعجِزنُما سے — یہ عیسیٰ ؑ کی صداقت کا نشاں ہے

۱۱۹ مسلمانوں کی بَدحالی کے غم میں — دھرا سینہ؛ پر اِک سَنگِ گراں ہے

۱۲۰ مِرا دِل اُس نے روشن کردِیا ہے — اندھیرے گھر کا میرے؛ وہ دِیا ہے

۱۲۱ مسیحا کو نہیں خوف وخطر کچھ — حمایت پر تُلا اُس کا خُدا ہے

۱۲۲ مِرا ہر ذرّہ ہو قُربانِ احمد — مِرے دِل کا یہی اِک مُدّعا ہے

۱۲۳ مزہ دوبار پہلے چکھ چکے ہو — مگر پھر بھی وہی طرزِ اَدا ہے

۱۲۴ میرے دِل پر رَنج وغم کا بار ہے — ہاں! خبر لیجے! کہ حالت زار ہے

۱۲۵ میرے دشمن کیوں ہوئے جاتے ہیں لوگ — مجھ سے پہنچا اُن کو کیا آزار ہے

۱۲۶ میری غم خواری سے ہیں سب بے خبر — جو ہے میرے دَرپئے آزار ہے

۱۲۷ میری کمزوری کو مت دیکھیں؛ کہ مَیں — جس کا بندہ ہوں؛ بڑی سرکار ہے

۱۲۸ مِٹا دیتا ہے سب زنگوں کو دل سے — اسی سے قلب کو ملتی جِلا ہے

۱۲۹ محبت تیری دل میں جاگزیں ہو — لگی ہو لَو ہمیں یادِ خُدا کی

۱۳۰ ملتی نہیں مَے جام ہے — بس اِک یہی آزار ہے

۱۳۱ مِلا ہوں خاک میں؛ باقی رہا نہیں کچھ بھی — مگر ہے دل میں مِرے اُن کی جُستجو باقی

۱۳۲ مِری تدبیر جب مجھ کو مصیبت میں پھنساتی ہے — تو تقدیرِ اِلٰہی آن کر اُس سے چھُڑاتی ہے

۱۳۳ محبت تُو وَفا ہو کر؛ وَفا سے جی چُراتی ہے
ہماری بَن کے اے ظالم! ہماری خاک اُڑاتی ہے

۱۳۴ محبت کیا ہے؛ کچھ تم کو خبر بھی ہے، سُنو مجھ سے
یہ ہے وہ آگ؛ جو خود گھر کے مالک کو جلاتی ہے

۱۳۵ مِٹائے گا ہمیں کیا تُو ہے اپنی جان کا دشمن
ارے ناداں! کبھی عُشّاق کو بھی موت آتی ہے

۱۳۶ محبت کی جھلک چُھپتی کہاں ہے؛ لاکھ ہوں پردے
نگاہِ زیرِ بیں مجھ سے بھلا تُو کیوں چھُپاتی ہے

۱۳۷ معاذاللہ مِرادِل اور ترکِ عشق کیا ممکن
مَیں ہوں وہ باوَفا؛ جس سے وَفا کو شرم آتی ہے

۱۳۸ مِری جاں، تیرے جامِ وَصل کی؛ خواہش میں اے پیارے
مِثالِ ماہیٔ بے آب؛ ہردَم تلملاتی ہے

۱۳۹ مِرے دل میں تو آتا ہے کہ سب احوال کہہ ڈالوں
نہ شِکوہ جان لیں اس سے طبیعت ہچکچاتی ہے

۱۴۰ مَردِمیدان بنے؛ اپنے دلائل لائے
گھر میں بیٹھا ہوا؛ باتیں نہ بنائے کوئی

۱۴۱ مجھ سے مِلنے میں اُنھیں عُذر نہیں ہے کوئی
دِل پہ قابو نہیں اپنا؛ یہی دُشواری ہے

۱۴۲ مَر کے بھی دیکھ لُوں شاید! کہ میسّر ہو وصال
لوگ کہتے ہیں؛ یہ تدبیر بڑی کاری ہے

۱۴۳ میری یہ آنکھیں کُجا؛ رویَتِ دِلدار کُجا
حالتِ خواب میں ہوں مَیں؛ کہ یہ بیداری ہے

۱۴۴ محمدؐ پر ہماری جاں فِدا ہے
کہ وہ کوئے صنم کا رہنما ہے

۱۴۵ مئے وَصلِ حبیب لایَزال ولَم یَزَل ہوتی
تو دل کیا میری جاں بھی بڑھ کے قربانِ سُبُو ہوتی

۱۴۶ مِری جنت تو یہ تھی؛ مَیں ترے سایہ تلے رہتا
رواں دِل میں مِرے عِرفانِ بے پایاں کی جُو ہوتی

۱۴۷ محمدؐ کو بُرا کہتے ہو تم لوگ
ہماری جان ودِل جس پر فِدا ہے

۱۴۸ مسیح دنیا کا رہنما ہے؛ غلامِ احمد ہے، مصطفیٰؐ ہے
بروزِ اَقطاب واَنبیاء ہے؛ خدانہیں ہے؛ خدانُما ہے

۱۴۹ میرے مولیٰ! مِری بگڑی کے بنانے والے
میرے پیارے! مجھے فِتنوں سے بچانے والے

۱۵۰ مَیں تو بَدنام ہوں جس دَم سے ہوا ہوں عاشق
کہہ لیں جو دل میں ہو؛ اِلزام لگانے والے

۱۵۱ مجھ کو دِکھلاتے ہوئے آپ بھی رَہ کھو بیٹھے
اے خِضر! کیسے ہو تم راہ دِکھانے والے

۱۵۲ مجھ سے بڑھ کر ہے مِرا فکر تجھے دامن گیر
تیرے قُربان! مِرا بوجھ اُٹھانے والے

۱۵۳ مجھ سے بڑھ کر میری حالت کو یہ کرتے ہیں بیاں
مُنہ سے گو چُپ ہیں مِرے پاؤں کے چھالے؛ پیارے

۱۵۴ میرے آتے ہی اِدھر تم پہ کھلا ہے یہ راز
تم بھی میدانِ دلائل کے ہو رَن بِیروں سے

۱۵۵ مجھ کو کیا شِکوہ ہو تم سے؛ کہ مِرے دشمن ہو
تم یونہی کرتے چلے آئے ہو جب پِیروں سے

۱۵۶ میری غَیبَت میں لگا لو؛ جو لگانا ہو زور
تِیر بھی پھینکو؛ کرو حملے بھی شَمشیروں سے

۱۵۷ ماننے والے مِرے بڑھ کے رہیں گے تم سے
یہ قضا وہ ہے؛ جو بدلے گی نہ تدبیروں سے

۱۵۸ مجھ کو حاصل نہ اگر ہوتی خُدا کی اِمداد
کب کے تم چھید چکے ہوتے مجھے تِیروں سے

۱۵۹ مجھ کو گندہ سمجھ کے مت دھتکارو
قُربِ گُل میں ہی خار رہتا ہے

۱۶۰ مِرے ہمراز کہتے ہیں: کہ اِک شَے نُور ہوتی ہے
جب آتی ہے؛ تو تاریکی معاً کافُور ہوتی ہے

۱۶۱ مُضطَرِب ہو کے چلے آتے ہیں میری جانب
موت ہی وَصل کا پیغام ہوئی جاتی ہے

۱۶۲ مِرے پاس آ کے لِــلّٰــــہ بیٹھ جاؤ
کہ پہلو سے مِرے؛ شیطان نِکلے

۱۶۳ مجھے سب رَنج و کُلفت بھول جائے
جو تیری دِید کا اَرمان نِکلے

۱۶۴ مُطلقاً غیر اَز فنا راہِ بقا مَسدُود ہے
مِٹ گیا جو راہ میں اس کی؛ وہی موجود ہے

۱۶۵ مانگ پر ہوتی ہے پیداوار چونکہ وہ نہیں
جِنسِ تقویٰ اس لیے دُنیا سے اَب مفقود ہے

۱۶۶ مُدّعا ہے میری ہستی کا؛ کہ مانگوں بار بار
مُقتضا اُن کی طبیعت کا سخاوجود ہے

۱۶۷ مَیں اپنے پیاروں کی نسبت؛ ہرگز نہ کروں گا پسند کبھی
وہ چھوٹے درجہ پہ راضی ہوں؛ اور اُن کی نگاہ رہے نیچی

۱۶۸ مَیں واحد کا ہوں دِلدادہ؛ اور واحد میرا پیارا ہے
گر تُو بھی واحد بَن جائے؛ تو میری آنکھ کا تارہ ہے

۱۶۹ مبارکؔ؛ جو کہ بیٹا دوسرا ہے
خُدا نے اپنی رحمت سے دیا ہے

۱۷۰ منوّرؔ؛ جو کہ مولیٰ کی عطا ہے
بشارت سے خُدا کی جو مِلا ہے

۱۷۱ مِلی ہے ہم کو یہ نعمت خُدا سے
حبیبِ پاک حضرت مصطفیٰؐ سے

۱۷۲ محبت تیری اُن کے دِل میں رَچ جائے
ہر اِک شیطان کے پنجے سے بچ جائے

۱۷۳ مجھے کیا اس سے گر دنیا مجھے فرزانہ کہتی ہے
تمنا ہے، کہ تم کہہ دو: مِرا دِیوانہ آتا ہے

۱۷۴ مِری تو زندگی کٹتی ہے تیری یاد میں پیارے!
کبھی تیری زباں پر بھی مِرا اَفسانہ آتا ہے

۱۷۵ محمود رازِ حُسن کو ہم جانتے ہیں خُوب
صُورت کسی کی نُور کے سانچے میں ڈھل گئی

۱۷۶ مِری رات دِن بَس یہی اِک صدا ہے — کہ اِس عالَمِ کون کا اِک خُدا ہے

۱۷۷ مَسنَد کی آرزو نہیں؛ بس جُوتیوں کے پاس — دَرگہ میں اپنی مجھ کو بھی اِک بار، بار دے

۱۷۸ میرے دِل ودماغ پہ چھاجا؛ اوخُوبرُو! — اور ماسِوا کا خیال بھی دِل سے اُتار دے

۱۷۹ ممکن نہیں؛ کہ چین مِلے وَصل کے سِوا — فُرقت میں کوئی دِل کو تسلّی ہزار دے

۱۸۰ مجھ کو تِری مخمورنگاہوں کی قَسم ہے — اِک بار اِدھر دیکھ کے مَستانہ بنادے

۱۸۱ مجھے قیدِ محبت؛ لاکھ آزادی سے اچھی ہے — کچھ ایسا کر؛ کہ پابندِسَلاسِل ہی رہوں ساقی

۱۸۲ مُرادیں لُوٹ لیں دیوانگی نے — نہ دیکھی کامیابی آگہی نے

۱۸۳ مِری جانب یُونہی دیکھا کسی نے — نظر آنے لگے ہرجا دِفینے

۱۸۴ مِزاجِ یار کو برہَم کیا ہے — مِری اُلفت مِری دِل بَستگی نے

۱۸۵ مہاجر بننے والو! یہ بھی سوچا — کہ پیچھے چھوڑے جاتے ہو مدینے

۱۸۶ مَیں اس کے ناز روز اُٹھاتا ہوں جان پر — میرے کبھی تو ناز اُٹھایاکرے کوئی

۱۸۷ محفل میں قصّے عِشق کے ہوتے ہیں صبح وشام — حُسن اپنی بات بھی تو سُنایاکرے کوئی

۱۸۸ مِنَٹ مِنَٹ پہ مِرا امتحان لیتے ہیں — قدم قدم پہ مصیبت یہ آن پڑتی ہے

۱۸۹ مَیں دِل وجاں، بخوشی اُن کی نذر کردیتا — ماننے والے اگر ہوتے وہ سوغاتوں سے

۱۹۰ میرامقدور کہاں؛ شِکوہ کروں اُن کے حُضُور — مجھ کو فُرصت ہی کہاں؛ اُن کی مُناجاتوں سے

۱۹۱ مارے، جلائے، کچھ بھی کرے؛ مجھ کواس سے کیا — مجلس میں اُس کے پاس رہوں؛ مُدّعا یہ ہے

۱۹۲ مِٹ جائے میرانام؛ تو اس میں حَرَج نہیں — قائم جہاں میں عزت وشوکت رہے تِری

۱۹۳ میداں میں شیرِنَر کی طرح لڑ کے جان دے — گردن کبھی نہ غیر کے آگے جُھکے تِری

۱۹۴ مجھے دِلگیر جب بھی دیکھتے ہیں — بِٹھالیتے ہیں پاس اپنے بُلاکے

۱۹۵ مِرے کانوں میں آوازیں خُدا کی — تِرے کانوں میں ایٹم بم کے دھماکے

۱۹۶ مِری اُمید وابستہ فلک سے — تِری نظروں میں اِس دُنیا کے خاکے

۱۹۷ مِلا تجھ کو نہ کچھ؛ دُنیا میں آکے — نہ تُو دیکھے گا راحت؛ یاں سے جا کے

۱۹۸ مَیں تو بیٹھاہوں بَرلَبِ جُو — کیا دکھاتا ہے تُو سراب مجھے
۱۹۹ مَست ہوں مَیں تو روزِاَوّل سے — فائدہ دے گی کیا شراب مجھے
۲۰۰ میراباجا ہے تیغ کی جھنکار — زہر لگتا ہے یہ رُباب مجھے
۲۰۱ مَے کے پھندے میں جو پھنسا؛ سو پھنسا — اِس کے مضبوط جال ہیں ایسے
۲۰۲ مجھ کو لڑنا ہی پڑا؛ اَعداءِ کینہ توز سے — جنگ آخر ہوگئی؛ تدبیر سے، تقدیر کی
۲۰۳ مجھ کو رہتی ہے ہمیشہ اس کے ہاتھوں کی تلاش — فِکر رہتی ہے تجھے صُبح ومَسا کَف گیر کی
۲۰۴ مَیں بھی کمزور؛ مِرے دوست بھی کمزور تمام — کام میرے تو سبھی میراخُدا کرتا ہے
۲۰۵ مُردہ دِلوں کے واسطے؛ ہرلفظ ہے حیات — میری صَدا نہیں؛ یہ فرشتوں کا صُور ہے
۲۰۶ میرے پہلو سے اُٹھ گئے گر تم — گِرد گھُوما کرے گی یاس مِرے
۲۰۷ مُسلمانی ہے؛ پَر اِسلام سے ناآشنائی ہے — نہیں ایمان کَسبی؛ باپ دادوں کی کمائی ہے
۲۰۸ مَیں خود اپنے گھر کا بھی مالک نہیں ہوں — ہے غیروں کے ہاتھوں میں میری بڑائی
۲۰۹ مِراکام جَلتی پہ پانی چھِڑکنا — رقیبوں کا حِصّہ؛ لگائی بُجھائی
۲۱۰ مُحمّدؐ کی اُمّت؛ مسیحا کا لشکر — پہیلی یہ؛ میری سمجھ میں نہ آئی
۲۱۱ مُبارک ہو یہ ڈارِوِنؔ کو ہی رِشتہ — قرابت نہیں رکھتے لنگور ہم سے
۲۱۲ مِٹ جائے دِل سے رَنگِ رَذالت؛ خُداکرے — آجائے پھِر سے دورِشرافت؛ خُداکرے
۲۱۳ مِل جائیں تم کو زُہدواَمانت؛ خُداکرے — مشہور ہو تمہاری دیانت؛ خُداکرے
۲۱۴ مِل جائے تم کو دِین کی دولت؛ خُداکرے — چمکے فلَک پہ تارۂ قِسمت؛ خُداکرے
۲۱۵ منظور ہو تمہاری اِطاعت؛ خُداکرے — مقبول ہو تمہاری عبادت؛ خُداکرے
۲۱۶ مِلا ہے عِلم سے مجھ کو؛ نہ کچھ اپنی لِیاقت سے — مِلا ہے مجھ کو جو کچھ بھی؛ سو مولیٰ کی عنایت سے
۲۱۷ مِرے ہاتھوں تو پیدا ہوگئی ہیں اُلجھنیں لاکھوں — جو سلجھیں گی تو سلجھیں گی ترے دَستِ مُرَوَّت سے
۲۱۸ مِراسَر دارِکوثر بانٹنے بیٹھا ہے جب پانی — تو دِل میں خیال تک مَت لا؛ کہ وہ بانٹے گا خِسَّت سے
۲۱۹ مسیحا کیلئے لِکھا ہے؛ وہ شیطاں کو مارے گا — نہ مارے گا وہ آہَن سے؛ کرے گا قتل حُجّت سے

۲۲۰ مِری بخشش تو وابستہ تیری چشم پوشی سے
اِلٰہی! رحم کر مجھ پر؛ مَرا جاتا ہوں خِفّت سے

۲۲۱ مجھے تو اے خُدا! دنیا میں ہی تُو بخش دے جنّت
تسلّی پا نہیں سکتا قیامت کی زیارت سے

۲۲۲ مَیں نے پوچھا جو، ہو کیوں چُپ؛ تو تُنک کر بولے
ہم بھرے بیٹھے ہیں؛ جانے بھی دے، کیا کرتا ہے

۲۲۳ مَیں تو بیداری میں رکھتا ہوں سنبھالے دِل کو
جب مَیں سوجاؤں؛ تو یہ آہ وبُکا کرتا ہے

۲۲۴ میرے مسیح! تیرا تقدّس کمال ہے
بے دِین تھے جو؛ آج دِیندار ہوگئے

۲۲۵ مولا کی مہربانی تو دیکھو! کہ کِس طرح
جو تابعِ فَرَنگ تھے؛ سرکار ہوگئے

۲۲۶ مُسلم بے چارہ قیدِعیسوی میں ہے پھنسا
یہ خُدائی کفر کی ہے؛ یا خُدائی آپ کی

۲۲۷ مجھے تو اس سے غرض ہے؛ کہ راضی ہو دِلبر
یہ کام قیسؔ کرے؛ یا کوئی ایازؔ کرے

۲۲۸ میرا تو کچھ نہیں ہے؛ اُسی کا ظہور ہے
فانُوس ہوں مَیں؛ اور خُدا اِس کا نُور ہے

۲۲۹ مَیں تو بندۂ عِشق ہوں؛ مجھے تو صاحب!
دِلبَر کی محبت میں مزا آتا ہے

۲۳۰ مِرے جان ودِل کے مالک! مِری جاں نکل رہی ہے
تیری یاد چٹکیوں میں مِرے دِل کو مَل رہی ہے

۲۳۱ مغرب کا ہے بُچھونا؛ تو مغرب کا اوڑھنا
اِسلام کی تو کوئی بھی اَب خُو نہیں رہی

۲۳۲ منجملہ تیرے فضل وکرم کے ہے یہ بھی ایک
عیسیٰ مسیح سا ہے دیا رہنما مجھے

۲۳۳ موسیٰؑ کے ساتھ تیری رہیں لَن تَرانیاں
زِنہار میں نہ مانوں گا؛ چہرہ دِکھا مجھے

۲۳۴ محمدؐ میرے تَن میں؛ مِثلِ جاں ہے
یہ ہے مشہور؛ جاں ہے، تو جہاں ہے

# 'ن' سے 'ی'

## ('ن' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 83 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 15 |
| ii | دُرِّ عدن | 7 |
| iii | کلامِ طاہر | 10 |
| iv | کلامِ محمود | 51 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ نام اس کا؛ نسیمِ دعوت ہے — آریوں کیلئے؛ یہ رحمت ہے

۲ نظیر اس کی نہیں جمتی؛ نظر میں فکر کر دیکھا — بھلا کیونکر نہ ہو یکتا؛ کلامِ پاک رحماں ہے

۳ نور دِکھلا کے تیرا سب کو کیا ملزم وخوار — سب کا دل آتشِ سوزاں میں جلایا ہم نے

۴ نقشِ ہستی تِری اُلفت سے مٹایا ہم نے — اپنا ہر ذرّہ؛ تری رَہ میں اُڑایا ہم نے

۵ نہ وہ تیری صورت؛ نہ وہ رنگ ہے — کہو؛ کِس سبب تیرا دِل تنگ ہے

۶ نہیں عقل اُس کو نہ کچھ غور ہے — اگر ویؔد ہے؛ یا کوئی اور ہے

۷ نہ مَردی ہے تیر اور تلوار سے — بنو مَرد؛ مَردوں کے کردار سے

۸ نہ سمجھے؛ تو آخر کو پچھتاؤ گے — گُرُو کے سراپوں کا پھل پاؤ گے

۹ نجات ان کو عطا کر گندگی سے — برات ان کو عطا کر بندگی سے

۱۰ نہاں اندر نہاں ہے کون لاوے — غریقِ عشق وہ موتی اُٹھاوے

۱۱ نبیوں کی ہتک کرنا؛ اور گالیاں بھی دینا — کُتّوں سا کھولنا منہ؛ تُخمِ فنا یہی ہے

۱۲ نہ اُن بِن چل سکے اس کی خدائی — نہ اُن بِن کرسکے زور آزمائی
۱۳ نشاں کو دیکھ کر؛ انکار کب تک پیش جائیگا — ارے اِک اور جھوٹوں پر قیامت آنیوالی ہے
۱۴ نورِخدا کی اس میں علامت ہی کیا رہی — توحیدِ خُشک رِہ گئی؛ نعمت ہی کیا رہی
۱۵ ناپاک زندگی ہے؛ جو دُوری میں کٹ گئی — دیوار زُھدِ خُشک کی؛ آخر کو پھَٹ گئی

## دُرِّ عدن

۱۶ نہ کیوں سوجاں سے دل اُس پر فدا ہو — کہ وہ محبوب ہی؛ جانِ وَفا ہے
۱۷ نبھادِی اُس نے جس سے دوستی کی — پھِرا ہے جب بھی؛ بندہ ہی پھِرا ہے
۱۸ نہیں کچھ اس کے احسانوں کا بدلہ — کسی نے جان بھی دے دی؛ تو کیا ہے
۱۹ نبیؐ کے نام مقدّس کی آڑلے لے کر — وَفا کی شان دِکھانے چلے جفا کیلئے
۲۰ نہ روک راہ میں مولا شتاب جانے دے — کھلا تو ہے ترِی جنت کا باب؛ جانے دے
۲۱ نقش دل پر ایک تصویرِ خالی رِہ گئی — گود ماں کی بھر کے پھر خالی کی خالی رِہ گئی
۲۲ نازاں ہے اس پہ جس کو فصاحت عطاء ہوئی — جادوبیاں کو اپنی طلاقت پہ ناز ہے

## کلامِ طاہر

۲۳ نبیوں نے سجائی تھی جو بزمِ مہ و اَنجم — واللہ اُسی کی تھی سب انجمن آرائی
۲۴ نرگس کی آنکھ نَم ہے؛ تو لالے کا داغ اُداس — غنچے کا دل حزیں ہے؛ تو سوسن اُداس ہے
۲۵ نیچ ہے تُجھ سے مُنقطِع ہر ذات — جس کا تُو ہو؛ اُسی کی ذات بنے
۲۶ نہ وہ تم بدلے، نہ ہم؛ طور ہمارے ہیں وہی — فاصلے بڑھ گئے؛ پر قُرب تو سارے ہیں وہی
۲۷ ناداری میں ناداروں کے رَکھوالے تھے کچھ لوگ — بخشش کے بھکاری؛ گنہگاروں کے سہارے
۲۸ نیچا رِہ کے عُمر ہنڈائی؛ سب داسیوَک سب دا پائی — ذات اُچّی سی، کَم وَڈّے؛ پَر نِت بیندا سی تھلّے
۲۹ نیچا رِہ کے؛ اندر اندر، اُچّا یار کمایا — باروں دَڑ وَٹ رکھی؛ جیویں کُکھ نہ ہووے پلّے
۳۰ نالے بَین کریں اورندیاں منہ سے جھاگ اُڑائے — اپناسر پتھروں پر پٹکیں؛ سینے کو بپھرائے
۳۱ نذرِ راوی کی تھی مَیں نے کتنے ارمانوں کے ساتھ — ناؤ لیکن کاغذی تھی؛ غرقِ راوی ہوگئی

۳۲ نور کی شاہراہوں سے آگے بڑھو؛ خوں بڑھے میرا، تم جو ترقی کرو؛
سال کے فاصلے، لمحوں میں طے کرو قـــرّۃالـــعیـــن ہو؛ سارِباں کیلئے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۳۳ نہ یُوں حملہ کریں اِسلام پر لوگ ہمارے مُنہ میں بھی آخر زباں ہے
۳۴ نہ زوروظُلم کے خُوگر ہوں یارَبّ نہ عادت ہم میں ہو جَوروجفا کی
۳۵ نگاہِ مہر سالوں کی خصومت کو بھُلاتی ہے خوشی کی اِک گھڑی برسوں کی کُلفت کو مِٹاتی ہے
۳۶ نہ اپنی ہی خبر رہتی ہے؛ نے یادِاَعزّہ ہی جب اس کی یادآتی ہے؛ تو پھرسب کچھ بھُلاتی ہے
۳۷ نخلِ اِسلام پہ رکھا ہے مُخالف نے تبَر واغیاثاہ کہ ساعت یہ بڑی بھاری ہے
۳۸ نہ رہتی آرزو دِل میں کوئی جُز دِیدِ جاناناں کبھی پوری اِلٰھی یہ ہماری آرزو ہوتی
۳۹ نہ بنتے تم جو بیگانے؛ تو پھر پَردہ ہی کیوں ہوتا شبیہہِ یار آکر خودبخود ہی رُوبرُو ہوتی
۴۰ نفس کی قید میں ہوں؛ مجھ کو چھُڑالے پیارے! غرق ہوں بحرِ معاصی میں؛ بچالے پیارے!
۴۱ نام کی طرح مِرے کام بھی کردے محمود مجھ کو ہرقِسم کے عیبوں سے بچالے پیارے!
۴۲ نفس طامع بھی کبھی دیکھتا ہے رُوئے نجات فتح ہوتے ہیں کبھی مُلک بھی کف گیروں سے
۴۳ نیک وبَد کا نہیں مجھ کو کچھ ہوش سَر میں ہَردَم خُمار رہتا ہے
۴۴ نہیں دِل اپنے سینوں میں دھرے ہیں بلکہ اَنگارے پھُنکے جاتے ہیں سَر سے پاؤں تک ہم ہجر کے مارے
۴۵ نظر تھی جس پہ رحم کی؛ جو خوشہ چینِ فضل تھا دِلی غُلامِ جان نثار آپ کا وہی تو ہے
۴۶ نہیں ہے میرے قلب پہ کوئی نئی تجلّیاں حِرا میں تھا جو جلوہ گر؛ میراخُدا وہی تو ہے
۴۷ نہیں ہے جس کے ہاتھ میں کوئی شے؛ وہی تو ہوں جو ہے قدیرِ خیروشَر؛ میراخُدا وہی تو ہے
۴۸ نِکل جائے مِری جاں خواہ تَن سے نہ دِل سے پَر مِرے؛ ایمان نکلے
۴۹ نکلتی ہے مِری جاں؛ تو نکل جائے نہ دِل سے پَر ترِاپیکان نکلے
۵۰ نہ پایا دُوسراتجھ سا کوئی بھی زمین وآسماں سب چھان نکلے
۵۱ نہ کی ہم نے کمی کچھ مانگنے میں مگر وہ بخششوں کی کان نِکلے

۵۲ نویدِ راحت اَفزا آ رہی ہے — بشارت ساتھ اپنے لا رہی ہے

۵۳ نغمہ سُن سُن کے اُس کے؛ سب خوش تھے — وہ مگر دِل فِگار بیٹھی تھی

۵۴ نِگاہِ لُطف میری جُستُجو میں بڑھتی آتی ہے — ہوں وہ میخوار؛ جس کے پاس خُود میخانہ آتا ہے

۵۵ نہیں اُس کو حاجت کوئی بیویوں کی — ضرورت نہیں اُس کو کچھ ساتھیوں کی

۵۶ نِگاہوں نے تِری مجھ پر کیا ایسا فَسوں ساقی — کہ دِل میں جوشِ وَحشت ہے تو سَر میں ہے جُنُوں ساقی

۵۷ نہ صُورت اَمن کی مسجد میں پیدا ہے؛ نہ مَندِر میں — زمانہ میں یہ کیسا ہو رہا ہے کُشت وخُوں ساقی

۵۸ ناز سے، غمزہ سے؛ عَشوَہ سے، فُسوں سازی سے — لے گئے دِل کو اُڑا کر مِرے؛ کِن گھاتوں سے

۵۹ نِکلے گی وَصل کی کوئی صُورت کبھی ضرور — چاہت تجھے مِری ہے؛ تو چاہت مجھے تِری

۶۰ نہ واپس آیا دِل اُس دَر پہ جا کے — وہیں بیٹھا رہا دُھونی رَما کے

۶۱ نظر نہ آئے وہ تُجھ کو؛ یہ کیسے مُمکن ہے — حِجاب آنکھوں کے آگے سے؛ تُو ہَٹا تو سہی

۶۲ نِکلتے ہیں کہ نہیں رُوح میں پَرِ پَرواز — تُو اپنی جان کو اس شمع میں جَلا تو سہی

۶۳ نُسخۂ وَصلِ خُدا ہے بس مِری دُکان پر — ہرجگہ پر دیکھ لیجے گا؛ کہیں سے پُوچھیئے

۶۴ نبوت سے منکر؛ وِراثت کا دعویٰ — ذرا دیکھنا مولوی کی ڈھٹائی

۶۵ نام تیرا کر رہے ہیں ساری دُنیا میں بُلند — جاں ہتھیلی پر دَھرے؛ سَر پر کَفن باندھے ہوئے

۶۶ نہ بھُول اے اِبنِ آدمؑ! اپنے دادا کی حِکایت کو — نکالا تھا اُسے اِبلیسؔ نے؛ دھوکا سے، جنّت سے

۶۷ نِگاہِ کافِر زمیں سے نیچے؛ — وہ قَعرِ دوزخ میں جَل رہا ہے؛
نِگاہِ موءمن فَلَک سے اُوپر — یہ اپنے مولیٰ سے جا مِلا ہے

۶۸ نِکال دے مِرے دل سے خیال غیروں کا — محبت اپنی؛ مِرے دِل میں ڈال دے پیارے!

۶۹ نہ آئیں اُس کے بُلانے پہ وہ؛ ہے نامُمکن — جو شخص عِشق کی راہوں میں دِل گُداز کرے

۷۰ نہیں جُز دُعائے یُونُسؑ کے رہا کوئی بھی چارہ — کہ غم واَلَم کی مچھلی مجھے اَب نِگل رہی ہے

۷۱ نماز چھُوٹے؛ تو چھُٹ جائے، کچھ نہیں پَروا — مگر حرام کی روٹی مُدام کھاتا ہے

۷۲ نہ مئے رہے، نہ رہے خُم؛ نہ یہ سبو باقی — بس ایک دِل میں رہے تیری آرزو باقی

۷۳ نہ پھولو دوستو! دُنیائے دُوں پر — کہ اس کی دوستی میں بھی زیاں ہے

۷۴ نہیں دنیا میں جس کا جوڑ کوئی — ہمارا پیشوا؛ وہ پہلواں ہے

۷۵ نہ باقی رہے شِرک کا نام تک بھی — خدا سے یہ؛ محمود! میری دُعا ہے

۷۶ نِگاہ جن کی زمین پر تھی؛ نہ آسماں کی جنھیں خبر تھی — خدا سے اُن کو بھی جا مِلایا؛ دِکھائی ایسی رَہِ ھُدیٰ ہے

نہیں ہے کچھ دِیں سے کام ان کا؛ — ہے سخت گندہ کلام ان کا؛

۷۷ یونہی مسلماں ہے نام ان کا — ہر ایک کام ان کا فِتنہ زا ہے

۷۸ نہ دِل میں خوفِ خدا رہے گا؛ نہ دِین کا کوئی نام لے گا — فلک پہ ایمان جا چڑھے گا؛ یہی اَزَل سے لِکھا ہوا ہے

نہیں ہے محمود فِکر اس کا؛ — سُخن کہ جو دِل سے ہے نکلتا؛

۷۹ کہ یہ اثر کِس قدر کرے گا — وہ دِل میں ہی جا کے بیٹھتا ہے

۸۰ نہیں دنیا کی خواہش ہم کو ہرگز — فِدا دِیں پر ہی اپنا مال وجاں ہے

۸۱ نہیں اسلام کو کچھ خوف محمود — کہ اِس گُلشن کا احمدؑ باغباں ہے

۸۲ نہیں لگتے کبھی کیکر کو انگور — نہ حنظل میں کبھی خُرما لگا ہے

۸۳ نہیں کچھ اس کے احسانوں کا بدلہ — کسی نے جان بھی دے دی؛ تو کیا ہے

# 'و' سے 'ی'

## ('و' سے شروع ہو کر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 90 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 36 |
| ii | دُرِّ عدن | 6 |
| iii | کلامِ طاہر | 14 |
| iv | کلامِ محمود | 34 |

# دُرِّ ثمین

۱ وہ رَہ؛ جو ذاتِ عزّوجل کو دکھاتی ہے     وہ رَہ؛ جو دل کو پاک و مطہر بناتی ہے

۲ وہ آج شاہِ دِیں ہے؛ وہ تاجِ مرسلیں ہے     وہ طیب و اَمیں ہے؛ اس کی ثناء یہی ہے

۳ وہ نہیں باہر رہا اَموات سے     ہوگیا ثابت؛ یہ تیس آیات سے

۴ وہ بنتی ہے ہوا، اور ہر خَسِ رَہ کو اُڑاتی ہے     وہ ہوجاتی ہے آگ؛ اور ہر مخالف کو جلاتی ہے

۵ وہ ہوجاتے ہیں سارے دِلدار کے     نہیں اُن کا کوئی؛ بجز یار کے

۶ وہ رودیتا کہہ کر؛ کہ سب خیر ہے     مگر دل میں اِک خواہش سیر ہے

۷ وہ ناداں؛ جو کہتا ہے دَر بند ہے     نہ الہام ہے؛ اور نہ پیوند ہے

۸ وہ انکار کرتے ہیں الہام سے     کہ ممکن نہیں خاص اور عام سے

۹ وہ کہتے ہیں؛ یہ کوچہ مسدُود ہے     تلاش اِس کی عارف کو بے سُود ہے

۱۰ وہ غافل ہیں رحماں کے اُس داب سے     کہ رکھتا ہے وہ اپنے احباب سے

۱۱ وہ لکھا ہے خود پاک کرتار نے     **اُسی حیی و قیوم و غفّار نے**

۱۲ واللہ خوشی سے بہتر؛ غم سے تیرے گذرنا     **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**

۱۳ وہ دے مجھ کو؛ جو اس دل میں بھرا ہے     زباں چلتی نہیں؛ شرم و حیا ہے

۱۴ وہ ہوں میری طرح دِیں کے منادی     **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۵ وہ ہو آوارۂ ہر دَشت ووادی     **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۶ وہ دیکھے نیستی؛ رحمت دکھاوے     خودی اور خودرَوی کب اس کو بھاوے

۱۷ وہی مئے اُن کو ساقی نے پلادی     **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**

۱۸ وہ نام و نمود؛ وہ دولت نہیں رہی     وہ عزمِ مقبلانہ؛ وہ ہمّت نہیں رہی

۱۹ وہ عِلم، وہ صلاح؛ وہ عِفّت نہیں رہی     وہ نور؛ اور وہ چاند سی طلعت نہیں رہی

۲۰ وہ دَرد، وہ گداز، وہ رِقّت نہیں رہی     خَلقِ خدا پہ شفقت و رحمت نہیں رہی

۲۱ وہ علم و معرفت؛ وہ فراست نہیں رہی     وہ فکر، وہ قیاس؛ وہ حکمت نہیں رہی

۲۲ وہ اُنس و شوق و وَجد؛ وہ طاعت نہیں رہی
ظلمت کی کچھ بھی حدّ ونہایت نہیں رہی

۲۳ وہ جو ماہِ فروری میں تم نے دیکھا زلزلہ
تم یقیں سمجھو؛ کہ وہ اِک زجر سمجھانے کو ہے

۲۴ وہ نشاں؛ جس کی روشنی سے جہاں
ہوکے بیدار؛ ہو گیا لرزاں

۲۵ وہ دِلستاں نہاں ہے؛ کس رَہ سے اُس کو دیکھیں
ان مشکلوں کا یارو! مشکل کشا یہی ہے

۲۶ ویدوں کا سب خلاصہ؛ ہم نے نیوگ پایا
ان پُستکوں کی رُو سے؛ کارَج بھلا یہی ہے

۲۷ ویدوں کو شرم کرکے تم نے بہت چھپایا
آخر کو رازبستہ اُس کا کھُلا یہی ہے

۲۸ وہ دن گئے؛ کہ راتیں کٹتی تھیں کرکے باتیں
اب موت کی ہیں گھاتیں؛ غم کی کتھا یہی ہے

۲۹ وہ یارِ لامکانی؛ وہ دلبرِ نہانی
دیکھا ہے ہم نے اُس سے؛ بس رَہ نما یہی ہے

۳۰ وہ دلبرِ یگانہ؛ عِلموں کا ہے خزانہ
باقی ہے سب فسانہ؛ سچ بے خطا یہی ہے

۳۱ وہ ناکامل خدا ہوگا کہاں سے
کہ عاجز ہو بنانے جسم وجاں سے

۳۲ وہ دن بھی ایک دن تمہیں یارو! نصیب ہے
خوش مَت رہو؛ کہ کُوچ کی نوبت قریب ہے

۳۳ وہ رَہ؛ جو یارِگُمشُدہ کو کھینچ لاتی ہے
وہ رَہ؛ جو جامِ پاک یقیں کا پلاتی ہے

۳۴ وہ رَہ؛ جو یارِگُمشُدہ کو ڈھونڈلاتی ہے
وہ رَہ؛ جو جامِ پاک یقیں کا پلاتی ہے

۳۵ وہ رَہ؛ جو اس کے ہونے پہ مُحکم دلیل ہے
وہ رَہ؛ جو اُس کے پانے کی کامل سبیل ہے

۳۶ وہ اِک زباں ہے عُضو نہانی ہے دوسرا
یہ ہے؛ حدیثِ سیّدنا سیّدالوریٰ

## دُرِّ عدن

۳۷ ودیعت کرکے انعام محبت
محبت سے جو اپنی کھینچتا ہے

۳۸ وہ سچا اور سچے عہدوالا
جو منہ سے کہہ چکا؛ وہ کررہا ہے

۳۹ وہ لڑے تیرے لئے؛ اور تُو آزاد رہے
خوب نکتہ ہے یہ اللہ کرے یاد رہے

۴۰ وہ محبوب تیرا؛ ہماراخلیفہ
بہت دن سے بیمار ہے؛ اب شِفا دے

۴۱ وہ رحمتِ عالم آتا ہے؛ تیرا حامی ہوجاتا ہے
تُو بھی انساں کہلاتی ہے سب حق تیرے دِلواتا ہے؛
اِن ظُلموں سے چھُڑواتا ہے

۴۲ وہ آیا؛ ساتھ لے کر فضل آیا بَصَد اکرام؛ شاہِ دوجہانی

## ﴿کلامِ طاہر﴾

۴۳ وقت ہے وقتِ مسیحا؛ نہ کسی اور کا وقت — کون ہیں یہ تیری تحریرمِٹانے والے

۴۴ وہی رونا ہے ہجرِ یار میں؛ بس فرق ہے اتنا — کبھی چھُپ چھُپ کے آتا تھا؛ اب آزادانہ آتا ہے

۴۵ وہ نفرت کا طوفان اُٹھا؛ ہر شہر سے اَمن واَمان اُٹھا — جلبِ زَر کا شیطان اُٹھا؛ مفلس کے سہارے ڈوب گئے

۴۶ وہ آنکھ اُٹھی؛ تو مُردے جگا گئی لاکھوں — قیامت ہوگی؛ کہ جو اِس اَدا سے اُٹھی ہے

۴۷ وہی جھرنوں کے مُدھر گیت ہیں؛ مَدہوش شجر — نیلگو رُود کے؛ گُل پوش کنارے ہیں وہی

۴۸ وہ ناؤ؛ خدا بنتا ہے خود، جس کا کھِوَیّا — پاگل ہے؛ کہ ڈھونڈے وہ کناروں کے سہارے

۴۹ وہ آخری اَیّام؛ وہ بہتے ہوئے خاموش — حَرفوں کے بدن اَشکوں کے دھاروں کے سہارے

۵۰ وہ ہاتھ جھٹکتے ہوئے؛ کہنا دَمِ رُخصت — مَیں نے نہیں جینا نِگہداروں کے سہارے

۵۱ وہ جن کو نہ راس آئے طبیبوں کے دِلاسے — شاید! کہ بہل جائیں؛ نگاروں کے سہارے

۵۲ وَڈیاں سوچاں نیک عمل؛ تے عالی شان اِرادے — گَل وِچ پائی پھِردا سادے، ماڑے موٹے ٹلّے

۵۳ وہ مولیٰ سے ملواتا ہے؛ جب نام اس کا مَیں لیتا ہوں — اِک بحرِ نور کی موجوں پر اِک نور کی کشتی کھیتا ہوں
اے جَگ والو! سُن لو؛ مِرے مُرشد کا نام محمدؐ ہے

۵۴ وہ پاک محمدؐ ہے؛ ہم سب کا حبیب آقا — اَنوارِرسالت ہیں؛ جس کی چمن آرائی

۵۵ وہی جلسے، وہی رونق؛ وہی بزم آرائی — ایک تم ہی نہیں؛ مہمان تو سارے، ہیں وہی

۵۶ وہ جوان بَرق پا ہے؛ وہ جمیل ودِلرُبا ہے — مِرا نالہ اُس کے قدموں کے غبار تک تو پہنچے

## ﴿کلامِ محمود﴾

۵۷ وہی ہے راحت وآرام دِل کا — اُسی سے رُوح کو ہے شادمانی

۵۸ وہی ہے چارۂ آلامِ ظاہر — وہی تسکیں دِہِ دَردِ نہانی

۵۹ واں تھے یہ وعدے خُوب تَر — یاں حالتِ اِدبار ہے

۶۰ وہ گاؤں گا تِری تعریف میں ترانۂ حمد — رہے گا سازہی باقی؛ نہ پھر گلو باقی

۶۱ وہ کیسا سَر ہے؛ جو جُھکتا ہے آگے ہر کِہ ومِہ کے
وہ کیسی آنکھ ہے؛ جو ہرجگہ دریا بہاتی ہے

۶۲ وَفا! تجھ سے مِری شُہرت نہیں؛ بَرعکس ہے قِصّہ
تِری ہَستی، تو مجھ سے ہے؛ نہ مَیں ہوتا، نہ تُو ہوتی

۶۳ وَحشَتِ عارضی ہے؛ ورنہ حُضُور
کہیں بندہ فرار رہتا ہے

۶۴ وہ پیڑ ہورہے تھے جو مُدّت سے چُوبِ خُشک
پڑتے ہی ایک چھینٹا؛ دُلہن سے نِکھر گئے

۶۵ وہ خوش قِسمت ہیں جو گِر پڑ کے اُس مجلس میں جا پہنچے
کبھی پائیوں پہ سر رکھا؛ کبھی دامن سے جا لپٹے

۶۶ وہ لَبِ سُرخ ہیں گویائی پہ آمادہ پھر
سخت اَرزاں مَئے گُلفام ہوئی جاتی ہے

۶۷ وہ مِرا ہے تا اَبَد؛ مَیں ہوں اُس کا اَزَاَزَل
مجھ کو کیا حُور وجِناں سے؛ وہ مِرا مقصود ہے

۶۸ وہ زِندہ ہے؛ اور زندگی بخشتا ہے
وہ قائم ہے؛ ہرایک کا آسرا ہے

۶۹ وہ دِل مجھے عطا کر؛ جو ہو نِثارِ جاناں
جو ہو فِدائے دِلبر؛ وہ جان مجھ کو دے دے

۷۰ وہ یار کیا؛ جو یار کو دِل سے اُتار دے
وہ دِل ہی کیا؛ جو خوف سے میدان ہار دے

۷۱ وہ سیم تَن جو خواب میں ہی مجھ کو پیار دے
دِل کیا ہے؛ بندہ جان کی بازی بھی ہار دے

۷۲ وَحشت سے پھٹ رہا ہے مِرا سَر مِرے خُدا!
اِس بے قرارِ دِل کو ذرا تو قرار دے

۷۳ وہ کیا صُورت ہے؛ جِس سے مَیں نِگاہِ لُطف کو پاؤں
چھُوؤں دامن کو تیرے یا ترے پاؤں پڑوں ساقی

۷۴ وہ مَہ رُخ آگیا خود پاس میرے
لگائے چاند مجھ کو بے بَسی نے

۷۵ وہ آنکھیں؛ جو ہوئیں اُلفت میں بے نُور
بنیں وہ اُس کی اُلفت کے نگینے

۷۶ وہی ہیں غوطہ خورِ بحرِ ہستی
دُرَر سے ہیں بھرے جن کے سفینے

۷۷ وہ کریں بے وَفائی! اے توبہ
آپ کے ہی خیال ہیں ایسے

۷۸ وہ مُنہ چھُپائے ہوئے مجھ سے ہَم کَلام ہوئے
وِصال گو نہ ہوا؛ خیر کچھ ہوا تو سہی

۷۹ وہ آپ خود چلے آئیں گے تیری مجلس میں
خُودی کے نَقش ذرا دِل سے تُو مِٹا تو سہی

۸۰ وہ کہاں، اور ہم کہاں؛ پَر رحم آڑے آگیا
رِہ گئی عِزّت ہمارے نالۂ دِلگیر کی

۸۱ وہ زِشت رُو؛ کہ جِس سے چڑیلیں بھی خوف کھائیں
اُس کو بھی دیکھئے؛ کہ تمنّائے حُور ہے

وہ شمسِ دُنیائے مَعرِفت؛ خُدا کے بندوں کی غفلتوں سے؛
۸۲ جو چمک رہا تھا کبھی فلک پر وہ دَلدَلوں میں پھنسا ہوا ہے
۸۳ وہ عِلم دے؛ جو کِتابوں سے بے نِیاز کرے وہ عَقل دے؛ کہ دوعالَم میں سَرفراز کرے
۸۴ وہ بھردے جوشِ جُنُوں میرے سَر میں اے مَولیٰ! جو آگے بڑھ کے دَرِوَصل پھر سے باز کرے
۸۵ وہ دن؛ کہ جب آئے گی مصیبت آنکھوں میں ہماری گھومتا ہے
۸۶ ورنہ ابھی غافلو! تمہارے آئے گا وہ آگے؛ جو کیا ہے
۸۷ وہ مطلعِ آبدار لکھوں؛ کہ جس سے حسّاد کا ہو دل خوں حروف کی جا گہر پروؤں؛ کہ مجھ کو کرنا یہی رَوا ہے
۸۸ وہ اسلام؛ دنیا کا تھا جو محافظ وہ خود آج محتاج؛ امداد کا ہے
۸۹ وہ جا جہاں پہ ہوتی تھی ہرروز لُوٹ مار ہرطرح اس جگہ پہ اَب اَمن واَمان ہے
۹۰ وہ تو بے پردہ ہے؛ پر آنکھیں ہیں بند کام آساں ہے؛ مگر دُشوار ہے

# 'ہ' سے 'ی'

## ('ہ' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | تعداد کُل اشعار | 135 |
|---|---|---|
| i | دُرِّ ثمین | 30 |
| ii | دُرِّ عدن | 16 |
| iii | کلامِ طاہر | 23 |
| iv | کلامِ محمود | 66 |

# ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ ہرطرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے    کوئی دِیں؛ دینِ محمدؐ سا نہ پایا ہم نے
۲ ہم نے اسلام کو خود تجربہ کرکے دیکھا    نور ہے نور اُٹھو دیکھو! سنایا ہم نے
۳ ہم ہوئے خیرِ اُمم تجھ سے ہی اے خیرِ رُسلؐ    تیرے بڑھنے سے؛ قدم آگے بڑھایا ہم نے
۴ ہمیں اُس یار سے تقویٰ عطا ہے    نہ یہ ہم سے؛ کہ احسانِ خدا ہے
۵ ہر اِک نیکی کی جڑ؛ یہ اِتّقا ہے    اگر یہ جڑ رہی؛ سب کچھ رہا ہے
۶ ہم تیرے دَر پہ آئے؛ لے کر اُمیّد بھاری    **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**
۷ ہرغم سے دُور رکھنا؛ تُو رَبِّ عالمیں ہے    **یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی**
۸ ہوا ظاہر وہ مجھ پر بِالاَیَادِی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۹ ہمیں یہ رَہ خدا نے خود دِکھادی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۱۰ ہوا مجھ پر وہ ظاہر میراہادی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۱۱ ہوا مَیں تیرے فضلوں کا منادی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۱۲ ہوا انجام سب کا نامُرادی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۱۳ ہر اِک بگڑی ہوئی؛ تُو نے بنادی    **فسبحان الّذی اخزی الاعادی**
۱۴ ہر اِک بَدخواہ؛ اب کیوں رُوسیہ ہے    کہ وہ مثلِ خسوفِ مہرومہ ہے
۱۵ ہرچیز میں خدا کی ضیاء کا ظہور ہے    پر پھر بھی غافلوں سے وہ دِلدار دُور ہے
۱۶ ہر اِک آزار سے مجھ کو شِفا دی    مرض گھٹتا گیا؛ جُوں جُوں دَوا دی
۱۷ ہروَقت جھوٹ؛ سچ کی تو عادت نہیں رہی    نورِ خدا کی کچھ بھی علامت نہیں رہی
۱۸ ہے سرِرَہ پر کھڑا نیکوں کی وہ مولیٰ کریم    نیک کو کچھ غم نہیں ہے؛ گو بڑا گرداب ہے
۱۹ ہاتھ سے جاتا ہے دل؛ دِیں کی مصیبت دیکھ کر    پر خدا کا ہاتھ اب اس دل کو ٹھہرانے کو ہے
۲۰ ہنؔدو کچھ ایسے بگڑے؛ دل پُر ہیں بُغض و کیں سے    ہر بات میں ہے توہیں؛ طرزِ اَدا یہی ہے
۲۱ ہم بَد نہیں ہیں کہتے؛ ان کے مقدّسوں کو    تعلیم میں ہماری؛ حکمِ خدا یہی ہے

۲۲ ہم کو نہیں سکھاتا وہ پاک، بدزبانی
تقویٰ کی جڑھ یہی ہے؛ صِدق وصفا یہی ہے

۲۳ ہم نے نہیں بنائیں؛ یہ اپنے دل سے باتیں
ویدوں سے اے عزیزو! ہم کو مِلا یہی ہے

۲۴ ہم نے ہے جس کو مانا؛ قادر ہے وہ توانا
اس نے ہے کچھ دِکھانا؛ اس سے رجا یہی ہے

۲۵ ہم مر چکے ہیں غم سے؛ کیا پوچھتے ہو ہم سے
اس یار کی نظر میں؛ شرطِ وَفا یہی ہے

۲۶ ہر جا زمیں کے کیڑے؛ دِیں کے ہوئے ہیں دشمن
اسلام پر خدا سے؛ آج اِبتلا یہی ہے

۲۷ ہم تھے دِلوں کے اندھے سوسو دِلوں میں پھندے
پھر کھولے جس نے جندرے؛ وہ مجتبیٰ یہی ہے

۲۸ ہم خاک میں ملے ہیں؛ شاید! ملے وہ دِلبر
جیتا ہوں اِس ہَوَس سے؛ میری غذا یہی ہے

۲۹ ہم نے نہ عہد پالا؛ یاری میں رخنہ ڈالا
پر تُو ہے فضل والا؛ ہم پر کھُلا یہی ہے

۳۰ ہمارا کام تھا وَعظ و منادی
سو ہم سب کر چکے واللہ ہادی

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳۱ ہیں مال مست اَمیر؛ تو ہم کھال مست ہیں
اس رنگ میں غریب کو غربت پہ ناز ہے

۳۲ ہم نے ہر فضل کے پردے میں؛ اسی کو پایا
وہی جلوہ؛ ہمیں مستور نظر آتا ہے

۳۳ ہو کے اندھے پڑے بھٹکتے تھے
ہم کو بینا بنادیا تُو نے

۳۴ ہر گام پہ پاؤں پھسلتے ہیں آفات کے جھکڑ چلتے ہیں
جب صبر کا دامن ہاتھوں سے رِہ رِہ کر چھُوٹا جاتا ہے

۳۵ ہزاروں رحمتوں کے زیرِ سایہ
دعاؤں کے لئے بھاری خزانے

۳۶ ہمارے گھر کی زینت جا رہی ہے
بساطِ گلشنِ جنّت سجانے

۳۷ ہر آن تِرا حکم تو چل سکتا ہے مولیٰ
وقت آ بھی گیا ہو؛ تو وہ ٹَل سکتا ہے مولیٰ

۳۸ ہر دَم لگی ہوئی ہے سرِراہ پر نظر
آخر ہماری آنکھوں کے تارے کب آئیں گے

۳۹ ہماری جان فدا سیّدالوراء کیلئے
سبھی نثار ہیں اس شاہِ دوسرا کیلئے

۴۰ ہاں! یاد رہے خالد؛ یہ شان ہے مومن کی
مایوس نہیں ہوتا اللہ کی رحمت سے

۴۱ ہمت نہ کبھی ہارو؛ مایوس نہ ہو ہرگز
بڑھ کر، نہ ہٹو پیچھے؛ اُکتاؤ نہ محنت سے

۴۲ ہم تو دل دے کے جان سے اپنی
کوئے جاناں میں ہاتھ دھو آئے

۴۳ ہو نذرِ جاں قبول؛ تو مشہد قریب ہے　　بڑھتے چلو؛ کہ منزلِ مقصد قریب ہے

۴۴ ہمیں داغِ جدائی آج دے کر　　ہوا حاضر حضورِ یارِ جانی

۴۵ ہم مر چکیں گے جب ہمیں صورت دِکھاؤ گے؟　　کِس کام آؤ گے؟ جو نہ اس وقت آؤ گے

۴۶ ہرگز کرے نہ کام کوئی؛ نام کیلئے　　ہو مال خرچ دِین کے اکرام کیلئے

## ﴾کلامِ طاھر﴿

۴۷ ہمّت کِس کو تھی کہ اُٹھتا؛ کِس کا دل گردہ تھا نکلتا　　کِس کا پِتّا تھا کہ اُٹھ کر؛ مردِ حق کے مُقابل آئے

۴۸ ہر موج خونِ گل کا گریباں ہے چاک چاک　　پر گُل بدن کا پیَرہنِ تَن اُداس ہے

ہر تصور سے تصویر اُبھرنے لگی؛　　ذکر اتنا حسیں تھا، کہ ہر لفظ نے
۴۹ نام بَن کر زباں پر اُترنے لگی　　فرطِ اُلفت سے بوسے زباں کے لئے

ہے ترے پاس کیا، گالیوں کے سِوا؛　　کل چلی تھی جو لیکھو پہ تیغِ دعا؛
۵۰ ساتھ میرے ہے تائیدِ ربّ الوریٰ　　آج بھی اِذن ہوگا، تو چل جائے گی

۵۱ ہو اجازت؛ تو ترے پاؤں پہ سر رکھ کے کہوں　　کیا ہوئے دِن تیری غیرت کے دِکھانے والے

۵۲ ہم نہ ہوں گے، تو ہمیں کیا؟ کوئی کل کیا دیکھے　　آج دِکھلا؛ جو دِکھانا ہے، دِکھانے والے

۵۳ ہم نے تو صبر و توکّل سے گزاری باری　　ہاں! مگر تم پہ بہت ہوگی یہ بھاری باری

۵۴ ہیں کتنے ہی پابندِ سَلاسِل وہ گنہگار　　نکلے تھے جو سینوں پہ ترا نام سَجا کے

۵۵ ہر مکر اُنہی پر اُلٹے گا؛ ہر بات مُخالف جائے گی　　بالآخر میرے مَولا کی تقدیر ہی غالب آئے گی

۵۶ ہوئی میزانِ ہفتہ کب آغاز؟　　کیسے دِن رات؛ سات سات بنے؟

۵۷ ہم آن ملیں گے متوالو! بس دیر ہے کل یا پرسوں کی　　تم دیکھو گے تو؛
آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی دِید کے ترسوں کی

ہم آمنے سامنے بیٹھیں گے؛　　آنکھیں ساوَن برسائیں گی؛
۵۸ تو فرطِ طَرَب سے دونوں کی　　اور پیاس بُجھے گی برسوں کی

۵۹ ہر لمحۂ فراق ہے عمر درازِ غم　　گُزرا نہ چین سے کوئی پَل؛ آپ کیلئے

٦٠ ہم جیسوں کے بھی دِید کے سامان ہوگئے
ظاہر ہوا تھا حُسنِ اَزَل؛ آپ کیلئے

٦١ ہماری خاکِ پا کو بھی؛ عدُو کیا خاک پائے گا
ہمیں رُکنا نہیں آتا؛ اُسے چلنا نہ آتا ہے

٦٢ ہرروز نئے فکر ہیں؛ ہرشب ہیں نئے غم
یارب! یہ میرادِل ہے؛ کہ مہمان سَرا ہے

٦٣ ہیں کِس کے بدن دیس میں پابندِ سَلاسِل
پَردیس میں اِک رُوح؛ گرفتارِ بَلا ہے

٦٤ ہزارخاک سے آدم اُٹھے؛ مگر بخدا
شبیہہ وہ! جو تِری خاکِ پا سے اُٹھی ہے

٦٥ ہے عوام کے گناہوں کا بھی بوجھ اس پہ بھاری
یہ خبر کسی طریقے سے؛ حِمارتک تو پہنچے

٦٦ ہے حُسن کے ضَوغم کے شراروں کے سہارے
اِک چاند مُعلّق ہے؛ ستاروں کے سہارے

٦٧ ہرستم گر کو ہو اے کاش! یہ عرفان نصیب
ظلم جس پر بھی ہو؛ ہردِین کی رُسوائی ہے

٦٨ ہیں لوگ وہ بھی چاہتے ہیں دولتِ جہاں ملے
زمیں ملے، مکاں ملے؛ سکونِ قلب وجاں ملے

٦٩ ہے زندہ قوم وہ؛ نہ جس میں ضُعف کا نشاں ملے
کہ پیرپیر، طِفل طِفل؛ جس کا نوجواں ملے

## کلامِ محمود

٧٠ ہاں ہاں! نگاہِ رحم ذرا، اِس طرف بھی ہو
بحرِ گُنہ میں ڈوب رہا ہوں؛ بچا مجھے

٧١ ہرطرف شوروفغاں کی ہی صَدا آتی تھی
سخت سے سخت دِلوں کو بھی جو تڑپاتی تھی

٧٢ ہند کی ڈوبی ہوئی کشتی؛ ترائی اُس نے
ملک کی بگڑی ہوئی بات بنائی اُس نے

٧٣ ہند میں ریل اُنھوں نے ہی تو جاری کی ہے
آمدورَفت میں جس سے بہت آسانی ہے

٧٤ ہمیشہ کیلئے ان پر ہوں یارب! بَرکتیں تیری
دُعا کرتا ہوں یہ تُجھ سے خدایا! سُن دُعامیری

٧٥ ہمیں ہے اسی وَقت ہادی کی حاجت
یہی وَقت اِک رہنما چاہتا ہے

٧٦ ہراِک دُشمنِ دِیں کو ہے وہ بُلاتا
کہ آؤ! اگر تم میں کچھ بھی حیا ہے

٧٧ ہراِک مخالف کے زورطاقت کوتوڑنے کا یہی ہے حربہ
یہی ہے تلوار؛ جس سے ہرایک دِیں کا بدخواہ کانپتا ہے

٧٨ ہے چاند سورج نے دی گواہی؛ بچائے ایسے سے پھر خُدا ہی؛
پڑی ہے طاعون کی تباہی جو اَب بھی اِنکار کر رہا ہے

٧٩ ہِندوستاں میں ایسا کیا ہے اُنہوں نے عَدل
ہرشورہ پُشت جس سے ہُوا نیم جان ہے

٨٠ ہِندوستاں میں چاروں طرف ریل جاری کی
ان کا ہی کام ہے یہ؛ یہ اُن کی ہی شان ہے

٨١ ہراِک دُشمن بھی اب رَطب اللّساں ہے
مِرے احمد کی وہ شیریں زباں ہے

٨٢ ہمارے حال پر ہنستی ہے گو قوم
ہمیں پَر اُس پہ رونا آرہا ہے

٨٣ ہوئے ہیں لوگ دُشمن اَمرِ حق کے
اسی کا نام کیا صِدق و صفا ہے

٨٤ ہمارے انبیاء کو گالیاں دو
پھر اس کے ساتھ دعویٰ صلح کا ہے

٨٥ ہماری صلح تم سے ہوگی کیونکر
تمھارے دِل میں جب یہ کچھ بھرا ہے

٨٦ ہوا اُس کے نام پر قُربان سب کچھ
کہ وہ شاہنشہِ ہر دوسرا ہے

٨٧ ہمیں حاصل ہے اس سے دِیدِ جاناں
کہ قُرآں مظہرِ شانِ خُدا ہے

٨٨ ہمارے کام سب تیرے لیئے ہوں
اطاعت ہو غرض ہر مُدّعا کی

٨٩ ہوئی ہے بےسبب کیوں عاشقوں کی جان کی دُشمن
نسیمِ صُبح اُن کے مُنہ سے کیوں آنچل اُٹھاتی ہے

٩٠ ہمارا اِمتحاں لے کر؛ تمھیں کیا فائدہ ہوگا
ہماری جان تو بے اِمتحاں ہی نکلی جاتی ہے

٩١ ہماری خاک تک بھی اُڑ چکی ہے اُس کے رَستہ میں
ہلاکت! تُو بھلا کِس بات سے ہم کو ڈراتی ہے

٩٢ ہے وہ صَیّاد؛ جسے صَید سمجھ بیٹھے ہیں
ان کی عقلوں سے یہ پَردہ تو اُٹھائے کوئی

٩٣ ہم ہیں تیار؛ بتانے کو کمالِ قُرآں
خُوبیاں وِیدؔ کی بھی ہم کو بتائے کوئی

٩٤ ہوئی ہے پارہ پارہ چادرِ تقویٰ مُسلماں کی
ترے ہاتھوں سے ہوسکتی تھی مولیٰ! گر رَفُو ہوتی

٩٥ ہو نہ تجھ کو بھی خوشی دونوں جہانوں میں نصیب
کُوچۂ یار کے رَستہ کے بُھلانے والے

٩٦ ہم تو ہیں صُبح و مسا رَنج اُٹھانے والے
کوئی ہوں گے؛ کہ جو ہیں عیش منانے والے

٩٧ ہجر کی آگ ہی کیا کَم ہے جلانے کو مِرے
غیر سے مِل کر؛ مِرا دِل نہ دُکھائے کوئی

٩٨ ہو کے کنگال جو عاشق ہو رُخِ سُلطاں پر
حوصلے دِل کے وہ پھر کیسے نکالے؛ پیارے!

٩٩ ہم کو اِک گھونٹ ہی دے صدقہ میں میخانہ کے
پی گئے لوگ مئے وَصل کے پیالے؛ پیارے!

١٠٠ ہے دِلِ سوختہ کی بھاپ طبیب
تُو یہ سمجھا بُخار رہتا ہے

١٠١ ہمارے بیکسوں کا آپ کے بِن کون ہے پیارے!
نظر آتے ہیں مارے غم کے؛ اب تو دن کو بھی تارے

۱۰۲ ہے جس کا پھول خوش نُما ہے جس کی چال جاں فزا — میرا چمن وہی تو ہے؛ میری صبا وہی تو ہے

۱۰۳ ہوں اِک عرصہ سے خواہانِ اجازت — مِرے بارے میں بھی فرمان نکلے

۱۰۴ ہوا کیا سَیرِ عالَم کا نتیجہ — پریشاں آئے تھے؛ حیران نکلے

۱۰۵ ہے زمیں پر سَر مِرا؛ لیکن وہی مَسجُود ہے — آنکھ سے اوجھل ہے گو؛ دِل میں وہی موجود ہے

۱۰۶ ہے حیاتِ شمع کا سب ماحصل سوز و گداز — اِک دِلِ پُرخُون ہے یہ اِکتِسابِ زندگی

۱۰۷ ہزاروں حسرتیں جَل کر فنا ہونے کی رکھتا ہے — ہٹا بھی دیں ذرا فانوس؛ اِک پروانہ آتا ہے

۱۰۸ ہم کِس کی محبت میں دوڑے چلے آئے تھے — وہ کون سے رِشتے تھے؛ جو کھینچ کے لائے تھے

۱۰۹ ہم کو تِری رَفاقت حاصل رہے ہمیشہ — ایسا نہ ہو؛ کہ دھوکہ، شیطان مجھ کو دے دے

۱۱۰ ہوجائیں جس سے ڈھیلی؛ سب فلسفہ کی چُولیں — میرے حکیم! ایسا بُرہان مجھ کو دے دے

۱۱۱ ہے سب جہاں سے جنگ سہیڑی تِرے لیے — اَب یہ نہ ہو؛ کہ تُو ہمیں دِل سے اُتار دے

۱۱۲ ہر وقت مَئے عِشق یہاں سے رہے بٹتی — ویرانۂ دِل کو مِرے؛ مَیخانہ بنا دے

۱۱۳ ہوتی نہ اگر روشن وہ شمعِ رُخِ اَنور — کیوں جمع یہاں ہوتے؛ سب دنیا کے پروانے

۱۱۴ ہے ساعتِ سعد آئی؛ اسلام کی جنگوں کی — آغاز تو مَیں کردُوں؛ اَنجام خُدا جانے

۱۱۵ ہے دعوتِ نظر تِری طرزِ حجاب میں — ڈھونڈا کرے کوئی تجھے؛ پایا کرے کوئی

۱۱۶ ہَوا زمانہ کی جب بھی کبھی بِگڑتی ہے — مِری نِگاہ تو بس جا کے تجھ پہ پڑتی ہے

۱۱۷ ہو رُوحِ عِشق تیری؛ مِرے دِل میں جاگُزیں — تصویر میری آنکھ میں آکر بَسے تِری

۱۱۸ ہوش کر دُشمنِ ناداں! یہ تُو کیا کرتا ہے — ساتھ ہے جس کے خُدا؛ اُس پہ جَفا کرتا ہے

۱۱۹ ہے ہر گھڑی کِرامت و ہر لمحہ مُعجِزہ — یہ میری زندگی ہے؛ کہ حق کا ظہور ہے

۱۲۰ ہے زندگی میں دَخل؛ نہ کچھ موت پر ہے زور — تُو چیز کیا ہے؛ ایک سَرِ پُرغُرور ہے

۱۲۱ ہے اَمن کا داروغہ بنایا جنھیں تُو نے — خود کر رہے ہیں فِتنوں کو آنکھوں سے اِشارے

۱۲۲ ہے مُدّت سے شیطان کے ہاتھ آئی — حکومت جہاں کی؛ خُدا کی خُدائی

۱۲۳ ہر اِک چیز اُلٹی نظر آرہی ہے — بھلائی بُرائی؛ بُرائی بھلائی

۱۲۴ ہیں مدح وثنا حِصّہٴ گبر وتَرسا — پہ مُسلِم کی قِسمت میں ہے جگ ہنسائی

۱۲۵ ہے تاروں کی دُنیا؛ بہت دُور ہم سے — ہم ان سے ہیں؛ اور وہ ہیں مہجور ہم سے

۱۲۶ ہم ان سے نگاہیں لڑائیں گے پیہم — وہ باتیں کریں گے سَرِطُور ہم سے

۱۲۷ ہرگام پر فرشتوں کا لشکر ہو ساتھ ساتھ — ہرمُلک میں؛ تمھاری حِفاظت خُدا کرے

۱۲۸ ہوئی طَے آدمؑ وحَوّا کی منزل اُنس وقُربت سے — مگر اِبلیسؔ اَندھا تھا؛ کہ چمٹا حق کی لَعنت سے

۱۲۹ ہے کرنا زیرِ شیطاں کا؛ بہت مشکل، مگر سمجھو — کہ حل ہوتی ہے یہ مشکل؛ دُعاؤں کی اَجابَت سے

۱۳۰ ہجر میں زِیست مجھے موت نظر آتی ہے — کوئی ایسا بھی ہے عاشِق؛ جو جِیا کرتا ہے

۱۳۱ ہیں مجھ میں لاکھوں ہی عَیب؛ — جو بات سچّی ہے کہہ رہا ہوں؛
پھر بھی نِگاہِ دِلبَر پہ چڑھ گیا ہوں — نہ کچھ خِفا ہے، نہ کچھ رِیا ہے

۱۳۲ ہمّت نہ ہار؛ اس کے کرم پر نگاہ رکھ — مایوسیوں کو چھوڑ؛ وہ رَبِّ غفور ہے

۱۳۳ ہائے! اس غفلت میں ہم یاروں سے پیچھے رِہ گئے — یہ بھی کیسا پیار ہے؛ پیاروں سے پیچھے رِہ گئے

۱۳۴ ہیں اسی بحر کے گُہر؛ ہے اُسی حبیب کا یہ نُور — ظالمو! بات ہے وہی؛ لیک زُباں اور ہے

۱۳۵ ہائے! کثرت مِرے گناہوں کی — وائے! کوتاہی میری آہوں کی

# 'ی' سے 'ی'

## ('ی' سے شروع ہوکر 'ی' پر ختم ہونے والے اشعار)

| | | |
|---|---|---|
| | تعداد کُل اشعار | 104 |
| i | دُرِّ ثمین | 36 |
| ii | دُرِّ عدن | 12 |
| iii | کلام طاہر | 23 |
| iv | کلامِ محمود | 33 |

## ﴿دُرِّ ثمین﴾

۱ یہی جنم ساکھی میں مذکور ہے — جو انگد سے اس وقت مشہور ہے
۲ یہ مخفی امانت ہے کرتار کی — یہ تھی اِک کلید؛ اس کے اسرار کی
۳ یہ لکھا تھا اس میں؛ بخطِ جلی — کہ اللہ ہے اِک؛ اور محمدؐ نبی
۴ یہ پانچوں؛ جو کہ نسلِ سیّدہ ہیں — یہی ہیں پنج تن؛ جن پر بِنا ہے
۵ یہی ہے؛ کہ نوروں سے معمور ہے — جو دُور اس سے؛ اس سے خدا دُور ہے
۶ یہ کیسے پڑ گئے دل پر تمھارے؛ جہل کے پردے — خطا کرتے ہو، باز آؤ؛ اگر کچھ خوفِ یزداں ہے
۷ یونہی غفلت کے لحافوں میں پڑے سوتے ہیں — وہ نہیں جاگتے؛ سو بار جگایا ہم نے
۸ یہ دن چڑھا مبارک؛ مقصود جس میں پائے — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۹ یارو! یہ اژدہا ہے؛ جاں کو بچاؤ اس سے — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۱۰ یہ مرجعِ شہاں ہوں؛ یہ ہوویں مہرِ انور — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۱۱ یہ فضل کر؛ کہ ہوویں نیکو گُہر یہ سارے — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۱۲ یہ سب ہے تیرا اِحساں؛ تجھ پر نثار ہو جاں — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۱۳ یہ نور دل کو بخشے؛ دل میں کرے سرایت — یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
۱۴ یہ سب تیرا کرم ہے؛ میرے ہادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۱۵ یہی اُمّید ہے دل نے بتادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۱۶ یہ تیرا فضل ہے؛ اے میرے ہادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۱۷ یہ کیا احساں ہیں تیرے؛ میرے ہادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۱۸ یہ کیا احساں ترے ہیں؛ میرے ہادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۱۹ یہی اُمّید ہے؛ اے میرے ہادی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۲۰ یہ دولت تُو نے مجھ کو؛ اے خدا دی — فسبحان الّذی اخزی الاعادی
۲۱ یہی آئینۂ خالق نما ہے — یہی اِک جوہرِ سیفِ دعا ہے

۲۲ یہ بات کیا ہوئی؛ کہ وہ تم سے الگ رہا — کچھ بھی مدد نہ کی؛ نہ سنی کوئی بھی دعا

۲۳ یا تو اِک عالَم تھا قرباں اُس پہ؛ یا آئے یہ دن — ایک عبدالعبد بھی اس دِیں کے جھٹلانے کو ہے

۲۴ یہ سب نشاں ہیں جن سے دِیں اب تلک ہے تازہ — اے گرنے والو! دوڑو؛ دِیں کا عصا یہی ہے

۲۵ یہ ہے خیال ان کا پربت بنایا تِنکا — پر کیا کہیں؛ جب ان کا فہم وذکا یہی ہے

۲۶ یہ حکم ویدؔ کے ہیں؛ جن کا ہے یہ نمونہ — ویدوںؔ سے آریوںؔ کو حاصل ہوا یہی ہے

۲۷ یوسفؑ تو سُن چکے ہو؛ اِک چاہ میں گِرا تھا — یہ چاہ سے نکالے؛ جس کی صدا یہی ہے

۲۸ یہ کیا عادت ہے؛ کیوں سچی گواہی کو چھپاتا ہے — تِری اِک روز؛ اے گُستاخ! شامت آنیوالی ہے

۲۹ یا یہ کہ اب خدا میں وہ رحمت نہیں رہی — نیت بدل گئی ہے؛ وہ شفقت نہیں رہی

۳۰ یہ ایسے مذہبوں میں کہاں ہے دکھایئے — ورنہ گزاف قِصّوں پہ ہرگز نہ جایئے

۳۱ یہ راہ تنگ ہے؛ پہ یہی ایک راہ ہے — دِلبر کی، مرنے والوں پہ ہردَم نگاہ ہے

۳۲ یہ ویدوںؔ کا دعویٰ سنا ہے ابھی — کہ بعد اُن کے مُلہم نہ ہوگا کبھی

۳۳ یہ چولہؔ؛ کہ قدرت کی تحریر ہے — یہی رَہنما؛ اور یہی پِیر ہے

۳۴ یہ تینوں تیرے بندے؛ رکھیو نہ ان کو گندے — کر اِن سے دُور یارَبّ! دنیا کے سارے دھندے

۳۵ یہی اِک فخرِ شانِ اولیاء ہے — بجز تقویٰ؛ زیادت ان میں کیا ہے

۳۶ یہ میرے رب سے میرے لئے اِک گواہ ہے — یہ میرے صِدقِ دعویٰ پہ مُہرِ اِلٰہ ہے

## ﴿دُرِّ عدن﴾

۳۷ یہ برکت سب اسلام کی ہے تعلیم اُس رحمتِ عام کی ہے — جو نسخۂ تسکیں وہ لایا؛ دل مسلم کا ٹھیراتا ہے

۳۸ یہ خونِ جگر سے پالنے والے؛ تیرا خون بہاتے ہیں — جو نفرت تیری ذات سے تھی فطرت پر غالب آتی تھی

۳۹ یہ راحتِ جاں، نورِنظر؛ تیرے حوالے — یارب! میرے گلشن کا شجر تیرے حوالے

۴۰ یہ شاخ قلم کرتا ہوں؛ پیوند کی خاطر — اتنا تھا میرا کام؛ ثمر تیرے حوالے

۴۱ یہ نازش صدشمس وقمر؛ تیرے حوالے — مولا! میرا نایاب پدر تیرے حوالے

۴۲ یزیدیؔ فعل زبانوں پہ یا علی توبہ — یہ اور تیر چلے؛ آلِ مرتضیٰ کیلئے

۴۳ یہ ممکن نہیں ہے؛ کہ خالی پھرے وہ    ترے دَر پہ بندہ جو کوئی صدا دے

۴۴ یہ میری آہ کا اثر تو نہیں    عرش کے ہِل رہے ہیں کیوں پائے

۴۵ یہی مَدِّنظر تھا ایک مقصد    برائے دِینِ احمد جانفشانی

۴۶ یہ مولا کا اِک خاص احسان ہے    وجود اس کا خود اس کی بُرہان ہے

۴۷ یہ فرمانِ رَبی ہے کیوں؟ اسلئے    کہ اس نے سہے دکھ تمہارے لئے

۴۸ یاربّ! ہمارے شاہ کی بستی اداس ہے    اس تخت گاہ کے راج دُلارے کب آئیں گے

## کلامِ طاہر

۴۹ یہ نہ ہو روتے ہی رِہ جائیں ترے دَر کے فقیر    اور ہنس ہنس کے روانہ ہوں؛ رُلانے والے

یاد آئی جب اُن کی گھٹا کی طرح؛    بجلیاں دِل پہ کڑکیں بَلا کی طرح؛

۵۰ ذکر ان کا چلا نَم ہوا کی طرح    رُت بنی خُوب آہ و فُغاں کیلئے

۵۱ یہ شب وروز و ماہ و سال تمام    کیسے پیمانۂ صِفات بنے؟

یہ عشق و وفا کے کھیت؛    موسم بدلیں گے، رُت آئے گی؛

۵۲ رضا کے خوشوں سے لَد جائیں گے    ساجن پیار کے دَرسوں کی

۵۳ یہ بات نہیں وعدوں کے لمبے لیکھوں کی؛ تم دیکھو گے    ہم آئیں گے جھوٹی نکلے گی؛ لاف خدانا ترسوں کی

۵۴ یہی راہیں؛ کبھی سکھر، کبھی سکرنڈ جاتی ہیں    اِنہی پر پنوں عاقل، وارہ اور لڑکانہ آتا ہے

۵۵ یہ کیا انداز ہیں؛ کیسے چلَن ہیں، کیسی رَسمیں ہیں    اِنہیں تو ہر طریقِ نامسلمانانہ آتا ہے

۵۶ یہ دل نے کِس کو یاد کیا؛ سپنوں میں یہ کون آیا ہے    جس سے سپنے جاگ اٹھے ہیں؛ خوابوں نے نور کمایا ہے

۵۷ یہ کون ستارہ ٹوٹا؛ جس سے سب تارے بےنور ہوئے    کس چندر ما نے ٹوٹ کے اتنے چاندوں کو گہنایا ہے

۵۸ یہ کِس نے مِرے درد کو جینے کی طلب دی    دل کِس کیلئے عمرِ خضر مانگ رہا ہے

۵۹ یہ کائنات؛ اَزَل سے نہ جانے کِتنی بار    خلا میں ڈوب چکی ہے؛ خلا سے اُٹھی ہے

۶۰ یہ خبر ہے گرم یارب! کہ سوار خواہد آمد    کروں نقدِ جاں نچھاور؛ مِرے دار تک تو پہنچے

۶۱ یہ ترے کام ہیں مولا! مجھے دے صبروثبات    ہے وہی راہ کٹھن؛ بوجھ بھی بھارے ہیں وہی

یہ تو میرے دل ہی کا عکس ہے؛ — کو جنون ہے مجھے یہ بنا دے؛
٦٢ مَیں نہیں ہوں پر مِری آرزو — تو پھر جو چاہے قضا کرے
٦٣ یاروں نے اپنے اپنے مقاصد کو جالیا — یاں عقل ودِل بکشمکش اِین وآں رہے
٦٤ یا جوش وذوق وشوق؛ یا کم ہمتی سے ضُعف — سب کچھ ہوا کیا؛ یہ جہاں کے تہاں رہے
٦٥ یہ شجر خزاں رسیدہ؛ مجھے ہے عزیز یارب! — یہ اِک اور وَصلِ تازہ کی بہار تک تو پہنچے
یہ صدائے فقیرانہ حق آشنا؛ — تیری آواز ؛ اے دُشمنِ بد نوا!
٦٦ پھیلتی جائے گی شَش جہت میں سَدا — دو قدم دُور، دو تین پَل جائے گی
یہ قِصَص عجیب و غریب ہیں؛ — مجھے کیسے خود سے جُدا کرے؛
٦٧ یہ محبّتوں کے نصیب ہیں — اُسے کچھ بتاؤ کہ کیا کرے
٦٨ یارب! یہ گدا تیرے ہی دَر کا ہے سوالی — جو دان مِلا؛ تیری ہی چوکھٹ سے مِلا ہے
٦٩ یادوں کے مسافر ہو؛ تمنّاؤں کے پیکر — بھر دیتے ہو دِل؛ پھر بھی وہی ایک خلا ہے
یہ دُعا ہی کا تھا معجزہ؛ — آج بھی دیکھنا! مَردِ حق کی دُعا؛
٧٠ کہ عصا، ساحروں کے مقابل بنا اَژدھا — سحر کی ناگنوں کو نِگل جائے گی
٧١ یہ محبتوں کا لشکر؛ جو کرے گا فتحِ خیبر — ذرا تیرے بُغض ونفرت کے حِصار تک تو پہنچے

## کلامِ محمود

٧٢ یہ ہے دوسری بات؛ مانو نہ مانو — مگر حق تو یہ ہے؛ کہ وہ آگیا ہے
٧٣ یہی اِک پاک دِل کی آرزو ہے — یہی ہر مُتّقی کا مُدّعا ہے
٧٤ یہ جامع کیوں نہ ہو؛ سب خُوبیوں کا — کہ اِس کا بھیجنے والا؛ خُدا ہے
٧٥ یہ ہے تسکیں دِہِ عُشّاقِ مُضطَر — مریضانِ محبت کو شِفا ہے
٧٦ یہ ہے بے عیب ہر نقص وکمی سے — کرے جو حَرف گیری؛ بے حیا ہے
٧٧ یہ بے رُخی ہے کِس سبب سے مَیں وہی ہوں جو کہ تھا — میرے گُنہ وہی تو ہیں؛ میری خطا وہی تو ہے
٧٨ یارانِ وَطن! یہ خوابِ جنّت کِس کام — دوزخ میں پہنچ چکے ہو؛ سوتے سوتے

٧٩ یہ نعمت؛ سارے انعاموں کی جاں ہے     جو سچ پُوچھو؛ یہی باغِ جناں ہے
٨٠ یہی ہے دِین ودُنیا کی بھلائی     اِسی سے دُور رہتی ہے بُرائی
٨١ یہ جسم مِرا سَر سے پا تک جو مُعَطَّر ہے     راز اس میں ہے یہ زاہد؛ وہ خواب میں آئے تھے
٨٢ یَـا رَبِّ سَتِّـرنِـی بِـجُـنَّةِ عَـفـوِکَ     کُـن نَـا صِـرِی وَمُـصَـاحِبِی وَمُـحَـامِـی
٨٣ یَـا رَبِّ صَـاحِبْهَـا بِلُـطفِکَ دَائِـمـاً     وَاجـعَـل لَّهَـا مَـأْوًی بِـقَبـرٍ سَـامِـی
٨٤ یکتا ہے تُو؛ تو مَیں بھی ہوں اِک مُنفرِدوُجُود     میرے سِوا ہے آج محبت کِسے تِری
٨٥ یہ تم کو ہوگیا کیا؛ اہلِ مِلَّت!     نہیں کیا یاد وہ وعدے وَفا کے؟
٨٦ یہ مُنہ ہیں؛ کہ آہن گروں کی دھونکنیاں ہیں     دِل سینوں میں ہیں؛ یا کہ سپیروں کے پٹارے
یاں عالم اُن کو کہتے ہیں؛     جب دیکھو! بھیڑیا نِکلے گا؛
٨٧ جو دِین سے کورے ہوتے ہیں     جو بھیڑوں کا رَکھوالی ہے
٨٨ یہ کھیل اَضداد کی عرصہ سے تیرے گھر میں جاری ہے     کبھی ہے مارکسؔ کا چرچا؛ کبھی دَرسِ بُخاریؔ ہے
٨٩ یہ ظاہر میں غلامی ہے؛ مگر باطن میں آزادی     نہ ہونا مُنحَرِف ہرگز؛ محمدؐ کی حکومت سے
٩٠ یہ گھر تو تُو نے بنایا تھا؛ اپنے رہنے کو     بُتوں کو کعبۂ دِل سے نِکال دے؛ پیارے!
٩١ یہ متاعِ ہوشِ دینداری کبھی لُٹنا بھی ہے     اس جہاں کی قیدوبندِش سے کبھی چھُٹنا بھی ہے
٩٢ یہ کیساپیار ہے اہل وعِیال سے تیرا     شِکَم غریبوں کا اَنگاروں سے جو بھرتا ہے
٩٣ یہ کیسی ہے تقدیر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی     پتھر کی ہے تحریر؛ جو مٹتے نہیں مٹتی
٩٤ یہ دَم ہے غنیمت؛ کوئی کام کرلو     کہ اس زندگی کا؛ بھروسہ ہی کیا ہے
٩٥ یزیدیؔ شان کے مالک! ادھر آ     مناظر دیکھتاجا؛ کربلاؔ کے
٩٦ یہی رات دن؛ اب تو میری صدا ہے     یہ میراخدا ہے؛ یہ میراخدا ہے
٩٧ یہ گنگا تو الٹی بہے جارہی ہے     جو مسلم کی دولت تھی؛ کافر نے کھائی
٩٨ یہ خاکسار نابکار؛ دِلبرا وہی تو ہے     کہ جس کوآپ کہتے تھے؛ ہے باوَفا وہی تو ہے
٩٩ یارو! مسیحِ وقت؛ کہ تھی جن کی انتظار     رَہ تکتے تکتے جن کی؛ کروڑوں ہی مرگئے

۱۰۰ یا اِلٰہی! عُمرِ طبعی اس کو دے    رَکھ اسے محفوظ رَنج و دَرد سے

۱۰۱ یہ وہ بیمار تھا؛ جس کو سبھی روبیٹھے تھے    ہاتھ سب اس کی شِفایابی سے دھوبیٹھے تھے

۱۰۲ یہی ہے؛ کہ گُمراہ تم ہوگئے ہو    نہ پہلا سا عِلم؛ اور نہ وہ اِتّقا ہے

۱۰۳ یہ ایک دریائے معرفت ہے؛    تو اس کی نظروں میں ساری دنیا؛
لگائے اس میں جو ایک غوطہ    فریب ہے، جھوٹ ہے، دَغا ہے

۱۰۴ یہ چلتے ہیں یوں اَکڑ اَکڑ کر؛    پڑے ہیں آنکھوں پہ ایسے پتھر؛
کہ گویا ان کے ہیں بحر اور بَر    کہ شرم ہے کچھ، نہ کچھ حیا ہے